
UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224020

UNIVERSAL
LIBRARY




سالنامہ

نیرنگِ خیال



1/4/-

نمونہ جمال کا تجارتی صفحہ -



جناب حمداصغر خان صاحب
مالک کارخانہ اصغر علی مہر علی
و ہندوستان میں عطریات کی تجارت کے ناخدا ہیں -



شیخ عبدالمالک صاحب - کرنال شاپ لاہور جنہوں نے بوٹ شو
کی تجارت میں بڑا نام پیدا کیا ہے -



شیخ عنایت الٰہی صاحب صدیقی ڈائرکٹر
تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور جن کی سرگرمیوں
نے تاج کمپنی لمیٹڈ کو کامیاب
بنا دیا ہے -

جلد ۲۵
نمبر ۱

(جملہ حقوق محفوظ)

نیرنگ خیال

جنرل مینیجر
ایم شفاق غازی

سالنامہ ۱۹۳۷ء
(بابت ماہ جنوری ۱۹۳۷ء)

چندہ سالانہ سالنامہ سمیت للچہ سوا چار روپے

ممالک خارجہ سے دس شلنگ فی پرچہ (۴ھ) محصول ۷ر

Blocked 1975

آنریری ایڈیٹرز
(۱) مالک رام۔ ایم اے۔ ایل ایل بی
(۲) حاجی محمد صادق ایو پی جرنلسٹ
(۳) سید فرید جعفری۔ (لندن)

چیف ایڈیٹر
حکیم محمد یوسف حسن

مقامی دفاتر اور مقامی اسسٹنٹ ایڈیٹرز
(۱) امرتسر:۔ ڈاکٹر پورن سنگھ ہنسر
(۲) دہلی:۔ راجہ غلام احمد صاحب پردیسی
(۳) شملہ:۔ جناب عبدالرحیم صاحب شبلی۔ بی اے (کمرشل)

فہرست مضامین

		صفحہ
(۱) شذرات	ایڈیٹر	۷
(۲) کلام بلاغت نظام	محترم والاشان شہزادہ نواب معظم جاہ بہادر ریاست حیدرآباد دکن	۹
(۳) حسن مطلق	جناب خلیفہ عبدالحکیم صاحب ایم اے۔ ایل ایل بی۔ پی۔ ایچ۔ ڈی	۱۰
(۴) کلام حفیظ	از حضرت فردوسی ہند ابوالاثر حفیظ صاحب جالندھری	۱۱
(۵) محبت نامہ	از قلم مجرد۔ رقم محترمہ مسز جواب امتیاز علی صاحبہ	۱۲
(۶) غزل	ہز اگسٹس نواب سید وصاحت علی بہادر خانبہادر۔ کے سی۔ ایس آئی۔ سی۔ آف مرشد آباد	۱۳
(۷) صبح بہار	جناب حضرت سراج الحسن صاحب سراج مدظلہ العالی۔ لکھنوی	۱۴
(۸) بھولنے والے سے	جناب مظفر حسین صاحب ہاشمی مہتمم انجمن ترقی اردو۔ اورنگ آباد	۱۶
(۹) جذبات عالیہ	حضرت اصغر گونڈوی کی آخری غزل۔ (غیر مطبوعہ)	״
(۱۰) سوز عشق	جناب ڈاکٹر صدیق حسین صاحب خالد۔ ایم اے۔ پی ایچ ڈی (برمنگھم)	۱۷
(۱۱) ادبی خطابات ۱۹۳۶ء	ادارہ نیرنگ خیال	۱۸
(۱۲) ہندوستانی مصوری	جناب ڈاکٹر عبدالرحمن تاثیر ایم اے۔ پی ایچ ڈی۔ پرنسپل ایم او اے کالج امرتسر	۱۹
(۱۳) جاپان کا خاموش ڈراما	ادیب سحر نگار حضرت لال احمد صاحب اکبرآبادی	۲۱
(۱۴) ایک ہندوستانی میاں اور فرانسیسی بیوی کے دوست آشنا	جناب نصیر احمد صاحب بی اے۔ الہ آباد	۲۸
(۱۵) فلسفی عاشق	جناب حضرت شاہ ریاض صاحب علیگ	۳۴

فہرست تصاویر

(۱) طلوع سحر۔ ٹائیٹل۔ (رنگین) — نگار آفریں مسٹر محمد اسمٰعیل کا شاہکار۔
(۲) صفحہ جمیل (رنگین) — ایک اسٹرین مصور کے قلم کا نمونہ
(۳) قدرت کا ایک رنگین شاہکار (ایک فوٹو سے)
(۴) ایک راجپوت سردار (رنگین) — فیضی رحمان کا قلمکار
(۵) ممتاز محل کی موت (رنگین) — از جناب سردار سوبھا سنگھ صاحب آرٹسٹ کلکتہ
(۶) ہمارا راجہ اپنے محل میں (رنگین) — راجپوت مصوری کا نمونہ۔
(۷) خواجہ سرا۔ (رنگین) ایک فرانسیسی مصور کے قلم کا نمونہ
(۸) ماں بیٹی (رنگین) ایک مغربی وضع کی جذباتی تصویر۔
(۹) مغل مہارانی (رنگین) کانگڑہ سکول کی ایک تصویر۔
اس کے ۱۰۰ وہ ۴۰ بلاک کی دوسری رنگین تصاویر بھی ہیں۔

حکیم محمد یوسف حسن ایڈیٹر پرنٹر پبلشر نے گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور سے چھپوا کر فرنیر نگ خیال ہسپتال روڈ لاہور سے شائع کیا۔ (لفظ پریس محفوظ ہیں)

نمبر		صفحہ
۱۶	سحر جمال -	از جناب عزیز احمد صاحب خلش - صدیقی - بی اے لکھنؤ ۳۶
۱۷	نواب آصف الدولہ کا مرغ خانہ	از جناب خواجہ عبدالرؤف صاحب عشرت ۵۳
۱۸	خالاؤں کا مارا آغا	نواب اصغر حسین صاحب خیال کی ایک غیر مطبوعہ تحریر ۲۴۶
۱۹	چڑیا چڑے کی کہانی	از جناب حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب مدظلہ العالی ۱۵۸
۲۰	ضیاپاش	جناب صاحبزادہ محمد عمر (نورالہی) بی اے جموں ۲۶۲
۲۱	حیاتین	جناب حکیم محمد حسن صاحب قرشی پرنسپل طبیہ کالج لاہور ۲۴۸
۲۲	ٹیگور کے ڈبی بھول	جناب مولانا عبدالمجید صاحب سالک بی اے - مدیر انقلاب ۲۴۴
۲۳	نمائش فنون لطیفہ	ڈاکٹر سید یمین ہاشمی - ایل ایل بی - ایم اے - پی - ایچ ڈی
۲۴	شیکسپیر حقیقت شناسی	جناب سید ذاکر نجم الدین جعفری ڈپٹی ڈائرکٹر انفارمیشن بیورو دہلی
۲۵	سہاگ کا دان	جناب سید امتیاز علی صاحب تاج - بی اے -
۲۶	لاعلمی	جناب حامد اللہ صاحب افسر - بی اے - میرٹھی - ۲۵۴
۲۷	افسانہ	جناب علی عباس حسین صاحب - ایم اے - لکھنو
۲۸	رانی دلی	جناب افسر الشعرا حضرت آغا شاعر دہلوی
۲۹	غزل	جناب محمد اصطفیٰ خانصاحب اصطفا - لکھنؤ
۳۰	چرخہ کی ابتدائی کارگزاری	جناب محمد الہیم خانصاحب مسلم یونیورسٹی علی گڑھ - ۵۹
۳۱	انتخاب	جناب محمد اختر صاحب صفوی - صفی پوری ۶۴
۳۲	سامان حیات	جناب علامہ حضرت وصل بلگرامی ۷۷
۳۳	ٹان او تپھر کی جنگ	جناب سید ابوطاہر داؤد - بی سائنس - سی - بی ٹی ۷۹
۳۴	غزل	جناب علامہ کیفی چرپاکوٹی - ہندوستانی اکیڈمی ۱۱۴

نمبر		صفحہ
۳۵	تکلم	جناب سید طالب علی صاحب عابد - ایم اے ۱۱۷
۳۶	زور بیان	جناب گھوپ سہائے صاحب ایم اے فراق گورکھپوری ۱۳۹
۳۷	اردو زبان پر ایک خطبہ	جناب مشیر احمد صاحب علوی - بی اے ۱۴۱
۳۸	پریم ساگر کی ایک رات	جناب نور رشید اقبال صاحبہ حیا ۱۴۵
۳۹	ابتدائی زمانہ میں مسلمانوں کی علمی ترقیاں	جناب مالک رام صاحب - ایم اے - ایل ایل - بی ۱۹۳
۴۰	حسن اتفاق	جناب الفرے سہاوری ۱۹۵
۴۱	عرب کی مہماں نوازی	جناب کوثر چاندپوری ۱۹۵
۴۲	ایران میں اقتصادی ارتقا کی ابتدا	جناب مفتی غلام جعفر بی اے ۱۵۱
۴۳	مسلمانوں کے عہد میں فن ریوتی	جناب ظفر قریشی صاحب دہلوی ۱۵۷
۴۴	زمزمۂ تغزل	جناب نواب مرزا محمد حسین علینا صاحب بی اے - ریٹائرڈ کلکٹر - لکھنؤ - ۱۶۲
۴۵	چرخہ کے نے روزہ رکھا	جناب مفتی بشیر الدین احمد بشیر - بی اے ۱۷۸
۴۶	موسیقار	جناب غلام عباس صاحب ایڈیٹر پھول لاہور ۲۵۰
۴۷	زن گذران	جناب پروفیسر سید عابد علی صاحب ایم اے (علی گڑھ) - ایل ایل بی ۲۵۲
۴۸	غم نصیب	جناب حاجی محمد صادق ابوالی صاحب - جرنلسٹ ۲۵۳
۴۹	وہ ۱۹۱۱ میں	جناب عبدالمالک صاحب

گوہر اقبال حور - ڈاکٹر تاج زبیری - ماسٹر باسط بسوانی - محمود آسرائیلی - حضرت جگر مرادآبادی - نواب پیارے مرزا کوکب لکھنوی - نواب آغا منور صاحب - اسد ملتانی عبدالرحیم صاحب شبلی شمیم کرہانی - جیوا دمیرٹھی - جناب گپتا ایم اے +

سالنامہ کے بعض کارکن

(۱) آرٹسٹ - مسٹر محمد اسمٰعیل صاحب - نگار آفریں -

(۲) کاتب - منشی رفیق احمد صاحب رامپوری - پلیٹ فارم لاہور

(۳) بلاک میکرز - اروڑبنس پریس انارکلی لاہور -

(۴) تصویریں چھاپنے والے - وکٹوریہ پریس ریلوے روڈ لاہور -

(۵) رسالہ کی اعتمو چھپائی - زیر اہتمام منشی نظام الدین صاحب آف گیلانی پریس لاہور

(۶) بک بائینڈرز ولوی جلال الدین صاحب - سید مٹھا بازار لاہور -

(ادبی خطابات صفحہ ۱۰ پر ملاحظہ فرمائیے)

نیرنگِ خیال کا تجارتی صفحہ

اس صفحہ پر چند ایسے اصحاب کی تصویریں شائع کی گئی ہیں - جو تجارتی دنیا میں بہت معروف ہیں اور اس کے ساتھ انہیں ادب علم سے بھی ذوق ہے - محمد اصطفا خاں مالک کارخانہ اصغر علی لکھنؤ کی غزل کسی دوسری جگہ درج ہے - پڑھئے اور لطف اٹھائیے - اس غزل کا ایک شعر خدا کسی کو صاحب غرض نہ کرے

سخی ہے کون؟ یہ دست سوال کیا جانے

(ملاحظہ ہو صفحہ (۲۵۱)) ۴۴۴

تاثرات

حشر

ہندوستانی سوراج۔ سوراج پکارتے ہیں۔ لیکن اپنے اندر اول وہ خصوصیتیں پیدا نہیں کرتے جو سوراج کی سنگِ بنیاد ہیں۔ بیداریٔ عامہ۔ تعلیم۔ تعصب کا مٹانا۔ اتحاد و اتفاق۔ اور اپنے کارکنوں کی یادگاریں قائم کرنا اور یادگاریں منانا۔ یہ ہیں چند ضروری لوازمات جن کی موجودگی کے بعد سوراج آپ کو مٹھی میں سمجھ لینا چاہئے۔

حشر! آہ بدقسمت حشر! وہ سرزمین ہندوستان میں پیدا ہوا تھا۔ ہمارا عدیم المثال ڈرامہ نویس جو نہ ہندوؤں کا تھا نہ مسلمانوں کا بلکہ وہ ہندوستانی تھا۔ جس نے نصف ڈرامے اردو میں اور نصف ڈرامے ہندی زبان میں لکھے۔ جس کے قلم سے ہندو معاشرت کی اصلاح و ترقی کے لئے ایسی کوششیں کی گئیں۔ کہ گاندھی اور جواہر لال بلکہ کانگرس کی متفقہ کوششیں بھی اتنا کام نہ کر سکیں۔ جتنا اکیلا حشر کر چکا ہے۔ اچھوت سدھار اکیلا حشر کر چکا ہے۔ اچھوت اُدھار پر جو کچھ آغا حشر نے لکھا اور جو نمونہ پیش کیا۔ اُسکا اثر ان تقریروں سے بہت زیادہ ہے جو ہمارا سب سے بڑا مقرر پلیٹ فارم پر کر سکتا ہے۔ ایسے ڈرامانویسی کی ہندوؤں اور مسلمانوں نے کیا یادگار قائم کی؟

آغا حشر کا حق سارے ہندوستان پر ہے۔ انہوں نے ہندوستانیوں کی فلاح و بہبود کے لئے ڈرامے لکھے۔ غریبوں اور کمزوروں کی حمایت کرنا سکھایا۔ سماج کے تمام نقائص بے نقاب کئے۔ ہندی اور اردو کو ملا دیا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کو پہلو بہ پہلو جمع کیا۔ وہ کشمیری تھے۔ اور کاشمیری کہلاتے تھے۔ اُنہوں نے بمبئی سے اپنی ڈرامہ نویسی کی زندگی شروع کی۔ بنارس ان کا وطن تھا۔ کلکتہ میں انہوں نے سب سے زیادہ کام کیا۔ اور پنجاب میں وہ دفن ہوئے۔ کشمیر سے لے کر بمبئی اور لاہور سے لے کر کلکتہ تک انہیں ہر جگہ سے کچھ نہ کچھ تعلق ہے۔ ہر جگہ اُن کے احسانات ہیں۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ ہندوستان اپنے اس ہیرو کی یادگار قائم نہ کرے۔

آغا حشر کی وفات کے بعد سے ہم واقعات کی رفتار کا مطالعہ کرتے رہے ہیں۔ ہمارا خیال تھا کہ سب سے پہلے شاید کلکتہ میں حشر کی یادگار قائم کی جائے گی۔ رائے بہادر سیٹھ کرتانی صاحب جن کے تعلقات آغا حشر کے ساتھ بہت ہی دوستانہ نوعیت کے تھے۔ اور جو آغا حشر کو پانچ سو ہزار کی رقم صرف ایک اشارے پر دیا کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں ضرور کچھ کریں گے ان کے علاوہ میڈن تھیٹرز لمیٹڈ کے تمام کارکنوں کو آغا حشر کی یادگار منانے کی طرف توجہ دینی چاہئے تھی لیکن ابھی تک کلکتہ میں کچھ نہیں ہوا۔ اور جتنا زیادہ وقت گذرتا جاتا ہے مایوسی بڑھتی جاتی ہے۔

بنگال کے بعد زندہ دلانِ پنجاب کی طرف نظریں اُٹھتی ہیں۔ قبلہ حکیم فقیر محمد صاحب چشتی۔ حکیم احمد شجاع صاحب۔ سید امتیاز علی صاحب تاج۔ مولانا عبدالمجید صاحب سالک اور دوسرے ان تمام بزرگوں اور دوستوں کو جنہیں آغا حشر سے دوستی یا عقیدت تھی۔ اس اہم ترین ضرورت کی طرف توجہ دینی چاہئے۔ اگر پنجاب سے کام شروع ہو جائے تو توقع ہے کہ بنگال سے بہت زیادہ امداد مل سکے گی۔

آغا حشر کی یادگار کیا ہونی چاہئے؟ یہ ایک سوال ہے جس کا جواب وہ کمیٹی دے گی جو اس مقصد کے لئے قائم کی جا رہی ہے۔ لیکن میرے خیال میں کم از کم ایک حشر لائبریری کلب قائم کیا جائے۔ جس کے ممبروں کی تعداد ایک ہزار کے لگ بھگ ہو جو سارے ہندوستان پر پھیلے ہوئے ہوں۔ اس کلب کے سرمایہ سے آغا حشر کے تمام ڈراموں کے شاندار ایڈیشن شائع کئے جائیں۔ ہر ڈرامہ پر کسی قابل آدمی سے دیباچہ لکھوایا جائے اور یہ ڈرامے مصور ہوں۔ جب تمام ڈرامے ایک ایک کر کے طبع ہو جائیں

تو بھران کو یکجا خوبصورت جلد میں شائع کیا جائے جس طرح سے شیکسپیر کے تمام ڈرامے یکجا ملتے ہیں۔ اسی طرح سے حشر کے تمام ڈرامے یکجا مل سکیں آغا حشر کا مختصر کلام مرتب کیا جائے۔ اُن کے نامکمل ڈرامے جمع کئے جائیں ان کی سوانح عمری لکھی جائے۔ جن میں ان کی زندگی کے تمام پر لطف واقعات تفصیل سے درج ہوں۔ الغرض حشر کے متعلق ہر ضروری چیز جمع کر لینی چاہیئے ؛

کام کی ابتدا کر دی گئی ہے۔ اس لئے ہم اس مضمون کے ذریعے ان تمام اصحاب کو دعوتِ عمل دیتے ہیں جو اس میں دلچسپی لینا چاہتے ہیں۔ ہندوستان کے ہر حصہ میں جہاں جہاں تھیٹر ڈرامانیک کلب ہوں وہ اپنے نام و پتہ سے ہمیں مطلع فرمائیں۔ آغا حشر کے متعلق جو چیز بھی کسی صاحب کے قبضہ میں ہو وہ ہمارے پاس بھیجدیں۔ مثلاً ان کی کوئی مطبوعہ یا غیر مطبوعہ غزل یا نظم۔ ان کا کوئی لیکچر۔ کسی اخبار یا رسالے میں کبھی شائع ہوا ہو۔ یا ان سے ملنے والے دوست کی کوئی بات جسے وہ ریکارڈ کرانا چاہتے ہوں ؛

اس سلسلہ میں سب سے زیادہ امداد آغا حشر کے بھائی آغا محمود سے مل سکتی ہے۔ اور ان کے بعد ان کے بھانجے مسٹر جہانگیر حشری سے توقع ہے کہ ہر دو اصحاب پوری امداد و اعانت سے کام لے کر ہماری راہنمائی کریں گے۔ تاکہ ہم اس نیک مقصد کو آسانی کے ساتھ تکمیل تک پہونچا سکیں

سالنامے

ہندوستان میں انگریزی۔ اردو۔ گجراتی۔ مرہٹی بنگالی۔ اور ہندی زبانوں کے رسائل و اخبارات کے سالنامے شائع ہوتے ہیں۔ اردو زبان کے رسائل و اخبارات کے سالنامے ہماری توجہ کا زیادہ مرکز ہیں۔ روزانہ اخبارات میں الفلاح ذمیندار۔ احسان۔ ملاپ۔ پرتاپ۔ اور ہفتہ وار اخبارات میں پارس۔ گلدستہ۔ نوجوان۔ اور اسٹار تک خاص نمبر شائع کر کے علم و زبان کی خدمت بجا لاتے ہیں۔ اور ہمیں بے اختیار ان سب کی تعریف کرنی پڑتی ہے۔

اردو رسائل میں نیرنگ خیال نے سب سے اول سالنامہ کی بنیاد رکھی۔ خدا کا شکر ہے کہ تمام معاصرین نے اس پر لبیک کہی اور اچھے اچھے سالنامے ہمارے معاصرین شائع کر کے علم و ادب کی خدمت بجا لاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں نیرنگ خیال کا یہ دسواں سالنامہ ہے جو آپ کے پیش نظر ہے ؛

اقتصادی بدحالی اور دو سال کے کثیر المالی نقصانات کے بعد ایسا سالنامہ شائع کرنا جس اقدام اور حسن ذوق کے سوا کچھ نہیں اسے پسند کرنا اور اسے قبول کرنا آپ کا کام ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ہم نے اسے بڑی محنت سے مرتب کیا ہے تو نیرنگ خیال کی سرپرستی اختیار فرمائیے۔ اور توسیع اشاعت میں حصہ لیجئے ؛

نیرنگ خیال کے ادارہ تحریر میں اچھے اچھے اہل قلم موجود ہیں۔ لیکن یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ اس وقت ان میں سے ایک صاحب بھی لاہور میں موجود نہیں۔ یہاں تک کہ ہمارے جنرل منیجر بھی لکھنؤ کی تماشس سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ یہ سالنامہ تن تنہا میری کوشش کا نتیجہ ہے۔ ہندوستان کی اخبار نویسی میں شاید یہ پہلی مثال ہو کہ ایڈیٹر سے لے کر پروف ریڈر تک بلکہ اوتلے سے اوتلے فراش تک مجھے خود انجام دینے پڑے ہیں۔ اور وہ بھی کسی معمولی رسالہ کے نہیں سالنامہ نیرنگ خیال کے جسے پورے بارہ نمبروں کے برابر سمجھنا چاہیئے ؛

فروری کا پرچہ پریس میں ہے۔ خدا کرے کہ یہ سال ہمارے لئے سعد ثابت ہو اور ہم رسالہ کو بہتر حالت میں اور وقت پر شائع کر سکیں۔ میری محنت اور کوشش علم و زبان کی توسیع و ترقی کے لئے وقف رہے گی۔ اسے نوازنا آپ کا کام ہے ؛

(حکیم محمد یوسف حسن)

اصغر گونڈوی کی وفات

اخبارات سے معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ماہ میں ملک کے نامور فاضل و شاعر نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ مرنے سے ایک ہفتہ پیشتر مرحوم کی آخری غزل ہمارے پاس بغرض اشاعت پہنچی تھی جو سالنامہ میں درج ہے۔ اسکے علاوہ انکی شاعری پر ایک مبسوط مضمون بھی موصول ہوا تھا جسمیں معاصر معارف کی نکتہ چینی کا مدلل جواب ہے۔ یہ مضمون کسی آئندہ اشاعت میں درج ہوگا۔ اصغر کی وفات سے ایک ایسی جگہ خالی ہوگئی ہے جو شاید کبھی بھی پُر نہ ہو سکیگی۔ خداوند تعالےٰ مرحوم کو غریقِ رحمت کرے۔

نیرنگ خیال کے ہر خریدار کے لئے ایک بہترین یادگار ہوگا۔ تو یہ ایک قابل تعریف فیصلہ ہوگا جو آپ نے کیا ہے۔ اور ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ آپ کا یہ فیصلہ ہر لحاظ سے مفید ثابت ہوگا۔ اور آپ کو کبھی افسوس نہ ہوگا۔ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ آپ کا یہ فیصلہ ہر لحاظ سے مفید ثابت ہوگا۔ اور آپ کو کبھی افسوس نہ ہوگا۔

کلام بلاغت نظام

(از محترم والاشان شہزادہ نواب معظم جاہ بہادر حیدرآباد دکن)

خود اپنی نظر سے نہاں جا رہے ہیں
جہاں تم ہی تم ہو وہاں جا رہے ہیں

یہ سُن کر کہ ہو گی قیامت میں پرسش
زباں ہے مگر بے زباں جا رہے ہیں

نہ آئیں گے اب اُن کی محفل سے واپس
وہیں مر رہیں گے جہاں جا رہے ہیں

نگاہوں کو دیدے مجالِ تماشا
کہ جلوے ترے رائگاں جا رہے ہیں

سلامت رہے اُن کا دردِ محبت
نشاں چھوڑ کر بے نشاں جا رہے ہیں

اُنہیں کی خدائی ہے دونوں جہاں میں
محبت کے بندے کہاں جا رہے ہیں

شجیع آج وہ ہم سے نظریں چُرا کر
کہاں جا رہے ہیں کہاں جا رہے ہیں (خاص)

حُسنِ مطلق

(۱) (از قلم گوہر بار ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب۔ ایم اے۔ ایل ایل بی۔ پی ایچ ڈی)

ہزار شکل میں جلوہ فروز ہوتا ہے
وہی کہیں رخِ لالہ پہ رنگ بنتا ہے

(۵)
ہر ایک رنگ میں نظارہ سوز ہوتا ہے
وہی کبھی میرے دل میں اُمنگ بنتا ہے

(۲)
ہے جلوہ گر کبھی رقصِ حباب میں ہوتا
(۶)
وہ نور صورتِ عقدِ طور میں نمایاں ہے

کبھی ہے موج میں وہ پیچ و تاب میں ہوتا
وہ خود فشانیٔ منصور میں نمایاں ہے

(۳)
عیاں ہے کوہِ گراں میں کبھی سکوں ہو کر
(۷)
یہ کائنات تیرا رُخ بھی ہے نقاب بھی ہے

کبھی گوں میں رواں ہے وہ موجِ خوں ہو کر
ظہور کہتے ہیں جس کو تیرا حجاب بھی ہے

(۴)
ہر آفتاب کو وہ ماہتاب کرتا ہے
(۸)
شعاعِ حُسن ہے کلی نقاب سے چھن کر

کہ اُس کے حُسن سے نور اکتساب کرتا ہے
فروغِ چہرۂ رعنائی جہاں بن کر

(۹)
نقاب یہ ہے رخِ بے حجاب کیا ہوگا
جو سایہ یہ ہے تو وہ آفتاب کیا ہوگا

غزل

فرمودۂ ہز ہائینس نواب آصف قدر سیدروصف علی میر اخان بہادر رئیس الدولہ امیر الامرا مہابت جنگ نواب بہادر آوف مرشد آباد۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ کے۔ سی۔ وی۔ او

ہر مسافر زندگی بھر دہر میں لاچار ہے
رنج کا ہے سامنا آنا یہاں بیکار ہے

پھنس گیا دل جب کبھی پھندے میں وصف حسن کے
مفت سودائی بنا چند دن کا یہ بازار ہے

فخر حاصل خوبیوں کا ہے زمانے کی کسے
نامیوں کا امتحاں اب بر سر کار ہے

خانۂ دل کی نہ بربادی کا رکھ ہرگز خیال
وہ بنانیوالا ہے عالم کا جو معمار ہے

ہے زمانہ پر اثر یہ انقلاب چرخ کا
کس ستم کی گردش قسمت تری رفتار ہے

گو کہ مشکل روح کا ممکن نہیں ہے سامنا
خواہش تنگی تمنا طالب دیدار ہے

انس و جن کی ہے زباں قاصر ثنا و مدح میں
عین رحمت کو بھلا بخشش سے کب انکار ہے

راحت جاں کیلئے کافی نہیں ہے عمر خضر
درمیان جستجو میں کس قدر ٹکرا رہے

قلب کو تسکین کیونکر سے نہ ہو روز جزا
ہمہ تن وآصف محبت میں تری سرشار ہے

(خاص)

صبح بہار

(از جناب سراج الحسن صاحب سراج لکھنوی)

چھٹ گئی شب کی سیاہی آگئی صبح بہار — پتی پتی باغ عالم کی ہے جنت در کنار
غنچہ سربستہ طلسم رنگ و بو کا رازدار — ہر گل رنگیں ادا آئینہ دار روے یار
زلف سنبل کی پریشانی ملال شام ہے
پھول کا ڈالی پہ کھلنا صبح کا ہنگام ہے

موسم گل ہے نمو کا جوش ہے نام خدا — کاش ان دلچسپیوں کا اب نہ ٹوٹے سلسلا
آمد و رفت نفس ہے آج ہر موج صبا — روح پاتی ہے مزا چلتی ہے جب ٹھنڈی ہوا
دل کے عقدے حل کرے گی ہر کلی کھلنے کے بعد
اب جدائی منہ نہ دکھلائے گلے ملنے کے بعد

حسن فطرت بن گیا ہنگامہ دور حیات — اس کے پہلے ایک سادہ سا ورق تھی کائنات
بعد مدت گل ہوئے ہیں آشنائے التفات — کاش نقاش ازل بخشے انہیں پائے ثبات
غنچہ کہتا ہے چٹک کر داستان زندگی
آج تو ہر پھول ہے روح روان زندگی

صنعت فطرت کا وہ رنگیں صحیفہ آفتاب — یوسف مشرق ہے یا حد پر زلیخا کا شباب
ریزش شبنم نہیں خود اس نے چھڑکا ہے گلاب — بانٹتی پھرتی ہیں کرنیں زندگانی کی شراب
طور کے شعلے کا اک یہ بھی علمبردار ہے
آج تو دنیا کو موسیٰ کی نظر درکار ہے

ہائے وہ بیدار ہو کر نیم خوابی حسن کی — سرخ آنکھیں ہیں کہ چھلکی ہے گلابی حسن کی
فرش ناز اور بے ارادہ بیحجابی حسن کی — کوئی دیکھے تو برافگندہ نقابی حسن کی
نیم باز آنکھوں کے ساغر ناز سے دیتا ہوا
حسن خوابیدہ اٹھا انگڑائیاں لیتا ہوا

منہ لب جو دھو رہے ہیں سو کے اٹھے ہیں حسین — گورے گورے ہاتھ کھولے ہیں چڑھا کر آستیں
ڈوب جائے عشق کی کشتی نہیں ایسا نہیں — آج تو خود ناخدائے حسن ہے ساحل نشیں

آرزو بر آتی ہے پامالیٔ ارماں کے بعد
سطحِ خود خاموش ہو جاتی ہے ہر طوفاں کے بعد

چادریں پانی کی ہیں شفاف سطحِ آب پر — ہر حباب اک حسن کی منزل کہاں ٹھیرے نظر
اب دکھائی دیں گے اک عالم کو رب غیب و ہیر — صبح کا آئینہ ہے عکسِ رخِ آئینہ گر

غسل کر کے نور میں ہر چیز جلوا بن گئی
دھوپ اک پگھلے ہوئے سونے کا دریا بن گئی

پنکھلیاں پانی پہ ابھریں چوک اٹھیں خواب سے — وہ دھواں اٹھنے لگا ہر موج ہر گرداب سے
یہ گلے ملنا تو دیکھو آگ کا سیماب سے — کھیلنے پہلی کرن آئی ہے سطحِ آب سے

ہے یہ نظارہ بھی دلکش رنگ بھی مقبول ہے
جو کہ نور پانی پہ پڑتا ہے سنہرا پھول ہے

ساقیا! آجلد آ پینے پلانے کا ہے وقت — چھڑ گیا سازِ سحر یہ گنگنانے کا ہے وقت
شعریت سی چھا گئی عالم پہ گانے کا ہے وقت — غیب سے پیغام پر پیغام آنے کا ہے وقت

سامنے آ کچھ وفا کے عہد لے پیمان کر
صبح کے باریک دامن سے پلا دے جان کر

بول اٹھنے کی کسر بھی اب نہیں تصویر میں — زمزمے بلبل کے ہیں ڈوبے ہوئے تاثیر میں
کھل گئیں آنکھیں سحر کی ایک ہی تنویر میں — آج تو جلوے ہی جلوے ہیں مری تقدیر میں

گو ہر شبنم گلوں کی آستیں پر آ گئے
ٹوٹ کر یا عرش کے تارے زمیں پر آ گئے

پتلیاں رنگین ادا نازک سے نازک جن کے پر — خود سراپا حسن رکھتی ہیں مگر ذوقِ نظر
کرتی پھرتی ہیں تلاشِ چارۂ دردِ جگر — اڑ گئیں اس پھول سے بیٹھیں کبھی اس پھول پر

نونہال ان کو پکڑ لیں گے اٹھا لے جائیں گے
کیا خبر دم بھر میں یہ پر نوچ ڈالے جائیں گے

(سراج الحسن۔ سراج)

بھولنے والے سے

(از جناب مظفر حسین صاحب شمیم مہتمم انجمن ترقی اردو - اورنگ آباد دکن)

آہ وہ پہلی نظر وہ آہ و زاری کے مزے
آہ وہ پچھلے پہر کی اشک باری کے مزے

آہ وہ راتیں جو الفت کا سہانا خواب تھیں
آہ وہ باتیں جو غمازِ دلِ بیتاب تھیں

چاندنی راتوں میں جب مے عشق کی پیتے تھے ہم
آہ وہ راتیں وہی کہ جب جیتے تھے ہم

بھولنے والے بتا اب بھی وہ راتیں یاد ہیں؟
کیا ابھی تک خواب کی وہ بستیاں آباد ہیں؟

کیا تری نگری کے باسی آج بھی دل شاد ہیں؟
کیا کنارے آ بجو کے آج بھی آباد ہیں؟

کیا ابھی باقی ہے پیچ و خم وہ زلفِ شام کا؟
کیا وہی نقشہ ہے اب بھی آسماں کے بام کا؟

کیا کبھی بھولے سے تجھ کو اب بھی یاد آتے ہیں ہم
اپنی تجھ سے کیا کہیں دل کیسے بہلاتے ہیں ہم

جذبات عالیہ

(از جناب حضرت اصغر گونڈوی)

ذکر وہ تیرا کیا کہ جو ہر بن مو جلا نہ دے
یاد وہ تیری کیا کہ جو کردشِ خوں بڑھا نہ دے

میرے سرِ نیاز کی محویتیں مٹا نہ دے
موت ہو یا حیات ہو کوئی مجھے صدا نہ دے

اس کے حریمِ وصل میں موجِ نفس بھی روک لے
ہوش کو بھی خبر نہ ہو کیف کو بھی ہوا نہ دے

دل میں وہ سوزِ دل کہاں آتشِ مشتعل کہاں؟
اس کی ادائے جانستاں خاک کو اب ہوا نہ دے

اُف ری مری فتادگی اُف ری کمالِ خستگی
آئے وہ فرشِ خاک پر عرش پہ جو پتا نہ دے!!

جدید شاعری!

سوزِ عشق

(از جناب ڈاکٹر تصدق حسین صاحب خالد۔ ایم اے۔ پی۔ ایچ ڈی (لندن) بیرسٹر)

(۱)

رات اندھیری تیرہ و تار
ہر دم دے دِلاسے والی
بادل کالے کالے۔ اوجِ فضا میں ٹھہرے ہوئے
دیووں نے جیسے ڈیرے ہوں ڈالے
تاریکی سی تاریکی!
ہاتھ کو ہاتھ نہ سوجھے
ایک ستارہ کانپتے کانپتے اُبھرا چمکا
دُور — اک ایسی دنیا میں
خود میری چشمِ تخیل بھی جس دنیا سے نامحرم تھی۔
میں نے اس تارے سے پوچھا
"کیا تیرے دل کی تمنا ہے
جو دیس سے اپنے نکلا ہے؟
یہ رات، کہ سورج بھی ڈر کر
دامن میں چھپا کر کرنوں کو
مغرب میں پہاڑوں کے پیچھے
غاروں میں کہیں جا دبکا ہے
تو تنہا، وسعتِ گردوں کی ان لامحدود فضاؤں میں
آ نکلا ہے!
کیا آگ ہے تیرے سینے میں
تو جس سے پیہم جلتا ہے
تجھ کو کیا روشن کرتا ہے
جو دیس سے اپنے نکلا ہے؟"

(۲)

دل کی دنیا میں کیا حشر سا برپا اس نے
آشنا یا نہ اس انداز سے دیکھا اس نے
خفتہ جذبات میں طوفانِ تلاطم اُٹھا
ڈبڈباتی ہوئی آواز میں جب اس نے کہا
"میں چمکتا ہوں جہاں کی ابدی ظلمت پر
ہستیٔ مردہ کی یخ بستہ حزیں وسعت پر
جس طرح "رات کی رانی" کی لٹاؤں میں چمن
ہو کے سرشارِ مئے حسن مہک اٹھتا ہے
مری تابندہ دعاؤں سے یہ پہنائے کہن
اک نئی روح سے بیتاب چمک اٹھتا ہے
عشق کے سوز سے روشن مری پیشانی ہے
مری تخلیق کا مقصد ہی درخشانی ہے
یہ درخشانی!
یہی میرے لئے کافی ہے!

(خالد)

(لندن میں لکھی گئی)

علمی ادبی اعزازات

نیرنگ خیال کے ۱۹۳۷ء کے اعزازات

علامہ

آنریبل سر سید سلیمان شاہ صاحب الہ آباد۔
خلیفہ عبد الحکیم صاحب ایم اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔

ادیب اعظم

لطیف الدین احمد۔ اکبر آبادی۔

ادیب العصر

حکیم احمد شجاع صاحب۔ بی۔ اے۔
سید امتیاز علی صاحب تاج۔
بشیر احمد صاحب بی اے۔ آکسن۔

ادیب الملک

اختر حسین صاحب رائے پوری۔
حاجی صادق ایوبی جرنلسٹ
صفوۃ اللہ بیگ صوفی دہلوی
ڈاکٹر عندلیب شادانی ایم اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی
مالک رام صاحب۔ ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ بی

ملک الشعرا

ابو الاثر حضرت حفیظ جالندھری

لسان العصر

حضرت حفیظ ہوشیار پوری۔ ایم۔ اے
رگھوپت سہائے صاحب فراق ایم اے

لسان الاقوام

حضرت محمود اسرائیلی
مظفر حسین صاحب شمیم

مدیر اعلےٰ

ڈاکٹر سعید احمد صاحب بریلوی
حکیم محمد حسن صاحب قرشی۔ ایڈیٹر مشیر الاطبا۔ لاہور
جناب چراغ حسن صاحب حسرت۔ مدیر شیرازہ

بہزاد ہند

ڈاکٹر سر رابندر ناتھ ٹیگور۔ شانتی نکیتن

رئیس الحکما

حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس دہلی
حکیم مقصود علی خاں صاحب افسر الاطبا۔ حیدر آباد دکن۔

ادیبہ جلیلہ

شمسی عبد الرحمن صاحب (علی گڑھ)
بیگم محمود المظفر خاں۔ رشیدہ جہاں صاحبہ

مصور قلم

غازی محمد اشفاق صاحب جرنلسٹ
راجہ غلام احمد صاحب ایڈیٹر صدائے نسواں دہلی
ڈاکٹر پورن سنگھ صاحب ہنر۔ مدیر چمن
عزیز احمد صاحب خلش صدیقی۔ بی اے۔
جناب ابو العلا چغتائی صاحب۔ مدیر نقاش۔ لاہور

ہندوستانی مصوری

(از جناب ڈاکٹر علامہ تاثیر۔ ایم اے۔ پی ایچ ڈی پرنسپل ایم اے او کالج امرتسر)

{یہ تقریر ریڈیو کے ذریعہ سے ۳ جنوری ۱۹۳۷ء کو نشر کی گئی تھی}

یورپ کے بڑے بڑے ملکوں میں تین چار سو سال نہیں تو ہزار سال سے مصوری جاری ہوگی۔ یونان وغیرہ میں دو ہزار سال پہلے یہ کام رہا تھا۔ مگر ہندوستان میں آریوں کے آنے سے پہلے تصویریں بنائی جاتی تھیں اور اب تک بنائی جا رہی ہیں۔ باہر سے دشمن آئے۔ اندر فساد مچے۔ اوپر آسمان سے طوفان اترے۔ نیچے زمین سے زلزلے پھوٹے۔ مگر ہماری مصوری کی روایات اب تک چلی جا رہی ہیں۔ یہ نہیں کہ مصوری پر ان حادثوں کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ مصور آخر اسی دنیا کا رہنے والا ہے۔ اپنے ارد گرد کے حالات میں بنتا بگڑتا ہے۔ یہیں کے لوگوں سے یہیں کی باتیں رنگوں خطوں میں سناتا ہے۔ عام لوگوں سے شاید زیادہ حساس ہوتا ہے۔ اس لئے بھی حالات سے زیادہ اثر پذیر ہوتا ہے۔ اور ہندوستان کی مختلف وقتوں کی مصوری اس اثر پذیری کی صاف گواہی دیتی ہے۔ مگر ہندوستانی مصور کچھ ایسا سخت جان واقع ہوا ہے کہ وہ ان آفتوں کے باوجود مسلسل رنگ ریزی کرتا پڑتا چلا جا رہا ہے۔

بقول اقبال ؎ آساں نہیں مٹانا نام و نشاں ہمارا۔ ہمارے ملک میں مصوری کے اولیں نشانات جو پائے اور موہنجوداڑو کی کھدائیوں میں ملتے ہیں۔ آثار قدیمہ کے ماہروں نے ثابت کر دیا ہے کہ یہاں مصوری آریوں کے آنے سے پہلے بھی موجود تھی۔ سرجان مارشل کے مطابق موہنجوداڑو کی تین بستیاں۔ تین ہزار تین سو سال تین ہزار سال اور دو ہزار سات سال قبل مسیح کی ہیں۔ ان میں دیواروں کی سطح پر اور اندر کھود کھود کر تصویریں بنائی گئی تھیں لیکن یہ تصویریں محض نقش کی حیثیت رکھتی ہیں۔ البتہ جنوبی ہندوستان میں جو اس سے بھی پہلے کی تصویریں نزدیک وادیوں میں کھدائی سے دریافت ہو رہی ہیں۔ وہ واقعی تصویریں ہیں حسین جمیل زندگی سے بھرپور لیکن یہ پرانی روایتیں کچھ آگے نہ چل سکیں۔ ان دونوں لوگ گروہ گروہ قبیلہ قبیلہ رہتے تھے۔ اور ان کے فنون بھی محدود رہ گئے۔

البتہ بدھ مت کی ترویج سے مصوری کا فن چار طرف پھیل گیا اور ہندوستانی مصوری کی تاریخ بھی اسی عہد سے شروع ہوتی ہے۔

بدھ مت کی تعلیم آپ جانتے ہی ہیں۔ کیا ہے۔ آپ بدھ کی اپنی کہانی بھی جانتے ہیں کس طرح انہوں نے شاہی اور عیش و آرام کو تیاگ دیا۔ اور ساری زندگی وہیان گیان میں گزار دی۔ ان کی تعلیم شانتی۔ ایکانت مکتی۔ نروان کی تعلیم ہے بہت لفاظی کیوں کریں۔ سرناتھ میں سنگ رخ کی بدھ مورتی دیکھئے اصل نہیں تو فوٹو سہی شانتی ایکانت و دانشمندی کی مورت۔ یہ دھرم چکر کا مجسمہ ہے۔ دھیان مدر کی مورتیں اس سے بھی زیادہ دلنشانیت کا اظہار ہوتا ہے۔ چوکڑی ہاتھ آغوش میں ہتھیلیاں اوپر کو اٹھی۔ ہندوستانی آرٹ میں یہ ٹیکنیک دآسن اور انگلیوں کے انداز مدرا خاص معنی رکھتے ہیں۔ ابھیا مدر میں بے خوفی اور اعتماد کے اظہار کیلئے ہاتھ زانو کی سطح پر کھلے ہتھیلیاں اوپر اور انگلیاں پھیلی ہوئی ہوتی ہیں۔ دھرم چکر جو تبلیغ کا انداز ہے اس میں انگلیاں انگوٹھے سے قوس بنا کر مل جاتی ہیں۔ مگر یہ سب دھرم اور روحانیت کے مجسمے ہیں۔ آخر ہمت دنیا نے کبھی دھن دولت شروع کر دیا۔ اور ایجنٹا کے غاروں کی تصویروں میں دھرم اور روحانیت کے ساتھ ساتھ روزمرہ کی ضروریات کا بھی عکس نظر آتا ہے۔ رہبانیت سے دبے ہوئے جذبات چھوٹ چھوٹ کر نکلتے نظر آتے ہیں۔ سینے کا ابھار مبالغہ آمیز ہو جاتا ہے۔ کمر کی باریکی سے ٹرین کی گولائی نمایاں ترکر دی جاتی ہے مصور جسم کے ہر حصہ کی ٹھہر ٹھہر کر مزے لے لے کر نگارش کرتا ہے۔

بدھ آرٹ اپنے پورے جوبن پر تیسری صدی قبل از مسیح سے تیسری صدی بعد از مسیح رہا۔ گپتا عہد میں اسے پورا کمال حاصل تھا۔ چوتھی صدی میں برہمن مت کا زور شروع ہو گیا۔ اور ذہنوں اور دلوں کی تبدیلی سے فنون جمیلہ میں بھی تبدیلی ظاہر ہونے لگی اس عہد کا بہترین نمونہ بنجی کا نٹ راجہ ہے۔ شوجی کا البیلا ناچ۔ زندگی کا ناچ۔ پانچ قوتوں۔ پنچ کرتی کا اظہار۔ پیدائش تربیت۔ تباہی تجسیم اور نجات یہ ہیں۔ پانچ راگنی جے دیو نے ایک گیت میں اس کا اظہار خوب کیا ہے۔ کہتا ہے۔

ناچ اے خوشی کے متوالے دل۔ ناچ۔ محبت کے گیت دن کے پھیلاؤ میں رات کی ایکانت میں گونج رہے ہیں اور دنیا خاموش ہمہ تن گوش ان راگوں کو سن رہی ہے۔ خوشی سے مسرت زندگی اور موت دونوں اس گیت سے ہم آہنگ ہو کر ناچ رہی ہیں۔ پہاڑ اور سمندر۔ دھرتی اور آکاش۔ سب اسی لئے میں ناچ رہے ہیں اور آہوں اور قہقہوں کے نیچوں میں دھرتی کے سارے باسی ناچے جا رہے ہیں۔

شوجی کا ناچ زندگی کو لبیک کی پکار ہے۔ زندگی کی ہر حالت سے رضاجوئی ہے خوشی سے غم و غصہ سے موت سے۔ یہ عقیدہ نیک و بد کی تمیز سے بے نیاز ہے۔ یا سیدت

دونوں سے بالا ہے۔ یا سیست ہے تو شجاعانہ کہ دیوتا الاشوں سماج سا ہے۔ رجائیت ہے تو اس زندگی سے بلند اور فوق الانسان کہ موت اور تباہی سے ایک عجیب خوشی پیدا ہوتی ہے۔ مادہ کے غیر فانی ہونے کی خوشی۔ مر مر کر زندہ ہونے کی خوشی۔ نٹ راجہ کا چکر زندگی کا چکر ہے۔ ابدیت کا چکر۔ تناسخ کا چکر ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ تعلیم بدھ مت سے بالکل الگ ہے اور یہ فرق مجسموں ہی میں نہیں بلکہ مصوری میں بھی نمایاں نظر آتا ہے۔ مثلاً اجنٹا اور باغ کی تصویروں میں اجنٹا کے غاروں کی برہنہ دیواری تصویروں سے نزاکت اور ملائمیت برستی ہے۔ یہ بدھ عہد کی تصویریں ہیں۔ رنگ محل کی برہنہ تصویریں طاقت اور سرمستی سے سرشار ہیں۔ دونوں مختلف دنیاؤں کی باسی معلوم ہوتی ہیں۔ ایک بدھ مت ایک برہمن مت۔ آپ اندازہ کر لیا ہوگا کہ یہ آرٹ تمام تر مذہبی تھا۔ رائج الوقت عقیدوں اور توہمات کی تصویر کشی مگر مذہبیت کے باوجود اس میں زندگی جوش زن تھی۔ کیونکہ اس کی بنیاد اپنے وقت کے زندہ عقائد پر تھی۔ عقائد جن پر لوگوں کی زندگی اور موت کا انحصار تھا جن پر ان کا دل و جان سے یقین تھا جنہیں وہ سچا صحیح سچ مچ مانتے تھے۔ روزمرہ کی اقتصادی ضروریات تک ان عقائد سے وابستہ تھیں۔ فضل۔ اولاد۔ دولت۔ دھن سب دیوتاؤں کی دین سمجھی جاتی تھیں مگر آج انہی روایات کو تصویروں کا موضوع بنانا زندگی کا منہ چڑانا ہے۔ آج ہمارے مسائل اور ہیں۔ ہماری ضروریات اور ہیں۔ ہمارے خیالات اور ہیں۔ جو مصور آج اجنٹا باغ اور مغل روایات کو زندہ کرنا چاہتے ہیں وہ زندگی سے گھبرا کر زندگی سے دور بھاگ رہے ہیں۔

مغل آرٹ کی روایات بدھ اور برہمن مت کے آرٹ سے مختلف تھیں مغل آرٹ زیادہ تر دربار کا آرٹ تھا اور اس میں ہر طرح کامل تھا۔ شاہجہاں کے عہد کے لیجئے۔ کسی دیوی دیوتا یا نبی اوتار کی تصویر نہیں ملتی۔ عام طور پر شاہوں شاہزادوں کی تصویریں بنائی جاتی تھیں۔ یا امرا کی۔ کبھی کبھار کوئی سادھو فقیر بھی ہو گیا تو خیر۔ وہ بھی عموماً ایسے موقعے پر جب کبھی کوئی امیر کبیر زیارت کے لئے آنکلا ہو اس عہد کی بہترین تصویروں میں شاہزادہ دارا شکوہ کی تصویر ہے جس میں وہ کسی حرم کی حسینہ کی تصویر دیکھتا دکھایا گیا ہے۔ دنیوی دربار دنیوی مضمون یا دربار کی سرپرستی کا اس سے بہتر نتیجہ اور کیا ہو سکتا تھا۔ مغل مصوری نے ہندوستانی مصوری کو دنیا میں واپس لا کر ایک نئی زندگی بخشی۔ ہندوستانی آرٹ کو ان ہوائی بلندیوں سے انسانیت کی ارضی بنیادوں پر کھڑا کرنا مغل مصوروں کا کام تھا مغل آرٹ کی سب سے بڑی خصوصیت اور ہندوستان کی مصوری پر احسان حقیقت نگاری ہے۔ انسانیت یا دنیاداری ہے۔ مغلوں نے عظیم الشان نگارخانہ استوار کر دیا ہے جس میں ہزاروں جیتی جاگتی تصویریں زندہ تمثیلیں آباد ہیں۔ جہاں بادشاہ شہزادے امرا فقرا سادھو سنیاسی، امیر اداسیاں، پنہاریاں دوش بدوش چلتی نظر آتی ہیں۔ یہی نہیں۔ انسانوں کے ساتھ ساتھ پس منظر بھی ہیں۔

نکلا گا ہیں۔ میدان کارزار اور جوں جوں مصوری دنیا کی طرف رخ کرنے لگی نئی نئی راہیں کھلنے لگیں پس منظر پیش منظر بن گیا۔ اور مناظر قدرت کی تصویریں کھنچنے لگیں۔ حیوانات کی تصویریں بھی۔ اور اس شعبے میں مغل تصویریں دنیا کی مصوری کی تاریخ میں اپنی نظیر آپ ہیں۔ دارا شکوہ کی بیاض میں استاد منصور کے ہرن اور مور اور بگلے کمال فن کی انتہا ہیں۔ یہ مغل آرٹ کچھ اب ایسی اور اجنبی بھی نہیں تھا بنیاد ایرانیوں نے رکھی۔ یقیناً۔ مگر جلد ہی ہندوستان کی آب ہوا نے اپنا اثر شروع کر دیا اور ہمارے دیس کے مصوروں نے اسے اپنا بنا لیا۔ راجپوت سکول اسی شتر اگ بگ کا نام ہے مغلوں کا آرٹ زندگی کی لذتوں کا احساس کی زندگی کا، دل و دماغ کی بیداری کا آرٹ ہے۔ یہ وہ وقت تھا جب مشرق و مغرب ایک ہونے کی کوشش کر رہے تھے۔ ریمبرانٹ مغرب اقصے میں ایرانی تصویروں کی نقلیں اتار رہا تھا اور جہانگیر کے مصور ہندوستان میں مغربی تصویروں کے نمونے بنا رہے تھے۔ اجنٹا مصوری کی روایات آٹھ سو برس صدی تک بمشکل قائم رہیں۔ گو کچھ کچھ اثرات راجپوت اور کانگڑہ اسلوب میں بچے کھچے رہے۔ مغلوں نے ہندوستان میں کاغذ رائج کر کے مصوری کو عام کر دیا اور ایک نئی روانی پیدا کر دی۔ اٹھارہویں صدی میں مغلوں کے زوال کے ساتھ مصوری کی روایات بھی زوال میں آ گئیں۔ اور ان کے وارث بھی وہی راجپوت کانگڑہ سکول کے گنا عوام مصور ہی رہ گئے۔ نہ درباری مصوری۔ نہ مصور نہ قدردان خریدار۔ اب کے حکومت کا تختہ بدلا انہیں الٹ گیا۔ نئی دلی نہیں انقلاب آ گیا اور ان پچھلے سو سالوں میں انقلاب قیامت کی صورت پکڑ چکا ہے۔ نئے نام سے پرتھوی راج پرتھوی راج سے شہاب الدین۔ شہاب الدین سے بابر۔ یہ یقیناً مختلف دربار مختلف بادشاہ۔ مختلف خاندان اور مذاہب کا راج ہے مگر اقتصادی بنیاد تقریباً یکساں ہی رہتی ہے۔ وہی ازمنۂ متوسط کی دستی زراعت اور جاگیرداریاں۔ مرکز میں دہلی میں انقلاب آتا رہا۔ مگر باہر عام لوگ ایک ہی طرح سے زندگی بسر کرتے رہے۔ وہی رسم و رواج۔ وہی لباس وہی بولی ٹھولی۔ بہت زور پڑا تو آمیزش ہو گئی سنسکرت اور عربی فارسی اور بھاشا مل ملا کر وہ ہندوستانی بن گئیں۔ اساسی طرز زندگی یکساں تھا۔ انگریز کی حکومت قیامت سا انقلاب تھا۔ میں یہاں سیاسی پہلو کو نظر انداز کر رہا ہوں۔ بہرحال انقلاب زندہ باد کہنے میں محض سماجی اور آرٹ کے نقطۂ نظر سے گفتگو کر رہا ہوں۔ انگریز مشین کی تہذیب کا علمبردار تھا اور ہندوستان بیل گاڑی کی مالک تھا۔ انکا بہم ہونا انقلاب اور قیامت کی حیثیت رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہماری موجودہ مصوری مجموعہ مرکب بن رہی ہے۔ وطنیت کا غلط تصور بھی اس احساس ہندوستانی مصور دل کی مجبور کر رہا ہے کہ وہ ماضی کو ست جگت بنا کر پیش کریں یہ ثابت کرنے کے لئے کہ ہم کچھ نہ سہی۔ ہمارے باپ دادا کے باپ دادا کے باپ دادا ہے ڑھ چڑھ کر تھے یہ ماضی پرستی سماجی طور پر بھی مہلک ہے۔ یقیناً ماضی کی روایات ہماری زندگی کی آئینہ دار تھیں اجنٹا اپنے وقت کے روحانی جوش کا نتیجہ تھا تو مغل مصور شاندار درباری زندگی کے آئینہ دار تھے مگر ہمارے عہد کے مسائل اور ہیں۔ ذہنیت مختلف ہے۔ ماضی کو استعمال کیا جا سکتا ہے نقل نہ اتارنا ہے معنی بے لیکن بدقسمتی سے ہمارے آجکل کے مصور مال سے گھبرا کر ماضی میں پناہ لینا چاہتے ہیں انکی نمائشیں اور تصویریں قبریں ہیں گلی سڑی لاشوں کی۔ ذرا ان کے موضوع دیکھو

جاپان کا خموش ڈراما

نو

(ادیبِ سحر نگار حضرت ل۔ احمد اکبرآبادی کے قلم سے)

جاپانی شاعری اور مخصوص اس کی ہکو صنف کا تذکرہ مکمل نہ ہوگا۔ اگر جاپانی ڈرامہ کی صنف نو کا تذکرہ نہ کیا جائے۔ نو کو ڈراما میں وہی خصوصیت حاصل ہے جو ہکو صنف کو جاپان کی شاعری میں حاصل ہے۔ یا بالفاظ دیگر نو جاپان کے ڈراما کی ہکو صنف ہے۔ اور اس کے تخیل میں اتنا ہی علو ہے وہ اسی قدر رمزی (SYMBOLIC) ہے جتنی کہ ہکو صنف شعر ہے۔

فن ڈرامہ کے ساتھ سب سے پہلی چیز جو بالعموم ضروری سمجھی جاتی ہے وہ ڈراما میں وقار (DIGNITY) کا وجود ہے۔ وقار ڈراما کا لازمی عنصر ہے لیکن اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ڈرامائی وقار اور قنوطیت مخلوط ہو جاتے ہیں غلطی سے قنوطیت ہی کو وقار سمجھ کر لیا جاتا ہے۔ حالانکہ ڈرامہ میں قنوطیت کا درجہ ایک نوع کا بہترین اعتذار ہے! جاپان کا نو ڈراما دنیا بھر کے ڈراموں سے جدا اور ایک مخصوص چیز ہے۔ اور اس کا صحیح اندازہ و تصور اس ڈراما کے تماشائیوں کے وجود بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ نو ڈراما نے اپنے تماشائی یا ناظرین صدیوں کے صبر و تحمل سے پیدا کئے ہیں۔

اگر غور سے دیکھا جائے تو نو اپنے ناظرین کا بھی محتاج نہیں بلکہ موجودہ صورت میں ناظرین ہی اس کے موجد اور تکمیل کرنے والے ہیں۔ بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ نو کے تماشائیوں کی تعداد تین سو سے زیادہ نہیں یعنی ایک تماشے میں اس تعداد سے نہیں بڑھتے انکو تماشائی کہنا شاید ایک غلطی ہو کیونکہ وہ تماشائی سے زیادہ خود نو ایکٹر ہوتے ہیں۔ یہ تماشائی جو اپنے جلی سکوت سے داد تماشہ دیتے ہیں۔ بجائے خود ایک حسین منظر پیش کرتے ہیں — ایک ایسا حسین نظارہ جیسے کسی چشمے کو پورے بہاؤ پر نور آفتاب کی برکتیں نازل ہو رہی ہوں! یہ شاید مبالغہ خیال کیا جائے لیکن ایک حقیقت ہے کہ اسٹیج پر اصلی ایکٹر جنکی تعداد کبھی تین سے نہیں بڑھتی شعر کو متحرک بنانے کے لئے کافی ہیں ان ایکٹروں کو اپنے التہاب اور جذبے کا راز اسوقت معلوم ہو جاتا ہے جب تماشائی اپنے آپ کو بھول جائیں!

تھیٹر یعنی مقبر نو ایک مقدس مقام کی طرح نعرہ و شعر کے نام پر وقف ہوتا ہے جہاں ایکٹر اور تماشائی سخت دھندلا ماحول اور جاپانی صناعت کا نہایت خیال آفریں رنگ پیدا کر کے۔ دعاؤں کی روح کو پا لیتے ہیں۔ یہ رنگ و ماحول وہ چوٹ بتا رہا ہے جو زمان و مکان کی دسترس سے باہر ہے! نو تھیٹر در اصل ایک مقدس عبادت گاہ ہے جس کے اندر دنیا کے تفکرات اور حیات حاضر کی واقعیت داخل نہیں ہو سکتی۔ نو کے اسٹیج پر گنگت کے آٹھ نفوس دو صفوں میں اس طرح نمودار ہوتے ہیں۔ کہ تماشائی ان کے چہروں کا صرف ایک رخ دیکھ سکتے ہیں۔ اور باجنتری اسٹیج کی چوبی پشت کی دیوار سے لگ کر بیٹھ جاتے ہیں سازوں میں صرف ایک بانسری اور دو طبلے ہوتے ہیں۔ اور پھر تماشا اس طرح شروع ہوتا ہے کہ بانسری کے اندر سے قرنوں پرانی دعا کل کر تھرتھراہٹ پھیلا دیتی ہے ——— گویا یہ عرش نغمہ مخفی آواز ہے جو جاپان کے جدید تمدن کو بد دعا دے رہی ہے!

یہ تماشا گاہ فی الحقیقت "حیات جدید" کے صحرا میں ایک نخلستان ہے! تماشا بالعموم نو بجے صبح شروع ہو جاتا ہے۔ تماشا گاہ میں داخل ہو کر محسوس ہونے لگتا ہے کہ صناعتی جاپان بالکل مردہ نہیں ہو گیا ہے۔ وہاں انبساط الم موسیقیانہ توازن کے ساتھ شہر و شکر ہوتے نظر آتے ہیں اور انسانی حیات لافنائیت میں ملتے معلوم ہوتے ہیں! وہاں ماضی کا پر ہولناک ہیولا سامنے ہوتا ہے یا ابدیت کا حال اس طرح محو ہو جاتا ہے جیسے سورج کی روشنی میں چوہے غائب ہو جاتے ہیں!

عام ڈراما کے "قدر دان تماشائی" پہلے ہی رات میں پیدا ہو جاتے ہیں

لیکن تو ڈراما کی صحیح قدر کرنے والا پہلے ہی روز "سچا قدر دان" نہیں بن سکتا اسے اس کام کے لئے دو تین سال صرف کرنے پڑتے ہیں۔ تب کہیں وہ تو کی سچی قدر کرنے کے قابل ہوتا ہے۔ اور اس امتحان میں پاس ہونے کیلئے یہ احساس پہلی چیز ہے کہ تو کی صحیح قدر و قیمت سمجھنے میں کسقدر آدمی ناکام رہے ہیں؟ اور لوگ اس کی قدر و خوبی پہچان لینے کے بعد ایکٹ کرنے سے بھی زیادہ دشوار چیز حاصل کر لیتے اور انکی زندگی زیادہ "ذی حیات" ہو جاتی ہے۔ تو ڈراما کی یکسانی اس کا اصل حسن ہے جو تنوع اور رنگینی کو قربان کر کے پیدا کی جاتی ہے۔ اور اس کی قدر کرنے میں اس یکسانی کی پسندیدگی پہلا قدم ہے ؎

مسٹر نوگوچی جب پہلی مرتبہ ایک دوست کے ساتھ تو ڈراما دیکھنے گیا تو اس وقت تک اس کے ذہن و دماغ کو وہی معمولی ڈراما کے دیکھنے کی عادت تھی۔ جسکو مغربی وضع زندگی نے سخت و درشت بنا دیا ہے۔ اس ڈراما کو دیکھنے کے بعد اس کے تاثرات خود اسی کے لفظوں میں سنئے :-

جب میں پہلی مرتبہ ہوشو کے تو تھیٹر میں داخل ہوا تو اکتوبر کا مہینہ تھا جب پھول اور پتیاں جھڑتی ہوتی ہیں۔ جب چڑیاں اور محبت کے جذبات غائب ہوتے ہیں۔ جب موسم کا دھندلا قلب تو تماشے کے ساتھ پوری طرح ہم آہنگ ہوتا ہے۔ لیکن میں نے نشستوں پر اکثر نہایت معزز و عمائد کے نام کی چٹھیاں لگی دیکھیں تو میں اپنے دوست کی طرف دیکھ کر مسکرایا جو تو کا بڑا قدر شناس و مداح تھا۔ کیونکہ ایسے مجمع کے اندر ہونا جہاں ایسے عالی مرتبہ لوگ موجود ہوں دراصل کچھ مذاق سا تھا اور مجھے گو نہ بے آرامی سی محسوس ہونے لگی میرا ذوق عامیانہ اور اشتہاری ڈراما کا بگاڑا ہوا تھا۔ اور میری اس نوع کی طبیعت کے لئے یہ بات کم تعجب خیز نہ تھی کہ تماشائیوں میں نہ صرف عورت و مرد بلکہ نوجوان عورتیں بھی ایسے لباسوں میں تھیں جن کے رنگ نہایت "خوش" اور جو تو ڈراما کے ساکت ماحول سے مطابقت رکھتے تھے۔ مجمع کا سکوت اس قسم کا تھا جو صناعتی قلب سے نکلتا محسوس ہوتا تھا۔ یہ سکوت اور ان تماشائیوں کو دیکھ کر مجھے "سکیا" یعنی "چائے خانے" کا خوش منظر اور ساکت "شعرائے چائے نوش" یاد آگئے۔ تھیٹر کے تین سو تماشائیوں اور "چائے خانے" کے پانچ خموش شاعروں میں کوئی فرق نہ تھا کیونکہ "عدم ہوکان" کا نظریہ روشن دماغوں کے لئے بڑی معنویت رکھتا ہے! مینے اس ہال میں لوگوں کو آتے جاتے تو دیکھا مگر زبانیں سب کی گونگی تھیں۔ اور خم سر کا بس ایک حسین اشارہ گفتگو کر تا دکھائی دیتا تھا! ان کی یہ آمد و رفت اس قدر خموش تھی کہ اسے تار عنکبوت کے گذر جانے سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ میرے دل میں معاً "روحی" یا روش باغ کا خیال تازہ ہو گیا جہاں چائے پر مدعو مہمان "چائے خانے" میں جانے کے لئے انتظار کرتے ہیں اور جس کے اندر پہنچکر یہ "چائے نوش" دلی ماسٹر، شعرا دنیائے واقعی کی خاک اپنے قدموں سے جھاڑ دیتے اور اسے فراموش کر کے "چائے نوشی" کی جمالیاتی لذت کے لئے تیار ہو جاتے ہیں! مجھے تسلیم ہے کہ یہ تقابل مبالغے سے خالی معلوم نہ ہوگا۔ لیکن مجھے جو بات کہنی ہے وہ یہ ہے کہ تو تھیٹر کی یہ خموش آمد و رفت اس سے زیادہ محسوس ہوتی تھی۔ جتنی کہ عام تھیٹروں میں "چوتھی والے درجے" کی گذرگاہ! اس لئے اگر آپ کو "روحی" سے متعلق نہیں کر سکتے تو میں ایک "چائے نوش" (دلی ماسٹر) شاعر کی طرح مشورہ دوں گا کہ آپ ایک "روحی" پر جب کسی کائی چڑھی ہوئی پتھر کی لالٹین تک پہنچنے کے لئے دھندلکے میں سے گزریں تو ایک لمحے کیلئے برگزار ما۔ یا کسی سمندری شاخ۔ یا سر شام چاند کے آہستہ غروب ہونے کا دھیان اسوقت بھی کیجئے جب آپ اپنی نشست پر جا بیٹھیں اور اس دنیائے صناعت میں داخل ہونے کو ہوں۔ جسکو آپ ہی کے خنک اور اندھیرول نے پیدا کیا ہے۔ اور آپ اپنے گھٹنوں پر رکھے ہوئے ڈراما کی کتاب کھولیں اور آپ کے سامنے سنگلت (کورس) والے اسٹیج پر اپنی جگہ لے رہے ہوں!

تو اسٹیج سے چھوٹا دنیا بھر میں کوئی اسٹیج نہیں ہے۔ اس کے بڑے سے بڑے اسٹیج کا ناپ ۲۵ فٹ مربع سے زیادہ نہیں ہوتا۔ اور ہر طرف سے کھلا ہوتا ہے۔ البتہ پشت پر ایک چوبی دیوار ہوتی ہے جسپر صنوبر کا ایک پرانا درخت منقوش ہوتا ہے۔ اتنا پرانا جتنی کہ دنیا پرانی ہے۔ اتنا وسیع جتنی شاعری وسیع دلی ہوتی ہے۔ اور اس طرح جھوٹا معلوم ہوتا ہے جیسے کہرے میں کوئی بدیت کی علامت! اسٹیج کی سطح سے ملی ہوئی اس کے داہنی طرف ایک قدرے طویل گیلری ہوتی ہے۔ جسپر تو ایکٹر چلتے پھرتے نظر آتے اور تماشے کی تکمیل کرتے ہیں۔ اور جو ایک گذرگاہ معلوم ہوتی ہے ——

ایک آغاز و انجام یا بالفاظ دیگر حیات و مسرت کی گذرگاہ! آپ کو وہاں اگر کوئی چھت دکھائی دے گی تو وہ ایسی ہوگی کہ آپ خود ہستی باوجود کے وقار سے متاثر ہو جائیں گے۔ اور یہ بات مغربی وضع کے اسٹیج میں کبھی محسوس

نہیں ہوتی۔ تو اسٹیج ایک ایسی سادہ چیز ہے کہ آپ اپنے جاپانی گھر میں پردوں کے ہٹانے لگانے سے بھی تیار کر سکتے ہیں۔ رہ گئی اس کی آرائش تو وہ کچھ دشوار نہیں۔ کیونکہ اس کی آرائش نامتر تخیلی ہوتی ہے۔ اور اگر کچھ واقعی آرائش ہوتی بھی ہے تو از حد سادہ! اس کی آرائش کیلئے صرف نازک اور شاعرانہ تخیل کی ضرورت ہے۔ کیونکہ تو ڈراما کیلئے بس یہی ایک عنصر ضروری ہے جو سبزی اور فرنیچر کی کمی کو پورا کر دیتا ہے۔ تو اسٹیج کی تیاری میں ایسے موقعے بھی آجائیں گے۔ کہ آپ کو اپنی بلند و نازک تخیل پر بھی اعتبار نہ رہ جائے گا۔ جب آپ اور اشیا کی نسبی وادی اور اس کے شاہ بانے کے درختوں کی شاخوں اور ایک اونچے گھنٹہ گھر کا تصور قائم کریں گے جس کے چوبی ڈھانچے میں کاغذ کی گھنٹیاں لگی ہونگی اور جو ہلتا ہوگا تو آپ شکل محسوس کریں گے۔ اور اس سے زیادہ مشکل اسوقت محسوس ہوگی آپ کسی جہاز۔ ایک سمندر اور ہتھواروں کا تخیل کریں گے۔ جو سب کے سب بانس کے بنے ہوں گے!

یہی مسٹر لوگوچی آگے چل کر کہتا ہے کہ:۔

مجھے یقین نہیں کہ میری طرح آپ بھی متاثر ہو سکیں گے اور رنگے ہوئے چوبی ماسک (مصنوعی چہرہ) والے ایکٹروں کے ساتھ کبھی ہنسکر اور کبھی آنسو بہانے لگیں گے۔ بہرحال آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ نو درحقیقت ماسک ڈراما ہے۔ اگرچہ لفظ ماسک جاپانی مفہوم کا سچا حامل نہیں ہو سکتا تو ڈراما کے ماسک حیرت انگیز طریق پر انسانی محسوسات کے نازک ترین اثرات کو ظاہر کر سکتا ہے۔ لیکن اس کا اظہار حیات ہماری تخیل کا اثر ہوتا ہے جو چوبی ماسک کے اندر مجھے اور آپ سے زیادہ "ذی حیات" روح پیدا کر دیتی ہے۔ ماسک کی ساخت ایسی ہوتی ہے کہ اس کا تاثر قائم رہے اور ایکٹر بعد کمال اپنے آپ کو "واقعیت (REALISM) سے محفوظ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور انکی یہ کوشش شعر اور دھاگے اثر سے کامیاب ہوتی ہے۔

تو ڈراما انسانی ذہن کے جن رازوں کا انکشاف کرتا ہے وہ صرف اس احساس سے بیان ہو سکتے ہیں کہ آنسو اور مسکراہٹ جو خون کے رشتے سے بھائی بہن ہیں۔ اسی پرانے انسان میں سے نمودار ہوتے ہیں۔ تو یہ حقیقت بڑی حد تک واضح ہو جاتی ہے کہ ان دونوں کے اثرات میں ایک نہایت نازک اور ہلکے رنگ کا فرق ہے۔

جن لوگوں کے حواس میں درشتی و ناترشیدگی قوی ہے وہ اس مقر تخیل تو تھیٹر میں داخل ہونے کے مجاز نہیں۔ یہاں تو صرف وہی لوگ باریاب ہو سکتے ہیں جو "غیر مکمل" کے خموش پرستار ہیں اور اپنے تخیل کی مقدس مراسم پرستاری ادا کرنا چاہتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ گو آپ اسے تسلیم نہ کرنے کا ارادہ کر چکے ہوں۔ لیکن اس کے باوجود جوشے آپ تو ڈراما کی حقیقت سنوالے گی۔ وہ اس کا باوقر ہونا ہے۔ تو یہ ایک لطیف حقیقت ہوگی۔ زیادہ واضح الفاظ میں یوں سمجھئے کہ تو ڈراما کا انسانی گرداں جس کی آواز اور حرکات و سکنات مرد کے کردار سے کچھ مختلف نہیں ہیں۔ اگر معمولی اسٹیج پر آپ کے سامنے آجائے تو آپ کو اس منظر سے تنفر و اکراہ پیدا ہوگا۔ لیکن تو ڈراما کے اسٹیج پر خود آپ کے تخیل شعری اس سطحی واقعیت کو دیکھنے سے انکار کر دے گی ـــــ اس کی قدر کر سکنے کے لئے ہر قسم کی تنقید سے درگزر کرے گی! اس لئے کہ تو ڈراما کا "اظہار (EXPRESSION) اس درجہ نازک اور اس حد تک خفیف ہوتا ہے! اور اس سانس کی کپکپی کو اس کی "عظیم الشان" نزاکت کو انسانی قوت و توانائی یا بالفاظ دیگر اس کی ناترشیدگی کی عظیم الشان قیمت دے کر حاصل کیا جا سکتا ہے!

یہ تو ڈراما بجائے خود ایک نہایت مختصر چیز ہے۔ اور اس کے آغاز سے آج تک درمیان میں پردہ ڈالنے اور اٹھانے کی زحمت شامل نہیں کی گئی ہے۔ تو تھیٹر میں ناظرین خود اپنے تخیل میں پردہ گراتا اٹھاتا رہتا ہے۔ کیونکہ تو کا مقصد حاصل کرنے کے لئے اسے اپنی جگہ ایسا کرتے رہنا بھی ناگزیر ہے! ہر چند تماشائی کو یہ پردہ معمولی اسٹیج کی طرح بار بار گرانا اٹھانا نہ پڑے گا۔ لیکن بہرحال بعض وقت ختم تمثیل سے پہلے ہی پردہ گرا دینا پڑتا ہے۔

تو ڈراما کا ماحول آپ کو اسی عالم میں پہنچا دیتا ہے جس طرح آپ "چائے خانے" (ٹی ہاؤس) کے اندر چائے کی مہک۔ جوش کھائی ہوئی کیتلی کی میٹھی راگنی اور بخور کے بل کھاتے ہوئے دھوئیں کے ماحول میں باہمتگی لیکن یقینی طور پر ایک سمجھ میں نہ آسکنے والے دھندلکے یا جھٹ پٹے میں پہنچ جاتے ہیں۔

تو ڈراما اور "چائے نوش" شعراء کی صحبتوں میں یہ تقابل و

حالت آپ کو ممکن ہے کہ بادی النظر میں محض تخیلی یا صرف ظن وتخمین نظر آئے لیکن آپ یہ معلوم کرکے اس کو خیال آرائی محض نہ سمجھیں گے کہ ان دونوں نے بالعمل ایک ہی عہد میں وجود اختیار کیا۔ ایک ہی زمانے میں ان کی ہمت افزائی ہوئی اور ایک ہی دور میں انکا بروز (DEVELOPEMENT) ہوا اور وہ دور جاپان میں اوشیکا گا کی حکمرانی کا دور تھا۔ یعنی ان دونوں نے چودھویں سے سولھویں صدی عیسوی میں ساتھ ساتھ نشو ونما پائی ہے۔ اور ان دونوں نے جاپان کے لوگوں کو سادگی کا سادہ سبق دے کر انکی زندگی میں توانائی پیدا کر دی ہے!

اس عہد میں جبکہ سادگی مفقود ہے اور پیچیدگی نے اس کی جگہ لے لی ہے۔ زندگی کے ہر پہلو میں سادگی کا سبق زیادہ ضروری ہو گیا ہے۔ تنوع اور تمول نے ہمیں آخر وہ کونسی چیز دے دی ہے۔ جسپر ہمنے اپنی تمام سادگی کو قربان کر دیا؟

نوڈراما کا سب سے بڑا سرپرست اور پالن ہار اوشیکا گا حکومت کا تیسرا فرمانروا یوشی متسو گزرا ہے۔ جس نے نوڈراما کی جتنی سرپرستی کی اتنی "چائے نوشی" ادارے کی شاعری کو بھی سرافراز کیا۔ اس فرمانروا کے علاوہ یوشیما سا اس لئے ہمیشہ زندہ رہے گا کہ اس نے نوڈراما کی تکمیل کی اور اسے موجودہ صورت تک پہنچا دیا۔ ان دونوں ہستیوں کے بعد ہڈیوشی ٹیوٹومی فوجی سپہ سالار کا نام یاد گار رہے جس نے نہ صرف "چائے نوشی" (ٹی ماسٹر) شعرا کی قدر افزائیاں کیں بلکہ نوڈراما کی ایکٹروں۔ سوئیکی اور اِکیو کو بھی نوازا بودھ مذہب کے راہب خانوں میں رسم "چائے نوشی" اور نوڈراما یکساں طور پر مقبول تھے۔ نو قسم کے اس وقت جتنے ڈرامے عالم وجود میں ہیں ان کی تعداد بھی تین سو کے قریب ہے۔ ان تمام ڈراموں میں ایک بھی ایسا نہیں جس میں ایک پجاری کا کردار سامنے نہ آتا ہو۔ اور اسکی روحانی طاقت کسی سپاہی۔ یا کسی خاتون یا کسی پھول یا کسی درخت کی روح کو بابرکت نروان میں نہ پہنچا دیتی ہو۔

ڈراما کی اس صنف کو اگر ہم اس بات کا لحاظ کرکے روحانی ڈراما کا لقب دیں گے تو ذرا بھی غیر صحیح ہوگا۔ جتنا اس کو "پجاری ڈراما" کہنا غلط ہوگا۔ نو کا اصل مقصود حیات انسانی کی حزنیہ کو بیان کرنا ہے اور اس بیان کی صراحت ایک بس ساعقہ تفہیم ہے ـــ جو بودھ مت کی پیدا کردہ ہے۔ نو کا مدعا قدیم افسانوں اور اساطیر کی طرح پیش کرنا ہرگز نہیں کیونکہ بیشتر ڈرامے خود پجاریوں کے تصنیف کئے ہوئے ہیں بالعض ایسے لوگوں کے نتیجۂ فکر و تراوش قلم ہیں۔ جو بودھ مت سے متاثر تھے۔ لیکن افسوس ہے کہ ان ڈراموں کے مصنفین کے نام فراموش کر دئے گئے یا خود ان مصنفین نے اپنے ناموں کو گمنامی میں رکھنا پسند کیا۔ بعض نام۔ مثلاً سیامی اور اوتوامی وغیرہ جو معلم بھی ہیں۔ ایک محقق کا دعوے ہے کہ وہ مصنف نہ تھے بلکہ ڈراما کی موسیقی۔ رقص اور اسٹیج کے معمولی متعلقین میں سے تھے۔ اس زمانے میں لوگ اس کا مطلق خیال نہ کرتے تھے کہ "قول کس کا ہے؟" بلکہ صرف یہ دیکھتے تھے "قول کیا ہے؟" ان کو مصنف کی ذات سے مطلق بحث ہوتی تھی۔ بلکہ وہ صرف ڈراما کی اہمیت کو دیکھتے تھے۔ عہد حاضر کی اشتہار بازی اور پروپیگنڈے سے کسقدر مخالف ہے! اس لئے یہ کہنا بالکل مبالغہ نہ ہوگا کہ یہ ڈرامے قومی تاثرات اور ادبی شغف کے باعث ایک راز کی شکل میں وجود پذیر ہوئے۔ یعنی وہ کسی ایک عہد یا زمانے کی پیداوار نہیں ہیں۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ غلط نہ ہوگا کہ وہ از خود تصنیف ہوگئے ـــ اس طرح جیسے بودھ مت کی روایات کی زمین میں کوئی پودا یا پھول اُگ آئے!

ادبی حیثیت کے اعتبار سے نوڈراما عہد قدیم کے کیوٹو کے دربار کی ہمت افزائیوں سے جو ادب پیدا ہوا اور جسے انشائے اشراقی ( ) کہنا چاہئے قطعاً مختلف چیز ہے اور اپنی انعطافی صورت میں یکسر جمہوری شے ہے۔ طرز انشا اور ترکیب لفظی کے لحاظ سے ہر چند کوئی بین فرق نہیں۔ اور وہ انشا و ادب حقیقتاً شاعری کا اشرف ترین اظہار (EXPRESSION) ہے ـــ ایک ایسا اظہار جو زر بفت پوش ایکٹروں کی موسیقیانہ حرکات رقص سے مشابہ ہے!

جاپانی ادب میں نوڈراما کے مقابلے کی کسی افسانوی نظم کا نمونہ موجود نہیں ہے اور نہ کے متعلق دعوے کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اس کے اندر کوئی فقرہ کوئی تخیل اور کوئی واقعہ ایسا نہ ملے گا جسکو کسی طرح غیر موزوں یا نامناسب کہا جا سکے! فضا و ماحول تخیل و حیات میں خفیف سی کمی بیشی بھی ممکن نہ ہوگی۔ یہ ڈرامے غیر فانی اور عجیب و غریب ہیں مفتخر ترین ہیں۔ انتہائی ذی حیات ہیں۔ اور خود انسانیت کے نغموں اور نالوں کے محفوظ ترین سُر یا شعبے ہیں!

(۲)

اس صنف کے پرانے ڈرامے۔ ہڈیوشی کی سرپرستی میں نہ صرف باقی رہ گئے بلکہ ان میں ترمیمیں اور اضافے بھی ہوئے۔ اور نئے ڈرامے بھی لکھے گئے۔ اور ٹوکوگاوا کی جاگیرداری عہد میں جاپان کی حیات قومی کا اہم عنصر بن گئے تھے۔ کسی نو ڈرامے کے فقرے دہرانا یا اسٹیج پر انکو ایکٹ کرنا شرفاء کے لئے لائق شرافت سمجھا جانے لگا تھا۔ اور آج تک معمولی تھیٹر کے مقابلے میں تو ذی وقعت رہا۔ اور شریفانہ تفریح بہم پہنچاتا رہا ہے! اس میں نہ صرف تقدس کی شان پیدا ہوگئی اور شادی کی تقریبوں کا ایک ضروری جزو بن گیا۔ بلکہ ایک مخصوص ڈرامے کی جس کا عنوان "ٹکاساگو" تھا۔ چند سطریں عقد نکاح کے وقت گائی جانا شادی کے دوام اور یقین بخشنے کے لئے لازمی ہوگیا تھا۔

"ٹکاساگو" ڈراما استقلال۔ تحمل۔ صحت اور درازئ عمر کے پہلو کو پیش کرتا ہے۔ اور اس طرح شروع ہوتا ہے کہ مرد و عورت کا ایک معمر جوڑا صنوبر کے درخت کے نیچے پتیاں جمع کر رہا اور گاتا جاتا ہے۔

"یہ سچ ہے کہ صنوبر کے درخت اپنی تمام پتیاں نہیں جھاڑ دیتے
اور انکی سبزی طویل مدت تک تازہ رہتی ہے۔ سدا
بہار پودوں کے مقابلے میں بھی جو غیر متبدل ہونے کی
خصوصیت سے متصف ہیں۔ صنوبر کی عزت و وقعت
زیادہ ہے — ان دو صنوبروں کی عزت و وقعت
جو ساتھ ساتھ بوڑھے ہوئے ہیں!"

یہ صنوبر کے دو درخت کیا ہیں؟ یہ بوڑھا مرد اور بوڑھی عورت کون ہیں؟ درختوں کی روحیں اگر کوئی ہے ہیں تو یہ بوڑھے میاں بیوی ہی ہیں۔ جو زیریں و مسرور زندگی کے بعد یہ نغمہ گا رہے ہیں!

نو صنف کے تقریباً تین سو ڈراموں میں اعلےٰ ترین ڈراما حن "جامۂ بال و پر" ہے۔ یہ ڈراما حن عبارت اور الطاف کی نازک اضافی جس کا حامل ہے۔ اس میں ایک پری کا قصہ بیان ہوتا ہے جس کا "جامۂ بال و پر" ایک مچھیرے نے متبوکے صنوبری کنارے پر سے اس وقت چرا لیا جب وہ غسل کر رہی تھی۔ اور انجام کار اپنا رقص دکھانے کا وعدہ کرکے اسے اپنا لباس واپس ملا تھا۔ جاپان کی تہذیب و تربیت کا بہترین و اعلےٰ ترین کارنامہ اعتدال کی تعلیم ہے! چنانچہ اس ڈرامے میں مشرق کی تمام خوبیاں اور المخوئی اس پری کے گیتوں میں ظاہر ہوتی ہیں جو اپنے بلند مقام کی جانب پرواز کرنے سے قاصر ہے۔

"میری نگاہیں۔ آن سماوی فضاؤں کی تلاش بیکار کر رہی
ہیں جہاں بلند ہوتے ہوئے بخارات ساری فضا پر چھا جاتے
اور بادلوں کی جانی پہچانی پگڈنڈیوں کو چھپا لیتے ہیں!"

اس نے مچھیرے سے وعدہ کر لیا تھا کہ وہ اس کو اپنا رقص دکھائیگی "جو قصر قمر" کو بھی وجد میں لے آتا ہے اور اس رقص کو انسان کے لئے ایک یادگار کے طور پر اس دنیا ہی میں چھوڑ جائے گی۔ بشرطیکہ مچھیرا اس کا لباس واپس دیدے لیکن اس مچھیرے کو اندیشہ ہوگیا کہ لباس پاکر کہیں وہ رقص دکھائے بغیر ہی نہ اڑ جائے۔ تو پری نے اس سے کہا۔

"تف ہے تجھ پر! انسان کے عہد و اقرار میں شک ہو سکتا ہے
لیکن ملائے اعلےٰ کے تلکین و عدہ خلافی نہیں کرتے!"

اور پھر میں اشارہ کیا گیا ہے کہ تو ڈراما ایسے عہد کی تخلیق ہے جب گوتم بودھ کے مقدس نام کی برکت سے برزخ کی آوارہ روحیں بھی نروان پا لیتی تھیں اور اسی لئے اکثر ڈراموں میں بودھ مت کی روحوں کا ذکر ضرور ہوا ہے۔ آج کے عہد مادہ پرستی میں بھی روحانیت کے اذکار شاعرانہ خیالات کے لئے قابل قبول شے ہیں۔ بودھ مت کے عقیدے کو کیسا ہی متعصبانہ کیوں نہ کہا جائے۔ لیکن اس عقیدے کی جان یہ ہے کہ شعری تخیلات ہمیشہ باقی ہیں!

ہر چند تو ڈراما کی بساط مایہ کم و بیش نہیں ہوتی۔ لیکن ہماری تفہیم اور تصور میں تغیر ہوتا رہتا ہے۔ اس لئے تو کی تازگی میں فرق نہیں آتا! ایک ڈراما جس کا نام "روح کوہستان" ہے اور جس کا مصنف بے شبہ کوئی پجاری تھا۔ اس میں یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ انسانی روحیں تناسخ کے جھنجھٹ میں اسی طرح پریشان ہوتی رہتی ہیں۔ جیسے کوہستان کی روح ساری رات پہاڑ کا چکر کاٹتی رہتی ہے۔ اس ڈراما میں پہاڑ سے خود زندگی عبارت ہے۔ اس فسانے کا پلاٹ اس پر شدید ترین ہو جاتا ہے۔ جب ہیاکمگا یعنی کوہستانی روح داخل ہوتی ہے۔ اس روح نے ہیاکمگا کا نام اپنے رقص کی بدولت حاصل کیا ہے۔ کیونکہ وہ پہاڑ کا چکر کھایا

کرتی ہے۔ وہ سایوں کی پہاڑی پر اسوقت راستہ بھولجاتی ہے جب زنکوجی کیطرف یاترا کو جاتی ہوتی ہے ـــــ زنکوجی بودھ مت کا ایک مقدس مندر ہے۔ اس مندر میں بیاکا کی ملاقات پہاڑ کی اصلی روح سے ہوتی ہے جس کی ستارہ سی آنکھیں بڑی بڑی ہیں۔ اور برف کی طرح سفید ڈراؤنے بال ہیں۔ یہ روح اس عورت کو پہاڑ کے گرد رقص کرنا بتاتی ہے ـــــ یعنی کوہ حیات کے گرد! ڈراما کا خاتمہ اس طرح ہوتا ہے کہ وہ رقاصہ کوہستانی روح کے حضور دعا کرتی ہے اور ان پہاڑوں میں غائب ہو جاتی ہے کیونکہ اس کی زندگی پیچیدہ زندگی کے بادل چھٹ جاتے ہیں ـــــ آدا گون کی خاک جھڑنے لگتی ہے!

ایک اور دلچسپ ڈراما "شان سحر" ہے۔ اس قصے میں یہ پھول جس کا نام شانِ سحر ہے اور جو صرف ایک صبح کی مختصر زندگی پاتا ہے دوسرے طویل العمر پھولوں پر رشک کرنے کے مواخذے میں نردان حاصل نہیں کر سکتا ہے۔ مگر پجاری کی مناجات سننے کے بعد اس پھول کی روح تسکین پا کر غائب ہو جاتی ہے۔

مسٹر یون لو کو چی نے اس قدیم ڈراما کو جدید لباس سے آراستہ کیا ہے۔ ہم اس ڈرامے کا مکمل ترجمہ درج ذیل کرتے ہیں:۔

شانِ سحر[1]

پجاری ـــ زندگی کے بے راہ و نشان صحرا میں راہبر کون ہے؟

پجاری کی سیاہ چادر کو دیکھو جو اس نے اپنے آقا کی محبت میں کبھی نہ بدلنے والی محبت میں پہنی ہے۔ ایسی سیاہ چادر جیسے کالی رات! اور وہ کالی ہے رحم کی شدت سے! میں اپنی سمرن جپتا ہوں۔ میں دنیا اور زندگی کے گناہوں کا شمار کرتا ہوں۔

میری دعا ہے کہ شام کے وقت بجنے والے گھنٹے چپ ہو جائیں۔ میں ہر وقت خوشی کو اور سورج کے ڈوبنے کو دیکھتا رہتا ہوں ـــــ اس مقام کی طرف دیکھتا رہتا ہوں جہاں جنت ہے۔ جہاں حقیقی مقام ہے!

میرا فرض ہے کہ مصیبت زدہ روحوں کو قانون اور صداقت کا مطیع بنا دوں۔ اور انتشار عناصر اور راحت کا گیت پھر حاصل ہو جائے۔ یہ کون سا پھول دکھائی دے رہا ہے؟

کیا یہ شانِ سحر نہیں ہے۔ وہ پھول جو بہاروں کا خواب اور شبنم کا تصور ہے؟

لیکن خزاں کے سناٹے نے جب دلوں کی حرارت اور فطرت اور گیتوں کو خموش کر دیا ہے۔ اس پھول کا نظر آنا تعجب ہے۔ وہ ایک ایسا گیت معلوم ہوتا ہے جو بغیر گائے فراموش کیا جا چکا ہے!

دہقانی مجھے بتا کہ یہ کیا پھول ہے؟

دہقانی ـ باوا یہ پھول شانِ سحر ہی ہے۔

پجاری ـ کیا یہاں یہ پھول اکتوبر کے ہلکے بادلوں ہی میں دکھائی دیتا ہے؟

دہقانی ـ نہیں باوا۔ جینے بھی اسے پہلی ہی دفعہ دیکھا ہے!

پجاری ـ اس پھول کی کٹوری کی کپکپاہٹ تو دیکھو۔ جیسے وہ اپنی ہستی سے ڈر رہا ہے۔ اور اس حسن کی ناکارگی جو زندگی کو ترک کر کے آسمانوں میں اڑ جائے!

کیا یہ اصلی شانِ سحر ہے؟

کیا یہ کوئی وہم و خیال یا خود رنج والم نہیں؟

مجھے اس کی کپکپاہٹ میں ایک ایسی انسانی بولی سنائی دیتی ہے جو بے صدا ہے!

کیسا عجیب راز ہے۔ کیسی ماتم زدگی ہے۔ کیسی حزن آفریں تھرتھراہٹ ہے! میں ایک پجاری ہوں۔ کنکر پتھر اور گھاس جس کا بچھونا ہے جو پانی کا۔ درختوں کا۔ ستاروں کا اور رات کا رفیق ہے۔ میں اسی جگہ سو جاؤں گا اور اپنی پرارتھنا کی شکتی سے اس پھول کو بھید کو پالوں گا۔

اے پھول تیرا جو نام بھی ہو۔ آج کی رات مجھے اپنا مہمان بنا لے!

(دہقانی چلا جاتا ہے۔ اندھیرا ہو جاتا ہے۔ رات کا پہلا گھنٹہ بجتا ہے۔ پجاری منتر پڑھنے لگتا ہے۔ ایک نازنین اس طرح داخل ہوتی ہے جیسے خزاں کے موسم میں ہوا کا کوئی لطیف جھونکا)

عورت ـ آہ۔ میرا دل رنج اور دیوانگی سے پھنکا جا رہا ہے!

اُف! جلن اور بیچینی کا شکار ہو جانے کی بلا!

[1] ۱۵

میں عالمِ برزخ کی ایک آوارہ روح ہوں جس کا اطمینان چھن گیا ہے!
اس زندگی کے بعد جو اوپر کی سمت چلی جاتی ہے۔ جو نورانی اور سورج کی زندگی ہے!
آہ۔ مجھے اس انتشار عناصر موت سے کتنی نفرت ہے!

پجاری ۔ اے عورت تو کون ہے؟ تو کسی مرے ہوئے کی روح معلوم ہوتی ہے جو مری نہیں ہے۔ جو نروان کو بُرا کہتی اور جو اطمینان کی آوارہ روح ہے!

عورت ۔ باوا۔ میں شانِ سحر کی روح ہوں!

پجاری ۔ آرزوئے بہار اور تمنائے شبنم کی پیاری بچی!
تو پھر تو کینہ و بدی کی روح کی طرح ماری ماری کیوں پھرتی ہے؟

عورت ۔ میں دوسرے پھولوں کی زندگی کی طرح عمر میں درازی کی طلبگار رہوں۔ ان پھولوں کی طرح جو آفتاب اور دن کے ساتھ ساتھ بڑھتے اور زندہ رہتے ہیں۔
آہ۔ میری مختصر زندگی! جو اپنا پہلا دن شروع ہونے کے ساتھ ختم ہو جاتی ہے! مجھے زندگی کی خوشیوں اور اس سورج کو محسوس کرنے کی کسقدر خواہش ہے!

پجاری ۔ غریب بچی! اگر موت نہیں تو زندگی بھی نہیں۔
موت کچھ بھی نہیں۔ مگر ستارے کے ایک پردے سے دوسرے پردے کی تبدیلی! مختصر تر زندگی شیریں نہ رہے ـــ جیسے کہ مختصر گیت ہوتا ہے۔
اچھی طرح مرنا ہی اچھی طرح جینا ہے!
زندگی عمر و سال کی درازی کا نام ہے۔
وہ پھول کہاں ہیں جو سو سال پہلے کھلے تھے؟
اوہو ـــ موت اور نروان زندہ باد! انتشار عناصر اور راحت میں زندہ رہو! ظلمت اور موت کے اندر ایک زندگی جینا چاہئے۔
اے عورت یا پھول! قانع ہو جا اور ایک گائے ہوئے گیت کی طرح ختم!

عورت ۔ میں تمہارے شبد دن سنکر خوش ہوں۔ میرے مقدس باوا۔ میری غمگین روح کو اشیرباد دو کہ وہ برزخ کو پلٹ جائے!

پجاری ۔ نمو امیدابتسو ـــــــــ
(نازنین معاشانِ سحر کے اندر غائب ہو جاتی ہے۔ چاند نمودار ہوتا ہے۔ پھول مرجھا جاتا ہے۔ نیم شبی گھنٹے بجنے لگتے ہیں۔)

(ل۔ احمد)

جہانِ آرزو

حضرت آرزو لکھنوی کا تازہ ترین مجموعہ کلام قدیم اور جدید لکھنوی طرز کے اُستاد حضرت آرزو لکھنوی کے کلام کا تازہ ترین مجموعہ شائع ہو گیا ہے۔ جو لوگ سادگی اور روزمرہ اردو کا لطف اٹھانا چاہتے ہیں۔ انہیں یہ دیوان ضرور دیکھنا چاہئے۔ اردو زبان کے تمام شعرا اور شعر سے ذوق رکھنے والے جہانِ آرزو کو ضرور خریدیں۔
لکھائی چھپائی اعلےٰ حجم ۲۶۰ صفحہ۔ قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک
ملنے کا پتہ:۔ **منیجر نیرنگِ خیال ۳۶ بیڈن روڈ لاہور**

خیالِ خام

ایک ہندوستانی میاں اور فرانسیسی بیوی کے دوست آشنا!؟

(از جناب بصیر احمد صاحب الہ آباد)

میڈم سے ملے ہفتہ بھر ہوا تھا۔ لیکن اس ایک ہی ہفتہ میں ہم دونوں میں ایک خاص قسم کی دوستی ہوگئی۔ دوسروں کے سامنے غیریت لیکن تنہائی میں یا اپنے شوہر کے سامنے میڈم خاصی بے تکلف ہو جاتیں فائلی معاملات نے مجھے دیوانہ سا بنا رکھا تھا۔ بیوی سے لڑائی۔ قرضہ سر پر۔ دماغ یکسو نہ تھا۔ چھٹی لے کر یہاں اس لئے آیا تھا کہ طبیعت کو سکون ہو۔ دل و دماغ ایک عورت کی ہمدردی ڈھونڈھتے تھے شاید اسی وجہ سے میڈم کے یہاں اتنا آنا جانا ہو گیا۔

ہر موضوع پر گفتگو ہوتی۔ خاص طور سے ہندوستانی مرد و کے رویہ پر کہ وہ عورتوں سے کیسا برتاؤ کرتے ہیں۔ میڈم مزے لے لے کر اُن کا مذاق بناتیں۔ حالانکہ وہ ایک ہندوستانی سے باتیں کرتی تھیں اور اُن کا شوہر بھی ہندوستانی تھا۔ میں انکی ہاں میں ہاں ملاتا۔ میڈم اس شہر کی اور وہاں کے لوگوں کی بُرائی کرتیں اور میں اکثر اُن کی رائے سے اپنے کو متفق پاتا۔

ایک روز میں اور یہ دونوں میاں بیوی میرے ایک دوست۔ حامد کی موٹر میں بیٹھ کر شام کو ہوا خوری کے لئے باہر گئے۔ مسٹر نیاز (میڈم کے شوہر) اور حامد آگے بیٹھے اور مجھے میڈم نے پیچھے اپنے ساتھ بٹھا لیا۔ میڈم اس شام کو بہت کو بہت مزے اور آزادی سے باتیں کر رہی تھیں۔ ہوا ٹھنڈی تھی اور موٹر کھلی ہوئی اور تیز جا رہی تھی۔ میڈم نے آہستہ آہستہ عورت کی آزادی پر گفتگو شروع کی۔ میں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ لیکن جب میں نے میڈم سے یہ کہا کہ ہر عورت اور مرد آزاد ہے۔ جسم اس کا ہے۔ دماغ اور دل اس کا ہے جسے چاہے دے اور جسے چاہے نہ دے۔ لیکن زیادہ لوگ ایسا نہیں کر سکتے۔ وہ اپنا دل مسوس کر رہ جاتے ہیں۔ اور اس جبر کے بعد لوگ ان کے منہ سے عصمت و عفت اور دوسروں کی بدکاری کے متعلق لکچر اور افواہ سنتے ہیں۔ کیوں میڈم کیا آپ کو میری رائے سے اتفاق نہیں؟"

میرے اس فقرہ کے بعد میں نے اُن میں ایک تغیر محسوس کیا۔ انہوں نے خاموشی سے سر ہلا کر میری رائے سے اتفاق کیا۔ وہ اب خاموش ہو گئیں۔ اُن کے تمام جسم میں بے چینی سی تھی۔ دماغ میں شاید کوئی خیال آ گیا۔ اِدھر اُدھر موٹر کی نشست پر کھدکتی رہیں۔ آخر کار بالکل میرے پاس مجھ سے مل کر بیٹھ گئیں۔ اور خاموشی سے میرا داہنا ہاتھ اپنے دونوں ہاتھوں میں لے لیا۔ مجھے یہ بھلا معلوم ہوا میرا ہاتھ ٹھنڈا تھا۔ لیکن میڈم کا نرم ہاتھ گرم ہو رہا تھا۔ مجھے ایسا محسوس ہوا کہ وہ میری تکلیفوں اور مصیبتوں میں میرا ساتھ دے رہی ہیں۔ ایک ہاتھ گرم ہو گیا تو میں نے مذاقاً دوسرا ہاتھ بھی میڈم کے ہاتھ میں یہ کہکر دیا۔ کہ "اسے بھی گرم کر دیجئے۔ ورنہ شکایت رہے گی۔ میڈم نے آہستہ سے میرا ہاتھ اپنے پہلو سے الگ کر دیا۔ ان کی آنکھوں میں شرارت کی جھلک تھی۔ اپنی انگلی سے خاموشی کا اشارہ کیا اور پھر وہی انگلی اپنے شوہر کی پشت کی طرف اُٹھائی۔ جلدی سے نیچے جھک کر پہیوں میں ہوا بھرنے کا پمپ اُٹھا لیا۔ مجھے اشارہ کیا کہ میں اسے چلاؤں اور خود اُس کی آڑ

بیچارے نیاز کے کان کے پاس لگا دی۔ وہ اس بلائے ناگہانی سے بے خبر حامد سے بہت زور شور سے کسی خشک موضوع پر بحث کر رہے تھے۔ پورے پورے زور سے میں نے پمپ چلایا۔ نیاز اچھل پڑے۔ میڈم کا قہقہہ ایک فرلانگ تک موٹر کے پیچھے ایک مسلسل آواز میں غائب ہوتا رہا۔ نیاز نے پلٹ کر کوئی بات فرانسیسی میں اپنی بیوی سے کہی۔ انہوں نے ہنس کر پمپ کی نال الگ کر لی اور نرمی سے میرے ہاتھ سے پمپ لے کر نیچے رکھ دیا۔ مگر میرے ہاتھ نیاز کو ہوا دینے کے لئے سختی سے تیار تھے۔

میں سوچنے لگا کہ میڈم نے یہ حرکت کیوں کی؟ اپنے شوہر کو متوجہ کرنے کے لئے؟ یا اسے میری نگاہ میں حقیر کرنے کے لئے؟ میں کسی نتیجہ پر نہیں پہونچ سکا تھا کہ میڈم نے میرے کان کے پاس منہ لا کر آہستہ سے کہا۔ "مجھے سردی لگ رہی ہے"۔ میں نے اپنا کوٹ اتار کر اُن کے زانو پر ڈال دیا نیاز پھر اپنی بحث میں منہمک تھے۔ گویا انہیں بیوی کی ہستی سے کوئی واسطہ ہی نہیں تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ہم دونوں موٹر میں اکیلے بیٹھے جا رہے ہیں۔ میڈم کا ہاتھ کوٹ کے نیچے سے آہستہ آہستہ آیا اور میرے ہاتھ کو پکڑ لیا۔ اسی آہستگی سے میرے ہاتھ کو میڈم نے اٹھایا اور اپنے گالوں سے لگایا۔ اُن کے گال تمتما رہے تھے۔

"میری خبر لو" میڈم نے دھیمی آواز میں کہا۔

مجھے شبہ ہونے لگا کہ یہ عورت مجھ سے کھیل رہی ہے اور مجھے بیوقوف بنانا چاہتی ہے۔ "اور بڑے میاں نیاز کی طرف اشارہ کر کے) کی کون خبر لے گا؟" میں نے جواب دیا۔ میڈم نے مسکرا کر اپنے شوہر کی جانب دیکھا۔ اُن کے جسم میں ایک فوری کپکپی کی لہر دوڑ گئی۔ میرے ہاتھ کو جلدی سے چھوڑ دیا اور پھر میرے منہ کے پاس اپنا منہ لا کر کہنے لگیں۔ "آپ بہت نیکدل آدمی ہیں۔ ہر چیز کا آپ کو خیال ہے"۔ اُن کی آواز میں طنز اور ترشی تھی۔ معلوم ہوتا تھا کہ وہ خفا ہو گئی ہیں۔ میں خاموش رہا۔

تھوڑی دیر کے بعد واپسی کے لئے حامد نے موٹر پھیر دی واپس پہنچ کر حامد نے کہا۔ کہ اسے جلدی گھر جانا ہے۔ اور یہ کہکر وہ اٹھ کھڑا ہوا میڈم نے گراموفون پر ایک ریکارڈ رکھتے ہوئے حامد کو شب بخیر کہا۔ میں بھی اٹھ کھڑا ہوا اور جانے کی اجازت چاہی۔ میڈم نے بغیر میری طرف دیکھے مجھ سے کہا۔ "آپ جو نئے ریکارڈ لائے ہیں وہ میں نے نہیں سنے ہیں۔ کیا آپ اس وقت لا سکتے ہیں؟"

جس دوست کے یہاں میں ٹھہرا ہوا تھا اُن کا مکان یہاں سے بمشکل سو گز پر تھا۔

میں نے جواب دیا۔ "اچھا میں ابھی لاتا ہوں"

حامد اس عرصہ میں جا چکا تھا۔ باہر برآمدہ میں اندھیرا تھا۔ نیاز میرے ساتھ آیا اور بجلی کی روشنی جلائی۔

میں سیڑھیوں سے اتر کر اپنے مکان کی طرف جانے لگا تھا کہ پیچھے سے میڈم کی آواز آئی۔ "ٹھہریئے میں بھی آ رہی ہوں"۔ وہ بھاگتی ہوئی میرے پاس آ گئیں۔ مکان کے باز و میں روشنی نہیں پہنچی تھی۔ نیاز اب آڑ میں تھے۔ میں اور میڈم برابر والے مکان کی طرف جا رہے تھے۔ زمین اونچی نیچی تھی۔ اور اندھیرا تھا۔ یکایک میڈم کے ٹھوکر لگی اور وہ جلدی سے میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر سنبھل گئیں۔ "کیا تم اب بھی مجھے نہیں سنبھالو گے؟" انہوں نے بہت ناز سے کہا۔ اور ان کے ہاتھ میری کمر میں حمائل ہو گئے

میرے جسم میں خون تیزی سے دوڑنے لگا اور میں نے بھی اپنے دونوں ہاتھ میڈم کی کمر میں ڈال دیئے۔ انہیں پیار کرنے کے لئے اپنی طرف کھینچا۔ میرا رُخ سامنے کی دیوار کی طرف تھا جس میں سے ایک دروازہ سے دونوں مکانوں میں آمد و رفت تھی۔ بہت خفیف روشنی دروازے کی چوکھٹ پر پڑ رہی تھی۔ لیکن اس سایہ کو ظاہر کرنے کے لئے کافی تھی۔ جو اسوقت چوکھٹ پر پڑا۔

میں نے میڈم کو چھوڑ دیا اور وہ بھی مجھ سے الگ ہو گئیں۔ سامنے سے ایک شخص نکل آیا۔ میں نے مسعود کو پہچان لیا۔

"اوہو مسعود۔ کہاں جا رہے ہو؟ کیا میرے یہاں گئے تھے؟" یہ سوال بے معنی اور فضول تھا۔ میں گھبرا سا گیا تھا۔ مسعود نے اب ہم دونوں کو پہچان لیا۔ "ہاں میں تمہارے یہاں سے آ رہا ہوں۔ میڈم شب بخیر اچھا کل ملیں گے۔ خدا حافظ!"

اُس کی آواز میں ہنسی تھی۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ بہت بہادری سے میرے کسی راز کو چھپا رہا ہے۔ وہ یہ کہکر چل دیا اور میڈم بھی خاموشی سے اس کے پیچھے پیچھے اپنے مکان کو پلٹ گئیں۔

میں تنہا اپنے کمرے میں آیا اور ریکارڈ لے کر واپس گیا۔ مسعود ضرور ہے

کسی سوچ میں پڑی ہوئی تھیں۔ مگر دونوں جہاں بیوی نے میرے ریکارڈ بہت غور سے سُنے وہ جب ختم ہوگئے تو نیاز نے مجھ سے کہا کہ میں کھانا بھی اُنہی کے ساتھ کھالوں۔ اب اس تماشے میں مجھے کافی دلچسپی ہوگئی تھی اور میں اس کا انجام دیکھنے کا منتظر تھا۔ رُک گیا۔ کھانا کھایا اور پھر میں اور میڈم اُن کے شب خوابی کے کمرہ میں بیٹھ کر باتیں کرنے لگے۔ نیاز نے معافی چاہی اُسے کچھ کام کرنا تھا۔ کھانے کی میز پر بیٹھ کر وہ لکھنے لگا۔

اس شہر میں میرے بڑے بھائی کے ایک دوست احمد صاحب تھے۔ اُن سے اور میڈم سے کافی دوستانہ تھا۔ اُن کا برتاؤ مجھ سے بڑے بھائی کی طرح تھا۔ اور اب اُس میں دوستی کا بھی ایک انداز پیدا ہوگیا تھا۔

احمد کچھ اس قماش کے آدمی تھے کہ لوگوں کو اُن کے متعلق عجیب عجیب باتیں بیان کرنے میں مزا آیا کرتا تھا۔ وہ خاص قسم کی بہت اچھی اور بہت بُری کہانیوں کے ہیرو تھے۔ دراصل وہ اچھے آدمی تھے انہیں عورتوں کی صحبت میں خاص لطف آتا تھا اور وہ اس سے بہت خوش ہوتے تھے۔ اگر انہیں پوری آزادی ہو اور وہ ہر طرح سے ایک عورت سے مذاق کریں اور اس پر لوگ کہیں "احمد بہت اچھا آدمی ہے۔ دل پاک صاف ہے۔ اس میں بدی نہیں ہے۔ صرف مذاق کی خاطر یہ سب کچھ کرتا ہے۔ ورنہ اصلیت کچھ نہیں ہے"۔ میڈم کے ساتھ بھی ان کا یہی برتاؤ تھا۔ مذاق کرتے۔ میڈم کو گود میں بٹھا لیتے۔ کبھی پکڑ کر گرا دیتے اور برابر ٹانگ پر ٹانگ ڈال کر لیٹ جاتے۔ میں یہ سب تماشے بیٹھا دیکھا کرتا۔

اب میڈم سے اُن کا ذکر نکل آیا۔

"احمد بہت اچھے آدمی ہیں" میڈم نے ہنس کر کہا۔

"مگر انہیں کوئی حق نہیں ہے کہ وہ دوسروں سے اور خاص طور پر عورتوں سے ایسا مذاق کریں اور اُنہیں بے حس سمجھیں" میں نے جواب دیا۔

"تم ٹھیک کہتے ہو۔ احمد ہر اس عورت پر جسے وہ جانتے ہیں اپنا ایک حق سمجھتے ہیں اور اُسے گویا کی طرح استعمال کرتے ہیں۔ شاید اُن میں کسی طرح کا جس نہیں ہے۔ لیکن نہ معلوم کیوں وہ دوسروں کو بھی اپنا جیسا سمجھتے ہیں" میڈم کی نگاہ نیچی تھی۔ چہرہ سرخ تھا اور جلد جلد یہ کہہ رہی تھی۔ مجھے احمد پر غصہ آیا۔

میں نے بھی اپنے پیر

کیا آپ کے یہاں آج آئے تھے؟" میں نے پوچھا۔

"نہیں" میڈم نے جواب دیا۔

میڈم کرسی پر سے اُٹھ کر زمین پر بچھے ہوئے بستر پر لیٹ گئیں۔

"آیئے لیٹ کر باتیں کریں"۔ اُنہوں نے کہا۔ میں بھی اُن کے برابر لیٹ گیا۔

"میرا دل گواہی دیتا ہے کہ آج احمد ضرور آپ کے یہاں آئیں گے" میں نے کہا۔ میڈم نے انکار میں سر ہلا دیا۔ اور پھر کہا۔ مجھے یہاں آئے ہوئے دو سال ہوگئے۔ لیکن احمد کبھی میرے یہاں اتنی رات گئے نہیں آئے"۔ میرا دل کہتا ہے کہ وہ آج ضرور یہاں آئیں گے۔ تاکہ ہم دونوں کی لطف صحبت کو برباد کریں" میں نے جواب دیا۔ میڈم نے جھٹ کہا نہ چڑاؤ ہم دونوں باتیں کرتے رہے۔ نیاز کے قلم کی چرچراہٹ برابر چلی آرہی تھی۔ وہ ہم کو اپنی کرسی پر سے دیکھ سکتا تھا۔

"اگر میں بھی احمد کی طرح آپ سے مذاق کروں تو آپ میرا کیا کریں گی؟"

"میں سمجھونگی کہ تم نے میری توہین کی ہے اور تمہیں مکان سے باہر نکال دونگی۔ اور پھر کبھی تم سے نہیں ملوں گی"۔ میڈم مسکرا مسکرا کر یہ کہہ رہی تھیں میری طرف دیکھ رہی تھیں اور یہ کہہ رہی تھیں۔

دروازہ کسی نے کھٹکھٹایا۔

میڈم لوٹ مار کر اوندھی ہوگئی۔ اور اپنی کہنیاں زمین پر ٹیک کر اپنے شوہر کی طرف متوجہ ہوئیں۔ "نیاز دروازہ دیکھو تو کون ہے۔ اگر کوئی تم سے ملنے آیا ہے تو برائے مہربانی گول کمرہ میں بٹھا کر اس سے باتیں کرنا" نیاز دروازے کی طرف گیا اور میڈم لوٹ کر پھر چھت تکنے لگیں۔

"میں شرط کرتا ہوں کہ آپ کے دوست احمد آئے ہیں" میں نے کہا میڈم خاموش رہیں۔ میں اُٹھ کھڑا ہوا۔ باہر سے باتوں کی آواز آئی۔ اور آگے آگے احمد اور اُن کے پیچھے نیاز داخل ہوئے۔

احمد اس کمرے کے دروازے میں آکر کھڑے ہوئے۔ اُن کی آواز سن کر میڈم بجلی کی طرح چمک کر بیٹھ گئی تھیں۔ لیکن اب ان کے دونوں ہاتھ سختی سے اپنے گھٹنوں کو پکڑے ہوئے تھے۔ سر نیچے کو جھکا ہوا تھا اور پیٹھ احمد کی طرف تھی۔

احمد نے مجھ کو دیکھا اور ٹھٹک گئے۔ ایک لمحہ کمرے میں سکوت

رہا۔ میں احمد کو دیکھتا رہا اور وہ مجھے دیکھتے رہے۔ اُن کے چہرے پر مسکراہٹ تھی۔ لیکن میں اندر ہی اندر غصہ میں کانپ رہا تھا۔ اسوقت میں نے محسوس کیا کہ احمد سے مجھے رقابت ہے۔

اُنہوں نے اپنے کندھے ہلائے اور آگے بڑھ کر میڈم کے سامنے آئے۔ میڈم نے منہ اُس طرف سے موڑ لیا۔ چونکہ آپس میں اس قسم کا مذاق ہوتا تھا۔ اس لئے ظاہرداری میں کوئی فرق نہ آیا۔ احمد نے میڈم کا مذاق اُڑانا شروع کیا۔ کوشش کی کہ وہ کچھ بولیں۔ انہیں پکڑ کر اُن کا سر زبردستی اُٹھانا چاہا۔ میڈم نے جھٹکا دے کر اپنے کو چھڑا لیا۔ اب احمد میری طرف مڑے۔ اُن کے چہرے پر مسکراہٹ اب بھی تھی۔ لیکن ماتھے پر گھنڈیاں پڑی ہوئی تھیں۔ مجھ سے کچھ کہنا چاہتے تھے۔ لیکن اپنے کو روک لیا۔ میرے چہرے پر بھی اب ایک بامعنی مسکراہٹ تھی۔ نیاز کچھ نہ سمجھ سکا۔ وہ سب میں پیچھے کھڑا کچھ سوچ رہا تھا۔ نگاہ ہم سب پر تھی۔

احمد میری طرف سے پلٹے اور نیاز سے مخاطب ہوئے۔ "ذرا مسعود کے یہاں جا کر کل کے کھیل کی ہار جیت کا نتیجہ تو لے آؤ"۔ پالتو کتے کی طرح نیاز پلٹا اور مسعود کے گھر روانہ ہو گیا۔ مسعود یہاں سے بہت قریب رہتا تھا۔

اب پھر احمد میری طرف مخاطب ہوئے۔

"تاش کھیلو گے؟"

"نہیں"

"میرے ساتھ ٹہلنے چلو گے؟"

"جی نہیں۔ میں یا تو یہاں میڈم کے پاس بیٹھوں گا یا گھر جا کر سو جاؤں گا۔ اور کچھ نہ کروں گا"

احمد کو میری صاف گوئی پر حیرت ہو گئی اور وہ کھسیانے ہو گئے مجھ سے تو کچھ نہ کہہ سکے۔ لیکن بے چاری میڈم پر برس پڑے۔

"آپ کا مزاج آسمان پر ہے۔ آپ سے ملنے کے لئے کوئی آئے اور آپ منہ پھیلا کر بیٹھ جاتی ہیں۔ آخر کوئی وجہ بھی ہو"۔

میڈم بالکل خاموش رہیں۔ احمد نے اب ہاتھ سے پکڑ کر انہیں دق کرنا چاہا اور کرتے رہے۔ لیکن میڈم کو نہ بولنا تھا نہ بولیں۔ خاموشی سے دونوں کی کشتی ہوتی رہی۔ ایک دفعہ جب میڈم کا منہ میری طرف ہوا تو میں نے ان کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھی۔ انہوں نے احمد کی طرف دیکھ کر آنکھ ماری اور پھر بند کر لی۔

نیاز مسعود کے یہاں سے واپس آیا گویا احمد کی شکست کی نشانی تھی۔ انہوں نے میڈم کو چھوڑ دیا اور کھڑے ہو گئے۔ نیاز سے کاغذ لے لیا اور اپنی پتلون کی جیب میں لاپروائی سے ڈال لیا جیب سے سگرٹ کیس نکالا اور ایک سگرٹ "لیجئے" کہکر مجھے دیا اور پھر خود بھی ایک لے لیا۔ میرا سگرٹ جلاتے وقت اُنہوں نے میرے چہرے کا جائزہ لے لیا تھا۔ انہیں میرے جذبات معلوم ہو گئے تھے۔ مگر وہ ابھی چاہتے تھے کہ اپنے آپ کو اس معاملے سے اس طرح سے الگ کر لیں کہ مجھے یہ محسوس نہ ہو کہ احمد کبھی اس میں کبھی میرے مدمقابل تھے۔ "ان کی لیجئے" میں طنز تھا۔ گویا ادھیڑ عمر جوانی سے ایسے موقعے پر سمجھوتہ کر رہی ہے جہاں کردہ جوانی جدیدی حرکت کرتی پکڑی گئی ہو۔ اور اب اپنے فعل کا مذاق اُڑا کر اس جگہ سے خاموشی سے غائب ہونا چاہتی ہے۔

نیاز سے انہوں نے مخاطب ہو کر نیم مذاحیہ اور نیم طنزیہ طور پر کہا۔ "آج میڈم کا پارہ بہت تیز ہے۔ ابتو جانا ہی پڑا"۔

نیاز کے چہرے پر ایک کھسیانی سی مسکراہٹ تھی۔ وہ یہ سُن کر احمد کے راستے سے مودبانہ ہٹ گیا۔ لیکن اس کی نگاہ میرے چہرے پر گڑی تھی۔ احمد اپنے چہرے پر ایک خشک سی مسکراہٹ لئے ہوئے دروازے کی طرف بڑھے۔

چلتے چلتے پلٹے اور مجھ سے پوچھا۔ "چلتے ہو؟"

"چلئے" میں نے جواب دیا۔ اب وہ بزرگ تھے اور میرے بڑے بھائی کے ہمنشین۔ اُن کی شخصیت مجھ پر غالب آگئی اور میں اپنے فعل سے اظہار اصلیت کرنے سے قاصر رہا۔

ہم دونوں نے میڈم کی طرف نظر اُٹھا کر نہیں دیکھا۔

دروازے میں سے احمد اور نیاز نکل گئے میں نکلا ہی چاہتا تھا کہ میں نے میڈم کے کپڑوں کی سرسراہٹ سُنی۔ چلتے سے پلٹ کر دیکھا۔ میڈم کی اور میری آنکھیں چار ہوئیں۔ کیا اُن میں جوش تھا؟ خوشی تھی؟ محبت تھی؟ حیرت تھی؟ کیا تھا؟ میں نہیں معلوم کر سکا۔ اتنا ضرور ہے

کہ ایک پرمعنہ سنسنی اُن کے ہونٹوں پر لرز رہی تھی۔ کیا بہانا کروں؟ کیسے بات کروں؟ میں ضرور بلایا جا رہا ہوں کیوں نہ جاؤں؟ احمد اور نیاز کو۔ ہاں احمد اور اس کے شوہر نیاز کو کیسے نگل جاؤں؟ ان سے کیسے بچوں؟

تیز تیز خیالات نے تیز فعل پر مجبور کیا۔ جلدی سے دروازے سے باہر نکل گیا اور اپنے طوفان خیز خیالات کو اس فعل سے ناممکن بنا دیا۔ نیاز ہمیں باہر چھوڑ کر اندر واپس چلا آیا اور شبکنی دے لی۔ ہم دونوں اس سے خاموشی سے جدا ہو گئے۔

مکان سے نکلتے ہی احمد نے میری کمر میں ہاتھ ڈال دیا۔ جگہ وہی تھی جہاں میڈم نے چند گھنٹے قبل میری کمر میں ہاتھ ڈالے تھے۔ ان کا یہ فعل مجھے بتا رہا تھا کہ وہ میرے ناصح بننے پر تیار ہیں۔ اور اس آڑ میں وہ اُس وقت کی جانبین کی تلخی کو فراموش کرانا چاہتے ہیں۔ میں خاموش رہا۔ اپنے کمرے کے قریب پہنچکر میں نے انہیں شب بخیر کہا۔ اُن کے جواب میں اب طنز نہ تھا۔ نرمی تھی اور برادی؟ مجھے نصیحت تھی۔ میری ناتجربہ کاری پر گویا بزرگی رحم کھا رہی تھی!

مکان پر سب سوئے پڑے تھے۔ میرے دوست بہت کتب بیں ہیں اُن کا یہ سلسلہ ابھی تک جاری تھا۔ "واپس آ گئے کیوں؟" انہوں نے میرا خیر مقدم کیا۔ کچھ اُلٹا سیدھا جواب دے کر میں نے کپڑے اُتارے اور پلنگ پر پڑ رہا۔ گھنٹوں میڈم کا خالی مجسمہ میرے سامنے اُنکے قول و فعل کو دکھاتا رہا۔ آنکھیں نیند سے بند ہونے لگیں۔ آخری ارادہ سونے سے قبل یہی تھا کہ صبح کو میڈم کے پاس جاؤں۔ اور معلوم کروں کہ اُن کی طرف سے اس میں کتنی اصلیت ہے؟

صبح کو ٹہلنے گیا اور لوٹتے ہوئے میڈم کے مکان کی طرف سے واپس آیا۔ احمقانہ کوشش یہ تھی کہ بغیر مکان کی طرف دیکھے نکل جاؤں مگر مکان کی طرف دیکھا۔ دیواریں کھڑی تھیں۔

گھر پہنچکر ایک بخار کی سی حالت میں غسل کیا۔ کپڑے احتیاط سے بدلے۔ کھانا کھایا اور اب بیتابی سے اس بات کا انتظار کرنے لگا۔ کہ میرے دوست اپنے کام سے باہر چلے جائیں۔ خدا خدا کر کے قریب دس بجے مطلع صاف ہوا۔ فوراً اشت کے دروازے پر میڈم کے مکان پر پہنچا نشست کے کمرے میں کوئی نہ تھا۔ آواز دی۔ ایک نوکر نکل کر آیا۔ بیتابی سے سینہ شق ہوا جاتا تھا۔ لیکن بظاہر بہت اطمینان سے نیاز کو پوچھا۔ معلوم ہوا کہ وہ باہر گئے ہوئے ہیں۔ یہ مجھے پہلے ہی سے معلوم تھا کہ وہ اس وقت گھر پر نہیں ہوتے ہیں۔ نوکر نے کہا کہ "میم صاحب ہیں" میں نے بہت روادری کے لہجے میں کہا کہ "اچھا تو انہیں ہی اطلاع کر دو"۔

دس منٹ کے بیتاب کن انتظار کے بعد میڈم آئیں۔ شب خواب کے کپڑے پہنے ہوئے اور آنکھیں ایسی گویا ابھی سو رہی تھیں چہرے سے صابن پوڈر اور تولئے کی خوشبو آ رہی تھی۔ بال میں کنگھی بھی کئے ہوئے تھیں۔ ہاں کپڑے البتہ شب خوابی کے تھے۔ رات کے واقعہ کا تخیل غائب ہو گیا اور اب میڈم ہی میڈم میرے پیش نظر تھیں۔ آکر کرسی پر بیٹھ گئیں۔ ذرا مجھ سے آگے دونوں کے بیچ میں ایک چھوٹی میز تھی۔ میں اُن کا نیم رُخ دیکھ سکتا تھا۔ اور وہ بغیر مڑے مجھے نہیں دیکھ سکتی تھیں۔

اِدھر اُدھر کی باتیں شروع ہوئیں۔ میڈم بہت اطمینان سے گفتگو کر رہی تھیں۔ گویا میں اُن کے لئے اجنبی تھا اور صرف اُن کے شوہر کا دوست تھا۔ آخر مجھ سے ضبط نہ ہو سکا۔

میڈم! کیا آپ ایک بات مجھے سچ سچ بتا دیں گی؟

"پوچھ کے دیکھئے"

کیا گذشتہ شب آپ کی خواہش نہیں تھی کہ صرف میں ہی آپ کے پاس رہوں اور احمد اور نیاز دونوں دفان ہو جائیں؟ کیا آپ ایسا نہیں چاہتی تھیں؟

"شاید۔ کیا معلوم"

نہیں میڈم میں صاف جواب چاہتا ہوں۔ کیونکہ رات یہاں میں نے محسوس کیا کہ ہم دونوں کو ایک دوسرے کی خواہش ہے۔ میں اب بھی یہی محسوس کرتا ہوں۔ اگر یہ سب کچھ میرا تخیل تھا تو میں آپ سے معافی مانگتا ہوں اور جانے کی اجازت چاہتا ہوں۔

"(سرد مہری سے) آپ جب چاہیں جا سکتے ہیں۔ (نرمی سے) لیکن اگر میں تم سے ایک بات کہنے کو کہوں تو کیا تم مجھے "سہل الحصول"

اور "ارزاں عورت" تو نہیں خیال کرھگے ؟"

میڈم کی گردن سرخ ہوگئی تھی۔ اور کان اور گال تمتما اُٹھا تھا

معلوم نہیں آپ کیا پوچھیں گی ؟

اب منہ بالکل دوسری طرف کو پھیر لیا گیا۔ اگر میں تم سے کہوں کہ مجھے پیار کرو تو کیا تم ایسا کروگے ؟

میرے دل کو دھکا سا لگا۔ کیا یہ سب کچھ سچ ہے ؟ کیا اس اظہار کے یہ معنی تو نہیں ہیں کہ میرے جذبات سے واقف ہو کر میڈم مجھے بیوقوف بنا رہی ہیں !

ہاں اگر میرا بھی جی چاہتا ہوگا تو کروں گا اور ضرور کروں گا۔ تمہارا جی چاہتا ہے ؟

"ہاں"

"تو کرو"

"کیوں ہم دونوں آدھے راستے پر نہ ملیں۔ اب جب کہ میری اور تمہاری خواہشات ایک سی ہیں تو میں کیوں پیش دستی کروں ؟"

یہ سُنکر میڈم میری طرف پلٹیں۔ مجھے دیکھ کر مسکرائیں اور کہنے لگیں

"تم اگر مجھے پیار کرو تو یہ بھی ممکن ہے کہ شاید میں تمہیں اس گھر سے نکال دوں"

"میں اس کے لئے تیار نہیں ہوں۔ میں پہلے ایک ایسی چوٹ اٹھا چکا ہوں۔ اور اس کا زخم ابھی تازہ ہے"

"مگر عورت تو ایسا ہی قابو چاہتی ہے"

وہ پھر میری طرف مڑیں۔ اُن کے چہرے پر افسوس کے آثار تھے۔ گویا اب انہیں میری طرف سے یہ احساس ہوگیا کہ میں اُن سے کھیل رہا ہوں۔

میں بدحواس سا ہوگیا اور کھڑا ہو کر جلدی سے میڈم کی کرسی کے پیچھے پہنچ گیا۔ اپنے ہاتھ میڈم کی گردن میں ڈال دیئے اور جھکا چاہتا تھا کہ انہوں نے اپنے ہاتھوں سے میرے دونوں ہاتھ الگ کر دیئے اور اوپر میری طرف کو دیکھ کر کہنے لگیں :-

"افسوس ! آپ غلطی پر ہیں۔ شاید میرا منشا تم نہیں سمجھے"

"میڈم۔ میڈم" میں نے بدحواس ہو کر کہا اور اب میں ان کے سامنے تھا اور ان کے ہاتھ پکڑنے کی کوشش کر رہا تھا۔ "میں نے کیا کیا" میڈم کی آنکھوں میں استقلال اور حسرت تھی۔ "نہیں ہرگز نہیں۔ تم بزدل ہو۔ کبھی عورت کو نہیں سمجھ سکتے۔ اب سب فضول ہے !"

مایوسی ایک ٹھنڈی لکیر بن کر میرے جذبات میں دوڑ گئی۔ اور میں خاموشی سے اپنی کرسی پر جا کر بیٹھ گیا۔ میڈم کی طرف سے مُنہ موڑ کر نیچے کر لیا۔

میں نے محسوس کیا کہ وہ مجھے دیکھ رہی ہیں۔

"تمہیں مجھ سے نفرت تو نہیں ہوگئی ہے۔ میں جاؤں ؟ اور تمہیں اپنی موجودگی سے دق نہ کروں"

میڈم نے نرمی سے کہا۔ "نہیں مجھے تم سے نفرت بالکل نہیں ہے اور میں تم سے جانے کو نہیں کہہ سکتی"۔

کچھ دیر کے سکوت کے بعد میں نے پھر میڈم کے پاس جا کر کوشش کی کہ انہیں اپنی محبت کا یقین دلاؤں۔ اور باوجود اس کے کہ میں نے محسوس کیا کہ وہ ایسا اب بھی چاہتی ہیں۔ ان کے ہاتھوں نے مجھے ایسا کرنے سے ناکامیاب رکھا۔

میں اپنی بے سود کوشش سے تھک کر پشیمان سا الگ کھڑا تھا۔ کہ پیروں کی چاپ سنائی دی اور نیاز دوسرے کمرے میں نمودار ہوا۔ میڈم ایسی تڑپ کر کھڑی ہوئیں گویا انہیں کسی نے برقا دیا ہے چہرہ سرخ۔ بے تحاشا بھاگتی ہوئی دوسرے کمرے میں اپنے شوہر کے پاس پہنچیں اور دونوں ہاتھ اس کے گلے میں ڈال دیئے۔ "میرے پیارے۔ میرے پیارے" انہوں نے کئی دفعہ کہا اور ہر دفعہ انہوں نے نیاز کی پیشانی اور گالوں کو چوما۔

میں اب اس سے زیادہ کچھ نہیں دیکھ سکتا تھا۔ سناٹے میں اپنی ٹوپی اُٹھائی اور لپٹے ہوئے میاں بیوی کی طرف دیکھے بغیر کمرے سے باہر چل دیا۔

(بصیر)

فلسفی عاشق

(اثر حضرت شاہ - ریاض (علیگ))

ہمارے ساتھیوں میں ایک صاحب تھے فلسفی۔ بدقسمتی سے انکو ایک صاحبہ سے عشق ہوگیا۔ فلسفہ عشق یکجا ہوگئے۔ پھر کیا تھا۔ فلسفہ عشق پر اکثر وہ اپنے مقالات یار دوستوں کو سنانے لگے:۔

ایکدن کا ذکر ہے۔ شام کا وقت تھا۔ کالج میں کھیل بند تھے کیونکہ کسی کورٹ کے ممبر کا انتقال ہوگیا تھا۔ ہم سب اِدھر اُدھر گھوم رہے تھے۔ اتنے میں ایک صاحب آئے اور کہنے لگے "آج حضرتِ عاشق کا جنون تیزی پر ہے۔ چلو ان سے لطف اٹھائیں"۔ ہم لوگ ان کے ساتھ ہولئے۔

پکی بارک کے ایک کمرہ کے سامنے مونڈھے پڑے ہوئے تھے۔ ایک صاحب منہنی قد کے منہ میں حقہ لگائے ایک مونڈھے پر تشریف فرما تھے اور ان کے گرد دو چار صاحبان سلیقہ سے بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت بار بار حقہ کا کش لیتے تھے۔ اور بلند آواز سے کچھ فرماتے جاتے تھے۔ ہم لوگ بھی مونڈھے لے کر ان کے گرد بیٹھ گئے۔

یکایک وہ ہماری طرف پھرے اور بولے "حضرات آپ لوگ مسکرا رہے ہیں۔ خیر مسکرائیے۔ آپ کو کیا خبر کہ کسی کے دل پر کیا گذر رہی ہے

ہم لوگ ایک آواز ہوکر بولے "نہیں نہیں آپ مطمئن رہئے ہم سب آپ پر بھلا ہنس سکتے ہیں؟ ایک اور بات تھی" (خیریت ہوئی انہوں نے وہ بات نہ پوچھی ورنہ آپس میں اختلاف ہوجاتا) حضرت کو شاعری میں بھی دخل تھا۔ خود بھی شعر کہنے کی کوشش کرتے تھے اور دوسروں کے شعر بھی یاد تھے۔ کہنے لگے:۔ واقعی کسی فارسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔ ؎

به باغ رفتم و گل چیدم و غنا کردم — زیارت دل مجروح بلبلاں کردم
بمن بگفت یکے بلبلے کہن سالے — ہزار سال دریں باغ آشیاں کردم
وفائے عہد جوانت زکار خاں مطلب — من ایں معاملہ را کردم و زیاں کردم

اب ہم لوگوں کو یقین ہوگیا کہ واقعی آج دورہ پڑا ہے۔ ہر شخص اپنی اپنی جگہ سوچنے لگا۔ کہ کس طرح ان کو اُبھارنا چاہئے۔ شاعری کا سلسلہ اچھا نکل آیا تھا۔ ایک صاحب بولے "واقعی عشق بھی کیا چیز ہے۔ اس نے کتنے گھر تباہ کئے۔ یہ ایک عذابِ الٰہی ہے۔ استاد امیر نے کیا خوب کہا ہے

"سخت کافر تھا جس نے پہلے پہل ؏ مذہبِ عشق اختیار کیا"

حضرت یکایک کھڑے ہوگئے۔ بگڑ کر بولے "آپ نے یہ کیا کہا کہ عشق گھروں کو تباہ کرتا ہے؟ اور یہ عذاب ہے! آپ کو اس کی لذت ملی ہو تو آپ جانیں۔ یہی زندگی ہے۔ اسی میں زندگی کا لطف ہے۔ بے عشق کی زندگی کوئی زندگی ہے؟ افسوس ظالم تو نے چکھی ہی نہیں۔ استاد امیر نے بھی کس مزے میں کہا ہے۔ ؎

وہ مزا دیا تڑپ نے کہ یہ آرزو ہے یارب ؏ مرے دونوں پہلوؤں میں دل بیقرار تا

ہجر ہی اصل وصل ہے۔ تڑپ ہی سکون ہے۔ تکلیف آرام ہے اور مصائب ہی مسرت۔ افسوس ہے آپ لوگوں پر جنہیں کسی سے عشق نہیں۔ تمہارے دل نہیں پتھر ہیں۔ تم ذی حس نہیں۔ بے حس ہو۔ ایک میں ہوں کہ میرا کلیجہ بھن رہا ہے۔ اور مجھے اس میں لطف آرہا ہے۔ اے غمِ جدائی تو اور بڑھ۔ اے سکون کچھ اور دور بھاگ۔ مجھے تو صرف اپنے دوست کی خوشی منظور رہے۔ جو اس کی مرضی وہ میری مرضی۔ عراقی کا شعر بھی کسقدر صحیح تعریف پیش کرتا ہے۔ ؎

به عالم هر کجا درد و غمے بود ؏ بہم کردند و عشقش نام کردند

افسوس میں تم کو حسن و عشق کے معاملات سمجھا نہیں سکتا۔ کیونکہ عشق و تصوف کا ایک معاملہ ہے۔ صوفی تصوف کے مسائل کو اگر سمجھانے کی کوشش کرے تو وہ صوفی نہیں۔ اسیطرح عاشق اگر یہ دعویٰ کرے کہ عشق کی

گہرائیوں کو سمجھا سکتا ہے تو وہ عاشق نہیں۔ ع

آنرا کہ خبر شد خبرش باز نیامد

اب انکا جوش خوب بڑھ چکا تھا۔ حقہ الگ پڑا تھا اور یہ حضرت کھڑے بپھر رہے تھے اتنے میں یونیورسٹی کے قدیم پوٹھیمن خالق داد خاں نشتر لائے اور حضرت فلسفی کی طرف ایک خط بڑھایا۔ خط کو دیکھتے ہی حضرت کا چہرہ کا رنگ فق ہو گیا۔ جب خان صاحب چلے گئے تو فرمانے لگے۔ دیکھتے ہو میرے محبوب کی شوخی۔ پینے اسے خط لکھا تھا اور اس نے خط واپس کر دیا۔ وصول بھی نہ کیا۔ خیر اب مجھے اس میں لطف آتا ہے اگر وصول کر کے جواب نہ لکھتا تو زیادہ برا تھا (حضرت کی ایک خوبی تھی کہ ہر بات کی تاویل کر لیا کرتے تھے)

ہم لوگوں کو شوق ہوا کہ کسی طرح اس خط کو دیکھنا چاہیئے۔ اشاروں میں آپس میں گفتگو ہو گئی۔ تجویز مقرر کی گئی۔ ایک صاحب ہم لوگوں کو اشارہ سے منع کرتے ہوئے حضرت سے مخاطب ہوئے

جناب آپ کی تقریر و تحریر میں اتنا زور ہوتا ہے کہ اگر کوئی ایک مرتبہ بھی دیکھ یا سن لے تو پھر وہ آپ کا قائل ہو جاتا ہے۔ آپ کا دوست بھی بڑا ہشیار ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کو خبر لگ گئی تھی۔ اسی لئے اس نے خط واپس کر دیا۔"

محترم کے چہرہ پر ہنسی آگئی۔ بولے۔ اچھا آپ لوگوں سے کیا پردہ آپ ہمارے پرانے دوست ہیں۔ لیجئے میں سنائے دیتا ہوں۔ میں کیا اور میری تحریر کیا۔ لیکن شائد آپ اسے پسند کریں۔

انہوں نے خط کھول کر ہم لوگوں کو سنانا شروع کیا۔ خط تھا بہت طویل۔ اسمیں سے جستہ جستہ میں پیش کرتا ہوں۔ خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ القاب دلچسپ تھا اور طویل۔ اسوقت مجھے یاد نہیں۔ القاب میں کئی کئی مصرعے تھے۔ مجھے ایک یاد رہ گیا ہے۔ ع

"جانِ من۔ جانانِ من غنچہ دہن۔ بالکل چمن"

بیوفائی کا گلہ۔ ہجر کی مصیبت۔ وعدہ خلافی کی شکایت۔ جذبات محبت کا بحر بے پایاں۔ محبوب کی تعریف۔ رقیبوں سے خدشہ غرض سب کچھ درج تھا۔ ایک جگہ پھر انہوں نے اس بات کے ثابت کرنے کی کوشش کی تھی۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی

بہت سے دلائل پیش کئے تھے۔ انکی منطق دانی یا معشوق فریبی ملاحظہ ہو۔ لکھتے ہیں:۔

مقدمہ اول مقدمہ دوم

تم نازک اندام۔ میں لاغر و ناتواں گویا بید مجنوں۔ اس لئے تم اور میں ایک

تمہاری آنکھیں ڈوروں سے رخ۔ میری کثرت گریہ سے۔ 〃 〃 〃

تمہارے رخ زیبا پر پاؤڈر۔ میرے چہرہ پر گرد 〃 〃 〃

تم کو بھی مستی۔ مجھے بھی مستی۔ تمہیں بادۂ حسن کی مجھے عشق کی 〃 〃 〃

تم بھی بیوفا۔ میں بھی بیوفا۔ تمہیں مجھ سے بیوفائی مجھے چارہ گر سے 〃 〃 〃

تم بھی آہستہ خرام۔ میں بھی آہستہ خرام۔ تم نازکی سے میں ضعف سے 〃 〃

اس قسم کی دلائل کا ایک سلسلہ تھا۔ بہت کچھ فراموش ہو گئیں ہم ابھی اور لطف اٹھاتے اور ہر چیز کی تشریح کراتے۔ مگر مغرب کی اذان ہو گئی۔ اور ہم جرمانہ کے ڈر سے مسجد پہنچ گئے حضرت کو پرانے ساتھیوں نے پہچان لیا ہوگا۔ نام ظاہر کرنا مناسب نہیں۔ ایک اچھے عہدہ پر براج رہے ہیں۔ اگر کہیں کسی معاملہ میں پھانس لیا تو قیامت ہو گی۔

.....

.....

شاہ ریاض

ٹکٹ بازی {مسٹر ایس۔ آر۔ بھٹناگر۔ آصف جاہی} جس میں ڈاکخانہ کے استعمال شدہ ردی ٹکٹوں سے ہزاروں روپے پیدا کرنے کے حیرت انگیز طریقے درج ہیں۔ اور ان کے متعلق ہر قسم کے حالات بالتصویر نہایت آسان اردو میں بتلائے گئے ہیں۔ کتاب ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ قیمت اکیلا روپیہ (۱ر) مع محصول ڈاک {منگانے کا پتہ **مینجر نیرنگ خیال بیڈن روڈ۔ لاہور**

افسانہ

سحر جمال

(اثر حضرت عزیز احمد صاحب خلش صدیقی بی اے لکھنؤ)

جمال حسین تھا اور خود بھی اپنے حسن سے بے خبر نہ تھا۔ اپنے حسن سے واقعی بے خبر ہونا ہی کون ہے!! —— نہ کہ پھر جمال جس نے اپنی نگاہ جادو اثر کے کرشمے اپنی آنکھ سے دیکھے تھے۔ وہ جانتا تھا کہ اس میں ایک قسم کی کشش موجود ہے۔ جس کے سامنے ہر قوت سرنگوں ہو سکتی ہے۔ نہ کہ پھر عورت جیسی نازک چیز!! عورت تو اس کی پرستار تھی۔ وہ جدھر نکل جاتا نگاہیں اسے جذب ہو کر رہ جاتیں۔ میں سچ کہتی ہوں میں نے اپنی آنکھ سے حسین تریں لڑکیوں کو اس کے سامنے نقش حیرت اور محویت کا بت بنا ہوا دیکھا ہے۔

ممکن ہے میں نے اس کے حسن کے بیان میں مبالغہ سے کام لیا ہو کیونکہ میں خود ایک "عورت" ہوں —— اور ایک ایسی عورت جو اس سے محبت کرتی ہے۔ لیکن اس کے کمال حسن کا یہی کیا کم ثبوت ہے کہ دماغ اسکی تنقید سے عاری ہے۔ نظر اس کو دیکھ کر مست ہو جاتی۔ دل اک نغمۂ خاموش میں ڈوب جاتا۔ روح وجد میں آجاتی۔ اور دماغ حیرت آئینہ بنکر رہ جاتا میں آپ کو اس کی ایک جھلک دکھلانے کی کوشش کرتی ہوں۔ پھر چاہیں آپ مجھے بدمذاق ہی کیوں نہ کہیں ——

اس کا رنگ صندلی تھا۔ چہرہ بیضاوی۔ اور اس کے لبوں کی تراش اور تازگی ترغیب مجسم! ان ادھے ہونٹوں میں ہر وقت ایک چمکدار نمی سی رہتی تھی۔ ان پر اکثر اپنی زبان پھیر لیا کرتا تھا۔ گویا اسے ڈر تھا کہ کہیں وہ خشک نہ ہو جائیں —— یہ اس کی اک ادا تھی! ان جادو بھری نازک پنکھڑیوں پر اس کی اونچی۔ ستواں ناک میں بیان نہیں کر سکتی کسقدر بھلی معلوم ہوتی تھی۔ پھر اس کے داہنے بائیں دو آبدار۔ رس بھری خوبصورت سیاہ آنکھیں قیامت تھیں۔ جس طرح بعض آنکھوں میں ہر وقت ایک خمار سا رہتا ہے۔ اس کی آنکھوں میں محبت پرفشاں رہتی تھی۔ وہ ہر وقت رازدارانہ انداز میں کچھ کہتی ہوئی سی معلوم ہوتی تھیں —— مجھے ان سے کسقدر شرم معلوم ہوتی تھی!! اس کی پلکیں لانبی تھیں جنکی جڑیں "نین رس" میں بھیگی رہتی تھیں۔ اس کی ابرو سیاہ اور گھنی تھیں۔ اس کے بال بھی نرے سیاہ تھے۔ اور بے انتہا گھونگھر والے —— جیسے عشق پیچاں کے لچھے! اوسط درجہ کا اس کا جسم تھا اور اوسط سے ذرا زیادہ اس کا قد۔ غرض وہ حسین تھا اور ایک حسین مرد! عورت اسے اپنی آنکھوں میں اپنے دل میں جگہ دینے کے لئے مجبور رہتی۔ حسن کے معاملہ میں صرف مرد ہی لطیف الحس نہیں ہوتے!

جمال کا دل بھی حسین تھا۔ وہ حسن پرست تھا اور غضب کا حسن پرست! میں نے اپنی آنکھ سے اس کی کیفیت دیکھی ہے۔ جب حسن اس کے سامنے ہوتا۔ تو وہ ایک زخم خوردہ ہرن کی طرح بے بسی کے ساتھ ہر ایک کو دیکھتا۔ اور اس لمحے کے لئے یہ بالکل بھولجاتا۔ کہ وہ خود بھی قاتل ہے اسے قطعی خبر نہ ہوتی کہ اس کی محبت بھری حزن بار آنکھیں اسوقت خود کمیو پڈ بن کر بیٹھے زہر میں بجھے ہوئے تیر برساتی ہوتی ہیں۔ لیکن جسوقت اسے اپنے بسمل کی تڑپ کا۔ اپنے تیر کی کامیابی کا احساس ہوتا تو وہ گھبراجاتا اس کی سمجھ میں نہ آتا کہ وہ کیا کرے —— آخر احساس فتح غرور حسن بنکر اس پر غالب آتا اور وہ ایک تمکنت ریز جمود و سکون کے ساتھ اپنی مغرور نگاہیں فرش زمین یا طبق آسمان پر جما کر بیٹھ جاتا۔ اسے یقین ہو جاتا کہ "اب یہ زخمی میرا ہو گیا" اس کے بعد اسے ہوش اس وقت آتا جب "بسمل" کو حسرت نظارہ اور التجائے بازدید کی کچی کلیاں اپنے ہونٹوں میں دبائے

ہوئے اس کی نگاہوں سے اوجھل ہو جانا پڑتا ـــــ اس طرح نہ معلوم کتنے افسانے نامکمل اور نہ معلوم کتنی زندگیاں ادھوری رہ گئی ہونگی۔

میں نے اسے پہلی مرتبہ اپنے اسکول کے ڈرامے میں دیکھا تھا۔ ڈرامے میں ٹکٹ نہ تھا نہ عام طور پر مردوں کو اجازت تھی۔ صرف چند مخصوص اشخاص کو دعوتی کارڈ بھیجے گئے تھے۔ اور تمام زنانہ اسکولوں کی لڑکیاں عام طور پر مدعو تھیں۔ آنے والے مردوں میں سے ایک جمال بھی تھا۔ اب میں یہ نہیں کہہ سکتی کہ آیا جمال ان خاص لوگوں میں سے تھا جو مدعو کئے گئے تھے۔ یا اپنی کسی ترکیب و کوشش سے وہاں تک پہنچ گیا تھا۔ کیونکہ اسکول نسواں کی تقریبیں تو حسن پرستوں کے لئے فوجداری حکم رکھتی ہیں!۔

میں اپنی ہم جماعت شکیلہ کے پاس بیٹھی ہوئی تھی اور میرے ساتھ دو قطاریں چھوڑ کر مدعو حضرات اور استانیوں کی صف تھی۔ جمال بالکل میرے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔ اس لئے اس کو میں صرف اسوقت دیکھ پاتی تھی جب وہ کسی طرف مڑتا تھا۔ ہال عورتوں اور لڑکیوں سے بھرا ہوا تھا۔ اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ اس فضائے جمیل میں جو نغمۂ حسن سے مرتعش تھی۔ جمال کے دل پر کیا گذر رہی ہوگی اور خود جمال خاموش و مضطرب آنکھوں والا جمال دوسروں پر کیسی سحر باری کر رہا تھا۔ میں اس حقیقت پر بھی پردہ پڑا رہنے دونگی۔ کہ خود مجھے بھی ایک محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے کوئی انگار سے میرے دل کو مسل رہا ہو۔ لیکن میں دوسری لڑکیوں کی طرح اس کے مظاہرۂ عام کے لئے تیار نہ تھی ـــ حال ظاہر ہو تو اسی پر ہو جو کا ہو؟ حال بنایا ہوا ہو۔ دوسرے پر کیوں ظاہر ہو؟ کیا کسی سے اپنے درد کی داد لینا ہے؟ اور پھر اس درد کی جو ایک ایسی ہستی کے لئے ہو جو کل رہگذر کی طرح ایک لمحے کے واسطے بصارت نواز ہو کر ایک لامحدود عرصہ کے لئے غائب ہو جانے والا ہو! لیکن سچ پوچھئے تو میرے دل میں اسی وقت یہ تمنا بھی پوشیدہ تھی کہ کاش مجھ سے کوئی میری عقل چھین لے۔ کاش کوئی میرے پندار کو چکنا چور کر دے۔ عورت بھی مرد کے حسن سے بیقدر متاثر ہوتی ہے جسقدر عورت کے حسن سے مرد بلکہ اس سے زیادہ لیکن اس کی خداداد قوت ضبط اس میں اک شانِ بے نیازی اور اک کیفیت رمیدگی پیدا کر دیتی ہے۔ جس کی وجہ سے وہ بیک وقت "ظالم" بھی ہو جاتی ہے۔ اور مظلوم بھی ـــ مظلوم اس لئے کہ اس طرزِ عمل سے قدرت کا اصول تحفظ تو ضرور پورا ہو جاتا ہے لیکن بعض وقت یہی وقتی بے نیازی اور رمیدگی اسے عمر بھر رلاتی ہے۔ حالانکہ جس طرح رم آہو کا اشارہ یہ ہوتا ہے کہ "تم میرا تعقب کرو" اسی طرح عورت کے گریز کا تقاضہ یہ ہوتا ہے کہ اس کا تعقب کیا جائے اور اسے فتح کر لیا جائے۔

میں نے شکیلہ کو کہنی سے مخاطب کرتے ہوئے اس لڑکی کی طرف دیکھنے کو کہا جس کی بیتابیاں اور پرشوق نگاہیں حیاسوزی کی حد تک پہنچی جا رہی تھیں۔ شکیلہ نے مسکرانے میں میرا ساتھ تو دیا مگر اس کی مسکراہٹ جو آنکھوں سے غائب ہو۔ صرف لبوں پر ہو۔ سطحی ہوتی ہے۔ مگر پراسرار اور پرمعنی۔ وہ مبہوت بیٹھی ہوئی تھی۔ انتہائی سنجیدہ۔ کچھ ناراض سی! ـــــ مجھ سے نہیں۔ اور نہ کسی اور سے بلکہ خود سے یا پھر زمانے بھر سے! میں سمجھ گئی کہ اس کا زخم سب سے زیادہ گہرا ہے۔ میں چپ ہو گئی۔ اسے زیادہ چھیڑنا مناسب نہ سمجھا۔ لیکن سب سے زیادہ تعجب مجھے اس بات پر ہے کہ اسوقت میرے دل میں رقابت کا جذبہ کیوں نہ پیدا ہوا۔ کیا میرا جذبہ بیکر ور تھا؟

شکیلہ کی ساری پر سبز۔ نیلے اور سنہری رنگ کی آمیزش سے طاؤسی پھول بنے ہوئے تھے۔ ساری شکیلہ کے جسم کے گرد نہ تھی بلکہ خوبصورت آنکھوں کا ایک جال تھا جس میں ایک حور لپٹی ہوئی تھی۔ بالکل اسی جال میں جمال کے قریب ایک اور لڑکی بیٹھی ہوئی تھی۔ میں نے شکیلہ کو اکبا رپھر مخاطب کر کے پوچھا۔

"کیا یہ لڑکی تمہاری بہن ہیں؟"

شکیلہ چونکی اور اثبات میں سر ہلا کر پھر خاموش ہو گئی۔ میں نے پھر کہا۔

"تو شاید بہن تو اس ساری میں غضب کی حسین معلوم ہوتی ہیں!"

شکیلہ نے میری طرف نگاہیں اٹھائیں اور پھر جھکا لیں۔ اس کی نگاہوں میں حسرت تھی۔ کرب تھا۔ تو شاید کے حسن کی تعریف سے اسے تکلیف ہوئی یا یوں کہئے کہ وہ خوفزدہ ہو گئی۔ ہر عورت کی طرح اس کے دل میں اس وقت ایک رازدارانہ خواہش اس بات کی تھی کہ کاش دنیا میں سب سے زیادہ حسین وہ خود ہی ہوتا کہ جمال اس کے سوا کسی اور کا نہ ہو سکے۔

نوشابہ شکیلہ کی بڑی بہن تھی۔ وہ یوں بھی بے حد حسین تھی مگر اس وقت تو وہ حسنِ عالم کی تاجدار معلوم ہو رہی تھی۔ اس کا ناک نقشہ شکیلہ سے بہت مشابہ تھا۔ اتنا مشابہ کہ بعض لوگوں کا خیال تھا کہ آگے چلکر ان دونوں میں کوئی فرق نہ رہے گا۔ میں نے اس سے پہلے اسپر غور نہیں کیا تھا۔ مگر آج دونوں کو ایک لباس میں دیکھ کر میں بھی کہہ اٹھی کہ "دونوں کی صورتوں میں محض بن کا فرق ہے اور" وقت "ان دونوں کی شبیہوں کو ایک کر کے اپنی چالاک دستی کا مظاہرہ کرنے کی فکر میں ہے۔"

جب مہمان جانے کے لئے کھڑے ہوئے تو جمال نے ایک آخری نگاہ ڈالی ـــــ گویا اس کی مخمور آنکھیں ایک حریص شرابی کی طرح ایک ہی گردش میں ساری شراب پی جانا چاہتی تھیں۔ اس دوران میں اس نے اپنے زخمی کو بھی دیکھا ـــ شکیلہ کو۔ اس کی نظریں جھک گئیں۔ اس کی صورت نے سب کچھ کہہ دیا۔ لیکن اس میں غالباً جمال کے لئے کوئی ندرت نہ تھی۔ اس زبان کا ماہر ہونے کی حیثیت سے وہ سمجھ تو ضرور گیا ہوگا لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس نے اسے کوئی اہمیت دی یا نہیں۔ اس کی آنکھوں نے اس کے دل کی مجروحی کا پتہ ضرور چلتا تھا۔ لیکن اس کے چہرے پر اک شانِ بے نیازی اور اک عجیب تمکنت تھی جیسے وہ سمجھتا ہو کہ تمام ہستیوں کی مسرت اس کی ایک ہاں پر منحصر تھی۔ یہ احساس بھی انسان میں کس قدر غرور اور ناز پیدا کر دیتا ہے!! لطف یہ تھا کہ وہ بھی مجسم تمنا تھا لیکن ایسی تمنا جو اپنی تکمیل سے بے نیاز ہو۔ اور یہی سنم تھا۔

عورت ـــــ ہندوستانی عورت مجبور محض ہے۔ اسے اگر کسی سے محبت ہو جاتی ہے۔ اسے اگر کوئی دیوانہ بنا جاتا ہے تو اس کے لئے سوا اس کے کوئی چارہ نہیں کہ گھل گھل کر اپنی جان دیدے۔ وہ پوری طرح مرد کے رحم و کرم پر ہوتی ہے۔ مرد ہی اس پر ترس کھائے تو اس کی تمنا تکمیل تک پہونچ سکتی ہے وہ اتنا بھی معلوم نہیں کر سکتی کہ اس کا قاتل کون ہے۔ مرد آزاد ہے۔ وہ اپنی تمنا کی جستجو میں نکل سکتا ہے۔ وہ اپنے قاتل کا نام و پتہ معلوم کر سکتا ہے اور اپنے مقصد تک پہونچنے کے لئے کم از کم اک جان توڑ کوشش ضرور کر سکتا ہے۔ نہ اس پر مذہب الزام لگاتا ہے نہ اسے سوسائٹی مجرم قرار دیتی ہے۔ برخلاف اس کے عورت بے بس نامراد عورت۔ اس بیزبان گڑیا کی طرح ہے۔ جو دوکان پر کسی گاہک کی نگہِ انتخاب کا نشانہ بننے کے لئے رکھی ہو۔ خواہ کوئی گاہک اسے پسند ہو یا نہ ہو۔ وہ اپنے گاہک نہیں چن سکتی بلکہ گاہک اس کو انتخاب کرتے ہیں۔ گویا اس میں نطق ہے نہ ادراک۔

جمال نے شکیلہ کو مجروح کر دیا تھا اس میں شکیلہ کی کیا خطا تھی۔ کوئی اپنی خوشی سے تو مجروح نہیں ہوتا۔ اب اگر جمال عمر بھر نظر نہ آتا تو وہ بیچاری کیا کر سکتی تھی۔ یہ محض اتفاق تھا اور شکیلہ کی خوش قسمتی کہ جمال نے اسکول آنا شروع کر دیا تھا۔ ظاہر ہے کہ وہ خود بھی مجروح ہوا تھا۔

میری اور شکیلہ کی محبت قابلِ رشک تھی۔ دیکھنے والے ہم دونوں کو ایک دوسرے کی بہن سمجھتے تھے۔ ہم دونوں کو ایک دوسرے پر پورا اعتماد تھا شکیلہ نے مجھے اپنا رازدار بنا لیا۔ میں بھی سچے دل سے اس کی غمگسار بن گئی جمال مجھ پر اثر انداز ضرور ہوا تھا۔ لیکن اس سے پہلے کہ میرے دل میں تمنا کا راج ہو شکیلہ نے درمیان آ کر مجھے گرفتار ہوتے ہوتے بچا لیا۔ مجھے اس پر نہ حسد ہوتا تھا نہ رشک آتا تھا۔ بلکہ اس کی غمگساری میں ایک خاص لذت حاصل ہوتی۔ سچ تو یہ ہے کہ اس نے مجھے ایک بہت بڑی مصیبت سے بچا لیا تھا۔ کیونکہ میرے گھر والے ایسے تھے کہ میری تمنا کی قطعی پروا نہ کرتے میں ہندوستان کی ایک کمبخت اور بے بس لڑکی تھی۔ والدین نے قریب قریب میری شادی کا انتظام کر لیا تھا۔ "میری" قسمت کا فیصلہ میرے "خیرخواہوں" "اپنی پسند اور اپنے اصول کے مطابق کر دیا تھا۔ دنیا کا ہر قانون بدل سکتا تھا۔ لیکن یہ فیصلہ بدل نہ سکتا تھا۔ مجھ پر ایک ہستی سے محبت کرنے کا فرض عائد تھا جسے میں نے کبھی اپنے خواب میں بھی نہ دیکھا تھا۔ بہرحال میں اس قربانگاہ پر چڑھنے کے لئے تیار تھی۔ میرے لئے اور چارہ بھی کیا تھا۔ مجھے اتنا موقعہ ہی کب دیا گیا کہ اپنی پسند سے کام لوں۔ اگر دل کو سمجھانے کے لئے شکیلہ کا بہانہ ہاتھ نہ آتا تو جمال کے خیال کو ترک کرنا محال ہو جاتا جس کا اتجاد ظاہر تھا۔ غرضکہ جذبات کی تشفی شکیلہ کی ہمدردی اور غمگساری کے سوا کسی اور صورت سے نمو سکتی تھی۔

میں اپنے جذبات کو بھول گئی۔ میں نے اپنے احساسات کو شکیلہ کے احساسات میں فنا کر دیا۔ میں اپنی ہستی کو شکیلہ کی ہستی میں سمو دینا چاہتی تھی۔ تاکہ میری روح میرے قالب سے بے نیاز ہو کر شکیلہ کی روح کی ہم آہنگی میں اپنی پرستشِ خاموش کو جاری رکھ سکے۔ مگر مجھے افسوس تھا کہ میری رازداری سے

میری ہمدردی سے اس غریب کو کوئی خاص فائدہ نہ پہونچ سکا۔ کیونکہ میں ان معاملات میں ہمیشہ سے کم ہمت تھی۔ میں اسے ہمت کیا دلاتی میں تو اور اس کی ہمت کو توڑ دیا کرتی تھی۔ اسے قدم قدم پر روکتی تھی۔ اسے ضبط سکھاتی تھی۔

شکیلہ سے مجھے یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ جمال اکثر اس کے مکان کی طرف سے گذرتا تھا اور بالارادہ گذرتا تھا۔ اس کی متجسس نگاہیں شکیلہ کے بالاخانے پر پڑتی تھیں اور ناکام لوٹنا نہ چاہتی تھیں۔ شکیلہ بھی اکثر ہمت کر کے کوئی بہانہ نکال کر سامنے آجایا کرتی تھی۔ "تاکہ ان کی زحمت جستجو ان کیلئے تکلیف دہ ثابت نہ ہو" جمال شکیلہ کو دیکھتا تھا۔ اس کی نظر جھک جاتی تھی۔ تو جھکی ہی رہتی تھی اور اگر دیکھتا تھا تو دیکھتا ہی رہتا تھا۔ اسکول تو جمال آیا ہی کرتا تھا۔ لیکن وہ ہاں بہت کم ایسا ہوا کہ اس کی اور شکیلہ کی نظریں ملی ہوں۔ شکیلہ ضرور اس کو دیکھ لیا کرتی تھی اور چاہتی تھی کہ جمال بھی اس کو دیکھے۔ جمال کی نظروں میں جستجو ضرور ہوتی تھی۔ یہاں تک کہ ہر دھوکے پر بھی وہ ایک لحظہ رکھ جایا کرتا تھا۔ لیکن زیادہ تر وہ گذرا ہی چلا جاتا تھا۔ اس میں یہ قابل تعریف بات تھی کہ حسن پرست ہونے کے باوجود اپنی عزت کا اسے بڑا پاس تھا۔ حسن پرست عموماً اسقدر محتاط نہیں ہوتے۔ شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ وہ خود حسین تھا۔

میں شکیلہ کو اس کی زیادہ ہمت افزائی نہ کرنے دیتی تھی۔ ــــ کاش مجھے اسی وقت معلوم ہو جاتا کہ یہ میری غلطی تھی۔ شکیلہ کو میری مزاحمت سے تکلیف تو بہت ہوتی تھی مگر میرے خیال سے ضبط کئے بیٹھی رہتی تھی شاید دوسری لڑکی ایسا نہ کر سکتی۔ کبھی وہ کہتی کہ "وہ تو دوڑ کر میرے لئے یہاں آئیں اور میں انکی طرف مخاطب بھی نہ ہوں" ــــ یہ محض ایک فریاد ہوتی تھی اور جائز فریاد۔ لیکن نہ معلوم کون سی چیز مجھے اس فریاد کو بھی نظر انداز کر دینے پر قادر کر دیتی تھی۔ حالانکہ یہ میں سمجھتی تھی کہ محبت کے ساتھ اس کی ہمت بھی بڑھ رہی ہے۔ اور اس خیال کے ساتھ ہی اس کا باغی چہرہ میرے نقصور پر چھا جاتا تھا۔

جمال عموماً گھنٹی کے وقت آیا کرتا تھا۔ اس لئے میں دیکھتی تھی کہ آخری گھنٹے میں شکیلہ کا دل کتاب سے اچاٹ ہو جایا کرتا تھا اور اس کی نظر بیچینی کے ساتھ محوِ جستجو اور صرفِ انتظار ہو جاتی تھی۔ خوش قسمتی سے درجہ پھاٹک کے سامنے تھا۔ میں ایسے وقت اپنا رخ دوسری طرف کر لیتی تھی۔ تاکہ اسے کسی قسم کی مزاحمت محسوس نہ ہو ــــ جس گرفتارِ محبت کو محبوب نوازی کی اجازت نہ ہو کیا اسے اس قسم کی جذبات نوازی سے بھی محروم رکھنا ظلم نہیں ہے؟

جب جمال آجاتا تو وہ میری طرف دیکھتی اور اس کی نگاہ کا انداز مجھے بتا دیتا کہ جمال آگیا۔ میں اسے لے کر چمن میں نکل جاتی اور جھاڑیوں میں پھولوں کے پاس بیٹھ کر اسے میٹھی میٹھی باتوں میں مشغول کرنے کی کوشش کرتی۔ چھوٹے درجوں کے بچے جن کا گھنٹہ خالی ہوتا پھولوں کی طرح چاروں طرف چھٹکے ہوتے۔ شکیلہ پھاٹک کی طرف اپنا رخ کئے ہوئے گم سم سی بیٹھی رہتی یا کبھی میری باتوں پر "ہوں" "ہاں" کر دیتی۔ اس کا دل کہیں اور ہوتا۔ اس کی نگاہ نیچی نہ بیٹھتی۔ جب جمال کو وہ دیکھ لیتی تو اسکا چہرہ تمتما اٹھتا لیکن جوں جوں وہ نظروں سے اوجھل ہوتا جاتا اس کے چہرے سے رونق زائل ہوتی جاتی ــــ جس طرح ایک شفاف آئینے کے سامنے سے ایک سرخ بادل آہستہ آہستہ گذر جائے۔ میں اس وقت بھی اس سے نظر نہ ملاتی تھی۔ زمین یا کسی پھول پر نظر جما کر اس سے بات کرتی تھی۔ اور اگر دیکھتی بھی تو چرا کر دیکھتی تھی۔ میں ڈرتی تھی کہ کہیں میری نگاہوں کی مزاحمت اس کے لئے مزید تکلیف کا باعث نہ ہو۔ میں جمال سے زیادہ شکیلہ میں دلچسپی لینے لگی تھی۔ جب ہمارے پاس کوئی اور لڑکی آکر بیٹھ جاتی تو شکیلہ کے کرب کی حالت قابلِ رحم ہو جاتی۔ پھولوں کی پنکھڑیاں چٹکی سے مسل ڈالتی۔ آنسوؤں کو روکتے روکتے اس کی آنکھیں گلابی ہو جاتیں۔ اور بہت پیاری معلوم ہونے لگتیں۔ میں مذاق میں اس سے کہتی۔ "کاش کوئی اور بھی تمہاری آنکھوں کے اس رنگ میں ڈوب سکتا!" وہ شرما کر گردن جھکا لیتی۔ پھر جب میں اس کا چہرہ اٹھاتی تو اس کے رخساروں کو آنسوؤں سے تر پاتی۔ میرا مقصد یہی ہوتا تھا کہ اٹڈے ہوئے بادل برس جائیں۔ اس وقت خدا جانے میرے دل میں کہاں کی قوت آجاتی تھی کہ ان باتوں کو برداشت کر لیتی تھی۔ جنہیں بعد کو تنہائی میں یاد کر کے رونا آتا تھا۔

ایک دن وہ گھبرا کر کہنے لگی۔ "آخر کب تک دونوں طرف سے یہ خاموشی رہے گی؟ میری قسمت کا ستارہ کہیں میری غفلت کی تاریکی میں

گم نہ ہو جائے!!"

میں نے سادگی کے ساتھ جواب دیا۔ "تم آخر کر ہی کیا سکتی ہو؟ جب وہ مرد ہو کر کسی قسم کی جرأت نہیں کرتے تو تم تو عورت ذات ہو"

"فرض کرو وہ کبھی جرأت نہ کریں!" اس نے تیکھے پن سے جواب کا مطالبہ کیا۔ "اور جرات بھی کریں تو کس طرح۔ وہ سوچتے ہوں گے کہ نہ معلوم میں ان کی پیش قدمی کو پسند کروں یا نہ کروں۔ آخر انہیں اپنی عزت کا بھی تو خیال ہے۔ وہ کیا جانیں کہ میری خاموشی بے اعتنائی نہیں بلکہ عورت ہونے کی لاج ہے؛ افسانۂ محبت کی سرحی ہمیشہ عورت کو اپنے ہاتھ سے لکھنا چاہئے"

میں مرعوب ہو گئی۔ لیکن فوراً احساس بچا کر کے نہایت بزرگانہ انداز میں سمجھایا کہ "شکیلہ! جتنی دیر ہو اچھا ہے۔ اس معاملہ میں جلدی نہ کرنا چاہئے۔ ممکن ہے ان کے جذبات محض وقتی ہوں۔ نہ معلوم وہ کس قسم کے آدمی ہوں۔ نہ پتہ معلوم نہ نشان۔ خدا جانے تمہارے گھر والوں کے خیالات کیا ہوں ——"

"گھر والوں کے خیالات!!! اس نے انتہائی حقارت آمیز اور طنزیہ انداز میں دہرایا۔ اس کے بعد اس نے کہا۔ "اول تو میرے والدین نے مجھے پوری طرح اطمینان دلا دیا ہے کہ میری شادی کے معاملے میں وہ میری رائے کو مقدم سمجھیں گے۔ لیکن اگر وہ سنگ راہ بنے بھی —— تو —— تو" وہ بیدم ہو گئی۔ میں کچھ کہنا چاہتی تھی۔ لیکن اس نے بگڑ کر کہا۔ "بس چپ رہئے" اس کی نگاہیں مجھ پر گڑی ہوئی تھیں۔ میں چپ ہو گئی۔ اس کے بعد وہ خوب خوب مجھ پر برسی۔ میری بولنے کی ہمت نہ ہوئی۔ اس کا غصہ بڑھتا گیا۔ میری خاموشی پر اسے اور غصہ آ رہا تھا۔ اس کا غصہ اور بڑھتا گیا۔ مجھے اس کے معصوم غصہ پر ہنسی آ گئی۔ وہ تلملا گئی۔ غصہ اکدم اپنے تمام منازل طے کر گیا گویا بادل گرج گرج کر آسمان پر اُمڈ رہے تھے۔ آخر انتہا یہ ہوئی کہ وہ رونے لگی۔ جب خوب رو چکی تو اسے اپنی زیادتی کا احساس ہوا۔ اس نے نادم ہو کر میری طرف دیکھا۔ مسکرائی —— جیسے بارش کے بعد سورج کی کرنیں کسی اونچے درخت کی سبز و نم پتیوں پر پڑ کر نہایت دلکش معلوم ہونے لگتی ہیں۔

"میں بھی بعض وقت کیسی بیوقوفی کی باتیں کرنے لگتی ہوں ——

آخر دیوانی ہی تو ٹھہری"۔ یہ کہکر وہ میرے پاس سے چلی گئی۔ اسے یقین تھا کہ میں اسے معاف کر دوں گی اور میں نے واقعی اسے معاف کر دیا۔

چار پانچ ماہ یہی حالت رہی۔ نہ جمال اس سے آگے بڑھا نہ شکیلہ کو کسی قسم کی جرأت ہوئی۔ امتحان کے بعد یہ محفل بھی درہم برہم ہو گئی۔ میں نے جمال میں بذاتِ خود کوئی دلچسپی نہیں لی تھی۔ مگر اب ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ جیسے میں ایک شیریں خواب دیکھ رہی تھی جس کے دوران میں اکدم جگا دی گئی۔ کبھی سوچا ہی نہ تھا کہ ایک ایسا وقت بھی آنے والا ہے جب نہ شکیلہ سے ملاقات نصیب ہو گی نہ جمال کا دیدار۔ شکیلہ کی کہانی کو میں اپنی کہانی سمجھنے لگی تھی۔ اس سے جدا ہوتے وقت مجھے ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ میں اپنی روح سے جدا ہو رہی تھی۔ شکیلہ کی بھی حالت غیر تھی۔ جیسے نبضیں چھوٹ گئی ہوں۔ وہ بے حد فرحی حس واقع ہوئی تھی۔ اور سر سے پیر تک جذبات۔ اسے ایسی چپ لگی تھی کہ میں دیوانی ہوئی جا رہی تھی۔ چلتے وقت بھی اس نے کچھ نہ کہا۔ ہاں مگر آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

ہم دونوں نے ایک دوسرے کے پتے لکھ لئے تھے۔ کیونکہ گو شکیلہ کے والد کے پاس جانا تھا جہاں وہ حاکم خزانہ تھے۔ ہم دونوں میں برابر خط و کتابت ہوتی رہی۔ جب دو محبت کرتے ہوئے دلوں کے درمیان سیکڑوں کوس کا فاصلہ واقع ہو تو خط اور تصور کے علاوہ روحوں کی ملاقات اور کیا ذریعہ ہو سکتا ہے! شکیلہ کے خطوط بہت پر درد۔ دلگداز اور موثر ہوتے تھے۔ ان کے ذریعہ سے کل واقعات معلوم ہوتے رہتے تھے ——

اسکول کے بند ہونے کے بعد سے جمال نے شکیلہ کے مکان کے طواف میں زیادتی کر دی تھی۔ پھر اکدم اس میں کمی ہو گئی۔ جمال کچھ مغموم اور بدلا ہوا سا معلوم ہونے لگا۔ نوشابہ خاتون اپنی خالہ کے ہمراہ جو دھپور چلی گئیں۔ اس کے بعد جمال کی آمد بالکل بند ہو گئی۔ شکیلہ دیدار کو بھی ترسنے لگی۔ اسے یکایک یہ خیال پیدا ہوا کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ جمال نوشابہ سے محبت کرتا ہو۔ شبہ پہلے بھی ہوا تھا۔ مگر اب تو اسے یقین ہو گیا تھا —— وہ مضطر تھی اور میں اس سے ملنے کے لئے بیتاب۔

اب تک تو مجھے امید بھی تھی کہ تعطیل کے ختم ہونے پر شکیلہ سے پھر اسکول میں ملاقات ہو گی۔ لیکن قسمت کے ہاتھوں وہ بھی منقطع ہو گئی۔ کیونکہ اتی جان نے کہا۔ "اب آگے پڑھنے کی کوئی ضرورت نہیں" جس کا مطلب

یہ تھا کہ اب میری شادی کر دی جائے گی۔ بات تو دو ماہ قبل ہی طے ہو چکی تھی مگر میں یہ نہ سمجھتی تھی کہ اسقدر جلد گرفتار کر دی جاؤں گی۔ میں نے اختتام تعلیم کا بہانہ رکھ کر اس کی مخالفت کی اور سخت مخالفت مگر والدین تو اپنے آپ کو حکمراں سمجھتے ہیں۔ لڑکوں کی نہیں چلتی تو پھر لڑکیاں کس شمار میں ہیں! جب ہر کوشش ناکام ہو گئی تو میں نے شکیلہ کو بھی لکھ بھیجا کہ تمہاری بہن کو دلیس نکالا دیا جا رہا ہے۔ اس میں تمہاری شرکت ضروری ہے۔ اسکول میں ملنے کی امید تو ٹوٹ گئی۔ اب یہیں آ کر مل جاؤ۔ تمہارے بغیر میرے غم غلط نہیں ہو سکتے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

اس کا جواب جو دھپور سے آیا اور بڑی وحشت اثر خبر لایا۔ لکھا تھا

"۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ میں گھبرا کر جودھپور چلی آئی۔ میرے شکوک صحیح نکلے۔ دل کا چور بے نام قاتل اسٹیشن ہی پر نظر آ گیا۔ غالباً لکھنؤ واپس جا رہے تھے۔ کیا اب بھی آپ میری بات نہ مانیں گی؟ کیا ان کا جودھپور جانا نوشابہ باجی کی وجہ سے نہ تھا؟ مگر کیا ستم ہے کہ وہ نوشابہ باجی کو چاہتے ہیں۔ اور نوشابہ باجی وکیل بھائی کو ـــــ محبت کسقدر اندھی ہے۔ اور قسمت کسقدر ظالم۔ لیکن اگر نوشابہ باجی کو بھی ان سے محبت ہوتی تو ان کے ملاپ میں کوئی مشکل نہ ہوتی ـــــ اور ـــــ شاید میں ان کے ملاپ کا منظر برداشت نہ کر سکتی۔ وہ میرے ہو کر رہیں یا کسی کے نہیں۔ اگر وہ کسی اور کی قسمت میں لکھے ہیں تو خدا کرے کہ میں اس لمحے کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے لئے زندہ نہ رہوں۔ آپ مجھے حاسد کہیں گی۔ رقابت کا الزام لگائیں گی۔ لیکن پیاری سہیلی! میں مجبور ہوں۔ کاش آپ کو بھی کسی سے محبت ہوتی!

۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ یہاں طاعون کی وبا پھیلی ہوئی ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور سب سے زیادہ تکلیف دہ خبر یہ ہے کہ کل سے نوشابہ باجی بھی اس موذی مرض میں مبتلا ہو گئی ہیں۔ خدا اپنا فضل و کرم کرے۔ اب ہم لوگ یہاں سے بھاگ بھی نہیں سکتے۔ شاید میری بھی موت ہی مجھے یہاں لائی ہو۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

آپ کی شادی کی اچانک ضرور ہے اور بے موقعہ بھی۔ لیکن مسرور کن۔ مجھ آپ پر بڑا رشک آتا ہے۔ آپ مجھ سے بہت زیادہ خوش قسمت ہیں۔ جو محبت نہیں کرتے وہی مزے میں رہتے ہیں! میں تو بے بلائے شریک ہوتی۔ لیکن اب کس طرح ممکن ہے؟ خدا سے دعا کیجئے کہ باجی اچھی ہو جائیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ بہرحال میری دلی مبارکباد قبول کیجئے۔ لیکن جب بلوں گی تو آپ سے آپ کی شادی کی ایک دعوت ضرور لے لوں گی۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ خدا حافظ۔"

"ہر ماں نصیب شکیلہ"

اس خط نے میرے دل پر جو اثر کیا اس کو بیان نہیں کر سکتی۔ بار بار اس کے جملے میرے دماغ میں گردش کرتے تھے۔ شکیلہ کے شکوک کی تصدیق نوشابہ کی مہلک بیماری۔ شکیلہ کی ملاقات سے ناامیدی ـــــ یہ تھے وہ نشتر جو اس خط میں چھپے ہوئے تھے اور میرے دل میں کھٹک رہے تھے میں شکیلہ کو کس طرح یقین دلاتی کہ میں اپنی شادی سے واقعی نفرت کرتی تھی ـــــ وہی شادی جس کی وجہ سے اس نے لکھا تھا کہ میں تم پر رشک کرتی ہوں۔ اور محبت؟ ہاں۔ شکیلہ نے ٹھیک لکھا۔ مجھے یہ کہنے کا کوئی حق نہ تھا کہ میں محبت سے بہرہ مند ہوں کیونکہ مجھے اپنے جذبات پر قابو نہ تھا۔

شادی کا دن جسے میں موت کا دن سمجھتی تھی۔ قریب آ گیا۔ اس کے دو روز پہلے شکیلہ کا ایک اور خط آیا جس میں نوشابہ کے انتقال اور شکیلہ کے نہ آ سکنے کی خبر تھی۔ ہر وہ لمحہ جو گذر رہا تھا میری شادی کو میری نظر میں تلخ تر بناتا جا رہا تھا۔ ذرا زمانے کی سفاکی پر آنسو بہائے کہ ایک ایسی ہستی جو میری روح سے اسقدر قریب تھی اپنی بہن کی موت پر ماتم کر رہی تھی اور اسی وقت یہاں میری شادی رچائی جا رہی تھی۔ اور ان لوگوں کے نزدیک شادی کے ملتوی کرنے کی ضرورت کیوں نہیں تھی؟ اس لئے کہ ہم میں اور ان میں کوئی رشتہ داری تو تھی نہیں۔ سبحان اللہ! کیا دلیل تھی!

آخر میری شادی ہو گئی۔ اور اس رات کو جسے حیاتِ انسانی کی زریں رات کہا جاتا ہے۔ بجائے اپنے شوہر کے انتظار کے جمال اور شکیلہ کے قصہ پر غور کر رہی تھی۔ بجائے اس کے کہ ان لمحات رنگین سے کسبِ لطافت کرتی اور حسن رومانیت سے لطف اندوز ہوتی۔ میں اس وقت یہ سوچ رہی تھی کہ اگر انسان کی زندگی زہر کا کڑوا جام بن جائے تو اس کے پینے کا بہترین طریقہ کیا ہو سکتا ہے۔ جو جانور قربانگاہ پر چڑھایا جاتا ہے اسے اپنے جلاد کی شخصیت کے متعلق اتنی کاوش نہیں ہوتی۔ وہ کوئی بھی ہو۔ اس کے دل و دماغ پر تو محض یہ خیال چھایا ہوتا ہے کہ "میں قربان ہو رہا ہوں"۔ میں لرز ضرور رہی تھی۔ لیکن یہ جوش انتظار نہ تھا بلکہ تصادم اجنبیت کا کھٹکا ـــــ لیکن میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب میں نے دیکھا کہ میرا شوہر میرا معلوم خدا۔ وجمال تھا۔ میری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ میں خوش

ہوؤں یا روؤں۔ وہ پیکرِ خیال جسے میں نے قسمت کی رسائی کے ماورا سمجھ کر چھوڑ دیا تھا۔ بھلا دیا تھا۔ شکیلہ کو سونپ دیا تھا۔ میری آنکھوں کے سامنے شکل پذیر نظر آ رہا تھا۔ میں بدحواس ہو گئی۔ مجھ کو یقین نہ آتا تھا کہ میرے سامنے وہی بت تھا جس کی پرستش کی رازدارانہ ـــــ غیر محسوس حد تک رازدارانہ۔ خواہش میرے قلب کی اتھاہ گہرائیوں میں پوشیدہ تھی اور اب ابھر ابھر کر دل و دماغ سے ٹکرا رہی تھی۔

لیکن ـــــ شکیلہ کے خیال نے ساری خوشی پر پانی پھیر دیا میرے ضمیر کو جگا کر۔ مجھے ہوش میں لا کر میرے رباب کو توڑ دیا جس میں ہزاروں نغمے گنگنا رہے تھے۔ قدرت کسقدر ستم ظریف واقع ہوئی ہے! اب میں شکیلہ کو کس طرح منہ دکھاؤنگی؟ کون سا عذر اس کے سامنے پیش کرونگی؟ کیا کہکر اسے دلاسا دوں گی؟ وہ کیا خیال کرے گی؟ کیا وہ مجھے مکار اور دغاباز تصور نہ کرے گی؟ میں اس معاملہ میں اسے ہمیشہ روکتی رہی تھی۔ اس کا مطلب اب وہ کیا نکالے گی؟ اس نے اپنے خط میں حد درجہ کی رقابت پرستی کا اظہار کیا تھا ـــ کہ "وہ میرے ہو کر رہیں یا کسی کے نہیں" وہ ہرگز۔ مجھے معاف نہ کرے گی۔ اور اگر معاف بھی کر دیا تو وہ اسقدر نازک دل ہے کہ اس اذیت قلبی سے ہرگز جانبر نہ ہو سکے گی۔ میں جانتی ہوں کہ عورت کی فطرت کیا ہے۔ وہ غیروں سے اتنی رقابت نہیں رکھتی جتنی اپنوں سے میرا کوئی قصور نہیں۔ لیکن میں اسے اپنی بے گناہی کا کیونکر یقین دلاؤنگی؟ کیا شکیلہ کی سمجھ میں یہ بات آ جائے گی کہ یہ محض اتفاق تھا یا قدرت کا ایک اور نئے مذاق۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی جانتی تھی کہ جمال پر واقعی حق شکیلہ ہی کا تھا۔ اس نے اس کی یاد میں راتیں جاگ جاگ کر کاٹی تھیں اس نے اس کے تصور کی مورتی پر آنسوؤں کے موتی چڑھائے تھے اور وہ اسکی خاطر ہر مصیبت کو برداشت کرنے کے لئے تیار تھی ـــــ اگر انسان کے پاس ضمیر نہ ہوتا تو وہ چین سے ہوتا۔ لیکن کسقدر خود غرض! کسقدر بے حیا!

جمال میری مسہری پر بیٹھ گیا جس سے میرا سلسلۂ خیال ٹوٹ گیا۔ بدن میں بجلی کی لہر دوڑ گئی۔ میں اس وقت مسرور تھی اور تا حد مدہوشی مسرور تھی۔ لیکن مجھے تکلیف بھی تھی۔ اور نزع کی سی تکلیف!!

جمال کا پہلا جلوہ افسردہ۔ میرے لئے اس کا برداشت کرنا بہت دشوار تھا۔ اس دشواری کو وہی سمجھ سکتا ہے۔ جس نے اپنے محبوب کو مغموم دیکھا ہو۔ میں یہی سمجھ رہی تھی کہ ان کی افسردگی کا باعث میں ہی کمبخت تھی کیونکہ میں ان کی محبت میں حائل ہوئی تھی ـــ خواہ وہ محبت نوشابہ کے لئے ہو خواہ شکیلہ کے لئے۔ وہ بہت دیر تک یونہی افسردہ بیٹھے رہے۔ ہر لمحے کے ساتھ ان کی افسردگی بڑھتی جاتی تھی۔ میں بولنا چاہتی تھی مگر ہمت نہ ہوتی تھی۔ حیا اجازت نہ دیتی تھی۔ آخر ان کی حسین آنکھوں سے ایک رقیق موتی ڈھلک کر دامن میں جذب ہو گیا۔ اور دوسرا گوشۂ چشم میں دمکنے لگا۔ ان کو اس حال میں دیکھ کر میں کس طرح چپ رہ سکتی تھی۔ میں نے بولنے کا تہیہ کر لیا۔ کئی بار (آواز سرمہ در گلو ہو کر رہ گئی) میرا دل دھڑک رہا تھا۔ میرے جسم میں لرزش تھی۔ آخر میں اتنا کہنے میں کامیاب ہو گئی کہ

"آپ روتے کیوں ہیں؟ میرا کوئی قصور نہیں"۔

میرے جملے کے آخری ٹکڑے سے وہ چونکے پھر تھوڑی دیر کے بعد بولے

"میں آپ کی حالت پر افسوس کر رہا ہوں۔ میرے ساتھ آپ کی شادی کر کے آپ پر ظلم کیا گیا ہے"۔

میں نے دبی آواز میں جواب دیا۔

"آپ کو میری قسمت پر رائے زنی کرنے کا کیا حق ہے؟"

وہ مسکرائے۔ مگر پھر سنجیدگی کے ساتھ جواب دیا۔

"مجھے آپ سے ہی نہیں بلکہ کسی سے شادی کرنے کا کوئی حق نہ تھا۔ میں حسن پرست ہوں۔ حسن پرست کو شادی کرنے کا کوئی حق نہیں۔ اس کی فطرت کا یہی تقاضا ہے کہ وہ ناکام رہے۔ حسن پرست حسن کی دھیمی سے دھیمی کرن سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اور عورت ایک حقیر سے حقیر ذرہ کی رقابت کو برداشت نہیں کر سکتی" "بیوی تو چاہتی ہے اور میں لاابالی۔ اس کے علاوہ حسن پرست کی زندگی اسی میں مضمر ہے کہ اس کی منزل اس سے گریزاں رہے۔ اس کی فطرت ایک دائمی تعاقب چاہتی ہے ـــــ"

"میں اس نکتۂ حسن پرستی کے بارے میں تو کچھ نہیں کہہ سکتی۔ لیکن میں اتنا جانتی ہوں کہ سب عورتیں یکساں نہیں ہوتیں۔ اس کے علاوہ اگر عورت کو محبت ہو تو محبت کی خاطر وہ سب کچھ کر سکتی ہے"۔ میں نے ڈرتے ڈرتے کہا۔

"محبت؟ ـــــ عورت کی محبت! یہ صرف دور سے مجھے ترسانیکے لئے پیدا ہوئی ہے"۔ اس نے انتہائی تلخی کے ساتھ کہا۔

یہ سنکر مجھے بیحد تعجب ہوا ـــ وہ جمال جسپر عورت جان دیتی تھی وہ جمال جو شکیلہ کا خدا تھا۔ وہ جمال جس کی پرستش فاموش میرے دل کی معصوم تمنا تھی۔ وہ جمال جس نے میری نظر کے سامنے حسین ترین پیکر ہائے دوشیزگی کو مجروح کر دیا تھا۔ عورت کی محبت کے لئے ترس رہا تھا! اس پر مجھے یقین نہ آتا تھا۔ کم از کم اس پردۂ ہستی پر تو کوئی عورت میری نظر میں ایسی نہ تھی۔ جو جمال کی دعوت محبت کو ٹھکرا سکتی۔

میں نے موقعہ کو غنیمت جان کر کہا۔

"یہ آپ کا خیال ہے ـــ شکیلہ سے زیادہ کوئی عورت محبت نہیں کر سکتی"

"شکیلہ کون؟" اس نے حیرت کے ساتھ دریافت کیا۔ پھر میرا باریک گھونگھٹ ہٹاتے ہوئے کہا۔ "چہرہ کھول کر مجھ سے باتیں کیجئے مجھے الجھن ہوتی ہے۔ بہت دیر سے اس الجھن کو برداشت کر رہا ہوں"

مجھے دیکھنے کے بعد اس نے پوچھا۔

"کیا میں نے آپ کو اس سے پہلے کہیں دیکھا ہے؟"

میں نے سادگی کے ساتھ جواب دیا۔

"کیا گرلس اسکول کا ڈرامہ آپ کو یاد نہیں؟"

اس نے گھبرا کر کہا۔

"اتنی باتیں مجھے یاد نہیں۔ بس اتنا یاد ہے کہ اس قسم کی صورت میں نے اس سے پہلے بھی کہیں دیکھی ہے"

اس کے بعد وہ مسہری کے تکیہ سے ٹیک لگا کر کسی خیال میں ڈوب گیا۔ ـــ یکایک اس نے پھر سوال کیا۔

"اچھا یہ شکیلہ کس کا نام ہے؟"

میں گھبرا گئی کہ اس کا جواب کیا دوں۔ میں نے محسوس کیا کہ میرے جواب سے ایک بہت بڑی اہمیت اور ذمہ داری وابستہ ہے میں نے یہی بہتر سمجھا کہ اس جواب کو دوسرے موقعہ کے لئے اٹھا رکھوں اس وقت کسی طرح ٹال دوں۔ میں نے کچھ دیر توقف کر کے کہا۔

"میں یہ آپ کو نہیں بتا سکتی۔ کسی ناکام کو بدنام کرنے سے کیا فائدہ؟"

"بدنامی کی اس میں کیا بات ہے؟"

"کیوں نہیں۔ بدنامی بھی بے عزتی بھی"

"وہ کس طرح؟"

"اگر کوئی شخص کسی سے محبت کرتا ہے۔ لیکن وہ دوسری طرف سے خاطر خواہ جواب نہیں ملتا تو اس کے لئے خاموشی ہی بہتر ہے۔ کم از کم دوسرے کی نظر میں حقیر تو نہ ہوگا۔ شکیلہ آپ سے محبت کرتی ہے اور اپنے دل کی پوری قوت کے ساتھ محبت کرتی ہے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے آپ کو اس سے محبت نہیں آپ کو اس کا نام تک نہیں معلوم ـــ میں اس کی رازدار تھی اور اسی رازداری کا پاس ہے کہ میں اس کا نام و نشان اس کے دیوتا کے سامنے بھی افشا کرنا نہیں چاہتی ـــ"

اس نے بات کاٹ کر کہا۔

"خدا کے لئے میرا دماغ خراب نہ کیجئے۔ یا الٰہی میں کسقدر گناہگار ہوں خدا کے لئے بتا دیجئے کہ شکیلہ کون ہے اور اس کے متعلق آپ کیا جانتی ہیں ـــ لیکن نہیں آپ میری منکوحہ ہیں آپ مجھے نہیں بتا سکتیں۔ نہ مجھے آپ سے پوچھنا چاہئے۔ مجھے کسی سے نہ پوچھنا چاہئے۔ مجھے شکیلہ کے بارے میں کچھ نہ معلوم ہو یہی بہتر ہے۔ کیونکہ میرا دل بہت رقیق ہے۔ شاید میں اپنے فرائض کو بھول جاؤں ـــ"

میں نے پر مذاق انداز میں کہا۔

"حسن پرست بھی فرائض کا احترام کرتے ہیں؟"

اس نے فوراً جواب دیا۔

"ہاں۔ حسن پرست بھی شریف ہوتے ہیں ـــ لیکن دیکھئے میں شوہر ہونے کے کسقدر ناقابل ہوں۔ ہماری شادی کی یہ پہلی رات ہے جو خوشبو میں بسی ہوئی ہے۔ اس کا تقاضہ یہ تھا کہ میں آپ سے اظہار محبت کرتا اور اگر جھوٹ بولتے مجھے شرم آتی تو کم از کم آپ کے حسن کی تعریف کرتا۔ اس موقعہ کی رومانیت پر نغمہ سرائی کرتا اور محبت بھری باتیں کرتا۔ لیکن ان تمام فرائض کو نظر انداز کر کے میں آپ سے اس ہستی کا نام و نشان پوچھ رہا ہوں۔ جس سے قدرتاً آپ کو رقابت ہونا چاہئے ـــ یہ میری کتنی بڑی غلطی ہے آپ ہی بتائیے کہ کیا مجھے شادی کرنا چاہئے تھی؟"

میں دم بخود تھی وہ کانپ رہا تھا۔ آخر میں نے کہنا شروع کیا۔

میں دوسری عورتوں کی طرح رقابت پرست نہیں۔ اس کے علاوہ میں شکیلہ کی دوست تھی اور رازدار۔ لہذا میری کوشش یہ تھی

کہ آپ کا اور شکیلہ کا ملاپ ہو جائے۔ لیکن قدرت کی ستم ظریفی کو کیا کیا جائے کہ آپ کی شادی میرے ساتھ لکھی تھی ـــــ میں اس کو اپنی انتہائی خوش قسمتی سمجھتی لیکن ضمیر کی سرزنش ہمارے عیش کو برباد کر دے گی اور شکیلہ کی آہ ہمارے آشیانے کو خاک کر ڈالے گی۔ میں اسے کس طرح یقین دلاؤں گی کہ میں نے آپ سے جان کر شادی نہیں کی۔ میں اب بھی ہر اس صورت کے لئے تیار ہوں جس سے آپ دونوں ایک دوسرے کے ہو جائیں ـــــ رہا یہ خیال کہ رقابت کیوجہ سے میں اس کا نام و نشان نہ بتاؤں گی بالکل غلط ہے۔ وہ میری ایک ہم جماعت تھی اس سے زیادہ مجھے خود بھی معلوم نہیں۔ اور خواہ یہ معلوم ہو یا نہ ہو کہ وہ کیا ہے کون ہے کہاں ہے۔ یہ معلوم ہو جانا بہت کافی ہے کہ وہ آپ سے محبت کرتی ہے اور سچ پوچھئے تو بمقابلہ میرے آپ اس سے زیادہ واقف ہیں ـــــ "

جمال ہنس پڑا۔ اس نے کہا۔

"یہ آپ کس طرح کہہ سکتی ہیں کہ میں بمقابلہ آپ کے زیادہ واقف ہوں ـــــ یہ شاید آپ رقیبانہ انداز سے کہہ رہی ہیں ـــــ رہی میرے اور شکیلہ کے ملاپ کی صورت تو اس امر کے متعلق میں اتنا کہہ دینا کافی سمجھتا ہوں کہ قسمت پر صبر کرنا سب سے بڑی شرافت ہے۔ میں نے آپ سے شادی کی ہے تو تادم آخر اسے نباہونگا ـــــ اور اس کی خاطر حسن پرستی کو ـــــ ہاں حسن پرستی کو بھی چھوڑ دینے کی کوشش کروں گا"

میں نے مسکرا کر کہا۔

"ایسا وعدہ نہ کیجئے جو پورا نہ ہو سکے۔ حسن پرستی بالارادہ کون کرتا ہے یہ چیز تو جزو فطرت ہوتی ہے"

اس نے کہا۔

"ہاں یہ آپ ٹھیک کہتی ہیں ـــــ لیکن میں آپ کو بتا نا یہ چاہتا ہوں کہ میں آپ کا کتنا احترام کرتا ہوں ـــــ کیونکہ میں سب کچھ ہوں کمینہ نہیں ہوں"

"خدا کے لئے ایسی ترغیب کی باتیں نہ کیجئے کہ میں اپنے فرض کو بھول جاؤں میں آپ کے اس "احترام" کی قدر کرتی ہوں اور اس پر نازاں ہوں ـــــ لیکن آپ کی شرافت کا تقاضہ یہ بھی ہے کہ اس ہستی کا خیال کیجئے جو آپ سے محبت کرتی ہے ـــــ میں شکیلہ کے بارے میں کہہ رہی ہوں"

"مجھے آپ کی زبان سے یہ باتیں سنکر سخت تعجب ہو رہا ہے ـــــ آپ کی باتیں انسانی فطرت کے خلاف ہیں"

"آپ کا خیال ٹھیک ہے۔ اگر یہ باتیں دنیا کے سامنے پیش کی جائیں تو وہ ہرگز اسے باور نہ کریں گے کیونکہ زیادہ تر لوگ خود غرض ہوتے ہیں۔ اسقدر خود غرض کہ خود غرضی کو وہ انسانی فطرت سمجھنے لگے ہیں ـــــ لیکن میں کہتی ہوں کہ اگر انسان کے پاس ضمیر نہ ہوتا تو وہ واقعی خود غرض ہوتا اور ولیر خود غرض"

"تو پھر آپ ہی بتائیے میں اس معاملہ میں کیا کر سکتا ہوں"۔

"اچھا یہ بتائیے کہ آپ کو کبھی کسی سے محبت ہوئی ہے؟ آپ نے کبھی کسی کی گلیوں کی خاک چھانی ہے"

"آپ کو معلوم نہیں کہ حسن پرست گلیوں کی خاک چھاننے ہی کیلئے پیدا ہوا ہے؟"

"ہاں ـــ مگر حسن پرست کو محبت نہیں ہوتی ـــــ وہ ہر دھوکے کو محبت سمجھ لیتا ہے"

"لیکن کیا ان دھوکوں کے حسین ہونے سے آپ کو انکار ہو سکتا ہے؟ ـــــ سنئے میں آپ کو اپنے حالات سناتا ہوں ـــــ حقیقتاً مجھے آج تک کسی عورت سے محبت نہیں ہوئی۔ قطع نظر اس عالمگیر جذبہ محبت سے جو ہر حسن پرست کے دل میں قدرت ودیعت کر دیتی ہے۔ ایک بار دھوکا ہوا تھا۔ لیکن وہ بھی بہت جلد جاتا رہا۔ میرا افتاد نہ جس کو میں "دھوکا" کہتا ہوں۔ آپ کے اسکول کے ڈرامہ سے شروع ہوا۔ میں ہمیشہ سے حسن پرست واقع ہوا تھا اور ایک خوش نصیب حسن پرست کیونکہ "حسن" خود میری نظارا گرویدہ۔ میری جنبش نگاہ کا تابع نظر آتا تھا۔ مجھے اس یقین میں بڑی لذت محسوس ہوتی تھی کہ ہر عورت مجھ سے محبت کرتی ہے۔ اور میں جس پر چاہوں حکومت کر سکتا ہوں۔ ممکن ہے یہ دھوکا ہی ہو۔ اور محض غالط مگر بڑا حسین دھوکا تھا اور بڑا رنگین مغالطہ۔ میں اپنی زندگی اسی دھوکے میں مبتلا رہ کر گذار دینا چاہتا تھا۔ اور کبھی یہ جاننا ہی نہ چاہتا تھا کہ یہ دھوکا ہے۔ میں حسن کا دلدادہ تھا۔ وہ جہاں ہو جس میں ہو۔ جس رنگ میں ہو۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ حسن کا بہترین مظہر "عورت" ہے لیکن حسن ایک شخصیت میں محدود نہیں ہو سکتا اور ہر پیکر جمیل کو میں حاصل نہیں کر سکتا

اس لئے سب سے بہتر میں اس بات کو سمجھتا تھا کہ سب کی تمنا کی جائے لیکن کسی کو حاصل نہ کیا جائے۔ چنانچہ میں شادی سے بھی متنفر تھا۔ کسی ایک ذات میں اتنا ڈوب جانا کہ پھر کسی اور میں حسن نظر ہی نہ آئے اسکو میں اندھا پن سمجھتا تھا۔ حسن کا کوئی "آئیڈیل" نہیں۔ دنیا کی تمام عورتوں میں کوئی ایک عورت بھی ایسی نہیں جو یہ دعویٰ کر سکے کہ "میں سب سے زیادہ حسین ہوں" جس طرح ہر پھول اپنی جگہ پر پھول ہوتا ہے اور کسی ایک پھول کو حسین ترین پھول۔ یا آئیڈیل پھول کی حیثیت سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ کیا آپ بتا سکتی ہیں کہ گلاب زیادہ حسین ہوتا ہے یا کنول؟ کیا آپ بتا سکتی ہیں کہ ایک متین و سنجیدہ لڑکی زیادہ حسین ہوتی ہے یا شوخ اور چنچل؟ کم از کم میں تو آج تک نہیں طے کر سکا۔ میری نظر میں دونوں اپنی اپنی جگہ پر قیامت ہیں۔ لہذا مجھے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ میں کسی ایک ہستی کے لئے پیدا نہیں ہوا ہوں بلکہ دنیا کے تمام حسن کے لئے۔ لیکن جس روز میں نے نوشابہ کو اس ڈرامہ کے موقعہ پر طاؤسی ساری پہنے ہوئے دیکھا۔ اس روز مجھے ایسا معلوم ہوا کہ جیسے میں صرف اسی ایک ذات کے لئے پیدا ہوا ہوں۔ اور دنیا کا مجموعی حسن وہی ہے۔ میں نے اپنی حسین اور دلکش زندگی کی لذت کو نوشابہ کی آرزو پر قربان کر دیا۔ مگر مجھے معلوم نہ تھا کہ نوشابہ کو خدا نے مجھ سے دنیا کے مجموعی حسن کی دل آزاری کا انتقام لینے کی غرض سے پیدا کیا تھا۔ دنیا کی ہر عورت کے لئے مجھ میں دلکشی تھی مگر نوشابہ کیلئے نہ تھی۔ مجھ سے محبت کرنا تو درکنار وہ میری طرف دیکھتی بھی نہ تھی۔ اسکی اس بے نیازی اور بے توجہی سے میرے پندار کو ٹھیس لگی۔ میں نے اسپر قابو پانے کی کوئی ممکن صورت اٹھا نہ رکھی۔ جب میری ہر کوشش ناکام ہو چکی تو میں اس نتیجے پر پہونچا کہ نوشابہ جانتی ہی نہیں محبت کیا چیز ہے اس کا دل سرد ہے۔ اس میں جذبات پیدا ہی نہیں ہوتے۔ خدا نے اس سے اس کی زندگی کا جوہر اس کا اصلی حسن چھین لیا ــــ میرے نزدیک محبت انسان کی روح کا حسن ہے۔ حسن بغیر محبت کے اس جڑاؤ لیمپ کی طرح ہے جو اوپر سے بہت خوبصورت ہو۔ لیکن اندر سے روشنی نہ ہو۔ اعضا کا تناسب بہتر سے بہتر ہو۔ چہرے کی تراش حسین سے حسین ہو لیکن اگر دل میں محبت کے جذبات نہیں ہیں تو حسن بے جان ہے، نگاہ میں محبت کا رنگ نہیں ہے تو آنکھیں بے نور ہیں۔ محض تناسب اعضا پر جان دینے کو جی نہیں چاہتا لیکن محبت بھری نگاہ پر سو زندگیاں ملیں تو وہ بھی نثار کی جا سکتی ہیں۔ حسن مخاطب ہی زیبا شکن ہوتا ہے حسن کی برگشتگی بھلی نہیں معلوم ہوتی ــــ چنانچہ جب میں نے نوشابہ میں یہ کمی محسوس کر لی تو میری نگاہ میں اس کا حسن گم ہو گیا۔ میری پسندیدگی ختم ہو گئی۔ میری آرزو مر گئی لیکن محبت شاید اب بھی میری رگ رگ میں چھپی ہوئی ہے۔ اکثر بیٹھے بیٹھے اس کا خیال آ جاتا ہے جب کبھی کسی میں اس کی مشابہت دیکھ لیتا ہوں تو تڑپ اٹھتا ہوں اور "نظارے کو جنبش مژگاں بھی بار ہو جاتی ہے"۔

اتنا کہکر وہ دم لینے کے لئے رک گیا۔ ایک ٹھنڈی سانس لی اور مجھ سے پان کی فرمائش کی۔ میں پان بنانے میں مصروف ہو گئی تو اس نے پھر کہنا شروع کیا۔

"اس آرزو سے دست بردار ہو کر اس عارضی دیوانگی سے رخصت ہو کر میں پھر اپنی پہلی زندگی میں آ گیا۔ جہاں حسن ہی حسن تھا۔ جہاں محبت ہی محبت تھی۔ جہاں نگہ بندہ نواز اور عشرت انتظار گی سے زینت حیات تھی۔ جہاں ناکامی حیات سوز نہ تھی بلکہ سرمایۂ لذات۔ اور باعث جذبات مجھے اپنی دیوانگی پر افسوس آیا کہ میں نے ایک دھوکے میں مبتلا ہو کر اس فضائے حسن و محبت سے کیوں منہ پھیر لیا تھا!!"

میں نے پانوں کی تھالی اس کی طرف کھسکا دی۔ اس نے ایک پان اٹھا کر کھا لیا اور پھر کہنے لگا۔

"جب میں جودھپور سے واپس آیا جہاں نوشابہ اسکول کے بند ہونے کے بعد چلی گئی تھی تو یہ معلوم ہوا کہ میری شادی کی تاریخ بھی طے ہو چکی ہے۔ گویا ایک قفس سے نکلنے کے بعد میرے لئے دوسرا قفس تیار تھا۔ میں اپنی زندگی کو اپنی فطرت کو اپنی حسن پرستی کو نذر قفس کرنا نہ چاہتا تھا ــــ مگر ــــ قدرت کی ستم ظریفی سے خدا بچائے۔ ایسے شکنجے میں کس دیتی ہے کہ اس سے نکلنا محال ہو جاتا ہے ــــ اچھا چلئے ان باتوں سے کوئی بحث نہیں کہ میری شادی کیسے ہوئی۔ آپ کی جو فرمائش تھی وہ میں نے پوری کر دی ــــ"

اس کے اس مقام پر کہ جانے سے مجھے تکلیف ہوئی۔ میں چاہتی تھی کہ وہ یہ بھی بتا دے کہ میری شادی اس کے ساتھ کیسے ہوئی۔ لیکن میں اصرار کس طرح

کر سکتی تھی۔

اس کی باتیں سنکر اور یہ خیال کرکے کہ نوشابہ جس نے جمال کو اسقدر موہ لیا تھا اس دنیا کو خیرباد کہہ چکی تھی۔ اور اس کی جمال کو مطلق خبر نہ تھی۔ میرا دل بھر آیا۔ میں نے اپنے اس سے آگاہ کرنا بھی مناسب نہ سمجھا۔ لیکن میرے دماغ میں ایک انوکھا خیال آیا۔ وہ یہ کہ جب نوشابہ کے حسن نے جمال کو موہ لیا تھا تو شکیلہ کا حسن بھی ضرور اسے موہ لے گا۔ کیونکہ وہ دونوں ایک ہی طرز ادا اور ایک ہی رنگ میں پروئی ہستی پر روما ہوئی تھیں ——— میں سوچنے لگی اور انتہائی انہماک کے ساتھ سوچنے لگی۔ میرا دل شکیلہ کے لئے رو رہا تھا۔ میں اپنی ہر مسرت اور ہر تمنا کو قربان کرکے شکیلہ کو محبت میں کامیاب دیکھنا چاہتی تھی۔ میں اپنے ضمیر کی تشفی کرنا چاہتی تھی۔

میں سوچ رہی تھی اور بڑی امیدوں کے ساتھ سوچ رہی تھی۔ میں تھوڑی دیر کے لئے جمال سے بے خبر سی ہوگئی تھی۔ اب ہوش میں آئی تو اسے ایک عجیب لے میں ایک بے پناہ دھیمے ترنم کے ساتھ اس شعر کو گاتے ہوئے سنا کہ ؎

تم نہ آئے تو کیا سحر نہ ہوئی ؎ ہاں مگر چین سے بسر نہ ہوئی

وہ مسہری کے تکیہ سے ٹیک لگائے لیٹا تھا۔ نگاہیں چھت کی طرف تھیں۔ اور اب وہی غم انگیز شیریں راگ چھیڑے ہوئے تھے کہ ؎

تم نہ آئے تو کیا سحر نہ ہوئی ؎ ہاں مگر چین سے بسر نہ ہوئی

میں جمال کے ساتھ اپنے دن ایک مہمان کی حیثیت سے گذار رہی تھی۔ دل اس کے گھر کو اس کی ہر چیز کو خود اس کو اپنا سمجھنے پر آمادہ ہوتا تھا لیکن شکیلہ کا خیال قدم جمنے نہ دیتا تھا۔ سکون مکمل ہونے سے پہلے اضطراب میں تبدیل ہو جاتا تھا۔ خیالات مجتمع ہوتے ہی پھر منتشر ہو جاتے تھے۔ جمال حسن پرست تھا لیکن مکمل ہونے سے پہلے اضطراب میں تبدیل ہو جاتا تھا۔ خیالات مجتمع ہوتے ہی پھر منتشر ہو جاتے تھے۔ جمال حسن پرست تھا۔ لیکن مجھے اس سے شکوہ نہ تھا۔ میں جانتی تھی کہ ایک حسن پرست کے ساتھ زندگی کس طرح خوشگوار رہ سکتی ہے۔ اور اس معاملہ میں میں شکیلہ میں بہت سی کمیاں دیکھتی تھی۔ جمال مجھ میں زیادہ دلچسپی نہ لیتا تھا۔ لیکن میں خود اس میں پوری طرح دلچسپی لیتی تھی ——— وہ مجھے پسند ضرور کرنے لگا تھا۔ مگر محض ایک موزوں اور قابل قدر "شریک زندگی" کی حیثیت سے۔ میں یہ بھی دیکھ رہی تھی۔ کہ یہ پسندیدگی رفتہ رفتہ محبت بن رہی تھی۔ لیکن اس سے میں خائف تھی کیونکہ اس سے جمال اور شکیلہ کے درمیان کی دیوار اور سنگین ہو رہی تھی

ایک روز پھر میں نے جمال کو ٹٹولنے کے لئے شکیلہ کا قصہ نکالا۔ وہ تلملا گیا۔ اور ایک شدید روحانی کرب کے ساتھ اس نے کہا۔

"خدا کے لئے اس کا ذکر نہ کرو۔ جس خیال کو میں بھلا دینے کی کوشش کر رہا ہوں تم اسے کیوں جگاتی ہو؟ مجھے اب اچھی طرح معلوم ہو گیا ہے۔ کہ تمہارے علاوہ کسی اور کے ساتھ میں ازدواجی زندگی بسر نہیں کر سکتا۔ میں شکیلہ کے آگے شرمندہ ہوں۔ اور اس سے معافی مانگنے کے لئے بیتاب لیکن میں اپنے گھر کو اجاڑنے پر ہرگز تیار نہیں ہو سکتا اور کیا معلوم یہی ہمارے اور شکیلہ دونوں کے حق میں بہتر ہو۔ اگر شکیلہ محبت کرتی ہے تو کرے۔ میں اس کی قدر کرتا ہوں۔ لیکن اس محبت میں جو تکلیف ہو اس کا برداشت کرنا بھی اس کا فرض ہے۔ یہی محبت کی عظمت ہے اس کے علاوہ محبت میں شادی کوئی لازمی چیز نہیں۔ اگر بغیر شادی کے قربت میں دوام حاصل ہو سکے تو کوئی شادی نہ کرے۔ شادی محض بداخلاقی کے ڈر سے کیوں ہے ——— دیکھو اب میرے قدموں کو لغزش کا سبق نہ دینا"

میں نے کہا۔ "اگر نوشابہ آپ کو محبت کی دعوت دے اور خود حاضر خدمت ہو کر محبت کی بھیک مانگے؟"

وہ بیتاب ہو کر اٹھ کھڑا ہوا اور مجھے مسکراتا ہوا چھوڑ کر باہر چلا گیا یہی اس کی کمزوری تھی۔ اور اسی سے میں نے فائدہ اٹھانے کا ارادہ کیا تھا۔

والد صاحب کا تبادلہ گونڈے سے گورکھپور ہو گیا۔ مجھے دو ماہ لکھنؤ میں رہنے کے بعد وہیں بلا لیا گیا۔ عید کا چاند وہیں دیکھا تھا۔ اسکول کھلنے پر شکیلہ لکھنؤ آئی لیکن میں اس وقت گورکھپور میں تھی۔ اس کا بہت بیتابانہ شکوے شکایت کا خط گونڈے ہوتا ہوا گورکھپور پہونچا۔ مجھے شکیلہ سے اس قدر شرم معلوم ہونے لگی تھی کہ میں اسے خط لکھتے بھی جھجکتی تھی۔ اس سے ملنے کے لئے جی بیچین ضرور تھا مگر جب اس کا سامنا کرنے کا خیال آتا تھا۔ تو میرا عجیب حال ہو جاتا تھا۔

تقریباً ایک سال تک ہم دونوں ایک دوسرے سے نہ مل سکے۔ آخر لکھنؤ سے خط آیا کہ جمال کے والد پر فالج گر گیا ہے اور حالت نازک ہے۔

ہم سب جیسے بیٹھے تھے۔ ویسے ہی اٹھے چلے گئے۔ لیکن ہمارے بھونچنے سے پہلے ہی وہ اس دار فانی کو خیر باد کہہ چکے تھے۔ جمال کا برا حال تھا۔ اسے اپنے والد سے غیر معمولی محبت تھی۔ ان کے انتقال سے جمال کی مشغولیت میں انہماک ہو گیا۔ کیونکہ جائداد کا کام اب اسے خود دیکھنا تھا۔ اب گھر میں وہی سب کا مربی تھا۔ اس کی آزادی تکلیف دہ حد تک محدود ہو گئی۔ گویا ایک قدرتی دریا کو جو مظاہر فطرت سے اٹکھیلیاں کرتا ہوا بہہ رہا تھا پختہ بنا دیا گیا۔ جمال جیسے لاابالی طبیعت رکھنے والے کو جو تکلیف ہونا چاہئے ظاہر ہے۔ وہ اب کافی سنجیدہ اور متفکر رہنے لگا تھا۔ مجھے افسوس ہوتا تھا کہ مجھ سے اس کا دل نہ بہلتا تھا۔

ایک روز شام کو جمال گھوم کر لوٹا تو پیشانی پر شکن تھی جو خیالات کی گہرائی کی شاہد تھی۔ ہونٹ خشک تھے اور ان کو وہ زبان سے نم کرنا بھول گیا تھا۔ صندلی رنگ مائل بہ زردی تھا۔ آنکھیں ایک زخمی ہرن کی آنکھوں کی طرح اظہار بے بسی کر رہی تھیں۔ باتوں کا جواب ملتا تھا مگر بہکا بہکا سا میں سمجھ گئی کہ دل پر کوئی تازہ چوٹ لگی ہے۔

"کس کو دیکھ لیا؟" میں نے خوش مزاجی کے ساتھ دریافت کیا۔ وہ گھبرا گیا۔

"کسی کو نہیں"۔ اس نے گھبرا کر کہا۔ اور پہلے سے بھی زیادہ مغموم ہو گیا۔ جیسے چراغ کی لو ہوا کے جھونکے سے بھڑک کر پھر مستقل ہو گئی آہ۔ وہ جب مغموم ہوتا تھا تو اس کے حسن کو چار چاند لگ جاتے تھے۔ میں تھوڑی دیر تک تو اسے حریصانہ نگاہ سے دیکھتی رہی اس کے بعد از سر نو اصرار شروع کیا۔

بڑی منتوں کے بعد آخر کار اس نے بتانا شروع کیا کہ

"آج میں غلطی سے نوشابہ کے مکان کی طرف سے گذر رہا تھا کہ سامنے وہ غارتگر ہوش نظر آ گئی — اور — امید کے خلاف متوجہ تھی اور مائل بہ کرم — میں تڑپ جانے پر مجبور تھا۔ میں اگر اسے نہ دیکھوں تو اس سے بے نیاز رہ سکتا ہوں۔ لیکن اگر وہ سامنے ہو اور نگاہ بندہ نواز کے ساتھ۔ تو پھر میں اپنا نہیں رہتا۔ اسی خطرے کے خیال سے میں نے ادھر سے نکلنا بھی ترک کر دیا تھا — لیکن آج — آج — "

وہ چپ ہو گیا۔ اسے واقعی دلی تکلیف تھی۔ مجھے اس پر ترس آ رہا تھا ساتھ ہی مجھے حیرت بھی تھی کہ اس نے نوشابہ کو کہاں سے دیکھ لیا۔ کیا یہ سن جمال کے تخیل کی کارفرمائی تھی؟ لیکن اکرم میری سمجھ میں بات آ گئی تھی

"اچھا تو کیا آپ نوشابہ سے ملنا چاہتے ہیں؟" میں نے بیساختگی کے ساتھ سوال کیا۔ گویا سارے امکانات عالم میری ہی مٹھی میں تھے۔ اس نے گہری نگاہ سے میری طرف دیکھا۔

"نہیں" اس نے طے کرتے ہوئے کہا۔ اور باہر چلا گیا۔ میں سوچ میں پڑ گئی۔

اس واقعہ کے چوتھے روز شکیلہ خود میرے گھر آئی۔ ہم دونوں دیکھتے ہی ایک دوسرے سے لپٹ گئے۔ اور بڑی دیر تک روتے رہے۔ گھر میں مہمان تھے۔ اس لئے کوئی مفصل گفتگو نہ ہو سکی اور مفصل گفتگو میں ابھی جاہتی بھی نہ تھی۔ میں پریشان تھی کہ اس سے کیا کہوں۔ خاصکر جب اس نے انتہائی سادگی اور بے تکلفی کے ساتھ کہا۔ "لاؤ تمہارے شوہر کی تصویر کوئی ہو تو دکھاؤ"۔ تو مجھ پر جیسے بجلی گر گئی۔ اسوقت تو میں نے یہ کہکر ٹال دیا کہ "ابھی موجود نہیں" لیکن کچھ سمجھ میں نہ آتا تھا کہ مستقبل میں کیا کرونگی۔ سب سے بڑا ڈر یہ تھا کہ کہیں جمال پر اس کی نظر نہ پڑ جائے۔ مگر اس روز شکیلہ کو بھی جلدی تھی۔ میں نے بھی جانے کی اجازت دیدی لیکن مفصل ملاقات کے لئے ایک دن مقرر کر دیا۔

شکیلہ کو اس مرتبہ دیکھ کر سب سے زیادہ حیرت مجھے اس بات پر ہوئی کہ لوگوں کی پیشین گوئی کے مطابق اب اس میں اور نوشابہ کی صورت میں کوئی فرق نہ تھا۔ اس سے میرے اس خیال کی بھی تصدیق ہو گئی کہ اس روز جمال نے شکیلہ ہی کو نوشابہ سمجھا تھا۔ میں خیالات میں ڈوب گئی اور امکانات کی وسعت پر غور کرنے لگی۔

میں ابھی سوچ ہی رہی تھی کہ جمال آ گیا۔ آج بہت عرصہ کے بعد وہ نسبتاً کچھ مسرور سا معلوم ہو رہا تھا۔ اس نے آتے ہی پوچھا۔

"آج کون آیا تھا؟"

میں نے مسکرا کر اس کی نظر سے نظر ملائی۔ اور ایک منٹ کے وقفہ کے بعد جواب دیا۔

"نوشابہ"

اکرم اس کا چہرہ سنجیدہ ہو گیا۔ اس کے بعد قدرے تبسم کے ساتھ کہا

"طعنے دیتی ہیں آپ؟"

"میں اور آپ کو طعنہ دوں گی! ـــــ توبہ کیجئے! ـــــ یقین نہیں؟ ـــــ اچھا بتائیے آپ نوشابہ سے ملنا چاہتے ہیں؟"

"دیکھئے یہ چھیڑ تکلیف دہ ہے اور خطرناک!" اس نے دھمکی دیتے ہوئے کہا۔

"اچھا آپ شکیلہ سے ملنا چاہتے ہیں؟" میں نے ذرا شرافت کے ساتھ پوچھا۔

"مجھ سے پہیلیاں کیوں بجھوا تی ہیں آپ؟ بتا نہ دیجئے ٹھیک ٹھیک کہ کون آیا تھا۔" اس نے پریشان ہو کر کہا۔

"نوشابہ کو آپ کیا جانیں"

"میں آپ سے زیادہ جانتی ہوں ـــــ وہ میرے ساتھ پڑھ چکی ہے۔"

"اچھا بتائیے نوشابہ کون ہے؟"

"نوشابہ وہی ہے جس کو میں شکیلہ کہتی ہوں ـــــ یا یوں کیئے کہ شکیلہ مجھ سے ملنے آئی تھی۔ جسے آپ نوشابہ کہتے ہیں"

"یہ کس طرح ہو سکتا ہے؟"

"اسی طرح جس طرح اور باتیں ہوتی ہیں"

"اچھا آپ کہتی تھیں کہ شکیلہ محبت کرتی ہے"

"میں اب بھی یہی کہتی ہوں"

"لیکن نوشابہ تو مجھ سے نفرت کرتی تھی"

"آپ نے پہلی غلطی یہ کی کہ شکیلہ کو نوشابہ سمجھا ـــــ اور اس سے بڑی یہ کہ اس کی ذہنیت کو نہ سمجھے۔"

"کیا معلوم؟ انہیں کے ایک ملازم سے نام معلوم ہوا تھا اب وہ کمبخت بھی نہیں رہا جس سے دوبارہ جا کر پوچھوں۔ لیکن یہ مجھے یقین ہے کہ وہ مجھ سے محبت نہیں کرتی"

"معلوم ہوا کہ عورت کی فطرت کے متعلق آپ کو قطعی علم نہیں"

"نہیں اس معاملہ میں مجھ سے غلطی نہیں ہو سکتی۔"

"اچھا تو بتائیے مجھے آپ سے محبت ہے یا نہیں ـــــ نہیں معلوم؟ وہ تو میں پہلے ہی جانتی تھی۔ اچھا تو یہ بتائیے کہ آپ میری شکیلہ یا اپنی نوشابہ سے ملنا چاہتے ہیں؟"

"مجھے نہیں معلوم"

"اب آپ کو کچھ نہیں معلوم؟ ـــــ آپ شاید مجھ سے ڈرتے ہیں۔ اچھا پرسوں دس بجے رات کو ـــــ لیکن شرط یہ ہے کہ زبان سے لفظ "نوشابہ" نہ نکلے ـــــ خبردار"

شکیلہ مقررہ دن ساڑھے آٹھ بجے رات کو آ گئی۔ تنہائی اور خلوت کا پورا انتظام تھا۔ کھانے کے بعد باتیں شروع ہوئیں لیکن میں نے اپنی شادی کا راز اسے قطعی نہ بتایا۔

"اچھا شکیلہ!" میں نے موضوع بدلتے ہوئے کہا۔ "اب تم ہمیں اپنی داستان سناؤ ـــــ اسکول کا کیا رنگ ہے؟ تمہارا دیوتا تمہیں نظر آتا ہے یا نہیں؟ معاملات کہاں تک پہونچ چکے ہیں"

اس نے میری طرف حسرت بھری نگاہ سے دیکھ کر کہا۔ "بجھتی ہوئی آگ پر تیل کیوں چھڑکتی ہو؟ دکھے ہوئے دل پر نمک پاشی نہ کرو۔ تم کو کیا معلوم کہ مجھ پر کون کون سی حالتیں گذر گئی ہیں۔ تم کو میری کیا فکر؟ ایک مجروح محبت کی غم بھری داستان سننا گناہ ہے"

اس کے الفاظ میرے دل میں چبھ رہے تھے اس کی بھرائی ہوئی آواز رگ جان پر چھری پھیر رہی تھی۔ میں نے اسے روکتے ہوئے کہا۔

"دیکھو شکیلہ میرے دل کو نہ دکھاؤ۔ تم خوب جانتی ہو کہ میں تم سے ملنے کے لئے کسقدر بیچین تھی ـــــ مجھے اور تمہیں جو مجبوریاں جدا کئے ہیں کیا تم ان سے بے خبر ہو؟ ـــــ تم کو ابھی معلوم نہیں کہ میں تم سے کتنی محبت کرتی ہوں"

اس کی آنکھوں میں آنسو ڈبڈبائے ہوئے تھے۔ میں نے کہا۔

"دیکھو رونا نہیں۔ آج کے جیسے مبارک دن آنسو بہانا نازیبا ہے"

"مبارک دن!!" وہ زہر خند کے ساتھ بولی۔ "میری قسمت میں جتنے مبارک دن تھے سب ختم ہو گئے۔ اب تو صرف موت کے مبارک دن کا انتظار ہے۔"

"اچھا یہ بتاؤ" میں نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھا۔ "کیا تمہیں اب بھی اپنے اس نامعلوم پر تیم سے محبت ہے؟ ـــــ جبکہ تمہارے

تم سے محبت نہیں کرتا۔"

اس نے نگاہیں دوسری طرف کرلیں اور خاموش ہوگئی۔

"ادھر دیکھو!" میں نے کہا اور اس کی ٹھوڑی پکڑ کے اس کا چہرہ اپنی طرف کرلیا۔ اس کی آنکھوں سے آنکھیں ملائیں۔ اس کے سیاہ دیدے آنسوؤں میں تیر رہے تھے ——— دیکھتے ہی دیکھتے وہ دو لبریز جام چھلک پڑے۔ اس نے چہرہ پھر جھکا لیا۔ میرا دل کرا ہا۔ لیکن میں نے اس کراہ کو لبوں تک نہ آنے دیا۔

"اچھا یہ بتاؤ" میں نے کچھ توقف کے بعد پوچھا۔ "تم انہیں دیکھو گی؟ ——— ان سے ملاقات کرو گی؟"

اس نے پہلے حیرت اور پھر ایک کڑوے تبسم کے ساتھ مجھے دیکھا۔ وہ سمجھ رہی تھی۔ کہ میں اس سے مذاق کر رہی ہوں۔

"کیا تم مجھے جھوٹا سمجھتی ہو؟" میں نے شکایت کے لہجے میں کہا۔

"نہیں" اس نے جواب دیا۔ "لیکن میں اب ان سے مل کر انہیں تکلیف پہونچا کر کیا کروں گی؟" اللہ اللہ کیا حسرت تھی!

میں نے بات کاٹ کر ذرا ترش روئی سے کہا۔

شاید تو شابہ کا خیال تمہیں ستا رہا ہے! ——— لیکن وہ تمہاری صرف خیال آرائی تھی۔ اب میں حقیقت سے واقف ہوگئی ہوں۔ اس کے علاوہ اب تم خود بھی تو نوشابہ ہی ہو۔ تم نے آئینے کو غور سے نہیں دیکھا!" یہ کہتے ہوئے میں نے آئینے کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ اس نے میرا ہاتھ روکتے ہوئے کہا۔ "سبھی لوگ یہ کہتے ہیں ——— مگر کیا صورت کے ساتھ قسمت بھی بدلجاتی ہے؟ ——— کاش ——— "

"کیا علم قیافہ پر تمہیں اعتبار نہیں ہے؟"

"جتنے علم ہیں سب جھوٹے ہیں"

"اچھا خیر!" میں نے پھر اصل موضوع کی طرف آتے ہوئے کہا "اگر تمہاری محبت سچی ہے تو تمہیں ان کی ہر خطا سے چشم پوشی کرنا چاہئے۔ محض ایک غلط فہمی پر ناراض ہو جانا یہ تو محبت کے شایانِ شان نہیں"

"ناراض!! ——— مجھے ناراض ہونے کا حق ہی کیا ہے؟"

"اچھا تو اپنے آنسو پونچھو۔ لبوں پر مسکراہٹ لاؤ ——— دس بجے وہ آئیں گے۔ تمہیں غمگین دیکھ کر ان کا دل دکھے گا۔ کیا ان سے ملنے کی امید تمہیں خوش نہیں کر سکتی؟"

"کچھ سمجھ میں نہیں آتا ——— آخر یہ سب اور آپ کے گھر پر کس طرح ممکن ہے؟"

"دنیا میں سب کچھ ممکن ہے۔ سب سمجھا دوں گی۔ لیکن ابھی نہیں ذرا صبر کرو"

وہ خاموش ہوگئی غالباً اسے میری بات پر یقین نہیں آیا۔ لیکن اس کا اضطراب بڑھ رہا تھا اور اس کی نظر بار بار گھڑی پر پڑ جاتی تھی میں اس سے برابر باتیں کرتی رہی۔ پرانے قصے، ہر اُدھر اکر اس کے جذبات کو جگاتی رہی۔ تاکہ جذبات اسقدر بڑھ جائیں کہ رقابت کا جذبہ بھی فنا ہو جائے۔ گویا میں "بین" پر افسانۂ محبت کو گا گا کر ایک ناگن کو مست کر رہی تھی۔

شکیلہ باتیں کرتے کرتے رک گئی اور گھبرا گھبرا کر مجھے دیکھنے لگی۔ میں نے مڑ کر دیکھا۔ جمال کھڑا مسکرا رہا تھا۔ شکیلہ کو دیکھ کر وہ ہنوز وہ "بے حس نوشابہ" کی بجائے "باصحت و مضطرب نوشابہ" کو دیکھ کر محو حیرت تھا۔ حالانکہ نظر ملتے ہی شکیلہ کا سر جھک گیا تھا۔ لیکن اس کی گردن کے خم کا انداز شرم کا پتہ دیتا تھا۔ گریز کا نہیں۔ جمال بھی سرشار تھا اور پُرشوق۔ امید بھری نظروں سے شکیلہ کو گھور رہا تھا۔ مجھ سے وہ اس قدر غافل تھا جیسے میرا وجود ہی نہ ہو۔ جمال نے ہمہ تن شوق اور سراپا محبت بن کر کہا۔

"نوشابہ! اپنی محبت کے مارے جمال پر آخر تمہیں ترس آ ہی گیا!!"

میں نے دانتوں میں انگلی داب لی۔ شکیلہ نے تڑپ کر میری طرف غضب ناک نگاہوں سے دیکھا۔ میں ایک مجرم کی طرح سہم گئی۔ جمال کے نزدیک اس کی کوئی اہمیت نہ تھی۔ وہ اسے محض ایک ادا آمیز کراس سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ شکیلہ نے بھی جمال کے چہرے پر نظریں جما دیں۔ لیکن جب آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے تو کہا۔

"میں نوشابہ نہیں ہوں۔ میں منحوس شکیلہ ہوں۔ تم مجھے یوں نہ گھورو۔ میری طرف سے اپنی نگاہیں پھیر لو" وہ یہ کہتی ہوئی قریب کے کمرے کی طرف چلی۔ جمال تڑپ اٹھا۔ اور اس کی منتیں کرتا ہوا اس کی طرف بڑھا۔

"تو کچھ بھی ہو۔ تمہارا نام کچھ بھی ہو۔ مگر میں تم سے محبت کرتا ہوں ——— دیکھو کیا تمہیں میری نگاہوں میں محبت نظر نہیں آتی؟ کائنات کا ذرّہ ذرّہ گواہ ہے کہ میں نے ہمیشہ انہیں رنگین۔ عرق آلود آنکھوں سے محبت کی ہے۔ ہمیشہ انہی نازک نازک لبوں سے لفظ محبت سن لینے کے لئے تڑپا کیا ہوں۔ ہمیشہ انہیں سیاہ سیاہ پیچیدہ زلفوں میں میرا دل الجھا رہا ہے۔۔۔"

جمّال اسی قسم کی باتیں کرتا رہا شکیلہ نے کمرے کے اندر پہونچکر دروازہ میں کنڈی لگا لی۔ ادھر دروازہ بند ہوا اُدھر جمّال بل کھا کر دروازے کے پردہ سے لپٹ گیا۔ پردہ ٹوٹا اور پردہ کے ساتھ وہ خود بھی فرش پر آ رہا۔ میں دم بخود بیٹھی ہوئی یہ سب کچھ دیکھ رہی تھی۔ میری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کیا کروں۔ میرا سارا کھیل بگڑ گیا تھا۔

آخر میں اٹھی اور دوسرے دروازے سے شکیلہ کے پاس گئی۔ وہ تخت پر منہ لپیٹے پڑی سسکیاں لے لے کر رو رہی تھی۔ میں نے اسے اٹھا کر بٹھا دیا اور طنز کے تلخ ترین لہجہ میں کہا۔

"یہی آپ کو محبت کا دعوےٰ تھا؟ محبت اسی کو کہتے ہیں؟ تمہاری ہی جیسی لڑکیاں محبت کو بدنام کرتی ہیں۔ تم نے رقابت کی انتہا کر دی۔ مجھے ڈر ہے کہ تمہارا غرور جمّال کی جان لے کر رہے گا ——— اب آج سے تم میرے سامنے یہ نہ کہنا کہ مجھے جمّال سے محبت ہے یا تھی"۔

اس کو میرے الفاظ سے بڑی چوٹ لگی۔ اس نے روتے ہوئے کہا۔

"میں گنہگار ضرور ہوں۔ لیکن اس پیمانہ کا نہیں۔ آپ نے دیکھا مگر سمجھا نہیں کہ وہ ان محبت بھری پرشوق نظروں سے مجھے نہیں دیکھ رہے تھے۔ بلکہ مجھ سے کوسوں دور نوشابہ کو۔ ان کی نگاہیں میرے دل تک نہ پہونچتی تھیں۔ بلکہ میری جلد سے ٹکرا کر گر پڑتی اور چلی جاتی تھیں ان کا دل میرے دل کو اجنبی تصور کرتا تھا۔ ان کی روح میری روح کو غیر مانوس سمجھتی تھی۔ وہ نوشابہ کے دل نوشابہ کی روح کی تلاش میں تھے وہ میری صورت سے آگے نہ بڑھتے تھے۔ میرے دل میں نہ اُترتے تھے ——— جب تک دل نہ ملیں روحیں ایک دوسرے میں سما نہ جائیں۔ اس وقت تک "محبت" محبت نہیں ہوتی"

بات وہ معقول کہہ رہی تھی۔ لیکن میں نے اس کی تردید کرتے ہوئے کہا

"تم غلط کہتی ہو۔ تمہیں ایسا اس لئے محسوس ہوا کہ نوشابہ کے متعلق تمہارے خیالات قائم ہو چکے تھے۔ یہ صرف ناموں کا الٹ پھیر ہے۔ میں تمہیں بتا چکی ہوں کہ انہوں نے تمہارا نام معلوم کرنے کی کوشش کی لیکن تمہارے ملازم نے بجائے تمہارے نوشابہ کا نام بتا دیا۔ افسوس ہے کہ تمہاری محبت اتنی سی غلط فہمی سے نفرت میں بدل گئی۔ کیا تم نے انہیں یہ کہتے ہوئے نہیں سُنا کہ تمہارا نام جو کچھ بھی ہو۔ مجھے تم سے محبت ہے؟"

اس کے چہرے سے معلوم ہو رہا تھا کہ وہ ابھی پوری طرح مطمئن نہیں ہوئی تھی۔ میں نے پھر کہنا شروع کیا۔

"اگر تمہیں ان سے محبت نہیں رہی تو جانے دو۔ میں شرمندہ ہوں کہ اتنی مصیبت اٹھا کر میں نے تمہاری آرزو کو پورا کرنے کی کوشش کی میں تم سے شکایت نہ کروں گی ——— لیکن ذرا اس پر غور کر لو۔ کہ ایک ہستی ایسی بھی ہے جو یہ جاننے کے باوجود جمّال سے محبت کرتی ہے۔ کہ وہ تم سے محبت کرتا ہے۔ اگر وہ جمّال سے شادی کر لے تو تم اس سے نفرت نہ کرنا نہ جمّال کو مجرم قرار دینا"۔

آخری فقرہ کہتے کہتے میں لرز گئی۔ اس نے نظر جھکا لی۔ میں وہاں سے یہ کہتی ہوئی چلدی کہ

"اچھا میں جاتی ہوں جمّال کی خبر لوں ۔ وہ بیہوش ہو کر گر گیا تھا۔ خدا جانے کس حال میں ہو۔ تمہارا دل تو پتھر ہو گیا"۔

جمّال کے پاس آئی تو دیکھا کہ وہ بیہوش نہ تھا بلکہ بے حس و حرکت فرش پر کرسی سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ کسی خیال میں مستغرق تھا۔ آنکھوں میں آنسو ڈبڈبائے ہوئے تھے۔ مجھے دیکھ کر اس نے کہا ——— بالکل ہی بیماروں کی آواز میں۔

"دھوکے کو میں نے پھر دھوکا نہ سمجھا ——— کسقدر نادان ہوں!"

"جی نہیں۔ دھوکا نہیں"۔ میں نے ذرا سختی کے ساتھ کہا۔ "بلکہ آپ نہ "نوشابہ" بھولیں گے نہ "شکیلہ" آپ کو یاد ہو گا۔ حالانکہ پوری طرح میں نے سمجھا دیا تھا۔ بجائے شکیلہ کے نوشابہ سنکر وہ بدگمان ہو گئی اور وہ حق بجانب تھی"۔

وہ بھی خاموش بیٹھا رہا۔ میں بھی چپ رہی۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے محسوس کیا کہ شکیلہ بھی میری پیٹھ کے پیچھے آ کر بیٹھ گئی۔ اب بھی اس کو کبھی کبھی سسکیاں آ جاتی تھیں۔ میں نے مڑ کے اس کی طرف دیکھا اس نے

اپنی اشک آلود آنکھیں اوپر اٹھائیں۔ وہ کہہ رہی تھیں کہ کیا مجھے معاف کیا جاسکتا ہے؟" دونوں طرف خاموشی تھی۔ میں وہاں سے اٹھ کر دوسرے کمرے میں چلی آئی۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے جھانک کر دیکھا تو وہ دونوں میٹھی میٹھی باتوں میں مشغول تھے۔ وہ محبت کرنے والے دلوں کی پہلی ملاقات اور پہلی گفتگو کسقدر دلکش اور سہانی ہوتی ہے۔

میرا دل دھڑک رہا تھا۔ میں سر سے پیر تک لرزہ براندام تھی لیکن میں نے انتہائی ہمت سے کام لیا تھا۔ لیکن اب ہمت جواب دے رہی تھی۔ میں نے طے کیا تھا کہ ان دونوں پروانوں کو ایک دوسرے میں مست چھوڑ کر کہیں چلدوں گی۔ کہاں جاؤں گی۔ کیا کروں گی۔ یہ مجھے خود معلوم نہ تھا۔ میں نے ایک بار پھر اپنی ہمت کو جگایا۔ میں نے دل کو سمجھایا کہ انسان دوسروں کے لئے جیتا ہے اپنے لئے نہیں۔ اپنے ضمیر کی تشفی کی خاطر انسان کو بڑی سے بڑی قربانی کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

میں فوراً کرسی کو میز کے قریب گھسیٹ کر بیٹھ گئی اور ایک خط شکیلہ کے نام دوسرا جمال کے نام لکھ کر لفافوں میں نام لکھ دیئے۔ لفافوں کو بند ہی کر رہی تھی کہ کمرے کے باہر قدموں کی آواز سنائی دی۔ میں جلدی سے اٹھی اور غلام گردش کو طے کر کے بیرونی دروازے کو کھول کر کھڑی ہو گئی رات اندھیری اور سنسان تھی۔ سامنے سے ایک کالی گھٹا اٹھ رہی تھی۔ سر پر تارے چمک رہے تھے۔ باغ میں نرم ہوا چل رہی تھی جس سے پتوں اور شاخوں میں ہلکی ہلکی جنبش ہو رہی تھی۔ مجھے ایسا معلوم ہوا کہ جیسے وہ مجھے جانے سے منع کر رہی ہوں۔ یہ خیال آتے ہی میں نے سوچا کہ مجھے جلدی کرنا چاہئے۔ اسوقت جبکہ ایک انسانی زندگی برباد ہو رہی تھی مظاہر فطرت اپنے پورے حسن پر تھے۔ میری آنکھوں میں آنسو آگئے۔ آخر میں آنسوؤں کو پینے کی اجازت دے کر کلیجہ پر پتھر رکھ کر دروازے سے نکل پڑی لیکن اس سے پہلے کہ تاریک رات شفقت مادرانہ کے ساتھ مجھے اپنی آغوش میں چھپالے کسی نے پیچھے سے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ میں سہم گئی۔ اس کے بعد ہی اس تاریک اور سنسان فضا میں ایک نازک آواز بلند ہوئی اور اس نے چلا کر کہا۔

"بانو۔ تم کہاں جاتی ہو؟"

یہ شکیلہ کی آواز تھی۔ میں نے ہاتھ کو چھڑانے کی کوشش کی لیکن وہ مجھ سے لپٹ گئی۔ جمال بھی آگیا اور وہ دونوں مجھے گرفتار کر کے مکان کے اندر واپس لے گئے۔ میں رو رہی تھی۔ لیکن مجھے یہ دیکھ کر تعجب ہو رہا تھا کہ شکیلہ خلاف امید بہت مسرور معلوم ہو رہی تھی۔ اس کی نگاہ شرارت سے مسکرا رہی تھی۔ اس کے ہونٹ ظریفانہ انداز میں کچھ کہنا چاہتے تھے۔ میں نے خیال کیا کہ یہ سب باتیں نمائشی ہیں۔ اور محض درد و غم کی پردہ پوشی کے لئے یہ صورت اختیار کی گئی ہے — اور اس لئے بھی کہ میری دل شکنی نہ ہو۔ جمال بالکل خاموش تھا۔ کسی گہرے خیال میں ڈوبا ہوا گرد و پیش سے بے خبر متعلقات سے بے نیاز۔ شکیلہ اکدم ظریفانہ انداز میں بول اٹھی۔ میں چونک گئی۔ اس نے کہا

"ہاں تو اس وقت آپ باغ کی سیر کو جا رہی تھیں؟ — اسقدر اندھیری رات میں باغ نہ جایا کیجئے ——— اور پھر تنہا!!"

میں بالکل خاموش رہی۔ وہ پھر کہنے لگی۔

"اچھی بانو! تم نے سنا؟ ——— جس لڑکی کا ذکر ابھی ابھی تم نے مجھ سے کیا تھا معلوم ہوا کہ اس نے جمال سے شادی کر لی۔ میری طرف سے اسے مبارکباد دیدینا"

میں نہایت کے ساتھ اس کی طرف دیکھنے لگی۔ پھر سکون کے ساتھ جواب دیا۔

"لیکن تم نے یہ بھی سنا کہ اس کی شادی جمال سے کس طرح ہوئی۔ اور وہ تمہارے لئے ہر قربانی کرنے کو تیار تھی۔ یہ خط جو تم لئے ہو اس کو شاید ابھی تم نے نہیں پڑھا"

"اچھی طرح پڑھ لیا ورنہ میں آپ کو گرفتار کسطرح کر پاتی؟ ——— اب میں آپ کو ہمیشہ کے لئے اس مکان میں نظر بند کرتی ہوں اور جمال کو آپ کا نگراں مقرر کرتی ہوں۔ کبھی کبھی میں دیکھنے آیا کروں گی"

مجھے اس کی بے محل ظرافت پر تعجب بھی ہو رہا تھا۔ اور غصہ بھی آرہا تھا۔

"صاف صاف باتیں کرو شکیلہ!" میں نے کہا۔ تم جمال سے محبت کرتی ہو اور جمال تم سے۔ میں تم دونوں کے درمیان دیوار کی طرح حائل کر دی گئی ہوں۔ بہتر یہی ہے کہ مجھے تم جانے دو ورنہ زندگی بھر میرا ضمیر مجھے ملامت کرتا رہے گا ——— شکیلہ! ضمیر کی آسودگی کے بغیر زندگی عذاب ہو جائے گی"

"لیکن میرے پاس بھی تو ضمیر ہے!" اس نے انتہائی درد کے ساتھ کہا۔ اور اب اس کی آنکھوں میں آنسو تھے۔

"بانو" وہ کہتی رہی "میں تم سے التجا کرتی ہوں کہ تم کچھ خیال نہ کرو۔ میں سچے دل سے کہتی ہوں کہ مجھے تم سے قطعی شکایت نہیں اور میں صورت حال کو پوری طرح سمجھ گئی ہوں۔ تم نے جو کچھ کر سکتی تھیں کیا تم نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ تمہارے ضمیر کی تشفی ہو گئی۔ اب میرے ضمیر کو بھی مجروح نہ کرو ——— اگر تم نے میری بات نہ مانی تو میں خودکشی کر لونگی۔ میں تم سے وعدہ کرتی ہوں کہ میں برابر آیا کروں گی۔ مجھے اس سے زیادہ کچھ نہیں چاہئے۔ محبت کو ناکامی ہی سے دوام حاصل ہے"

اس کی ظرافت ختم ہو گئی تھی۔ وہ سنجیدہ ہو کر آبدیدہ ہو گئی تھی اب وہ جمال سے مخاطب ہو کر بولی۔

"اگر آپ کو مجھ سے محبت ہے تو میری بانو کا خیال رکھئے گا۔ اس نے ہم پر کتنا بڑا احسان کیا ہے اس نے ہماری محبت کو ہمیشہ کی بخشدی ہے۔ ذرا میری موٹر دروازے پر لگوا دیجئے اور مجھے سوار کرا دیجئے۔ بہت رات گئی ہے انشاء اللہ پھر آؤنگی"

میں نے کہا۔ "شکیلہ اس قصہ کو طے نہ سمجھو۔ میں تمہارے فیصلہ پر عمل کرنے کے لئے ہرگز تیار نہیں۔ میں تمہیں اس وعدے پر جانے دوں گی کہ کل ہی تم پھر آؤ۔ تاکہ تم سے مفصل طور پر باتیں کر کے اپنا نقطۂ نظر تمہیں سمجھا دوں کل ہی آخری فیصلہ ہو گا"

اس نے کچھ سوچا۔ اس کے بعد بولی "اچھی بات ہے میں کل آؤں گی۔ ضرور آؤنگی"

اس کے بعد وہ مجھ سے بغلگیر ہو گئی۔ ہم دونوں رو دیئے۔ ہم اور جمال اسے دروازے تک پہونچانے گئے۔ ڈرائیور اتفاق سے کہیں چلا گیا تھا۔ ہم لوگوں نے کہا کہ "ذرا اور انتظار کر لو شاید آجائے" لیکن اس نے نہ مانا "بہت رات ہو گئی ہے"۔ اس نے کہا۔ اب میں رک نہیں سکتی۔ مجھے خود "ڈرائیو" کرنا آتا ہے۔ ڈرائیور جب آجائے تو اسے بھیج دیجئے گا" ہم لوگوں نے اسکی مخالفت کی لیکن وہ فوراً "جا کر" "اسٹرنگ" پر بیٹھ گئی۔ اس نے "سلف" لگایا ہی تھا کہ ڈرائیور آ گیا۔ سمجھے خدا کا شکر ادا کیا اور کہا کہ "لو بیٹھو ڈرائیور آ گیا" اس نے کہا۔ تو اس کے معنی یہ ہیں کہ مجھے موٹر چلانا نہیں آتا"۔ یہ کہکر اس نے ڈرائیور کو پیچھے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ اور گیٹ سے نکل گئی۔ ہم لوگ حیران کھڑے رہ گئے

شکیلہ کے چلے جانے کے بعد میں نے اس دن کے واقعات کا تجزیہ شروع کیا۔ ایک ایک کر کے کل واقعات میرے ذہن میں چکر لگا رہے تھے۔ شکیلہ نے مجھے متحیر کر دیا تھا۔ مجھے یقین نہ آتا تھا کہ طفلانہ خصلت شکیلہ اسقدر جلد اتنی سمجھدار ہو گئی ہے۔ وہی نازک مزاج شکیلہ جو ذرا سی دلشکنی اور ذرا سی ناامیدی پر رو دیا کرتی تھی۔ یا جھنجھلا پڑتی تھی اس روز اسقدر زبردست قوت برداشت کا مظاہرہ کس طرح کر گئی۔ شاید نازک ہستیاں ہی سب سے زیادہ مضبوط ہوتی ہیں۔ میں اسی قسم کے خیالات میں منہمک تھی۔ آنکھوں سے نیند اڑ گئی تھی۔ جمال بھی اسی طرح خیالات میں ڈوبا ہوا بیٹھا تھا۔

تھوڑی دیر کے بعد میرا دل زور سے دھڑکنے لگا۔ گھڑی کی ٹک ٹک سے کان پھٹنے لگے۔ میں گھبرا کر اٹھ کھڑی ہوئی۔ جمال بیٹھے بیٹھے سو گیا تھا اور خواب میں کچھ بڑبڑا رہا تھا۔ اکدم وہ چیخ پڑا۔ میں سہم گئی۔

"کیا بات ہے" میں نے قریب جا کر پوچھا۔

"کچھ نہیں ——— کچھ نہیں" اس نے کہا اور نڈھال ہو کر لیٹ گیا اس کے سینے کا زیر و بم اس کے دل کی دھڑکن کا پتہ دے رہا تھا۔ رفتہ رفتہ مجھے اس کی دھڑکن کانوں سے سنائی دینے لگی۔ یہ پہلا موقعہ تھا۔ کہ ہم دونوں کے دل ایک ساتھ دھڑک رہے تھے۔ میں بیٹھی رہی اور مجھے نہیں معلوم کہ کب تک بیٹھی رہی ——— جب میری آنکھ کھلی تو میں نے دیکھا کہ جمال میرے سر کو اپنے ہاتھوں میں تھامے ہوئے غور سے چہرہ دیکھ رہا ہے۔ میں نے گردن موڑ کر گھڑی کی طرف دیکھا۔ رات کے تین بجے تھے۔ جمال نے میرے چہرے کو پھر اپنی طرف کر لیا اور کہا۔

میں نے خواب دیکھا ہے۔ میں نے دیکھا کہ میں خودکشی کرنے کی نیت سے دریا کی طرف جا رہا ہوں۔ اس کے کنارے پہونچکر میں نے پانی کی سطح کو دیکھا اس میں مجھے شکیلہ کا چہرہ نظر آیا۔ اس نے مجھ سے کہا کہ ابھی یہاں نہ آؤ۔ پانی بہت ٹھنڈا ہے۔ چلو میں بانو کے پاس تمہیں ملونگی میں گھر لوٹ آیا تم برجو نظر ڈالی تو تم بالکل شکیلہ کیطرح نظر آئیں ——— یہی بہت دیر سے غور کر رہا ہوں کہ تم شکیلہ ہو یا بانو"

میں نے چپ چاپ اس خواب کو سنا اور چپ ہی رہی۔ صبح یہ خبر

نواب آصف الدولہ کا مرغ خانہ

(از خواجہ عبد الرؤف صاحب عشرت لکھنوی)

نواب آصف الدولہ کو مرغ بازی اور ہاتھی کی جنگ کا بیحد شوق تھا۔ اور ان کے عہد میں فیل خانہ اور مرغ خانہ قابل دید تھا۔ مرغ خانہ سنگ گنج کے قریب ایک بڑی عمارت میں تھا۔ اور بڑے بڑے نامی مرغ باز آسیں نوکر تھے اس کا خرچ ہزار روپے کا تھا۔ بڑے بڑے والیان ملک اسے دیکھنے آتے۔ مرغ خانہ ایک بہت بڑی کوٹھی میں تھا۔ اور ہر ایک مرغ باز کے متعلق صرف پانچ پانچ مرغ تھے۔ مرغ مختلف النسل تھے۔ ہر مرغ باز کا فرض تھا کہ اپنے اپنے مرغ کی نسل کی مرغیاں حاصل کرائے اس لئے ضرور سال بھر میں صرف دو انڈے لیکر دو بچے حاصل کرے کیونکہ مرغ کی عمر دس برس کی سمجھی گئی تھی۔ مرغ کو جنگ کے واسطے تیار کرنا بھی ایک جداگانہ تھا۔ جس وقت مرغ دو برس کا ہوتا تھا تو اسے جنگ میں پیش کرتے تھے۔ اور جب سال بھر سے کم کا ہوتا تھا اور اڑان دینے لگتا تھا تو اسے مرغیوں سے بچاتے تھے۔ اور اگر فربہ ہوتا تو جلاب دے کر بلا کرتے۔ نحیف ہوتا تو کچے انڈے کی زردی روغن بادام شہد میں کھلاتے اور روغنی روٹی کی گولیاں بنا کر کھلاتے پھر نہایت صاف چاندنی بچھا کر ایک نیلا مرغ اس کے سامنے فرش پر لاتے اور دو چار پانی کرتے۔ مہینے میں دو ایک بار یہی شغل جاری رہتا۔ جب اس کے خار نکل آتے تو اسپر لوہا چڑھا دیتے پھر نواب سے عرض کرتے کہ حضور ہمارے پاس ایک مرغ تیار ہے۔ پچاس مرغ باز اس خدمت پر ملازم تھے۔ گرمی کے زمانے میں انکو ٹھنڈے پانی سے نہلاتے تاکہ گرمی نہ معلوم ہو اور سردی کے زمانے میں دس بجے تک دھوپ کھلاتے۔ اس کے بعد پانی میں کچھ دوائیں ڈال کر نیم گرم پانی سے نہلا کر کچھ غذا کھلا کر پنجے کے اندر کر دیتے ہر فصل اور موسم میں مرغ کو روزانہ نہلاتے تھے۔ اور صاف کپڑے سے پوچھ کر انکو غذا دیتے بعض مرغ جو جوانی میں گرمی سے زیادہ پریشان ہوتے تھے انہیں دن میں دو دفعہ نہلا کر غذا دیتے تھے۔ نواب آصف الدولہ بہادر خود تامجان میں سوار ہو کر مہینے میں ایک مرتبہ ضرور اُن کا معائنہ کر کے مرغ بازوں کو مناسب ہدایتیں کرتے تھے مرغ خانہ ایک محلہ تھا جو آج تک اسی نام سے پکارا جاتا ہے اُس کے چاروں طرف مرغ باز رہتے تھے جنکی پرورش اس پیشہ کی بدولت تھی۔

باہر کے زمیندار وغیرہ آتے تھے اُنکی خواہش یہی ہوتی تھی کہ جسطرح ممکن ہو سکے نواب آصف الدولہ کا مرغ خانہ اور فیل خانہ دیکھ لیں بہت رشوتیں دے کر بہت سفارشیں اٹھوا کر مرغ خانہ کی زیارت نصیب ہوتی تھی اس مرغ خانہ میں طرح طرح اور نسل نسل کے ہزاروں قسم کے مرغ تھے جو عالم شباب سے گزر جاتے تھے۔ اُن سے انڈے لے کر بچے لئے جاتے تھے ان سے انڈے لینے کے بعد جنگ کا کام نہیں لیا جاتا تھا۔ ایک مکان کے روشن حصہ میں صاف اور سفید فرش بچھا ہوتا تھا جسے اکھاڑہ کہتے تھے جسپر مرغ ٹہلائے جاتے تھے۔ جب کوئی مرغ کسی بیماری میں مبتلا ہو جاتا تھا تو شفاخانہ میں بھیجدیا جاتا تھا۔ شفاخانہ مرغ خانے کے قریب اور مریض مرغ اس میں رہتا تھا۔ معمولی بیماری ہوتی تو مرغ باز اُس کا علاج کرتے اور اگر کوئی بیماری سخت ہوتی تو حکیم مرزا علی بہادر علاج کے واسطے بلائے جاتے جو مرغ خانے کے شفاخانہ کے ملازم تھے جیسے رتوندی۔ فالج۔ درد گردہ وغیرہ میں مبتلا ہوتا حکیم مرزا علی بہادر پہلے مرغ باز تھے۔ مرغوں کا علاج کرتے کرتے حکیم بن گئے اور بڑا تجربہ انہیں اس بارے میں حاصل تھا ابتدا میں ایک مرغ باز نوکری کی تلاش میں لکھنؤ آئے تو انہیں معلوم ہوا کہ نواب صاحب کا مرغ خانہ دنیا میں ایک ہے اور پچاس مرغ باز اس سرکار میں نوکر ہیں تو مرغ خانہ دیکھنے کا بڑا شوق ہوا۔ بہت کوشش کی ناکام رہے ایک دن قسمت سے مہاراجہ ٹکیٹ رائی کے دربار تک رسائی ہوئی۔ بچارے رو رو کر اپنی

غربت کا حال کہنے لگے۔ کہ بندیل کھنڈ کے راجہ کے یہاں مرغ بازوں میں نوکر تھا۔ نام تخفیف میں آیا ہے۔ مدت سے لکھنؤ دیکھنے کا شوق تھا۔ یہاں وہ مہینے سے پڑا ہوا ہوں۔ نواب تک پہنچنا تو کجا کوئی مرغ خانہ بھی دکھائی نہیں دیتا شاید حضور کی توجہ سے یہ آرزو پوری ہو جائے۔ مہاراجہ کی کوشش سے انہیں مرغ خانہ دیکھنا نصیب ہو گیا۔ دیکھا تو آنکھیں کھل گئیں۔ عملہ والوں سے ملے ان کے جاہ احتشام کو دیکھا۔ اُن کی سواریاں دیکھیں۔ ساز و سامان دیکھا۔ سفید پوشاکیں دیکھیں۔ خرچ دیکھے۔ دل میں کہنے لگے اللہ اللہ جس کے ادنےٰ نوکروں کی یہ شان ہے اس کے مالک کا کیا پوچھنا اس سرکار میں تو دولت کا مینہ برس رہا ہے۔ لالچ آیا کہ کسی طرح نواب آصف الدولہ کے دربار تک رسائی ہو جائے تو کیا پوچھنا ہے۔ مگر ہم ایسے مسافروں کی رسائی کہاں ممکن ہے۔ مہینوں مہاراجہ کی خدمت میں حاضری دی۔ ایک دن دبی زبان سے یہ بھی عرض کیا۔ آپ کی بدولت مرغ خانہ تو دیکھ لیا۔ مگر ایک دل میں حسرت باقی رہ گئی۔ مہاراجہ نے پوچھا وہ کیا۔ عرض کیا نواب کی قدمبوسی کی آرزو باقی ہے۔ فرمایا یہ مشکل کام ہے۔ نواب کے دربار کے لئے قواعد ہیں۔ آداب ہیں۔ ان کے تم متحمل نہیں ہو سکتے ابھی تم سے یہاں کے رئیسوں کا دربار نہیں دیکھا تو نواب کے دربار میں کیونکر جا سکتے ہو۔ عرض کیا اگر حضور توجہ فرمائیں تو احسان ہوگا۔ غرض کچھ منت و سماجت کی۔ مہاراجہ کو اُن کے حال پر رحم آگیا۔ فوراً وعدہ کر لیا۔ اچھا موقع سے دیکھا جائے گا۔ ایکدن موقع پاکر انسے کہا کل آٹھ بجے سے درِ دولت پر حاضر رہنا دس بجے کے بعد تمہاری طلبی ہوگی۔ مرغ باز جن کا نام صفدر علی تھا بہت خوش ہوئے اور دوسرے روز سویرے سے درِ دولت پر حاضر ہوئے۔ مرّوے کو اپنا نام بتایا۔ صبح سے بیٹھے بیٹھے گیارہ بجے تو مرّوے نے ہاتھ پکڑا اور درِ دولت میں لال پردہ اُٹھا کر عرض بیگی کے حوالہ کر دیا۔ اس نے ہدایت کی جیسا ہم کہیں اُسی تعلیم سے آداب بجا لانا۔

اب جو دوسرا پردہ اُٹھتا ہے تو کیا دیکھتا ہے کہ دو طرفہ زرق برق پوشاک پہنے ہوئے ایک ایک کرسی اعلےٰ مرتبہ کے لوگ رونق افروز ہیں۔ اور بیچ میں شہ نشین پر حضور اعلےٰ جلوہ فرما ہیں۔ سونے کا چتر لگا ہوا ہے مورچھل بردار مورچھل جھل رہا ہے۔

خدام خاص دست بستہ کھڑے ہیں۔ کسی کی طاقت نہیں جو آنکھ بھر کے دیکھ سکے سب خاموش بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ دیکھ کر اُن کے بدن میں زلزلہ پیدا ہو گیا۔ آنکھیں بند کر لیں۔ نیم قدم ہو کر چلنے کا حکم ملا۔ دو آدمی پکڑے ہوئے تھے۔ عرض بیگی نے حکم دیا سات مرتبہ جھک کر سلام کرو چار و ناچار جھک کر نگہ نیچی کر کے سلام کیا اور نذر کی دو اشرفیاں دکھائیں حضور نے ہاتھ رکھ دیا۔ زبان بند ہو گئی۔ منہ سے کچھ نہ بول سکے غش پر غش آنے لگے۔ مرّوے انکو الٹے پاؤں واپس لائے۔ درِ دولت سے باہر کر دیا مردے کی طرح ڈال دیا۔ جیسے گئے تھے واپس آگئے۔ بہت شرمندہ ہوئے اور پھر جانے کی ہمت نہ کی۔ ناکام اپنے شہر واپس گئے۔ اور عمر بھر اپنی قسمت کا رونا روایا کئے۔

نواب کے ایک رفیق نے عرض کی حضور ایک مرغ باز دہلی سے آیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اگر حضور حکم دیں تو جاوے سے مرغ لاؤں جو دنیا میں سب سے بہتر ہوتے ہیں۔ فرمایا کہ جاوے کے مرغ ہمارے یہاں موجود ہیں۔ انہیں نے کہا کہ حضور وہ کہتے ہیں کہ جاوے کا جو کالے تالو کا ہوتا ہے وہی شہپر مرغ کہلاتا ہے دہلی کے بادشاہوں کی سرکار میں تھا۔ ہر کسی کو اُس کی شناخت نہیں ہے میں خود خرید کر لایا تھا۔ فرمایا کیا مضائقہ ہے اس سے ہمارے واسطے کل مرغ منگاؤ اسے یہاں سے ہزار روپیہ مل گیا اور چھ مہینے میں واپس آیا اور چار مرغ چکلے چوڑے لا کر حاضر کئے بہت سا انعام ملا۔ وہ مرغ باز نوکر ہو گیا۔ اسوقت مرغ بازی کا طریقہ بہت خراب تھا۔ یعنی حضور عالی لڑائی کے مرغ کے کانٹے پر لوہے کا خول چڑھا دیتے تھے۔ اور اس زمانے میں یہی رواج تھا۔ کہ سب مرغ باز اپنے اپنے مرغ کے کانٹے پر لوہے کا خول چڑھا دیتے تھے جس سے کبھی کبھی مرغ ایسا زخمی ہو جاتا تھا کہ جانبری کی امید نہ رہتی تھی۔ مگر نواب آصف الدولہ کی درگاہ میں ہر شخص کو یہ اختیار نہ تھا کہ وہ مرغ بازی کے لئے حضور میں درخواست کر سکے کہ مرغ لڑانا چاہتا ہوں۔

بلکہ خود سرکاری مرغ لڑائے جاتے تھے۔ اور سرکاری عہدہ دار اس میں تماشہ دیکھنے آتے تھے۔ جن رئیسوں کو مرغ کا شوق تھا وہ مرغ پالتے محض نواب کی خوشی کی غرض سے اور جب حکم ہوتا تھا اپنا مرغ مشق کرتے تھے۔ اور بعض نواب کے عزیز یہ شوق کرتے تھے کوئی مہینہ خالی نہ جاتا تھا

کہ مرغ بازی کا شغل نہ ہوتا۔ نواب عضد الدولہ شجاعت علی خاں مرزا جنگلی نواب مرزا فخر الدین حیدر نواب امیر الدولہ عرف مرزا ینڈو نواب مرزا اکبر الدین حیدر نواب سالار جنگ نواب حسن رضا خاں صاحب۔ نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خاں ان سب کے یہاں مرغ پلے تھے اور ان کے بڑے بڑے کارخانے تھے۔ نواب امیر الدولہ کا کارخانہ محلۂ کاظمین کے قریب منصور نگر سے آگے تھا۔ قریب سعادت گنج کے اور انکا مرغ خانہ بھی وہیں تھا۔ ایک روز حضور سے کہا۔ حضور میرے یہاں ایک مرغ تیار ہوا ہے حکم ہو ہم کو دکھاؤ۔ مرغ دیکھا فرمایا۔ ہمارے مرغ خانہ سے ایک مرغ پسند کر و حیدر بیگ خاں نے ایک مرغ اسیقدر قد کا اور اسی وزن کا انتخاب کیا۔ اور حضور سے عرض کیا فلاں مرغ اسی وزن کا تجویز کیا گیا ہے۔

آپ نے فرمایا اچھا ہے تو اپکی اتوار کو مرغ لڑے گا یہ شہرت تمام شہر میں پھیل گئی اور جو لوگ حضور میں حاضر ہوتے تھے اپنے اپنے سامان کرنے لگے۔ مرغ باز بھی اپنے مرغ کو تیار کر رہا ہے جب دونوں طرف سے مرغ باز تیار ہو گئے تو مرغ خانہ میں حاضر ہوئے وہاں ایک وسیع کمرہ تھا جس میں سفید چاندنی کا فرش بچھا ہوا تھا۔ دونوں مرغ باز اپنے اپنے مرغ فرش پر ٹہلانے لگے۔ اتنے میں حضور تاجمان پر سوار ہو کر تشریف لائے سب نے سر خم ہو کر تعظیم دی۔ اس کے بعد ملک الشعرا امیر تقی میر دہلوی پالکی میں سوار ہو کر آئے۔ جنرل سلیمن مارٹن صاحب۔ نواب حیدر بیگ تشریف لائے اور مرغ بازی اس طرح شروع ہوئی کہ نواب آصف الدولہ کا مرغ باز اور حیدر بیگ خاں کا مرغ باز دونوں آمنے سامنے بیٹھے اور اپنے اپنے مرغ کو سامنے چھوڑ دیا۔ دونوں مرغ تیار تھے اور جوانی میں چڑھے ہوئے ایک دوسرے پر حملہ آور ہوئے۔ برابر کی چوٹیں چلنے لگیں دونوں طرف کے مرغ زخمی اور کوفتی ہو گئے۔ گھنٹہ بھر کے بعد دونوں نے اجازت لے کر اپنے اپنے مرغ کو سینکا اور خون پوچھا اور پھر ٹہلایا اس کے بعد پھر آمنے سامنے چھوڑے گئے دونوں گتھ کے شیرانہ وار کرنے لگے۔ ایک نے دوسرے کو مارے چونچوں کے زخمی کر دیا۔ دونوں طرف لہو بہنے لگا مرغ باز اپنے اپنے مرغ کو شہ دیتا تھا ہاں بیٹا اور دو چار ہاتھ رکنا نہیں پالا مار لیا ہے۔ شاباش ہے نیچے نہ آنا ایک حملہ اور کر اور دوسرا مرغ ذرا تیز ہو کر اچھلا۔ مرغ باز نے کہا غصہ نہ کرو حریف کو جواب دو اس نے دو چار پنجے جھاڑ دیئے۔ ایک نے دوسرے کو نیچے رکھ لیا۔ پپوٹے چلنی چلنی ہو گئے۔ باچھیں چھل گئیں۔ جب تین گھنٹے پورے ہو گئے تو سب کو خیال ہوا اب دونوں تھک گئے دونوں اٹھا لئے جائیں مگر مرغ باز نے کہا ابھی مرغ میں طاقت ہے ایک گھنٹہ اور لڑ سکتا ہے۔ آخر گھنٹہ بھر تک دونوں جی توڑ کر لڑا کئے نہ اس کی فتح آخر مرغبازنے پھر مرغ کو شہ دی ہاں بیٹا ایک چوٹ ایسی کرو کہ حریف منہ پھیر دے۔ یہ سنکر نواب کے مرغ نے پیٹ میں حریف کے ایسا کانٹا مارا کہ لوہے کی نوک لگنے سے اس کے پیٹ کی کھال کٹ گئی اور آنتیں نکل پڑیں۔ اس پر بھی وہ مرغ برابر لڑنے لگا۔ نواب نے حکم دیا فوراً اٹھا لو مرغ باز نے اپنا مرغ اٹھا لیا اور پیٹ کی کھال میں ٹانکے دے کر کچھ روغن زیتوں ملا۔ اور اس کے زخم پوچھے جنرل سلیمن صاحب نے آصف الدولہ بہادر سے عرض کی حضور کی ایک صورت بہت ظلم آمیز ہے یعنی مرغ کے کانٹے اک تو یونہی خطرناک ہوتے ہیں۔ اسپر حضور کا حکم ہے کہ اسپر خول چڑھایا جائے اس سے اور زیادہ خطرناک ہو جاتا ہے۔ نوبت ہلاکت کی آجاتی ہے۔ میں حیدر بیگ خاں کے مرغ کی تعریف کروں گا کہ باوجود ایسا گہرا زخم کھانے کے پھر اپنی جان کا پاس نہیں کیا اور برابر حریف کے مقابلہ ڈٹا رہا۔ اگر یہ خطرناک چیز کو آپ دفع کر دیں تو مجھے امید ہے کہ ضرور تمام مرغ اس آفت سے بچ جائیں۔ میں نے اسوقت اپنی آنکھ سے دیکھا کہ کانٹا مرغ کے پیٹ میں گھس گیا۔ اس کا کام تمام ہونے میں کوئی کسر باقی نہیں رہی۔ نواب نے اپنے سرجن سلین کی طرف رخ کیا۔ سب نے کہا کہ واقعی جنرل صاحب کی تجویز بہت کارآمد ہے۔ مرغ کے کانٹے یونہی کیا کم خراب ہوتے ہیں اس پر لوہے کا خول جان لیوا ہو جاتا ہے۔ نواب نے حکم دیا کہ آج سے کسی مرغ کے کانٹوں پر خول نہ چڑھایا جائے بلکہ ان کے کانٹوں پر کپڑا لپیٹ دیا کریں تاکہ وہ مہلک طریقہ سے زخمی نہ ہوں۔ نواب کی اس رائے کو سب نے پسند کیا اور اس دن سے مرغ کو اس تکلیف سے آزادی مل گئی۔ مگر اس کے محرک جنرل سلیمن صاحب بہادر تھے جن کو مرغ کی یہ حالت دیکھ کر کمال افسوس آیا۔ تیسرے دن مرغ باز امیر الدولہ حیدر بیگ کا مرغ دکھانے لایا تو اس کے پیٹ میں زخم کا کہیں کوئی نشان تک نہ تھا ایک مرتبہ جنرل برسٹو صاحب

رزیڈنٹ ہو کر لکھنؤ آئے اور نواب سے خوب پینگ بڑھے۔ ایک مرتبہ نواب سے فرمائش کی حضور کے یہاں کوئی مرغ کی لڑائی ہو تو مجھے ضرور یاد فرمائیے گا۔ نواب نے اسی وقت دربار کی طرف دیکھا الماس علی خاں نے عرض کی غلام کے یہاں ایک مرغ جاوے کا تیار ہوا ہے اگر حکم ہو تو حاضر ہے نواب نے فرمایا ہم کو پریذیڈنٹ صاحب کی خاطر ملحوظ ہے۔ اچھا اتوار کو دس بجے مرغ لے کر حاضر ہو جانا اور ہمارے مرغ خانہ سے ایک مرغ تجویز کر لو۔ الماس علی خاں نے اسی قد و قامت اور اسی وزن کا ایک مرغ تجویز کیا۔ اتوار کے دن صرف طلبیدہ دس حضرات تشریف لائے۔ بلکہ الشطرنج میر تقی بھی اپنی جھالدار پالکی پر تشریف لائے جان برسٹہ صاحب اپنی پالکی پر ہندوستانی لباس میں تشریف لائے۔ مہاراج کمیٹ رائے میاں الماس علی خاں اپنے حضور بوجے پر سوار ہو کر رونق افروز ہوئے دونوں مرغ باز اپنے اپنے مرغ لے کر میدان میں آئے اور فرش پر ٹہلانے لگے۔ دونوں کو چھوڑ دیا اب پیچھے ہٹ کر بیٹھے۔ دونوں مرغوں نے آفت جوت دی ایک گھنٹہ گذر گیا۔ حکم ہوا اٹھاؤ نہیں۔ مرغ بازمایوس ہو کر دو گھنٹہ کامل لڑنے کے بعد نواب کے مرغ نے گردن ڈالی اور دیر تک چونچیں کھایا کیا۔ لیکن پیچھے قدم نہیں ہٹایا لائیں اور چونچیں کھاتے کھاتے زخمی ہو گیا۔ اور بہت مضمحل۔ لیکن حریف کے سامنے ڈٹا رہا۔ سب کا گمان غالب تھا کہ نواب کا مرغ اب بھاگ جائے گا الماس علی خاں دل میں خوش ہو رہے تھے کہ آج جاوے والا مرغ جیتے گا اور یہ گمان یقین سے بدل جاتا تھا۔ جواب نواب کا مرغ افیونیوں کی طرح گردن ڈالے ہوئے زمین دیکھ رہا۔ تین گھنٹے ہوئے چار گھنٹے ہوئے یہانتک کہ الماس علی خاں کا مرغ بھی تھک گیا اس کا بھی دم آگیا۔ ہانپنے لگا کندھے ڈال دیئے۔ پر کھول کھول کر رہ جاتا۔ اب نواب کا مرغ افیون کے نشہ سے بیدار ہوا۔ اپنے حریف پر حملے کرنے لگا۔ چونچوں سے زخمی کر دیا ہاتھ بھر اونچا ہو کر لاتیں رسید کیں اب الماس علیخاں کے مرغ کی خیر نظر نہیں آتی بازی کا رخ بدل گیا۔ اور ساری محفل کا خیال ہو گیا اب سوا ہاتھ کا مرغ مارے گا۔ جب دونوں مرغ نہایت کوفتہ ہو گئے دم ٹوٹ گیا تو نواب کے مرغ نے چک کر ایک لات اس زور سے ماری کہ الماس علی خاں کا مرغ بیٹھ موڑ کر لوٹ دم بھاگا۔ اس بازی میں نواب کو ایسی خوشی ہوئی کہ حکم دیا بادشاہی مصور کو بلوا کر حاضرین جلسہ کی تصویر کا ایک گروپ بنایا جائے۔ چنانچہ گروپ اس وقت تک حسین آباد کے تصویر خانے میں جو تالاب کے قریب موجود ہے اور قابل دید ہے۔ یہی معلوم ہوتا ہے کہ مصور نے اپنے قلم سے ابھی ابھی تصویر بنائی ہے ؛

.....

(عشرت لکھنوی)

لیلےٰ کے خطوط و روزنامچہ کی قیمت میں تخفیف

ہندوستان کے مشہور فلسفی ادیب قاضی عبدالغفار صاحب کی

شاہکار تصنیف۔ جس کا جواب اردو تو کیا دنیا کی کوئی زبان آجتک پیش نہ کر سکی۔ جس طرح لیلےٰ کے خطوط اور ادبیات میں ایک نیا اقدام ہے ..... اسیطرح روزنامچہ بھی نفسیات کا ایک نیا مطالعہ ہے۔ دو نقش ..... فطرت انسانی کے ..... ایک ..... فریاد ہے ..... غم نصیب "عورت" ایک داستان ہے ..... عیش پرست "مرد" ظالم کی۔ دونوں کتب کی قیمت تین روپے آٹھ آنے کی بجائے نیرنگ خیال کے خریداروں سے دو روپے آٹھ آنے (بیرنگ) علاوہ محصول ڈاک

منگانے کا پتہ:۔ **نیرنگِ خیال بک ڈپو ۳۶ بیڈن روڈ۔ لاہور**

چچا چھکن کے ابتدائی کارنامے

(از جناب محمد ابراہیم خاں مسلم یونیورسٹی علی گڈھ)

رات کے کوئی نو بجے ہوں گے جو چچا چھکن نے باہر سے دروازہ پر دستک دی۔ پانچ منٹ کے وقفہ کے بعد اندر سے زنجیر کھلی اور چچا چھکن چوروں کی طرح دبے پیروں گھر میں داخل ہوئے۔ پہلے تو غلیل کا چلّہ اُتار کر غلیل کھونٹی پر لٹکائی۔ گلے سے غلوں کا تھیلا اُتار کر اُسی کھونٹی پر لٹکایا۔ پھر فاکی نیکر اور قمیص اُتار کر جو نا اُتارا سلیپر پہنے۔ مشکے سے پانی لیا اور ہاتھ منہ دھونے بیٹھ گئے۔ چچی نے اُنکی کسی بات کا لونٹس نہ لیا۔ وہ اپنی بچی کو لئے ہوئے پلنگ پر لیٹی رہیں البتہ کن انکھیوں سے چچا چھکن کی تمام حرکات دیکھ رہی تھیں۔ اب چچا چھکن آستینیں چڑھا کر پلنگ پر اس انتظار میں آبیٹھے کہ چچی اُن کے سامنے کھانا لاکر رکھیں گی۔ مگر چچی اسی طرح لیٹی رہیں۔ بلکہ چچا چھکن کی طرف سے کروٹ لے کر بچی کو تھپکنے لگیں حالانکہ بچی غفلت کی نیند پڑی سو رہی تھی۔ چچا آخر تو کوئی بچہ نہ تھے کہ اس بے رخی کی وجہ نہ سمجھ سکتے۔ جانتے تھے کہ آج بیگم صاحبہ بے حد خفا ہیں اور یہ بھی جانتے تھے کہ اُن کا خفا ہونا بے جا بھی نہیں۔ سوچ رہے تھے کہ اگر آج خیریت سے گزری تو شکار پر اور اُن دوستوں پر جو زبردستی شکار کے لئے ساتھ لے جاتے ہیں۔ آئندہ لعنت بھیجدیں گے اور پھر بیگم صاحبہ کو کم از کم اس معاملہ میں ہماری طرف سے کوئی شکایت کا موقع نہ ہوگا۔

اس حالت میں پندرہ منٹ گزر گئے۔ جب چچا چھکن نے دیکھا کہ بیگم صاحبہ کے نزدیک ہماری موجودگی ابھی تک مشتبہ ہے تو اُٹھے۔ کہ آپ ہی باورچیخانے سے کھانا لاکر کھالیں۔ چچی تاڑ گئیں کہ وہ کیا حرکت کرنے والے ہیں۔ آخر تھیں تو ہندوستانی ہی بیوی یہ تکلیف چچا چھکن کو دینا نہ چاہتی تھیں۔ اُن کی بھی ہر ہندوستانی بیوی کی طرح یہ خواہش تھی کہ یہاں ہمیشہ کم از کم اس معاملہ میں تو انکا دست نگر ہی رہے۔ اُٹھیں اور بغیر کسی لفظ کے زبان سے نکالے کھانا گرم کیا۔ ایک کٹورے میں ٹھنڈا پانی لیا اور دونوں چیزیں سامنے لاکر رکھدیں اور پھر بدستور اپنی چارپائی پر جالیٹیں۔

چچا چھکن نے کھانا ختم کیا۔ ہاتھ دھوئے پانی پیا اور اس انتظار میں پھر پلنگ پر آبیٹھے کہ بیگم صاحبہ اپنے ہاتھ سے گلوری بنا کر دیں گی۔ مگر یہ وجہ آج تک کسی کی سمجھ میں آئی ہی نہیں کہ جب بیویاں خفا ہوتی ہیں تو خواہ گھر کے تمام کام کرتی رہیں مگر اپنے ہاتھ سے گلوری ہی بنا کر دیں گی۔ آخر کار چچا چھکن کو اٹھنا پڑا اور خود گلوری بنا کر کھائی۔

اب جو پیٹ کی آگ بجھ چکی۔ طبیعت کو کسوٹی ہوئی اور جسم کو راحت ملی تو چچا چھکن نے چاہا کہ بیگم صاحبہ کو منائیں۔ اُن کا غصہ تھکوائیں اور ان سے بہ عاجزی عرض کریں کہ اب ہماری توبہ ہے جو شکار کو جائیں اور اگر اُنکی مرضی ہو تو ابھی ابھی غلیل کو چولھے میں رکھدیں۔ غلوں کو پھینکدیں اور شکاری لباس کو اُن پر سے تصدق کرکے کسی غریب شکاری کو دیدیں۔ اس لئے وہ اپنے پلنگ سے اُٹھے اور ابھی بیگم صاحبہ کے پلنگ سے فاصلہ ہی پر تھے کہ جھک جھک کر آہستہ آہستہ چلتے ہوئے ٹھیک اُن کے چہرہ سے ایک بالشت کی بلندی سے بیگم صاحبہ کی آنکھوں کو تلاش کرنے لگے۔ چچی نے یہ دیکھ کر آنکھیں بند کرلیں اور جب چچا چھکن نے پوچھا کہ "کیا سوگئی ہو؟" تو اس طرح چونک پڑیں کہ گویا خواب میں جنت کی سیر کر رہی تھیں اور وہاں سے کوئی اُن کو زبردستی باہر نکال رہا ہو۔

چچی۔ "توبہ کیا ہے۔ دن بھر کی تھکی ہاری کو سونے بھی دوگے یا نہیں؟"

چچا چھکن ۔ "ایسی بھی کیا نیند ۔ ابھی تو دس بھی نہیں بجے ۔ لوگ جاتے ہیں ۔"

چچی ۔ "تو تم کو مجھ سے کیا غرض ۔ جاؤ اپنے شوق پورے کرو ۔ جہاں دن گنوایا وہاں رات بھی سہی ۔"

چچا چھکن ۔ "کیا واقعی خفا ہو ۔ اگر شکار سے خفا ہو تو جاؤ اب شکار کو نہیں جائیں گے ۔ مگر سیدھے منہ بات تو کرو ۔"

چچی ۔ "مجھے شکار و کار سے کیا غرض ۔ جاؤ گے اپنے لئے نہ جاؤ گے اپنے لئے ۔"

چچا چھکن ۔ "اچھا تو خفا کس بات پر ہو ۔ کچھ منہ سے بھی کہو گی یا نہیں ۔"

اب چچی اُٹھ کر بیٹھ گئیں ۔

چچی ۔ "ایک صبح سے گئے گئے اب رات کو دس بجے گھر میں گھسے ہیں ۔ نہ یہ خبر کہ کیا پکے گا نہ یہ خبر کہ گھر میں کچھ ہے یا نہیں ۔ مکان کیا ہوا ۔ سرائے ہوئی کہ رات کو آ کر پڑ رہے ۔ واہ ۔"

چچا چھکن ۔ "اچھا اب اس غصہ کو تھوکو گی بھی یا نہیں ۔ اب آئندہ جو گھر سے باہر بغیر اجازت جائے وہ مرد و ۔ بس !"

چچی ۔ "بیسیوں مرتبہ ایسے وعدے کر چکے ہو ۔ تمہارا اعتبار کیا ۔ خیر یہ بھی دیکھا جائے گا ۔ مجھے پردیس میں لاڈ لا ہے نہ پاس نہ پڑوس دن میں چور گھس آئیں تو جو چاہیں اُٹھا لے جائیں ۔ میں اکیلی عورت ذات کیا کر سکتی ہوں ۔"

چچا چھکن متعجب ہو کر بولے ۔ "پردیس ! پردیس کیسا ؟"

چچی ۔ "پردیس برابر ہی ہے ۔ نہ اپنا محلہ نہ اپنے ملنے والے ایک شہر ہوا تو کیا ۔ خدا بھلا کرے بی پڑوسن کا اگر اسے کام سے فرصت ہوئی تو بیچاری دیوار پر تھوڑی دیر کے لئے آ کھڑی ہوتی ہے اُسی سے دو چار باتیں کر لیتی ہوں اور بس ۔"

یہ اس زمانہ کا واقعہ ہے کہ چچا چھکن کی شادی کو تین یا چار سال کا عرصہ ہوا تھا اور وہ انتہائی وحشت جو آخر کار ان کا طرۂ امتیاز بنی ۔ ابھی پیدا نہ ہوئی تھی ۔ اپنے پہلے مکان سے بوجوہ ایک دوسرے محلہ میں کرایہ کے مکان میں اُٹھ آئے تھے ۔ مکان کچھ زیادہ بڑا نہ تھا ۔ اس میں تین در کا ایک مختصر دالان تھا ۔ دالان ہی میں ایک کوٹھری تھی ۔ دالان کے آگے ایک ٹنگ برآمدہ اور برآمدہ کے آگے تین چار پائی کا صحن تھا ۔ یہ تو تھی مکانیت اب رہے مکین ۔ تو چچا چھکن ایک چچی دو ۔ اور ایک بچی تین ۔ کسی نے کہا ہے ایک اکیلا دو بھتیرے تین کا پورا کنبہ ۔

اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ اس مختصر مکان میں ایک مختصر کنبہ قیام پذیر تھا ۔

رات کا یہ انتظام ہوتا تھا کہ دالان کے دو دروازوں کی زنجیر اندر سے لگا دی جاتی تھی ۔ اور تیسرے دروازے کی زنجیر باہر سے گرمی کا موسم تھا اس لئے صحن میں دو پلنگ بچھتے تھے ایک پر چچا چھکن اور دوسرے پر چچی مع بچی کے سوتی تھیں ۔

چچا چھکن ۔ "میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ دفتر سے آنے کے بعد میں ہونگا اور گھر ۔ اور قسم خدا کی وہ وہ لطیفے بیان کروں گا کہ ہنستے ہنستے لوٹ لوٹ جاؤ ۔ اس تنہائی اور وحشت کا تو خاتمہ ہی سمجھو ۔ اب انشاء اللہ تعالےٰ کل سے یہی پروگرام رہے گا ۔"

چچی اسپر ذرا مسکرائیں مگر چچا چھکن نے نہیں دیکھا ورنہ اس شکر رنجی کا تو یہیں خاتمہ ہو جاتا ۔ مگر یہ سعادت جو "بزور بازو نیست" کے خلاف "بزور بازو" حاصل ہونے والی تھی کسی اور ہی لطیفہ غیبی کی منتظر تھی ۔ چچا چھکن نے دل میں سوچا کہ اگر اسوقت چچی کی توجہ کسی اور طرف بٹا دی جائے تو ممکن ہے کہ یہ غم و غصہ کے بادل جلد چھٹ جائیں ۔ رہا شکار کا معاملہ تو دیکھا جائے گا ۔ پھر موقع ملے گا یا نہیں ۔ آئندہ کی خبر تو اللہ میاں ہی کو ہے ۔ اس لئے کہنے لگے :-

"خدا کی قدرت کے بھی عجب کھیل ہیں ۔ آج ہمارے دوست مرزا صاحب بیان کر رہے تھے ۔ کہ حیدر آباد یا کہیں اور کا واقعہ ہے کہ جنگل میں ایک شخص کہیں کو چلا جا رہا تھا ۔ بیچ جنگل میں پہنچکر اس نے دیکھا کہ ایک مست ہاتھی چنگھاڑتا ہوا اُس کے پیچھے دوڑا چلا آ رہا ہے ۔ بیچارے کے اوسان خطا ہو گئے ۔ کوئی درخت بھی قریب نہ تھا کہ اُسپر چڑھ کر اپنی جان بچاتا ۔ غریب کو موت نظر آنے لگی ۔ اتنے میں کیا دیکھتا ہے کہ سامنے ایک غار ہے ۔ بلا و سوا اس میں گھس گیا ۔ یہ جگہ پہلے سے زیادہ محفوظ معلوم ہوئی ۔ غار نما بڑا جہاں تک جا سکا گھسا چلا گیا ۔ آخر جب وہ

غار ختم ہوا تو وہ آدمی وہیں پر ہاتھی کا پتا جا کر بیٹھ رہا۔ ہاتھی کی یہ کیفیت کہ مارے غصہ کے غار کے منہ پر کھڑا ہوا اچنگھاڑیں مار رہا تھا اور غار کے اندر جہاں تک اس کی سونڈ جا سکتی تھی ڈال کر چاہتا تھا کہ اس آدمی کو پکڑ کر باہر کھینچ لائے۔ غار میں اندھیرا تھا۔ اول اول تو اس آدمی کو وہاں کچھ نظر نہیں آیا مگر جب اندھیرے میں آنکھیں دیکھنے کی عادی ہو چکیں تو اس نے دیکھا کہ غار کے ختم پر ایک محراب سی بنی ہوئی ہے اور کوئی کالی کالی شے اس محراب کے درمیان بیٹھی ہوئی ہے مگر معلوم نہ کر سکا کہ کیا ہے۔ جب ہاتھی نے غار کے اندر سونڈ ڈال ڈال کر ایک شور سا مچا دیا تو اس کالی شے کو حرکت ہوئی اور جہاں وہ آدمی بیٹھا ہوا تھا اس کی دوسری طرف سے وہ شے نکل کر غار کے منہ کی طرف چلی تو اس آدمی نے دیکھا کہ وہ کالی شے ایک بہت بڑا بچھو تھا۔ آئے گئے ہوش غائب ہو گئے۔ اب اس کو ہر طرف موت نظر آنے لگی۔ اگر غار سے باہر نکلتا ہے تو ہاتھی کا ہے کو زندہ چھوڑے گا اور اگر غار کے اندر ہی رہتا ہے تو بچھو کے ایک ڈنک ہی میں خاتمہ یقینی تھا۔ سوچا کہ جب موت آ ہی گئی ہے تو کیا چارہ۔ باہر مرنے سے تو غار کے اندر ہی مرنا بہتر ہے کہ قبر کا تو کام دے گا۔ یہ سوچ کر وہ آدمی غار کے اندر ہی بیٹھا رہا۔ اتنے میں کیا دیکھتا ہے کہ وہی بچھو غار کے اندر چلا آ رہا ہے۔ یہ دم بخود بیٹھا رہا۔ بچھو جس راستہ سے گیا تھا اسی راستہ سے واپس آ کر اپنی جگہ بیٹھ گیا ہاتھی کے شور و غل کی آواز اب بند ہو گئی تھی۔ یہ خیال کر کے کہ شاید ہاتھی مایوس ہو کر چلا گیا ہو وہ آدمی آہستہ آہستہ غار سے نکل کر باہر آیا تو اس کا خیال صحیح نکلا۔ ہاتھی کا پتہ بھی نہ تھا۔ البتہ زرد رنگ کا کچھ پانی سا بہہ رہا تھا۔ سمجھیں کہ کیا ہوا تھا۔ بچھو کے ایک ڈنک سے وہ عظیم الجثہ ہاتھی پانی ہو کر بہہ گیا۔ اس آدمی نے اللہ تعالےٰ کا شکر یہ ادا کیا اور اپنے راستے چلا گیا۔ سچ ہے جس کو خدا رکھے اس کو کون چکھے"۔

چچی حیرت سے اس بیان کو سن رہی تھی۔ چچا چھکن سمجھے کہ اب جلد معاملہ صاف ہوا چاہتا ہے ایک اور ایسا ہی قصہ بیان کر دوں تو پھر فرصت ہی فرصت ہے۔ یہ سوچ کر چچا چھکن نے ایک اور قصہ بیان کرنا شروع کر دیا۔

"اور وہ روزی رساں تو ایسا ہے کہ انسان کی عقل کام نہیں کرتی ایک صاحب جو حیدر آباد میں تعلقہ دار تھے وہ اپنا چشمدید واقعہ بیان کرتے تھے کہ ان کے علاقہ میں ایک کنواں کھودا جا رہا تھا۔ جب کھدتے کھدتے پانی نکل آیا تو اس پانی میں ایک بڑے تربوز کی برابر اور ویسا ہی گول ایک پتھر ملا۔ لوگ اس عجیب پتھر کو لے کر تعلقہ دار صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ بھی متعجب ہوئے اور حکم دیا کہ اس پتھر کو ان کے سامنے دو ٹکڑے کیا جائے۔ جب اس پتھر کے دو ٹکڑے کئے گئے تو دیکھا کہ پتھر کے اندر تھوڑی سی جگہ خالی تھی۔ جس میں پانی بھرا ہوا تھا۔ اس پانی میں سے ایک چھوٹی سی مینڈک کی بھدک کر باہر آ گئی۔ لوگ..... سخت..... حیرت..... زدہ..... ہوئے۔ پتھر اس پانی..... کہاں..... سے آیا..... اور....."

چچا چھکن اس حکایت کے آخری حصہ پر پہنچ رہے تھے کہ ان پر نیند کا سخت غلبہ طاری ہوا۔ پہلے تو آواز میں کمزوری واقع ہوئی۔ پھر الفاظ بے ترتیب ہو گئے۔ ایک لفظ کے بعد دوسرا لفظ کئی کئی سکنڈ کے بعد ادا ہونے لگا۔ جملے بے ربط ہو گئے اور آخر کار ایک لمبے خراٹے پر یہ حکایت "تمت تمام شد" ہو کر رہ گئی۔ چچی کچھ پہلے سو چکی تھیں۔ اتنے میں دالان کی اندر سے زنجیر بجنی شروع ہوئی۔ اس آواز پر چچی ذرا ہوشیار ہوئیں پھر پوری آنکھیں کھول کر غور سے سننے لگیں۔ زنجیر برابر بج رہی تھی چچی نے "بلی۔ بلی" کہہ کر دھتکارا دیا۔ آواز موقوف ہو گئی مگر چچی کو دہشت سے نیند نہ آئی۔ آدھ گھنٹہ کے بعد پھر زنجیر بجنے لگی۔

نیا مکان نیا محلہ چچی بھوت پریت کی پہلے تو بڑی قائل تھیں مگر چچا چھکن نے ہمیشہ یہی کہا کہ بھوت پریت نام ہے فقط وہم کا اور یہ سب مزخرفات ہے اور کچھ نہیں۔ چچی کو اگر ہم خیال تو نہیں بنیں البتہ عقیدہ میں کمزوری ضرور پیدا ہو گئی۔ اسوقت ان کو یہی خیال آ رہا تھا کہ اگر بلی ہوتی تو بھاگ گئی ہوتی۔ ہو نہ ہو اس مکان میں کچھ خلل ہے۔ چچی نے پھر دھتکار دیا اور پھر زنجیر کا بجنا موقوف ہو گیا۔ مگر اب چچی کی نیند کو سوں دور تھی۔ چچا چھکن مزے سے خراٹے لے رہے تھے۔ اب جو تیسری مرتبہ زنجیر بجنا شروع ہوئی تو چچی سے نہ رہا گیا۔ اور چچا چھکن کے اس طرح بے خبر سونے پر خفا ہوتے ہوئے انکو ایک مرتبہ تو جھنجھوڑ ہی ڈالا۔

"ایسی بھی بھلا کیا نیند۔ گھر میں کیسا شور ہو رہا ہے اور آپ ہیں

کہ مُردوں سے شرط باندھ کر سوئے ہوئے ہیں۔ گھر میں چور گھس آئیں سیندھ لگائیں اور کچھ ہو جائے تم کو خبر بھی نہ ہو۔ اے بس اب آنکھیں کھول دیجئے بھی یا نہیں۔ کب سے آوازیں دے رہی ہوں۔ سنتے ہو"۔ چچی نے غصہ سے کہا۔

ایک مرتبہ چچا چھکن نے کروٹ بدل کر "اونہہ" تو کہا اور پھر سو گئے

اب چچی کو تاب نہ رہی جلدی میں جو پلنگ سے اُٹھیں پاس ہی میز پر پانی کا بھرا لگا اس رکھا تھا۔ اُس میں جو ٹھوکر لگی تو تمام پانی اچھل کر چچا چھکن کے منہ اور سر پر پڑا۔ چچا چھکن "کیا ہے"۔ کہتے ہوئے نیم بیدار سے ہوئے۔ چچی نے موقع غنیمت جان کر چچا چھکن کا ہاتھ پکڑ کر پلنگ پر بٹھا ہی تو دیا اور کہنے لگیں کہ "دیکھو تو والان کی زنجیر کیوں بج رہی ہے"۔

زنجیر بجنا موقوف ہو چکی تھی۔ چچا چھکن بولے۔

"خواہ مخواہ فیندخراب کرتی ہو۔ مجھے تو کچھ سنائی نہیں دیتا"۔

"ذرا صبر سے کام لو اور غور سے سنو" چچی نے کہا۔ اتنے میں زنجیر پھر بجنا شروع ہوئی۔

چچا چھکن بولے "بلی ہو گی۔ ذرا ڈنڈا دینا ابھی بھگائے دیتا ہوں"۔ یہ کہکر چچا چھکن کود کر جو پلنگ سے اُٹھے تو چچی نے ہاتھ پکڑ لیا اور کہنے لگیں

"میں یوں نہ جانے دونگی۔ مجھے تو کچھ اور ہی معلوم ہوتا ہے۔ بلی کو تو دو مرتبہ دھتکار چکی ہوں اگر بلی ہوتی تو بار بار کیوں آتی"

چچا چھکن تعجب سے بولے "کیا مطلب۔ کیا مطلب کچھ اور ہی معلوم ہوتا ہے یعنی کیا؟"

چچا چھکن کی نیند اب بالکل غائب ہو چکی تھی۔ کچھ سوچ کر پھر بولے

"کیا تمہارا خیال ہے کہ اس گھر میں کچھ آسیب ہے"۔ اور پھر فوراً ہی یا تو پلنگ سے یوں اُٹھے تھے یا پھر بیٹھ گئے۔

"ہاں"۔ چچی نے کہا۔ اسی لئے تو میں تم کو اکیلا نہیں جانے دیتی"

کہنے کو تو چچا چھکن ہمیشہ چچی سے یہی کہتے رہے کہ بھوت پریت کوئی چیز نہیں صرف وہم ہی وہم ہے مگر اب جو ایک صورت پیش آئی تو دل میں ڈرنے لگے۔ پھر بھی ایک عورت کے سامنے کمزوری کیوں دکھانے لگے تھے کہنے لگے۔

"میں تو ڈرتا ڈراتا ہوں نہیں۔ تم ڈرتی ہو تو ڈرو۔ اور جو تمہارا دل نہیں مانتا تو یوں کرو کہ دونوں ساتھ چلیں۔ دیکھیں تو بھوت کیا ہوتا ہے"

چچی کو یہ تجویز پسند اور چچا چھکن نے یوں طے کیا کہ چچی تو لالٹین لے کر ساتھ چلیں اور چچا چھکن اپنا ڈنڈا لے کر چلیں۔ چنانچہ چچی نے تو لالٹین لی اور چچا چھکن باٹکین سے اپنا ڈنڈا ہاتھ میں لئے ساتھ ساتھ چلے۔ والان کی زنجیر کھول کر جو اندر گھسے ہیں تو روشنی میں ہر چہار طرف غور سے دیکھا مگر کچھ نظر نہ پڑا۔ اچھی طرح دیکھ بھال کر دونوں باہر نکل آئے اور چچا چھکن پلنگ پر بیٹھکر پھر زنجیر بجنے کا انتظار کرنے لگے۔

اس مرتبہ زنجیر زیادہ زور سے بجنے لگی۔ گویا کوئی شے ہے جو باہر نکلنے کے لئے بیتاب ہو رہی ہے۔ چچا چھکن جو ابھی تک اپنی مردانگی کو برقرار رکھے ہوئے تھے زیادہ خوف زدہ ہونے لگے۔ چچی نے کہا کہ اسوقت اچھا موقع ہے۔ جلدی سے زنجیر کھول کر دیکھیں تو کیا ہے۔ چچی کی موجودگی سے چچا چھکن کی ہمت بندھی ہوئی تھی۔ اس لئے پھر اسی عمل کا اعادہ کیا گیا مگر نتیجہ وہی کا وہی رہا۔ اب چچا چھکن کو یقین ہونے لگا کہ ہیں ہیں یہ تو کوئی بھوت ہی ہے جو زنجیر تو برابر بجائے جا رہا ہے مگر باوجود تلاش کے نظر نہیں آتا۔ رہی سہی ہمت بھی جواب دینے لگی۔

چچی ذرا سوچ کر بولیں۔ ایسے اب کرو کہ بغیر روشنی کے والان میں داخل ہوں اور پھر وہاں روشنی کر کے دیکھیں کہ کیا اصرار ہے"۔ چچا چھکن نے بادل ناخواستہ اس تجویز کو قبول کیا اور چچی ایک ہاتھ میں لالٹین اور دوسرے میں دیا سلائی لئے ہوئے ساتھ ہو لیں۔

جلدی سے دروازہ کھول کر دونوں اندر داخل ہوئے۔ چچا چھکن ڈنڈا لئے ہوئے کچھ آگے تھے۔ دفعتاً چچا چھکن کی زور سے چیخ نکلی اور ساتھ ہی ایک آہ کی آواز آئی۔ چچی نے جلدی سے لالٹین روشن کی تو دیکھا کہ چچا چھکن گھٹنہ پکڑے بیٹھے ہیں۔ چچی "کیا ہوا کیا ہوا" کہتی ہوئی قریب گئیں مگر چچا چھکن فوراً ہی "کچھ نہیں۔ کچھ نہیں"۔ کہتے ہوئے کھڑے ہو گئے۔ بات یہ ہوئی کہ اندھیرے میں کوئی جسم ان کے پیر سے مَس ہوا تھا اور اُنہوں نے اضطراری طور پر فوراً ہی ڈنڈے سے حملہ کیا۔ مگر والان کی چھت نیچی ہونے کی وجہ سے پہلے تو ڈنڈا چھت سے ٹکرایا اور پھر کچھ اس طرح گرا کہ بجائے زمین بوس ہونے کے چچا چھکن کے گھٹنے کی خبر لی۔

اب چچا چھکن کے دل سے بھوت پریت کا خیال تو جاتا رہا تھا کیونکہ انہوں نے اپنے پیروں پر سے ایک نامعلوم جسم کو گزرتے ہوئے

محسوس کیا تھا۔ اب بیخوف ہو کر چلانے لگے۔

"کہاں جائے گا مردود۔ اگر جان ہی سے نہ مار ڈالا ہو تو نام بدل دینا بتا کہاں ہے۔ کدھر ہے۔ لوں تیری خبر۔ بہت دیر سے پریشان کر رکھا ہے گیدڑ کی موت آتی ہے تو شہر میں بھاگ کر آتا ہے۔"

چچا چھکن کی آواز تیز سے تیز تر ہوتی جا رہی تھی۔ رات آدھی سے زیادہ جا چکی تھی۔ چچی کھڑی کھڑی چچا چھکن کا تماشہ دیکھ رہی تھیں جو لپے در لپے اپنے ڈنڈے کو گھما گھما کر دالان کے چاروں کونوں میں مار رہے تھے۔ اور ساتھ ہی ساتھ چلاتے بھی جا رہے تھے۔

"بی ہمسائی خیریت تو ہے۔ یہ کیسا شور ہے۔ ضرورت ہو تو ہم حاضر ہیں"۔ ایک عورت نے برابر والے مکان کی دیوار سے آواز دی۔ مگر یہاں سنتا کون تھا۔ چچا چھکن نہ تو کچھ بتاتے ہی تھے اور نہ چپ ہی ہوتے تھے۔ شور بڑھ رہا تھا۔

"کہاں جا کر بیٹھا ہے۔ ذرا نکل تو مزہ چکھاؤں۔ بہت دق کر چکے ہو بس اب نکل آؤ۔ ایک ڈنڈے کا دم نہیں آئے ہیں ہم سے اُلجھنے ساری بڑھیاں مر گئیں نانی سے ٹھٹول۔"

اتنے میں چچی سے بولے۔ "ذرا لالٹین ادھر تو لاؤ کوٹھری اور دیکھ لیں"۔

"آخر کچھ بتاؤ تو ہے کیا۔ تم نے کیا دیکھا۔ کوٹھری میں کیا ہے"۔ چچی نے دق ہو کر پوچھا۔

چچا چھکن بولے۔ باتوں میں دیر نہ کرو۔ ایسا نہ ہو کہ کہیں بھاگ جائے ذرا جلدی کرو۔ ہاں یونہی چلی آؤ۔ ڈرو نہیں"۔

جونہی کوٹھری کے کواڑ جو کھڑے ہوئے تھے کھلے اور لالٹین کی روشنی پڑی تو چچا چھکن نے فوراً ایک نعرۂ جاں گداز کے ساتھ ایک وار ڈنڈے کا کیا جو چچی کے کپڑوں کے صندوق پر پڑا۔

چچی غصہ سے بولیں۔ "اے میں کہتی ہوں تم کو ہو کیا گیا ہے۔ خواہ مخواہ شور مچا رکھا ہے سارے محلہ کو سر پر اٹھا لیا۔ نہ کچھ بتاتے ہو نہ کچھ کہتے ہو۔ میرے صندوق کو ہی توڑ ڈالا۔ ذرا حواس درست کرو۔"

چچا چھکن نے۔ نا ابھی نہیں وہ ایک گوشہ کی طرف گھٹنوں پر ہاتھ رکھے ہوئے جھک کر کسی چیز کو غور سے دیکھ رہے تھے۔ چچی نے بھی اُس چیز کو دیکھ لیا اور ہنستے ہنستے بیتاب ہو گئیں۔ چچا چھکن کو اُن کی یہ بے وقت کی ہنسی سخت ناگوار گزری اور غصہ سے کہنے لگے۔ "یہ ہنسی کا کون موقع ہے۔ نہ معلوم کیا بلا ہے۔ جو وہ صندوقوں کے درمیان کالی کالی بیٹھی ہوئی ہے۔ کیا معلوم جو کوئی بھوت ہی ہو اور اس نے ہم کو ڈرانے کے لئے یہ شکل اختیار کر لی ہو۔"

چچی نے ہنسی ضبط کرتے ہوئے جواب دیا۔ "تمہیں تو اللہ میاں نے ویسے ہی مرد بنا دیا۔ صاف نظر آ رہا ہے۔ میں پوچھتی ہوں تم تو بھوتوں کے قائل ہی نہ تھے اب کیوں ان کا اقرار کرنے لگے۔"

چچا چھکن چوہے کو پہچان چکے تھے۔ اکڑ کر کہنے لگے۔

"اب بھی کون بھوتوں کا قائل ہے۔ میں تو تم کو چڑانے کیلئے کہہ رہا تھا۔"

مشکل یہ تھی کہ چوہا سہما ہوا دو صندوقوں کے درمیان سمٹا سمٹایا ہوا اس طرح بیٹھا ہوا تھا کہ وہاں ڈنڈے کا کام نہ تھا۔ اس کو ماریں تو کیسے ماریں صدقے جائیے چچا چھکن کی عقل رسا کے کہ چچی تو سوچتی ہی رہیں انہوں نے اس مشکل کو بھی حل کر لیا۔ بڑے بوڑھوں کی ایک نشانی تلوار گھر میں رہ گئی تھی فوراً نیام میں سے نکال اس کی نوک سے چوہے کا کام تمام کر دیا اور تن کر کہنے لگے "دیکھا بہادری اسکو کہتے ہیں۔ اگر تمہاری طرح میں بھی ڈر گیا ہوتا تو آج رات نیند آنے سے رہی تھی اور کل ہی مکان بدلنا پڑتا وہ علیحدہ۔"

غرضکہ وہ چوہا مکان کے باہر پھینکوا دیا گیا۔

رات کافی جا چکی تھی۔ چچا چھکن اور چچی دونوں خوب ہلکان ہو چکے تھے۔ پلنگ پر پہنچنے کی دیر تھی کہ دونوں غافل ہو کر سو گئے۔ چچی کی حسب معمول نماز فجر کے وقت آنکھ کھل گئی۔ سر میں درد تھا بھتیرا چاہا کہ پھر پڑ کر سو رہیں مگر نیند نہ آئی۔ اس لئے گھر کے کام کاج میں مشغول ہو گئیں۔ چچا چھکن بدستور سو رہے تھے۔ جب دس بجے کا عمل ہوا تو چچی نے چچا چھکن کو یہ کہہ کر جگانا چاہا۔ "اے بس اب اٹھو گے بھی یا نہیں۔ دس بج رہے ہیں۔ کیا دفتر نہ جاؤ گے۔ اور آج کھاؤ گے کیا؟"

چچا چھکن نے نیم باز آنکھوں سے گھر میں پھیلی ہوئی دھوپ کو دیکھا۔ اور یہ کہتے ہوئے چادر تان کر پھر سو گئے۔

"نیند ابھی نہیں بھری۔ دفتر کی تعطیل ہے۔ پھلے میں چار کبوتر اور تین فاختہ پڑی ہیں۔ انہی کو بھون بھان لو۔ کل جائیں گے تو زیادہ شکار لائیں گے۔"

(محمد ابراہیم خاں)

انتخاب

(افغانی سرحد کا ایک دلچسپ افسانہ)

(از جناب محمد اختر صفوی۔ صفی پوری)

عظیم نے صحن باغ میں داخل ہو کر ایک بیفکرانہ نظر سے ہر چہار طرف دیکھا۔ وہ کسی خیال میں غرق تھا کہ اتفاقاً اس کی نظر سامنے کی جانب گلابی ایک گھنی جھاڑی سے گزرتی ہوئی ایک سفید ریشمی متحرک کپڑے پر پڑی پہلے تو ایک لمحہ کے لئے تجسس آمیز حیرت کے ساتھ اس کی بھنویں ایک دوسرے سے مل گئیں۔ لیکن پھر اس کو خیال گزرا کہ غالباً یہ اس کے باپ کے دوست محمد اکبر کی لڑکی سلمیٰ ہے۔ عظیم کے دل میں اس کے دیکھنے کی خواہش پیدا ہوئی اور کسی خیال سے اس کی آنکھیں چمکنے لگیں۔

عظیم اپنے باپ عزیز کے ہمراہ تجارتی سلسلہ سے آج ہی صبح محمد اکبر کے یہاں پہونچا تھا۔ عظیم اور اس کا باپ گھوڑوں کی تجارت کرتے تھے۔ اثنائے راہ میں عزیز نے اس کی شادی کے متعلق عظیم کا عندیہ لینے کی غرض سے متفرق و متعدد سوالات کئے۔ عزیز نے کہا کہ ایک جوان آدمی کے لئے یہی زمانہ ہوتا ہے۔ کہ وہ شادی کر کے اپنا گھر آباد کرے عظیم کا یہ زمانہ بالکل آزادی کا تھا۔ چنانچہ وہ کئی سرحدی یورشوں میں بھی حصہ لے چکا تھا اور اسی آزادی کو دور کرنے کے لئے عزیز کی انتہائی خواہش تھی کہ عظیم کو متاہل زندگی کی زنجیروں میں جکڑ دیا جائے۔ اپنے باپ کے استفسار پر عظیم نے مسکرا کر گردن جھکالی اور اپنے دل میں کہا کہ میں شادی کر کے اپنی آزادی کو بیوی کی خاطر ہرگز ہرگز برباد نہیں کر سکتا۔ زندگی ابھی ہزاروں ایک سے ایک بہتر اور دلچسپ چیزوں سے معمور ہے۔ وحشی اور جنگلی گھوڑوں کو سدھانا آزادانہ اور بیفکرانہ جنگلوں اور پہاڑوں میں گھومنا اور اسپلج کے دسیوں دلچسپ مشاغل میرے لئے کافی ہیں۔


عظیم کی خاموشی پر اس کے باپ نے ایک ٹھنڈی سانس لی اور اپنے اکلوتے لڑکے کے چوڑے سینے بھرے بھرے بازوؤں۔ حسین اور شگفتہ چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "محمد اکبر کی لڑکی جیز بکثرت پائیگی۔ میں محمد اکبر سے اس کے متعلق گفتگو کروں گا۔"

آپ ان سے گفتگو کیجئے آپ کی خوشی۔ عظیم نے مسکراتے اور شرم سے اپنی گردن جھکاتے ہوئے کہا۔ "لیکن میں شادی خود اپنے انتخاب سے اور جسوقت مناسب سمجھونگا اسوقت کرونگا۔"

عظیم کے اس جواب کے بعد اس کے باپ نے گفتگو کا موضوع بدل دیا اور کم از کم عظیم نے تو اس خیال ہی کو اپنے دماغ سے نکال دیا۔

لیکن اسوقت سفید ریشمی ساری کی جھلک نے عظیم کے دماغ کو بیسیوں خیالات کی آماجگاہ بنا دیا۔ کیا یہ سلمیٰ ہے؟ لیکن وہ تو سوائے اپنے عزیز و قریب کے اور سب سے پردہ کرتی ہوگی۔ پھر آخر یہ ہے کون؟

عظیم آہستہ سے اپنی جگہ سے اٹھا اور پھلوں کے درختوں کی آڑ لیتا ہوا باغ کے کنارے پہونچا۔ اس وقت نہ تو باغ کا کوئی ملازم اور نہ خود لڑکی اس کی موجودگی سے واقف تھے۔ عظیم کا مقصد لڑکی کو خوفزدہ کرنا نہ تھا بلکہ وہ یہ جاننا چاہتا تھا کہ اگر یہی سلمیٰ ہے تو وہ اپنے باپ کے کہنے کو ٹال کر کیا واقعی کوئی حسین چیز ہاتھ سے کھو رہا ہے۔ چنانچہ جب عظیم بالکل قریب پہونچا تو اس نے درختوں کی آڑ سے ایک زریں کنارے کی ساری دیکھی اس وقت صرف ایک جھاڑی ان کے درمیان حائل تھی اس لڑکی کی پشت عظیم کی طرف تھی۔



ایک مہاراجہ اپنے محل میں۔راجپوت مصوری کا نادر نمونہ

عظیم نے اس لڑکی کو ذرا اور قریب سے دیکھنا چاہا اور کچھ آگے بڑھا۔ لیکن باوجود انتہائی احتیاط کے اس کی شلوار گلاب کی ایک شاخ میں اُلجھ گئی۔ اتنی آواز ایک چوکنا ہرنی کے لئے کافی سے زیادہ تھی اور وہ پلٹ کر پشت کی جانب دیکھنے لگی۔ اسوقت عظیم کے ہوش حواس گم تھے۔ خدا کی قدرت کا ایک مکمل اور حسین ترین نمونہ اس کے سامنے موجود تھا۔ وہ سپیدۂ صبح سے زیادہ حسین تھی۔ آنکھوں میں ایک خاص قسم کی مقناطیسی کشش تھی اور ایک اجنبی شخص کی خلاف امید موجودگی کے احساس کے باعث ان سے حیرت اور استعجاب کی بارش ہو رہی تھی۔

ایک لمحہ کے لئے وہ جہاں کھڑی تھی وہیں کھڑی رہ گئی۔ حیرت اور تعجب نے اس کے پیر زمین میں گاڑ دیئے لیکن دوبارہ جب اس کو ایک اجنبی کی موجودگی کا خیال ہوا تو اس کے منہ سے ایک ہلکی سی چیخ نکل گئی۔ اور وہ اپنے گھر کی طرف بھاگی لیکن عظیم نے اپنے ارادہ کے نتائج سے بے خبر اپنی حرکت کے شدت از بام ہونے کے عواقب سے لاپروا اس سے بھی زیادہ تیز دوڑ کر اس کا راستہ روک لیا۔

"آپ پریشان نہ ہوں" عظیم نے اس کے حسین چہرہ کو غور سے دیکھتے ہوئے کہا۔

لیکن مثل برق وہ ایک طرف کو مڑی اور ساری کوشش کے مضبوطی کے ساتھ اپنے جسم سے لپٹتے ہوئے باغ کے دوسرے کنارے کی طرف بھاگی۔ یہاں پہونچکر چوکنا ہرنی کے مانند اس نے اپنے شانوں کو دیکھا لیکن عظیم کو بالکل قریب پہونچتے دیکھ کر اور یہ محسوس کر کے کہ اب اس سے جائے مفر نہیں تو وہ ایک زخمی شیرنی کی طرح پلٹ پڑی۔ اس کا چھوٹا سا سینہ مارے گھبراہٹ کے اُبھرا ہوا تھا۔ اور آنکھوں سے بجائے خوف و ہراس کے غضب اور غصہ کے آنسو بہہ بہہ کر اس کا گریبان تر کر رہے تھے۔ لیکن جب عظیم سامنے پہونچا تو سلمیٰ کو قریب اور غور سے اسے دیکھنے کا موقع ملا۔ عظیم اس وقت معصومیت اور عجز و انکسار کی تصویر بنا ہوا تھا۔ اس کے سیاہ بال سرگیں آنکھیں۔ سرخ و سفید چہرہ حسین خد و خال اور اسپر شباب اور بہادری کے جوہر جو نمایاں طور پر عیاں تھے ان سب نے مل کر پہلی ہی نظر میں سلمیٰ کے غضب اور غصہ کو ہرن کر دیا۔ لیکن پھر اس نے اپنے اپنے کو سنبھالا اور زمین پر پیر پٹخ کر کہا۔ "تم کیوں میرے پیچھے پڑے ہوئے ایک فانگی باغ ہے جس میں صرف میرے خاندان کے افراد آ جا سکتے ہیں"۔

"میں آپ کو کوئی تکلیف پہونچانا نہیں چاہتا" عظیم نے اسے یقین دلاتے ہوئے کہا۔ "اگر تم مجھے گھوم کر مجھے نہ دیکھتیں تو میں کب کا چلا گیا ہوتا۔ لیکن اب تمہیں دیکھنے کے بعد میں سب کچھ بھول گیا۔ ہاں تم سے کچھ دیر بات چیت کرنے کی خواہش ضرور باقی رہ گئی ہے"۔

"تم مجھ سے ہرگز گفتگو نہیں کر سکتے۔ یہ ایک معیوب بات ہے تمہیں معلوم ہونا چاہئے"

تمہارے باغ سے سامنے والی پہاڑی کا منظر جس کو تم ابھی دیکھ رہی تھیں کسقدر ——"

"میں ابھی تم سے کہہ چکی کہ میں ہرگز کوئی بات چیت تم سے نہیں کر سکتی" اس نے خوف سے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"آخر اس میں نقصان کیا ہے" عظیم نے لجاجت کے ساتھ دریافت کیا "ہمیں یہاں کوئی دیکھ نہیں رہا ہے مجھے بھی ان پہاڑیوں کا منظر بہت پسند ہے وہ اس وقت کتنی حسین نظر آ رہی ہیں۔ لیکن ان تک رسائی میرے اختیار سے اتنی ہی باہر ہے جتنی تم تک"

سلمیٰ نے گھبرا کر اپنے چہرہ کو دونوں ہاتھوں سے چھپا لیا اور بھاگنے کی کوشش کی لیکن عظیم نے ایکبار پھر اس کا راستہ روک لیا اور اپنے بازوؤں کو پھیلا کر اس کو اپنی آغوش میں لینا چاہا۔ سلمیٰ نے کترا کر عظیم کی گرفت سے اپنے کو بچا لیا اور قبل اس کے کہ بھاگے ایکبار پھر عظیم کو سر سے پیر تک بغور دیکھا اس وقت عظیم یہ سمجھ چکا تھا کہ یہ تحمد اکبر کی لڑکی ہے۔ اور انہی خیالات میں غرق ایسا کھڑا تھا گویا پتھر کا مجسمہ ہے جو اس جگہ نصب ہے۔ یہی وہ سلمیٰ ہے جس کے ساتھ اس کا باپ اس کی شادی کرنا چاہتا ہے۔ عظیم نے اپنے دل میں کہا مجھے یقین ہے کہ نور جہاں اس سے زیادہ حسین نہ ہوگی۔ ایک متفکرانہ مسکراہٹ کے ساتھ جو عظیم کے ہونٹوں پر نمایاں تھی وہ آہستہ آہستہ اپنی جائے قیام پر واپس آیا۔

شادی؟ گھر؟ ہوں! یقیناً یہ ایک بہت خطرناک جال ہے۔ جس میں بعض جانیکے بعد رہائی معلوم! لیکن ایکبار مجھے سلمیٰ کو پھر دیکھنا ہے۔ اور اس سے گفتگو کرنا ہے۔ اپنے دل میں ملنے کا مضبوط ارادہ کر لے عظیم نے ملنے کے ذرائع پر غور کرنا شروع کیا۔ چنانچہ باغ کے مالی کی وساطت سے ملنا اس کو ممکن نظر آیا

"میں اس کو رشوت دے کر اور پھر انعام کا وعدہ کر کے راضی کر لونگا کہ وہ میرا ایک پرچہ سلمیٰ تک پہونچا دے"۔ عظیم نے کہا۔ چنانچہ دوسرے دن ایک پرچہ پر مختصراً مندرجہ ذیل عبارت لکھی۔

"تمہیں پریشان ہونے یا خوف کھانے کی ضرورت نہیں مجھے چند باتیں تم سے بہت ضروری "

"کہنا ہیں بعد مغرب باغ کے مشرقی گوشہ میں مجھ سے ملو میں انتظار کروں گا"۔ "عظیم"

اس پرچہ کو لے کر عظیم باغ کے مالی کے پاس پہنچا اور چند منٹ تک اِدھر اُدھر کی گفتگو کرنے کے بعد اسنے یہ پرچہ مع چند روپیوں کے مالی کے ہاتھ میں دیدیا اور اس کو بحفاظت سلمیٰ تک پہونچا دینے کی تاکید کرتے ہوئے مزید انعام کا وعدہ کیا اور چلا آیا۔ انتہائی بے چینی کے ساتھ عظیم نے بقیہ دن گزارا جب شام کا دھندلکا چھانا شروع ہو گیا۔ چرواہے اپنے مویشیوں کو واپس لے آئے اور وحوش و طیور اپنے اپنے آشیانوں میں تمام دن کی تگ و دو کے بعد واپس لوٹ کر شب باش ہو گئے اور جب ہر طرف خاموشی چھا گئی تو عظیم اپنے کمرہ سے نکلا اور آئندو روند کی نظروں سے بچتا ہوا باغ کے مشرقی گوشہ کا راستہ لیا۔ یہاں پہنچکر عظیم کی عجیب حالت تھی دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ اور پتیوں کی سرسراہٹ پر بھی جو ہوا کی وجہ سے اِدھر اُدھر اڑ رہی تھیں وہ چونک چونک پڑتا تھا۔ ایک چھوٹا سا حلقہ بنا کر عظیم نے سخت انتظار کے عالم میں اس کا چکر کاٹنا شروع کیا۔ وقت گزرتا چلا جا رہا تھا۔ اور اس کے ساتھ اس کا دل بیٹھا سا جاتا تھا۔

"وہ نہیں آئے گی! مجھے یہ پہلے ہی سوچ لینا چاہئے تھا۔ عظیم اپنے دل سے یونہی گفتگو کر رہا تھا۔ کہ پشت کی جانب اس کو کچھ آہٹ معلوم ہوئی ابھی وہ اچھی طرح پلٹنے بھی نہ پایا تھا۔ کہ سلمیٰ انتہائی شرمائی اور لجائی ہوئی اس کے سامنے آکر کھڑی ہو گئی۔

"میں یہاں ٹھہر نہیں سکتی"۔ اسنے آہستہ سے کہا۔ "نہ مجھ کو یہاں آنا چاہئے تھا۔ تمہیں مجھ سے کیا کہنا ہے؟"

ایک لمحہ کے لئے عظیم کے دل کی حرکت بہت تیز ہو گئی۔ اور وہ بالکل کوئی جواب نہ دے سکا۔ آخر کچھ دیر کے بعد بمشکل اس نے دل کو قابو میں کیا اور کہا۔ بہت ہی منکسرانہ انداز میں کہا۔ "عالم نسواں میں تمہاری وہ حیثیت ہے جو ستاروں میں ماہتاب کی۔ تم سے کچھ دیر کے لئے بھی گفتگو کرنا میرے لئے انتہائی باعث فرحت و انبساط ہے۔ تم سے ملنے سے جو خوشی مجھے حاصل ہوئی ہے وہ کبھی میرے وہم و گمان میں بھی نہ آتی تھی

"تم نے مجھے لکھا ہے کہ کچھ بہت ضروری باتیں تمہیں مجھ سے کہنا ہیں"۔ سلمیٰ نے پریشانی کی حالت میں کہا۔

"مجھے یہ کہنا ہے کہ تمہاری خدمت کرنا میرے لئے انتہائی موجب مسرت ہے۔ میں تمہیں خوش رکھنے کے لئے اپنی جان بھی قربان کرنیکے لئے تیار ہوں"

"بس یہی کہنا تھا"۔

"ارے ظالم یہ کافی نہیں؟ ہاں میں تمہارے ہونٹوں سے یہ بھی سننا چاہتا ہوں کہ تم مجھ سے ناخوش نہیں ہو۔ میری پیاری سلمیٰ مجھ یقین دلاؤ کہ ایسا نہیں ہے"۔

عظیم ایک عالم وارفتگی میں یہ سب کچھ کہہ رہا تھا اور سلمیٰ خاموش کھڑی سُن رہی تھی۔

"نہیں نہیں میں تم سے ہرگز خفا نہیں ہوں" سلمیٰ نے آہستہ سے کہا۔ عظیم ایک قدم اور آگے بڑھ گیا تاکہ اس سے زیادہ قریب ہو جائے

"مجھے اب جانا چاہئے"۔ سلمیٰ نے اِدھر اُدھر دیکھ کر کہا۔ "رات زیادہ ہو گئی۔ خادمائیں مجھے تلاش کرتی ہوں گی یہ کھانے کا وقت ہے"

"لیکن علی الصباح میں یہاں سے چلا جاؤں گا"

"اسقدر جلد" یہ الفاظ عالم بیخودی میں ایک ٹھنڈی سانس کے ساتھ سلمیٰ کے منہ سے نکل گئے۔

"بلکہ تھوڑی دیر میرے پاس اور ٹھہرو"۔ عظیم نے ملتجیانہ انداز میں کہا۔

"نہیں نہیں وہ لوگ یا تو میرے منتظر ہونگے یا مجھے تلاش کر رہے ہونگے"

"میں بلا ایکبار تمہیں اور دیکھے نہیں جا سکتا"۔

"اب یہ قریب قریب غیر ممکن سا معلوم ہوتا ہے"۔ اس نے عظیم کے چہرہ پر اپنی نظریں جماتے ہوئے کہا۔ سلمیٰ کی بڑی بڑی سیاہ آنکھیں اسوقت شراب محبت سے معمور تھیں۔ اس کا خر بصورت

جسم مثل ایک غنچۂ نو دمیدہ کے تھا جس کی خوشبو کی لپٹوں نے ہوا میں مل کر ہر کہ ومہ کی مشامِ جان کو معطر کر رکھا ہو عظیم اسوقت بالکل بیخود ہو رہا تھا قبل اس کے کہ وہ اس کی حالت کو محسوس کرے اس کے ہاتھ پھیلے اور سلمےٰ کو اپنے حلقہ میں لے کر گلے سے لگا لیا ایک لانبی سانس لینے کے بعد چند لمحوں کے لئے سلمیٰ نے اپنے کو عظیم کے مضبوط ہاتھوں میں چھوڑ دیا۔ کچھ دیر کے بعد سلمیٰ نے اپنی اس حالت کو محسوس کیا اور جلدی ۔ "مجھے چھوڑ دو"

"میں تمہیں دوبارہ پھر دیکھوں گا"

"میں تم سے کہہ چکی کہ اب یہ قریب قریب غیر ممکن سا نظر آتا ہے میں جب تک اپنے کمرے میں سونے کے لئے نہ چلی جاؤں۔ میری خادمائیں میرے ساتھ رہیں گی۔

"تو مجھے ایکبار پھر ہی کر لو"

"نہیں نہیں مجھے جانے دو!"

جواب کے لئے عظیم نے اس کے سر کو پیچھے ہٹایا اور آہستہ سے مہرِ محبت ثبت کر دی۔ سلمےٰ نے عظیم کی گرفت ڈھیلی پا کر شرمیلی ہرنی کے ایک جست کی اور اس کی گرفت سے نکل کر درختوں کی آڑ لیتی ہوئی اپنے کمرے کیطرف بھاگ گئی ؛

(۲)

دوسرے دن علی الصباح عظیم اور اس کا باپ اپنے اپنے گھوڑوں پر سوار ہو کر اپنے گاؤں کو روانہ ہوئے قبل اس کے کہ راستہ کا گھاؤ سلمیٰ کے مکان کو ان کی نظروں سے پوشیدہ کر دے عظیم نے پیچھے مڑ کر دیکھا اتفاق سامنے کے بالاخانے کی کھڑکی میں سے ایک ارغوانی ناہڑی میں اڑتی دکھائی دی عظیم یہ دیکھ کر مسکرایا اور اپنے گھوڑے کو کچھ روک کر تاکہ اس کا باپ آگے ہو جائے۔ ہاتھ کا اشارہ کیا۔ جواب میں ایک سرخ رومال کو جنبش ہوئی اور پھر یکایک کھڑکی بند ہو گئی۔

اثنائے راہ میں عظیم کا باپ خلاف معمول زیادہ خاموش تھا اور اس کے چہرے سے غم و غصہ کا بھی اظہار ہو رہا تھا۔ عظیم نے اپنے باپ کی اس خاموشی کو حسبِ توقع منافع بخش سودا نہ ہونے کا سبب سمجھا۔ پشاور پہونچکر عظیم اور اس کا باپ ایک دوسرے سے علیحدہ ہو گئے۔ اس کا باپ تو اپنے گاؤں کو جو پہاڑوں کے درمیان واقع تھا چلا گیا۔ اور عظیم نے دوسری سمت پشاور سے چند میل کے فاصلے پر ایک گاؤں کی جہاں گھوڑوں کا میلہ ہو رہا تھا راہ لی۔ عظیم جب میلے میں پہونچا تو دوپہر کا وقت تھا۔ پہلی ہی نظر میں اسے اندازہ ہو گیا کہ میلہ ابھی بارہ بکا ہے۔ اول تو جانور ہی بہت کم تھے اور جو تھے بھی وہ معمولی قسم کے چھوٹے چھوٹے۔ عظیم گھوڑوں کو دیکھتا چلا جا رہا تھا۔ کہ اس کی نظر ایک طرف کچھ آدمیوں کے مجمع پر پڑی یہ لوگ ایک گھوڑے کا مول کر رہے تھے۔ عظیم بھی پہونچا اسوقت گھوڑے کا سر صرف مجمع کے اندر سے دکھائی دے رہا تھا اور صرف سر ہی کو دیکھ کر عظیم نے اندازہ کر لیا کہ جانور اچھا ہے۔ کانوں کی نوکیلی لویں چوڑی پیشانی سُتا ہوا منہ پھولے ہوئے نتھنے چھوٹا سا دہانا اور چمکدار آنکھیں دیکھ کر عظیم نے اسے بہت پسند کیا۔ عظیم نے جب مجمع کے اندر گھس کر اسے غور سے دیکھا تو اس کو سخت حیرت ہوئی۔ مضبوط اور صاف ہاتھ پیر۔ چوڑا سینہ بھاری پشت اور لمبی دم۔ اتنا نفیس گھوڑا یہاں آیا کہاں سے عظیم نے اپنے دل میں سوچا اور پھر جس قیمت پر اس کی گفتگو ہو رہی تھی وہ اور بھی تعجب کن تھی آخر جب دام نہیں پتے اور سب لوگ یکے بعد دیگرے چلے گئے تو عظیم نے پہلے تو اپنا روپیہ شمار کیا اس کے بعد وہ اس سوداگر کے پاس پہنچا۔

سلام علیکم۔ عظیم نے پہونچتے ہی کہا۔

وعلیکم السلام۔ سوداگر نے جواب دیا۔

مجھے ایک گھوڑے کی ضرورت ہے۔ لیکن اس مرتبہ میلہ بہت ہلکا ہے اچھے جانور ہی نہیں آئے اور جو ہیں وہ مجھے پسند نہیں تاہم سو روپیہ تک میں تمہیں اس گھوڑے کی قیمت دے سکتا ہوں۔

سوداگر بہت زور سے ہنسا اور ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا آفتاب اس طرف پہلے جایئے گذشتہ آپ کو وہاں ملیں گے"

مجھے معلوم ہے اور میں اسی طرف سے آ رہا ہوں اور اگر آپ اس سے زیادہ مانگیں گے تو میں اسی طرف چلا جاؤں گا۔

سوداگر نے عظیم کو غور سے دیکھا اور اس قسم کی گفتگو کو فضول سمجھ کر کہا کہ میں آپ سے اکیسواں روپیہ لونگا" عظیم نے ایک تنقیدی نظر سے گھوڑے کو دیکھا اور اپنے جی میں کہا۔ یہ جانور اس قیمت میں یا تو بہت سستا ہے یا پھر گراں یہ صاف صاف جوا ہے اگر ہار گئے تو سراسر نقصان اور اگر جیت گئے

تو پھر فائدہ ہی فائدہ۔ چنانچہ اس نے خریدنے کا ارادہ مستقل کر کے اپنے کرتے کے نیچے سے ایکسو پچاس روپیہ کے نوٹ نکالے اور کہا کہ میرے پاس صرف اسقدر ہے اب تمہاری جی چاہے تو اس قیمت پر دیدو ورنہ تمہاری خوشی۔ سوداگر نے کن انکھیوں سے نوٹوں کی طرف دیکھا اور عظیم سے تعجب ہو کر پوچھا آپ اسپر سواری کر کے دیکھیں گے بھی نہیں۔

نہیں۔ عظیم نے جواب دیا۔

"خیر لے لیجئے خدا آپ کا محافظ ہو"۔ سوداگر نے کہا اور نوٹ شمار کرنے لگا۔

عظیم نے گھوڑے کی رسی اپنے ہاتھ میں لی اور اپنے گھوڑے کے پاس لا کر اس کو بھی باندھ دیا۔ کچھ دیر ادھر اُدھر گھومنے کے بعد عظیم جب میلے سے روانہ ہوا تو کافی دیر ہو چکی تھی۔ وہ ابھی راستہ ہی میں تھا کہ اندھیرا چھا گیا۔ چنانچہ سڑک کے کنارے ایک درخت کے نیچے اس نے شب گذاری علی الصباح جب عظیم بیدار ہوا تو سب سے پہلے اسکی نظر ایک بہت روشن ستارے پر پڑی چنانچہ اسنے اپنے اس نئے گھوڑے کا نام "ستارہ" رکھدیا گھوڑوں کو دانا کھلانے کے بعد عظیم پھر روانہ ہو گیا اور بعد دوپہر اپنے گاؤں میں پہونچگیا۔ شام کے وقت عظیم نے اپنے باپ کو گھوڑا دکھایا۔ اس کی خریداری کا قصہ سناتے ہوئے عظیم نے کہا کہ میں دو چار دن میں اس پر سواری کروں گا۔ "ہاں ہاں" اس کے باپ نے جواب دیا۔ "یہ بہت نایاب قسم کا گھوڑا ہے تم نے بہت اچھا کیا جو اس کو خرید لیا"۔

"اس کو پھرانے اور شائستہ کرنے کے بعد میں اس کی قیمت کم از کم ایک ہزار روپیہ وصول کروں گا" اور پھر کچھ شرماتے ہوئے کہا۔ "اس کے بعد میں آپ کے حسب منشا شادی کے متعلق غور کرونگا"

عظیم کے باپ نے جس کے چہرہ سے برہمی کے آثار نمایاں ہو چکے تھے کہا۔ "پہلے مجھے تمہارے لئے دولھن تلاش کرنی ہوگی"۔

"میرا یہ خیال تھا کہ آپ تلاش کر چکے ہوں گے" عظیم نے معصومانہ انداز سے کہا۔

عظیم کے باپ کی برہمی اور ہو گئی "نہیں" اس نے جواب دیا۔ "میں نے محمد اکبر سے اس کے متعلق گفتگو کی لیکن ہمارے ساتھ وہ اس رشتہ کیلئے تیار نہیں ہے اس کی گفتگو سخت تحقیر آمیز تھی"

عظیم اپنے باپ کی طرف مڑا اسوقت اس کا چہرہ مارے غصہ کے تمتما رہا تھا۔ "کیا آپ کا اس سے یہ مطلب ہے کہ ہم اس کے برابر کے نہیں ـــــ ہمارا خاندان اتنا ہی پرانا ہے۔ جتنا کہ محمد اکبر کا" ـــــ "بالکل ٹھیک میرے بیٹے لیکن تم نے دیکھا ہوگا کہ محمد اکبر اب مالدار ہو گیا ہے وہ اب بجائے گھوڑوں کے سوداگر کے لڑکے کے۔ اپنی لڑکی کے لئے کسی اور کا خواہشمند ہے۔ مینے جب اس سے اپنی خواہش کا اظہار کیا تو پہلے تو وہ بہت مسکرایا اور کہا۔ کہ وہ اپنی لڑکی کی شادی کی گفتگو محمد جمال کے ساتھ کر رہا ہے جو پشاور کے ایک مالدار بیرسٹر ہیں"۔

"اور ـــ اور ـــ لڑکی۔ اس کا کیا خیال ہے۔ اس شادی کے متعلق؟"

عظیم کا باپ ہچکچایا۔ "لڑکی کو اس سے کیا تعلق" اور میرے خیال میں تو اس غریب کو ابھی اس کا علم بھی نہ ہوگا اور بفرض محال اگر معلوم بھی ہے تو جہاں اس کا باپ چاہے گا اسکو وہیں شادی منظور کرنا پڑیگی"

"ہوں" عظیم نے کہا اور چلا گیا۔ لیکن اس کی رگوں میں اس وقت افغانی خون جوش مار رہا تھا۔ "ہرچہ بادا باد۔ دیکھا جائے گا۔ شادی شادی میں اب کرونگا ہی نہیں"۔

(۳)

بعد کے دو دن عظیم نے اپنے نئے گھوڑے کی تربیت پر صرف کئے۔ لیکن اسوقت بھی محمد اکبر کا جواب اور اس کے گھر کی تحقیر جو اس طرح محمد اکبر کے ہاتھوں ہوئی تیر اور نشتر کی طرح عظیم کے دل میں چبھ رہی تھی۔ لیکن سوائے خاموشی کے چارۂ کار ہی کیا تھا۔ اس کی تمامتر توجہات کا مرکز اب "ستارہ" تھا۔ عظیم کی یہ انتہائی کوشش تھی کہ وہ اسے خوب اچھی طرح مانوس کر لے۔ محبت اور اخلاص وہ شے ہے جو بدطینت سے بدطینت کو بھی وہ چاہے حیوان ہو یا انسان اپنا گرویدہ بنا لیتی ہے اور پھر گھوڑا جیسا عاقل جانور۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دو ہی دن میں "ستارہ" عظیم کی حسب خواہش اس سے بے حد مانوس ہو گیا۔ تیسرے دن شام کے وقت عظیم نے کچھ دیر کے لئے اسپر سواری کی چوتھے دن صبح کے وقت ایک گھنٹہ اور شام کو دو گھنٹہ اسپر بیٹھا اب ستارہ اسقدر شائستہ اور فرمانبردار ہو گیا تھا کہ یہ معلوم ہی نہ ہوتا تھا کہ یہ وہی جنگلی اور خود سر گھوڑا ہے جو کچھ دن قبل

عظیم نے حزید اتھا۔

ایک دن عظیم نے "ستارہ" کو خوب صاف کیا اور اسپر بیٹھ کر روانہ ہوا یہ جس سڑک پر اسوقت چلا جا رہا تھا وہ پشاور کو جاتی تھی۔ عظیم کو خود خبر نہ تھی کہ وہ آخر اس سڑک پر کیوں جا رہا ہے۔ البتہ اس کے دماغ میں ایک پریشان کن اور تکلیف دہ خواہش یہ ضرور تھی کہ وہ اس محمد جمال کو دیکھے جو سلمٰی کے ساتھ شادی کرنا چاہتا ہے۔ عظیم شام کے وقت پشاور پہنچا اور شب ایک سرائے میں گزاری۔ صبح اٹھ کر عظیم نے ایک پشاوری سوداگر سے جو گھوڑوں کی تجارت کرتا تھا۔ محمد جمال کے متعلق دریافت کیا۔ سوداگر نے کہا کہ محمد جمال کنٹونمنٹ میں ایک عالیشان بنگلہ میں رہتا ہے۔ وہ بڑا آدمی ہے اس کے مراسم صاحب لوگوں سے بھی ہیں۔ دو موٹریں اور متعدد ملازم ہیں۔ مینے ایکبار ایک گھوڑا اس کے ہاتھ فروخت کیا تھا۔ اس کے بعد مجھے اتنی قیمت کسی گھوڑے کی نہیں ملی جو گھوڑا جمال کو پسند آجائے اس کی وہ زیادہ سے زیادہ قیمت دینے میں بھی دریغ نہیں کرتا۔

"تو کیا وہ سواری بھی کرتا ہے؟"

سوداگر ہنسا۔ خدا کی قسم کبھی نہیں۔ اس موٹے آدمی کا وزن کوئی گھوڑا برداشت ہی نہیں کر سکتا۔

"پھر کیوں؟"

"بات یہ ہے کہ گھوڑ دوڑ اس کا مشغلہ ہے اس کے پاس متعدد بہترین گھوڑے ہیں اس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ اپنی بیوی بچوں سے زیادہ اپنے گھوڑوں سے محبت کرتا ہے۔

"اچھا تو اس کی شادی ہو چکی ہے"

ہاں ہاں! اس کے چار لڑکیاں ہیں۔ لڑکا کوئی نہیں۔ لیکن مینے سنا ہے کہ وہ کسی حسین لڑکی سے دوسری شادی کر رہا ہے"۔ سوداگر نے پلک مارتے ہوئے کہا۔ عظیم نے جمال کے متعلق اب کافی معلومات حاصل کر لی تھیں۔ چنانچہ وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر عظیم کے بنگلہ کی تلاش میں چلا۔ اور بلا کسی زحمت اور دقت کے بنگلہ پر پہونچ گیا۔ پھاٹک پر ایک چوکیدار باقاعدہ وردی پہنے کھڑا تھا۔ "یہ بنگلہ محمد جمال ہی کا ہے؟" عظیم نے چوکیدار سے دریافت کیا۔

چوکیدار نے اثبات میں سر ہلایا۔ "تمہیں میرے آقا سے کیا کام ہے" چوکیدار کا لہجہ اس کے قلبی شکوک کا آئینہ بردار تھا۔ عظیم نے کہا کہ میں ایک گھوڑا فروخت ——— چوکیدار نے جو اسوقت "ستارہ" کو بغور دیکھ رہا تھا بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "ٹھہرو میں ابھی انہیں بلاتا ہوں" اور یہ کہتے ہوئے وہ اندر چلا گیا۔ کچھ دیر کے بعد دروازہ کھلا اور چوکیدار نے اشارہ سے عظیم کو بلایا۔ عظیم "ستارہ" کو لے کر آگے بڑھا ہی تھا کہ محمد یوسف بھی اندر سے نکل آیا جمال ضرورت سے زیادہ موٹا تھا۔ اس کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں تھیں اور موٹاپے نے ایک ٹھڈی کی بجائے کئی ٹھڈیاں بنا دی تھیں اسوقت عظیم نے سلمٰی اور جمال کا موازنہ کیا تو اس کا دل بیٹھنے لگا۔ خدا کی پناہ! یہ کیا غضب ہے سلمٰی کی شادی محمد جمال کے ساتھ! "تمہارا ہی نام محمد یوسف ہے" عظیم نے ایک حقارت آمیز مسکراہٹ کے ساتھ دریافت کیا۔ محمد یوسف نے سر سے پیر تک دیکھ کر کہا۔ "ہاں اسے بادیہ نشین" عظیم نے اپنی نظریں اسپر سے ہٹا لیں۔ اور منتظر رہا کہ محمد یوسف دوبارہ آغاز گفتگو کرے۔

"تم یہ گھوڑا بیچنا چاہتے ہو؟" محمد جمال نے گھوڑے کو تنقیدانہ نظر سے دیکھتے ہوئے کہا۔ عظیم نے محسوس کیا کہ جمال کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں گھوڑے کی موزونی اعضا اور اس کے حسن پر فریفتہ ہیں۔ عظیم ابھی یہی دیکھ رہا تھا کہ یکایک اس کو پشاوری سوداگر کی گفتگو یاد آگئی۔ کہ محمد جمال اپنی بیوی بچوں سے زیادہ اپنے گھوڑوں سے محبت کرتا ہے۔ "میرے پاس یہ گھوڑا ہے" عظیم نے سنجیدگی سے کہا۔ "لیکن میں اس کو کسی قیمت پر بھی علیحدہ نہیں کر سکتا"

بیرسٹر نے ایک قلبی الجھن کے ساتھ عظیم کو غور سے دیکھا۔ "تمہارا اس سے کیا مطلب ہے؟" جمال نے دریافت کیا۔

عظیم نے اپنی آواز کو آہستہ کرتے ہوئے کہا۔ "تم محمد اکبر کی لڑکی کے ساتھ شادی کرنا چاہتے ہو۔ اس خیال کو اپنے دل سے نکال دو اور گھوڑا تمہارا ہے!"

یہ سنکر محمد جمال کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں مارے استعجاب کے کھلی کی کھلی رہ گئیں اس نے عجیب حیرت سے عظیم کو دیکھا پھر یک بیک اس کے خیال نے پلٹا کھایا۔ پہلے تو موٹے چہرے پر مسکراہٹ کی موٹی موٹی لکیریں نمودار ہو گئیں اور اس کے بعد پھر ناقابل برداشت طریقہ سے جمال نے ہنسنا

شروع کیا اور مارے غصہ کے مکان سر پر اٹھا لیا اور پھر جب ضبط نہ کر سکا تو پیٹ پکڑ کر بیٹھ گیا "ارے احمق تو کہتا کیا ہے۔ جمال نے ہانپتے ہوئے کہا "واہ خدا کی قسم کیا لاجواب بات کہی ہے۔ ایک گودڑ پوش پادیہ نشین پٹھان کا لڑکا اور سلمٰی کے ساتھ شادی کی خواہش اور چونکہ پیسہ پاس نہیں اس لئے یہ ڈھانچہ (ستارہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) اس کے بدلے میں دینا چاہتا ہے کسقدر عجیب پیش کش ہے" اب ایکبار پھر جمال کے چہرہ کی رنگت بدلی۔ "بوقوف!" جمال نے نہایت حقارت کے ساتھ کہا۔ کیا تو سمجھتا ہے کہ بفرض محال اگر میں راضی بھی ہو جاؤں تو کیا محمد اکبر تجھ ایسے شخص کے ساتھ اپنی لڑکی کی شادی گوارا کرے گا؟ تم ایک غریب آوارہ گرد گھوڑوں کے سوداگر پر انکے ٹھگ ہو! تم کسی لڑکی کو کیا آرام پہونچا سکتے ہو۔ میں ان کے لئے ملازم رکھتا ہوں۔ انہیں نفیس نفیس زیورات دیتا ہوں اور ہر طریقہ کا آرام پہونچاتا ہوں۔ میری بیوی اعلےٰ درجہ کی موٹروں میں سیر و تفریح کو جاتی ہے۔ اور بیش قیمت کپڑے پہنتی ہے۔ سلمٰی تو پردہ بھی نہ کرے گی۔ وہ انگریز افسروں کی بیویوں سے ملے گی۔ تمہارے لئے زیادہ مناسب یہ ہے کہ تم اپنے پہاڑی غاروں اور میدانوں کو واپس جاؤ اور وحشیانہ خون آشامیوں میں اپنی زندگی گزارو"

عظیم نے ایک لفظ بھی اپنی زبان سے نہیں نکالا۔ لیکن اس کی آنکھیں جمال کا گلا دبانے کے لئے بیقرار ہو رہی تھیں۔ عظیم نے سوچا کہ چند سیکنڈ کا کام ہے کہ میں اپنا چاقو اس گوشت کے لوتھڑے میں پیوست کر دوں اور اس سے پیشتر کہ وقت لگے گا کہ میں اپنے "ستارہ" پر جھک کر غائب ہو جاؤں۔ لیکن آخر عظیم اپنے ان ارادوں پر غالب آیا اور اس خیال کو ترک کر دیا۔

محمد جمال نے پھر سلسلہ کلام شروع کرتے ہوئے کہا۔ آج شام کو میں محمد اکبر کے ہاں جا رہا ہوں اور وہاں میرے اور ان کے اعزہ جمع ہوں گے اور رسم منگنی کی ادائیگی ہو گی۔ بہتر ہے کہ تم اب واپس جاؤ! اور اللہ تمہیں عقل عطا کرے۔

"بہتر ہے او موٹے" عظیم نے اسی لہجے میں جس میں محمد جمال گفتگو کر رہا تھا جواب دیا "میں جاتا تو ہوں لیکن جب تم اپنے مستقبل پر نظر ڈالو تو یہ یاد رکھنا کہ تم نے میرے گھر کی بے عزتی کی ہے اور میرے گھر کے کسی ایک فرد نے بھی کبھی آج تک بلا اپنی بے عزتی کا بدلہ لئے ہوئے نہیں چھوڑا۔ چاہے وہ کوئی ہو

یہ کہکر اور جست کر کے عظیم اپنے گھوڑے کی زین پر پہونچا اور اس زور سے گھوڑے کو موڑا کہ جمال اس کی ٹاپوں سے بچنے کے لئے بدحواس ہو کر ایک طرف سمٹ گیا۔ اور عظیم جمال کی طرف اپنی مٹھی دکھاتا اور دانت پیستا ہوا پھاٹک سے باہر نکلا۔ اور گھوڑے کو تیز کر کے پہاڑی راستہ پر چھوڑ دیا اسوقت عظیم کا دل مارے غصہ کے تڑپ رہا تھا۔ صرف اپنی امیدونکی ناکامیابی ہی اس کے لئے باعث رنج والم نہ تھی۔ بلکہ اپنے گھر کی تحقیر اور تذلیل کا احساس بھی تھا جس کو وہ بلا بدلہ لئے چھوڑے جاتا تھا اگر عظیم کو مجبوراً اس شادی کے لئے تیار ہونا پڑا ہوتا جیسا کہ عموماً طریقہ ہے تو اسکو ذرہ برابر بھی پروا نہ ہوتی لیکن یہ ان لوگوں میں تھا جو اپنے ارادے خود قائم کرتے ہیں۔ اور پھر ان ارادوں کو بہر صورت تکمیل تک پہونچانے میں کسی چیز کی بھی پروا نہیں کرتے۔ عظیم نے سلمٰی کے ساتھ شادی کا ارادہ مستقل کر لیا تھا۔ اور اب صرف اقتدیری امور ہی اس کو اپنے اس خیال سے باز رکھ سکتے تھے۔ محمد جمال کا خیال اور اس کے تذلیل آمیز جملے اس وقت عظیم کے زخم خوردہ دلپر نمک پاشی کر رہے تھے۔ سرحدی خون اس وقت اس کی رگوں میں ایک ہیجانی کیفیت پیدا کر رہا تھا۔ اور جوش غضب کی وجہ سے آنکھوں سے شرارے نکل رہے تھے۔ کہ سلمٰی کا خیالی پیکر اپنی تمام رعنائیوں اور دلفریبیوں کے ساتھ اس کے سامنے آموجود ہوا۔ اس وقت عظیم کو ایسا محسوس ہوا جیسے سلمٰی اس سے اپیل کر رہی ہے کہ مجھے جمال کے پنجہ سے بچاؤ۔ عظیم کیا تم مجھے اسقدر جلد بھول گئے ـــ کیا مجھ پر نازل ہونیوالی آفت کی تمہیں پروا نہیں.....

عظیم نے فوراً اپنے گھوڑے کی باگ کھینچ لی اس وقت شدت غضب سے اس کی آنکھیں نکلی پڑتی تھیں۔ جوش غضب نے نیک و بد کی تمیز مٹا دی تھی۔ اور انتقام کے خوفناک دیوتا نے حق و باطل سے یکسر بے نیاز کر کے اپنے تمام شیطانی ارادوں کو اسپر مسلط کر دیا تھا۔ عظیم نے اپنے ہونٹوں کو جو شدت غضب کے باعث خشک ہو گئے تھے۔ زبان سے تر کیا اور گھوڑے کو بجائے اپنے پہاڑی گاؤں کی طرف لے جانے کے محمد اکبر کے گاؤں کی طرف موڑ دیا جس کے مشرقی کنارے پر ایک سرسبز و شاداب باغ کے درمیان محمد اکبر کا مکان تھا۔

(۴)

اگرچہ رات اندھیری نہ تھی لیکن آسمان پر سیاہ سیاہ بادلوں کے ٹکڑے چاند کو اپنے دامنوں میں چھپائے ہوئے تھے اس لئے جب کبھی چاند بادل سے باہر آجاتا تو چاندنی پھیل جاتی اور جب پھر بادل کے ٹکڑے آجاتے تو اندھیرا ہو جاتا۔ اسی حالت میں عظیم نے باہر ہی باہر لوگوں کی نظر بچاتے ہوئے گاؤں کا چکر کاٹا اور محمد اکبر کے باغ میں پہونچکر مکان سے دور مغربی گوشہ میں درختوں کی جھاڑیوں کی آڑ لے کر گھوڑے سے اترا ایک تاریک کنج میں تو گھوڑے کو باندھ دیا اور خود نہایت ہوشیاری کے ساتھ ہر طرف آہٹ لیتا ہوا محمد اکبر کے مکان کی پشت پر پہونچا اسوقت چاند ابر میں چھپا ہوا تھا اور ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔ اوپر کی منزل کی ایک کھڑکی جو پشت کی جانب تھی کھلی ہوئی تھی۔ اندر تیز روشنی کا ایک لیمپ روشن تھا۔ کچھ لوگ حقہ پی رہے تھے کچھ ہنس بول رہے تھے اور کچھ سنجیدگی اور متانت سے بیٹھے گفتگو کر رہے تھے۔ ان سب کی آوازیں مع حقہ کی گڑگڑاہٹ کے عظیم پشت پر سے سُن رہا تھا اس کو یقین ہو گیا کہ رسم منگنی کی ادائیگی کے سلسلے میں یہ خوشیاں منائی جا رہی ہیں۔ عظیم ذرا اور آگے بڑھا تو وہ اس کھڑکی کے نیچے پہونچا۔ جس میں سبز پردے پڑے تھے اور جس میں کھڑے ہو کر پہلی بار رونمائی کے وقت سلمٰی نے سرخ رومال ہلا کر اس کو خیرباد کہا تھا۔ اسوقت عظیم کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا یہ سلمٰی کا کمرہ ہے! وہ اسوقت یقیناً یہیں ہوگی۔ لیکن کیا وہ تنہا ہوگی؟ کھڑکی نصف کھلی ہوئی تھی۔ اور سبز پردہ ہوا میں اِدھر اُدھر اُڑ رہا تھا۔ عظیم اسوقت ہمہ تن اندر کی آہٹ لینے میں مشغول تھا۔ لیکن بہت دیر تک جب کسی قسم کی کوئی بھی آہٹ نہ ملی۔ تو پہلے ہر چہار طرف نظر ڈالکر اپنا اطمینان کیا اور پھر پیروں سے چپلی اُتار کر اور کھڑکی کی دہلیز پکڑ کر جو اوپر اُچھلا تو بلی کی ایسی تیزی اور خاموشی کے ساتھ وہ کھڑکی اور پردہ کے درمیان میں پہونچگیا۔ یہاں کچھ دیر ٹھہر کر اسنے پھر آہٹ لی تو اس کو بہت آہستہ آہستہ سانسوں کی آواز آتی معلوم ہوئی اسوقت کمرہ میں بالکل اندھیرا تھا۔ جب عظیم کی آنکھیں اس اندھیرے سے مانوس ہوئیں۔ تو عظیم نے دیکھا کہ اس کمرہ میں صرف ایک شخص ہے جو سو رہا ہے۔

اسوقت آسمان پر عین کھڑکی کے مقابل چاند اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ چمک رہا تھا عظیم نے سبز پردہ کو ایک جانب ہٹایا تو کمرہ میں کافی روشنی پہونچ گئی۔ عظیم پردہ کو ہٹا کر جو دوبارہ اس سونے والے کے پاس آیا۔ تو اس کا کلیجہ دھک سے ہو گیا۔ یہ سلمٰی تھی جو ایک کوچ پر لیٹی محوِ خواب تھی۔ چہرہ کسی اندرونی فکر اور پریشانی کے باعث زرد تھا۔ سر کے بال کھلے ہوئے تھے۔ اور برہنہ کلائی پر سر رکھے سو رہی تھی۔

عظیم نے پہلے تو اپنی سانس کو روکا اور پھر آہستہ سے آواز دی "سلمٰی"۔

سلمٰی نے اپنی آنکھیں کھول دیں۔ ایک لمحہ کے لئے نہایت استعجاب سے عظیم کو دیکھا پھر اس کے ہونٹ کھلے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ چیخنے ہی والی ہے۔ لیکن ——

"میں ہوں تمہارا عظیم" عظیم نے جلدی سے کہا۔ اور یہ سنکر سلمٰی اٹھ کر بیٹھ گئی۔

تم۔ تم یہاں کیا کر رہے ہو۔ سلمٰی نے سخت متحیر ہو کر دریافت کیا۔ تم یقینی پاگل معلوم ہوتے ہو۔ تمام گھر میرے اور مال کے اعزہ سے بھرا ہوا ہے۔ اگر اس وقت میرے منہ سے چیخ نکلجاتی تو سب لوگ یقینی دوڑ پڑتے اور پھر ظاہر ہے کہ تمہاری زندگی کے لالے پڑ جاتے۔

ہاں۔ عظیم نے جواب دیا۔ صرف تمہاری [illegible] کی دیر ہے۔

"تمہارا اس سے مطلب؟"

"تو کیا اس جمال سے تم شادی کرنے پر رضامند ہو۔"

"میں مجبور ہوں۔ میرے باپ کی خواہش یہی ہے۔"

"اور تمہاری کیا خواہش ہے۔"

"اس سے تمہیں غرض"

"سنو" عظیم نے کہا "جس بھدّے مگر مالدار شخص سے تمہاری شادی ہو رہی ہے اس کو تم نے دیکھا بھی ہے۔"

"سلمٰی نے اثبات میں سر ہلایا"۔

"تم اس کے ساتھ یقیناً ایک بآرام زندگی گزارو گی۔ موٹروں پر سیر و تفریح کے لئے جاؤ گی۔ جواہرات اور قیمتی کپڑے تمہارے بدن پر ہوں گے اور وسیوں خادمائیں اور ملازم تمہارے احکامات کے منتظر رہیں گے۔۔۔۔"

"تو آخر تم چاہتے کیا ہو تمہارا مطلب کیا ہے؟ میری قسمت کا لکھا

میرے سامنے آ رہا ہے۔ اللہ کی مرضی یہی معلوم ہوتی ہے"۔

"پیاری سلمیٰ سنو۔ مجھ سے آج پوچھا گیا کہ میں جس لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہوں اس کو کیا دے سکتا ہوں اور اس کے لئے کیا کیا سامانِ آسائش بہم پہونچا سکتا ہوں"۔

"کیا تم سننا چاہتی ہو"

"سننے سے فائدہ۔ اس کے علاوہ میرے لئے اب اس میں کیا دلچسپی ہو سکتی ہے؟"

میں اپنی ہونیوالی بیوی کو سنگلاخ پہاڑیوں کی سخت اور تکلیف دہ زندگی پیش کرتا ہوں۔ بجائے ملازمین کے میری بیوی گھر کا کل کام خود کریگی اور سب کو آرام پہونچائے گی۔ راتوں کی آوازیں اس کی شب خوابی میں اکثر و بیشتر مخل ہوا کریں گی۔ اس کے بعض لمحے سخت انتظار میں گزریں گے اور پھر ایسی صورت میں جبکہ دشمنوں پر شبخون مارنے کے بعد گاؤں کے اور لوگ واپس آ گئے ہوں اور ان میں سے بعض دفعہ سب لوگ واپس بھی نہیں آئیں گے..... ایسی ہی زندگی میری ماں نے گزاری اور ایسی ہی تمہارے باپ کے ساتھ جانے سے قبل تمہاری تمہاری ماں نے۔ لیکن میرے بچے ایسے موٹے اور ٹھس نہ ہوں گے جیسے محمد چال کے ہوں گے۔ وہ مرد ہوں گے۔ باہمت اور شجاع"۔

"ایسے ہی جیسے ان کا باپ" سلمیٰ نے اسقدر آہستگی سے کہا کہ عظیم اس کو سمجھ نہ سکا۔

"ایک ایسا راستہ بھی ہے جس سے بہت کم لوگ واقف ہیں" عظیم نے کہنا شروع کیا۔ اور اس راستہ میں صرف خاص خاص گھوڑے جیسا کہ میرا ہے مجھ اور ایک کسی اور کو قبل طلوعِ آفتاب نہایت آسانی اور اطمینان کے ساتھ میرے پہاڑی گاؤں میں پہونچا سکتے ہیں"

سلمیٰ اٹھی اور خاموشی کے ساتھ عظیم کے سامنے کھڑی ہو گئی۔ ایک لمحہ کے لئے اس کے چہرہ کو غور سے دیکھا اور پھر بولی

"آؤ پیارے عظیم آؤ مجھے اپنے گھوڑے تک لے چلو۔ تاکہ سورج نکلنے سے قبل ہم اپنے پہاڑی گاؤں میں پہونچ جائیں"۔

.....

(محمد اختر صفوی)

اُس نے کہا

(قاضی عبدالغفار مصنف "لیلےٰ کے خطوط" کی تازہ ترین تصنیف)

اس نے کہا..... جو کچھ اُس نے دیکھا..... زندگی اور موت کے درمیان..... زندگی کے ٹھوس حقائق..... ادب لطیف کے رنگین لباس میں غم واندوہ اور آسائش کا طویل زمانہ..... تنہائی کی ہفتہ ہونیوالی راتیں..... اپنی روح کے بے شمار ٹکڑے..... اپنے ارمانوں کی بے انتہا اولاد بستی کی سنسان گلیوں میں چھوڑتے ہوئے جہاندیدہ مسافر اپنی زندگی کے تجربے بیان کرتا ہے..... بچے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں بوڑھے مرد اور عورتیں اس سے سوال کرتے ہیں۔


محبت۔ مناکحت۔ اولاد۔ داد و دہش۔ خورد و نوش۔ محنت۔ غم و مسرت۔ عمارت لباس۔ خرید و فروخت۔ جرم و سزا۔ قانون عقل و جذبہ درد۔ اسرار خودی۔ تعلیم و تعلّم۔ دوستی۔ ذوق گفتار۔ ایام حیات۔ نیک بد عیش جس کا تصور۔ مذہب اور موت کے بارے میں۔ اور وہ لطیف ترین ادبی رنگ میں ان پر روشنی ڈالتا ہے۔

اس سال کی بہترین کتاب۔ کتابت۔ طباعت اور کاغذ بہترین

قیمت ایک روپیہ چار (۴) نیرنگ خیال کے خریداروں سے ایکروپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ

نیرنگ خیال بک ڈپو ۳۶ بیڈن روڈ لاہور



MURAL PAINTINGS.


فیضی رحمان کا ایک بے مثال کارنامہ۔

نئی دہلی کی شاہی عمارتوں کی دیواروں کو
جن رنگین تصاویر سے انہوں نے منقش کیا
ہے۔ اس کے چند نمونے یہاں درج ہیں۔



جنگ کی تصویر۔






MURAL PAINTINGS

فیضِ رحمان کی آرٹ کے چند نادر نمونے
جو دہلی کی شاہی عمارات پر نقش
کئے گئے ہیں ۔

جمنا کنارے علم ۔



محبت و پیار ۔



امن و سلامتی ۔

سامانِ حیات

(علامہ وصل بلگرامی مدظلہ العالی)

پھر مرے جذبات نے جینے کا ساماں کر دیا
پھر انہیں آمادۂ لطف فراواں کر دیا

پھر جنونِ دل نے محو رازِ عرفاں کر دیا
کافری کو وہ جلا بخشی کہ ایماں کر دیا

پھر کسی نے یوں اٹھایا صحنِ گلشن میں رباب
باغ کے ہر ایک ذرّے کو غزلخواں کر دیا

پھر لولوں میں سرفروشی کی تمنا جاگ اٹھی
پھر کسی سفاک نے بانہوں کو عریاں کر دیا

پھر لگاوٹ نے کسی کی زخمِ دل کے بھر دیئے
پھر تبسم نے کسی کے گل بداماں کر دیا

پھر بنایا دل کو اس چشمِ کرم نے حق شناس
پھر دماغِ کفر پرور کو مسلماں کر دیا

پھر اسی مشکل کو کہتی ہے جسے دنیا حیات
میرے حق میں جلوۂ جاناں نے آساں کر دیا

پھر اٹھایا خوے کرم سے ہاتھ اس بدمست نے
عشق کو پھر قابلِ عمرِ گریزاں کر دیا

پھر رخِ گلرنگ سے یوں حسن نے الٹی نقاب
مجھ پہ خود میرے ہی جلووں کو نمایاں کر دیا

پھر لبِ رنگین و چشمِ ناز کو جنبش ہوئی
حسن نے پھر ایک عالم میں چراغاں کر دیا

پھر کوئی انگڑائی لے کر مسکرایا باغ میں
چاک پھر ہر پھول نے اپنا گریباں کر دیا

اس نے پھر جمعیتِ خاطر کی دی مجھ کو نوید
پھر مرے شانوں پہ زلفوں کو پریشاں کر دیا

ہو گیا پھر فطرتِ آدم سے قائم حسنِ ظن
اس نے پھر مجھ کو رفیقِ نوعِ انساں کر دیا

پھر دکھا کر حسن نے جلوے مآلِ عشق کے
نشترِ غم کو مرے حق میں رگِ جاں کر دیا

پھر نوید جانفزا دی کھل کے زلفِ یار نے
کافری نے تازہ پھر اک بار ایماں کر دیا

دردِ دل میں بھر کے پھر اس کے تبسم نے مزہ
خار کو منجملۂ گلہائے خنداں کر دیا

پھر دیا ظالم نے پائے ناز پر اذنِ سجود
سکونِ عزم پابوسی کو رقصاں کر دیا

دل میں پھر روشن ہوئے بجھتی امیدوں کے چراغ
پھر کسی ہاتھے کی افشاں نے چراغاں کر دیا

پھر الٹ دی رخ سے بازارِ محبت میں نقاب
حسن نے پھر جنسِ برنائی کو ارزاں کر دیا

التفاتِ خاص سے دیکھا پھر اس نے اس طرف
ہم نے پھر کون و مکاں کو اس پہ قرباں کر دیا

جور پھر حد سے گزر کر بن گیا لطف و کرم
مشکلوں نے بڑھ کے پھر اپنے کو آساں کر دیا

آج پھر آیا وہ ہنستا۔ مسکراتا جھومتا
آج پھر اس نے گلستاں کو گلستاں کر دیا

عشق کی خاموشیوں کا پھر ہوا اتنا اثر
حسن نے خود ہی محبت کو نمایاں کر دیا

پھر مری امید سے بڑھ کر کیا اس نے سلوک
پھر مری مایوسیوں کو **وصل** اجیراں کر دیا

تصوّرِ یار

(از جناب محمود صاحب اسرائیلی)

(۱) ریاضِ چرخ سے قوسِ قزح کو توڑا ہے
بہارِ خلد سے حسنِ ازل نچوڑا ہے
چراغِ طور کو کچھ ٹمٹماتا چھوڑا ہے
جمالِ یار کے منظر دکھا رہا ہوں میں

(۲) کبھی ہے آئینہ ماہتاب پیشِ نظر
کبھی ہے حسنِ رخِ آفتاب پیشِ نظر
کبھی ہے گلکدہ لاجواب پیشِ نظر
رخِ حبیب سے پردے اٹھا رہا ہوں میں

(۳) میں پہلے مژہ سے نقش و نگار تو کر لوں
وفا کا رنگ بھروں پائیدار تو کر لوں
میں چشمِ شوق کو اس پر نثار تو کر لوں
شبیہِ یار تو دل میں جما رہا ہوں میں

(۴) وہ بزمِ دل میں ذرا دیر تو ٹھہر جاتے
خیال ہی کی طرح آتے اور گذر جاتے
وہ میری حسرتِ مُردہ تو زندہ کر جاتے
کہ پھر چراغِ محبت جلا رہا ہوں میں

(۵) فلک کے جورِ جہاں کے عتاب دیکھ چکا
میں غم پرست قیامت کا خواب دیکھ چکا
وہاں کا رنگِ عذاب و ثواب دیکھ چکا
اب اُن کو چھیڑ کے فتنے جگا رہا ہوں میں

(۶) بہارِ خلد کی آتش کو سرد کرنا ہے
جمالِ حُور کے غازہ کو گرد کرنا ہے
اُنہی کو جملہ حسینوں میں فرد کرنا ہے
زمیں پہ چھوٹی سی جنت بنا رہا ہوں میں

قدیم یونان کا ایک دلچسپ ڈرامہ

انسان اور پتھر کی جنگ

انسان کی خودغرضی اور مجسمہ کی قربانی

(انسانی تخلیق کی کارفرمائی اور اُس کے خوفناک نتائج)

افراد

پگمیلین ..... ایتھنس کا مجسمہ ساز (فن کار)
لیوسی پس ..... ایک فوجی سپاہی
کرائسس ..... ایک رئیس اور علوم وفنون کا سرپرست
اگیسماس ..... کرائسس کا غلام
میموس ..... پگمیلین کا غلام
گلیشیا ..... ایک پتھر کا مجسمہ جو بعد کو زندہ ہو گیا۔
سائینکا ..... پگمیلین کی بیوی
ڈیفنی ..... کرائسس کی بیوی
مائرین ..... پگمیلین کی بہن

جائے وقوع - قدیم یونان۔

سین

[دارالخلافہ میں پگمیلین کا اسٹوڈیو۔ کمرے میں ہر چہار طرف سنگین مجسموں کے بہترین نمونے رکھے ہوئے ہیں جن میں ونس کا قدآدم مجسمہ بھی شامل ہے۔ کمرے کے ایک حصے میں "گلیشیا" کا ایک بت ایستادہ ہے جس کو حاضرین کی نگاہوں سے پردہ کے ذریعہ پوشیدہ کر دیا گیا ہے۔

میموس غلام ایک نامکمل مجسمہ کو درست کرنے میں مصروف ہے۔

"اگیسماس" ذہنی طرف سے بھڑک دار لباس پہنے ہوئے داخل ہوتا ہے]

اگیسماس۔ (مغرورانہ انداز سے) پگمیلین کا اسٹوڈیو یہی ہے؟

میموس۔ جی ہاں۔ فرمائیے۔

اگیسماس۔ تم پگمیلین ہو؟

میموس۔ جی میں اُن کا غلام ہوں۔

اگیسماس۔ ہوں۔ پگمیلین کے پاس غلام بھی ہیں۔ ایک سنگتراش کے گرد غلام گردش کریں اور اُس کے اشاروں پر رقص۔ اُس کے کوڑوں کے سامنے اپنی پشت پیش کریں۔ اور اُس کی آواز پر سرِ تسلیم خم۔

دنیا میں کیسا انقلاب آگیا۔ !!

میموس۔ کیا حکم ہے جناب!

اگیسماس۔ آج پگمیلین کو کرائسس نے طلب کیا ہے۔ ٹھیک ساڑھے تین بجے۔ اُسے اطلاع دیدینا!

میموس۔ کیا آپ ہی کرائسس ہیں؟

اگیماس۔ میں انہیں میں کرائسس تو نہیں ہوں۔

میموس۔ ان کے بھائی ہیں۔

اگیماس۔ نہیں۔ دراصل میں اُن کا غلام ہوں۔

میموس۔ (خوش ہوکر) غلام!

اگیماس (فخریہ) میرا نام اگیماس ہے۔

میموس۔ (قہقہہ لگاکر) اگیماس کی پیشانی پر بھی غلامی کا داغ ہے۔ وہ بھی اپنے آقا کے گرد گردش کرتا ہے۔ اور اس کے اشاروں پر رقص۔ اس کے کوڑوں کے سامنے اپنی پشت پیش کرتا ہے اور اُس کی آواز پر سر تسلیم خم [خوب ہنستا ہے]

ل۔ بے وقوف۔ کرائسس کی غلامی حکومت کرنے سے جہ بہتر ہے۔ اُس کے کوڑوں کی ضربیں میری پشت پر کی بدھیاں بنجاتی ہیں۔ اور اس کا غیظ و غضب چاندی نے کے سکے۔ بتا اب کیا کہتا ہے؟

جو تا آپ کو بھی توفیق دے۔ مگر یہ کرائسس ہے کون؟

وہ کرائسس کو نہیں جانتا۔ کیا ایتھنس میں رہ کر بھاڑ جھونکا ہے

ں۔ ایتھنس میں کرائسس جیسے ہزاروں چیتھڑے ہیں۔

ایسیماس۔ کم عقل۔ کرائسس اسوقت ایتھنس کا چراغ ہے اور علوم و فنون کا سرپرست۔ غریبوں کا مددگار۔ اور دولت و امارت کا واحد اجارہ دار۔ جس کے دسترخوان کے بچے ہوئے ٹکڑوں پر پگمیلین جیسے ہزاروں اپنی زندگی بسر کرتے ہیں۔ سمجھا!

[پگمیلین بائیں جانب سے داخل ہوتا ہے]

پگمیلین۔ تم کون ہو؟

اگیماس۔ (بیٹھے ہی ہوئے) میں کرائسس کا خادم ہوں (فخریہ) اور میرا نام اگیماس ہے۔ سرکار نے تمہارے حالِ زار پر توجہ فرمائی ہے وہ تمہارے ہنر کی داد دیتے ہیں اور تم کو اپنی حضوری میں طلب کرتے ہیں۔ تمہاری تقدیر پلٹتی ہے۔ جاؤ اور سر کے بل جاؤ۔ کیونکہ ایسا قدردان رئیس قسمت ہی سے ملتا ہے۔ لیکن اس کے حضور میں ذرا عقل سے کام لینا۔ کیونکہ اس کی ایک آنکھ میں رحم ہے اور دوسری میں قہر۔

پگمیلین۔ تیرے الفاظ تیرے آقا کی کم ظرف طبیعت کا آئینہ ہیں۔ بدتمیز [اگیماس اُٹھ کھڑا ہوتا ہے]

میری طرف سے جاکر کہدے کہ تیری دولت و ثروت کو دور ہی سے سلام ہے۔ کیونکہ اس مقدس فن کا پیرستار دولت سے مستغنی ہے اور بے نیاز۔ کیا وہ نہیں جانتا کہ آرٹ ایک سرمایہ دار کی دسترس سے باہر ہے۔ اور اُس کی گردن چاندی کے طوق سے آزاد۔ دنیا کی حکومت کا تاج دراصل اسی کے سر پر ہے۔ اس لئے دولت کا فرض ہے کہ وہ خود آکر حق غلامی ادا کرے

اگیماس۔ کیا یہ ایک سنگتراش بول رہا ہے؟

پگمیلین۔ (غصہ میں) ہاں جو غیظ و غضب سے بپھرا ہوا ہے۔

[اگیماس پیچھے ہٹتا ہے]

دور ہو جا میرے سامنے سے اور اپنے مالک سے یہی کہدے کمبخت!

[اگیماس دہنی جانب سے نکل جاتا ہے]

[میموس اس کے جانے تک کام میں مصروف ہے]

جاہل اور بدتمیز۔ (سائنکا بائیں جانب سے داخل ہوتی ہے)

سائنکا۔ خیر تو ہے پگمیلین!

پگمیلین۔ کرائسس نے اپنے غلام کو بھیجا تھا تاکہ تمہی دست فن کار خود پسند دولتمند کا طوق غلامی پہن لے۔

سائنکا۔ ایک ادنے غلام کی فطری زبان درازی کا گلہ بالکل فضول ہے اس خیال کو دماغ سے نکال ڈالو۔ آخر اپنی بھینی اٹھا کر اپنے کام میں کیوں نہیں مصروف ہوتے۔ تم کو معلوم ہے کہ آج کے لئے میں تم سے رخصت ہو رہی ہوں۔ اس لئے اس آدھ گھنٹہ کو جو میری روانگی میں باقی ہے۔ بہترین مصرف میں کیوں نہیں لاتے۔ دیکھو میں اس انداز سے کھڑی ہوتی ہوں۔ ٹھیک ہے نا!

پگمیلین۔ میرے ہاتھوں میں رعشہ ہے اور دل پر بوجھ۔ میں آرام چاہتا ہوں۔

سائنسکا - بہتر ہے آرام کرو - اور اتنی دیر اپنے شاہکار مجسمے کو دیکھو تاکہ سکونِ قلب میسر ہو —— لو

[پردہ ہٹاتی ہے - گلیشیا کا مجسمہ نظر آتا ہے -]

پگمیلین - ضرور - اس کے دیدار سے مجھے کیوں نہ سکونِ قلب حاصل ہو کیونکہ دراصل میرا شاہکار نقل ہے - دستِ قدرت کے شاہکار یعنی "سائنسکا" کی -

سائنسکا - افسوس کہ یہ مجسمہ تیرا شاہکار ہونے کے باوجود بھی اعتراضات کی زد سے محفوظ نہ رہ سکا - تیرے سرپرست حسبِ دستور اسمیں بھی عیب ہی نکالتے ہیں -

پگمیلین - کیا ؟

سائنسکا - اُن کا خیال ہے کہ پگمیلین کے تمام مجسموں کے خالوں پر سُرا یک ہی ہے

[بیچ میں آتے ہوئے]

اور وہ سائنسکا کا ہے -

پگمیلین - بس یہی نقص ہے - واہ

دیوتاؤں نے جس مسرت کا تنہا مالک میری خوش نصیب ذات کو قرار دیا ہے - میرا احسان ہے کہ میں اُس کا پرتو اپنے فن میں تحلیل کر کے دنیا کے سامنے پیش کرتا ہوں - تاکہ وہ بھی اُس سے لطف اندوز ہو سکے - [اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیکر]

اگر تیرے چہرے سے ارفع و اعلےٰ مرقع مجھ کو نظر آئے گا تو میں اُس کو پیش کرونگا -

سائنسکا - (مضطرب ہو کر) معاف کیجئے اِکسی دوسرے سر کی تلاش خواہ وہ حسنِ مجسم ہی کیوں نہ ہو مجھے گوارہ نہیں - کسی اجنبی ماڈل سے تم کو مطلب ہی کیا - جبکہ میں تمہاری خدمت کے لئے حاضر ہوں اور میرے خط و خال تمہارے فن کے لئے وقف - اس لئے جس طرح چاہو اُن کی حکاسی کرو - [مجسمہ کے دہنی جانب جا کر]

حالانکہ اس حسین بت کو اپنی شبیہ خیال کرنا میری عین حماقت ہے بھلا میری صورت میں وہ دلکشی کہاں جو اس نقلی مورت میں ہے

پگمیلین - [بیٹھے ہی ہوئے] واہ - ہو بہو تیری نقل ہے ہر سو فرق نہیں

سائنسکا - نہیں - اس کے چہرے کے خطوط کی دلکشی اور اس کے اُبھرے ہوئے نقوش کی نرمی - اس کی خمیدہ ابرو - مست شباب آنکھیں - اور مصنوعی پیشانی البتہ یادگار رکھی جا سکتی ہیں - میرے گذشتہ حسن و جمال کی جبکہ اب سے دس برس قبل میں آئینہ کے ایک محفوظ گوشۂ چمن میں تنہا بیٹھی ہوئی تھی - اور میرا پگمیلین مجھ کو دعوتِ عشق دے رہا تھا - یہ ابروؤں کا بل - تھرتھراتے ہوئے ہونٹ اور شرم و حجاب سے جھکا ہوا چہرہ اسی منظر کی یاد دلا رہا ہے آہ مجھ میں اور اس مجسمہ میں یہی فرق ہے کہ مجھ میں انقلاب آگیا اور یہ اس کی زد سے محفوظ ہے -

پگمیلین - وقت کی پرواز کا گلہ کرنا لاحاصل ہے - وہ چشم زدن میں تیری منزل سے گذر چکا اور اب اُس کا پلٹنا محال ہے -

کیا تو اس کے پروں کو کترنا چاہتی ہے ؟ یا اس امر سے ناراض ہے کہ وہ تیرے قریب سے گذرا اور ایسے حسین چہرے پر اپنے بوسوں کے نشانات کیوں چھوڑ گیا

[سائنسکا بیٹھ جاتی ہے]

[مائرین دہنی جانب سے دوڑتی ہوئی آتی ہے]

مائرین - پگمیلین - تجھے ایک خوشخبری سناؤں؟

پگمیلین - ہاں سنا میری بہن -

مائرین - (لجاتے ہوئے) پہلے میموس کو ہٹا دے -

پگمیلین - [میموس کو اشارہ سے ہٹا دیتا ہے] اب تو کہے گی ؟

مائرین - "لیوسی پس"..... .

سائنسکا - کہو -

مائرین - (پگمیلین سے) جو کبھی تیرا ہم مکتب تھا اور تجھ کو ایک دوست کی طرح سے چاہتا تھا - اب ایک حقیقی بھائی کی طرح سے چاہنے لگا ہے -

پگمیلین - یہ تو کوئی نئی بات نہیں -

شاید تیرا مدعا کچھ اور ہے -

مائرین - ہاں - (شرمیلے انداز سے) وہ تیری بہن کا خواستگار ہے

پگمیلین - (اچھل کر) خوشخبری !

مرحبا بہن میں تجھے مبارکباد دیتا ہوں - اس بات پر ادھر آ

تاکہ میں تجھے پیار کروں۔

[اس کا بوسہ لیتا ہے]

[وہ سائنسکا کے سامنے جھکتی ہے اور وہ بھی اس کا بوسہ لیتی ہے]

سائنسکا۔ ذرا تفصیل سے بیان کرو میرین! کہ یہ شرمیلا الجیلا اکھڑ سپاہی اقرار محبت کرنے پر کس طرح قادر ہو سکا۔

[لیوسی پس دہنی جانب سے نمودار ہوتا ہے]

مائرین۔ کیوں۔

لو وہ آ گئے۔ [خود جا کر ساتھ لاتی ہے]

یہ آپ بیتی خود ہی بیان کریں گے۔

لیوسی پس۔ (جھینپتے ہوئے) حقیقت یہ ہے کہ میں اس فن سے ناواقف ہوں اور اس منزل سے ناآشنا میری تعریف یہی ہے کہ میں ایک اُجڈ سپاہی ہوں۔ اور بس۔ اگر میں ایک حسین دوشیزہ کے دل پر فتح پا سکا تو محض حسن اتفاق ہے۔ کیونکہ میں خوش قسمت ہوں۔ خوش تدبیر نہیں۔ میں کیا جانوں چہرے کو سرخ ارادہ مغموم بنانا۔ بات بات پر آہ کرنا۔ قدم قدم پر اشعار پڑھنا۔ آنکھوں کو اشک آلود کرنا اور اپنے محبوب کو الفاظ کے جال میں اس طرح جکڑنا کہ وہ بے بس ہو جائے۔ شروع میں کوشش کی تھی۔ لیکن آواز گلوگیر ہو گئی۔ الفاظ ذہن سے محو ہو گئے۔ پیشانی عرق آلود ہو گئی۔ چہرے پر شرم کی سرخی دوڑ گئی اور لبوں پر مہر لگ گئی۔ "میرین" نے میری بے بسی پر قہقہے لگائے۔ لیکن اُس کی صفائی قلب کی داد دیتا ہوں۔ وہ میرا مطلب سمجھ چکی تھی اس لئے خود ہی اس نے میری مشکل کشائی کر دی۔

مائرین۔ سچ کہتی ہوں پگمیلین۔ میں خود نہیں کہہ سکتی کہ اتنی کڑی منزل کس طرح طے ہو گئی۔ ان کی زبان لڑکھڑا رہی تھی اور میں ان کی بے بسی کا مذاق اڑا رہی تھی جب میں نے دیکھا کہ میرا بہادر سپاہی لیوسی پس ایک طفل مکتب کی طرح اسوقت شرم و حجاب کی دلدل میں پھنسا ہوا ہے تو مجھ رحم آ گیا۔ میرا بھی دل بھر آیا۔ اور جذبات اُمنڈ امنڈ کر آنکھوں کی راہ بہنے لگے۔ اس کے بعد میں خود فراموش ہو گئی۔ یہاں تک کہ جب میں نے اپنی آنکھیں کھولیں تو وہ برف کی دیوار جو ہمارے درمیان حائل تھی پگھل چکی تھی اور ہم دونوں ——

لیوسی پس۔ دنیا و مافیہا سے بے خبر ایک دوسرے سے ہم آغوش تھے

[اسے گلے لگاتے ہوئے]

بتاؤ میرے دوست تم اس رشتہ سے ناراض تو نہیں ہو۔

[اپنا ہاتھ اُس کے ہاتھ میں دیتے ہوئے]

پگمیلین۔ [ہاتھ کو دباتے ہوئے]

کمال کرتے ہو! میری خوشی کی کوئی انتہا ہی نہیں۔ کاش میں مخفی طور سے اس مقام پر موجود ہوتا اور تم دونوں کے جذبات کی کشمکش کا تماشہ خود اپنی آنکھوں سے دیکھتا۔ تاکہ میں اس معصوم محبت کے ان لاثانی مناظر کو پتھر پر نقش کر کے لازوال بنا سکتا۔

لیوسی پس۔ ہم دونوں اب بھی حاضر ہیں۔ مائرین! میری جان! آؤ ہم گذشتہ منظر کی تجدید کریں۔

پگمیلین! تم اپنی مٹی منگاؤ۔ ہم تم کو یقین دلاتے ہیں کہ ہماری نشست میں سرمو فرق نہ ہوگا۔

[دونوں ایک دوسرے کی آغوش میں آتے ہیں]

سائنسکا۔ وہ جذبات تمہارے چہروں پر دوبارہ نمودار نہیں ہو سکتے۔ بتاؤ۔ مائرین کو دیکھتے ہی تمہارے گالوں پر جو معصومیت کی سرخی دوڑ گئی تھی اب وہ کہاں گئی۔

لیوسی پس۔ اُس کا رنگ ہلکا تھا۔ اس لئے ہم نے اُسے ہمیشہ کے لئے دھو ڈالا۔

[مائرین کا بوسہ لیتا ہے اور اس کو اپنے دہنی طرف بٹھا لیتا ہے]

پگمیلین۔ [مجسمہ کو بناتے ہوئے] اپنے شوہر کی نگرانی کرتی رہنا۔ مائرین کیونکہ تو اس قدر خوش قسمت نہیں ہے جسقدر کہ تیری بھاوج۔

[سائنسکا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جو بائیں طرف بیٹھی ہے]

مائرین۔ [دہنی جانب بیٹھی ہوئی ہے اور لیوسی پس اُس کی پشت پر ہے]

یعنی ؟

سائنسکا - یہ ایک افسانہ ہے عجیب و غریب - اُس وقت کا جبکہ میں آرٹس کے مقدس مندر کی راہبہ تھی اور ایسی راہبہ جو مدت العمر دوشیزہ رہنے کا عہد کر چکی تھی -

لیوسی پس - تعجب ہے -

مائرین - جس کے محض خیال سے میری روح کانپتی ہے -

سائنسکا - مگر میری روح کو سرور تھا -

عہد کرنے سے قبل ہفتوں میں اس کی نوعیت پر غور کرتی رہی تھی میری راتیں بیداری میں کٹتی تھیں اور دن بے چینی میں نظروں کے سامنے بس یہی خیال تھا - اور اس خیال کے مختلف پہلو - ان پہلوؤں کے مختلف نتائج آخر کار میں مکمل ہو گئی اس عہد پر قائم رہنے کے لئے جس کے محض خیال سے مائرین کی روح کانپتی ہے

[لیوسی پس مائرین سے سرگوشی کرتا ہے]

مائرین - اس وقت کیا عمر تھی آپ کی ؟

سائنسکا - [قہقہہ لگا کر] میں دس سال کی تھی - [سب ہنستے ہیں] خیر میں نے اپنی عمر کی گیارھویں منزل میں قدم رکھا - لیکن میرا عہد بدستور قائم رہا - بارھویں تیرھویں اور چودھویں سال نے بھی مجھ میں کوئی انقلاب نہیں دیکھا - لیکن پندرھویں سال یکایک مجھ پر ایک روز اکشاف ہوا کہ شادی کا خیال ایک لازمی عذاب ہے - جس کا نازل ہونا ہم کنواریوں پر برحق ہے اور جس سے بچنے کی کوشش کرنا گناہ عظیم - سولھویں سال یہ خیال عقیدہ میں تبدیل ہو گیا - اور سترھویں سال یہ عقیدہ راسخ ہو گیا -

پگمیلین - اس پر ستم یہ کہ اُسی دوران میں پگمیلین سے ملاقات بھی ہو چکی تھی -

مائرین - اور تم نے اس کو اپنے شکوک کا راز دار بھی بنا لیا تھا -

سائنسکا - ہاں - انہوں نے میرے خیالات کی تائید کی - اور ہم دونوں نے اس مسئلہ کو اپنی معلمہ آرٹس کے سامنے پیش کیا - ہم نے اس کے اعتراضات کا معقول جواب دیا جن کا ذکر اس وقت خیر ضروری ہے

بہر حال شد و مد سے بحث ہوئی اور ہمارا مقصد حاصل ہو گیا - آرٹس جس کا دل برف کی ایک مجسم قاش تھا میری سسکیوں کی گرمی سے پگھل گئی - آخر کار اس نے بکھرائی ہوئی آواز میں مجھ کو مخاطب کیا ——— جائے حسین و دوشیزہ - پگمیلین کے ساتھ تجھے شادی کرنا مبارک ہو - لیکن میرے یہ الفاظ یاد رکھ -

[اُٹھ کھڑی ہوتی ہے]

کہ تم دونوں میں سے کوئی فریق بھی — تو یاوہ - اگر جادۂ عفت و عصمت سے ہٹ کر ازدواجی قانون کو توڑنے کا مجرم ہو گا تو وہ فریق جس کی اس حرکت ناشائستہ سے دلآزاری ہو گی اُس کو اختیار کلی حاصل ہو گا کہ وہ دوسرے فریق کے حق میں اندھے ہو جانے کی بددعا دے -

دیوتاؤں کی قدرت سے اُس کی زبان میں تاثیر پیدا ہو جائے گی فریق ثانی کی آنکھوں کا نور فی الفور غائب ہو جائے گا - اور وہ اسی حالت میں رہے گا جب تک کہ فریق اول اُس کو علانیہ معاف نہ کر دے -

لیوسی پس - شکر ہے کہ یہ طاقت تم ہی تک محدود ہے -

اگر عام ہوتی تو آج دنیا کے نصف مرد اور نصف عورتیں اندھیری رات کی طرح اندھے ہوتے - باقیماندہ لوگ جن کی آنکھیں صحیح سلامت رہتیں - صرف ایک دوسرے ہی کو دیکھا کرتے -

[ہیموس بائیں جانب سے داخل ہوتا ہے اور پگمیلین کے ہاتھ میں ایک پرچہ دیتا ہے - جس کے پڑھنے میں وہ مشغول ہو جاتا ہے - اسی اثنا میں ہیموس واپس جاتا ہے]

مائرین - سائنسکا میں جانتی ہوں کہ گو تیری زبان مختار ہے - لیکن دل مجبور ہے -

مجھے یقین ہے کہ تو اُس کی بیوفائی کا جواب بے دردی سے نہ دے گی اور میرے بھائی کو آنکھوں جیسی نعمت سے محروم نہ کرے گی -

سائنسکا - میں پگمیلین کی وفا پر مرتی ہوں - جس روز اس کی یہ خصوصیت جاتی رہے گی اُسی دن میرا عشق بھی مردہ ہو جائے گا

مائرین - لیکن اندھا بنا دینا کس قدر ظلم ہے۔

سائنسکا - اور بیوفائی کا مرتکب ہونا کس قدر ظلم ہے - میں پگمیلین کے نقشِ قدم پر چلتی ہوں - جب تک وہ معصوم رہے گا میں اس کو دیوتا سمجھ کر سجدہ کرتی رہوں گی - اور جس وقت اس کا دامن معصیت سے آلودہ ہو جائے گا میں اُس پر لعنت کروں گی - میں انتہا پسند ہوں - مجسمِ محبت یا مجسمِ نفرت - درمیانی جذبات سے میرا سینہ خالی ہے۔

مائرین - (لیوسی پس سے) کہو تم کیا کہتے ہو؟

لیوسی پس - میں خوش ہوں کہ تم آرٹس کی راہبہ نہیں ہو - بس چلو -

[مائرین اور لیوسی پس دہنی جانب سے باہر جاتے ہیں]

پگمیلین - میں نے اس کا غرور توڑ دیا - اس لئے میرا مربی مجبور ہو کر خود ہی زحمت قدم رنجہ فرما رہا تھا - بے چارہ مجبور رہے میری عزت اور اپنی آمدنی بڑھانے کے لئے -

سائنسکا - اپنی آمدنی بڑھانے کے لئے - کیسے؟

بھلا اتنے بڑے رئیس کو تجارت سے کیا مطلب!

پگمیلین - مطلب کیوں نہیں -

فنونِ لطیفہ کی سرپرستی بھی ایک قسم کی تجارت ہی ہے جس میں اس کو ہزاروں درہم مل جاتے ہیں -

سائنسکا - کس طرح -

پگمیلین - یوں تو وہ جاہل مطلق ہے اور محض کندۂ ناتراش لیکن روپے کی تھیلیاں دماغ سے زیادہ وزنی ہوتی ہیں - وہ بڑا دولتمند ہے اس لئے جس جگہ اس کے قدم جاتے ہیں - وہیں چھوٹے دولتمند بھی ناک رگڑتے ہیں - مفلس فن کار اُس کی نگاہِ کرم کے امیدوار رہتے ہیں - اور اپنے قیمتی شاہکار برائے نام قیمت پر فروخت کرنے کے متمنی تاکہ دنیا کے سامنے اپنے کمالِ فن کی نمائش کر سکیں اور اس کی جھوٹی سرپرستی کو اپنی شہرت کا پیش خیمہ بنا سکیں - غرضکہ اس کے مذاقِ فن کی تقلید آج کل فیشن ہے جس سے وہ پورا فائدہ اٹھاتا ہے - اور قیمت طے کرتے وقت اس بات کو مدنظر بھی رکھتا ہے -

اسی لئے وہ نادر مجسموں کو بھی وزن اور حجم کے حساب سے خریدتا ہے یہ ہے حقیقت اس شخص کی جو اس فن لطیف کی سرپرستی کا دعویدار ہے "

سائنسکا - افسوس ایسے سفلہ پرور شخص کے ہاتھوں ہمارے اس مقدس فن کی مٹی برباد ہو رہی ہے -

پگمیلین - (طنزاً) دولت ہمارے فن سے زیادہ مقدس ہے - آخر میں بھی حصولِ زر ہی کے لئے محنت کرتا ہوں -

سائنسکا - میری جان تو شہرت دوام کے لئے محنت کرتا ہے -

پگمیلین - مگر شہرت بھی دولت پیدا کرنے کا ایک ذریعہ ہے - افسوس کس قدر ذلیل خیال ہے - لیکن میں مزدوری اور غلامی کے علاوہ کر ہی کیا سکتا ہوں -

سائنسکا - آہ ایسے پست ہمت الفاظ اُس کے منہ سے اچھے نہیں معلوم ہوتے جو اپنے اعجازِ فن سے پتھر میں جان ڈال دیتا ہو "

پگمیلین - جان! گویا یہ مٹی کی مورت زندہ ہے -

سائنسکا - بے شک - بس بولنے کی کسر ہے -

پگمیلین - (طنزاً) بس بولنے کی کسر ہے - اسی لئے وہ تجھ سے گفتگو کرتی ہے نقل و حرکت کی دیر ہے - اسی لئے وہ چلتی پھرتی نظر آتی ہے صرف روح کی کسر ہے - اسی لئے وہ زندہ ہے -

نہیں میری جان - وہ دراصل سرد اور بے جان پتھر ہی ہے بس کہ تراش خراش کر ایک مجسمہ کی شکل دیدی گئی ہے -

[مجسمہ کو دیکھتے ہوئے]

جیتی جاگتی مورت کی ایک ساکت و سامت نقل ہے - تخلیق کا سہرہ دیوتاؤں کے سر اور تخریب کا داغ میری پیشانی پر -

[پردے گرا کر نیچے آجاتا ہے]

سائنسکا - فاموش پگمیلین! شکر کر دیوتاؤں کا جنہوں نے تیرے ہاتھوں میں تخلیق کا معجزہ دیا اور دوسروں کی بہ نسبت تجھ کو زیادہ نوازا ناشکری کر کے ان کے غیظ و غضب کا مستحق نہ بن - اچھا میں رخصت ہوتی ہوں -

[دہنی طرف جا کر اپنے چہرے پر نقاب ڈالتی ہے]

پگمیلین - آہ رخصت اسقدر جلد اور فراق اسقدر طویل -

سائنسکا - ایک دن آنکھ بند کرتے گذر جائے گا -

پگمیلین - البتہ ان کے لئے جو آفتاب کے طلوع و غروب کے فاصلہ کو ایک دن کہتے ہیں - اس کے لئے نہیں جو تیری چشم سحر ساز کے نور کو دن خیال کرے - اور تیری فرقت کو رات -

سائنسکا - اسے سو کر کاٹ دے - پگمیلین! لیکن ٹھہر - تو ہجر و فراق کی کٹھن گھڑیاں تنہا کیوں بسر کرے - ذرا اس طرف دیکھ لے میں اپنی واپسی تک - اپنی جگہ اس مجسمہ کو چھوڑے جاتی ہوں

[گلیشیا کی طرف اشارہ کرکے پردوں کو ہٹا دیتی ہے]

یہ میری نیابت کرے گی - میں اس کو تجھے سونپتی ہوں - مگر خبردار اس کی دلدہی اسی طرح کرنا جس طرح کہ میری - اس کے خاموش اور گوش برآواز سامعہ میں اپنے متلاطم جذبات کی ترجمانی کرنا - اس کے شرم و حجاب سے جھکی ہوئی آنکھوں کے سامنے ہجر و فراق سے تپتے ہوئے کلیجے کو چیر کر رکھنا اس کے سنگین دل کو اپنی شیریں زبانی سے موم کرنے کی کوشش کرنا تاکہ تیری زبان خانۂ دہن میں بیکار رہ کر اپنی فصاحت و بلاغت کے جوہر کو فراموش نہ کر جائے - اور اس طرح میری عدم موجودگی میں بھی اس پر جلا ہوتی رہے -

[اس کے قریب جاکر]

میرے مایۂ حیات! میں تجھ کو بخوشی اجازت دیتی ہوں لیکن اگر تو سرمستی عاشقی میں جذبات کی فراوانی سے مجبور ہو جائے تو اسی سائنسکا سمجھ لے - یہ تیرے کلام کو سکون قلب سے سنے گی -

[پگمیلین بے صبری کا اظہار کرتا ہے]

واہ یہ تیری ناانصافی ہے اور ظلم - گو یہ میرا نقش ثانی ہے لیکن مجھ سے بدرجہا حسین بے حد سرد مزاج اور بالکل بے زبان تو قوت گویائی رکھتا ہے - پھر تکلف کی وجہ کیا - جبکہ میں تجھ کو اجازت بھی دے چکی ہوں - حالانکہ میں اس برا بھی سے رشک کرنے لگی ہوں -

[مجسمہ کو دیکھتے ہوئے]

اس پر!

[پردے گرا کر مجسمے کو پوشیدہ کر دیتی ہے]

لو میرے سامنے سے دور ہو گئی -

نہیں پتھر کا ساکت و سامت مجسمہ ہے آخر کار - اس لئے تم دونوں کو تنہا چھوڑنے میں مجھے کوئی اندیشہ نہیں -

اچھا رخصت پگمیلین -

واپسی تک

[اس کا بوسہ لیتی ہے اور دہنی جانب سے چلی جاتی ہے]

پگمیلین - (جوش میں) "پتھر کا ساکت و سامت مجسمہ ہے آخر کار" سائنسکا کو کیا معلوم کہ اس نے میرے زخموں پر نمک پاشی کی ہے واقعی میرے ہاتھوں میں وہ اثر ہے کہ جو دوسروں کو میسر نہیں مجھے بے جان پتھر کا ایک ٹکڑا دیدو اور بس -

پھر دیکھو میرا جادو - میں جس سانچے میں جی چاہے اسے ڈھالدوں ایک سڈول مرد بنا دوں - حسین عورت کی شکل دیدوں یا ایک معصوم بچہ کی تخلیق کر دوں - ایک ہی پر موقوف نہیں - چاہوں تو وحدت میں کثرت کا جلوہ دکھا دوں - یہاں تک تو میں تخلیق کے میدان میں دیوتاؤں کے شانہ بہ شانہ چل رہا ہوں نہیں بلکہ میں ان سے اس صناعی میں گوئے سبقت لے گیا ہوں - کیونکہ میں ان کی طرح ایک کھوپڑا کا ریگر نہیں ہوں - جتنے مرد آج تک میں نے بنائے ہیں سب متناسب الاعضا ہیں - اور مرد نہ حسن میں ان کا ہر ایک فرد اپنی آپ نظیر - میں خمیدہ پشت مردوں کی تخلیق کرتا ہی نہیں - میں تو دیوتا بناتا ہوں مردوں میں اور دیویاں پیدا کرتا ہوں عورتوں میں جہانتک کہ ظاہر اشکال و صورت کا تعلق ہے - اور یہی میری حد پرواز ہے - کیونکہ یہیں تک میری قدرت میرا ساتھ دیتی ہے اس سے آگے دیوتاؤں کی سرحد ہے - جس میں داخل ہونا میرے امکان سے باہر - آہ میری بند شیشہ ٹوٹتی بھی نہیں - دیوتاؤں کی اس ستم ظریفی سے میں بیزاری کا اظہار کرتا ہوں کہ مجھ کو بڑا بنا کر بھی چھوٹا ہی رکھا -

گلیشیا - (پردہ کے پیچھے سے) پگمیلین!

پگمیلین - (خاموش ہو کر) ہائیں کس نے پکارا؟

گلیشیا۔ پگمیلین!

[پگمیلین بائیں طرف دیکھتا ہے۔ پھر دہنی طرف نظر دوڑاتا ہے۔ پھر وسط میں جاتا ہے۔ اور وہاں پردے کو ہٹانے پر اس کے تعجب کی کوئی انتہا نہیں رہتی بلکہ وہ گلیشیا کی مورت کو زندہ پاتا ہے۔ وہ مجسمہ کے بائیں طرف دوزانو بیٹھ کر سجدہ میں گر جاتا ہے]

پگمیلین۔ ارے یہ تو زندہ ہے۔

گلیشیا۔ پگمیلین!

پگمیلین۔ یہ بولتی بھی ہے۔

میری دعا مستجاب ہوئی۔

ارے میری گلیشیا سانس لے رہی ہے۔

گلیشیا۔ میں کہاں ہوں؟ مجھ سے بات کرو پگمیلین!

مجھے اپنا ہاتھ دو۔ دونوں ہاتھ لاؤ۔

اوفوہ کسقدر نرم ہیں اور کتنے گرم۔

[زینہ پر سے نیچے اترتی ہے۔ پگمیلین اس کا ہاتھ پکڑ کر آہستہ آہستہ وسط میں لاتا ہے]

میں کہاں سے آرہی ہوں؟

پگمیلین۔ اسی ستون پر سے۔

گلیشیا۔ اس ستون پر سے۔ ہاں مجھے یاد آیا۔

ایک وقت تھا کہ وہ میرے جسم کا ایک حصہ تھا۔

پگمیلین۔ مگر وہ وقت اب ہمیشہ کے لئے گذر چکا۔

اب تو ایک جیتی جاگتی مورت ہے اور تمام نسوانی خصوصیات کی حامل۔

گلیشیا۔ میں کہاں ہوں اس وقت؟

پگمیلین۔ تو اس دنیا میں پیدا ہوئی ہے معجزہ سے۔

گلیشیا۔ کیا یہی دنیا ہے؟

پگمیلین۔ ہاں یہی۔

گلیشیا۔ یہی مکرہ۔

پگمیلین۔ یہ مکرہ تمام عمارت کا ایک چھوٹا سا حصہ ہے۔ اور یہ عمارت ایک بڑے باغ کے وسط میں بنی ہوئی ہے۔ اور ایسے باغ ایتھنس میں ہزاروں ہیں۔

گلیشیا۔ تو ایتھنس ہی دنیا ہے۔

پگمیلین۔ ہاں ایتھنس کے باشندوں کی نظروں میں ضرور ——

گلیشیا۔ اور کیا میں بھی ایتھنس کی باشندہ ہوں۔

پگمیلین۔ ہاں پیدائش کے لحاظ سے ضرور۔ لیکن نسلی اعتبار سے نہیں۔

گلیشیا۔ مگر میں کس طرح پیدا ہوئی؟

پگمیلین۔ میں تجھ کو بتاتا ہوں —— تجھ کو ایک غار میں سے کھود کر نکالا گیا۔ مٹی کی شکل میں میں نے اس سے تیرا ایک پیکر تیار کیا۔ اور میرے کاریگروں نے اس کو جلا دے کر سنگ مرمر کی طرح بنایا اور جب میری باری آئی تو میں نے تیرے مجسمے پر اپنی صناعی کا کمال صرف کر دیا۔ اور تجھ کو یہ روپ دیا جس میں تو اس وقت موجود ہے۔ مگر بے روح دیوتاؤں نے اس کام کی تکمیل فرمائی جس کی کہ میں نے ابتدا کی تھی۔ اور تجھ کو وہ زندگی بخشی جو میرے قبضۂ اختیار سے باہر تھی۔

گلیشیا۔ کیا یہی زندگی ہے؟

پگمیلین۔ ہاں یہی۔

گلیشیا۔ اور اب سے کچھ دیر قبل میں سرد بے جان پتھر تھی۔ مجھے اس وقت یاد آرہا ہے کہ میں اپنی سنگینی کو کسی غیر معلوم طریقہ سے محسوس کرنے لگی تھی اور یہیں سے میرے ذہنی شعور کی دھندلی سی ابتدا ہوتی ہے۔ اس کے بعد مجھے احساس ہونے لگا اپنی سرد حقیقت کا اور ایک غیر متحرک ٹھنڈے جسم کا۔ اس کے علاوہ میں اپنی حقیقت سے قطعی بے خبر تھی۔ اس کے بعد میرے حیات آہستہ آہستہ انگڑائی لینے لگے۔ یہاں تک کہ تمام خارجی اشیا کا ہلکا سا خاکہ میرے سامنے نظر آنے لگا۔ تاریک اور غیر مکمل خطوط مگر تھے ضرور۔ مجھ کو تیرے کمرے کی دیواریں ہر چہار طرف سے حلقہ کئے ہوئے تھیں اور میں تن تنہا تھی۔ وہ ستون کہ جس پر میں منصب تھی میرے سامنے کا وہ پردہ جس سے کہ میں پوشیدہ تھی مجھے یاد ہے پھر ایک

آواز جس نے گلیشیا کہہ کر پکارا۔ اور اس لفظ پر جس نے میرے میرے سنگین مجسمہ کو سر سے پاؤں تک لرزاں کر دیا۔
مجھ پر یکبارگی سارے دھندلے نقوش روشن ہو گئے اور تمام حقیقت مجسم آشکار۔ وہ آوازیں جو مجھے سنائی دیر ہی تھیں بالکل بے ربط اور بے معنی اب خود بخود منسلک ہونے لگیں ایسی زبان میں جس کا مفہوم میں سمجھ سکتی تھی۔ پھر میں نے اپنے تمام پیکر میں ایک حرارت سی محسوس کی۔ ایسی حرارت جس نے میری سنگینی کو پگھلا کر نرمی میں تبدیل کر دیا۔ میرے سخت اور سرد جسم میں زندگی کی برقی رَو دوڑ گئی۔ میرے اعضا میں لچک پیدا ہو گئی۔ اور ان کے تاروں میں حرکت۔ گویا کہ میں زندہ ہو گئی۔ میرا تمام جسم حیاتِ تازہ کی شگفتگیوں سے معمور ہو گیا۔ میرا دل اپنے خالق کی یاد میں دھڑکنے لگا۔ اور حسرتوں امیدوں اور آرزوؤں کی جولانگاہ بن گیا۔ سودائے عشق آرزوئے وصال۔ حسرتِ دیدار اور جذبۂ تشکر و امتنان سب سمٹ سمٹا کر ایک نام میں سما گئی اور وہ نام "پگمیلین" کا ہے۔

[گھٹنوں کے بل کھڑی ہو جاتی ہے]

پگمیلین - اے عورت! تو جو حسن مجسم کی تکمیل ہے۔
تیرے پاس، الفاظ ہی نہیں کہ اس وقت اپنی مسرت کا اظہار کر سکوں۔

گلیشیا - تو نے کیا کہا۔ "عورت!"
کیا میں عورت ہوں؟

پگمیلین - ہاں تو عورت ہے!

گلیشیا - تو بھی عورت ہے؟

پگمیلین - نہیں میں مرد ہوں۔

گلیشیا - اور مرد کیا شے ہے؟

پگمیلین - مرد ـــــ وہ جس کی تخلیق میں جسامت اور توانائی کا عنصر غالب ہوتا ہے۔ جس کی منشا تخلیق عورت کی خدمت اور اس کی حفاظت ہے تمام ان خطرات سے جو قوت و جرأت سے باز رکھی جا سکتی ہیں۔ اس کا فرض محنت و مشقت ہے عورت کو مسرت و اطمینان دینے کے لئے اور گریہ و زاری عورت کے پیٹ میں گدگدی پیدا کرنے کے لئے اور جنگ و جدال عورت کے دشمنوں کو ہلاک کرنے کے لئے۔ اور موت۔ اس پر سے قربان ہونے کے لئے تاکہ عورت زندہ رہ سکے۔ اور بس۔

[اس کو بٹھا کر خود اس کے بائیں طرف بیٹھ جاتا ہے]

گلیشیا - (توقف کے بعد) میں خوش ہوں کہ میں عورت ہوں۔

پگمیلین - مجھے بھی اس بات کی خوشی ہے۔

گلیشیا - کیونکہ میں ان کا تمام خطرات سے محفوظ ہوں جن کا تجھ کو سامنا کرنا پڑے گا۔

پگمیلین - اس طرح تیری خدمت کرنے کا فخر حاصل کر سکوں گا۔

گلیشیا - میرے لئے تو کس کس سے جنگ کرے گا؟

پگمیلین - ہر اس مرد سے جو میری گلیشیا کے لئے موجب تکلیف ہو خواہ الفاظ سے یا عمل سے۔

[اس کی کمر میں ہاتھ ڈال دیتا ہے]

گلیشیا - کیا! اس دنیا میں تیرے علاوہ دوسرے مرد بھی ہیں؟

پگمیلین - ہاں کیوں نہیں۔

گلیشیا - اور میرے سوا دوسری عورتیں بھی۔

پگمیلین - (اپنا ہاتھ اس کی کمر سے کھینچتے ہوئے) ہاں ہیں۔
اگرچہ میں اس حقیقت کو تھوڑی دیر کے لئے بھول گیا تھا۔
ہاں دوسری عورتیں بھی ہیں۔

گلیشیا - کیا ان سب کے لئے مردوں کی خدمت کرنا۔ جنگ و جدال کرنا اور گریہ زاری کرنا فرض ہے۔

پگمیلین - ہاں یہ ایک مرد کا فرض منصبی ہے کہ وہ بہ وقت ضرورت ان سب کے لئے جنگ کرے۔ لیکن دراصل انہیں کی خدمت کرتا ہے۔ جن سے اُسے کچھ محبت ہوتی ہے۔

[اپنا ہاتھ پھر اس کی کمر کے گرد لے آتا ہے]

گلیشیا - تیری باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ تو مجھ سے محبت کرتا ہے۔
کیوں؟

پگمیلین - ہاں میں تجھ سے محبت کرتا ہوں۔ [اس کو گلے لگاتا ہے]

گلیشیا - کیسی محبت؟

پگمیلین - میں تجھ سے ایسی محبت کرتا ہوں - (کچھ سوچتا ہے اور یکبارگی سرک کر بیٹھ جاتا ہے) جیسی ایک بت ساز کو اپنے بنائے ہوئے بت سے ہوتی ہے -

[علیحدہ] میرا یہ جواب حقیقت پر مبنی نہیں -

گلیشیا - لیکن میری محبت کی کیفیت کچھ اور ہی ہے - تیری محبت سے بالکل مختلف - میں تو بت ساز نہیں ہوں اور نہ میں نے کبھی مجسمے تراشے ہیں تاہم اتنا میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ مجھے تجھ سے محبت ہے - بتا یہ کس قسم کی محبت ہے؟

پگمیلین - مجھے اپنی محبت کی نشانیاں بتا - اس کے بعد میں تیرے سوال کا جواب دے سکوں گا -

گلیشیا - اس کی نشانیاں اچھا سن -

اس امر کا احساس کہ تو ہی میرا خالق ہے اور میں تیری مخلوق مجھ کو کوئی اختیار ہی نہیں تیری مرضی کے خلاف میری امیدوں تمناؤں اور آرزوؤں کا وجود ہی نہیں - اگر اُن کا مرکز سوائے تیرے کوئی دوسری ذات ہو -

[قدموں پر جھک جاتی ہے]

اور یہ کہ میں زندہ ہوں - کیونکہ تجھے میری ضرورت ہے - میں تو تیری ہی ہوں کیونکہ میں اور تو در اصل ایک ہی ہیں -

[اُس سے لپٹ جاتی ہے اور جب وہ اس کے جوش سے گھبرا جاتا ہے تو اس سے علیحدہ ہو جاتی ہے - لیکن قدموں پر سے سر نہیں ہٹاتی]

بتا یہ کس قسم کی محبت ہے؟

پگمیلین - یہ اس قسم کی محبت ہے کہ جو خصوصیت سے میرے لئے مصیبتوں کا ایک عظیم پیش خیمہ ثابت ہوگی -

گلیشیا - کیوں؟ میرے پگمیلین -

پگمیلین - ایسی محبت جیسی کہ تیری ہے - کسی مرد کو قبول کرنا نازیبا ہے سوائے اس کے کہ اس کی ابتدا اس کی بیوی کی طرف سے ہو -

گلیشیا - اگر یہی شرط ہے تو میں تیری بیوی بننے کے لئے تیار ہوں -

[پھر لپٹ جاتی ہے]

پگمیلین - [اس کو علیحدہ بتاتے ہوئے]

ناممکن ہے - کیونکہ میں شادی شدہ ہوں - اور دیوتا صرف ایک ہی بیوی کی اجازت دیتے ہیں -

گلیشیا - پھر بتا کہ دیوتاؤں نے مجھے کس لئے پیدا کیا؟

پگمیلین - میں کیا بتاؤں؟ [اٹھ کھڑا ہوتا ہے - گلیشیا بدستور جھکی ہوئی ہے]

سوائے اس کے کہ مجھے سزا دینی مقصود تھی - کیونکہ میں نے بلا سوچے سمجھے دعا مانگی تھی - کہ تو زندہ ہو جائے اور وہ قبولیت قبول بھی کر لی گئی - مگر اب اس کے خوفناک نتائج میری آنکھوں کے سامنے ہیں -

گلیشیا - [اُٹھ کر اُس کے بائیں طرف آ جاتی ہے] اس کے باوجود بھی تجھے مجھ سے محبت ہے؟

پگمیلین - کس کی مجال ہے کہ تجھے دیکھے اور محبت کرنے سے باز رہ سکے

گلیشیا - کیا میں اتنی خوبصورت ہوں؟

پگمیلین - اس میں شک نہیں کہ تو بہت حسین ہے -

گلیشیا - کاش میں خود کو دیکھ سکتی - جو ناممکن معلوم ہوتا ہے -

پگمیلین - اس حد تک تو نہیں - لے یہ آئینہ!

اس میں تیرے جمال کا عکس دکھائی دے گا -

دیکھ - [آئینہ دیتا ہے]

گلیشیا - اوفوہ - میں کس قدر حسین ہوں! مجھے خوشی ہوئی کہ ہم دونوں کا مذاق طبیعت ایک ہی ہے - کیونکہ اے میرے آرام - میں تو خیال بھی نہیں کر سکتی تھی کہ دنیا میں تجھ سے زیادہ حسین شے کا وجود بھی ہو سکتا ہے - جب تک کہ میں نے خود کو نہیں دیکھا تھا جان من یقین کر!

دل چاہتا ہے کہ آئینہ ہاتھ میں لئے اپنے روئے زیبا کا عکس دیکھا ہی کروں -

عورت اس قدر حسین شے ہے!

پگمیلین- ہاں!

گلیشیا- میں خود کو مبارکباد دیتی ہوں۔ اپنی خوش نصیبی پر کہ دیوتاؤں نے دنیا کا تمام حسن و جمال میری ہی قسمت میں لکھا تھا۔ لیکن تو تو مجھ سے زیادہ خوش نصیب ہے۔ کیونکہ تو ہر وقت میرے حسین چہرے کی زیارت کر سکتا ہے۔

پگمیلین- خاموش گلیشیا! تو اپنی معصومیت میں وہ کہہ جاتی ہے۔ جو نہ کہنا چاہئے۔ [آئینہ اس کے ہاتھ سے لے لیتا ہے]

گلیشیا- ہاں — کیا خود کو حسین و جمیل خیال کرنا نامناسب ہے۔

پگمیلین- ہوں تو دنیا کی ہر عورت خود کو پیکر حسن و جمال خیال کرتی ہے لیکن اس کا احساس دل کی گہرائیوں میں رہتا ہے۔ زبان پر نہیں لایا جاتا۔

گلیشیا- اچھا بتا کیا تیری بیوی میری ہی طرح حسین ہے۔

پگمیلین- نہیں۔ گو کہ میں نے تجھے بناتے وقت اس کے حسین چہرے ہی کو اپنے پیش نظر رکھا تھا۔ لیکن نقل اصل سے سبقت لے گئی ——

گلیشیا- [نا امید ہو کر] آہ میری بدقسمتی کہ میں نقش اول نہیں ہوں۔ بلکہ میرا حسن کسی دوسری ذات سے مستعار لیا گیا ہے۔

پگمیلین- ہاں —— ایک طرح سے تو صورت نقش ثانی کی جا سکتی ہے۔ جہاں تک کہ پتھر کا تعلق ہے۔ لیکن زندگی کی حالت میں تو ایسا نمونہ ہے کہ جس کی اصل ممکن ہے اور نہ نقل۔

گلیشیا- خیر میں مطمئن ہوں کہ میں اس سے زیادہ حسین ہوں۔ [بیٹھ جاتی ہے]

کیا میں اس سے زیادہ نیک بھی ہوں؟

پگمیلین- (کھڑا ہو جاتا ہے) مجھے نہیں معلوم۔

گلیشیا- کیا اس میں عیب بھی ہیں؟

ہیں۔ مگر اسی قسم کے ہیں۔ جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ میں اور وہ طبیعت اور مزاج میں ہم رنگ ہیں۔

پگمیلین- لیکن میری نظروں میں اس کے یہ عیب بھی حسین ہیں۔

گلیشیا- [توقف کے بعد] مجھے بھی کچھ حسین عیب بتا میری جان۔ تاکہ میں ان کو سیکھ لوں۔

پگمیلین- جلدی نہ کر۔ رفتہ رفتہ تجھ کو خود بخود آ جائیں گے۔ اس کی ابتدا آج ہی سے شروع ہو گئی ہے۔ کیونکہ اس طرح پہلو بہ پہلو بیٹھ کر محبت کی چھیڑ چھاڑ کر کے ہم اس وقت بھی ایک گناہ کبیرہ کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

گلیشیا- کیا گناہ بھی اس قدر حسین ہے اور اس کا ذائقہ اسقدر لذیذ اگر ہمارا باہم مل بیٹھنا اور ایک دوسرے سے گفتگو کرنا ہی گناہ ہے تو میری تمنا ہے کہ اس کا ارتکاب تمام عمر کرتی رہوں۔ لیکن اے میرے محبوب مجھے بتا دے کہ یہ گناہ عظیم جو مجھ سے اس وقت سرزد ہو رہا ہے۔ کیا اسی قسم کا ہے۔ جس سے یہ ظاہر ہو کہ میں اور تو طبیعت اور مزاج میں ہم رنگ ہیں۔

پگمیلین- ہاں حقیقت کچھ ایسی ہی نظر آتی ہے۔

گلیشیا- اور کیا اس عیب نے مجھ کو تیری نظروں میں اور بھی حسین بنا دیا ہے؟

پگمیلین- کون سا فانی پتلا ایسا ہے کہ "نہیں" کہہ سکے۔

گلیشیا- [گردن سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے] تیرے اس جواب سے میں مطمئن ہو گئی پگمیلین! کیونکہ اب میں اور تیری بیوی تجھ پر برابر کا حق رکھتے ہیں۔ کیا وہ بھی تجھ سے محبت کرتی ہے؟

پگمیلین- ہاں بہت۔

گلیشیا- خوب۔ تب تو میں بھی اس سے محبت کروں گی۔

پگمیلین- اور کس لئے؟

گلیشیا- [سوال پر متعجب ہو کر] کیونکہ ہم دونوں ہم مذاق ہیں اور ہمرنگ۔ ہم دونوں اپنے پیارے پگمیلین کو پیار کرتے ہیں اور پگمیلین ہم دونوں سے برابر کی محبت کرتا ہے۔ اس لئے میں تیری بیوی کو بھی پسند کرتی ہوں۔ میں یقین کرتی ہوں کہ ہم ایک دل ہو کر رہیں گے۔

پگمیلین- [علیحدہ] مجھے یہ بات ناممکن معلوم ہوتی ہے۔

گلیشیا- کیا وہ اندر ہے؟

پگمیلین- نہیں — اندر تو نہیں ہے۔

گلیشیا- لیکن واپس آئے گی۔

پگمیلین۔ [اٹھتے ہوئے] ہاں وہ ضرور واپس آئے گی۔

گلیشیا۔ [اٹھتی ہے اور اپنے دونوں ہاتھ پگمیلین کی گردن میں حمائل کر دیتی ہے]

وہ واپسی پر یہ دیکھ کر کسقدر مسرور ہوگی۔ کہ میں تیرے پہلو میں بیٹھی ہوئی اس کے فرائض انجام دے رہی ہوں۔

پگمیلین۔ [طنزاً] ہاں کیوں نہیں! وہ بے حد مسرور ہوگی۔

گلیشیا۔ واہ تمہارا لہجہ کیوں بدل گیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے تم مذاق کر رہے ہو۔ کیا یہ بھی ممکن ہے کہ زبان پر کچھ ہو اور دل میں کچھ اور؟

پگمیلین۔ ہاں! کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے۔

گلیشیا۔ مجھے بڑا تعجب معلوم ہوتا ہے۔ بڑی ہوشیاری کی بات ہے۔

پگمیلین۔ ہاں مفید بھی بہت ہے۔

گلیشیا۔ ہاں۔ یہ فن مجھے بھی سکھا دو۔

پگمیلین۔ یہ فن تو خود بخود سیکھ جائے گی۔

حقیقت یہ ہے کہ میری بیوی تم کو یہاں دیکھ کر مسرور نہ ہوگی

گلیشیا۔ مجھے افسوس ہے کہ میں بھی اسے یہاں دیکھ کر مسرور نہ ہونگی ۔۔۔ مجھے اس کے متعلق کچھ اور بتاؤ۔

پگمیلین۔ کیا بتاؤں؟

گلیشیا۔ وہ کیا کہہ گئی تھی۔ جاتے وقت

پگمیلین۔ ہونہہ۔ وہ کیا کہہ کر گئی تھی۔

ٹھیک ہے۔ وہ تجھے میری زوجیت میں دے کر گئی تھی۔ اپنا خاموش نمائندہ بنا کر (فرطِ محبت سے)

وہ اپنی عدم موجودگی میں میری تنہائی سے دلگیر تھی۔ اس لئے مجھے مشورہ دے گئی تھی کہ اگر میرے دل میں جذبات محبت پیدا ہوں۔ تو میں ان کا اعادہ تجھ سے کروں۔ بالکل اسطرح جیسے کہ میں اس سے کرتا۔ (اُس کو گلے لگا لیتا ہے)

گلیشیا۔ ہاں ٹھیک ہے۔

پگمیلین۔ (اُس کو ہٹاتے ہوئے) لیکن اس وقت تو پتھر کی ایک بیجان مورت تھی اور اب گوشت و پوست کا جیتا جاگتا مجسمہ ۔۔۔ اس لئے حالات کے ساتھ احکامات بھی بدلنا ضروری ہیں۔

گلیشیا۔ دنیا بھی عجیب معمہ ہے!

ایک عورت اپنے شوہر کی پرستار ہے۔ لیکن میرے لئے اس کی پرستش گناہ سمجھتی ہے۔ وہ اپنی عدم موجودگی میں اس کی تنہائی سے دلگیر ہوتی ہے۔ لیکن میری دلبستگی کی کوششوں کو جرم خیال کرتی ہے۔ وہ اس کو حکم دیتی ہے کہ اپنے جذباتِ محبت کا اعادہ پتھر کے مجسمہ سے کرتا رہے۔ لیکن جب وہ مجسمہ زندہ ہو جائے تو ۔۔۔ گوئکا بن جائے یہ اجتماعِ ضدین سمجھنا میری عقل سے باہر ہے۔

پگمیلین۔ (علیحدہ) مجھے جرأت و استقلال سے اس قصہ کو ابھی ختم کرنا چاہئے۔

[باآواز] گلیشیا اِدھر آ۔ میری بیوی کی واپسی تک میری بہن تجھ کو اپنے مکان میں پناہ دے گی۔ جو یہاں سے قریب ہی ہے

گلیشیا۔ [متعجب اور خوفزدہ ہو کر] میں تجھ سے بمنت کہتی ہوں کہ مجھے اپنے قدموں سے جُدا نہ کر۔ پگمیلین مجھے یہیں رہنے دے۔

پگمیلین۔ ناممکن ہے۔ گلیشیا اُٹھ! ہم پھر ملیں گے۔

گلیشیا۔ [صبر کر کے] میری کیا مجال کہ میں تیرے حکم کی مخالفت کر سکوں لیکن اتنا تو بتا دے کہ قسمت ہمیں پھر بھی ملائے گی؟

اور یہ عرصۂ فراق طویل تو نہ ہوگا۔

پگمیلین۔ نہیں بہت مختصر۔

گلیشیا۔ اور تیری بیوی اپنی واپسی کے بعد۔ مجھے تیری خدمت میں رہنے کی اجازت دے گی۔

پگمیلین۔ میں اس کا وعدہ نہیں کر سکتا۔

[علیحدہ] میں حقیقت کو کیوں چھپاؤں

[باآواز] افسوس ہے کہ آئندہ ملاقات کی کوئی امید نہیں۔

گلیشیا۔ [بے اختیار ہو کر] پگمیلین۔ آہ میں کیا سن رہی ہوں؟

ارے ظالم تیرے الفاظ کسقدر وحشت انگیز ہیں۔

پگمیلین۔ ہاں حقیقت تلخ ہوتی ہے۔ میرا تجھ سے محبت کرنا ناممکن ہے اس لئے یہاں سے تیری دوری ہی بہتر ہے۔

[بیٹھ جاتا ہے]

گلیشیا۔ اپنے اُن الفاظ کو یاد کر پگمیلین۔ اے میرے محبوب کیا اسی لئے میں عدم سے وجود میں آئی ہوں۔ دیوتاؤں کے لئے مجھ پر رحم رحم۔ دیکھ میرے جسم کا ذرّہ ذرّہ تیرا احسانمند ہے۔ کیونکہ تو ہی میرا خالق ہے۔ اور دیوتاؤں نے مجھ کو تیرے ہی لئے زندگی بخشی ہے میں تیری ہی ملکیت ہوں۔ صرف تیری اور تیری ہی رہونگی۔ میری روح کی گہرائیوں میں یہی خیالات موجزن ہیں۔ اب تو مجھ سے ایسی ذات کا تذکرہ کرتا ہے کہ جو تیری محبت پر واحد حق رکھتی ہے۔ اور یہ کہ تیری محبت بھی اُسی کے لئے محفوظ ہے۔ آہ مجھے ان باتوں کا کیا علم۔ میں تو صرف اتنا جانتی ہوں کہ دیوتاؤں نے مجھ کو صرف تیری ہی خدمت کے لئے بھیجا ہے۔

[جھک جاتی ہے]

تو مجھ سے اپنی بیوی کے حقوق کا تذکرہ کرتا ہے اور اُن قسموں کا کہ تو اسی کا والہ و شیدا رہے گا۔ افسوس مجھے ان باتوں کا کیا علم میں تو یہی جانتی ہوں کہ اس آسمانی دیوتا نے جس نے مجھے یہاں بھیجا ہے۔ میرا وجود ایک ہی مقصدِ حیات قرار دیا ہے کہ میں تیری ہستی میں وصل ہو جاؤں اور تجھ کو اپنی ہستی میں وصل کر لوں

[اپنے ہاتھ اس کی گردن میں حمائل کر لیتی ہے]

[اسی دوران میں پگمیلین حالت تذبذب میں پڑ جاتا ہے۔ تقریر کے ختم ہونے کے بعد وہ اس کو اپنی گود میں اٹھا لیتا ہے۔ اور بھینچ بھینچ کر پیار کرتا ہے]

دوسرا ایکٹ

[پہلے ایکٹ کے مثل۔ پگمیلین ایک نامکمل مجسمہ کو درست کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے]

پگمیلین۔ کل میری پیاری ساتھنکا اپنے روئے زیبا سے اس خانۂ تاریک کو منور کرے گی۔ اے کاش کہ وہ یہاں سے گئی نہ ہوتی افسوس کہ اس کی غیبت میں دیوتاؤں کی ستم ظریفی نے معجزہ کی شکل اختیار کی جس نے میرے پائے ثبات کو ڈگمگا دیا۔ مگر اس کے باوجود میری خیانت صرف خیال ہی تک محدود رہی۔ ایک رقیق القلب بیوی شاید ایسی صورت میں چشم پوشی کر جائے۔ لیکن پگمیلین خود کو کس طرح معاف کر سکتا ہے۔ کہ اُسی کی نیت میں فتور آئے۔ اور اس کے خیالات میں فساد۔

حور پر آنکھ نہ ڈالے کبھی شیدا تیرا ——— خواہ عشق کا دیوتا کیوں پڑ اپنے تمام ترکش کو خالی کر ڈالے اور فلک الافلاک کے دوسرے دیوتا اپنی سطوت و جبروت سمیت میرے ثبات قدم کو متزلزل کرنے میں انتہائی زور صرف کر ڈالیں۔

[مائرین غیظ و غضب میں بھری ہوئی دہنی جانب سے داخل ہوتی ہے]

مائرین۔ پگمیلین!

پگمیلین۔ مائرین!

مائرین۔ [اس سے اظہارِ نفرت کرتے ہوئے] خبردار مجھے ہاتھ نہ لگانا!! تو نے مجھے اور اپنی بیوی دونوں کو فریب دیا ہے۔ بتا یہ کون عورت ہے جسے تو نے کل رات میرے گھر میں پناہ لینے کو بھیجا تھا

پگمیلین۔ ہم دونوں کو ملزم ٹھہرانے میں جلدی نہ کر۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ پارسائی اور بے گناہی میں تیری مثال ہے۔

مائرین۔ کمبخت! اقبالِ جرم کیوں نہیں کر لیتا۔

اُس حقیقت پر پردہ ڈالنے سے کیا حاصل جس کا وہ فخریہ اعلان کر رہی ہے۔

مائرین۔ اُسے طوطے کی طرح رٹا ہوا ایک فقرہ یاد ہے۔ جسے وہ انتہائی بے شرمی سے ہر ایک کے سامنے دُہرا دیتی ہے کہ میں پگمیلین پر مرتی ہوں۔ اور جان دیتی ہوں۔ اور جب یہ سنتے سنتے میرا خون جوش کھاتا ہے تو میں اس سے تیری بے وفائی اور مظلوم بیوی کا تذکرہ کرتی ہوں۔ مگر اس پر مطلق اثر نہیں ہوتا بس کہے جاتی ہے کہ میں پگمیلین پر مرتی ہوں اور جاں دیتی ہوں اور یہ کہ میرا تن من سب اسی کا ہے۔

آخر یہ ننگِ خاندان ہے کون؟ کہتا کیوں نہیں۔

پگمیلین۔ مائرین میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ دیوتاؤں نے چند کلماتِ نازیبا کی بنا پر جو میری زبان سے بے ساختہ نکل گئے تھے۔ مجھ پر ایک عذابِ عظیم نازل کیا۔ اور مجھ کو سزا دینے کے لئے میرے

بت "گلیشیا" کو زندہ کر دیا ہے۔

مائرین ۔ [حالت تذبذب میں] مجھ کو یقین نہیں آتا۔

پگمیلین ۔ حرف بحرف سچ کہہ رہا ہوں۔

[مائرین پردوں کے پیچھے جا کر مجسمہ کی تلاش کرتی ہے۔ لیکن وہاں خالی ستون دیکھتی ہے]

ارے سچ! مجسمہ غائب ہے!

[گلیشیا دہنی طرف کے دروازے سے داخل ہوتی ہے]

پگمیلین ۔ دیکھ! جس مجسمہ کی تو تلاش کر رہی ہے وہ یہاں کھڑا ہے

[مائرین گلیشیا کو حیرت و استعجاب سے دیکھتی ہے اور آہستہ آہستہ اس کی طرف بڑھتی ہے]

گلیشیا ۔ [دوڑ کر اس سے لپٹ جاتی ہے] میرے پیارے پگمیلین! میں نے تجھے ڈھونڈھ لیا۔

آہ تیری جدائی کے بعد سے مجھ پر عجیب و غریب واردا تیں گذر چکی ہیں۔

پگمیلین ۔ کیوں؟ آخر کیا ہوا۔

گلیشیا ۔ خیال کر کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔

[مائرین سے مخاطب ہو کر] میں جو تیرے گھر میں گئی ——

مائرین ۔ پھر۔

گلیشیا ۔ وہاں تنِ تنہا بیٹھ کر روتی رہی بس روتی رہی۔ سسکیاں لے لے کر۔ اپنے پگمیلین کی جدائی میں۔ اس کے بعد آہستہ آہستہ خوفناک طریقہ سے آہستہ آہستہ وہ نور وہ درخشاں نور۔ وہ دیوتاؤں کا فرستادہ نور میں نے دیکھا کہ ڈوب رہا ہے۔ سمٹ رہا ہے اور دنیا کے پیچھے جا کر چھپ رہا ہے۔ یہانتک کہ ہر چہار طرف تاریکی کا دور دورہ ہو گیا۔

اُس کے بعد میں نے محسوس کیا کہ میں سرد ہو رہی ہوں اور اس طرح منجمد جیسی کہ پہلے تھی۔ اُس حالت میں جو وقت تک کہ میرے پگمیلین نے مجھے زندگی نہیں بخشی تھی۔ میں لرزہ براندام ہو گئی اور میرا دل ڈوبنے لگا۔ اور ایسا محسوس ہونے لگا کہ میں پھر پتھر میں تبدیل ہو رہی ہوں۔ میں پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی اور دیوتاؤں سے گڑگڑا کر دعائیں مانگنے لگی کہ ایسا نہ ہو —— "دیوتاؤ مجھ پر رحم کرو" —— "مجھے اسی حالت میں رہنے دو" —— "میرے پگمیلین کی خاطر مجھے اور جینے دو"۔ میں نے چیخ چیخ کر کہا اور میرے محبوب سے مجھے اتنی جلد کیوں جدا کرتے ہو۔ بس ایک بار اور مجھے اس حسین چہرے کی زیارت کر لینے دو۔ صرف ایک بار! لیکن نہیں۔ شاید میری یہ دعا ان کے کانوں تک نہیں پہونچی کیونکہ اگر ان تک پہونچ جاتی تو ضرور مستجاب ہوتی۔ اس کے علاوہ انہوں نے تیرے حسن و جمال کا مشاہدہ ہی کب کیا ہے۔ ان کو کیا معلوم کہ تجھ سے جدا ہونا کتنا بڑا قہر ہے اور تیرا وصال کتنی بڑی نعمت۔

میں تیرے بستر پر گر گئی [مائرین سے] اور میرے پپوٹے بھاری ہو کر بند ہو گئے۔ میرے تمام حواسوں نے ایک ایک کر کے میرا ساتھ چھوڑ دیا اس کے بعد مجھے کچھ نہیں معلوم یہانتک کہ ایک عجیب تاریک وقفہ کے بعد میں نے خود کو اپنے منحوس ستون پر نصب پایا۔ ایک بت کی صورت میں بالکل بے حس و حرکت اس کے بعد میں نے متبرک دیوتاؤں کو بارگاہ آسمانی سے نیچے اترتے دیکھا۔ اس کمرہ میں یہانتک کہ وہ چاروں طرف چھا گئے۔ وہ پگمیلین کے سرہانے تشریف لائے اور اس کے روئے زیبا کی زیارت کرنے لگے۔ اس کو غور سے دیکھتے جاتے تھے اور اس کے حسین رخساروں کو چومتے جاتے تھے اس کے بعد مجھے زندگی بخشتے ہوئے فرمانے لگے کہ

"ہم تجھ کو ایسی مسرت سے محروم نہ کریں گے"۔

"گلیشیا تو اپنے معشوق کی خاطر زندہ رہے گی"۔

بس اتنی ہی دیر میں وہ آسمانی نور جو میرے سامنے سے غائب ہو گیا تھا واپس آ گیا۔

وہی مائرین کا کمرہ تھا۔ اور وہی اس کا بستر۔ وہی سورج افق آسمان پر آہستہ آہستہ بلند ہو رہا تھا۔ خوبصورت اور حسین چڑیاں لہلہاتے ہوئے درختوں پر اسی طرح گا رہی تھیں۔ جس طرح پہلے گا چکی تھیں۔ میں نے دوبارہ زندگی پائی۔ تاکہ اپنے معشوق کو جی بھر کر دیکھ سکوں۔

مائرین ۔ تو نے ایک خواب دیکھا تھا۔ ہم پر ہر روز ایسی موت طاری ہوتی ہے

یہانتک کہ ہم اور تو اور تمام لوگ جو اس دنیا پر رہتے ہیں۔ اس طرح سولیں گے کہ پھر بیدار نہوں گے۔

گلیشیا۔ [خوفزدہ ہوکر مائرین کا ہاتھ تھام لیتی ہے] کہ پھر کبھی بیدار نہ ہوں گے!

پگمیلین۔ اس خاص وقت کا آنا برحق ہے جلد یا بدیر۔ لیکن وہ معین گھڑی ٹل نہیں سکتی جبکہ ہم سب ساکنان ارض اسی سوئٹی کی طرف واپس کردیئے جائیں گے۔ جہاں سے کھود کر تجھ کو نکالا گیا ہے

گلیشیا۔ آہ۔ حیات تازہ کے تمام وعدوں کا سنہری جال کس طرح ٹوٹ رہا ہے اور زندگی کی خیالی آرزوؤں کی تصویر کس طرح مٹتی جارہی ہے

پگمیلین سے اظہار عشق ایک ناقابل عفو گناہ جس سے احتراز واجب پگمیلین کا اظہار عشق ایک ناقابل تلافی جرم جس کا اخفا واجب خواب پتھر کی طرح سرد۔ اور ہوش وحواس کی نیند ہماری فطری کیفیت اور زندگی اس حالت سے پیدا شدہ چلتا پھرتا خواب افسوس۔ امیدوں کی دلفریب شکلیں ایک ایک کرکے فنا ہوئی جاتی ہیں۔

مائرین۔ دنیا میں محبت کرنے کے لئے دوسرے مردوں کی کمی نہیں سوائے پگمیلین کے جس کی محبت کرنے والی ابھی زندہ ہے۔

گلیشیا۔ کیا کسی دوسرے کو اس سے محبت کرنے کا حق نہیں ہے۔

مائرین۔ کیوں نہیں! میں کرتی ہوں۔ وہ میرا بھائی ہے

گلیشیا۔ کیا تو اس کی مخلوق ہے؟

مائرین۔ نہیں! لیکن ——

گلیشیا۔ واہ۔ باوجود اس کے کہ وہ تیرا خالق نہیں ہے تو اس سے محبت کرتی ہے۔ پھر مجھے کیوں باز رکھتی ہے جس کا تمام وجود اس کا احسانمند ہے۔ [اس کی طرف مڑتی ہے]

پگمیلین۔ خیر۔ تو مجھ سے محبت کرسکتی ہے۔ باپ سمجھ کر۔

مائرین۔ ہاں۔ تجھ کو زندگی بخشنے والا تیرا باپ ہی ہوسکتا ہے۔

گلیشیا۔ خیر تیری مرضی۔ میرے لئے یہی خیال غنیمت ہے کہ میں تجھ سے محبت کرسکتی ہوں۔ کیا تو بھی میری محبت کا جواب دے گا؟

پگمیلین۔ ہاں میں بھی تجھ سے محبت کروں گا۔ گو بیٹی سمجھ کر۔

اس کا خیال رہے۔

گلیشیا۔ اب میرے دل کو تسکین ہوگئی۔ [اس کے ہاتھ کا بوسہ لیتی ہے]

مائرین۔ دعلیحدہ ہوکر) شکوہ ہے۔ اب سائنس کا بھی ملقن ہوجائے گی۔ [جاتی ہے]

گلیشیا۔ [پگمیلین سے جو اس کے ذہنی طرف سے گذر رہا ہے] مجھے تنہا چھوڑ کر تو کہاں چلا؟

پگمیلین۔ ابھی آتا ہوں۔

گلیشیا۔ میں تیرے ہمراہ رہوں گی۔

میری گذشتہ حالت کی سرد یادگاروں کے درمیان مجھے تنہا نہ چھوڑ۔ اُن کو دیکھ کر خوف معلوم ہوتا ہے۔

[مجسموں کی طرف اشارہ کرکے]

پگمیلین۔ [باہر کی طرف دیکھتے ہوئے] دیکھ! لیوسی پس آرہا ہے۔ وہ میری واپسی تک تیرا دل بہلائے گا۔ میں جلد آؤنگا۔

گلیشیا۔ لیوسی پس! یہ کون ہے؟

پگمیلین۔ ایک بہادر سپاہی۔

گلیشیا۔ یعنی۔

پگمیلین۔ وہ شخص جو اپنے ملک کے دشمنوں کو ہلاک کرنے کی خدمت پر مامور کیا جاتا ہے۔

گلیشیا۔ (خوفزدہ ہوکر) ایک تنخواہ دار خونی!

پگمیلین۔ خونی! واہ۔

یہ تیری کوتاہ دماغی اور جہالت کا ثبوت ہے۔ دہقانوں اور وحشیوں کی نظروں میں تیرے اس لچر خیال کی وقعت ہوسکتی ہے۔ لیکن ایک مہذب اور متمدن ملک اپنے سپاہیوں پر فخر کرتا ہے۔ ایتھنس کے اندر جو تہذیب میں شہرۂ آفاق ہے۔ فوجی پیشہ شرافت اور حکومت کی بہترین نشانی ہے۔

گلیشیا۔ وہ خون کرتا ہے اور خون کرنے کا معاوضہ پاتا ہے۔

پگمیلین۔ بے شک!

لیکن وہ اپنے اہل وطن کی سلامتی کے خون کرتا ہے۔

گلیشیا۔ خواہ اس کے اہل وطن حق پر ہوں یا ناحق پر۔

پگمیلین۔ اس کی ذمہ داری اس کی گردن پر نہیں۔ اس کے لئے یہی عذر کافی ہے۔ کہ وہ دشمن ہیں اور ان کا قتل واجب۔ وہ حکام بالا دست کے احکام کو بجا لاتا ہے اور اپنے فرض منصبی سے سبکدوش ہو جاتا ہے۔

گلیشیا۔ ظلم کی انتہا ہے۔ مجھے تعجب ہے پگمیلین! کہ تیرے منہ سے ایسی خوفناک باتیں کس طرح نکلتی ہیں۔ تو نے مجھ سے موت کا تذکرہ کیا۔ کہ جو تمام ساکنان ارض کو چشم زدن میں فنا کر دے گی۔ اب تو مجھ سے ایسے شخص کا تذکرہ کر رہا ہے کہ جس کا فرض خون کرنا ہے۔ زندگی کی وہ نعمت کہ جو تو نے کمال مہربانی سے مجھ کو بخشی۔ اس کو دوسرے آدمیوں سے زبردستی چھین لینا کتنا بڑا ظلم ہے۔ اس پر ستم ظریفی یہ ہے کہ تو اس کی طرفداری بھی کر رہا ہے۔

پگمیلین۔ میرے پاس اتنا وقت نہیں کہ ان مسئلوں کو حل کر سکوں۔ دیکھ وہ آ پہنچا۔ اس سے گفتگو کر
اس کے خوفناک پیشے کے باوجود تو اسے نیک اور رحمدل پائیگی۔

گلیشیا۔ [بے حد خوفزدہ ہو کر] نہیں پگمیلین!
مجھے اس کے رحم و کرم پر نہ چھوڑ۔ وہ قاتل اور خونی ہے۔

پگمیلین۔ بے وقوف!
آخر کیوں خوف کھاتی ہے۔ وہ تجھے نگل تو نہ لے گا۔ وہ جتنا بہادر ہے اتنا ہی نیک اور بے ضرر بھی ہے۔ اور میں ہمیشہ کے لئے رخصت بھی نہیں ہوتا۔ میں ابھی واپس آؤنگا

[دہنی جانب سے جاتا ہے]

گلیشیا۔ بہتر ہے۔ میں تیری مرضی پر شاکر ہوں۔
لیکن آپ قاتل کی نشیمنی کے خیال سے میں کانپ رہی ہوں۔

[لیوسی پس ہاتھوں میں ایک مردہ ہرن کا بچہ اٹھائے داخل ہوتا ہے]

لیوسی پس۔ واہ کیا بے خطا نشانہ تھا۔ ایسا کہ تمام عمر میں دوبارہ ناممکن ہے۔

[ہرن کے بچے کو دہنی طرف ڈال دیتا ہے]

گلیشیا۔ خونی درندے۔ خبردار جو میرے پاس آیا۔

[اس کے سامنے سے ہٹتے ہوئے]

لیوسی پس۔ ارے یہ کون ہے؟
خاتون! مجھ سے کیوں ڈرتی ہے۔ میں تجھے کوئی نقصان نہ پہنچاؤنگا

گلیشیا۔ مجھ پر رحم کر! میں نے تیرے وطن کا کیا بگاڑا ہے۔
جناب میں آپ کی دشمن نہیں ہوں!

لیوسی پس۔ میں قسم کھا کر اس کی گواہی دے سکتا ہوں!
کاش کہ میرے وطن کے ایسے ہی حسین دشمن ہوتے۔ تو آج اسکی فوج میں سپاہیوں کی کمی نہ ہوتی۔

گلیشیا۔ [آگے بڑھتے ہوئے] بدنصیب! جلد توبہ کر لے۔ ورنہ یہ سخت پتھر تیرے جسم پر دوبارہ قابض ہو جائے گا۔

[مجسموں کی طرف اشارہ کر کے]

لیوسی پس۔ نہ معلوم کیا کہہ رہی ہے ——

گلیشیا۔ جناب! میں آپ کو بتا دیتی ہوں کہ جس سنگ تراش نے آپ کے جسم کو بنایا تھا۔ اس نے دیوتاؤں سے آپ کو زندہ کرنے کی دعا مانگتے وقت یہ نہ خیال کیا کہ وہ اس دنیا پر ایک بلا نازل کر رہا ہے۔
دیکھ! تیرے ظالم ہاتھ خون میں رنگے ہوئے ہیں!
مجھ سے الگ ہٹ کر کھڑا ہو اور مجھے چھونے کی جرأت نہ کر۔

لیوسی پس۔ [علیحدہ] دیوانی لڑکی!
آخر مجھ سے کیوں ڈرتی ہے۔ میں تجھ سے آزار پہنچانے کی کب ہمت کر سکتا ہوں؟
میرے رنگین ہاتھوں کا سبب یہ ہے [ہرن کے بچے کو اٹھاتے ہوئے]

گلیشیا۔ یہ کیا ہے؟

لیوسی پس۔ ننھا غزال۔ [اس کو گلیشیا کے قدموں کے پاس ڈال دیتا ہے]

گلیشیا۔ (جھک کر) یہ خاموش کیوں ہے؟

لیوسی پس۔ کیونکہ میں نے اسے زخمی کر دیا ہے۔

گلیشیا۔ ظالم!

لیوسی پس۔ مجھے اس کا خود افسوس ہے۔ لیکن یہ محض اتفاق تھا۔ میں ایک درخت کے سایہ میں لیٹا ہوا۔ وقت گذارنے کے لئے گنگنا رہا تھا کہ میں نے اس کو دو رہبدان میں کلیلیں کرتے ہوئے دیکھا۔ میری کمان

ہاتھ کے قریب ہی رکھی ہوئی تھی۔ کہ میں نے دفعتہً تیر جوڑ کر اس پر سنست باندھی۔ مجھے اس کا وہم و گمان بھی نہ تھا کہ میرا نشانہ مقدّر فاصلہ کے باوجود بھی ٹھیک بیٹھے گا۔

لیکن اس کی قسمت کا چکر کہ اس آسانی سے شکار ہو گئی۔

[اس پر جھکتے ہوئے]

دیکھو بیچاری تڑپ رہی ہے۔ لو مر گئی۔

گلیشیا۔ ارے ظالم خونی درندے! یہ تو نے کیا کر دیا!

[ہرن کے بچے کو اپنی گود میں اٹھاتی ہے۔]

ارے تو نے اس کا کام تمام کر دیا۔

اے حسین مخلوق! میں تجھے نہیں پہچانتی کہ تو کون ہے۔ تیری شکل و صورت میرے لئے اجنبی ہے۔ لیکن اتنا جانتی ہوں کہ تو جاندار تھی اور اس درندے نے تجھے زندگی سے زبردستی محروم کر دیا۔

[ہرن کے بچے کے جسم پر رومال پھیرتی ہے اور اُس کو اٹھا کر لیوسی پس کو دے دیتی ہے]

یہاں سے دور ہو جا!

پیشتر اس کے کہ تجھ پر کوئی بلا نازل ہو۔

لیوسی پس۔ حقیقت یہ ہے کہ میں اس بنا پر خود خوف کھا رہا ہوں۔ کیونکہ یہ مائرین کی ملکیت تھی جس کا مجھے کوئی علم نہ تھا۔ اُسے یہ معلوم کر کے بے حد افسوس ہو گا کہ یہ مر گئی۔

اس لئے میں امید کرتا ہوں کہ تو اس راز کو اس سے پوشیدہ رکھے گی اُسوقت تک کہ میں اُس کی جگہ دوسری نہ لے آؤں۔

[لیوسی پس ہرن کے بچے کے ساتھ جاتا ہے]

گلیشیا۔ دور ہو جا میرے سامنے سے۔ میں خونی کے راز پوشیدہ نہیں رکھ سکتی

[مائرین داخل ہوتی ہے]

مائرین۔ (مضطرب ہو کر) کیوں گلیشیا! تو کیوں کانپ رہی ہے۔

گلیشیا۔ مائرین! تو اپنے قلب کو مضبوط کر کے میری بات کو سننے کے لئے تیار ہو جا!

وہ آدمی جس سے تو محبت کرتی ہے۔ خونی ہے!

مائرین۔ [اطمینان کا سانس لے کر] ہیو قوف لڑکی! مجھے معلوم ہے پگمیلین جاتے وقت مجھ سے تذکرہ کر چکا ہے کہ تو ہمارے ملک کے سب بہادر سپاہی کو اس نام سے یاد کرتی ہے۔

وہ خونی نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایک سپاہی ہے۔

گلیشیا۔ اور خونی کسے کہتے ہیں۔

مائرین۔ اُسے جو صرف بے بسوں۔ کمزوروں اور نہتوں سے جنگ کرتا ہے اور جس کا کام دوسروں پر اچانک حملہ آور ہو کر قتل کرنا ہے۔

میرا بہادر لیوسی پس خونی نہیں ہے۔

گلیشیا۔ تیرا بہادر لیوسی پس اپنی بہادری سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ وہ تیرے بیان کے مطابق محض خونی ہی ہے۔ کیونکہ میں نے مقتول کو اُس کی گود میں اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔

اس مظلوم کے خون میں اُن کے دونوں ہاتھ رنگے ہوئے تھے۔

اُس جگہ اُس کا سر اور بے جان جسم پڑا ہوا تھا۔ اور اس کی خوبصورت سیاہ پتلیوں پر موت کا پردہ پڑا ہوا تھا۔ اُس نے صرف ایک ہی بار حرکت کی۔ اُس نے اپنا سر اس کی طرف گھمایا اور کچھ بولنے کی کوشش کی لیکن پیشتر اس کے کہ وہ ایک لفظ بھی اپنی زبان سے کہتی اُس کی گردن ڈھلک گئی اور وہ مردہ ہو کر گر گئی

مائرین۔ دیوانی ہو گئی ہے کیا۔ تجھ سے کس نے کہا؟

گلیشیا۔ خود اس نے اپنی زبان سے اقبال کیا۔ اور اپنے فعل پر بہت دیر تک فخر کرتا رہا۔ اُس نے کہا کہ اس نے محض مذاق ہی میں اپنی کمان کو اُٹھا کر تیر جوڑا اور اس طرح نشانہ لگایا کہ اس کے دل کو توڑتا ہوا نکل گیا۔

مائرین۔ لیوسی پس نے ایسا کیا؟ ..... ناممکن ہے۔

تو خواب دیکھی ہے کیا؟

گلیشیا۔ اپنی جان کی قسم کھاتی ہوں کہ یہ سچ ہے۔ دیکھ یہ رومال موجود ہے جو ابتک اس کے خون میں رنگا ہوا ہے۔

مائرین۔ (خوفزدہ ہو کر) اس نے کس کو قتل کر ڈالا۔

گلیشیا۔ مجھے یہ نہیں معلوم۔

اس کی شکل و صورت میرے لئے بالکل اجنبی تھی۔ دیکھ وہ پھر آ رہا ہے۔ مجھے اس ظالم خونی درندہ سے پناہ دے۔

[بائیں طرف جاتی ہے]

[لیوسی پس دہنی جانب سے داخل ہوتا ہے]

مائرین - لیوسی پس! کیا یہ خوفناک واقعہ صحیح ہے ؟

لیوسی پس [گلیشیا سے علیحدہ] تجھ کو میرا راز افشا کر کے کیا ملا !
بھولی لڑکی! تو نے اُس کو کسقدر رنج پہنچایا ہے !

[مائرین سے] ہاں صحیح ہے !
لیکن گلیشیا کا فرض تھا کہ خاموش رہتی - اور اس حادثہ کی اطلاع دے کر تجھ کو پریشانی میں مبتلا نہ کرتی -

مائرین - [اس کے اطمینان پر تعجب ہو کر] معلوم ہوتا ہے کہ تیرے دماغ پر کوئی خبیث روح مسلط ہو گئی ہے ورنہ یہ ناممکن تھا کہ تیرے ہاتھوں سے ایسی حرکت سرزد ہوتی -

لیوسی پس - بے شک میں ہی خطاکار ہوں !
میں نے اس کو اپنی نظر کے سامنے رقص کرتے ہوئے دیکھا کہ دفعتہً میرا ہاتھ قریب رکھی ہوئی کمان پر پڑا - اور تقریباً سو گز کے فاصلے سے میں نے شست باندھ کر اپنے تیر کو اس کے جگر میں تار دیا
ایسے صحیح نشانہ باز دنیا میں کم پیدا ہوتے ہیں !

مائرین - (کانپ کر) بہتر ہوتا کہ بالکل ہی ناپید ہوتے -
آہ قوی القلب انسان - [رونے لگتی ہے]

لیوسی پس - میرا پیمانۂ صبر لبریز نہ کرو !
میں تو مبارکباد کا مستحق ہوں - کیونکہ میں نے تیر اندازی کا معجزہ دکھایا ہے - اگر ایک جان ضائع ہو گئی تو کونسا نقصان ہو گیا - دنیا میں ایک معمولی ہستی کوئی وقعت نہیں رکھتی - اور ایک کم یا زیادہ ہو جانے سے مخلوق کی تعداد میں کوئی فرق نہیں ہوتا -
ابھی بہت باقی ہیں -
[گلیشیا کی طرف دیکھتا ہے جو خائف ہو کر چیخ مارتی ہے اور بائیں طرف جا کر پناہ گزیں ہوتی ہے]
ذرا خیال تو کرو کہ میں قتل عمد کے جرم سے بری الذمہ ہوں - کیونکہ اس قدر فاصلے سے نشانہ صحیح بیٹھنے کا کوئی امکان ہی نہ تھا لیکن میرا نشانہ میرے خیال سے زیادہ صحیح ثابت ہوا اور وہ بیچاری ہیں ڈھیر ہو گئی -

مائرین - (متحیر ہو کر) افسوس ! تیری بے حسی اور سنگدلی ثبوت ہے تیری دیوانگی کا - آہ میں کیا کروں - جا اپنے نحس وجود کو کسی محفوظ جگہ میں پناہ دے -

لیوسی پس - لیکن ——

مائرین - بس خاموش - میں ایک لفظ بھی نہ سنونگی - اور نہ آج سے تیرا منہ دیکھنا پسند کرونگی - دور ہو جا میرے سامنے سے !
[لیوسی پس گلیشیا کی طرف بڑھتا ہے]

گلیشیا - جناب فوراً تشریف لے جائیے - ورنہ مچاتی ہوں شور -

لیوسی پس - واہ وہ دونوں عقل سے خارج معلوم ہوتے ہیں عورتوں کی منطق ہی دنیا سے نرالی ہے - جس کا سمجھنا مردوں کی عقل سے باہر ہے بہتر ہے - میں اتھنس کو روانہ ہوتا ہوں - جب تمہاری عقل درست ہو جائے اور میری ضرورت محسوس ہو تو طلب کر لینا ——
—— اس وقت تک رخصت !
[غصہ میں دہنی جانب سے جاتا ہے]

مائرین - اے کاش کہ یہ ڈراؤنا خواب ثابت ہو - اور بیداری پر حقیقت عریاں نظر آئے - تاکہ میں اپنا کھویا ہوا آرام دوبارہ حاصل کر سکوں

گلیشیا - [خیال آنے پر اچھلتے ہوئے] خواب !
[مائرین کے پاس آ کر]
ہاں ہم دونوں خواب ہی دیکھ رہے ہیں جس کا مضمون بھی یک ہی ہے - لیکن یہ کس طرح معلوم ہو کہ خواب کیا ہے اور حقیقت کیا ؟

مائرین - کچھ باتیں اس قسم کی ہیں کہ جنکی حقیقت بہت خوفناک ہوتی ہے
—— چنانچہ ان میں سے ایک یہ بھی ہے -
[پگمیلین ہرن کا بچہ اٹھائے ہوئے داخل ہوتا ہے]

پگمیلین - کیوں مائرین - آج لیوسی پس کو کیا ہو گیا —— میں نے دیکھا کہ مکان سے نکلتے وقت اس کے چہرے پر غیظ و غضب کے آثار تھے - اور گھوڑے پر بیٹھتے وقت اس کے اعصاب کانپ رہے تھے - کیا ماجرا ہے ؟

مائرین - کیا بتاؤں - غضب ہو گیا -

وہ دیوانہ ہوگیا اور اسی عالم میں اُسنے ایسے جرم کا ارتکاب کیا ہے۔
کہ جس کے بیان سے دل تھرّاتا ہے۔ تو نے بھی اس کی زبان سے
کچھ سنا؟

پگمیلین۔ ہاں۔ جب میں نے اُسکی ناراضگی کا سبب دریافت کیا تو اُسنے
میرے سامنے اس کو ڈالدیا۔ [ہرن کے بچے کو دکھا کر]

گلیشیا۔ (بے حد خوفزدہ ہوکر) ہاں یہی ہے وہ مظلوم۔ اس کو میرے
سامنے سے ہٹاؤ۔ اس کو دیکھ کر میرا کلیجہ منہ کو آتا ہے۔

مائرین۔ کیوں۔ یہ کیا ہے؟

گلیشیا۔ وہ ہی جس کا خون اس نے اس بے دردی سے کیا ہے۔ اور
دیوتاؤں کی بخشی ہوئی زندگی سے اس غریب کو زبردستی محروم کیا
اس کو میرے سامنے سے ہٹالو۔ میں موت کی ڈراؤنی شکل کو کس
طرح دیکھ سکتی ہوں؟

مائرین۔ کیا لیوسی پس نے فقط اسی کو قتل کیا تھا؟

گلیشیا۔ (متعجب ہوکر) ہاں۔ کیا یہ کافی نہیں ہے۔

مائرین۔ لڑکی تو دیوانی ہوگئی ہے۔ پگمیلین! یہ مجھ سے برابر یہی کہے جاتی
ہے کہ لیوسی پس نے کسی کو قتل کر ڈالا۔

پگمیلین۔ (غصہ ہوکر) یہ چھوکری ہم سب کو دیوانہ بنادے گی۔
لاؤ میرا گھوڑا تیار کراؤ۔ میں خود اسے منا کر لاؤنگا۔

[مائرین باہر جانب جاتی ہے]

گلیشیا۔ مجھ سے قصور ہوا۔ سچ مجھے اس بات کا علم نہ تھا!
کیا تو مجھ سے ناراض ہوگیا۔

پگمیلین۔ ہاں۔
میں تجھ سے بے حد ناراض ہوں۔ اپنے علانیہ عشق کے اظہار سے
تو نے مجھے خوب رسوا کیا۔ اور اب لیوسی پس کو اس کے محبوب سے
جدا کرادیا۔ تیری بیوقوفی ناقابل برداشت ہوگئی ہے۔

[ہیموس داہنی جانب سے داخل ہوتا ہے]

ہیموس۔ جناب! کراٹس اور انکی بیگم باہر تشریف رکھتے ہیں۔

پگمیلین۔ میں اس وقت نہیں مل سکتا (ٹھہر کر) اچھا ٹھیرو۔ اندر
بلا لاؤ۔ [ہیموس جاتا ہے]

(گلیشیا سے) جاتو وہاں بیٹھ کر میرا انتظار کر۔

[گلیشیا جاتی ہے]

[پگمیلین ایک ناتمکمل مجسمہ کو بنانے میں مصروف ہوجاتا ہے۔ ڈیفنی
داہنی جانب سے داخل ہوتی ہے]

ڈیفنی۔ پگمیلین کہاں ہے؟

پگمیلین۔ (کام کرتے ہوئے) پگمیلین یہاں ہے۔

ڈیفنی۔ ہم چند روز قبل تمہارے مکان پر آئے تھے۔ لیکن تم موجود نہ تھے۔
چونکہ اندر داخل ہوگئے تھے اس لئے ہم نے تمہارے اسٹوڈیو کی دل
بھر کر سیر کی۔ اور اس سلسلہ میں ہم نے تمہارے پتھر کو بھی دیکھ لیا۔
جسے تم پردوں کے پیچھے بڑی احتیاط سے چھپا کر رکھتے ہو۔

پگمیلین۔ (انکی طرف مڑکر) آپ نے بڑی ناشائستہ حرکت کی۔

ڈیفنی۔ جناب آپ مجھ کو پہچانتے ہیں کہ میں کون ہوں۔

پگمیلین۔ ہاں جانتا ہوں۔ تم کراٹس کی بیوی ہو۔ آپ کے ساتھ
آپ کے شوہر بھی آئے ہیں؟

ڈیفنی۔ ہاں وہ باہر تشریف رکھتے ہیں۔ میں ان کی نقیب بن کر آئی ہوں
تاکہ تمہیں ان کے شایانِ شان استقبال کے لئے تیار کردوں۔
ان کے حضور میں ادب سے گفتگو کرنا تاکہ وہ تمہارا بت خریدنے پر
رضامند ہوجائیں۔ کیونکہ ان کی ایک ہی نگاہ کرم پر تمہاری قسمت
پلٹ جائے گی۔

پگمیلین۔ (ہیموس سے) تم ان سے اندر آنے کو کہو۔

[کراٹس داہنی جانب سے داخل ہوتا ہے]

کراٹس۔ کیا یہ سنگتراش راضی ہوگیا۔

[ہیموس باہر جاتا ہے]

ڈیفنی۔ ہاں۔
اس وقت مزاج درست معلوم ہوتا ہے۔ بس روپیہ نکال کر اس کے
ہاتھ پر رکھ دو۔ میں نے اس بت کے متعلق سنا ہے کہ بے نظیر اور
لاجواب شے ہے۔ لیکن اس کے منہ پر اس پتھر کی وقعت گھٹانے
میں کمی نہ کرنا اور اس میں ہزار عیب نکال کر خریدنا۔

کراٹس۔ (پگمیلین سے) تمہارا وہ مجسمہ کہاں ہے جسے ہم نے گذشتہ ہفتہ

دیکھا تھا۔

پگمیلین۔ (گھبرا کر) جناب وہ ابھی نامکمل ہے اور اس کے علاوہ بدصورت بھی۔ مجھے اس کو پیش کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔

کرائیس۔ ہاں یہی میرا بھی خیال ہے۔ اس کا رنگ و روغن پھیکا ہے اور چمک بالکل غائب۔ دھوپ چھاؤں کا کوئی فرق ہی نہیں۔ مطلع تمام تاریک نظر آتا ہے۔ اس کی سطح پر کچھ بدنما داغ بھی ہیں جس نے اس کی وقعت کو اور بھی گھٹا دیا ہے۔ اس کے علاوہ تصویر کے چہرے پر جذبات کا نام و نشان ہی نہیں۔ بالکل اندھی۔ گونگی۔ اور بہری معلوم ہوتی ہے۔

ڈیفنی۔ (اس سے علیحدہ) ذرا سوچ کر بات کرو۔ تم روغنی تصویر کے متعلق بات کر رہے ہو یا سنگین مجسمہ کی نسبت۔

کرائیس۔ واہ۔ تم کیا جانو ـــــ دونوں کا اصول ایک ہی ہے اچھا کیا دام لگاؤ گی۔ ذرا اس کے وزن کا تخمینہ تو کرو۔

[ڈیفنی سے علیحدہ]

ڈیفنی۔ (علیحدہ) ایک ٹن کے لگ بھگ ہوگا۔

کرائیس۔ (بآواز) اچھا ہزار درہم لوگے؟ بولو۔

پگمیلین۔ نہیں جناب۔ آپ نے بہت دام لگا دیئے۔ تصویر بالکل اندھی۔ گونگی اور بہری ہے۔ اور نہ اس پر دھوپ ہے نہ چھاؤں

کرائیس۔ ہاں۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے عیب ہیں۔ لیکن کوئی حرج نہیں۔ ہم مٹی کا ایک کھلونا خرید رہے ہیں۔ جو ہمارے کمرے میں چراغ رکھنے کے ڈیوٹ کا کام دے گا۔

پگمیلین۔ معاف کیجئے جناب۔ آپ کے لئے وہ بیکار سی شے ہے۔ لیکن میں اس کو کسی قیمت پر بھی جدا نہ کرونگا۔

کرائیس۔ میں جس پتھر کے ایک ہزار درہم لگا رہا ہوں۔ اس کے بازار میں کوئی پانسو بھی نہ دے گا۔

ڈیفنی۔ میاں ذرا ہوش کی دوا کرو۔ ابھی زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ ہم نے ایک الو خریدا تھا۔ جس کا قد تمہارے پنجہ سے دگنا تھا۔ اور ہم نے اس کے صرف پندرہ سو درہم دیئے تھے۔

پگمیلین۔ لیکن خطا معاف ایک صناع اپنے مجسموں کے حسن کا اندازہ انکے دام اور حجم کے لحاظ سے نہیں کرتا۔

کرائیس۔ وہ نہ کرے مگر ہم تو کرتے ہیں۔

ڈیفنی۔ میاں گستاخ صاحبزادے! کرائیس کو ناراض کرنے کی ہمت نکرو۔

[اندر جانب سے جاتی ہے]

کرائیس۔ اور ہماری بیگم کی بات کا لحاظ کر [جاتے ہوئے]

پگمیلین۔ جناب آپ کا غصہ میرے سر اور آنکھوں پر۔ لیکن میں آخری بار عرض کرتا ہوں کہ وہ مجسمہ برائے فروخت نہیں۔

[بائیں جانب سے جاتا ہے]

کرائیس۔ جناب میں بھی آخری بار عرض کرتا ہوں کہ میں خالی ہاتھ واپس نہ جاؤں گا۔ فنون لطیفہ کا سرپرست آرٹ کا محکوم نہیں بن سکتا میں تجھے ابھی دکھا دونگا کہ میں کیا کر سکتا ہوں۔

کہاں ہے وہ مجسمہ؟

[ستون پر جا کر پردوں کو ہٹا کر دیکھتا ہے]

ارے غائب ہو گیا!

[وہ مجسمہ کو چاروں طرف دیکھتا ہے۔ یکایک اس کی نظر گلیشیا پر پڑتی ہے جو بائیں طرف سے آ رہی ہے۔ وہ اس کی طرف ٹکٹکی باندھ کر حیرت سے دیکھتا ہے]

ہائیں یہ کون ہے؟

گلیشیا۔ ذرا ہوش کی دوا کرو۔

کرائیس۔ نہیں معاف کرنا۔ مجھے شک ہوا کہ کہیں ـــ اوفوہ! بڑی غلطی ہوئی۔

(علیحدہ) ظالم ہو بہو وہی ہے۔

(بآواز) میں تم کو پہچانتا ہوں۔ میں نے تم کو کہیں دیکھا ہے۔

[سر کھجا کر]

گلیشیا۔ شاید پتھر کی شکل میں۔ بہت ممکن ہے۔

کرائیس۔ (خود پر قابو پا کر) ہاں میں سمجھ گیا ـــــ ہو نہ ہو یہ پگمیلین کی ماڈل ہے۔ بیشک وہی ہے۔ لیکن بڑی دیدہ دلیر معلوم ہوتی ہے۔ آنکھوں کا پانی ڈھل چکا ہے۔ اس پیشہ کی تمام عورتیں اسی قماش کی ہوتی ہیں۔ لیکن بلا کی حسین ہے جسم کی

رعنائی اور گدازی بھی قیامت کی ہے۔

(باواز) ذرا ادھر تشریف لائیے خاتون!

گلیشیا۔ [اس کو بہت حیرت سے دیکھ رہی ہے] مجھے بتاؤ تم کیا ہو؟

کرائیس۔ میں کیا ہوں؟

گلیشیا۔ میں یہ دریافت کرتی ہوں کہ کیا تم مرد ہو؟

کرائیس۔ ہاں۔ کہتے تو یہی ہیں۔

گلیشیا۔ تو غلط کہتے ہیں۔ تم ابھی تک مغالطہ میں مبتلا ہو۔

کرائیس۔ واقعہ ہے۔

گلیشیا۔ مرد ہمیشہ طویل القامت سیدھا اور مضبوط ہوتا ہے۔ اس کی بڑی بڑی آنکھوں سے بہادری ٹپکتی ہے۔ اس کے چہرے پر جس کا نور برستا ہے۔ اور آواز میں کشش اور نرمی ہوتی ہے۔ میں نے ایک ایسا مرد دیکھا ہے۔

کرائیس۔ واقعی!

گلیشیا۔ (اس کو بغور دیکھتے ہوئے) ہاں۔ مجھے یقین ہے کہ تم مرد نہیں ہو۔

کرائیس۔ کیا میں عورت نظر آتا ہوں؟

گلیشیا۔ عورت؟ نہیں۔

ایک عورت نرم نازک گوری اور بے انتہا حسین ہوتی ہے۔ میں عورت ہوں۔ تم میرے مثل نہیں۔

کرائیس۔ دیوتاؤں کی مرضی نہیں کہ میں تمہارے مثل بنوں اور اپنے حسن کو گھنٹوں کے حساب سے فروخت کروں۔

گلیشیا۔ میں اس کے باوجود بھی تمہیں پسند کرتی ہوں۔ کیونکہ تمہیں دیکھ کر مجھے ہنسی آتی ہے۔

گول گول جسم پر لال لال رنگت اور چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔ بڑا سادہانہ اور جھریوں سے بھرا ہوا چہرہ۔ ٹھگنا سا قد اور پھولی ہوئی توند ـــــ نے تمہیں بہت دلچسپ بنا دیا ہے۔

کرائیس۔ (علیحدہ) بڑی شوخ اور طرار معلوم ہوتی ہے۔

گلیشیا۔ ہاں میں سمجھ گئی۔

پگمیلین بہت کہنہ مشق اور ہوشیار کاریگر ہے۔ لیکن وہ آدمی جس نے تمہیں تراشا ہے۔ شاید بالکل ہی بندی تھا۔

کرائیس۔ (حیران ہو کر) اتنی کم عمری کے باوجود اسقدر دلیر ہو؟

گلیشیا۔ دلیر نہیں ہوں ـــ معصوم ہوں۔ میرے متعلق پگمیلین کا بھی یہی خیال ہے۔

کرائیس۔ درست ہے۔ لیکن میں کل کا بچہ نہیں ہوں۔

[بائیں جانب بیٹھتا ہے]

گلیشیا۔ لیکن میں تو ہوں۔

[وہ اس سے اپنے قریب بیٹھنے کی فرمائش کرتا ہے۔ وہ اس کے دہنی جانب بیٹھتی ہے اور اس طرف بہت حیرت سے دیکھتی رہتی ہے جس کا سبب اس کی سمجھ میں نہیں آتا]

تمہارے بیٹھنے کا انداز کتنا بھونڈا ہے!

کرائیس۔ مجھے اس بات کا علم نہیں کہ میری صورت کی طرح میری نشست بھی ترالی ہے۔ میں تو یہی جانتا ہوں کہ سب کے بیٹھنے کا انداز ایک ہی ہے۔

گلیشیا۔ میرا پگمیلین کبھی اس طرح نہیں بیٹھتا۔

کرائیس۔ کیا وہ کسی خاص ادا سے بیٹھتا ہے۔

گلیشیا۔ ہاں۔ اس کا ہاتھ ہمیشہ میری کمر کے گرد رہتا ہے۔

کرائیس۔ بڑے ذات شریف معلوم ہوتے ہیں۔ آرٹ کے تمام طریقوں سے واقف ہیں۔

گلیشیا۔ تم اس طرح نہیں بیٹھتے۔ شاید تمہیں ان باتوں کا علم نہیں۔

کرائیس۔ کیوں نہیں۔ میں بھی ان اندازوں سے بخوبی واقف ہوں۔

گلیشیا۔ پھر کیا وجہ ہے کہ تم اس طرح نہیں بیٹھتے۔

کرائیس۔ (علیحدہ) میں کس مصیبت میں پھنس گیا۔

[اس کی کمر کے گرد اپنا ہاتھ لے آتا ہے]

بہرحال مردوں کا فرض ہے کہ عورتوں کی دلدہی کرے کیا واقعی تم معصوم ہو؟

گلیشیا۔ ہاں واقعی۔ میں تم کو بتا چکی ہوں کہ میں کل ہی پیدا ہوئی ہوں۔

کرائیس۔ تمہاری ماں کون ہے۔

گلیشیا۔ ماں۔ اس سے تمہارا کیا مطلب ہے؟

میں تو کسی کو نہیں جانتی۔ مجھے اتنا ہی علم ہے کہ میں پگمیلین کی لو

ہوں۔

کیا لوگوں کے مائیں بھی ہوتی ہیں؟

کرائیس۔ ہاں۔ ابتک تو دنیا کا یہی اصول ہے۔

گلیشیا۔ لیکن پگمیلین میں دوسرے لوگوں سے زیادہ قدرت ہے۔ اس لئے اُس نے اس اصول کو توڑ دیا ہے۔

کرائیس۔ ہاں میں نے بھی یہی سنا ہے کہ اس کے ہاتھوں میں اعجاز ہے جسپر مجھے بھی یقین ہو چلا ہے [علیحدہ]

[ڈیفنی دہنی جانب سے داخل ہوتی ہے]

ڈیفنی۔ ارے۔ یہ میں کیا دیکھ رہی ہوں؟

[کرائیس ڈیفنی کو دیکھتے ہی گلیشیا سے دور سرک جاتا ہے]

کرائیس۔ ——— بیگم!

ڈیفنی۔ کیا میں اپنی آنکھوں پر اعتبار کروں؟

[گلیشیا کھڑی ہو جاتی ہے]

یہ کون عورت ہے؟

کسقدر مشابہت ہے۔ ہو بہو وہی ———

کرائیس۔ کس سے مشابہت ہے؟

ڈیفنی۔ اُسی مجسمہ سے جسے ہم خریدنا چاہتے تھے۔ وہی چہرہ ہے اور وہی لباس۔ بال برابر بھی فرق نہیں ہے۔ بس اس کو اُٹھاؤ اور اُس کو بٹھاؤ۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے پگمیلین نے کسی غیبی طاقت کے ماتحت اس مجسمہ میں جان ڈالدی ہے۔ دونوں کے خط و خال میں بلا کی مشابہت ہے۔

کرائیس۔ (علیحدہ) بیگم کے خیال کی نزاکت کی داد دیتا ہوں۔ بہتر ہو کہ میں بھی اس کی تائید کروں اور اُس کے خیال کو تقویت دوں۔ گو میرا یہ طرز عمل بے حد لچر اور مہمل ہوگا۔ لیکن اس صورت حال کا یہی بہترین علاج ہے۔

(آواز) واہ بیگم تمہاری نازک خیالی کی تعریف نہیں ہو سکتی۔ تمہارا خیال لفظ بہ لفظ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ واقعی اس لڑکی میں اور اُس مجسمہ میں سرمو فرق نہیں ہے۔ دیوتاؤں کی قدرت سے کیا بعید ہے کہ انہوں نے ایک کرشمہ دکھایا ہو۔ اور اس مردہ پتھر میں جان ڈالدی ہو۔

ڈیفنی۔ چلو ہٹو۔ کیا تم میرا مذاق اُڑا رہے ہو؟ یا مجھے بالکل ہی دیوانہ سمجھتے ہو؟

گلیشیا۔ یہ واقعہ بالکل صحیح ہے کہ میں سرد اور بے حس و حرکت پتھر کا مجسمہ تھی جذبات اور ہوش و حواس سے بالکل معرّا۔ یہانتک کہ پگمیلین نے اپنی ریاضت اور عبادت کی گرمی سے میرے جسم میں زندگی کی دہکتی ہوئی چنگاری پیدا کر دی اور مجھ کو وہی بنا دیا جو اسوقت میں نظر آ رہی ہوں۔

کرائیس۔ (گلیشیا سے علیحدہ) شاباش لڑکی۔ تو بڑی حاضر جواب اور وقت شناس ہے۔ لیکن اپنے بیان پر قائم رہنا۔ بدل نہ جانا

ڈیفنی۔ اوہ شاباش لڑکی!

تو نہیں جانتی کہ میں اُس کی بیوی ہوں۔

گلیشیا۔ اُس کی بیوی (کرائیس سے) میرے پاس سے چلے جاؤ۔ میں تمہاری بیوی کے سامنے تم سے محبت نہیں کر سکتی۔

[وہاں سے جاتی ہے]

ڈیفنی۔ کیسی بے شرم اور گستاخ لڑکی ہے۔

کرائیس۔ یہ گستاخی معصومیت کی ہے۔ اُس کے اخلاق کو اپنے اخلاق کی کسوٹی پر مت جانچو۔ کیونکہ وہ کل پیدا ہوئی ہے اور تمہاری پیدائش کو ایک عرصہ گذر چکا ہے۔

[میموس دہنی جانب سے داخل ہوتا ہے]

میموس۔ حضور پگمیلین حاضر ہے۔

کرائیس۔ (علیحدہ) یہ تو بُرا ہوا۔ وہ بنا بنایا کھیل بگاڑ دے گا۔

ڈیفنی۔ (میموس سے) بتاؤ یہ کون عورت ہے؟

کرائیس۔ میں بتا چکا ہوں کہ وہ ———

ڈیفنی۔ بس خاموش! مجھے تمہارا اعتبار نہیں۔ میں خود اُسکی زبان سے سننا چاہتی ہوں۔

گلیشیا۔ اس سے کیوں پوچھتی ہے جبکہ میں خود بتا چکی ہوں ——

ڈیفنی۔ اپنی زبان بند کر۔ [میموس سے]

یہ کون عورت ہے؟
اگر تو ایک لفظ بھی غلط کہے گا تو میں تیری کھال کھچوا دونگی۔

میموس ۔حضور غلام کی کیا مجال کہ غلط کہے۔ یہ عورت وہی بت ہے جس میں جان پڑ گئی ہے۔

کرائیس ۔ (میموس سے علیحدہ) میں تمہارا بے حد ممنون ہوں۔
[اس کو کچھ انعام دیتا ہے اور اُس سے ہاتھ ملاتا ہے]
[میموس دہنی جانب سے جاتا ہے]
[پرڈیٹا بائیں جانب سے داخل ہوتی ہے]

ماٹرین ۔کیا معاملہ ہے؟ کوئی خاص بات؟

ڈیفنی ۔ ہاں ۔۔ یہ عورت ۔۔

ماٹرین ۔ وہی بت ہے جس میں جان پڑ گئی ہے۔

کرائیس ۔ میں تمہارا بے حد ممنون ہوں ۔
[اس سے ہاتھ ملاتا ہے]
[پگمیلین دہنی جانب سے داخل ہوتا ہے]

پگمیلین ۔ کہئے جناب کیا ہو رہا ہے۔

کرائیس ۔ وہ مجسمہ ——

ڈیفنی ۔ خبردار۔

کرائیس ۔ مجھے کہنے دو۔
وہ مجسمہ جو کہ میں نے خریدا تھا ——

ڈیفنی ۔ مجھے کہنے دو۔
مجھے سب نے دیوانہ بنا لیا ہے۔
کرائیس یہ لڑکی ۔ ماٹرین اور تمہارا غلام سب کا متفقہ بیان ہے کہ۔

پگمیلین ۔گلیشیا کا مجسمہ زندہ ہو گیا ہے۔ بیشک یہی بات ہے۔

کرائیس ۔ یہی بات ہے۔
میں سب کا بے حد ممنون ہوں اور اُن کی اس عنایت کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرتا ہوں۔
[پگمیلین ہاتھ ملا کر ڈیفنی کے پاس جاتا ہے]
[سائنسکا دہنی جانب سے داخل ہوتی ہے]

سائنسکا ۔ پگمیلین ۔ میری جان ۔

پگمیلین ۔ میری پیاری سائنسکا۔

سائنسکا ۔ تیری فرقت نے مجھے چین نہ لینے دیا ۔ اور میں وقت سے پہلے واپس آ گئی۔ [ملیجہ] یہ کون لوگ ہیں؟
[باواز] جناب مجھے معاف کیجئے۔
میں نے خیال کیا کہ میرا شوہر تنہا ہے۔

ڈیفنی ۔ (طنزاً) بے شک۔
میں نے بھی اپنے شوہر کو تنہا ہی خیال کیا تھا مشکل یہ ہے کہ ہم عورتیں اپنے شوہروں پر جلد ایمان لے آتی ہیں۔

سائنسکا ۔ [پگمیلین سے علیحدہ] یہ لوگ کون ہیں؟

پگمیلین ۔ آپ کرائیس ہیں۔ اور آپ اُن کی بیگم ۔ڈیفنی ۔ یہ لوگ اس لئے آئے ہیں کہ ——

ڈیفنی ۔نہیں ہم دونوں مختلف اغراض کے ماتحت آئے ہیں۔
[گلیشیا سے] کرائیس اس لڑکی کی خاطر آئے ہیں اور میں اُن کے پیچھے آئی ہوں۔

کرائیس ۔ واقعات کی ترتیب اگر اسی طرح ہے۔ تو اس راز کو کیوں چھپا گئیں کہ پگمیلین تمہارے پیچھے آئے ہیں۔

سائنسکا ۔[گلیشیا کی طرف اشارہ کر کے جو بائیں طرف بیٹھی ہے]
یہ خاتون کون ہے؟ کیا میری آنکھیں مجھے فریب دیتی ہیں؟

ڈیفنی ۔ بالکل نہیں ۔حقیقت ہی حقیقت نظر آ رہی ہے۔

سائنسکا ۔[ستون کی طرف رخ کر کے] اور مجسمہ بھی غائب ہے۔

پگمیلین ۔ سائنسکا! دیوتاؤں نے اپنی قدرت سے گلیشیا کو زندہ کر دیا۔

سائنسکا ۔ دیوتاؤں میں بڑی قدرت ہے ۔ کیا واقعی یہ وہی مجسمہ ہے جس کو میرے پگمیلین نے اپنے ہاتھوں سے بنایا ہے؟
[گلیشیا کے قریب جا کر اس کو بے حد اشتیاق سے دیکھتی ہے]

پگمیلین ۔ ہاں وہی ہے۔

سائنسکا ۔ ٹھہرو۔ مجھے تو دیکھنے دو۔
[گلیشیا کے دہنی جانب جھکتی ہے]
ہاں ہاں یہ وہی حسین چہرہ ہے۔ اور وہی گداز جسم۔
جو اسی دلفریب لباس میں اسی طرح ملبوس ہے۔

گلیشیا۔ کیا تو نے مجھے پہچان لیا۔

سائنسکا۔ لو سنو۔ وہ بولتی بھی ہے۔

میری گلیشیا کی آواز کسقدر میٹھی ہے۔ کہتی ہے کہ "پہچان لیا؟" واہ میں نے گھنٹوں ایک ہی نشست سے بیٹھ کر تجھے نشو ونما پاتے ہوئے دیکھا ہے۔ میں بھی تیری ہی بے حس و حرکت اس کے کام میں ہمہ تن مشغول اور اس کی صناعی میں بالکل محو۔ البتہ جب قوت فرطِ عقیدت سے بے چین ہو جاتی تھی تو کبھی کبھی اپنا پہلو بدل کر اُٹھ کھڑی ہوتی تھی۔ اور اُن مبارک انگلیوں کو بے اختیار جا کر چوم لیتی تھی۔ جن کی کمال تخلیق کا نتیجہ تو مجسم موجود ہے۔

آ ـــــ تاکہ میں تجھے بہن کی طرح پیار کروں اور اپنے سینہ سے لگاؤں۔ [بوسہ لیتی ہے]

دیکھو وہ بوسہ بھی لے سکتی ہے۔

ڈیفنی۔ ہاں وہ اس ہنر میں بڑی مشاق معلوم ہوتی ہے۔

سائنسکا۔ کیوں پگمیلین۔ ایسی حالت میں جبکہ دیوتاؤں نے تیرے کمال کا خود اعتراف کیا ہے۔ تیرے چہرے پر خوشی اور مسرت کے آثار کیوں نہیں نمودار ہوتے۔

کرائیس۔ (پگمیلین سے) دیکھو گھبرا کر اصل واقعہ نہ کہہ دینا۔ بس یہی بیان پر ڈٹے رہو۔ [گلیشیا کی طرف اشارہ کر کے]

ابھی بچہ ہے۔ لیکن غلط روی اور دروغ گوئی میں طاق ہے۔

افسوس ہے کہ تمہاری دروغ گوئی کا باعث یہ ہوئی۔ لیکن مصلحت یہی ہے کہ اب اس جھوٹ کو سچ ثابت کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھو۔ [ذہنی جانب سے جاتا ہے]

سائنسکا۔ (ناراض ہو کر) ہاں اب مجھ معلوم ہوا۔ میں قبل از وقت واپس آ گئی۔

ڈیفنی۔ نہیں مجھے خوف ہے کہ تم بعد از وقت واپس آئی ہو۔

سائنسکا! آئندہ سے آسمے کبھی تنہا نہ چھوڑو یا چھوڑو تو بالکل ہی چھوڑ دو۔ [ذہنی جانب سے جاتی ہے]

سائنسکا۔ (متحیر ہو کر) آہ کیا ہو گیا۔

(پگمیلین سے) کیا تو نے ان تمام باتوں کو پسِ پشت ڈال دیا۔ جو میں وقتِ رخصت تجھ سے کہہ کر گئی تھی۔

گلیشیا۔ خاتون اس پر ناراض نہ ہو۔ اور اس کو ملزم ٹھہرانے میں جلدی نہ کرو۔ اس نے تیرے تمام احکامات کی حرف بحرف تعمیل کی ہے تو نے حکم دیا تھا کہ مجھ سے اسی طرح محبت کرے جس طرح تجھ سے کرتا ہے میں سچ کہتی ہوں کہ ہم دونوں اسی طرح ایک دوسرے کی آغوش میں بیٹھے ہوئے عشق و محبت کی داستان دُہرایا کئے ہیں۔

[پگمیلین کے قریب آ کر]

گویا تو وہاں خود بیٹھی ہوئی دیکھ رہی تھی کہ تیرے احکامات کی پابندی کس طرح ہوتی ہے۔

سائنسکا۔ پگمیلین۔ کچھ سنا!

پگمیلین۔ (گلیشیا سے) دور ہو جا میرے سامنے سے۔ تجھے کیا معلوم کہ تیری بے لگام زبان کیا قیامت برپا کر رہی ہے۔

گلیشیا۔ اس کو ملزم ٹھہرانے میں جلدی نہ کر۔ کیونکہ وہ صرف تیری ہی موجودگی میں مجھ سے بدزبانی کر رہا ہے۔ ورنہ تنہائی میں وہ مجھ سے بے حد الطاف و محبت سے پیش آتا ہے۔ دراصل اس کی دو آوازیں ہیں اور دو چہرے۔ ایک دنیا کے لئے اور دوسرا میرے اور خود کے لئے۔

[سائنسکا غیظ و غضب میں بھری ہوئی پگمیلین کے پاس جاتی ہے گلیشیا خوفزدہ ہو کر درمیان سے ہٹ آتی ہے]

سائنسکا۔ تیری ہوسی۔ تیری آنکھیں جیت چکی۔ یہ تو جوے کی بازی تھی۔ تو اپنی چال چل چکا اور محبت کا میدان تیرے ہاتھ سے جاتا رہا۔

پگمیلین۔ سائنسکا ٹھہر۔

آہ وہ کیسی منحوس گھڑی تھی جبکہ میں نے دیوتاؤں کی ہمسری کا دعوے کیا تھا اور خود کے لئے قوتِ تخلیق کی دعا مانگی تھی۔

دیوتاؤں نے میری خودی غرور اور تکبر کا چیلنج قبول کر لیا۔ اب وہی میرے حکم ہیں اور میری قسمت کا فیصلہ انہیں کے ہاتھ ہے۔ میں انہیں کا گنہگار بھی ہوں۔ تیرا مجرم نہیں ہوں۔ اس لئے مجھ پر رحم کر۔

سائنسکا۔ محبت کے تاجر! نفع تو اٹھائے اور نقصان دوسرا برداشت کرے

دیکھ! میں تجھ سے زیادہ بدقسمت ہوں۔ لیکن اس کے باوجود تجھ سے زیادہ جری۔ میں مصیبتوں کے ہجوم میں یکہ و تنہا ہوں۔ لیکن تیرا شریک غم تیرے سنگین معشوق کی شکل میں موجود ہے۔

آہ۔ [انتہائی غیظ و غضب میں]

اے میری مقدس حلمہ آرٹمس کی روح!

پیشتر اس کے کہ میری فطری کمزوری میرے جذبۂ انتقام پر غالب آجائے اور اس بے وفا کا عشق میرے وقتی جوش و خروش کو سرد کر دے۔ میں تجھ سے فریاد کرتی ہوں۔ کہ اگر اس کی نیت میں فتور آیا ہو۔ یا اس کا قدم جادۂ عفت و عصمت سے ڈگمگایا ہو تو از روئے انصاف اس کو واجب سزا دے۔

[پگمیلین ایک چیخ مار کر اپنی آنکھوں کو اپنے دونوں ہاتھوں سے چھپا لیتا ہے]

گلیشیا۔ سائنکا! اس پر رحم کر۔

[سائنکا کے پاس آکر گھٹنے ٹیک کر کھڑی ہو جاتی ہے]

سائنکا۔ اے عورت۔ میرا دل رحم سے خالی ہے۔ کیونکہ جس دعا نے تیرے جسم کی سنگینی کو پگھلا کر نرم کیا ہے۔ اسی نے میرے جسم کی نرمی کو سخت کر کے پتھر میں تبدیل کر دیا ہے۔ ہم نے ایک دوسرے سے اپنی قسمتوں کا تبادلہ کر لیا ہے۔ آج سے تو اس کی شریک حیات ہے اور میں ایک بے حس و حرکت سنگین مجسمہ۔

[گلیشیا کو دھکا دے کر علیحدہ کرتی ہے وہ بے ہوش ہو کر اس کے قدموں پر گر جاتی ہے۔ پردہ فوراً گر جاتا ہے۔]

ایکٹ تیسرا

سین حسب سابق

[ڈیفنی دہنی جانب سے داخل ہوتی ہے]

ڈیفنی۔ واقعی پگمیلین کے ہاتھوں میں پتھر کو زندہ کرنے کی خوفناک طاقت موجود ہے۔ لیکن یہ امر دریافت طلب ہے کہ اس طاقت کا کس حد تک استعمال کیا جا سکتا ہے۔

[مائرین بائیں جانب سے روتی ہوئی داخل ہوتی ہے]

مائرین! کہو خیر تو ہے؟

مائرین۔ آہ ہم کل تک کسقدر خوش تھے اور کتنے مطمئن۔ لیکن ان بارہ منحوس گھڑیوں میں ہمارے اوپر مصیبت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے پگمیلین موت کی طرح اندھا ہو گیا۔

سائنکا آج ہم سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہو رہی ہے۔ اور میرا لیوسی پس مجھ سے قطع تعلق کر چکا ہے۔ یقیناً میں رنج و الم کے اس بار سے دیوانی ہو جاؤنگی۔

ڈیفنی۔ اور یہ سب گلیشیا کی کرتوت ہیں۔

مائرین۔ (روتے ہوئے) ہاں سب!

ڈیفنی۔ کیا اس کو ان حرکتوں سے باز رکھنا ناممکن ہے؟ کسی کمرے میں مردار کو قید کر دو۔ کسی کے ہاتھ فروخت کر ڈالو۔ یا اس کو توڑ ڈالو کیا اب وہ پتھر کی طرح ٹوٹ بھی نہیں سکتی۔

مائرین۔ نہیں اس کے ٹکڑے تو نہیں ہو سکتے البتہ قیمہ کیا جا سکتا ہے۔

ڈیفنی۔ آہ میں اگر پگمیلین کی بیوی ہوتی تو اس زہریلی ناگن کا سر کچل دیتی۔ یا اس کی خوبصورتی میں ایسا داغ لگاتی کہ دونوں کا یکجا ہونا ناممکن ہو جاتا۔

مائرین۔ اب اس کی ضرورت ہی نہیں رہی۔ کیونکہ میرا بھائی اپنی بصارت سے ہاتھ دھو چکا ہے۔

ڈیفنی۔ تب بھی کوئی خاص فرق نہیں ہوا۔ کیونکہ انسان پانچ حواسوں کا مالک ہے اگر ان میں سے ایک ضائع ہو جاتا ہے تو وہ قوت جو اس کے استعمال میں آتی تھی۔ بقیہ چار حواسوں میں حصہ رسد تقسیم ہو جاتی ہے۔ یوں سمجھو کہ اس کے ترکش میں پانچ تیر تھے۔ جن میں سے ایک کام میں آگیا اور چار ابھی باقی ہیں۔

میری بہن! اس دشمن کو نہتا کس طرح کہہ سکتے ہیں۔ جس کے پانچ ہتھیاروں میں سے صرف ایک ہی ضبط کر لیا گیا ہو۔

مائرین۔ بہرحال اس کی بیوی کا دل ٹھنڈا ہو گیا۔

ڈیفنی۔ ہاں اس کی خوش قسمتی میں کوئی شک نہیں۔

مائرین۔ خوش قسمتی؟

ڈیفنی۔ ہاں خوش قسمتی! کیونکہ پگمیلین نے جسقدر اس کا دل دکھایا تھا۔

بلا ناگہانی سے محفوظ رہنے کے لئے میں نے مستقل ارادہ کر لیا ہے کہ ان تمام شوخ چشم پتھروں میں سے ہر ایک کو فوخت کر ڈالوں اور اُس وقت تک کہ میں یہ انتظام نہ کر لوں تم مکان میں داخل نہیں ہو سکتے۔ بس میں کہہ چکی۔

کرائیس ۔ آخر میں نے کونسا قصور کیا ہے؟

ڈیفنی ۔ یوں کہئے جناب کہ آپ نے کونسا قصور نہیں کیا ہے؟

کرائیس ۔ اس کے شمار کرنے میں بہت وقت صرف ہوگا۔

ڈیفنی ۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے تمہیں اس نگین بلا کے ساتھ اس طرح بیٹھے دیکھا ہے۔ کہ تمہارا ہاتھ اس کی کمر کے گرد حلقہ کئے ہوئے تھا۔ اس کی وجہ بتائیے جناب!

کرائیس ۔ یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں ہے کہ میں فنونِ لطیفہ کا مربّی ہوں اور خصوصیت سے نگین مجسموں کا دلدادہ۔

ڈیفنی ۔ واہ۔ میں بھی فنونِ لطیفہ کی اُتنی ہی شائق ہوں اور نگین مجسموں کی اُسی قدر دلدادہ جتنے کہ تم۔ لیکن اس کے باوجود تم نے مجھے کبھی نہ دیکھا ہوگا کہ میں ایک حسین اپولو کی کمر میں ہاتھ ڈال کر بیٹھی ہوں۔ نہ ہوا یہ بُت اسوقت میرے سامنے۔ ورنہ تمہارا شوق اُس کے جسم کے ٹکڑوں سے پورا کرتی۔

کرائیس ۔ اُس غریب کو الزام نہ دو۔ وہ ابھی بہت کمسن ہے۔ اور بے حد معصوم۔ وہ بیچاری تم سے رحم کی درخواست کرتی ہے

ڈیفنی ۔ سچ کہتے ہو۔

کرائیس ۔ ہاں بالکل سچ۔

میں اگر اپنی ڈیفنی کو اس حالت میں دیکھوں کہ وہ اپولو کی کمر میں ہاتھ ڈالے بیٹھی ہوئی ہے۔ تو بقسم کہتا ہوں کہ کوئی باز پرس نہ کروں۔ [اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے]

ڈیفنی ۔ (نرم ہو کر) سچ کہتے ہو؟

کرائیس ۔ سچ بالکل سچ۔

ڈیفنی ۔ اچھا جاؤ۔ میں تم معاف کرتا ہوں۔ [اُس سے لپٹ جاتی ہے]

انصاف تو یہ ہے کہ واقعات بہت ہی نازک صورت اختیار کر چکے تھے۔

کرائیس ۔ (علیحدہ) میری بدقسمتی نے گلیشیا کی شکل اختیار کی تھی۔

ڈیفنی ۔ اچھا چلو۔ لیکن یہ یاد رکھو کہ میں اپنے تمام بت آج ہی فوخت کر ڈالونگی۔ کیونکہ پتھر زندہ ہو جانے کے بعد بہت آفت برپا کرتے ہیں۔

کرائیس ۔ بُرا نہ مانو تو میں کچھ عرض کروں۔ دنیا کے تمام ذی روح اجسام مٹی اور پتھر ہی سے تخلیق کئے گئے ہیں۔

ڈیفنی ۔ لیکن وہ اتنے خطرناک نہیں ہوتے کیونکہ ان کی تخلیق دیوتاؤں کے مبارک ہاتھوں سے ہوئی ہے۔ انسانوں اور شیطانوں کے اعمال اس کے برعکس نتائج پیدا کرتے ہیں۔

کرائیس ۔ چلو اس تمام جھگڑے کو ہم پگمیلین کے سر دے ماریں۔

ڈیفنی ۔ [کرائیس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر] ہاں چلو۔

[مائرین عالمِ اضطراب میں دہنی جانب سے داخل ہوتی ہے]

مائرین ۔ پگمیلین کو سائنٹکا کے ارادہ کا علم ہو گیا ہے۔ یہ خبر اس کے ہوش و حواس پر بجلی کی طرح گری ہے۔ وہ دیوتاؤں کے ہیبت و جلال کی قسم کھا کر کہتا ہے کہ اگر سائنٹکا اس وقت چلی گئی تو وہ اپنی جان دیدے گا۔ آہ میں کیا کروں ——

[گلیشیا بائیں جانب سے داخل ہوتی ہے]

گلیشیا ۔ مائرین! پگمیلین کہاں ہے؟

مائرین ۔ منحوس لڑکی!

تیری بے لگام زبان نے جو کچھ قیامت برپا کی ہے۔ کیا اس پر ابتک تیرا دل ٹھنڈا نہیں ہوا۔ جا بتو اُس ستم خوردہ کی مصیبت کا تماشہ دیکھنے آئی ہے۔ خیر اب بھی کچھ نہیں گیا ہے۔

گلیشیا ۔ میں تیرا مطلب نہیں سمجھی۔

مائرین ۔ تو اب سمجھ لے کہ سائنٹکا کی جدائی میں پگمیلین کا زندہ رہنا محال ہے۔ کمبخت اُس کا خون تیری ہی گردن پر ہوگا۔

گلیشیا ۔ آہ یہ میں کیا سن رہی ہوں۔ پگمیلین مر جائے اور میں کمبخت اس کی موت کا باعث بنوں۔ ہائے کیا کروں۔

مائرین ۔ میں کیا جانوں ——

ہاں ایک ترکیب ہے۔ بس آخری۔ میں اس سے جا کر کہتی ہوں

کہ تیری بیوی تجھ سے جدا ہونا نہیں چاہتی۔ اور وہ تیری ملاقات کی منتظر ہے۔ جسپر وہ تجھ کو آواز دے گا۔ بس تو اس سے اسی طرح بات کرنا جیسے تو اس کی بیوی سائنسکا ہی ہے۔

گلیشیا۔ ہاں ہاں میں سمجھ گئی۔

مائرین۔ اچھا میں جاتی ہوں۔
دیوتا تیری مشکل آسان کریں۔

[مائرین دہنی جانب سے چلی جاتی ہے]

گلیشیا۔ میرے دیوتا مشکل ضرور آسان کریں گے۔ کیونکہ وہ بڑے مہربان ہیں۔ اے آسمانی دیوتا۔ اس نازک موقع پر مجھ کو تیرا ہی آسرا ہے اور میں تجھ ہی سے مدد کی طلبگار ہوں۔ کہ میری آواز گفتار اور رفتار وہی صورت اختیار کرلے کہ جس سے مجھ میں اور سائنسکا میں فرق مٹ جائے۔
مجھ کو وہی لہجہ بخشدے کہ جو میرے پیدا ہونے سے قبل سائنسکا کا تھا مجھ کو ہمت و جسارت عطا کر کہ میں پگمیلین سے اُسی بے تکلفی سے گفتگو کروں کہ جس طرح اُس کی بیوی سائنسکا کرتی۔ تاکہ وہ زندہ رہ سکے۔ خوش قسمت سائنسکا کے لئے مجھ کمبخت کے لئے نہیں۔ ہاں وہ زندہ و سلامت رہے۔ کیونکہ میں ہی ان تمام مصیبتوں کا سرچشمہ ہوں۔

[گلیشیا کی لاعلمی میں پگمیلین مائرین کا ہاتھ پکڑے اندر داخل ہونا چاہتا کہ جو اس کو ہر چہار طرف سے گھیرے ہوئے ہیں۔ میں اس کا عوض اسی صورت میں ادا کر سکتی ہوں کہ اس مصیبت کے پہاڑ کو خود اپنے شانوں پر اٹھالوں۔ آہ قبول کرلے میرے پاک دیوتا اپنی ذلیل بندی کی پہلی اور آخری دعا کو میں پگمیلین کے دل کی طلبگار رہوں۔ تو جانتا ہے کہ میں اُس کی زندگی کی طلب ہوں۔

[مائرین اس کو لے جا کر بائیں طرف بٹھاتی ہے اور پھر دہنی طرف سے باہر نکل جاتی ہے۔ پگمیلین فرط مسرت سے چیخ اٹھتا ہے۔ گلیشیا اس کی طرف لپکتی ہے اور خود کو اس کے پیروں پر گرا دیتی ہے]

پگمیلین!

پگمیلین۔ میں نے تیری تمام دعا سنی۔ میرے پاس الفاظ ہی نہیں کہ اپنی مسرت کا اظہار کر سکوں۔ ہاں میری جان۔ تو مجھے بھینچ کر اپنے سینہ سے لپٹالے تاکہ میرا احساس قوی تر ہو جائے۔ کہ میں نے تیرے ملکوتی حسن اور دیوتاؤں کی فرستادہ محبت کو ٹھکرا کر کتنی بڑی ناشکر گذاری کا ثبوت دیا ہے۔

گلیشیا۔ [اس مغالطہ میں مبتلا ہو کر کہ پگمیلین کا مطلب اسی کی ذات سے ہے] پگمیلین! میری جان! میری روح!
ذرا پھر وہی الفاظ کہدے۔ ہاں ذرا ان کو دہرا دے۔ میرے دل کو اطمینان بخشنے کے لئے پھر کہدے کہ تو نے مجھے ان تمام قصوروں سے معاف کیا کہ جو مجھ سے لاعلمی میں سرزد ہو گئے تھے

پگمیلین۔ میں تجھے معاف کروں۔ واہ میری معصوم سائنسکا!

[گلیشیا کے حواسوں پر بجلی گرتی ہے]

میں خود تیرا مجرم ہوں۔ لیکن میں تجھ سے صرف اس لئے معافی نہ مانگ سکا کہ مجھ میں تیرے سامنے لب کشائی کی ہمت نہ ہوئی اس کے علاوہ تیری معلمہ آرٹس کی شرط کی رو سے تو حق بجانب تھی۔ کہ میری لغزشوں پر مقررہ سزا دے۔ اور اب میں دیوتاؤں کی فرستادہ مصیبتوں کو صبر و سکون سے برداشت کرنا بھی سیکھ گیا ہوں

گلیشیا۔ [کوشش کرنے کے بعد] لیکن یہ عورت۔ گلیشیا۔

پگمیلین۔ کیا؟

گلیشیا۔ کیا اُس کی محبت تیرے دل میں مردہ ہو گئی۔

پگمیلین۔ کبھی پیدا ہی نہیں ہوئی تھی۔

گلیشیا۔ کیا تو نے کبھی اس سے محبت کی ہی نہیں۔

پگمیلین۔ کبھی نہیں۔ ہاں البتہ۔ اُس مافوق الفطرت واقعہ پر کہ جس نے میرے کمال فن پر مہر صداقت ثبت کر دی تھی اور اور میرے شاہکار کو حیات کی دلاویزیوں سے معمور کر دیا تھا۔ میرے ہوش حواس پر حیرت و استعجاب کا ایک پردہ چھا گیا اور میں اُس کے ملکوتی حسن و جمال کے سامنے شکست کھا گیا۔ کیونکہ میں نے اپنی راتیں اُس کی پرستش میں صرف کی تھیں۔ اُسوقت

جبکہ وہ صرف ایک سنگین مجسمہ تھی۔ اس لئے کہ اس کے چہرے کے خطاو خال میں مجھے سائمنکا کا جلوہ نظر آتا تھا۔ لیکن جس وقت کہ وہ زندہ ہو کر میری محبت کی طلبگار ہوئی۔ میرا جذبۂ عشق تمام و کمال مردہ ہو گیا۔

گلیشیا۔ [بے حد ضبط کے بعد] مرحبا۔ گویا اب تم اُس سے محبت نہیں کرتے اور اب تمہاری نظروں میں وہ بے جان پتھر سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی؟

[جواب کے انتظار میں امید و بیم کی حالت]

پگمیلین۔ میرے سامنے اُس منحوس کا تذکرہ نہ کر۔ سائمنکا کیونکہیں ملعنیہ کہتا ہوں کہ میری نظروں میں سڑک پر پڑے ہوئے بے ہنگم اور ناتراشیدہ پتھروں کی زیادہ وقعت ہے اور اس حسین و جمیل مجسمہ کی کہ جس میں نسوانی تناسب اور کشش کی انتہا ہو گئی ہے کوئی وقعت نہیں۔

گلیشیا۔ (انتہائی ضبط کے ساتھ) مجھے یہ سُن کر بے حد خوشی ہوئی۔ تیرا قصور معاف کیا گیا۔

[اس کے ماتھے کا بوسہ لیتی ہے اور اُٹھ کر روتی ہوئی دہنی جانب آتی ہے]

پگمیلین۔ (بیٹھے ہی ہوئے) تو نے مجھے معاف کر دیا۔ اور باوجود اس کے کہ آرٹمس کے قانون کی رو سے میری آنکھوں کا وہ نور جو تیری نارضگی کے باعث غائب ہو گیا تھا۔ فی الفور واپس آجانا چاہئے۔ لیکن میں دست بدعا ہوں کہ میری آنکھیں بند ہی رہیں۔ تاکہ وہ اس سیہ قدم مجسمہ پر نہ ٹھہر جائیں کہ جو میری بربادی کا باعث بنا۔

گلیشیا۔ ہاں پگمیلین ٹھیک کہتے ہو۔ ——

یوں بھی ہو سکتا ہے کہ اگر تم گلیشیا کو ابھی دیکھ لو تو ممکن ہے کہ تمہارے دل میں محبت کی دبی ہوئی چنگاری پھر بھڑک اُٹھے۔

پگمیلین۔ کبھی ہرگز نہیں۔

گلیشیا۔ لوگ کہتے ہیں کہ اُس پر رنج و الم کا اسقدر بار ہے کہ الفاظ اُس کی کیفیت بیان کرنے سے قاصر ہیں۔

پگمیلین۔ اگر یہ اصلیت ہے تو میں بہت خوش ہوں۔

گلیشیا۔ (آگے بڑھ کر التجا کے لہجہ میں) کیا تیرے دل میں اُس کے لئے کوئی جگہ نہیں۔

[سائمنکا دہنی جانب سے اس طرح داخل ہوتی ہے کہ ان دونوں کو اس کی موجودگی کا علم نہیں ہوتا۔ وہ دروازے میں کھڑے ہو کر ان دونوں کی گفتگو کو کان لگا کر سنتی ہے]

پگمیلین۔ بالکل نہیں۔

وہ مصیبتیں کہ جو اُس نے تجھ پر۔ مجھ پر اور مائرین پر نازل کی ہیں بس اُن کا خیال کر کے ہم حق بجانب ہیں۔ کہ اُس منحوس گھڑی کو کوسیں جبکہ وہ پتھر سے انسان بنی تھی۔ کاش کہ اُس کا نشان اِس صفحۂ ہستی سے مٹ جائے۔ کیونکہ وہ اس دنیا میں رہنے کے قابل نہیں۔

گلیشیا۔ (انتہائی مایوسی میں) ہاں تم ٹھیک کہتے ہو۔ وہ اس مبارک دنیا میں رہنے کے قابل نہیں۔ بہتر ہے اب تم اس کی صورت نہ دیکھو گے۔

[سائمنکا کا ہاتھ پکڑ کر اُس کو پگمیلین کے پاس لے جاتی ہے]

مبارک ہو تیری بیوی۔ تیرے سامنے کھڑی ہے۔

[سائمنکا پگمیلین کے دہنی جانب گھٹنے ٹیک کر کھڑی ہو جاتی ہے گلیشیا اُلٹے قدموں دہنی طرف واپس جاتی ہے۔ سائمنکا اسی مآل میں گلیشیا کی طرف مڑتی ہے اور اُس سے بات کرنے کو منہ کھولتی ہے مگر گلیشیا اُسے خاموش رہنے کا اشارہ کرتی ہے۔ اور خود زار و قطار روتی ہوئی باہر چلی جاتی ہے۔ اس کے بعد سائمنکا پگمیلین سے لپٹ جاتی ہے۔ جسپر اس کی آنکھوں کا نور فوراً واپس آجاتا ہے]

پگمیلین۔ (کھڑے ہوتے ہوئے) سائمنکا دیکھ! صبح کا نور اب کس کی ملکیت ہے۔ تیرے حسین چہرے کی دوبارہ زیارت کر رہا ہوں

[مائرین اور لیوسی پس دہنی جانب سے داخل ہوتے ہیں]

لیوسی پس۔ پگمیلین! مبارک ہو تیری آنکھوں کا نور۔ تیرے حفتہ نصیب۔ معلوم ہوتا ہے کہ بیدار ہو گئے۔

پگمیلین۔ اور تیرے نصیب! کیا مائرین نے تجھے خود طلب کیا۔

لیوسی پس۔ نہیں میں خود ہی واپس آگیا۔ پشیمان ہیں بلکہ مغموم اور رنجور

کیونکہ میرا دل پتھر ہے اور ہاتھ خونی۔
میرا خیال تھا کہ وہ مجھے مجرم بنا کر عدالت تک لے جائیگی۔ لیکن وقت نے خود اس کے مزاج میں ایک انقلاب عظیم پیدا کر دیا وہی لڑکی کہ جو چند گھنٹے قبل مجھ کو سنگدل خونی سمجھ کر بد دعائیں دے رہی تھی۔ اب اس نے نہ صرف میرا سنگین جرم معاف کر دیا۔ بلکہ فرط جوش و مسرت سے مجھے بھینچ بھینچ کر پیار کیا۔ اور میرے شکار کو آگ میں جھلستے دیکھ کر للچائی ہوئی نظروں سے دریافت بھی کیا کہ وہ کب تک پک جائے گا۔ ننھی سی آدم خور! ——

[گلیشیا بائیں جانب سے داخل ہوتی ہے۔ وہ آہستہ آہستہ اسٹیج کے وسط میں آتی ہے اور پگمیلین کی پشت پر جا کر اس کے دامن کو بے اختیار ہو کر چومتی ہے]

مائرین۔ [تھوڑے توقف کے بعد] پگمیلین!
دیکھ گلیشیا تیرے قریب ہے۔

پگمیلین۔ [سائنکا کی طرف سے نظریں ہٹا کر اپنے چہرے کو موڑتا ہے۔ اور گلیشیا کی طرف دیکھ کر کہتا ہے]
تجھے عورت کہوں یا پتھر۔ بس دور ہو جا میرے سامنے سے۔

[وہ اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنا منہ چھپا لیتی ہے]
میرے خرمن محبت کے لئے تو ایک بجلی بن کر گری۔ جس نے نہ صرف مجھ ہی کو برباد کیا۔ بلکہ ہر اس شخص کو مبتلاء درد کیا کہ جو تیرے دائرۂ اثر میں آ گیا۔

سائنکا۔ نہیں نہیں پگمیلین۔ ان الفاظ کو واپس لو۔ تمہیں تمام حقیقت کی اطلاع نہیں۔

گلیشیا۔ (واپس جاتے ہوئے) نہیں اب مجھے جانے ہی دو۔ اس کی زبان سے نکلی ہوئی بد دعا میرے کانوں میں گونج رہی ہے۔ اب اس کے بعد زندگی میرے لئے موت سے زیادہ سخت ہو گئی ہے

[وہ ستون کے زینہ پر قدم رکھتی ہے]

آہ رخصت پگمیلین! رخصت۔
کیونکہ میں اس دنیا میں زندہ رہنے کے قابل نہیں۔
ہاں تمہاری اس مبارک دنیا میں میرا منحوس وجود بیکار ہے
مبارک ہوں تم کو تمہاری مسرتیں۔
رخصت۔ پگمیلین۔ رخصت! رخصت!

[پردے اس کو چھپا لیتے ہیں]

سائنکا۔ تو نے اس پر اتنا ہی ظلم کیا ہے جتنا کہ میں نے تجھ پر کیا تھا۔ وہ آواز کہ جس نے تجھے معاف کیا تھا۔ دراصل میری نہ تھی۔ بلکہ اسی کی تھی۔
کیونکہ میں اس وقت تک جذبۂ رحم سے قطعی ناآشنا تھی۔ یہانتک کہ اس نے مجھے ایک زریں سبق دیا۔
اس کے حلق سے نکلے ہوئے الفاظ میرے کانوں سے ٹکرائے اور دل کی گہرائیوں میں اتر گئے۔ جہاں انہوں نے غیر ارادی طور پر ایک لرزاں گونج پیدا کر دی۔ میری زبان پر بے ساختہ طور سے وہی الفاظ جاری ہو گئے۔ جنہوں نے تجھ کو دوبارہ بصارت بخشی اس لئے تیرے شکریہ کی وہ مستحق ہے نہ کہ میں۔

پگمیلین۔ (متحیر ہو کر) سائنکا! کیا تو سچ کہہ رہی ہے۔

سائنکا۔ حرف بہ حرف۔

گلیشیا۔ (پردوں کے پیچھے سے) رخصت پگمیلین رخصت! رخصت!! رخصت!!!

[پگمیلین ستون کی طرف بے اختیار ہو کر لپکتا ہے اور پردوں کو چیر کر اندر پہنچ جاتا ہے۔ وہاں دیکھتا ہے کہ گلیشیا بدستور سابق پتھر کا ساکت و سامت مجسمہ بنی کھڑی ہوئی ہے۔ لیوسی پس اور مائرین کھڑے ہو جاتے ہیں۔ مائرین اپنا منہ لیوسی پس کے سینہ سے لگا کر چھپا لیتی ہے۔ سائنکا وفور غم سے اپنی جگہ سے گر جاتی ہے۔ پگمیلین پچھاڑ کھا کر مجسمہ کے دہنی جانب گر جاتا ہے۔ پردے آہستہ آہستہ گرنے لگتے ہیں]

(ڈراپ)

(ابوطاہر۔ بی۔ ایس۔ سی۔ بی ٹی۔ لکھنؤ)

غزل

(سحبان الہند حضرت علامہ کیفی چریاکوٹی)

نظر حسرت کی ہے اور وسعتِ شامِ بیاباں ہے
بتا اے نیرِ محشر تو کس پردے میں پنہاں ہے

جنونِ خانہ برانداز میرا کیسے بہلے گا
نہ وہ دامن کے ٹکڑے ہیں نہ وہ تارِ گریباں ہے

مری پابندیاں جذبِ محبت کی ہیں آزادی
قفس میں میں ہوں اور آغوشِ دیدہ میں گلستاں ہے

کنارہ بحرِ غم کا ہے جسے سب زیست کہتے ہیں
مرا دل نام ہے جس کا وہ امیدوں کا طوفاں ہے

نظر آیا وہ گیسو خواب میں ہے میرے شانوں پر
کھلی جب آنکھ دیکھا ہاتھ میں اپنا گریباں ہے

یہی ہے اتحادِ باہمی دریا کا سرمایہ
کبھی طوفاں میں موجیں ہیں کبھی موجوں میں طوفاں ہے

دم آیا ہے لبوں پر دیکھ لے اے جان کے دشمن
کہ میری زندگی بھی مجھ سے فرقت میں گریزاں ہے

فریبِ دید ہے بالکل لباسِ ظاہری اُس کا
حقیقت میں وگرنہ وہ تو پردے میں بھی عریاں ہے

نمودِ عشق کی صورت ہے پردے میں نہیں رہتی
مرا ہر داغ دل میں کم سے کم خورشید تاباں ہے

تجھے پردے میں بھی حسنِ نظر نے صاف پہچانا
تبسم تیرا غنچہ اور گلشن روئے خنداں ہے

خدا رکھے امیدوں کو کہ ان کا دم غنیمت ہے
وگرنہ وقتِ آخر اور میرا کون پرساں ہے

جھکائے سر کو بیٹھا ہوں کہ وحشت میں کہاں جاؤں
تصور کی عنایت سے گریباں میں بیاباں ہے

بتاؤں کیا اسے؟ یہ پوچھتا ہے مجھ سے دل میرا
کہ آئینے میں کیوں عکسِ جمالِ روئے جاناں ہے

کھٹک دل کی بنی ہے نغمہ میرے سازِ ہستی کا
جسے پیکاں میں سمجھا تھا وہی تارِ رگِ جاں ہے

یہ جو کچھ حوصلہ ہے منحصر ہے ظرف پر کیفی
کرم ساقی کا ہو تو میری مستی درسِ عرفاں ہے

ایک سٹیج ڈرامہ

(جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ)

تگڈم

(اثر جناب سید طالب علی صاحب عابد ایم اے۔ الہ آباد)

موسم..... برسات وقت..... ایک ہفتہ

سین

داخلی۔ مکان۔ تھانہ۔ چترگھر۔ ملاقات۔ اور سونے کے کمرے۔ نہانے کا کمرہ۔ سیمنٹ کے ٹب۔

خارجی۔ باغ۔ شہر۔ سڑک۔ موٹر۔ جھولا سرنگ۔ بڑے درخت

افراد افسانہ

خاص مرد

۱۔ سروپ۔ کالج کا گبرو جوان۔ پہلوان حسین پھکیت شریف بنوٹیا۔
۲۔ سلامت۔ سروپ کا ساتھی وفا کا پتلہ
۳۔ کھلاون۔ بگڑا شریف چالیا۔ موالی بے دھرم۔ لچا بے شرم۔ شرابی۔

عام مرد

۱۔ شیولودھ۔ چترکار سروپ اور سلامت کا ساتھی
۲۔ رام لال۔ موٹا بوڑھا۔ بیوقوف رتن کا پتا
۳۔ سداہیٹ۔ گنڈوں کے جتھے کا سردار

خاص عورتیں

۱۔ رتن۔ رام لال کی حسین لڑکی۔ سروپ کی پریمنی
۲۔ چندا کھلاون کی سگھنی شریر سندری نرد وشن
۳۔ رادھا کھلاون کی دھرم پتنی۔ دیوی۔

عام عورتیں

۱۔ کامنی۔ بال و دھو اسندری۔ سلامت کی پریمنی۔ کھلاون کا شکار
۲۔ سداما۔ رام لال کی بیوی ہکلی
۳۔ موتی۔ رتن کی سندر الھڑ گنوار داسی۔

متفرق

جوکھو اور پھکن } جتھے والے۔ شرابی موالی لٹھ باز۔ بھجالئے۔ دارو غرجی۔ توند بلئے۔ زیٹئے۔ ایک مولوی صاحب۔ بہت سے بہت سے گنڈے۔ گھار والے لٹھیت۔ بہت سے شرابی۔ نوکرانیاں۔ ایک بازاری عورت اور بہت سی معمولی عورتیں۔

سروپ اور رتن لگنیا جوڑے ہوئے جھول رہے ہیں۔ آم کی ڈال میں ریشم کی ڈور پڑی ہوئی ہے۔ ساون کی رات ہے۔ کبھی دھلی ہوئی چاندنی ہو جاتی ہے۔ کبھی بادل کے ٹکڑے چندرماں پر آجاتے ہیں۔ ہلکی ہلکی پھوار پڑ رہی ہے۔ بلبلوں کا ایک جوڑا تیر رہا ہے۔ مور کا ایک جوڑا مگن ہو کر پر پھیلائے ناچ رہا ہے۔

سروپ اور رتن پریم رس میں کھوئے ہوئے گا رہے ہیں:۔

پریم ہی تن ہے پریم ہی من ہے۔ پریم ہی ہے سنسار
پریم ہی بالم پریم ہی بالم پریم ہی ہے منجھ دھار
پریم ہی دھن ہے پریم چلن ہے پریم ہی ہے بیوہار
پریم ہی ڈالی پریم ہی مالی پریم ہی ہے گلزار
پریم ہی راج ہے پریم ہی تخت ہے پریم ہی ہے سردار
پینگ لینے میں ادھر بھیگی مہین ساری سے رتن کا بدن اور بدن کی

بناوٹ سب معلوم ہوتی ہے۔ آنکھ ملتی ہے تو ایک طرف کا منا اور دوسری طرف لمبا بڑھ جاتی ہے۔ دونوں جھولے سے اتر کر ایک سفید بیچ پر بیٹھ جاتے ہیں۔ چاندنی کھلتی ہے۔

سروپ۔ کتنی سندر ہو رتن!۔ رتن چُپ رہتی ہے۔

سروپ۔ کب تک لجاؤ گی پیاری۔ بولو (دونوں ہاتھ پکڑ لیتے)

رتن۔ (مسکرا کر) دیکھئے۔ ہاتھ چھوڑ دیجئے۔ نہیں تو ——

سروپ۔ (ہاتھ چھوڑ کر) نہیں تو کیا ہوگا۔ شوق کے ہاتھ رُک نہیں سکتے۔ ہاتھ ٹوٹیں کہا کرے کوئی۔

رتن۔ تو آپ اپنے کالج کب سدھاریں گے۔

سروپ۔ کل سویرے۔

رتن۔ (رُک رُک کر) سجن سکارے جائیں گے نین مریں گے روئے
بدھنا یہ رین ایسی کرو کہ بھور کبھو نا ہوئے
(ایک ایک شبد الگ الگ کر کے کہتی ہے)

سروپ۔ ان باتوں میں کیا رکھا ہے۔ (ذرا اور پاس آ کر) میں آپ کو پران سے چاہتا ہوں رتن۔

رتن۔ اور میں؟

سروپ۔ وہی تو پوچھتا ہوں؟

رتن۔ جو کہئے کہہ دوں؟

سروپ۔ کہہ دیجئے میں آپ پر مرتا ہوں۔

رتن۔ میں آپ پر مرتا ہوں۔

سروپ۔ مرتا نہیں مرتی ہوں۔

رتن۔ مرتا نہیں مرتی ہوں۔

سروپ۔ جو کچھ میں کہوں اسے نہ دُہرائیے۔ اپنے من کی کہئے۔

رتن۔ (رتن رُک رُک کر) ؎
کر بچھڑائے جات ہو ور بل جان کے موئے
ہر دے میں سے جائیو تو مرو بجھانوں توئے

سروپ۔ آج تو آپ کبیر داس ہو رہی ہیں (اور پاس ہو جاتا ہے)

رتن۔ چلئے چلئے میں آپ کے من کی بات جان گئی۔

سروپ۔ کیا جان گئیں رتن۔

رتن۔ یہی کہ آپ اُس کو مجھ سے بھی ادھک چاہتے ہیں۔

سروپ۔ (گھبرا کر) کس کو؟

رتن۔ اپنے پاٹ شالے کو۔

سروپ۔ (ہنس کر) مار ڈالا ظالم۔ میرے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے تھے

رتن۔ (چھیڑ کر) لو اب میں جاتی ہوں۔ انگڑائی لے کر اٹھتی ہے۔

سروپ بے بس ہو کر کھینچ کر گود میں بٹھا لیتا ہے۔ دونوں پریم آنند میں کھو جاتے ہیں —— رتن دھیرے دھیرے الگ ہوتی ہے۔

سروپ۔ (دو زانو ہو کر) چھما کیجئے دیوی!

رتن۔ (مسکرا کر) تم بڑے وہ ہو تمہیں کاٹ کے ٹکڑے کر دیں۔

سروپ۔ دیوی ہو رتن۔
زور کی بارش ہوتی ہے۔ بجلی چمکتی ہے۔ بادل گرجتا ہے۔ اندھیرا ہو جاتا ہے۔

رتن۔ اچھا اب وداع کیجئے۔

سروپ۔ چلئے کمرے تک پہونچا دوں۔

کمرے تک سروپ اپنی آڑ میں چھپائے ہوئے لایا۔ پھر بھی رتن بھیگ گئی۔ دونوں آگ سے کپڑے سکھانے لگے —— پھر سروپ گاتا ہے۔ ؎
ہم اپنے دل پہ لئے غم کا داغ جاتے ہیں
اندھیرے گھر کا یہ ہوگا چراغ جاتے ہیں
(رتن بھی گانے میں شریک ہو جاتی ہے) ؎
کل مجھ سے جو پوچھا یہ کسی نے کہ بتا تو
کیا حال ہے اے بسمل صمصامِ جدائی
کیوں دل پہ ترا ہاتھ ہے کیوں آنکھ ہے پُرنم
ہے تجھ سے جدا کون سا آرام جدائی
آغازِ جدائی کو جدائی نہ سمجھ تو
ہوتا ہے وصال ایک دن انجامِ جدائی
تب میں نے کہا ہائے نہ پوچھو یہ نہ پوچھو
کچھ اور کرو ذکر نہ لو نامِ جدائی
اللہ نہ دے گردشِ ایامِ جدائی کو کم صبحِ قیامت سے نہیں شامِ جدائی

سروپ جاتا ہے۔ رتن سونے والی مہین ساری بدل کر اپنے بستر پر لیٹ جاتی ہے۔

{ موتی۔ رتن کی داسی جوان ہے حسین ہے۔ الھڑ ہے۔ گنوار ہے سناٹا دیکھ کر رتن کے حوض میں نہاتی ہے چاہتی ہے کہ اٹھے مگر بار بار پھسل جاتی ہے }

ہائے رے مرگئی۔ اوہ میں مرگئی۔ مرگئی۔ مرگئی۔ کہتی ہوئی نکلتی ہے۔ ایک دوسری ساری پہن کر سنگار دان کے سامنے کھڑی کھڑی ہو کر بال جھاڑتی ہے۔ مانگ نکالتی ہے۔ سرمہ لگاتی ہے۔ اور گاتی ہے۔ ؎

میری چمیلی پھولتی جوبن کی ڈالی اسے رکھونگی کیسے سنبھال کے
اسے رکھونگی کیسے سنبھال کے
آئی ری جوانی دیوانی اسے رکھونگی کیسے سنبھال کے
اسے رکھونگی کیسے سنبھال کے

{ کھلاون نشہ میں چور۔ لڑکھڑاتا ہوا۔ کلے میں پان دبائے۔ بانکا چمیلا بنا ہوا آتا ہے }

ہائے جالم مار ڈالا آج تو جوبن پھٹا پڑتا ہے۔ پری جگی ہو موتی پری

موتی۔ کھلاون بابو اس نہ گھورو۔ لگ جہیں جوبنا پہ چوٹ راجہ لگ جہیں

کھلاون۔ تورا اُمکارے جوبنوا گوریا کاہے کرت ناہیں دان گوریا کاہے

(بڑھ کر ہاتھ تھامتا ہے)

موتی۔ رام موری کلیاں سرک جیہے۔ موکا چھانڑو ناہیں تو گرپائے دیہے

(تن جاتی ہے)

چھوو و نہ مورا جوبنا پھٹے گا ری دیہے ہو چھوو نہ مورا جوبنا۔ الھڑ پنے سے ناچتی ہے اور بھاؤ بتاتی ہے۔

کھلاون۔ تمہارے منہ سے گالی بھی پھول کی چھڑی بن جائے گی۔۔۔ لاؤ ایک گرما گرم تو دلاؤ۔

موتی۔ (مٹک کر) گرما گرم چائے کے لیو کو فریڈی پتریا کے۔۔۔ مورے جوبنا پہ نتھیا کلیل کرے رے۔

کھلاون۔ (بڑھ کر ایک بوسہ لے لیتا ہے۔ موتی ایک تھپانچہ ہلکے سے مارتی ہے) دیکھو بابو جی ہم جات رہی۔

کھلاون۔ کہاں۔

موتی۔ تھلنے میں۔ ریپٹ لکھوائے دیہے۔

کھلاون۔ ابھی تو موری چھوٹی سی موتی رے۔ موتی تم تھلنے مت جانا در وگا تم کو موہ لے گا رے۔ در وگا۔

موتی۔ نکھول نیک ناہیں لاگت بابو۔ ہاں ہم سب ٹھیک کر دیا ہے مُدا سور و پیتہ سے ایکو ڈبل کم نہ لیہے۔

کھلاون۔ جانی۔ سو کیا۔ تمہارے اوپر سے ہزاروں نثار ہیں۔ مگر اسوقت دس روپے نقد انقد لے لو۔ کام ہو جانے پر۔ تمہارا مُنہ بھر دیں گے۔

موتی۔ جھوٹ نہ بولو۔

کھلاون۔ جھوٹ کہتا ہوں تو سامنے کی دونوں آنکھیں پھوٹ جائیں

موتی۔ ہمری آنکھ۔

کھلاون۔ پیاری تمہاری ان مدھ بھری انکھڑیوں کو کوئی ترچھی نظر سے دیکھے تو آنکھیں نکال لوں۔

(ہونٹ چھو کر) ان ہونٹوں کو کوئی چھوئے تو انگلیاں کاٹ لوں آؤ پیاری گلے تو لگ جاؤ۔ پیاس تو بجھاؤ۔۔۔۔۔

موتی۔ (کمر مٹکا کر) اوہ جون بابو جی پر شیطان چڑھا ہے۔ میں جاتی ہوں

کھلاون۔ (ہاتھ بڑھاتا ہے۔ آنکھ بند کر لیتا ہے) ایک دو۔۔۔۔ دیکھو تین نہ کہوں کہ مجھ سے آکر لپٹ جاؤ اور میں اسے پٹاخوں

(موتی ناز سے بھاگتی ہے کھلاون آدھی آنکھ کھول کر) آنچل پکڑ لیتا ہے۔ ساری آدھی کھل جاتی ہے۔ چست کرتی دکھائی دیتی ہے۔ موتی لجا کر پھر گھوم پڑتی ہے اور ساری پھر لپٹ جاتی ہے)

کھلاون۔ تم تو ست بچنا گھومنے لگیں۔

موتی۔ (بگڑ کر) بابو کھلاون تم ہو گھُن چکر۔

کھلاون۔ ہاں تو پھر میں اپنے آدمیوں سے کہدوں کہ جسوقت تم سبز روشنی دکھاؤ۔ میدان صاف سمجھیں۔

موتی۔ ہاں۔

کھلاون۔ تم نے دھوکا دیا تو یاد رکھنا کہ (اشارہ کرتا ہے) لپٹا ہی تو لگا

موتی۔ (چھپ کر) رتن ہوئی بڑی سوت ہیں۔ ماں جی جاگت آہیں۔ بابو جی ابھیں سوئے ناہیں۔ بڈھا بڈھی سوئے جائیں تب ملہ گھنٹے۔

[کھلاون دس روپے دے کر جاتا ہے]

رتن کے سامنے والے مکان کا اندھیرا کمرہ۔ سوا ہٹ۔ جوکھو اور پھکن تینوں موالی دھندھلکے میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ پہلو میں اک ہتھی ڈنڈے اور بھجالیاں ہیں۔

سدا ہٹ۔ یار میرے (سوتی ہوئی رتن کو انگلی سے دکھا کر) بڑا بانکا مال ہے۔ کیسا گدرایا جوبن ہے۔ ہائے رام۔

پھکن۔ ہے تو مگر ہیں کیا۔

جوکھو۔ پٹاخہ ہے پٹاخہ ——— ہائے ہائے۔

پھکن۔ چوزہ ہے چوجہ ———

سدا ہٹ۔ ہم تو اپنی جان جوکھم میں ڈال کر لڑکیاں اڑا لاتے ہیں اور بابو جی ہم کو دور ہی سے ٹھینگا دکھاتے ہیں۔ پکڑ جائیں تو گت الگ بنے اور کال کوٹھری الگ ہو۔ کھلاون بابو کبھی ہمکو اپنا اگلا نوالہ بھی نہیں دیتے۔

پھکن۔ سردار جی۔ اگلی گٹھلی آپ ہی چاٹئے۔ ہم تو کوری سینکل کھاتے ہیں۔ کھلاون بابو کو ہوا بھی نہیں دیتے۔

سدا ہٹ۔ دیکھو پھکن۔ وہ تو ہمیں بھاڑ میں جھونک دیتے ہیں بس میں چنگی چھوڑ جالو دور کھڑی۔ مگر ہم رتن کو مانگ لیں گے۔

جوکھو۔ ساجھے کی ہانڈی بزار میں پھوٹے۔ اب وہ دن نہیں کہ (پنجہ تاؤ دے کر) ایک استری کے دو پتی ہوں۔

سدا ہٹ۔ یار میں تو لٹ گیا۔ اس چھوکری رتن نے مجھے لوٹ لیا۔ اب تو جان جائے مگر اس کو ہاتھ سے جانے نہ دونگا۔

جوکھو۔ گلا نہ پھاڑیئے سردار جی۔ کہیں بابو نے سن لیا تو الٹی آنتیں گلے پڑیں گی۔

سدا ہٹ۔ (موچھوں پر تاؤ دے کر) ہم کیا کسی سے کم ہیں۔ وہ سیر تو ہم سوا سیر اور پھر ایسا تر مال روز روز تو ملتا نہیں۔ ہائے جانی۔

کھلاون۔ (چپ چاپ اندر آ کر ہنستا ہے) کیا کہہ رہے ہو سدا ہٹ۔

سدا ہٹ۔ (گھبرا ہٹ) کچھ نہیں۔ پاس لگی تھی۔ پوچھ رہا تھا۔ لائے پانی۔

کھلاون۔ مجھ سے اڑتے ہو۔ بولو۔ میں اڑتی چڑیا۔

سدا ہٹ۔ آپ سے کہتے شرم آتی ہے ——— مالک کی چیز پر آنکھ ڈالنا نمک حرامی ہے مگر بابو جی۔ (ہاتھ جوڑ کر) رتن مجھے نہ ملی تو مر جاؤنگا۔

کھلاون۔ (روشنی جلا کر) نمک حرام کہیں کے۔ اس خیال کو اپنے سر سے نکال دے ورنہ کچل ڈالوں گا۔ میرے کاٹے کا مرہم نہیں۔

جوکھو۔ سردار جی آج ذرا لنبی چڑھا گئے ہیں دل لگی کر رہے تھے۔

کھلاون۔ مجھ سے دل لگی۔

پھکن۔ ترنگ میں ہیں۔ آپ کو ہم سمجھ رہے ہیں۔ اپنی جان میں ہم کو بنا رہے تھے۔

سدا ہٹ۔ چھما کیجئے بابو جی۔ غصہ کو تھوک دیجئے۔

جوکھو۔ گولی ماریئے جانے دیجئے۔

(سب کے سب ہنس پڑتے ہیں)

کھلاون۔ یہ لو رومال اور یہ لو کلوروفارم کی شیشی دیکھو تمغے کے پاس لیجانا اور ایک منٹ تک رکھنا جوانی کی نیند ہے زور سے سانس لے گی تو بس کام بن جائے گا۔ مگر تم لوگ اپنا منہ اور اپنی ناک بند رکھنا تمہارے تمغے کا کوئی سوراخ کھلا رہ گیا تو الٹ جاؤ گے۔ سمجھے؟

جوکھو۔ سمجھ گئے بابو سب سوراخ بند کر دینگے۔

کھلاون۔ میں جاتا ہوں۔ تم لوگ موتی کی سبز روشنی دیکھتے ہی پہونچ جانا۔ موتی دروازہ کھلا رکھے گی اور وہیں جنگل والے اڈے میں لانا۔

کھلاون مارواڑی کے بھیس میں ایک طرف روانہ ہو گیا۔ اس کے اوجھل ہوتے ہی موتی نے سبز ٹارچ دکھائی۔ تینوں چوکنے ہو گئے۔

سدا ہٹ۔ جوکھو اور پھکن ڈھالے باندھ کر ڈنڈے اور بھجالی سنبھال کر چلتے ہیں۔ پانی موسلا دھار برس رہا ہے۔ ہاتھ کو

ہاتھ سوجھائی نہیں دیتا بجلی کی چمک میں دیکھ دیکھ کر راستہ چل رہے ہیں۔

رتن بائی اپنے مہین کپڑوں میں سو رہی ہے۔ سگبگاتی ہے گویا کچھ سوپن دیکھ رہی ہے۔ اس نے دیکھا کہ ایک بڑا سا کالا ناگ آ کر گلے سے لپٹ گیا۔ دم گھٹنے لگا تو دھیرے سے کہا ماتا جی پھر بولی۔ پران ناتھ سروپ۔ سروپ نے آ کر کالے کو پھن کے ماس سے پکڑ لیا اور رگڑ رگڑ کر مار ڈالا۔ رتن چونک پڑی روشنی میں اِدھر اُدھر دیکھا پھر سو گئی۔

موتی۔ (کانپتے ہوئے) دیکھو جرکو آہٹ نہ ہوئے۔

سداہٹ۔ کھڑکیاں اور دروازہ کھلے ہیں نا؟

موتی۔ ہاں (مسکرا کر) سب کھلے ہیں۔ سداہٹ آگے بڑھ جاتا ہے۔ جوکھو چلتے چلتے موتی کا منہ ایک ہاتھ سے بند کر کے لپٹا لیتا ہے۔ اور ایک بوسہ لے لیتا ہے۔

موتی۔ (دھیرے سے) ہائے۔

جوکھو۔ ہائے وائے کروگی تو ..... ہا ہا ہا ہا

تینوں اندر آتے ہیں۔ سداہٹ شیشی ناک کے پاس لے جاتا ہے مگر رتن چونک پڑتی ہے اور چیخنا چاہتی ہے۔ سداہٹ فوراً رومال منہ میں ٹھونس دیتا ہے اور دونوں ہاتھ پکڑ لیتا ہے۔ پھر کہتا ہے جوکھو تم دونوں ہاتھ پکڑ لو۔ بھکن تم پاؤں سے خبردار رہو۔ مچھلی ہے مچھلی۔ تھوڑی دیر تڑپے گی کھیلے گی پھر چپ ہو جائے گی۔ بھلا ہماری کٹیا میں پھنس کر کون بچ سکتا ہے۔

رتن تڑپتی ہے مگر نہیں چھوٹتی جوکھو۔ مچھل ندیا بنی ڈوبت ناہیں

سداہٹ۔ چپ چاپ لے چلو۔ کوئی سن نہ لے۔

تینوں لے چلے رتن تڑپتی ہوئی چلی۔ تڑپنے میں بدن کا جو حصہ کھل جاتا تھا۔ کوئی نہ کوئی اسکو ڈھانک دیتا تھا۔

جوکھو۔ اچھا ودع کرو موتی۔

موتی۔ (انگلیاں چٹاچٹ توڑ کے) نرک میں جاؤ جوکھو۔

تینوں کے جاتے ہی لگی چیخ چیخ کر رونے۔ ہائے دَوا رے۔ ہائے بپا رے۔ ہائے میا رے۔ موری بھوئی۔ ہائے بھوئی۔ دہائی ہے بابو جی دوڑو۔ ہمارا نی جی دوڑو۔

رام لال آنکھ ملتے ہوئے اُٹھتے ہیں۔ اپنی بیوی کو جگاتے ہیں۔ دیکھو تو رادھا۔ موتی کہیں گر گئی ہے۔ میں کبھی اُٹھتا ہوں تو سسری کو ٹھیک کرتا ہوں۔

رادھا۔ (نیند میں) ٹھ ٹھی ٹھیک (ہکلانے کی عادت ہے)

رام لال۔ اس سے ہکلانے سے کام نہ چلے گا۔ پھر چیخ کی آواز سنکر صرف دھوتی پہنے تو زنکالے۔ غصے میں بھرے ہوئے چلے آتے ہیں۔

کیا ہوا جنم جلی آدھی رات کو کان کھا گئی رہ تو جا دا مارنے کو دوڑتے ہیں)

موتی۔ بابو جی سن لو تو مارو۔ بہوٹی کا کہیں پتہ نہیں ہے۔

رادھا چونکتی ہے۔ دیکھتی ہے بستر خالی ہے۔ غصے میں اُٹھ کر آتی ہے۔ موتی کے پاس بابو جی کو دیکھ کر آگ بگولا ہو جاتی ہو بو۔ بو۔ بوڑھ بوڑھو تی میں بہ لجہ لجہ پن۔ لج لجا کرو۔

رام لال۔ آئیں وہاں سے لجا لجاتی ہوئی۔ دیکھو تو رتن اپنے بچھونے پر نہیں ہے۔

اب تینوں نے مل کر ڈھونڈھنا شروع کیا۔ کمرے۔ باغ غسل خانہ برآمدہ۔ پلنگ کے نیچے سب جگہ ڈھونڈھ ڈالا۔ ہوتی تو ملتی بڑے صندوق اور الماریاں بھی ٹٹول ڈالیں۔

موتی۔ (رو رو کر) ہائے موا ہوئی۔ ہائے موکا ناگ کس ناٹوس لہین ہائے مور بہوٹی۔ تلاش کرتے کرتے ایک جگہ ساری کا ایک ٹکڑا اور ایک بجھالی ملی۔ رام لال نے فوراً ٹیلیفون پر دارو غہ جی کو خبر دی۔

سب انسپکٹر صاحب۔ اگر۔ دیکھئے میری تلاشی اور تفتیش میں اگر کسی نے ذرا سی چوں کی تو میں ابھی چالان یا حوالات میں بند کر دونگا۔ یہ کہکر انہوں نے بھی تمام چھان مارا۔ پاؤں کے نشانات کا فوٹو لیا۔ بجھالی اور ساری کا ٹکڑا لیا اور موتی سے آنکھ مار کر کہنے لگے۔ مردہ جائے سورگ میں یا نرک میں ہم کو تو اپنے حلوے مانڈے سے کام ہے۔ اچھا نہیں بتاتی تو ساتھ چل دو ایکدن

(پھر آنکھ ماری) حوالات کی ہوا کھا۔ طبیعت ہو جائے گی
موتی کو بھی لے کر چلے گئے۔

رام لال منہ کھولے دیکھتے رہے رادھا ہکلا کر کچھ کہنے والی تھی
پر مومو مومو کے سوا کوئی شبہ نہیں نکلا۔

شیولوبودھ ۔ سروپ اور سلامت بیٹھے ہیں۔

شیولوبودھ کو اپنی بھی خبر نہیں۔ اپنی خیالی محبوبہ کی تصویر بنا رہا ہے
آدھا جسم مکمل ہو چکا ہے۔

سلامت ۔ اب بہت رات گئی۔ کل تم کو جانا بھی ہے۔ آؤ اب سو رہیں
شیولو۔ تصویر بنالیں گے تب ہی سوئیں گے۔

سروپ ۔ پتے الگ رکھ کر۔ یہ بازی تمہاری ہو گئی۔ (شیولوبودھ سے)
اب مہاشے ایک بج گیا ایک۔

شیولوبودھ ۔ (چونک کر دیکھتا ہے رنگ کا قلم تصویر کی چھاتی پر چل جاتا ہے
۔۔۔ بگڑ جاتا ہے) دیکھو ایسی دل لگی اچھی نہیں۔ دو گھنٹے کی
محنت خاک میں مل گئی۔

سلامت ۔ جانے بھی دو شیو۔ صبح کو ٹھیک کر لینا (تصویر دیکھ کر)
یہ تو کامنی کی تصویر ہے۔

شیو ۔ کون کامنی۔۔

سلامت ۔ وہ میرے ساتھ یونیورسٹی میں پڑھتی تھی۔ ہم دونوں نے
ایک ساتھ بی اے پاس کیا تھا۔

شیو ۔ سچ کہو سلامت! میں تو سمجھتا تھا کہ ایسی سندری۔ جیتے جی نہیں
مل سکتی۔ وہ کہاں ہے۔ کیا کرتی ہے۔ کہاں رہتی ہے؟

سلامت ۔ رکو تو۔ اس کی منگنی بالے پن میں ہو گئی تھی اب بیاہتا ہے
نہ جانے کہاں ہے اور اب منش سے اس کو نفرت سی ۔۔۔

شیو ۔ (پریشان ہو کر) تم مجھے چھیڑ رہے ہو۔ میں تو مر جاؤں گا۔
ٹیلیفون کی گھنٹی ہوتی ہے۔

سلامت ۔ ہلو۔ کون۔ کامنی۔ کہاں سے۔ اچھا۔ انند کٹی سے۔ اندر صاحب
کیسے ہیں ۔۔۔ ہائیں کیا کہا مر گئے۔ کب۔ زور سے کہو ۔۔۔
ایک ہفتہ ہوا۔

کامنی ۔ (اپنے کمرے میں یہاں ایک ہفتہ ہوا۔ آپ اسی سمے میرے
میرے پاس آئیے۔ گھبرائیے نہیں۔ میں آپ کو اپنا بھائی سمجھتی
ہوں ایک بڑا کٹھن کام ہے ۔۔۔ کٹھن ۔۔۔ کٹھن کام ہے۔
سلامت فوراً جانے کے لئے اٹھتا ہے۔

شیولوبودھ ۔ میں بھی چلوں۔

سلامت ۔ آج نہیں (مسکرا کر) یہ جوش۔ ایسی گرمی۔
اتنے میں پھر گھنٹی ہوتی ہے۔

سروپ ۔ ہلو۔ کون؟ بابو جی۔ کہئے۔ کیا ہوا۔ ڈاکہ پڑا؟ ۔۔۔۔

رام لال ۔ (اپنے کمرے سے) تو ندر پر ہاتھ پھیر کر ڈو کار لیتے ہیں۔ فون کا
دستہ ہاتھ میں ہے۔

سروپ ۔ میں نہیں سمجھا صاف کہئے۔

رام لال ۔ ڈاکو میری پتری کو اٹھا لے گئے۔ داروغہ جی آئے تھے
موتی کو پکڑ لے گئے۔

سروپ ۔ میں ابھی آتا ہوں ۔۔۔۔

کھلاون ۔ تم نے (مسکرا کر) میری محبت کا کرشمہ دیکھا۔ پیاری رتن
میں تم پر دل و جان سے فدا ہوں۔ مرتا ہوں۔
رتن چپ رہتی ہے۔

کھلاون ۔ بولو۔ میرے دل کی گرہ کھولو۔ ہاتھ پکڑ لیتا ہے۔

رتن ۔ (ہاتھ جھٹک کر) مجھے ورغلا جان کر بہت نہ بڑھئے بابو کھلاون
میں دکھی ہوں۔ بے بس ہوں۔ مگر ایشور سب کچھ دیکھتا ہے
اسی کے چرنوں میں شرن لونگی۔

کھلاون ۔ پیاری بہت تڑپا چکیں۔ اب آؤ کلیجے سے لگ جاؤ۔ چھاتی
ٹھنڈی ہو۔ صدیوں سے گھٹ رہا ہوں۔ تن من کی سدھ
نہیں رتن۔

رتن ۔ رہے پران ناتھ۔ کہاں ہو پربھو سروپ۔

کھلاون ۔ (قہقہہ لگا کر) سروپ مروپ یہاں کوئی نہیں یہاں تو
(موچھوں کو تاؤ دے کر) میں موجود ہوں۔ یہ ڈیل دیکھو
یہ بلے دیکھو یہ سینہ دیکھو (تن کر) سچ کہنا میں حسین نہیں ہوں
پیاری رتن وشواس کرو۔ استریاں مجھے دیکھتے ہی گھائل
ہو جاتی ہیں۔ اور جو ایک بار ۔۔۔۔

رتن ۔ اپنے گھونگھنے شد بد کسی اور کو سنانا ۔ ہے پر بھو ۔

کھلاون ۔ (اکڑ کر) پر بھو مر بھو آج کوئی تجھے میرے پنجے سے نہیں بچا سکتا ۔ (آگے بڑھتا ہے)

رتن ۔ تو بڑا ڈرپوک ہے ۔

کھلاون ۔ (بگڑ کر) سر چڑھی ڈومنی گاوے تال بے تال ۔

رتن ۔ تو نام کا مرد ہے ۔ میری چھاتی میں دریل استری کا ہردے ہے ۔ چوری چھپے کسی کی بہو بیٹی کو لانا اور بے کسی میں آنکھ دکھانا نش کا کام نہیں ۔

کھلاون ۔ لے اب سنبھل جا ۔

رتن ۔ (گڑگڑا کر) دیکھو تم اپنا دھرم اتنے سستے داموں میں نہ بیچو ۔ مری ست کا نشت کرو گے تو اس لوک میں بھی اور اس لوک میں بھی پچھتاؤ گے ۔

کھلاون ۔ (ہنسکر) بڑی آئیں کہیں کی پنڈتائن ۔ آج تو بچ میں سے گزرتی ہے ۔ عاقبت کی خبر خدا جانے

رتن ۔ میرے کوئی بھائی نہیں کھلاون ۔ میں آج سے تم کو بھائی بناتی ہوں ۔

کھلاون ۔ بھائی کو جھونک دو چولھے بھاڑ میں آج تو میرا پہلو گرم کر ۔

رتن ۔ (رو کر) ہے پر میشر ۔ ہے پران ناتھ ۔

کھلاون ۔ میں راون کا بھائی ہوں اور اس سے پانچ جوتے بڑھکر میں آج تجھے اس سنسار کا سب سے میٹھا رس پلاؤں گا ۔ اور پریم دان پر اڑا لیجاؤں گا ۔

رتن ۔ تو راون کا بھائی ہے تو میں بھی سیتا کی داسی ہوں ۔

کھلاون ۔ رہ تو جا سیتا کی داسی ۔ دیکھوں تو (قہقہہ لگا کر) اس سمے تجھ کو میرے ہاتھ سے کون بچاتا ہے ۔

رتن ۔ بہت نہ اکڑ ٹھوکر کھائے گا ۔

کھلاون ۔ گرتے ہیں شہسوار ہی میدان جنگ میں
وہ طفل کیا گریں گے جو گھٹنوں کے بل چلے

یہ کہہ کر جھپٹتا ہے رتن بھاگتی ہے ۔ جو چیز ملتی ہے اٹھا اٹھا کر پھینکتی ہے ۔ مگر ایک کونے میں پکڑ جاتی ہے ۔ ناخون سے چہرہ نوچتی ہے ۔ طمانچے مارتی ہے پر کھلاون بھی ایک ہی سور ہے دونوں ہاتھ پاؤں قابو کر کے بوسہ لینا چاہتا ہے ۔ منہ قریب تک پہونچتا ہے کہ یکایک کھڑکی سے کود کر اس کی دھرم پتنی آجاتی ہے ۔ اور پیچھے سے چوٹی پکڑ کر کھینچ لیتی ہے ۔

(رتن سے) بہن جب تک میرے اس سریر میں آتما بسی ہوئی ہے تم پر کوئی آنچ نہیں آسکتی ۔

کھلاون ۔ دشٹ ملیچھ مجھے مرگھٹ پر پہونچا لے تب ایسے نیچ کام ——

کھلاون ۔ میں ۔ میں تو اپنی جان بچا رہا تھا ۔ یہ آپ بھیگی بلی بن گئی ہے دیکھو تمام کھر پوٹ لیا ہے ۔

رتن ۔ میں جیتے جی تمہاری داسی رہونگی تم نے یہ نیا جیون مجھے بھیک دیا ہے ۔ سمت نہ رہے ۔ تو جیتے پر دھکا رہے ۔

دیوی ۔ تم میری بہن سمان ہو دیوی ۔ یہ راکشس ہے تم سیتا ہو ۔ اور میں تمہاری داسی ہوں ۔

کھلاون ۔ اور میں تم دونوں کا غلام ہوں ۔ بھائی ہوں (منہ پر طمانچہ مار کر) بھائی ان کا غلام تمہارا (پھر کان پکڑ کر کہتا ہے) غلام ان کا بھائی تمہارا (سب ہنس پڑتے ہیں) رتن دیوی مجھے چھما کر دو ۔

رتن چپ رہتی ہے ۔

دیوی ۔ بہن ۔ ملیچھ سہی ۔ راکشس سہی ۔ پر وہ میرا پتی دیو ہے میرے کہنے سے تم اس کو چھما دیدو ۔ میں تم سے پریم کی بھکشا مانگتی ہوں رتن ۔

رتن ۔ میں تمہاری بات کاٹ نہیں سکتی بہن ۔ میں ان کو چھما کرتی ہوں ۔

رادھا دیوی ۔ تو مجھے بھی اگیان دوکہ میں انکو ان کے ماتا پتا کے یہاں پہونچا دوں ۔

کھلاون ۔ تم جانتی ہو دیوی ۔ میں اپنی بات کا دھنی ہوں تم کو بچن دیتا ہوں کہ فرصت پاتے ہی ان کو بھیجوا دونگا ۔ تب تک تم ان کو پریم سے رکھو میں نے بہن بنایا ہے ۔ تو بھائی کے یہاں سے ایسے کیسے وداع ہو جائے گی ۔ بہن رتن تم دو چار روز

بہن اس کو ابھی ابھی جلا کر خاک کر دو۔ کامنی نے کانپتے ہاتھوں سے جلا دیا۔

کھلاون۔ آج تو بازی تمہارے ہاتھ رہی سلامت! مگر یاد رکھنا میں بھی کھلاون نہیں اگر تم سے اس کا بھرپور بدلہ نہ لے لوں۔

سلامت۔ (مسکرا کر) دیکھا جائے گا۔

——— کھلاون ہارے کھلاڑی کی طرح وہاں سے نکل گیا۔

کامنی۔ میں یہاں اکیلے نہیں رہ سکتی بھائی صاحب۔

سلامت۔ تو چلو میں اپنی ماتا جی کے پاس پہونچا دوں۔

کامنی۔ کہیں لے چلئے بھائی ——— (مرضی پاکر ایک خط چچا بساون کو لکھتی ہے)

"میں اپنے بھائی کے ساتھ جاتی ہوں۔ کسی سمے آکر سب باتیں بتاؤنگی" آپ کی داسی کامنی

[دونوں جاتے ہیں]

رام لال کا مکان۔

انسپکٹر۔ دروازہ کھولو۔

رام لال۔ (اندر سے تو ندپہ ہاتھ پھیر کر) کون ہے۔

انسپکٹر۔ میں ہوں۔

سداما۔ تو تو تو تم ک ک ک کون ہو۔

انسپکٹر۔ میں ہوں۔

سداما۔ ل ل ل لا لاٹ ص ص ص صاحب کے بچے۔ نہ نہ نام بتاؤ۔

انسپکٹر۔ میں ہوں داروغہ جی۔

رام لال صاحب گھبرا کر اُٹھے۔ دروازہ کھولا۔ دونوں توندیلے تھے۔ ہاتھ ملاتے بڑھے تو توندوں کی ٹکر لگی۔ دونوں پیچھے ہٹ گئے۔

رام لال نے بڑے آدر سے اندر لاکر بٹھایا۔ کہئے کچھ پتہ چلا۔

انسپکٹر۔ ہاں بہت کچھ معلوم ہوگیا (کان میں زور سے) یہ بات کھل گئی کہ رتن بائی کو کون لے گیا ہے۔

سداما۔ ک ک ک ک کون لے لے گیا ہے۔

رام لال۔ جلدی بتائیے۔

انسپکٹر۔ مٹھی گرم کیجئے تو بتاؤں۔

رام لال۔ بتائے تو بھلا ہم آپ سے باہر جاسکتے ہیں (گدے کے نیچے سے کئی نوٹ نکال کر دیتے ہیں)

انسپکٹر۔ (لے کر جیب میں رکھتے ہوئے) نہیں اس کی کیا ضرورت تھی میں نے تو یونہی سہی سے کہدیا تھا۔ خیر آپ دیتے ہیں تو پرشاد سمجھ کر لئے لیتا ہوں۔

سداما۔ ہہ ہہ ہاں یہ بت بتائیے تو

رام لال۔ (بے چین ہوکر) کیا آپ پران ہی کے بھوکے ہیں داروغہ جی

داروغہ جی۔ بڑی چھان بین کے بعد پتہ لگا ہے۔ دوسرا کوئی ہوتا تو ایک ہزار سے کم میں نہ بتاتا۔ مگر میں تو آپ کو اپنا پتر ارے پتا سمجھتا ہوں۔

سداما۔ پت پتا پنر رہ رہنے دیجئے۔ پت پت پت بت بتائیے جلدی۔

رام لال۔ (تڑپ کر) دیکھئے داروغہ جی اب ٹال مٹول نہ کیجئے۔

داروغہ جی۔ میں نے اپنا خون پانی ایک کر دیا ہے تب پتہ ——— (رک گئے)

سداما اور رام لال دونوں بیچین ہوکر ترپ اٹھے۔

داروغہ جی۔ تو بنا پوچھے نہ مانئے گا۔

رام لال۔ اجی پران نکس جائے گا داروغہ جی۔

داروغہ جی۔ (کھڑے ہوکر) تو بچن دیجئے کہ یہ بات گپت رہے گی۔ نہیں تو میری دال روٹی کا سہارا جاتا رہے گا۔ اور آپ بھی سنکٹ میں پڑ جائیں گے۔

رام لال۔ دیتا ہوں ——— بچن ———

سداما۔ مے مے مے میں بھی رے دے دے دے دیتی ہوں ——— بچ بچ بچن۔

داروغہ جی۔ (اکڑ کر) میری پیٹھ ٹھونک دیجئے۔

رام لال۔ (بڑی زور سے پیٹھ ٹھونکتے ہیں جلدی بتائیے۔

داروغہ جی۔ باپ رے آپ نے تو مرمت ہی کر دی۔ رتن کو ڈاکو

لے گئے۔

رام لال - کون ڈاکو۔

داروغہ جی - بس اب اتنا ہی تو معلوم کرنا رہ گیا اور سب کچھ۔

سدا اما - رہ گئی اک کسر تھوڑے کی زین لگام او اور گھوڑے کی

رام لال - (کھسیا کر) اسی رائی کا آپ پربت بنا رہے تھے۔

داروغہ جی - سچ ہے سنسار میں کوئی کسی کا نہیں ہوتا۔ مہینے دو مہینے میں یہ بھی پتہ چل جائے گا۔ کہ ڈاکو کا نام کیا ہے۔

رام لال - اچھا اب تم چلے زبر چل اور دو پیش دو۔ نہیں تو اچھا نہ ہوگا۔

داروغہ جی اکڑتے ہوئے جاتے ہیں۔

سدا اما - او او اور مو مو موتی کہاں ہے۔

داروغہ جی - (رک کر) بڑے آنند سے ہے۔ سب کشل منگل ہے سپاہی سیاں بنئے کو تو ال اب ڈور کا ہے کا۔

رام لال - (بگڑ کر) کشل منگل کے نچے۔ جاتا ہے کہ نہیں۔

[داروغہ جی جاتے ہیں]

رادھا دیوی اور رتن بیٹھی ہوئی ہیں۔ کھلاون کے جنگل والے اڈے میں ایک دو محلا مکان ہے۔ کھڑکی سے باہر کا سماں دیکھ رہی ہیں۔ دن ڈوبنے کو ہے۔ شفق پھیلی ہوئی ہے۔ اور ہلکی ہلکی پھواریں پڑ رہی ہیں۔ بادل گھر رہے ہیں۔

رتن گاتی ہے۔ گھر آئیں بدری ——————

ناہیں آئے دھن شیام گھر آئیں بدری —— گھر آئیں بدری
آئی ساون کی بہار اٹھے مور یلا پکار —— گھر آئیں بدری۔ گھر آئیں بدری
بڑے بو ندن پھوہار —— گھر آئیں بدری۔ گھر آئیں بدری
کہو سکھیا جائے لائے پیا کو منائے —— گھر آئیں بدری
جیا لک لک مٹائے —— گھر آئیں بدری

رادھا دیوی - ایسی سندرتا اور ایسے گن! جب میں استری ہو کر موہت ہو گئی تو پرش پرش ٹھہرے کیوں نہ رجھیں۔

رتن - (لجا کر) مجھے نہ چھیڑو نہیں تو رو دونگی۔

رادھا دیوی - (گدگدا کر) رو تو جانوں۔

دونوں ہنسنے لگتی ہیں۔

رتن - دیکھو بہن دیوی آج تین دن ہو گئے۔ نہ ہیں جاسکی نہ پتاجی آسکے نہ انکی کچھ سدھ بدھ ملی۔

رادھا دیوی - اُن کی کس کی؟

رتن - (جھیپ کر) سروپ کی۔ امتحان سر پر ہے۔ ان کو سب باتیں معلوم نہ ہوئیں تو ٹھیک نہ ہوگا۔

رادھا دیوی - اور ہردے میں بھی تو کسک ہوتی ہوگی۔ دونوں طرف سے آگ برابر لگی ہوئی۔

رتن - آپ کو تو ہر سمے ہری ہی ہری سوجھتی ہے۔

رادھا دیوی - میں نے بہنوئی صاحب کو کبھی نہیں دیکھا بھلا آپ کیوں دکھانے لگیں۔

رتن - کیوں نہ دکھاؤنگی۔

رادھا دیوی - ابھی تو میرا چھوٹا سا نولیا رے۔ ابھی تو میرا چھوٹا سا نولیا رے۔ (ناچتی)

سیاں تم باگ نہ جانا۔ ملنیا تم کو موہ لگی رے۔ ابھی تو میرا چھوٹا سا نولیا رے
پیا تم سوتن نہ جانا۔ سوتیا تم کو موہ لگی رے۔ ابھی " " "
راجہ تم ہاڑ نہ جانا۔ پتر یا تم کو موہ لگی رے۔ ابھی " " "

رتن - واہ بہن۔ تم بڑی گنواں ہو میں مر جاؤں تو بھی ایسا ناچ نہیں سکتی

رادھا دیوی - رتن پیاری! میں پرش ہوتا۔ ہوتی۔ تو تمہیں تلنی کا ناچ نچا دیتی۔ اچھا دیکھو میں پرش بنتا ہوں اور تم سے پریم کرتا ہوں۔ ارے بنتی ہوں اور پریم کرتی ہوں۔ رادھا دیوی مروبن کر اینک پر کار سے چھیڑتی ہے اور پریشان کرتی ہے رتن بہت تنگ آتی ہے تو بھاگتی ہے تالاب میں چھلانگ تالاب میں پانی بھرا ہوا ہے۔ دونوں بھاگتی تھاتی اسی میں گر جاتی ہیں۔ اور شرابور ہو کر نکلتی ہیں۔

سروپ راستے میں چلا جا رہا ہے کہ ایک لنگڑی بڑھیا لکڑی ٹیکتی پاس سے گذری۔

سروپ - ماتا ایسی بھیانک رین میں اب یہاں کہاں۔ چلئے میں

آپ کو آپ کے گھر پہنچا دوں۔

بوڑھیا۔ بیٹا تم بڑے دیالو ہو۔

سروپ۔ نہیں ماتا یہ تو بھارت ورش کے ہر پتر کا کرم ہونا چاہئے۔

بوڑھیا۔ بڑے دیں دیال ہو بیٹا۔ تم کشٹ نہ اٹھاؤ میری جھونپڑی پاس ہی ہے چلی جاؤنگی۔ (نظر بھر کر دیکھتی ہے)

سروپ۔ (کھلاون کو کچھ پہچان کر) تو کیا ہوا ماتا میں بھی چلتا ہوں۔

بوڑھیا۔ چلتے ہو تو چلو بیٹا۔ پر میری گلی بہت تنگ ہے۔ کہیں ٹھوکر نہ لگے۔ میں ابھی گھر سے پھر نکلوں گی۔

سروپ۔ نہیں تو — میں بھی بچہ نہیں ہوں۔

راستے میں اکا دکا آدمی ملتے تھے نہیں تو سروپ وہیں پنٹ لیتا۔ بوڑھیا ایک مکان میں پہنچ کر کھٹ کھٹ اوپر چلی گئی سروپ وداع ہو کر چلدیئے مگر تھوڑی ہی دور جا کر ایک کھمبے کی آڑ میں چھپ رہے — وہی منٹ کے بعد ایک عورت نکلی مگر دبلی پتلی تھی اور لنگڑی بھی نہ تھی۔ سروپ نے پیچھا کیا۔ وہ عورت چوکنی ہو کر بار بار ادھر اُدھر دیکھتی تھی اب بالکل سناٹا تھا۔ اسنے گلی سے نکل کر سڑک پر ایک ٹیکسی ٹھہرالی۔ اور کچھ کہکر بیٹھ گئی۔ موٹر اسٹارٹ ہو رہی تھی۔ کہ سروپ نے بھی دوسری ٹیکسی کی اور اس سے کہدیا کہ اگلی ٹیکسی کے پیچھے ہی پیچھے رہے مگر ایسا نہ ہو کہ اگلی ٹیکسی والے کو معلوم ہو سکے۔

ٹیکسی پل کے پار پہنچ کر ایک سنسان جگہ میں رُکی پہلے وہ عورت اُتری پھر سروپ۔

استری۔ (ایک املی کے پیڑ کے نیچے ٹھہر کر) کون ہو تم؟

سروپ۔ آدمی ہوں۔ کیوں؟

استری۔ تم یہاں کیوں آئے۔ یہیں جانتے۔ جتنی دو ہوائیں گھر سے نکل جاتی ہیں وہ یہیں کہیں آکر بستی ہیں۔ تم کس کے گھر جاؤ گے۔

سروپ۔ میرا مکان اسی طرف ہے۔ میں اپنے گھر جاتا ہوں۔

استری۔ تاڑ جاتے ہیں تاڑنے والے۔ تم میرے پیچھے یہاں تک کیوں آئے؟

سروپ۔ (جھک بک ہو کر) یونہی۔

استری۔ اڑائی وکائی نہ کرو۔ سچ سچ کہو میں سندری ہوں یا نہیں؟

سروپ۔ تم سندری ہو۔ اپ روپ سندری ہو پر مجھے کیا۔

استری۔ (ناز سے) تم مجھ سے پریم نہ کروگے!

سروپ۔ میں کسی اور سے پریم کرتا ہوں۔

استری۔ پر کسی اور کے پیچھے پیچھے چلتے ہو۔ (مسکرا کر)

تو تم جس کے پریمی ہو وہ مجھ سے ادھک سندری ہے۔

سروپ۔ نہیں تم سے ادھک سندری تو سنسار میں شاید ہی کوئی ہو

استری۔ تمہیں لجا نہیں آتی۔ میں آپ پریم کے لئے کہتی ہوں اور تم

سروپ۔ میرے پاس ایسی باتوں کا کوئی جواب نہیں۔

استری۔ میں سمجھ گئی پر یہ تو بتائیے مہاشے میرے پیچھے آپ دو گھنٹے سے کیوں پڑے ہیں۔

سروپ۔ (جھینپ کر) چھا کیجئے دیوی —— ایک طرف چلتا ہے

استری زور سے ہنسکر تالی بجاتی ہے۔ تالی بجتے ہی تین سنڈے منڈے لاٹھیاں لئے آجاتے ہیں۔ مگر سروپ سروپ ہی ہے پینترا بدل کر پہلوان خالی دیتا ہے اور گردنی لگا کر لٹھ چھین لیتا ہے۔ پھر تو لٹھ کھٹ کھٹ ہونے لگتی ہے۔ آخر تینوں کو مار بھگاتا ہے۔ جب میدان خالی ہوتا ہے تو دیکھتا ہے۔ سندری استری کھڑی مسکرا رہی ہے۔

سروپ۔ (اچنبھے سے) ارے تم بھاگی نہیں یہاں سے؟

استری۔ تم سے گبرو جوان کو ایسی بپت میں چھوڑ کر میں کیسے جاتی میں نقلی پریمی نہیں سجن۔ ایسی کٹھور نہیں بیر۔

سروپ۔ تم ایک پہیلی ہو سندری۔ چاہتی کیا ہو؟

استری۔ کہہ تو چکی کھول کر۔ تمہارے منموہک روپ پر مرتی ہوں۔

سروپ۔ مگر میں تم سے پریم نہیں کر سکتا۔ پریم لڑکوں کا کھیل نہیں۔

استری۔ اچھا میں کھلاون کو گرفتار کرا دوں اور رتن کو تم سے

ملادوں تب پریم کروگے۔

سروپ۔ ہاں تب تو نیچے پریم کروں گا۔

استری۔ ٹھیک بچن دیتے ہو۔

سروپ۔ ہاں ہاں ٹھیک بچن ہے۔

استری۔ اچھا میری کلائی پکڑ کر بچن دو۔

ابتو سروپ بخلیں جھانکنے لگے۔ کانپتے ہاتھوں سے نور کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہاتھ پکڑا۔ بجلی کی لہر رگوں میں دوڑ گئی۔ میں بچن دیتا ہوں۔ اچھا بتاؤ رتن کہاں ہے۔ کھلاون کہاں ہے

استری۔ ابتو تم بچن دے چکے۔ میں کیا جانوں۔

سروپ۔ (بگڑ کر) تو پھر میرا بھی بچن وچن کچھ نہیں۔

استری۔ اتنے ہی میں ڈھیلے ہوگئے۔ واہ ری مردانگی ——— میں تمہارے پریم میں شرابور نہ ہوتی تو اس پیچھا کرنے اور ہاتھ تھامنے کا مزا چکھا دیتی۔ کیا کروں۔ اپنے ہردے سے مجبور ہوں۔ بڑے بنتے ہو وہ۔ جس بوڑھیا کو تم ماتا بنا کر پہونچانے لے گئے تھے۔ وہی تو کھلاون تھا۔ جب وہ اوپر پہونچا۔ ہم دونوں نے بچار کر یہ ترکیب نکالی۔ اب وہ اپنے اڈے پہونچ گیا ہوگا۔ رتن بھی وہیں ہے۔ کھلاون کی دھرم پتنی دیوی نے رتن کی ست بچالی۔ اور اپنی منہ بولی بہن بنالیا نہیں تو (ہنسکر) آج تم صرف میرے ہی پریمی ہوتے۔ رتن کی موتی سی آبرو مٹی میں مل گئی ہوتی۔

سلامت شاہ صاحب کا روپ بدل کر چلے۔ بڑی بڑی زلفیں۔ ہاتھ میں لوہے کا چمٹا۔ گلے میں مالا۔ گیروا لنبا کرتہ۔ آنکھوں میں سرمہ۔ اکڑتے ہوئے جاتے تھے۔

ایک ہولی کے پاس پہونچے تو دیکھا جوکھو پھکن اور سداہٹ بھی موجود ہیں اندر جاکر ایک طرف بیٹھ گئے۔ ٹھترے والے مست تھے۔ کوئی ناچ رہا تھا۔

جوکھو۔ اماں یار سداہٹ سنتے ہو۔ اس دن تو کھلاون بابو نے بڑی جیاستی کی۔

سداہٹ۔ تم لوگ بھی پکے نامرد ہو۔ کھلاون نے مجھے ٹھوکر ماری اور تم دیکھتے رہ گئے۔ (اور چڑھا کر) یہ دیکھو رتن بائی اس بوتل میں کھڑی مسکرا رہی ہے۔ وہ مجھ سے پریم کرتی ہے۔ ناچ رہی ہے۔ اگر کھلاون کو خاک میں نہ ملادوں اور ——— اور ——— رتن سے اپنا پہلو گرم نہ کروں تو میرا نام بھی سداہٹ نہیں چمار ہے۔

پھیکو۔ نہ روک ہاتھ ساقیا پلائے جا پلائے جا
پلائے جا پلائے جا
دوآتشہ کھچی ہوئی لنڈھائے جا لنڈھائے جا
ترے نثار اور دے پلائے جا پلائے جا
نہ ہو خمار اور دے لنڈھائے جا لنڈھائے جا

بہت سی آوازیں۔ پلائے جا پلائے جا پلائے جا پلائے جا

اور آوازیں۔ لنڈھائے جا لنڈھائے جا لنڈھائے جا لنڈھائے جا

بہت سے لوگ ناچنے لگتے ہیں
ہلڑ ہو جاتا ہے

دوکاندار۔ دیکھو شور مچاؤ گے تو ہم پولیس کو بلالیں گے۔

شرابی۔ سیاں ہم تو تمہاری کتیاں ہیں۔———
ون ون ون ون ون ون ون ون ون ون
دوسرے۔ راجہ ہم تو تمہارے کتے ہیں———
ون ون ون ون ون ون ون ون ون ون
شرابی۔ سیاں ہم تو تمہاری گدھی ہیں۔
ہیں ہیں ہیں ہیں ہیں ہیں ہیں ہیں ہیں ہیں
دوسرے۔ راجہ ہم بھی تمہارے گدھے ہیں۔
ہوں ہوں ہوں ہوں ہوں ہوں ہوں ہوں ہوں ہوں
شرابی۔ سیاں ہم تمہاری بکری ہیں۔———
اُم اُم اُم اُم اُم اُم اُم اُم اُم اُم
دوسرے۔ راجہ ہم بھی تمہارے بکرے ہیں———
اون اون اون اون اون اون اون اون اون اون
سداہٹ۔ (شاہ صاحب کی طرف اشارہ کرکے) ابیں یہ تو یا بڑے

سیانے ہیں یا نرے گاودی۔

ایک بازاری عورت۔ (سلامت سے) آؤ بھائی تم بھی تو ـــ انڈیا جاؤ ـــ ادھر کھلی۔ بال بکھرے ہوئے۔ شاہ صاحب کے پہلو سے لگ کر

سیاں بہت دن بعد درس دکھلایو
درس دکھلایو جیا تڑپایو
توری برہ میں تڑپوں دن رین
آؤ گلے لگ جاؤ درس دکھلایو

پھر تمام ہلڑ ہوتا ہے۔ شاہ صاحب زور سے ڈھکیل دیتے ہیں۔ عورت ایک طرف گرتی ہے۔ بڑبڑاتی ہے۔

پیا پیارے نہ اب تڑپاؤ
آؤ گلے لگ جاؤ درس دکھلایو

ایک مولوی صاحب لمبی داڑھی میں کنگھی کرتے ہیں۔ بازاری عورت کو آنکھ مارتے ہیں اور ہاتھ کی آڑ کر کے ایک بوتل اڑا دیتے ہیں ڈکار آتی ہے تو کہتے ہیں۔ لعنت نعوذ۔

شاہ صاحب۔ (سداہٹ سے) بھائی جب سے فقیر ہوا توبہ کر لی ہاں ایک لت البتہ ابھی باقی ہے۔

کہیں آڑ میں چلو تو بتاؤں

تینوں بدمعاش کچھ بھانپ کر ہنستے ہوئے اٹھے اور پاس آئے

شاہ صاحب۔ سولی کی عادت نہیں جاتی۔ جب تک پھڑ پر دو چار داؤں نہ لگیں نیند نہیں آتی۔ (جیب میں روپے کھنکا کر) کہیں چلو تو چلیں۔

چاروں آدمی ساتھ ساتھ گئے اس املی کے نیچے پہونچ کر پھڑ بچھ گیا۔ شاہ صاحب دو سو کا داؤں ہارے تو بگڑ کر پانچ سو کے نوٹ اور نکال لئے بس پھر کیا تھا۔ تینوں کے منہ میں پانی بھر آیا املی کے نیچے سے سرنگ کا رستہ ایک پتھر سے ڈھکا ہوا تھا۔ سیڑھیوں پر چٹان اور چٹان پر گھاس تھی۔ دونوں نے دو طرف سے ہاتھ تھاما اور سداہٹ کے منہ میں رومال دے کر ہاتھ پاؤں جکڑ لیا۔

تینوں بدمعاش سرنگ سے لے چلے جب جنگل کے دہانے پر دہانے پر پہونچے تو نوٹ نکال لئے اب پانچ سو باقی تھے۔

سداہٹ۔ چار سو مجھے دیدو۔ پچاس پچاس تم لوگ لے لو۔ اور اسے بابو کے پاس لیجاؤ۔

جوکھو۔ بڑے آئے کہیں کے گنڈے۔ تین سو مجھے ادھر دہنے ہاتھ سے دیدو نہیں تو وہ دونگا۔ کہ کھوپری بھنّا جائے گی۔

پھکّن۔ ہاں اور دو سو جو پہلے جیتے ہو اس میں سے سو ملا کر تین سو ادھر بھی حوالے کرو نہیں تو ہم دونوں تمہیں چٹنی کر دیں گے کیوں بھائی جوکھو۔

جوکھو۔ ہاں بھائی پھکّن۔

تینوں میں لٹھم چلنے لگا۔ ساتوں سو روپیہ زمین پر رکھ دیا گیا۔ سلامت نے موقعہ پا کر دانت سے ہاتھ کھول لیا۔ اور روپے لے کر لو دو گیا رہ۔

ادھر جب تینوں نے لہو لہان ہو کر مڑ کر دیکھا تو شکار جمع سمیت غائب تھا۔ ایک دوسرے کو گالیاں دیتے ہوئے سرنگ سے نکلے۔

ادھر سلامت سرنگ سے نکلا ہی تھا کہ پاس ہی آواز سن کر جھٹ درخت پر چڑھ گیا اور گھنے پتوں میں بیٹھ گیا۔

باہر آ کر جوکھو اور پھکّن ایک طرف تلاش میں چلے۔ سداہٹ دوسری طرف گیا۔ اور سلامت مسکراتا ہوا درخت سے اتر کر تیسری طرف چل دیا۔

شیو بودھ اپنے کمرے میں بیٹھا ہوا ہے۔ طرح طرح کی تصویریں ٹنگی ہوئی ہیں۔ بہت سے ماڈل رکھے ہوئے ہیں شیو بودھ کامنی والی تصویر بنانے میں محو ہے۔

کامنی آتی ہے ٹھمک کر واپس جانا چاہتی ہے۔ بھائی سلامت یہاں نہیں ہیں۔

شیو بودھ۔ (چونک کر) کامنی۔

کامنی۔ (لجا کر) شیو۔

شیو۔ (اٹھ کر پاس آتا ہے۔ انگلیوں سے اشارہ کرتا جاتا ہے) وہی

آنکھیں۔ وہی ہونٹ۔ وہی رنگ۔ وہی مسکراہٹ۔
کامنی ——— کامنی۔

کامنی۔ وہی جوش۔ وہی شرافت۔ وہی سنجیدگی۔ وہی سندرتا۔
شیو ——— شیو۔

شیو۔ بی اے کے بعد سے آپ ایسی کھوئیں کہ آج ملیں۔ یہی وفا تھی کامنی

کامنی۔ شیو! میں اسوقت پرائی تھی۔

شیو۔ کیسے؟

کامنی۔ گونا نہیں ہوا تھا پر ویاہ ہو چکا تھا۔

شیو۔ اور اب؟ کامنی۔ ابتو میں اپنی آپ مالک ہوں۔ گونے سے پہلے ہی بدھوا ہو گئی۔ دونوں تصویریں دیکھتے ہیں اور چپکے چپکے باتیں کرتے جاتے ہیں۔

شیو۔ یہ دیکھو تمہارا ہی چتر بنا رہا تھا۔ ہزاروں تصویریں کھینچیں مگر تسلی نہ ہوئی۔ جو چاہتا تھا وہ بات پیدا ہی نہیں ہو سکی۔ جان کیسے ڈالتا کامنی۔

کامنی۔ ہم دونوں کو کوئی دیکھ لے تو پہچان نہ سکے (تصویر کی طرف اشارہ کرکے)

شیو۔ میری آنکھوں سے دیکھے تو فوراً جان لے۔

کامنی۔ تو کیا میں ایسی ابھاگنی ہوں کہ میری تصویر نہیں کھچ سکتی۔

شیو۔ کھچ کیوں نہیں سکتی کامنی! پر ——— ایک بات کہوں برا تو نہ مانو گی۔

کامنی۔ (ہنس کر) آپ کی بات اور میں برا مانوں شیو!

شیو۔ میں اب بھی اتنا ہی پریم کرتا ہوں۔ میں نے کبھی اور کسی دوسرے سے پیت نہیں کی۔

کامنی۔ نہ میں نے۔

شیو۔ کیا کہا کامنی۔ پھر تو کہدو (قریب آگیا)

کامنی۔ صاف سننا چاہتے ہو شیو۔ میں نے تمہیں سے پریم کیا اور اب بھی کر ———

شیو نے چاہا کر گلے لگالے مگر کامنی دو قدم پیچھے ہٹ گئی۔

ٹھہرو شیو اب میں تمہارے لایق نہیں رہی۔

شیو۔ (درد سے) وہ کیسے کامنی۔

کامنی۔ اور کچھ سندیہہ نہ کرنا شیو۔ پرماتما جانتا ہے کہ میں بال بدھوا ہوں۔ پرسماج کی آنکھ میں ———

شیو۔ (مسکراکر) پھول ہو کامنی ——— دھرم اور سماج ست کے داسی ہیں۔ ست ہی ست ہے اور کچھ نہیں۔

کامنی۔ کیا کہتے ہو شیو!۔

شیو۔ کامنی۔ دیوی کامنی۔ میرا پریم اب تو اور ادھک ہو گیا سنتی ہو اگر تمہیں مجھ سے کچھ پریم اب بھی ہے تو بچن دو کہ اسی سنپاہ میں مجھ سے ویاہ کر لوگی۔

کامنی شرما کر سر جھکا لیتی ہے۔

شیو بڑھ کر گلے سے لگا لیتا اور کہتا ہے۔ کہو! بولو!!

کامنی۔ (دھیرے سے) بھائی سلامت سے پوچھ لوں تو۔

شیو۔ سلامت سے (مسکراکر) میں نپٹ لوں گا۔ انکی چنتا تم نکرو۔

کامنی۔ تو پھر ——— میں ——— تمہا ——— ری ——— ہوں

شیو ایک گہرا پیار لیتا ہے ——— لو پران پیاری کامنی تم بھی اپنے بچن پرتی کر دو پھر لگا دو ———

کامنی پریم آنند میں کھو کر دیکھتی ہے ——— کھٹ کھٹ ہوتی ہے دونوں الگ ہو جاتے ہیں۔

شیو۔ آیئے!

ایک چھوکرا کسی کا کارڈ تشتری میں لاتا ہے۔

شیو۔ (نوکر سے) کہدو گھر میں نہیں ہیں ——— (کامنی کو کارڈ دیکر) اتنے لمبے چوڑے خطاب ہیں۔ روپیہ بھی بہت ہے مگر سدھی نام کو نہیں۔

کامنی۔ کیوں۔

شیو۔ دیکھو نہ سمے دیکھا نہ گھڑی اور آدھمکے۔

کامنی۔ (لچک کر) اور میں؟

شیو۔ تم تو پران ہو پیاری ——— واہ دھرم کا ایک پردہ ہے سماج کی آڑ ہے اور کچھ نہیں۔ جب ہم تم راضی ہو گئے تو بیڑا پار ہے

کامنی سچ کہنا آج سے میں تمہیں اپنا سمجھوں۔

کامنی۔ ادھیکار ہے تم کو شیو!

شیو ۔ اچھا تو کرد کھاؤ۔

کامنی ۔ وہ کیا ؟

شیو ۔ تم جانتی ہو سارے سنسار میں تمہیں چھوڑ کر مجھ سب سے ادھک جو چیز پیاری ہے وہ یہی چتر کھینچنا ہے۔

کامنی ۔ جانتی ہوں شیو۔

شیو ۔ تو اپنی تصویر کے لئے موڈل بن جاؤ۔ مجھ پر پورا وشواس کرو کامنی اگر میرے ہردے میں پہنچنا ہو تو بھگوان مجھ سے سمجھ لیں۔ بس یہی کامنا ہے کامنی کہ ایک چتر ایسا بناؤں کہ تم بھی پرتن ہو جاؤ۔

کامنی ۔ لو بیٹھی جاتی ہوں شیو۔ یہ کیا بڑی بات ہے۔

شیو ۔ (مسکرا کر) ایسے نہیں کامنی۔ میری نگاہ اور تمہارے بیچ میں کوئی ہلکا سا پردہ بھی نہ رہے۔ دیکھو جیسے یہ ہے پیاری (ایک برہنہ مجسمہ کو دکھاتا ہے)

کامنی ۔ (غصہ سے) یہ تو نہ ہوگا (مسکرا کر) انگلی دیتے پہونچا پکڑنے لگے۔

شیو ۔ (روٹھ کر) بات بھی کھوٹی التجا کر کے ـــ تم مجھے نیچ سمجھتی ہو کامنی ـــ

کامنی ۔ میں تم کو دیوتا سمجھتی ہوں شیو! کڑھو نہیں میں ابھی آتی ہوں قریب کے پردے میں جا کر سب کپڑے اُتارتی ہے اور ایک چادر دونوں ہاتھ سے گلے کے پاس تھامے ہوئے دروازہ میں کھڑی ہوتی ہے۔

کامنی ۔ بس۔

شیو ۔ داہنا ہاتھ کھول دو۔ (تصویر پر جھکتا ہے)

کامنی ۔ (سیدھا ہاتھ کھول کر) بس! دنا زبھی ہے شرارت بھی شرم بھی)

شیو ۔ بایاں پاؤں بھی۔

کامنی ۔ (کھول کر) بس!

شیو ۔ داہنا پاؤں بھی۔

کامنی ۔ (دھیرے دھیرے کھول کر) بس

شیو ۔ بایاں ہاتھ بھی۔

کامنی بے خیالی میں بایاں ہاتھ کھولتی ہے۔ کھولتے ہی چادر گر جاتی ہے۔ فوراً ہی چیخ کر بیٹھ جاتی ہے ——————

شیو گھبرا کر دوڑتا ہے۔

سروپ اور سلامت لکڑہاروں کا بھیس بدلے ہوئے ہیں۔ گھاٹ کے لوگ بھی بہروپ میں ہیں۔ کوئی کچھ بنا ہے کوئی کچھ۔

سروپ اور سلامت سرنگ کے پاس پہونچے تو سدا ہٹ کو وہیں پایا۔

سلامت ۔ سدا ہٹ خبردار ہو جاؤ آج تم میرے پنجے سے نہیں بچ سکتے۔

سدا ہٹ ۔ پرنام ہے بابو جی (مسکرا کر) آپ جس کام سے جا رہے ہیں میں بھی اسی کام سے جا رہا ہوں۔

سروپ ۔ کیا کام ہے ؟

سدا ہٹ ۔ یہی کہ رتن دیوی کو پتا سے چھڑائیں۔ اور کھلاون کو نرگ کی ہوا کھلائیں۔

سلامت ۔ دیکھو دھوکا نہ دینا۔

سدا ہٹ ۔ میں نیچ نہیں ہوں بابو جی۔ مرہٹہ ہوں۔ تلوار کی چوٹ بھول سکتا ہوں پر زبان کی نہیں۔

سروپ ۔ ہوا کیا۔

سدا ہٹ ۔ شاہ صاحب جانتے ہیں۔

سلامت ۔ یہ بھی رتن بہن کے عاشق ہیں۔ کھلاون نے ٹھوکر جمائی اور نکال دیا۔ کیوں سدا ہٹ۔

سدا ہٹ ۔ میری کایا پلٹ ہو گئی ہے بابو۔ رات کو سپنے میں سورگ باش ماتا جی نے آکر مجھے پاپ سے نکال کر پن کے مارگ پر کر دیا ہے۔ میں آج سے رتن دیوی کو اپنی بہن سمجھتا ہوں۔

سروپ کچھ کہنا ہی چاہتا تھا کہ دو طرف سے دربان آتے دکھائی دیئے۔ تینوں نے پیترہ بدل کر خالی دیا۔ پھر تو چاروں طرف سے بانوں کی برشا ہونے لگی۔

سدا ہٹ نے آگے بڑھنے کا ارادہ کیا مگر سروپ نے روک لیا۔

بھائی کہاں جاتے ہو۔ گھبراؤ نہیں۔ سیٹی بجائی ـــــ گھبرا کر اکٹھا ہوگئے ـــ چاروں طرف لوگ چونک گئے۔ تیر بند ہوگئے ڈھیلے چلے۔ وہ بھی موقوف ہوگئے ـــــ ـــــ اب یہ لوگ سرنگ سے پار ہوکر ـــــ گھنے جنگل اور جھاڑیوں میں ہوتے ہوئے اڈے کی طرف چلے۔

سروپ ـ کتنی دور ہے سداہٹ۔

سداہٹ ـ ابھی ادھیا و تک آئے ہیں۔ آگے رستہ اتنا کٹھن نہیں ہے

سلامت ـ اڈے پر کتنے آدمی ہوں گے۔

سداہٹ ـ چوبیس پچیس ہوں گے۔

سروپ ـ اور ہمارے ساتھ پچاس ہوں گے (لوگوں سے) دیکھو کمند اور جال سے کام لینا۔ سب کو زندہ پکڑنا۔ کوئی بھاگے نہیں۔ اور گھائل بھی نہ ہو۔ مُش سب برابر ہیں۔

ایک سپاہی ـ اور وہ وار کریں تو!

سلامت ـ بیر تا یہی ہے کہ ان کا وار روکو اور مرے ہوئے کو نہ مارو تم دو ہو وہ ایک۔

سداہٹ ـ یہ کام اتنا سرل نہیں باوجی۔

سروپ ـ بھگوان کی کرپا چاہیئے ـــــ ساری مشکل آسان ہوجاتی ہے چلے جا رہے ہیں۔

رتن اور رادھا سو رہی ہیں۔ جوانی کی نیند ـــ کھلاون دبے پاؤں جاتا ہے۔ کلیجہ پکڑ لیتا ہے۔ پہلے رادھا کے دونوں ہاتھ باندھ دیتا ہے۔ پھر رتن کی چارپائی پر بیٹھنا چاہتا ہے۔ رتن جاگتی ہے اور تڑپ کر الگ کھڑی ہوجاتی ہے۔

"رادھا دیوی۔ رادھا دیوی"۔

رادھا دیوی کی آنکھ کھلتی ہے اٹھنے کی کوشش کرتی ہے مگر اٹھ نہیں سکتی۔ ہائے رام کلائیاں دکھ رہی ہیں۔ پتی دیو کہاں ہو؟

رتن ـ بھائی کھلاون۔ آپ دیکھ رہے ہیں۔ ہٹئے تو میں اپنی بہن کو کھول دوں۔

کھلاون ایک طرف ہوجاتا ہے۔ جب رتن بڑھتی ہے تو چاہتا ہے کہ پکڑ لے مگر رتن بجلی کے سان تڑپ کر کترا جاتی ہے۔

رتن ـ کیسے ہو رہے ہیں بھائی۔ کیا آج بہت پی گئے ہیں آپ؟

کھلاون ـ (قہقہہ لگا کر) ہاں پیاری۔ پران پیاری رتن۔ پریم سے مستانہ ہو رہا ہوں۔

رتن ـ بہن کو ایسا کہتے ہو بھائی۔

کھلاون ـ ارے بس رے بھولی بھالی بہت نخرے نہ دکھا چھوکری آج تو سارے دیوی دیوتا آجائیں تو بھی تجھے نہ چھوڑوں گا۔ غم کے جگر پہ بھالے پڑے ہیں ؎ جل جل کے اس دل میں چھالے پڑے ہیں گردن میں پریم کے مالے پڑے ہیں بھاؤ بتا بتا کر ناچتا ہے۔

رادھا ـ کیسے ہو رہے ہو سوامی؟

کھلاون ـ چپ رہ سوامی کی خالہ۔ تو نے ہی اس دن اس ترال کو میرے پنجے سے چھڑایا تھا۔

رتن ـ ہائے رام کہاں جاؤں (چاروں طرف دیکھ کر) سارے کواڑ بند ہیں۔

رادھا ـ اور میں بندھی ہوئی ہوں۔ کھلاون پیارے تم ہوش میں نہیں ہو۔

کھلاون ـ چپ رہ لنگورنی۔

رادھا ـ میں تمہاری دھرم پتنی ہوں۔

کھلاون ـ اور میں تمہارا دھرم پتنا ہوں۔

رادھا ـ میری بہن کو چھیڑو گے تو میرا رووا واں۔ رواں۔

کھلاون ـ بکے ہی جاتی ہے۔ چپ ہو جا نہیں تو۔

رادھا ـ نہیں تو کیا ہوگا سوامی۔

کھلاون ـ تیری ہڈیاں کچل ڈالوں گا۔

رادھا ـ (زور سے ہنسکر) ؎

بال نہ بیکا کر سکے جو جگ بیری ہوئے
ہاتھ کو لکھیں سائیاں مار سکے کوئے

کھلاون تو سمجھتی کہ ان گورے گالوں پر نیل نہ بنا دوں۔

رادھا ـ (قہقہہ لگا کر) تم مجھے چھو بھی نہیں سکتے پتی۔

کھلاون ـ رہ تو جا دھرمن۔

کھلاون جوش میں چارپائی کے پاس پہونچتا ہے اور طمانچہ مارتا ہے راوھا کے منہ میں ایک انگلی آجاتی ہے وہ زور سے دبا لیتی ہے۔ کھلاون ہائے ہائے کرکے تڑپ اٹھتا ہے پھر بائیں ہاتھ سے راوھا کا گلا دباتا ہے۔ انگلی چھوٹتی ہے مگر خون بہہ رہا ہے۔

اتنے میں رتن نے موقعہ پاکر بھجالی کی نوک کھلاون کی پیٹھ پر رکھدی۔ دیکھئے بھائی کھلاون آپ ہلیں گے تو میں نہیں جانتی بھجالی پیٹھ سے پار ہو جائے گی۔

کھلاون پہلے تو سن ہوگیا پھر بڑی پھرتی سے روم گھوم کر سامنے آگیا رتن ہکا بکا ہوگئی۔ کھلاون نے بائیں ہتھیلی سے داہنا ہاتھ تھام کر مروڑ دیا بھجالی چھوٹ گئی۔

کھلاون ۔ (قہقہہ لگاکر) اب کہو رتن۔ اب بولو راوھا۔ ہا ہا ہا۔ کتنی سندر ہو رتن۔ کیا جوبن ہے۔ اوہو ہو۔ ابھی ابھی اس میٹھے رس کو جی بھر کے پیتا ہوں۔

راوھا نے دونوں ہاتھ کھول لئے تھے۔ تڑپ کر اٹھی اور کھلاون کی لانبی چوٹی پکڑ کر کھینچ لی۔ رتن چھوٹ گئی۔ اب سارے کمرے میں آفت مچ گئی۔ کھلاون ایک طرف جاتا تھا تو دوسری طرف سے کوئی نہ کوئی چیز کبھی سر پہ پڑتی تھی کبھی کہیں۔ پھر بھی حرامزادے کی رسی دراز ہے اس نے دونوں کی چاروں کلائیاں ایک ایک ہاتھ سے پکڑ لیں۔ مگر خون بہنے سے مرنجیت ہوگیا۔

کمرے کے باہر بڑی جنگ ہو رہی تھی ایک طرف گاؤں کی گوار اور دوسری طرف سنڈے منڈے موالی۔ بڑی دیر کے بعد سب لوگ گرفتار ہوگئے۔

کھلاون کی آنکھ کھلی تو دیکھا کہ ہاتھ پاؤں بندھے ہیں۔ رتن سروپ کی گود میں بیہوش پڑی ہے۔ سداہٹ کھڑا مسکرا رہا ہے سلامت چپ چاپ ہے۔ راوھا اپنی گود میں پتی کا سر لئے ہوئے ہے۔

راوھا ۔ کیسے ہو سوامی۔
کھلاون ۔ شرما کر منہ پھیر لیتا ہے

(رتن چونک کر اٹھ بیٹھتی ہے۔ پرمیشر میں سوپن دیکھ رہی ہوں بڑی اندھیری رات ہے پران ناتھ۔ کیا سچ مچ میں جاگ رہی ہوں۔ (آنکھ ملتی ہے)

سروپ ۔ (دیکھیے سے لپٹا کر) تم جاگ رہی ہو رتن! یہ پرلوک نہیں پران پیاری۔

رتن ۔ (دکھی ہو کر) مجھے وشواس نہیں ہوتا۔

سروپ ۔ (ایک بوسہ لے کر) وشواس کرو رتن۔

راوھا ۔ (رتن کے پاؤں پڑ کر) دیوی اپنی دکھی بہن کی لاج رکھ لو۔ میرے سوامی کو چھوڑا دو۔

رتن ۔ پران ناتھ یہ استری نہیں دیوی ہے۔ میری آتما میری جان میری آبرو سب اسی دیوی نے بچائی ہے سروپ۔ کھلاون کو چھوا دیدو۔

کھلاون (روکر) میں چھما نہیں چاہتا۔

سداہٹ ۔ تو پھر کیا چاہتے ہو بابو جی۔ لڈو۔ پیڑا۔ برفی۔ بالوشاہی سلیم شاہی۔

کھلاون ۔ مجھ سے پاپی راکشس اور ملیچھ کو اب موت چھوڑ کر کسی کی کامنا نہیں۔ سداہٹ میں نے مور رکھتا کی تھی۔ تم میرے بس میں تھے۔ میں نے ایک ٹھوکر لگائی تھی اب میں تمہارے بس میں ہوں تم تین ٹھوکریں لگالو۔

سداہٹ ۔ (کانپ کر) کیا کہتے ہیں بابو جی۔ میں نے آپ کا نمک کھایا ہے اگر آپ اپنے پاپوں سے توبہ کرتے ہیں تو میں اب بھی آپ کا داسی ہوں۔

کھلاون ۔ اور پران پیاری راوھا تم بھی چھما کرتی ہو۔

راوھا ۔ مجھے کانٹوں میں نہ گھسیٹو پیارے۔

سلامت سروپ کا اشارہ پاتے ہی ہاتھ پاؤں کھول دیتا ہے کھلاون اٹھتے ہی سروپ کے پاؤں پر گرتا ہے۔ یہ سر آج تک کسی کے سامنے نہیں جھکا تھا سوائے سروپ۔ آپ دیوتا ہو۔ رتن دیوی آج سے میری بہن ہیں۔

سروپ پاؤں سے اٹھا لیتا ہے۔ رتن کیا کہتی ہو۔

رتن - پران ناتھ اگر آپ چھپا کریں تو میں بھی۔
سروپ - اگر آپ کریں تو میں بھی۔
رتن - پہلے آپ۔
سروپ - پہلے آپ۔
سلامت - یہ تو لکھنؤ کا تکلف ہے۔ آپ آپ میں ریل چھوٹ جائیگی
رتن - میں چھپا کرتی ہوں (مسکراتی ہے)
سروپ - اور میں بھی۔
سلامت - کیوں بھائی کھلاون ہم سے چھپا نہیں مانگتے۔
کھلاون - (ہاتھ جوڑ کر) آپ بھی چھپا کیجئے۔
سلامت - (ہاتھ کھول کر گلے لگا لیتا ہے) مگر ایک شرط سے۔
کھلاون - وہ کیا۔
سلامت - ہنس دو۔
کھلاون - دانت نکال دیتا ہے۔
سلامت - (قہقہہ لگا کر) ایسے نہیں ایسے۔
کھلاون - (ہنسکر) اس سماں۔
سلامت - اسی سماں۔ کیا کالج والی ہنسی کی گھوڑ دوڑ یاد نہیں۔
.....
.....

کھلاون اور سلامت بے اختیار قہقہے لگاتے ہیں جیسے نوجوانوں میں ہنسی کا مقابلہ ہوتا ہے۔ سروپ اور سدا ہٹ بھی ہنستے ہیں۔ مگر کم آواز سے۔ رتن اور رادھا بھی ہنستی ہیں مگر بے آواز۔

وہی برسات اور چاندنی رات مگر باغ میں بہت سے جھولے پڑے ہیں۔ بطخ اور مور کے بہت سے جوڑے مست ہیں۔ چھ جھولے پڑے ہوئے ہیں۔
جوان چھوکریاں اور جوان چھوکرے جھلا رہے ہیں۔
جھولا نمبر (۱) سروپ اور رتن - دو لٹھا اور دو ولٹھن بنے ہوئے۔
〃 (۲) سلامت اور چندا 〃 〃 〃 〃
〃 (۳) شیو بودھ اور کامنی 〃 〃 〃 〃
〃 (۴) کھلاون اور رادھا 〃 〃 〃 〃
〃 (۵) رام لال اور سدا ما 〃 〃 〃 〃
〃 (۶) انسپکٹر صاحب اور موتی 〃 〃 〃 〃

کلیوں اور پھولوں کے گجرے پڑے ہیں۔ سروپ اور رتن گاتے ہیں سب ساتھ دیتے ہیں۔ کہیں کہیں سدا ما ہکلاتی ہے یا موتی غلط شبد استعمال کرتی ہے۔ تو لوگ مسکرا دیتے ہیں۔ پریم ہی تن ہے پریم ہی من ہے رام لال اور داروغہ جی کو گانے میں بڑی تکلیف ہوتی ہے بار بار توند پر ہاتھ پھیرتے ہیں۔

(سید طالب علی - عابد)

مرثیۂ اندلس

حضرت حفیظ نعیمی پہلی بیتی نے ہسپانیہ کی اسلامی تاریخ کو نظم کی صورت میں پیش کیا ہے
فتح کفار نے اسلام کی بڑھتی ہوئی دیکھی ڈوبتے پاؤں پہ سمندر کی لہر چڑھتی ہوئی دیکھی

اس میں مسلمانوں کا شاہ ہسپانیہ کو دعوتِ اسلام دینا۔ جنگ۔ عربوں کی بہادری کا نقشہ۔ طارق کی تلوار کے جوہر۔ الغرض تاریخ اسلام کا ایک نہایت روشن باب دلکش نظم سے مرتب ہے۔ اس کتاب کا ضرور مطالعہ کیجئے اور لطف اٹھائیے۔ حجم ۷۰ صفحات۔ قیمت (عہ) علاوہ محصول ڈاک

منیجر نیرنگ خیال ۳۶ بیڈن روڈ لاہور

زورِ بیان

(از جناب فراق (گورکھپوری))

ابھی تک عندلیبِ زار کی حسرت نہیں نکلی
سرِ گلشن لہو میں تر گلوں کی آستیں نکلی

بہارِ گل نے آنکھیں پھیر لی ہیں ہم اسیروں سے
ہر اک موجِ ہوا گلزار سے چیں بر جبیں نکلی

سیہ مستوں میں شورِ ہر چہ باد ا باد ہے ساقی
چھری کھینچے ہوئے موجِ شرابِ آتشیں نکلی

دلِ عشاق پر پیہم گرا کیں بجلیاں لیکن
ہزاروں میں کروڑوں میں نگاہِ شرمگیں نکلی

دیارِ کفر و ایماں سے تو زاہد جی اچٹتا ہے
جو دل کھینچے وہ ملکِ عشق ہی کی سرزمیں نکلی

فریبِ دیدۂ پر مارے خوشی کے جان دے بیٹھے
محبت وہ کہ دنیا کہہ اٹھے حسرت نہیں نکلی

دبے تھے جو شرارِ اسمیں وہ دوزخ میں نہیں ملتے
زمیں دل کی بھی یارب کس قیامت کی ہیں نکلی

جو ہوش آیا تو کثرت گاہ عالم کا بھرم ٹوٹا
وہ غفلت تھی کہ جس سے ہر تمیز آن و ایں نکلی

نمودِ شاہدِ دنیا بھی تھی جاتی ہوئی دنیا
نگاہِ حسنِ عالم بھی نگاہ واپسیں نکلی

حریمِ نازِ دل نے کر دیا ہے بزمِ عالم کو
کہ جو صورت نظر میں کھب گئی خلوت نشیں نکلی

وہ ہم تھے جس نے بارِ عشق اٹھایا وقت آنے پر
فرشتے تیرے نکلے آسماں نکلا زمیں نکلی

بہارِ جلوۂ صبحِ ازل کو دل نہیں بھولا
پڑی جس کی نگہ اس پر نگاہِ اوّلیں نکلی

گلوں کا زخمِ پنہاں پیرہن در پیرہن نکلا
صبا کی موجِ لرزاں تیغ کیں در تیغ کیں نکلی

فراق! ابتو دلِ بے مدعا بھی مٹ چکا کب کا
کہے جاتی ہے چشمِ شوخ ابھی حسرت نہیں نکلی

(فراق)

اُردو زبان پر ایک خطبہ

(از جناب محمد مشیر احمد علوی ناظر کالکوروی بی اے علیگ)

خدا رکھے زباں ہم نے سُنی ہے میر و میرزا سے کہیں کس مُنہ سے ہم اے مصحفی اردو ہماری ہے

ہم نہیں کہہ سکتے کہ یہ شعر مصحفی نے کس سن میں کہا ہے لیکن یہ یقینی ہے کہ وہ ۱۷۸۷ء میں ایک مستند شاعر تسلیم کئے جاتے تھے۔ ڈاکٹر جان بی گلکرائسٹ نے ۱۷۹۶ء میں لکھا ہے کہ مخلوط زبان اردو[1] کہلاتی ہے۔ جو دربار کی مہذب زبان ہے اور جو بفضلہ آج بھی ہندوستان کے وسیع صوبجات میں رائج ہے۔"

چونکہ ہم کو مصحفی کے شعر کا سن نہیں معلوم ہو سکا اس لئے ڈاکٹر گریرسن[2] کے قول کے مطابق گلکرائسٹ کو اس افضلیت کا شرف حاصل ہے کہ اسنے ادبیات میں اردو کو ایک زبان کے نام کی حیثیت سے استعمال کیا۔ جولیس بلاخ[3] نے ایک عجیب و غریب بات لکھی ہے وہ یہ کہ اردو کا نام یورپین مستشرقین کا رہین منت ہے لیکن اس دلیل کی کوئی سند نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں یہ قابل غور مسئلہ ہے کہ اردو گلکرائسٹ کے خیال میں ایک مشہور زبان کا نام تھا جس کا استعمال بھی ہو چکا تھا۔ اس بیان سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ہندوستانی اردو کا لفظ استعمال کرتے تھے۔ گلکرائسٹ خود اس زبان کو ہندوستانی کے نام سے تعبیر کرتا ہے۔ ڈبلو ایچ ٹیسلی نے (انگریزی میں) "ہندوستانی" تھیس میں (۱۸۱۰ء × جو اب بھی لائبریری[4] برطانیہ میں موجود ہے اور شائقین اس سے مستفید ہو سکتے ہیں) لکھا ہے کہ جس زبان کو میں نے ہندوستانی لکھا ہے وہ کبھی کبھی ہندی۔ اردو مسلمانی اور ریختہ بھی کہلاتی ہے۔ سید انشا نے بھی دریائے لطافت میں لکھا ہے[5] کہ خوش بیانان آنجا متفق شدہ (زبان سے) متعدد الفاظ دلچسپ جدا لمودہ و بعض عبارت بکار بردہ زبان تازہ سوا زبان ما سے وگرد رسانیدند و بہ اردو ماسوم سانتند۔

باغ و بہار میں میر امن نے بھی اردو کی پیدائش پر مقدمہ میں ذکر کیا ہے۔ گو وہ اردو کو علیحدہ استعمال نہیں کرتے ہیں بلکہ ہر جگہ اردو کی زبان استعمال کرتے ہیں:۔

"حقیقت اردو زبان کی بزرگوں کی زبان سے یوں سُنی ہے کہ دلی شہر ہندوؤں کے نزدیک چوگنی ہے انہیں کے راجا پرجا قدیم سے وہاں رہتے تھے اور اپنی بھاکا بولتے تھے۔ ہزار برس سے مسلمانوں کا عمل ہوا۔ سلطان محمود غزنوی آیا پھر غوری اور لودی بادشاہ ہوئے۔ اس آمد و رفت کے باعث کچھ زبانوں نے ہندو مسلمان کی آمیزش پائی۔ آخر امیر تیمور نے جھک گھرانے میں اب تک نام نہاد سلطنت کا چلا جاتا ہے۔ ہندوستان کو لیا انکے آنے اور رہنے سے لشکر کا بازار شہر میں داخل ہوا۔ اسواسطے شہر کا بازار اردو کہلایا۔ جب اکبر بادشاہ تخت پر بیٹھے تب چاروں طرف کے ملکوں سے سب قوم قدر دانی اور فیض رسانی اس خاندان کا ثانی کی سنکر حضور میں آکر جمع ہوئے۔ لیکن ہر ایک کی گویائی اور بولی جدی جدی تھی اکٹھے ہونے سے آپس میں

---

[1] ہندوستانی زبان کی قواعد صفحہ ۲۰۰

[2] اردو نام اور زبان۔ ڈاکٹر جی۔ گریرسن۔ رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن یونیورسٹی

[3] میموزیم۔

[4] صفحہ ۱۰۰ لکھنؤ ایڈیشن۔

(امیر محل کتب خانہ کالکوروی۔ لکھنؤ)

لین دین۔ سودا سلف۔ سوال جواب کرتے ایک زبان اردو کی مقرر ہوئی۔

جب حضرت شاہ جہاں صاحب قران نے قلعۂ مبارک اور جامع مسجد اور شہر پناہ تعمیر کروایا ..... تب سے شاہجہاں آباد مشہور ہوا (اگرچہ دلّی جدی ہے اور وہ پرانا شہر اور یہ نیا شہر کہلاتا ہے اور وہاں کے بازار کو اردوے معلےٰ خطاب دیا"

سیاق کی عبارت سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ وہ کسی خاص نام کے فکر میں ضرور مستغرق ہیں اس سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ فارسی۔ ہندی۔ اسم معرفہ کی حیثیت سے بہت قبل سے مشہور ہیں۔ لیکن لفظ اردو کو خیر معمولی ہر دلعزیزی و مقبولیت اٹھارھویں صدی کے آغاز سے قبل نہ ہو سکی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ میر تقی میر کے نکات الشعرا میں سب سے پہلی بار زبان اردوئے معلےٰ نظر آتا ہے جو ۱۷۵۲ء کی تالیف ہے۔ چنانچہ ذکر میر (صفحہ ۶۲) میں یہ عبارت موجود ہے

بدیں نمانکہ در فن رختہ گفتہ کہ شعر ایست بطور شعر فارسی بزبان اردوئے معلےٰ شاہجہاں آباد دہلی کتابے تا حال تصنیف نہ شدہ۔

یہاں ڈاکٹر گرہم بیلی کا خیال ہے کہ اردوے معلےٰ سے مفہوم میر کا اسی زبان سے ہے جو بامحاورہ ہو اور دہلی کی مستند اور فصیح اردو ہو۔

مخزن نکات میں قائم نے دو برس بعد لکھا ہے کہ

"اکثر از ترکیبات فرس کہ موافق محاورہ اردوے معلےٰ مانوس گوش می یابند مجمل جواز البیان می دانند"

یہاں بھی قیسلی کے خیال میں اردوے معلےٰ سے مفہوم "صحیح اردو محاورہ ہے" اور مصنف کو فوج کا خیال بھی نہ ہوگا۔ لیکن چونکہ میر اور قائم اس جدید زبان کو ہندی یا ریختہ ہی کے نام سے یاد کرتے ہیں تو غالباً اس عبارت کا مفہوم "زبان یا محاورہ فوج" ہوگا۔ میر کے بیٹے عرش جو انیسویں صدی میں حیات تھے۔ کہا ہے کہ

ہم ہیں اردوے معلےٰ کے زباناں اے عرش
مستند ہے جو کچھ ارشاد کیا کرتے ہیں

اس شعر کا بھی سن نامعلوم ہے۔ شاعر کے باپ کا انتقال ۱۷۹۶ء میں ۸۶ سال کی عمر میں ہوا[1]

محمد عطا حسین نے نوطرز مرصع میں جو ۱۷۷۵ء کی تصنیف ہے "زبان اردوئے معلےٰ استعمال کیا ہے۔ اور تذکرہ گلزار ابراہیم میں (جسکو علی ابراہیم خاں ۱۷۸۳ء میں مرتب کیا تھا) وہ مالت خاں ثابت کے حالات میں لکھا ہے کہ تتبع زبان اردو نمودہ۔ اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں۔ وہ اردو زبان کا اتباع کرتا تھا۔ یا اردو کی زبان یا اپنی توجہ اس طرف منعطف کی تھی۔ مصحفی کے تذکرہ شعرائے ہندی میں (جو ۱۷۹۱ء میں مرتب ہوا تھا) محمد امان نثار کے حالات میں لکھا ہے کہ ادائے زبان اردو اس کا مفہوم یا تو طرز اردو زبان ہے یا زبان اردو ہو سکتا ہے۔

یہ ہمیشہ بیان کیا جاتا ہے کہ اس زبان کا آغاز فوج یا چھاؤنی کی گفتگو سے ہوتا ہے (زبان اردو) اور ارتقائی حیثیت میں لفظ زبان حذف کر دیا گیا اور کثرت استعمال سے محض اردو ہی باقی رہ گیا۔ ہم کو بہ معلوم ہے کہ شعر میں مصحفی نے لفظ اردو پہلی بار استعمال کیا تو ہم نے قرائن سے یہ طے کر سکتے ہیں کہ مصحفی کے اس شعر کا کیا سن ہو سکتا ہے تو ہمارے خیال میں مصحفی نے یہ شعر ۱۷۸۰ء کے لگ بھگ میں کہا ہوگا۔ جب شاعر کی عمر ۴۰ سال کی ہوگی۔ اب ہمارے سامنے یہ مسئلہ غور طلب ہے کہ یہ لفظ پہلی بار ۶۰ ۷ سال مغل قیام افواج لاہور میں استعمال کیا گیا یا تقریباً ۶۰۰ سال بعد افواج کے مستقر ہونے کے بعد دہلی میں یا ۲۶۰ سال مابعد بابر نے اپنی چھاؤنی کا نام اردوئے معلےٰ رکھا۔ اردو زبان ۷۵ سال قبل سے اس نام سے تحریرات میں عالم وجود میں آئی جس نام سے یہ آجکل یاد کیا جاتی ہے اور اگر ہم اولیں تاریخ ۱۷۰۰ء تسلیم کر لیں جب میر نے اس زبان کو شاہی چھاؤنی کی زبان استعمال کیا ہے ہم اعداد میں سے ۳۰۰ سال حذف کر دیتے ہیں۔ دور مغلیہ کے کسی مورخ نے لفظ اردو استعمال نہیں کیا ہے ہم کو حسب ذیل سوالات کے جوابات بھی دینا ہے۔

(۱) اردو کا نام صدیوں بعد کیوں دیا گیا؟

(۲) اگر اٹھارھویں صدی میں یہ نام وضع کیا گیا ہے تو اس زبان کے لئے یہ نام کیوں منتخب کیا گیا جبکہ سالہا سال قبل یہ نام فوج کا تھا۔

[1] ڈاکٹر گرہم بیلی نے اپنی جدید تحقیقات کی بنا پر یہ لکھا ہے کہ میر کا سن وفات ۱۷۹۹ء ہے ۱۸۱۰ء غلط ہے۔

(۳) اگر فوج کا نام ۱۵۳۶ء تک (عہد بابری تک) اردو نہیں تھا تو وہ زبان جو ۵۰۰ سال سے قبل سے رائج تھی اس کا نام ضرور کچھ ہوگا۔ تو پھر وہ نام کیوں دور ہو گیا؟

اس مسئلہ کو بیان کر دینا حل کر دینے سے زیادہ آسان ہے میرے نزدیک اس کے سوا اس عقدہ کا دوسرا حل نہیں ہے کہ کوئی نام باصفت مثلاً زبان اردو عام بول چال کی گفتگو میں ضرور تھا۔ اس وقت سے پہلے بھی جبکہ فوج کو اردو کا نام دیا گیا اور وہی تدریجاً سالہا کے مابعد میں کتابوں میں داخل ہو گیا اور غالباً اس (تعین) وقت سے قبل جس کا ہم کو علم نہیں۔ کیونکہ لفظ اردو کا استعمال عہد مابعد میں ہو ڈاکٹر گرئیرسن بیلی کا خیال ہے کہ یہ ثبوت شرمندہ دلیل ضرور ہے۔ لیکن پھر بھی یہ خیال خضر راہ ضرور ثابت ہو سکتا ہے۔ کیونکہ ہم کو یہ ہمیشہ خیال رکھنا چاہیئے۔ کہ عہد آغاز میں اردو ادب روزمرہ کی گفتگو زندگی کا مکمل آئینہ نہیں تھا۔ اور بہت کچھ بول چال میں زبان مستعمل تھی جس کی "صدائے بازگشت" کتابوں میں مفقود تھی۔

اٹھارھویں صدی اور اس سے قبل ہندی (ہندوی) عام نام اس زبان کا تھا جو ہندوستان میں عجمی و ہندی سماج کے امتزاج سے بن رہی تھی۔ اور ریختہ اس زبان کو کہتے تھے جو ادبی و شاعرانہ کی جنبات کی حامل تھی۔

جعفر زٹلی (۱۷۱۳ - ۱۶۵۹) نے ایک شعر لکھا ہے۔ ؎

اگرچہ سخن کوڑہ کرکٹ است ؛ بہ ہندی و رندی زبان لت پت است

فضلی نے وہ مجلس میں (جو ۱۷۳۲ء کی تصنیف ہے) لکھا ہے۔ اور ابتک ترجمہ فارسی بہ عبارت ہندی نثر نہیں ہوا۔

آثر نے خواب و خیال (جو ۱۷۴۴ء کی تصنیف ہے) میں لکھا ہے کہ

ریختہ نے تب یہ شرف پایا ؛ جبکہ حضرت[1] نے اس کو فرمایا

خواب و خیال میں صفحہ پر فہرست تصانیف میں اردو کو ہندوی بھی کہا ہے

فارسی سو ہے ہندوی سو ہے ؛ باقی اشعار مثنوی سو ہے

افضل بیگ نے اپنے تذکرہ تحفۃ الشعرا میں (جو ۱۷۵۲ء کی تالیف ہے اور زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوا ہے) مطلقاً انہیں شعرا کا تذکرہ ہے جو فارسی کے شاعر تھے۔ لیکن جہاں اردو کا تذکرہ ہے اسکو ہندی لکھا ہے چنانچہ عبدالحی وقار کے حالات میں لکھا ہے کہ اشعار فارسی و ہندی تاب درست دارد

چمنستان[2] شعرا میں صفحہ ۱۵۲ پر یہ عبارت موجود ہے

شاہ مبارک نے (اپنے متعلق) اپنے دیوان زادہ میں (جو ۱۷۵۸ء کی تالیف ہے) میں لکھا ہے کہ

در شعر فارسی پسر و میرزا صائب است و در ریختہ ۔

ولی را استاد میداند۔

میر حسن (جن کی وفات ۱۷۸۶ میں ہوئی ہے) ہمیشہ ہندی اور ریختہ استعمال کیا ہے اور اردو کو استعمال نہیں کرتے اور اپنی مثنوی (جو ۱۷۷۳ء کی تالیف ہے) تذکرہ سخن آفرینیاں ہندی استعمال کیا ہے۔

شاہ عبدالقادر نے اپنے مشہور ترجمہ کلام مجید میں لفظ ہندی ہی استعمال کیا ہے۔

"اس میں زبان ریختہ نہیں بولی بلکہ ہندی متصرف کہ عوام کو بے تکلف دریافت ہو"

میر (۹۹-۱۷۱۳) سودا (۸۰-۱۷۱۳) اور قائم (۱۷۹۰) نے ریختہ میں استعمال کیا۔

میر نے لکھا ہے کہ

مضمون کیسے کیسے کہے ریختہ ولے ؛ سمجھا نہ کوئی میری زباں اس دیار میں

لفظ ہندی پر کسی تبصرہ کی ضرورت نہیں ہے ابتدائے عہد میں قدرتاً یہی لفظ مستعمل تھا۔ بہت سے وجوہ سے ریختہ کے دئے گئے ہیں۔ مثلاً ریختہ فارسی لفظ ہے جس کے معنی گرایا ہوا یا ڈھالا ہوا اور اصطلاحاً ریختہ کا اطلاق ایسے کلام پر ہوتا ہے جو دو زبانوں (عربی و فارسی) پر مشتمل ہو۔ (۲) ریختہ کے معنی گرا ہوا ہیں چونکہ اردو کو ذلیل و حقیر تصور کیا جاتا تھا اس لئے اس کو ریختہ کہا گیا۔ (۳) اردو کو ریختہ اس لئے کہتے تھے کہ اس کے اندر ہندی عربی و فارسی الفاظ شامل کئے گئے تھے۔ (۴) ریختہ امیر خسرو کی

---

[1] حضرت سے مفہوم ولی ہے جو استاد بھائی تھے۔

[2] آب حیات ایڈیشن ۱۹۱۰ء صفحہ ۱۱۵ - محمد حسین آزاد۔

[3] تذکرہ ہندستان شعرا لچھمی نرائن شفیق۔ یہ تذکرہ انجمن ترقی اردو کی جانب سے شائع ہو چکا ہے۔

ایجاد کردہ فن موسیقی کی ایک اصطلاح ہے۔ کیونکہ ہندی الفاظ فارسی سخن میں گانے سے زیادہ پیارے معلوم ہوتے ہیں (۵) ریختہ کے معنی ہیں مختلف مسالوں کی ایک پختہ اور مستحکم تعمیر کے۔ ناسخ کے بعد (المتوفی ۱۸۳۸ء) شعرائے لکھنؤ نے لفظ ریختہ ترک کیا اور اس کے بجائے اردو استعمال کرنے لگے۔ مگر دہلی میں ۱۸۵۷ء تک ریختہ مستعمل رہا۔

خضر پلگرامی نے جلوہ خضر میں لکھا ہے کہ ریختہ شاہجہاں کے عہد سے مستعمل ہے اس کے لئے ڈاکٹر گریرسن ہبلی کے الفاظ میں "ثبوت کی ضرورت ہے"

امیر خسرو نے اس جدید زبان کو زبان دہلوی لکھا ہے اور آئینہ اکبری میں ابوالفضل نے بھی زبان دہلوی لکھا ہے۔

شاہ حاتم نے اپنے دیوان زادہ کے دیباچہ میں روزمرہ دہلی لکھا ہے

روزمرہ دلی کہ مرزایان ہند در محاورہ آرند منظور دارد"

اور دوبارہ لکھا ہے کہ

"روزمرہ را کہ عام فہم و خاص پسند باشد اختیار نمود"

دکنی مصنفین میں شاہ میراجی (المتوفی ۱۴۹۶ء) نے جو مشہور مذہبی مصنف گزرے ہیں جو مبلغ بھی تھے۔ اردو ہی میں تبلیغ کیا کرتے تھے لکھا ہے کہ

یہ بولو ہندی سب اس ارتو کے سبب

ان کے بیٹے شاہ برہان الدین (المتوفی ۱۵۸۲ء) نے ارشاد نامہ میں لکھا ہے کہ

اب نہ ہندی بول۔

انہوں نے اس جدید زبان کا نام حجۃ البقا می گجری بھی استعمال کیا ہے۔

جے ہوئے گیان بھکاری دیکھے بھاکا گجری

جو لوگ عقلمند ہیں جو گجری کو ذلیل نہ سمجھیں گے۔ یہاں گجری سے اردو ہی مقصود ہے۔ اور ارشاد نامہ میں ہے کہ

یہ سب کیا گجری زبان

میں نے یہ سب گجری زبان میں لکھا ہے یہاں بھی گجری سے اردو ہی مقصود ہے۔

موکما دھمی سے قطب مشتری میں (جو ۱۶۰۹ء کی تصنیف ہے) جو ہندوستانی دفتر کی فہرست میں گمنام اور مختلف ناموں کے موجود ہے۔

۱۶۳۴ء میں ایک نثر کی کتاب سب اس تصنیف کی اور حمد و ثنا کے بعد لکھا ہے کہ

آغاز داستان بہ زبان ہندوستان

یہاں سے دکھنی اور دہلوی اردو کا لطیف فرق شروع ہوتا ہے دکھن کی زبان دکنی یا دکھنی کہلاتی تھی جیسے رشیمی کے خاور نامہ میں (جو ۱۶۲۹ء کی تصنیف ہے) لکھا ہے کہ "خاور نامہ دکنی کہتا ہوں نام میں نے اس کا نام دکنی خاور نامہ لکھا ہے۔ شاہ سلک کے شریعت نامہ میں بھی (جو ۱۶۶۶ء کی تصنیف ہے) لکھا ہے کہ "دکھنی میں بولیا ہے صاف" کہ یہ صاف دکھنی میں ہے۔ ہندوستانی دفتر کی فہرست میں غلطی سے اس مصنف کا نام شاہ ملک لکھ گیا ہے۔

ڈاکٹر ہبلی نے اسی سلسلہ میں ایک یہ بھی تحقیقات کی ہے کہ اردو ترکی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی لشکر یا چھاؤنی (کیمپ) میں اور انگریزی زبان کا لفظ ہورڈ (HORD) اسی سے مشتق ہے۔ ۱۱۹۳ء کے بعد دہلی میں جو اسلامی افواج تعینات رہیں انکو اردو یا اردوے معلیٰ کہتے تھے لیکن واقعہ یہ ہے کہ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے فی الحقیقت اردوے معلیٰ کی بنیاد اس سے ۲۰۰ سال قبل یعنی ۱۰۰۱ء میں رکھی جا چکی تھی۔ زندہ دلان پنجاب اس پر بجا طور سے فخر کر سکتے ہیں کہ جب سلطانی افواج کی چھاؤنی لاہور میں قائم ہوئی تھی اور وہ ولایتی سپاہیوں اور پنجابی لوگوں کی گفت و شنید اور داد و ستد اور شادی و بیاہ و اختلاط کے سلسلہ میں ایک جدید زبان بننا شروع ہوئی جو آئندہ چل کر اردو کہلائی۔ گویا زبان اردو کا سب سے پہلا پودا وہ تھا جو پرانی پنجابی کی زمین میں فارسی و ترکی الفاظ کی تخم ریزی سے اس سرزمین میں پیدا ہوا اور اس کے بعد جب ۱۱۹۳ء میں مسلمان افواج کی چھاؤنی دہلی میں قائم ہوئی تو وہ پودا دہلی کی شیریں اور لوچ دار کھڑی بولی کے امتزاج سے جدید زبان کا مورث اعلیٰ بن گیا۔

تاریخ بیہقی سے پتہ چلتا ہے کہ جب سبکتگیں نے اپنی نئی سلطنت کا پتلا بنا کر کھڑا کیا اور ہندوستان کی بولیوں میں عربی و فارسی کے ترکی میل کا وقت آیا اسوقت پشاور۔ پنجاب اور غزنین میں صلح اور لڑائی کے تعلقات قائم تھے۔ آمد و رفت۔ جنگ۔ صلح و آشتی کے لئے دونوں قوموں کی زبانوں میں اختلاط کا موضع موقع آگیا تھا۔ اس وقت

ترکستان میں ہزار ہا ہندوستانی موجود تھے جو یہاں سے نوکری کے لئے اور دوسرے مختلف طریقوں سے بھی گئے تھے اور امیر سبکتگین کی فوج میں دوسری اقوام کے دوش بدوش ہندو بھی داخل تھے۔

ولشکر خواستن گرفت و بسیار مردم جمع شد از ہندو خلیج و از ہر دستی[1]

محمود کے دربار میں ہندی کا مترجم تک تھا جو فارسی جانتا تھا اور نامہ و پیام مراسلت کی خدمت اس کے سپرد تھی۔

"خطے نیکو ہندوی فارسی و مدتے دراز بکشمیر رفتہ بود و شاگردی کردہ ـــ و ادرا دبیری و مترجمی کردی با ہندوان"[2]

آل سبکتگین میں (جو آل مسعود کے عہد میں مرتب ہوئی تھی) بھی ایک ہندو مترجم بیرل کا ذکر موجود ہے جس کا تعلق دفتر انشا سے تھا۔

"ہمچناں بیرل ہندوان ما"

محمود کے دربار میں جہاں عرب و عجم کے اہل علم تھے وہاں ہندوستان کے اہل علم بھی شریک بزم تھے۔

کالنجر کے راجہ نندا نے ۱۰۱۹ء میں سلطان کی مدح میں ایک ہندی شعر لکھ کر بھیجا۔ تو اس کی دربار خسروی میں بڑی قدر ہوئی۔ یہ واقعہ فرشتہ میں موجود ہے۔

"و نندا بزبانِ ہندی در مدح سلطان شعرے گفتہ نزد او فرستاد و سلطان امراء و فضلائے ہند و عرب و عجم کہ در ملازمت او بودند نمودہ ہمگی تحسین و آفریں کردند"

یہ وہ عہد تھا جب لاہور بھی فتح نہیں ہوا تھا۔ اس زمانہ میں بھی سلطان کے دربار میں عرب و عجم اور ہند کے فضلا پہلو بہ پہلو بیٹھے تھے اور سب اتنا ذوق رکھتے تھے کہ ہندی شعر کو سمجھ لیں اور مزہ لیں اس عہد کا مشہور شاعر مسعود سعد سلمان جو لاہور میں پیدا ہوا تھا اس نے عربی و فارسی اور ہندی کا دیوان یادگار چھوڑا ہے۔

یکے بہ تازی و یکے بہ پارسی و یکے بہ ہندی[3]

یہ شوق روز بروز ترقی کرتا گیا۔ حتیٰ کہ ایک ترک خاندان جو دہلی میں رہتا تھا اس میں خسرو جیسا ہمہ داں شاعر پیدا ہوا جس نے عربی فارسی ہندی میں علیحدہ علیحدہ بھی اور تینوں زبانوں کے مصرعوں کو بھی ملا کر بھی شاعری کی چنانچہ انہوں نے خود بھی اپنے دیوان غرۃ الکمال کے خاتمہ میں اس پر فخر کیا ہے۔ یہی میل جول ہے جو زبان بنی اس کا پہلا نمونہ ہم کو ۱۲۹۸ء میں خسرو تغلق کے عہد میں ملتا ہے سنہ مذکور میں سلطان ٹھٹھہ ناکام حملہ کر کے گجرات چلا گیا۔ تو ٹھٹھہ والوں نے سکو اپنے شیخ کی کرامت سمجھ کر کہا۔ "برکت شیخ نیا اک ہوا اک تھا" یعنی شیخ کی برکت سے ایک حملہ اور (محمد تغلق نے ۱۳۲۷ء میں حملہ کیا تھا گیا) اور دوسرا (فیروز تغلق) ناکام رہا۔ ۱۱۹۲ء میں دہلی پر قبضہ کر کے بحیثیت سلطان کے (اپنے آقا کی وفات کے بعد) حکومت شروع کر دی۔ اس کی فوجوں نے لاہوری افواج کو مغلوب کر کے بعض سپاہیوں سے دوستی پیدا کی اور دونوں افواج دہلی گئیں (اور رسل و رسائل کے ذرائع قائم رکھنے کے لئے بہت کافی فوج لاہور میں بھی چھوڑی گئی۔ اور ایبک کے لئے یہ ضروری بھی تھا کہ وہ سب مغلوب سپاہ کو دہلی لے جائے تاکہ لاہور میں بغاوت کا کوئی خدشہ باقی نہ رہ جائے۔ لہٰذا ایک بہت بڑی جماعت جو قطب الدین ایبک کے ساتھ دار الخلافت میں داخل ہوئی وہ یقیناً سنی زبان (اردو) بولتی تھی جو نتیجہ بھی اس امتزاج و اختلاط کا ہندی و افغانی سماج کے معاشرتی جذبات کی پذیرائی کا اور یہ فوج ظفر موج جب دہلی آئی تو یہاں بھی اس نے قدیم کھڑی بولی کو متاثر کیا اور یہی آگے چل کر اردو کے معلے بن گئی۔

ان ابتدائی حالات پر غور کرنے کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ اردو کا وطن اصلی لاہور ہے نہ کہ دہلی اور ابتدائی پنجابی اس کے اجداد میں شمار ہو سکتی ہے اور برج بھاشا کو اس سے کوئی دور کا بھی علاقہ نہیں ہے۔ بدقسمتی سے اس دور کی کوئی مستند کتاب ہم کو نہ مل سکی جس سے ہم یہ طے کر سکتے کہ قدیم ابتدائی پنجابی کی شکل کیا تھی۔ لیکن یہ یقینی ہے کہ وہ قدیم کھڑی سے زیادہ مختلف ہوگی برج بھاشا کا کوئی سوال ہی نہیں ہے یہ مابعد کی غلط تحقیقات کا نتیجہ ہے جو ممالک متحدہ والوں کی طبع زاد ہے۔ ۱۸۰۰ء میں جب

---

[1] تاریخ بیہقی صفحہ ۲۰۴، صفحہ ۵۰۴ کلکتہ ۔ [2] تاریخ بیہقی صفحہ ۱۰۳ کلکتہ ۔ معارف ۱ ۔ جلد ۳۲ صفحہ ۹ ۔ [3] باب الالباب ۔ صوفی جلد ۲ صفحہ ۴۲ ۲ گب اڈیشن معارف ۱ ۔ ۱۹۱۸ء صفحہ ۔ [4] حکیم صاحب کو خوش ہونا چاہئے اور حاسدانِ ادب کو جلنا چاہئے اگر آج اردو کی ترویج و اشاعت پر پنجاب آگے ہے تو اس کا حق تو یہی ہے ۔ [5] اس خطبہ میں بہت سی کتابوں سے امداد لی گئی ہے۔ اور سب سے زیادہ ڈاکٹر گرہم بیلی کے ایک مضمون سے۔

سلطان قطب الدین ایبک کے دربار میں اردو کی فوج کا داخلہ اور اس کا لاہور سے دہلی جانا۔ اور جب سلطان قطب الدین ایبک کے دربار میں اردو کی فوج کا داخلہ ہوا تو اس کے ساتھ اردو کی ایک بڑی جماعت بھی دہلی گئی۔ اور اس کے بعد سے دہلی میں اردو کی فوج کا داخلہ ہوا تو اس کے ساتھ اردو کی ایک بڑی جماعت بھی دہلی گئی۔

پریم ساگر کی ایک رات

(از جناب خورشید اقبال حیا میرٹھی)

نظر تاروں کی جھپکی جا رہی ہے — فضائے دہر کو نیند آ رہی ہے
سکوتِ شب سکوں بر دوش آیا — درختوں پر خموشی چھا رہی ہے
شگوفے نرم و نازک کھل چلے ہیں — ہوا سرد اور پُر نم آ رہی ہے
اُفق سے چاند چپکے چپکے نکلا — تجلّی اُس کی بڑھتی آ رہی ہے
منوّر چاند کے میٹھے اثر سے — فضا پُر نور ہوتی جا رہی ہے
ستاروں کی یہ ہلکی مسکراہٹ — فضا میں جس سے تابش آ رہی ہے
سریلے راگ پریم اور پریت کے گیت — کہیں پھولوں پہ بلبل گا رہی ہے
ہواؤں میں ہیں ہلکے ہلکے نغمے — سکون بنکر مسرت چھا رہی ہے
کسی نے بانسری میں راگ چھیڑا — صدا کچھ دھیمی دھیمی آ رہی ہے
نہ جاگ اٹھیں کہیں خوابیدہ کلیاں — ہوا دھیمے سروں میں گا رہی ہے
رواں ندی کی موجیں ہیں سکوں سے — لطافت موج پر لہرا رہی ہے
یہ خاموشی یہ دلآویزیٔ شب — نگاہوں پر سکوں برسا رہی ہے
وہ روز و شب جو تھے اک خواب شیریں — تصور میں انہیں یہ لا رہی ہے
وہ دن جب زندگی تھی کیف یکسر — انہیں کی یاد پھر تڑپا رہی ہے
تصور پھر وہی دل آزما ہے — طبیعت ہے کہ مچلی جا رہی ہے
مری تخئیل میں پھر آ گئے وہ — نظر جن سے تجلّی پا رہی ہے
تصور اُن کا کتنا کیف زا ہے — ابھی سے بیخودی سی چھا رہی ہے
نہ آؤں یاد جن کو بھول کر میں — مجھے کیوں یاد ان کی آ رہی ہے
محبت چھا گئی ہے میرے دل پر — محبت میرے دل پر چھا رہی ہے
بلائے یاس ہے دل پر مسلّط — گھٹا سی بن کے چھائی جا رہی ہے
پتہ ساحل کا کوسوں تک نہیں ہے — محبت کس طرف لے جا رہی ہے

اگر دلکش ہے ساحل تو مجھے کیا
میری کشتی تو ڈوبی جا رہی ہے

(خورشید اقبال حیا)

آہ - وہ عہدِ کیف بار!

(از جناب گوہر اقبال حور)

آہ، وہ عہدِ کیف بار جب تھیں مسرتیں نصیب
میرا خیال میری یاد - دل سے "کسی" کے تھی قریب

چھایا ہوا تھا اک سکون اس دلِ ناشکیب پر — روح تھی میری مطمئن، وعدۂ پُر فریب پر
کھیل رہی تھیں عشرتیں، ذہن کے صحن زار میں — ڈوبا ہوا تھا ہر نفس کیفیتِ خمار میں

ایسی چلی ہوائے غم — شمعِ سکوں بجھا گئی
ٹوٹ پڑی بلائے غم — یاس کچھ ایسی چھا گئی

جلوۂ صبحِ کیف زا
شامِ الم میں چھپ گیا

چھا گئی تیرگی شام — سو گیا بختِ خفتہ کام
مٹ گئی لمحہ بھر میں آس — رہ گیا میرا جی نراس

وہ تھی خوشی کی ابتدا
یہ ہے الم کی انتہا

یہ ہے الم کی انتہا - ٹوٹا پڑا ہے دل غریب

غم ہی مرا نصیب تھا، غم سے گھرا ہوا ہے دل
سیلِ ملال و یاس میں ڈوبتا جا رہا ہے دل

پہلی خوشی کی ساعتیں ہو گئیں اس طرح تمام — خواب میں بھی نہیں نصیب ایسا مٹا خوشی کا نام
زخم جگر میں ہے خلش نشترِ غم کی چھیڑ سے — آنکھ جراحت آشنا اشکِ الم کی چھیڑ سے

ختم ہوئیں مسرتیں — کیفِ حیات کھو گیا
خواب ہیں اب راحتیں — میرا نصیب سو گیا

نقشِ محبت و وفا
دل سے "کسی" کے مٹ چکا

مٹ گئیں ساری حسرتیں — آہ! میری مسرتیں
دل ہے فگار و مضمحل — ہائے یہ بیقرار دل!

ٹوٹ چکا سکوں کا جام
عمر بھی ہو کہیں تمام

عمر بھی ہو کہیں تمام، جینے سے تھک گیا ہے دل

کوہسار شملہ

(از نتیجۂ فکر مصورِ فطرت۔ ڈاکٹر تاج زبیری میرٹھ)

دیکھئے حیرت نگر! شملے کا یہ کہسار دیکھ
رفعت و رنگینیٔ و عظمت کا اک انبار دیکھ

نغمہ سنجانِ فرازِ کوہ کے نغمات سُن
دُور تک چوٹی پہ رقصِ ابرِ گوہر بار دیکھ

دیکھ یہ اونچے درختوں کی خموشی استادگی
یہ شفق کے سائے میں رنگِ نہفتہ زار دیکھ

رہ گذر ہیں جن سے چکراتا تھا رہرو کا دماغ
سب وہ ناہمواریاں پھر ہو گئیں ہموار دیکھ

دیکھ آثارِ نمو کی یہ مسلسل شوخیاں
آ، عروسِ رنگ و بو کو مستقل بیدار دیکھ

منکشف قدرت کا ہر رازِ نہفتہ ہے یہاں
خاطرِ فطرت بہ ہر لمحہ شگفتہ ہے یہاں

دیکھ خیر آبادیوں میں دُور تک آبادیاں
زندگی کے شور سے گونجی ہوئی ہیں وادیاں

ہر نفس مستی سے صد میخانہ در آغوش ہے
یعنی حاصل ہیں نگاہ و ذہن کو آزادیاں

پتھروں کے ڈھیر اور ان میں بہر سو زندگی
دیکھ یہ انسانِ ناقص کی جہاں ایجادیاں

یہ فضا یہ ہستیٔ غم آشنا کی عیدگاہ
مل رہی ہیں شادکامی سے گلے ناشادیاں

یہ ثریا خام کلیاں نازنینانِ بہار
یہ حسین و مہ جبین کہسار کی شہزادیاں

سیر کر شملے کی ہر اندوہِ ہستی بھول جا
رفعتوں کا چاند بن جا رنجِ پستی بھول جا

غزل

(از جناب مصور قلم ماسٹر باسط۔ بسوانی)

جو آئے ہو یہاں۔ آتش بیانی دیکھتے جاؤ
لحد پر شمع کی شعلہ زبانی دیکھتے جاؤ

بُتو شانِ خدا بھی تم کو کہکر جی نہیں بھرتا
ابھی کیا ہے۔ ہماری حق بیانی دیکھتے جاؤ

سراپا سوز مثلِ شمع ہوں پر اُف نہیں کرتا
زباں ہونے پہ میری بے زبانی دیکھتے جاؤ

ذرا سنبھلے ہوئے اے عاشقو بحرِ محبت میں
کہیں سر سے گزر جائے نہ پانی دیکھتے جاؤ

جو تم چاہو وہی اچھا۔ جو تم کہدو وہی بہتر
ہماری ہمنوائی۔ ہم زبانی دیکھتے جاؤ

خلاصہ ہے نگاہِ واپسیں افسانۂ غم کا
مرے جذباتِ دل کی ترجمانی دیکھتے جاؤ

کہاں پر پاؤں رکھتے ہو۔ کہاں پر پاؤں پڑتا ہے
ذرا تم لغزشِ کیفِ جوانی دیکھتے جاؤ

تمہارا نام سب لیتے ہیں اور آنکھیں نہیں ملتیں
ذرا بیمارِ غم کی ناتوانی دیکھتے جاؤ

ابھی آغاز ہے افسانۂ الفت کا ہنستے ہو
رُلائے گی تمہیں میری کہانی دیکھتے جاؤ

نہ کچھ اس کی حقیقت ہے، نہ باسط اعتبار اس کا
طلسمی گھر ہے یہ دُنیائے فانی دیکھتے جاؤ

ایران میں اقتصادی ارتقا کی ابتدا

رضا شاہ کا دہ سالہ کارنامہ

(از مفتی غلام جعفر بی اے صحیفہ نگار لاہور)

تاثرات مغرب ایک مدت سے دنیا پر موثر ہو رہے ہیں۔ امریکا و آسٹریلیا کی گرمی حیات یورپ کے ہی نو آبادکاروں کے دم سے ہے۔ وہاں تاثرات مغرب تو بجائے خود مغربیت، بلکہ مغرب زدگی کا عمل دخل ایک امر لازم تھا اور ہے۔ بلکہ مغربیت میں امریکہ تو مادر یورپ سے بھی پیش پیش ہے علیٰ ہذا القیاس، افریقہ کے وہ قطعات جہاں سفید فام مغربیوں کا عنصر غالب ہے۔ خواہ بلحاظ کثرت آبادی و فوقیت و آزادی اور خواہ بلحاظ غصب و تصرف اقتصادی سحر مغرب سے مسحور ہیں اور ہونا بھی چاہئے تھا۔

رہا ایشیا۔ یہاں چین و جاپان اور ہند و افغانستان۔ گو نسبتاً بیش و کم مگر سب کے سب کچھ نہ کچھ بہر حال۔ زبان حال و قال سے مغرب کے مداح اور مغربیت کے مقلد بننے میں جد و جہد کی داد دیتے نظر آتے ہیں۔ کم سے کم معاشرہ کے بعض طبقے۔ بالخصوص پڑھے لکھے اور روپے پیسے والے تو مغرب زدہ ہوئے جاتے ہیں۔ پھر جاپان شاگرد رشید تو استاد سے بھی گوئے سبقت لیجانے میں کوشاں ہے بلکہ بعض صورتوں میں لے جا چکا ہے۔

ان سب سے قطع نظر اسوقت ہمارے خیالات اور تحقیقات کا مرکز شعاعی ایران ہے۔ انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں دو دو مان زار کے روس اور انگلستان۔ ان دو دول یورپ کی رقابتوں اور رفو قیتوں کے ہاتھوں ایران کی نکبت انتہا تک پہنچ چکی تھی اور بقول بعضے از مدبرین و فرنگ ایران کی گردن کے سائے مغربی استعمار کی قسمہ بازی اپنا ہلاکت آفریں کھیل کھیل رہی تھی کہ اتنے میں ۔ ع

"مردے از غیب بروں آمد و کارے بکرد"

رضا شاہ پہلوی کی شخصیت حرکت و عمل کی علمبردار بن کر میدان میں نکلی اس نے جہاں قدیم قاچاری ملوکیت کا تار و پود بکھیرا۔ وہاں اس کے بجائے جمہوریت اور آمریت کے بظاہر اجتماع ضدین سے ایک جدید طرز حکومت قائم کیا۔ پارلیمانی مجلس کا قیام عمل میں آیا۔ مگر شخصی پنجۂ آہنی سے اس کا استحکام ہوا۔

اب اس جوہر قابل نے مغربیوں اور مغرب زدگیوں دونوں کو راہ فرار دکھائی اور حریف و حلیف سب سے پہلوی خاندان کی حکمرانی منوائی مگر ساتھ ہی وہ شے بھی قبول کی جسے "تاثرات مغرب" یا بالفاظ صحیح تر "تاثرات عصر حاضر" کہنا چاہئے۔

آغاز اصلاح

نکتہ جو اور نکتہ رس نگاہوں سے دیکھنے والے محققین اور ماضی حال و استقبال کا موازنہ کرنیوالے مدبرین کے نزدیک ایران نے آخری قاچاریوں کے عہد میں تاثرات مغرب اور مقتضیات عصر حاضر کو بہت کم قبول کیا۔ اور اگر کچھ کیا بھی تو اس کی رفتار سست ہی رہی۔ اور کیوں نہ رہتی جبکہ اصل و حقیقت میں اغیار برسر کار تھے۔ روس اور انگلستان کو اپنے اپنے حلقۂ اثر یعنی شمالی اور جنوبی ایران میں اپنی اپنی ملک دارانہ سیادت

نیرنگ خیال ہندستان کی ہر لائبریری اور کلب میں منگوایا جاتا ہے اگر آپکے شہر میں کوئی کلب یا لائبریری اس سے خالی ہے تو انہیں توجہ دلائیے

سیاست اور تجارت منفعت سے سروکار تھا۔ اور بس۔ ان مغربیوں کو کیا پڑی تھی کہ اصلاح ایران کا دردِ سر بیکار مول لیتے۔ اُدھر آخری قاچاری سلطان ماشاء اللہ کجکلاہ ایران ان کا یہ حال تھا کہ آئے دن اروپی فرنگ کی سیاحت و سیر کا سودا ضرور ان کے سر میں سماتا۔ وہ یورپ کو اپنے قدوم مغتنم فرماتے۔ حسنِ فرنگ کی پرستاری اور تعیشِ فرنگ کی پاسداری میں خوب خوب انہماک دکھلاتے۔ لاکھوں لٹاتے۔ مگر جب واپس آتے۔ تو فرنگستانیوں کے سیاسی۔ اقتصادی اور معاشری اطوار شمائل میں سے کوئی سی شے ہمراہ نہ لاتے۔ ان کی سیاحتِ یورپ ایک گراں قیمت عیاشانہ مشغلے اور شخصی تفریح و تفنن کے مشغلے سے بڑھ کر ثابت نہ ہوتی۔ اگر یہ عیش کے بندے ایک آدھ کام کی بات بھی سیکھ کر آتے اور اسے اپنی ہاں رائج کرتے تو غیر جانب دار مفکر و مورخ ان کے اسراف کو ایک حد تک حق بجانب قرار دیتے۔ اگر قدرِ اول نے تفاخرِ اصلاح رضا شاہ کو قسمت کیا تھا۔ جس کی آمد تک ایران وہ ولایت تھی کہ تاثراتِ عصرِ حاضر سے اثر پذیر ہونے میں باقی سب ایشیائی مملکتوں سے پیچھے ہی رہی تھی۔

غرض رضا شاہ کا دورِ جدید کا آغاز ہو گیا۔ اب پہلوی خاندان کے پہلے حکمراں نے فیصلہ کیا کہ تاثراتِ عہدِ حاضر تو ضرور کارفرما ہوں مگر غلط کار مغربیت سے گریز اور مغرب زدگی سے قطعاً پرہیز کیا جائے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جب سے اب تک (یعنی ۱۹۲۵ء سے جب رضا شاہ تخت نشین ہوا آجتک) جدت کے متعلق اس کی اس حکمتِ عملی پر اب تک برابر عمل پیرا ہے اور آمس نے عصرِ حاضر کے تقاضوں اور مطالبوں کے سامنے سر نیاز جھکا رکھا ہے۔

زمانۂ حالیہ میں ایران کی مادی ترقی اور نشو و نمائے وسائل قدرتی کی تفصیل ایک بیان طویل ہے۔ اس لئے صرف چند نسبتاً زیادہ اہم امور کی کیفیت تحریر کی جاتی ہے۔

آج کل قاچاری جمود و خمود کی جگہ عمل و حرکت نے لے لی ہے۔ گزشتہ اور موجودہ کو الف میں بُعدِ عظیم رونما ہو گیا ہے۔

ترقی کی مختصر کیفیت

ایران کو حریفانِ فرنگ کا کچھ ایسا تلخ تجربہ ہو چکا ہے کہ آج وہ اغیار کو خوش آمدید کہنے میں تامل روا رکھتا ہے۔ پہلے جب مسافر آتے تو ایرانی ان کو سر آنکھوں پر بٹھاتے۔ ان میں تجارتی مراعات کے طلبگار فسونِ لطیفہ کے مشاق اور اور لوگ ہوتے اور سب کچھ نہ کچھ لے مرتے۔ لیکن اب پہلے کی سی بات نہیں۔ ایرانی سرحد سے گزرنے کے بعد ہر نو وارد سے پہلا مطالبہ یہ کیا جاتا ہے کہ بندہ پرور ذرا شفاخانے تک چلئے اور صحت کی سند ات دکھلائیے اور اگر آپ ان اسلحہ سے مسلح نہیں تو ہم نے متعدی امراض کے ٹیکوں کا بندوبست کر رکھا ہے۔ بازو بڑھائیے اور ٹیکہ لگوائیے اس پر اکثر اہلِ فرنگ بہت گھبراتے ہیں۔ چنانچہ باخبر تاجر اور سیاح گھر سے ہی ٹیکہ لگوا کر چلتے ہیں اس حقیقت سے یہ ثابت ہوا کہ اب ایران اولیں مغربی تاثر کا خوگر ہو گیا ہے اسے بھی یورپ والوں کی طرح یہ منظور نہیں کہ ہر احمق بلا باز پرس سیدھا در آتا چلا آئے۔ بلکہ پہلے اپنی صلاحیت دکھلائے۔

مٹی کا تیل

حفظِ صحت کا یہ اصول مالیات ایران پر بھی عائد کر دیا گیا ہے۔ چلے حوالے سے یا زور و جبر سے جیسا کہ پہلے ہوا کرتا تھا اور بغیر کامل تحقیقات اور معقول شرائط کے تجارتی حقوق اور معدنی پیداواروں کی اجارہ داری اغیار کے حوالے نہیں کی جاتی۔ مٹی کا تیل ایران کا ایک مدفون خزانہ ہے۔ اور وہی آج کل حکومتِ مرکزیہ کی آمدنی کا سب سے بڑا منبع و ماخذ ہے لیکن اس کی بہرسانی کا انتظام عین مغربی اصولوں کے مطابق کیا گیا ہے۔ گو "اینگلو ایرانین کمپنی" واحد اجارہ دار ہے مگر اس کے اجازت نامے میں حکومتِ ایران نے اپنے حقوق نہایت عمدگی سے محفوظ کر لئے ہیں اور اس میں ایرانی سرمایہ شامل ہے۔

کسی زمانے میں کرمان شاہ متعدد تجارتی راستوں کا مرکز تھا جب دورِ انحطاط آیا تو کرمان شاہ کی قدیمی اہمیت رخصت ہو گئی۔ گراں مٹی کے تیل نے اسے رونقِ تازہ بخشی ہے۔ پچھلے سال اس میں اضافہ ہوا یعنی شمالی اور مغربی ایران کو پیٹرول مہیا کرنے کے لئے یہاں مٹی کا تیل صاف کرنے کا ایک عظیم الشان کارخانہ تعمیر کیا گیا۔ لوہے کے متعدد حوض سطحِ زمین سے بلند بنائے گئے ہیں۔ ان پر ایلومینیم کا غلاف چڑھایا گیا ہے۔ حوضوں میں چالیس لاکھ گیلن (ایک گیلن۔ قریباً پانچ سیر) تیل سما سکتا ہے جو ایک سو پینتالیس میل کے فاصلے سے تیل کے چشموں میں سے نکال کر یہاں

پہنچایا جاتا ہے۔ چشمے لفت شاہ میں واقع ہیں۔ لوہے کے نل جو تین انچ موٹی چادر سے بنائے گئے ہیں۔ اور اس لئے ان کا ہر ایک مربع انچ اٹھارہ ٹن من دباؤ برداشت کر سکتا ہے جس تیل کو چشموں سے کرمان شاہ کے کارخانے میں لاتے ہیں دنیا بھر میں معدنی تیل کے چشموں اور کارخانوں کا اہتمام و انصرام اعلےٰ درجہ کی مہارت اور کثیر سرمایہ کے صرف کا مرہون منت ہے۔ اور اس معاملہ میں ایران کی کارکردگی اور کاردانی حریفوں سے کسی صورت میں کم نہیں۔ دور رضا شاہی کے آغاز میں حکومت ایران کی مالیات کا حال ناگفتہ بہ تھا۔ اب حالات روبہ اصلاح ہیں۔ بلکہ ایک بڑی حد تک ہو چکے ہیں۔ اس میں مٹی کے تیل کی پیداوار اور آمدنی کو بہت بڑا دخل ہے۔ چنانچہ انتظام مذکورہ رضا شاہ کے وہ سالہ کارنامے کا ایک شاندار جزو قرار دینا چاہئے۔ یہ طویل نل اس راستہ سے لایا گیا ہے جو قدیم زمانے میں ایران کی ایک بڑی شاہراہ تھی۔ اور بغداد سے چل کر شمال مشرقی ایران میں گزرتی ہوئی سمرقند تک پہنچتی تھی ؛

موٹر کار اور لاری کا رواج

پہلے جب اس سڑک پر مسافروں کے کاروان گزرتے تو کہیں کہیں اونٹوں کے پنجہ پاتے۔ مگر آج کل موٹر کاروں کے "کھنڈر" اور لاریوں کے جلے ہوئے ذرّیات نظر آتے ہیں۔ ایران میں موٹریں اکثر و بیشتر بلکہ قریباً تمام تر امریکہ کی ساخت استعمال میں لائی جاتی ہیں۔ موٹروں کی کثرت بجائے خود ایرانی دولت میں نسبتاً فراوانی کی مظہر ہے اور یہ بھی بتاتی ہے کہ وسائل آمد و رفت ترقی پر ہیں جو ظاہر ہے کہ تجارتی صنعتی اور زراعتی ترقی کی شرط اولےٰ ہے۔ اس سے عصر حاضر کے دوسرے تاروں کا پتہ چلتا ہے ؛

ٹین کے کنستروں کا کارخانہ

تیل کی گرم بازاری سے ایک ضمنی صنعت بھی قائم ہو گئی ہے۔ یعنی ہر سال پچاس لاکھ ٹین کے کنستروں کی ضرورت لاحق ہونے کے سبب ان کی ساخت کا کارخانہ بھی بنایا گیا ہے۔ یہ بھی کرمان شاہ میں ہے۔ خالی کنستروں سے کئی طرح کے کام لئے جاتے ہیں۔ مثلاً دیہات میں گھروں کی چھتیں اور ایک جگہ تو مسجد کے گنبد کو روپہلی چمک دمک کا آئینہ ۱۱ ربنانے کے لئے اسپرانٹی کنستروں کے ٹین کا غلاف بنا ہے ؛

سفر میں آسانیاں اور رہزنی کا سدباب

قدیم ایران میں سفر کی مشکلات بدرجۂ اتم موجود تھیں۔ علاوہ ازیں مسافت طے کرنے میں سخت دیر و دقت پیش آتی تھی۔ چنانچہ اونٹوں کا کاروان بغداد چل کر پورے پانچ ہفتوں میں طہران پہنچتا تھا۔ اب موٹر کار میں یہ فاصلہ اڑتالیس گھنٹے میں طے کرتی ہیں۔ رضا شاہ سے پہلے بلکہ عین ۱۹۲۸ء میں جب وہ تخت نشین ہوا یہ امر معمولات سفر میں شامل تھا کہ کاروانوں پر رہزن حملہ کریں۔ چنانچہ یہ لوگ مختلف علاقوں کے سرداروں کو محصول جان بخشی ادا کرتے اور جان و مال سلامت لے جاتے تھے۔ لیکن آج شہنشاہ دولت ایران کا اسی ہزار سپاہیوں کا لشکر نظم و ضبط کا ضامن ہے اور کردوں جو خصوصیت سے رہزن واقع ہوئے تھے رعب سلطانی تسلیم کرتے ہیں اور اسے موثر کرنے والی مشین گنوں کا لوہا مانتے ہیں ؛

ایران میں ریلوے

کرمان شاہ کے شمال مشرق کی جانب وہ ریلوے لائن زیر تعمیر ہے جس کا مقصد ارض ایران کی شمالی اور جنوبی حدود کو آپس میں ملانا ہے یہ لائن بے حد پیچ و خم کھاتی چلی آتی ہے۔ اور تین سال تک تکمیل کو پہنچے گی۔ کم از کم تعمیر کا پروگرام یہی ہے کہ موسم گرما ۱۹۳۹ء میں ایک حصہ شمال کی طرف سے آتا ہوا اور دوسرا جنوب کی سمت سے جاتا ہوا۔ طہران میں آکر مل جائے۔ ساری لائن کا طول نو سو میل ہے۔ یعنی شمالی سٹیشن جو بحیرہ کیسپین کی بندرگاہ "بندر شاہ" پر واقع ہے۔ اس سے لے کر جنوبی سٹیشن تک جو خلیج فارس کے ساحل پر بنایا جا چکا ہے۔ ہر دو حصص میں اس لائن پر ریل گاڑی کی آمد و رفت جاری ہے۔ یعنی ان ٹکڑوں میں جہاں تعمیر ہر طرح سے مکمل ہو چکی ہے۔ ایران کی اس ریلوے لائن کو بہت سی قدرتی رکاوٹوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ بالخصوص وہ جغرافیائی مشکلات جو ایران کے سلسلۂ کوہستان کے باعث پیدا ہوئی ہیں۔ ان پہاڑوں کا

کیا آپ کے مدرسہ نے ابھی تک نیرنگ خیال نہیں خریدا؟ امید ہے کہ محکمہ تعلیم کے سرکلر کے مطابق آپ اسے فی الفور طلب فرما لیں گے

رجحان مشرق سے مغرب کی جانب ہے اور ریلوے لائن کا راستہ شمال سے جنوب کی طرف ہے۔ اس لئے بہت سے مقامات پر پہاڑوں میں سرنگیں بنانی پڑتی ہیں۔ اور اکثر و بیشتر یہ لائن سیدھی نہیں چلتی بلکہ سانپ کی طرح پیچ و خم کھاتی ہے۔ اس ریلوے لائن کو استعمال میں لانے کے لئے خود لائن سٹیشن گاڑیاں انجن وغیرہ وغیرہ کل سامان پر دو سو لاکھ پونڈ یعنی قریباً تین ہزار لاکھ روپیہ (تیس کروڑ) صرف ہوگا۔

بعض یورپی ماہرین کہتے ہیں کہ اقتصادی نقطۂ نگاہ سے یہ ریلوے ایک منفعت بخش کاروبار ثابت نہ ہوگی۔ مگر حال میں ایران نے روس کے ساتھ ایک تجارتی معاہدہ کیا ہے۔ اس کی رو سے قرار پایا ہے کہ وہ روسی مال جسے شمال سے جنوب کو لانا ہوگا۔ اسی ریلوے کی خدمات سے فائدہ اٹھائیگا۔ یہ ہے ایک صورت اس لائن کو ایک کامیاب کاروبار بنانیکی دوسری صورت اور ماہرین مالیات کی رائے میں نہایت کارگر و سہلا کامیابی یہ ہے کہ ریلوے حکومت ایران کی ملکیت ہے۔ اس میں سرمایہ دار تاجروں کی مالی بازی گری کو کام نہیں۔ حکومت حسب ضرورت کرایہ کی تعین کرے گی اور کرتی ہے۔ رہا تعمیر کے لئے سرمایہ تو اس کے لئے حکومت رضا شاہ نے "کھانڈ" اور "درآمد برگر" نقد محصول لگا رکھا ہے۔ اور وہ سب ریلوے پر خرچ کیا جاتا ہے۔ یا اب ہم ریلوے کو ابھی سے موٹر کاروں سے مقابلہ کرنے کی ضرورت پیش آنے لگی ہے۔ کیونکہ بحیرہ کیسپین سے طہران تک موٹروں کے لئے سڑک موجود ہے مگر عہد حاضر نے جو سہیل موٹر اور ریلوے کے غیر اقتصادی مقابلے بلکہ مجادلہ سے عہدہ برآ ہونیکے لئے

.....

بکالی ہے۔ رضا شاہی حکومت اس سے پورا کام لے گی۔ یعنی دو لوہیں تعاون کی راہ بذریعہ قانون نکالے گی۔ اور مادی ترقی کے ان عظیم الشان وسائل سے مغرب کے نقش قدم پر چل کر مملکت ایران کو بحیثیت مجموعی فائدہ پہنچائے گی۔

افیون مٹی کے تیل سے دوسرے درجے پر

حکومت مرکزیہ کا وسیلہ آمدنی فروخت افیون ہے۔ ایران کے اندر متعدد زرخیز وادیوں میں اور بالخصوص کرمان شاہ کے مضافات میں کوکنار (پوست) کی کاشت کثرت سے کی جاتی ہے اور افیون کی ساخت کا ایک عظیم الشان کارخانہ کرمان شاہ میں ہے۔ شخصی طور پر کسی ایرانی کو افیون بنانے کی اجازت نہیں۔ یہ سارا کام سرکاری اجارہ داری سے کیا جاتا ہے۔ اور ہزاروں من افیون ہر برس چین کو بھیجی جاتی ہے۔ افیون کی باربرداری کے لئے "اینگلو ایرانین کمپنی" کے اپنے جہاز ہیں۔ اور روانگی کی بندرگاہ آبادان ہے۔ افیون سے حکومت ایران کو گرانبہا مالی منافع حاصل ہوتا ہے اور جیسا کہ ہم نے لکھا تیل کے بعد یہ دوسرا وسیلۂ آمدنی ہے۔

خاتمۂ کلام

الغرض رضا شاہ کی بالغ نظری کاردانی اور کارکردگی نے فقط آٹھ برس کی قلیل مدت میں ایران کی کایا پلٹ دی ہے وہ مملکت جو رضا شاہ سے پہلے صحیح معنی میں ایک آزاد دولت کہلانیکا استحقاق کھو بیٹھی تھی۔ روس اور انگلستان کی قید و بند میں قلی بالاکت سے ہم آغوش تھی۔ اب مجلس اقوام عالم میں ایک بلند مرتبہ نشست پر متمکن ہے اور ایشیا کیلئے بالعموم اور ہندو افغانستان اور عالم اسلامیاں کیلئے بالخصوص سرمایہ صد افتخار بن گئی ہے۔

(مفتی غلام جعفر بی اے)

رُباعی

دنیا دیکھی! دنیا کی بے رَوانی دیکھی! اپنوں کی غیروں پہ مہربانی دیکھی!
اے کاش! کوئی لمحہ تو ہنستے جاتا خوشیوں میں یہاں شادمانی دیکھی!

(مطلوب حسن منصور (بدخشی))

محکمہ تعلیم پنجاب نے نیرنگ خیال کو تمام منظور شدہ علمی ادبی رسائل میں شامل کرلیا ہے اور نمازہ سرکلر میں نیرنگ خیال کا نام موجود ہے۔

مقالہ

مسلمانوں کے عہد میں فنِ موسیقی کا عروج

(از جناب ظفر قریشی بی اے دہلوی)

ہندوستان کے لئے تو موسیقی "برہما نادا" (ندائے الٰہی کے مترادف ہے۔ کرشن کی بانسری کے نغمات اسرار الٰہی، شیو کا ڈورا و نیا پر زندگی کے راز منکشف کرنے والے راگوں کا پیدا ہونا۔ اس کی سوتی ہوئی استری پاروتی کا شیو کی وینا (بین) پر رقص کرنا دراصل مظاہر تھے۔ اس روحانی مسرت و بہجت کے اس ذہنی ارتفاع کے جنہیں روحانی و جسمانی مسرتوں کا ماحصل سمجھا جاتا ہے۔ وہ کیفیت جسے فیثاغورث "اجرام فلکی اور کائنات کی ہم آہنگی" اور فلاطون کے نزدیک "جو ذہنی ترنم" تھا وہ ان مظاہرات اصنامی۔ ان باطنی تمثیلوں اور تعبیروں میں مضمر تھا ——— ؟ بانسری کی سریلی تانیں ہوں یا پکھاوج کی بھاری آواز۔ وینا کی نرم و نازک تڑپ ہو یا ستار کی کپکپاہٹ سب کا مقصد وحید انسان میں روحانی و جسمانی مسرت کا اجتماع پیدا کرنا تھا۔ روحان اور مذہب کا ایسا پرزور و موثر امتزاج جسے روحانی جسمانی سرخوشی و ہم آہنگی کا نام دے سکیں ——— ایک وہ حالت جو نصب العین تھا یونان اہل فلسفہ کا ——— !! ظفر

ہندوؤں کے بعض کمالات کے مسلمان بھی معترف تھے۔ صدیوں پہلے مسلمانوں کا ہندوستان کے ساتھ تجارتی تعلق قائم ہو گیا تھا اور ذاتی میل جول کی وجہ سے تمدنی آمیزش بھی ترقی پا رہی تھی ایک دوسرے کو سمجھنے کے ذرائع بھی وسیع ہو رہے تھے۔ نہویں صدی عیسوی میں بغداد میں ایک زبردست بحث چل رہی تھی کہ سفید اقوام زیادہ تمدن و شائستہ اور کمالات سے آراستہ ہیں یا کالے رنگ کی قومیں اور دونوں کے کمالات کا توازن کیا ہے۔ اس بحث میں بڑے بڑے علما و فضلا حصہ لے رہے تھے اور یہ بحث عرصہ سے جاری تھی۔ اس بحث کی تفصیلات کا ہمیں علم نہیں مگر جاحظ نے جو اس عہد کا ایک باوصف اور صاحب طرز مصنف تھا ایک رسالہ لکھا تھا۔ "کالی قوموں کا گوری قوموں پر تفوق" اس سے ہمیں اس دلچسپ تنازع کا کچھ پتہ چلتا ہے۔ جاحظ نے لکھا ہے کہ تمام کالی اقوام میں ہندوستانی اپنی غیر معمولی دماغی قوت اور کسب کمال کے باعث ممتاز ہیں جاحظ کے اس رسالہ کو اگر اہل ہند کے فنی و علمی کمالات کا مبالغہ آمیز ڈھنڈورا کہیں تو بجا ہے کیونکہ سارا رسالہ انہیں باتوں سے لبریز ہے۔ وہ لکھتا ہے:۔

"مجسمہ سازی۔ سنگتراشی۔ رنگوں کی تصویریں بنانا اور تعمیر کے فنون میں وہ اپنا جواب نہیں رکھتے۔ ان لوگوں نے شطرنج نامی ایک کھیل ایسا بنایا ہے جسے دماغی ورزش کہیں تو بجا ہے۔ ان لوگوں کو تلواریں بنانے اور ان کو گھڑنے میں کیا ہی کمال حاصل ہے۔ ان کی موسیقی بھی سحر طراز ہے ....."

اسی قسم کے الفاظ میں ایک عرب نقاد و مصنف نے اہل ہند کے فوقانی فنی و ذہنی عروج و کمال کا اعتراف کیا ہے۔ اور اس وقت کی تہذیب ہند کے روشن پہلو نمایاں کئے ہیں۔

جب جانب شمال مغرب سے ہندوستان میں مسلمان آئے تو اپنے ساتھ اور کمالات کے ساتھ موسیقی کا بھی ایک بڑا اچھا ذوق لائے اور موسیقی ان کی کیا تھی عرب اور ایران کی موسیقی کا ایک نیا امتزاج جس نے ہندوستان کے ترنم میں مل کر وہ زمزمہ آرائی کی کہ زبان تعریف سے قاصر ہے:۔

بغداد۔ وہ شہر وسی۔ وہ بلدیہ شروفسانہ جو ہارون رشید کے عہد زریں ختم ہونے کے بعد بھی اسلامی تہذیب اور علوم وفنون کا مرکز تھا۔ بہت دور تھا۔ مگر ایک ایسی گھلی ملی تہذیب جو بغداد کے عربی تخیل سے پیدا۔ ایران کی ہواؤں سے پرورش یافتہ اور ہندوستان کے سحر وگداز سے آسودہ تھی ساحل بنگال تک پھیلی ہوئی تھی۔ ادھر اندلس میں اسلامی تہذیب عروج پر تھی۔ فنون کی قدر دانی اور غیر مہذب یورپ کو زیور علم سے آراستہ کرنے کا "خیر جاریہ" شیوہ عام تھا۔ اگر اندلس کا سلطان زریاب موسیقی کے علم اور ہنر کا باکمال تھا۔ تو دوسری طرف بغداد کا ابراہیم موصلی بھی اپنے فن میں کامل دستگاہ رکھتا تھا۔ تمام اسلامی ممالک میں ایک معین تہذیب نشوونما پا رہی تھی۔ عربوں کی موسیقی دانی ان کی فطری شعر پسندی سے اور بھی اجاگر ہوگئی تھی۔ تمام اسلامی ممالک میں نغمہ جانفزا ایک ہی اصول وتماش کے پیدا ہو رہے تھے جب ایران سے رابطہ ہوا تو عہد قدیم کی موسیقی نے اس موسیقی کے ساتھ مل کر ایک اور طرب پیدا کیا۔ یہ وہ بنیاد تھی جس کے طفیل سلاطین اسلام کو ہندوؤں کی موسیقی کے سمجھنے میں مدد دی اور جب ہندوستان پر اسلامی حکومت ہوئی۔ تو عربی۔ ایرانی۔ ترکی اور عجمی تخیلات۔ تہذیب اور موسیقی کے پرتو پڑنا شروع ہوا ہندوؤں کی موسیقی نے اس عربی اور ایرانی موسیقی کے ساتھ مل کر ایک نیا جنم اختیار کیا جس کے اثرات آج ہم دیکھ رہے ہیں۔ اسلامی اور ہندی موسیقی کی ہم آہنگی نے نہ صرف فن موسیقی کو نئے نئے اصول سے آشنا کر دیا۔ بلکہ بیسیوں مزامیر اور موسیقی دان اور صاحب طرز باکمال بھی پیدا کر دیئے جن کی خدمات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔

نئے نغمات اور نئے باجوں سے لوگوں کے کان آشنا ہوگئے۔ جہاں لوگ "وینا" "پکھاوج" کو جانتے تھے وہاں "دلربا" "رباب" اور "عود" کو بھی پہچان گئے۔ حضرت امیر خسرو نے "سہ تار" کی ایجاد کی جو کثرت استعمال سے "ستار" بن گیا۔ حضرت امیر خسرو ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک عجوبۂ روزگار ہستی تھے دنیا کا کوئی علم اور کوئی ہنر اس عجیب وغریب ترک بچہ سے بچا ہوا نہ تھا علوم وفنون کا مخزن تھا۔ شاعری میں بدطولےٰ۔ موسیقی میں استاد۔ ایجاد واختراع میں باکمال صناعوں کا استاد۔ صاحب حال اور صاحب قال۔ دنیا ایسا فاضل ادب وشعر اور صناع دوبارہ پیدا نہ کرے گی۔ حضرت امیر خسرو نسلاً لاچین ترک تھے۔ اور ہندوستان میں آکر حضرت نظام الدین اولیاء کے مرید ہوئے۔ جن کے روحانی فیوض نے ان کی طبیعت رسا کو اور بھی روشن ومنور کر دیا حضرت امیر خسرو کو ہندوستان کی ایک ایک ادا بھاتی تھی۔ انہیں یہاں کے موسموں۔ یہاں کے رواجوں۔ یہاں کے لوگوں کی رہن سہن سب سے محبت ہوگئی تھی۔ وہ اپنے ملک اور اس ملک کی خوبصورت چیزوں کو باہم گرا ایک کرنے کے مشتاق رہتے تھے۔ اگر ہم یہ کہیں کہ اسلامی عہد کا یہ مصنف شعری ذوق فطری طباعی وذہانت اور علوم وفنون کا گہوارہ ہونے کے باعث ایک عدیم النظیر شخصیت تھی تو بجا نہ ہوگا۔ اس میں لیونارڈ کی سی نزاکت خیال۔ اور سر فلپ سڈنی کی سی رعنائی حیات پائی جاتی تھی۔ آرٹ اور لٹریچر نے اس کو ایک عجیب وغریب چیز بنا دیا تھا۔ حضرت امیر خسرو نے جہاں اور چیزیں موسیقی میں اپنی ذہانت سے ایجاد کیں ان میں "خیال" اور "قوالی" ان کی خاص یادگاریں ہیں۔ اس سے پہلے قوالی کی قماش کی چیز سے یہاں کے موسیقار ناواقف تھے۔ اہل ہند کے صاحب دل لوگوں کے لئے یہ طریقہ عبادت مزامیر بہت ہی مرغوب معلوم ہوا۔ اصل میں یہ چیز حضرت نظام الدین اولیاء کی روحانی مسرت وآسودگی روح کیلئے جاری کی گئی تھی جسے سن کر حضرت وجد میں آجاتے تھے۔ پروفیسروں نوگوں کو بھی شہرۂ آفاق جاپانی شاعر جب دہلی آیا تو اسے قوالی کی ایک محفل خاص میں شریک کیا گیا میں نے اس قسم کے گانوں کو کبھی نہ سنا تھا۔ اور نہ صوفیا کی محفل دیکھی تھی اس کے دل پر اس کا اثر ہوا اور اس نے بڑے اہتمام سے قوالی کے اثر انداز محاسن کا اعتراف کیا ہے۔

حضرت امیر خسرو نہ صرف خود اچھے موسیقی داں تھے۔ بلکہ گیت اور دوہے ہندی زبان میں بے نظیر لکھتے تھے۔ فارسی غزلیات ان کی شہرت دوام حاصل کر چکی ہیں۔ ہندوستان کے دیہات کی تصویریں کھینچنا ان کا کمال تھا۔ دیہاتی لڑکیاں امیر خسرو کے اشعار گاتی تھیں۔ جن میں جذبات وتخیلات کی وہ روانی اور وہ تصویر کشی ہوتی تھی۔ کہ انسان بے اختیار ہو جاتا ہے۔ آجکل بھی حضرت امیر خسرو کے ترانے ہندوستانی اہل دیہات کی زبانوں کے چڑھے ہوئے ہیں۔ جب شمالی ہند میں لڑکیاں ساون کی رت میں آموں کے درختوں پر جھولا ڈالتی ہیں تو حضرت امیر کے گیتوں سے جنگل گونجنے لگتے ہیں۔ لوگوں کو زمانہ قدیم سے شعر وموسیقی سے کیسا لگاؤ تھا۔ اس کا اندازہ اردو زبان کی تاریخ کے مطالعہ سے بھی ہو سکتا ہے۔ یہ بات سب کو معلوم ہے کہ اردو کا پہلا نام "ریختہ" تھا۔ جس کے لفظی معنی "نغمہ" یا "گیت" کے ہیں۔ یعنی اردو زبان گیتوں کے اظہار

مطالب کے ذریعہ بنائی گئی تھی۔ اردو دراصل برج بھاشا اور فارسی کی آمیزش سے بنائی گئی تھی۔ اور ضرورت تھی کہ اس کے ادب کو ایسے ہی جواہر ریزوں سے مالا مال کیا جائے۔ جو ایرانی۔ عربی۔ ترکی تہذیبوں کے ساتھ خالص ہندی جذبات اور ہندوستانی تمدن کے بھی آئینہ دار ہوں۔ بادشاہ وقت کے دربار اور اہل علم فارسی ترکی سمجھتے تھے۔ مگر عوام کے لئے فارسی اشعار و ادب کا سمجھنا دشوار تھا۔ اس لئے ایک ایسی گھلی ملی زبان کا رواج دیا گیا۔ جو عوام و خواص دونوں کے لئے قابل فہم ہو اور ملکی و غیر ملکی جذبات و حسیات کی ترجمان ہو۔

ہر تعمیر کے ساتھ خرابی اور ہر خرابی میں صورت تعمیر مضمر ہوتی ہے۔ بعض حوادث و خرابات اپنے ساتھ تخمین و تعمیر کا پیغام بھی لے کر آتے ہیں۔ یہی حال دکن پر علاء الدین خلجی کے حملہ کا ہوا۔ حضرت امیر خسروؒ اسی بادشاہ کے دربار میں تھے۔ مسلمانوں کو یہ خبط رہا ہے کہ وہ اہل علم اور اہل ہنر کی دلجوئی اور قدر دانی میں جویا رہتے ہیں۔ حملہ کے بعد دستکاروں۔ صناعوں۔ اہل حرفہ اور علما و فضلا کے لئے عام معافی اور حفاظت کا اعلان کر دیا جاتا تھا۔ اور زمانہ امن میں تو دربار کی طرف سے قدر دانی و عزت افزائی میں کوئی گنجائش نہیں چھوڑی جاتی تھی۔

جنوبی ہند مسلمان حملہ آوروں سے محفوظ رہنے کی وجہ سے نسبتاً زیادہ پر امن فضا میں سانس لیتا رہا تھا۔ اس لئے وہاں کی تہذیب بہت بڑی حد تک غیر ملکی مراسم و نفوذ و اثر سے پاک رہی۔ وہ بدوں کے عہد سے یہاں کے لوگ جس پرانی تہذیب کے علمبردار چلے آ رہے تھے۔ وہ یہاں اب بھی موجود تھی۔ علاء الدین خلجی کے آنے سے یہاں کے اہل ہنر اور اس کے ساتھ آئے ہوئے صناعوں کا ایک اختلاط شروع ہوا۔ اور دو تہذیبوں کا ایک دھارا بہنے لگا۔ جس کے نتائج سے بعد کی نسلیں برابر اثر پذیر ہوتی رہیں۔

سترھویں صدی کے آخری زمانہ میں فارسی زبان میں ایک کتاب "راگ درپن" کے نام سے تیار ہوئی تھی اس میں ایک نہایت دلچسپ واقعہ حضرت امیر خسروؒ کی ذہانت اور موسیقی دانی کا پایا گیا ہے۔ جو سلطان علاء الدین خلجی کے دربار میں وقوع پذیر ہوا۔

کہا جاتا ہے کہ جنوب ہند کا مشہور گویا۔ گوپال نائک ایک پالکی میں سوار جنگل میں سے گذر رہا تھا۔ سلطان علاء الدین خلجی کو معلوم ہوا کہ وہ یگانۂ روزگار اس کی رہائش گاہ سے اسقدر قریب ہے۔ نہ معلوم کب اس سے ملنے کا اتفاق ہو۔ سپاہی بھیج استاد کو بلوا منگایا۔ جب حضرت امیر خسرو نے سنا کہ گوپال نائک دربار میں باریاب ہو گیا ہے تو آپ نے سفر کا بہانہ کر کے چند روز کے لئے دربار سے رخصت حاصل کر لی۔ دراصل یہ طریقہ تھا گوپال نائک کے گانے کو خفیہ طریقہ سے سننے کا۔

جب دربار ہوا تو امیر خسرو کسی ترکیب سے شاہی تخت کے پیچھے چھپ کر کھڑا ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ چھ روز تک گوپال نائک نے دربار خلجی میں اپنے پورے کمالات اور جوہر دکھائے۔ ساتویں روز حضرت امیر خسرو علام دربار میں آگئے خفیہ طریقہ سے وہ اس استاد کی موسیقی کے تمام پہلوؤں کو اچھی طرح سمجھ ہی گئے تھے اس لئے مقابلہ کی ٹھانی۔ امیر خسرو کے کہنے پر نائک نے اپنی وینا کے تاروں پر انگلیاں چلانی شروع کیں اور وہ راگ پیدا کیا جو اس نے دربار کے پہلے روز دکھایا تھا۔ حضرت امیر خسرو نے اپنا ستار اٹھایا اور کچھ باریکیاں پیدا کر کے اسی راگ کو خود بجا کر دکھا دیا اور طعن کے لہجہ میں کہا ——— "یہ تو کوئی خاص بات نہیں ہے لو میں نے بجا کر دکھا دیا۔ اس میں کیا استادی ہے۔ بازاری گویئے ایسا کر سکتے ہیں" گوپال نے دوسرا کمال دکھایا تو حضرت امیر نے اس کو بھی ٹھیک کر کے دوبارہ پیش کر دیا۔ جب گوپال اپنی ساری فضیلت دکھا چکا تو حضرت امیر نے کچھ فارسی غزلیات الاپ کر دکھائیں۔ شیراز کے پرتکلف صحن ہائے باغ میں نازنینان خود آرا، نظارہ اور عاشق صادق کا درد انگیز اسلوب اظہار ایسا جیسا خته بیان کیا۔ کہ سننے والوں کے دل جوش و مستی سے لبریز ہو گئے۔ لوگ ان نغمات کے اسرار و رموز پر سر دھننے لگے گوپال بھی یہ دیکھ کر ششدر رہ گیا کہ حضرت امیر خسرو نے کس کمال اور نزاکت کے ساتھ اپنی موسیقی دانی اور شاعرانہ اختیار طبع کا مظاہرہ کیا۔ وہ ان کے صاحب کمال ہونے کا معترف ہو گیا۔

ان دونوں استادان فن کے مقابلوں کے اور بھی بہت سے قصے اور لطائف زبان زد عام ہیں۔ ان سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ گوپال نہ صرف ایک عمدہ گویا اور موسیقی داں تھا بلکہ زبردست عالم اور نہایت شستہ بحث کرنے والا بھی تھا۔ شاید یہی وہ استاد ہے جس کے بارے میں حضرت امیر خسروؒ نے اپنی ایک نظم میں ذکر کیا ہے کہ ایک استاد موسیقی گانے اور شاعری کے باہمی مقابلہ کے بارے میں مجھ سے بحث کرنے کے لئے آیا تھا۔ حضرت امیر خسرو نے شعر کی طرفداری کی۔ اور گوپال نے شعر پر موسیقی کی فوقیت کا علم بلند کیا۔ ہندوؤں کا عقیدہ تو یہ ہے کہ انسان کو گویا بننے سے پہلے عالم بننے کی ضرورت ہے۔ یعنی پہلے پنڈت بنے پھر موسیقی کی علمی و عملی

تعلیم حاصل کرے تب جا کر وہ "گندھروا" یا "نائک" کے بلند درجہ تک پہنچ سکتا ہے

بعد کے مسلم بادشاہوں کے عہد میں بھی فن موسیقی کی ہمت افزائی ہوتی رہی محمد تغلق نے دولت آباد میں ایک دائرہ نما ایوان تعمیر کرایا تھا۔ جہاں گانے والے اور ناچنے والے جمع رہتے تھے۔ موسیقی کا مظاہرہ کرتے۔ درباری مہمانوں کو خوش کرتے اور اپنے کمالات فن دکھلاتے تھے ؛

بادشاہ زین العابدین جسے "بادشاہ" کے لقب سے ہندو مسلمان جانتے تھے اور جو بہت ہی عالم و فاضل بادشاہ دکن گذرا ہے نہایت وسیع معلومات اس فن کے بارے میں رکھتا تھا۔ وہ سنسکرت کا فاضل اور تبت کی بہت سی زبانوں کا عالم تھا۔ لیکن اس سے بھی زیادہ وہ مشہور بادشاہ گذرا ہے جسے سلطان شرقی جونپوری کے نام سے تاریخ جانتی ہے۔ جو ایک نہایت اعلےٰ دماغ حاکم وقت ہونیکے ساتھ ساتھ موسیقی کا بہترین متاد تھا۔ علمائے شاہی کے ساتھ بانسری کا بھی ذوق رکھتا تھا۔ جونپوری شرقی اسی بادشاہ کے نام پر آج تک معنون پائی جاتی ہے مگر مغلوں نے جس قدر ترقی اس فن کو دی شاید ہی کسی وقت میں اسے حاصل ہوئی ہو ؛

مغل علم دوست اور ہنر پرور تھے۔ ان کے سایۂ عاطفت میں صناع معمار۔ عالم۔ شعرا۔ مورخ۔ مصور۔ حکیم۔ وید۔ مجسمہ ساز۔ کاریگر غرض ہر فن اور پیشہ و شغف کا آدمی پرورش پا رہا تھا۔ اور درباری ہمت افزائی سے ہندوستان کو ان صاحبان کمال کے کاموں سے وہ وہ فوائد حاصل ہو رہے تھے کہ اس سے قبل کبھی حاصل نہ ہوئے تھے ؛

اکبر اعظم نے اس بارے میں سب سے زیادہ نمایاں حصہ لیا۔ میاں تانسین جن کی قبر گوالیار میں ہے۔ اکبر کے نورتن میں شامل تھے۔ اور ان کی یگانہ روزگار ہستی کو آج بھی لوگ قدر و منزلت کے نام سے یاد کرتے ہیں ؛

مغل سلطنت کے بانی بابر کو نہ صرف بہزاد جیسی آنکھ ملی تھی جو تصویروں اور نقش کی باریکیاں سمجھ سکتی تھی بلکہ موسیقی سے بھی اسے شغف تھا۔ چنانچہ وہ اپنی تزک میں جگہ جگہ گانے والوں اور ان کے کمالات و مراسم کا بہت شوق سے ذکر کرتا ہے۔ جو لوگ "قانون" اور دیگر باجوں کو بجا سکتے تھے۔ ان کے حالات اور دیگر اہل موسیقی کا تذکرہ اس کے اندرونی رجحانات کو ظاہر کرتا ہے ؛

مغل درباروں کی شوکت اکبر کے زمانہ میں سب سے زیادہ رونق پر تھی اور اکبر نے فنون کی ہمت افزائی کا بیڑا اٹھایا تھا۔ ابوالفضل اپنی "آئین اکبری" میں کم و بیش تیس استادان موسیقی کا تذکرہ لکھتا ہے۔ جن کا دربار سے تعلق تھا۔ مگر ان سب میں تانسین میاں کا نام سب سے زیادہ نمایاں اور اہم درجہ رکھتا ہے تانسین ایک حقیقی و تاریخی ہستی تھی جسے فن موسیقی کا مربی اعظم کہیں تو بجا ہے۔ کوئی تاریخ نہیں ہے۔ جس میں اس بے نظیر عالی دماغ موسیقی دان کا تذکرہ نہ ہو مگر اس کے مداحوں اور جاہل پیروؤں کا ایک ایسا گروہ پیدا ہوتا رہا ہے۔ اور پایا جاتا ہے۔ جس نے اس کی ذات سے ایسی بے سر و پا باتیں منسوب کردی ہیں۔ کہ لوگ اس تاریخی ہستی کے وجود پر ہی شبہ کرنے لگے ہیں۔ "میاں تانسین گوالیار کے پیدائشی ہندو تھے۔ اور راجہ رامچند راجہ بندیلا کے ہاں ملازم تھے۔ جس جگہ تانسین پیدا ہوئے تھے وہ صدیوں سے آرٹ کی پرورش گاہ ہونے اور گہوارہ ہونے کے باعث مشہور رہی ہے۔ آج تک گوالیار میں بیسیوں نادر گانے والے اور ساز بجانے والے پائے جائیں گے۔ گوالیار کا سب سے بڑا اور مشہور محسن موسیقی راجہ مان سنگھ گذرا ہے۔ اور وہ اپنے ہم نام اکبر اعظم کے راجہ مان سنگھ کی طرح ایک عالی دماغ اور کسب کمال کی شائق ہستی تھی۔ اس نے "دھرپد" طرز کا گانا ایجاد کیا تھا۔ تان سین کے عہد میں بھی فن موسیقی عروج پر تھا اور قدر افزائی کا یہ عالم تھا کہ ایک روایت کے بموجب تانسین کو اس کے راجہ نے صرف ایک گانے پر ایک لاکھ "ٹنکا" سونے کا سکہ رائج الوقت عطا کیا تھا۔ جب اکبر کو ایسے یگانۂ روزگار ہستی کا پتہ چلا تو اس نے دربار میں آنے کی دعوت دی۔ کہا جاتا ہے کہ جب میاں تانسین دربار اکبری کے لئے روانہ ہونے لگے۔ تو راجہ رامچند راپنے محبوب گویئے کی جدائی پر بہت مغموم ہوئے اور اس کی پالکی کو کندھا دیا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسے موسیقی کی عزت اور اس کے اہل کمال کا وقار کرنے کیلئے کتنا بڑا دل قدرت نے دیا تھا ؛

گوالیار میں یہ بات عام طور پر مشہور ہے کہ اکبر نے تانسین کی اس قدر دلجوئی کی کہ تانسین نے اسے اپنا گرو مان لیا۔ اور اسلامی عقیدہ اختیار کر لیا اور جیسا کہ صاحبان کمال کا قاعدہ ہے تانسین کو بھی گوالیار کی یاد ستاتی تھی اور وہ بار بار واپس جانے کی اجازت چاہتے تھے۔ اگرچہ وہ اب راجہ رامچند کی ملازمت میں نہ تھے مگر وہ ان کے سب سے پہلے محسن تھے۔ اس لئے ابھی تک ان کے دل میں راجہ صاحب کی عزت و محبت جاگزیں تھی اس کا اظہار یوں ہوتا تھا کہ وہ اکبر اعظم کو کبھی سیدھے ہاتھ سے سلام نہیں کرتے تھے بلکہ الٹے ہاتھ سے

سلام کرتے تھے۔ سیدھا ہاتھ انہوں نے اپنے پہلے آقا راجہ اجیندر کے لئے مخصوص کر دیا تھا۔ مگر اکبر اعظم بھی دلجوئی۔ عزت افزائی اور قدر دانی میں راجہ سے کم نہ رہنا چاہتا تھا اور طرح طرح سے تانسین کو خوش کرتا رہتا تھا۔ ایکدن کا ذکر ہے کہ اکبر اعظم آموں کے ایک باغ میں ٹہلتے تھے۔ باتیں ہو رہی تھیں۔ یہاں تانسین نے دیکھا کہ ایک درخت پر بہت رسیلا اور خوبصورت آم لگا ہوا ہے شاخوں میں جھول رہا ہے۔ تانسین کی اس پر نیت آگئی اور اس کی طرف اچکنے لگے۔ مگر وہ اتنا اونچا تھا کہ ان کا ہاتھ نہیں پہنچ سکتا تھا۔ اکبر نے ادھر اُدھر دیکھا قریب کوئی ملازم نظر نہ آیا۔ کہنے لگے۔ آ ؤ میری پشت پر سوار ہو کر کھڑے ہو جاؤ اور آم توڑ لو۔ تانسین ادب و عزت کے اس مظاہرے سے اس قدر مسرور بلکہ مجذوب ہوا کہ اس نے دونوں ہاتھ جوڑ کر تعظیم کی۔ کورنش ادا کی اور اس کے دل میں یہ بات جاگزیں ہو گئی کہ اکبر جیسا جلیل القدر شہنشاہ ہند بھی اس کے کمال فن کی اس قدر عزت کرتا ہے۔ کہ راجہ اجیندر کی یاد وہ اپنے دل سے بھلا سکا ہے یا اکبر کو نعم البدل سمجھ سکتا ہے۔ اس کے بعد سے اس نے سیدھے ہاتھ سے سلام کرنا شروع کر دیا ؛

اکبر اعظم کا دربار تو علم و ہنر کی آماجگاہ تھا ہی اور مسلمان بادشاہوں کے دربار بھی موسیقی کی ترقی کے لئے وقف تھے۔ سلطان عادل شاہ بیجاپوری خود بہت اچھا گویا تھا۔ اور کئی سُر اس نے خود ایجاد کئے تھے۔ جب اکبر اعظم نے ایرج بیگ ایک امیر کو دربار بیجاپور میں سفیر بنا کر بھیجا۔ تو اس کے ساتھ کچھ گویئے بھی روانہ کئے تھے۔ تاکہ وہ ابراہیم عادل شاہ سے اس کی ایجادات موسیقی سے کچھ کسب کریں ؛

موسیقی کا ذوق تقریباً عام ہو چکا تھا۔ جگہ جگہ نایاب موسیقی داں پائے جاتے تھے۔ تانسین کی زندگی کا ایک اور واقعہ ہے کہ اس نے سُنا کہ بلگرام میں کوئی گویا رہتا ہے۔ جسے اس کے اعلےٰ کمال کے باعث لوگ (مدھا نائک) کہتے تھے۔ تانسین نے سوچا کہ اس کے پاس چل کر کچھ حاصل کرنا چاہئے۔ وہ

وہ بھیس بدل کر روانہ ہوا تاکہ بلگرام پہنچکر کچھ معلوم کر سکے ؛

ابھی وہ شہر میں داخل بھی نہیں ہوا تھا۔ کہ باہر ایک کنوئیں کے پاس پیپل کے درخت کے نیچے سستانے کو بیٹھ گیا۔ کیا دیکھا کہ گاؤں کی کچھ لڑکیاں اپنی گگریاں لئے۔ ڈول رسی لٹکائے کنوئیں پر آئیں۔ اور پانی بھرنے لگیں۔ تانسین نے دیکھا کہ ایک لڑکی نے کنوئیں میں ڈول ڈالدیا اور پانی بھرنے لگی۔ یکایک کنوئیں کی چرخی میں سے رگڑ کھانے کی بہت سخت اور بھدی آواز نکلنے لگی۔ راہ چلتے کو تو یہ آواز لوہے کی چرخی کی جوں جوں معلوم ہوتی اور وہ کچھ دھیان نہ کرتا مگر ایک لڑکی جو قریب ہی گگری لئے کھڑی تھی۔ چرخی کی اس بانگ بے ہنگام پر بہت جھلائی اور اپنی گگری مینڈ پر پٹک کر بولی ——

"ارے! کمبخت کیسی بے تکی آواز نکلتی ہے!"

تانسین یہاں کے کان کھڑے ہو گئے۔ سوچنے لگے۔ جس جگہ کی گنوار لڑکیوں کے کان موسیقی سے اسقدر آشنا اور ذوق ترنم و آہنگ اس درجہ شائستہ و لطیف ہوں۔ وہاں کے استادوں کے تو کیا ہی کہنے ہیں۔ کہتے ہیں کہ تانسین نے کان پکڑا اور بلگرام کے استاد سے ملے بغیر واپس آگیا۔ کہ ایسا نہ ہو اس کی جگ ہنسائی ہو جائے ——!

یہ واقعہ درست ہو یا نہ ہو یہ تو ضرور ماننا پڑے گا کہ اس وقت موسیقی کا ذوق عالمگیر ہو گیا تھا۔ اور لوگوں میں ایک عام شائستہ مذاق ترنم پایا جاتا تھا یہی وجہ تھی کہ گھر گھر موسیقی کا چرچا اور قدر دانی تھی ؛

آخری بادشاہوں میں محمد شاہ رنگیلے (دہلی) اور سلطان فن واجد علی شاہ (لکھنؤ) نے فن موسیقی کو جس اوج پر پہنچایا اور ان کے علاوہ دیگر مسلمان رؤساء و امرا نے وقتاً فوقتاً فن موسیقی کو باوجود مذہبی ممانعت کے جس طرح نوازا وہ مسلمانوں کی ہنرپسندی اور فطری فن نوازی کا زندہ ثبوت ہے ؛

(ظفر قریشی)

طلسمات عجائبات } جادو۔ سحر۔ تعویذ۔ کالا علم کے تمام اسرار لاجواب اور مجرب معلومات۔ وہ راز ہزاروں سال سے سینہ بہ سینہ چلے آتے تھے۔ بلاکم و کاست درج کر دئے ہیں۔ ۵۰ لاجواب اعمال کا نادر ذخیرہ۔ مصنف کی محنت قابل داد ہے۔ پاکٹ سائز مجلد۔ قیمت (پیشگی) مع محصول ڈاک

نیرنگ خیال بک ڈپو ۴۸ بیڈن روڈ۔ لاہور

ہندوستان کی نامور خواتین نیرنگ خیال میں اپنے مضامین شائع کراتی ہیں جو نیرنگ خیال کی بہت بڑی خصوصیت ہے۔

لمعاتِ کوکب

(از جناب نواب پیارے مرزا صاحب کوکب رئیس اعظم لکھنؤ)

مری دنیا مری جنت مرے پیمانے میں
حشر بھی نشر بھی ہوگا مرا میخانے میں

توبہ ٹوٹی ہے یہ کس رند کی میخانے میں
موج مے لیتی ہے انگڑائیاں پیمانے میں

منتقل ہوگیا افسانے سے افسانے میں
سوزِ دل بنکے دھواں شمع ہے پروانے میں

دیکھ کر عکس وہ آئینے میں فرماتے ہیں
بستیاں یونہیں سما جاتی ہیں ویرانے میں

شمع سر دھنتی ہے پروانہ جلا کرتا ہے
کوئی تو بات ہے ایسی مرے افسانے میں

دوست بن بن کے وہ دھوکے تو نہیں دیتا ہے
کم سے کم ایک صفت ہے یہی بیگانے میں

اک نظر زندگیٔ عشق پہ کیوں ڈال نہ لوں
کوئی گنجائشِ ترمیم ہو افسانے میں

جیسے گھبرایا ہوا ہو کوئی معشوق کہیں
یوں تمنا ہے مرے دل کے نہ خانے میں

وہ مجھے منزلیں قربت کی عطا کرتا جائے
اور میں اپنے کو سمجھتا رہوں بیگانے میں

ہر نفس شعلہ بداماں ہے۔ سزا ہے اس کی
دو گھڑی بیٹھ گیا تھا کبھی میخانے میں

مٹ گیا دل مگر آثار مٹائے نہ مٹے
اب بھی کیا کچھ نہیں اجڑے ہوئے کاشانے میں

اک پتنگے میں یہ احساس وفا کے جذبے
عشق نے روح نئی پھونک دی افسانے میں

ذرے لو دیتے ہیں یا آگ لگی ہے کوکب
اک چمک سی وہ نظر آتی ہے ویرانے میں

آئینۂ خیال

(از جناب منور آغا صاحب منور۔ لکھنؤ)

بہار آئی ہے اپنے وقت پر صحنِ گلستاں میں
یہ میری خوبیٔ قسمت کہ میں ہوں قیدِ زنداں میں

نہ برگِ گل کے دامن پر نہ اوراقِ پریشاں میں
میری قسمت کا لکھا ہے مرے چاکِ گریباں میں

نہ شمعیں ہیں نہ پروانے نہ گل بزمِ خموشاں میں
نئی دنیا نہاں ہے عالمِ گورِ غریباں میں

مبارک ہو مبارک ہو اسیرانِ جنوں تم کو
بہار آئی گلستاں میں بہار آئی گلستاں میں

ہر اک ذرہ پریشاں ہے ہر اک قطرہ میں طوفاں ہے
اثر اب بھی یہ باقی ہے مری آہِ پریشاں میں

فلک اے مرکزِ ظلم و جفا اے دشمنِ قسمت
گرفتارِ بلا کیوں ہوں میں آب و گل کے زنداں میں

تمناؤں میں دلکی آج اک عالم ہے محشر کا
بہار آئی ہے شاید فصلِ بدلی ہے گلستاں میں

نہ کوئی ناخدا اپنا نہ کوئی رہنما اپنا
مری کشتی پڑی ہے قلزمِ ہستی کے طوفاں میں

منور گوشِ دل سے کیا سنوں ناصح کی باتوں کو

جلوۂ جمال

از جناب اسد صاحب ملتانی

رُخ پردۂ ظہور میں پنہاں کئے ہوئے
پھرتے ہو اک زمانہ کو حیراں کئے ہوئے

دن ہے کہ ہے نقاب تمہارا اُٹھا ہوا
شب ہے کہ تم ہو بال پریشاں کئے ہوئے

ہے کائنات شرح تمہارے جمال کی
راز حیات زینت عنواں کئے ہوئے

خود بیں ہو تم تو مجھ کو مٹانے سے فائدہ
میں بھی تو ہوں تمہیں کو نمایاں کئے ہوئے

ابتک گماں میں ہے دل گمگشتہ تلاش
جلووں کو ہو تم اس قدر ارزاں کئے ہوئے

پھرتا ہے کون تیرگیٔ شش جہات میں
خورشید کا چراغ فروزاں کئے ہوئے

یہ کون آگیا چمن کائنات میں
زیب بدن لباس بہاراں کئے ہوئے

یہ کون چھپ رہا ہے پس پردۂ خزاں
جلوے کو اپنے اور بھی عریاں کئے ہوئے

کس حسن خود نما کی تجلی کا فیض ہے
ہر شے کو اپنی ذات پہ نازاں کئے ہوئے

کس شوخ کی نگہ کے اثر سے ہے زندگی
عقل و جنوں کو دست و گریباں کئے ہوئے

اللہ کھول آنکھ تو بیٹھا ہے کیوں اسد
روز وصال کو شب ہجراں کئے ہوئے

رمزیہ تغزل

از نتیجۂ فکر عالیجناب خان بہادر نواب مرزا محمد حسین علی خانصاحب بہادر بی اے ریٹائرڈ کلکٹر

مآل اندیش کہلاتے ہیں خزاں کا غم بہاراں میں
گریباں چاک ہیں گل روتی ہے شبنم گلستاں میں

حسد صیاد و گلچیں باغباں کو ہے تو کیا ڈر ہے
مثال بوئے گل رہتا ہوں میں کنج گلستاں میں

جراحت ننگ ہمت ہے جو ہو شہ مندۂ مرہم
نہ ہو مشغول تو اے چارہ گر تکلیف درماں میں

وطن میں قدر ہو کیوں کر ہمارے دُرِ مضموں کی
گھٹی رہتی ہے بیشک لال کی قیمت بدخشاں میں

پریشاں جب ہوا انساں ہر طرف ایذا ہی ایذا ہے
نظر آتا ہے کانٹوں کا بچھونا صحن بستاں میں

خزاں آئی زمانہ فصل گل کا ختم ہے شاید
لگائے جاتے ہیں ٹانکے جو وحشی کے گریباں میں

قفس میں بھی شگفتہ ہو گیا دل فرط شادی سے
کسی نے کہدیا جھونکے بہار آئی گلستاں میں

عجب کیا دامن صحرا کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا
قیامت ہے کہ میرا ہاتھ اُلجھا ہے گریباں میں

زلیخائے خطا تھی کچھ خبر اصلا نہ تھی اس کو
نہاں ہے داغ رسوائی کا غم یوسف کے داماں میں

سخی پوشیدہ پوشیدہ سخاوت سب سے کرتے ہیں
کہ شبنم رات کو موتی لٹاتی ہے گلستاں میں

زلیخائے سخن کے دور میں سرور کیا کہئے

عرب کا بادشاہ

سُلطان ابن سعود

(ایچ سینٹ۔ فلبی کے ایک مضمون کا ترجمہ جو انگریزی اخبار "لسنر" میں شائع ہوا)

(مترجمہ جناب عبدالرحیم صاحب شبلی۔ بی کام)

میں شاہِ عرب سے قریباً بیس برس سے واقف ہوں کیونکہ ۱۹۱۷ء میں مجھے برطانوی سفیر بنا کر ان کے صحرائی دارالخلافہ میں بھیجا گیا تھا۔ وہ اس وقت اگرچہ عرب کے بیشتر حصّہ پر قابض تھے۔ لیکن ان کی شخصیت کے متعلق بہت کم معلومات لوگوں کو حاصل تھیں۔

اُس وقت تک اُن کی زندگی زیادہ تر فوجی معرکہ آرائیوں میں مصروف رہی۔ اُن کا ورزشی جسیم بدن جو متواتر گھوڑے کی سواری اور لڑائیوں کی وجہ سے خوب مضبوط ہو گیا تھا۔ معرکہ آرائیوں کے لئے خاص طور پر مناسب حال تھا۔ لیکن جو چیز مجھ پر زیادہ اثر انداز ہوئی وہ اُن کے اخلاق حسنہ کے فوجی پہلو کی بجائے ان کی قوتِ نظم و نسق ہے۔ کسی نہ کسی طرح آپ نے غیر منظم اور منتشر عربوں کو اپنے نظام کے ماتحت کر لیا۔ اور فوجی طاقت کی یہ مشینیری آپ کے حکم کے اشارہ پر حرکت میں آنے کے لئے تیار ہو گئی جس کو بعد میں ابن سعود کے اثر و رسوخ کو تمام عرب میں پھیلانے کے لئے چند در چند دفعوں کے بعد استعمال کیا گیا اور جیسا کہ ہم جانتے ہیں اُنکی بادشاہت قائم ہو گئی۔ آپ کو بلاشک و شبہ عرب کا عظیم الشان اور نمایاں ترین انسان تصور کیا جا سکتا ہے!

ملک کے جملہ انتظام کا بار ابن سعود شاہ عرب کے دوش پر ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی مصروفیات کے لئے جو میں گھنٹہ کا دن نہایت قلیل ہے آپ تمام دن اپنے دیوان خاص یا عام میں سلطنتی امور کی انجام دہی کے لئے ہمہ تن مصروف و منہمک رہتے ہیں۔

اگر کسی شخص کو آپ سے کوئی کام ہو تو وہ دیوان عام میں خود حاضر ہو سکتا ہے دنیا کے تمام بادشاہوں کی نسبت غالباً آپ کی باریابی سب سے آسان ہے۔

آپ کے محافظ اور درباری فرش پر ہی آپ کے ارد گرد بیٹھ جاتے ہیں آپ خود بھی ننگے پاؤں عربی لباس میں کمرہ کے ایک کونے میں اونچی نشست پر تشریف فرما ہو جاتے ہیں۔ اور ملاقاتیوں اور وزراء کو نیچوں یا اسٹولوں پر بٹھایا جاتا ہے۔

دیوانِ عام میں آپ صبح سات بجے سے لے کر دوپہر تک۔ تین بجے سے لے کر چھ بجے شام تک اور پھر آٹھ بجے رات سے لے کر نصف شب تک کام کرتے ہیں۔

اپنے روزمرہ فرائض کے علاوہ آپ نمازوں اور دیگر مذہبی رسوم کیلئے بھی وقت نکال لیتے ہیں۔ آپ درحقیقت نہایت صالح اور عابد مسلمان ہیں اور کوئی چیز آپ کے مذہبی پروگرام میں حارج نہیں ہو سکتی۔

وقت پر اٹھنے کے لئے آپ صبح سویرے تین بجے اٹھتے ہیں اور دو گھنٹے تہجد۔ نماز و تلاوت قرآن شریف کے بغیر آپ اپنے معمول کے کام کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ دن کے وقت نمازوں وغیرہ کی ادائیگی کے لئے آپ کے کم از کم چار گھنٹے صرف ہوتے ہیں۔

ظاہر ہے کہ بدیں وجہ آپ کے پاس دیگر مصروفیات کیلئے بہت کم وقت باقی رہ جاتا ہے۔ لیکن آپ اپنے آرام کو بھی قربان کر دیتے ہیں۔ آپ شاید ہی پانچ گھنٹوں سے زائد کبھی سوئے ہوں۔ بلکہ اکثر اوقات آپ کم ہی سوتے ہیں خوراک بھی آپ کے نزدیک ایک تعیش ہے اور آپ بہت کم توجہ اُس کی طرف

نیرنگ خیال میں چند ایسے مضمون نگار بھی لکھتے ہیں جو کسی دوسرے رسالہ میں لکھنا مناسب نہیں سمجھتے۔

دیتے ہیں۔ کھانا بڑی بڑی قابوں میں فرش پر چن دیا جاتا ہے اور تمام حاضرین کو اس میں شریک ہونے کے لئے دعوت دیجاتی ہے۔ لیکن یہ دعوت صرف چند منٹ تک رہتی ہے۔ جس کے بعد سلطان اپنی ملاقاتوں میں مصروف ہو جاتے ہیں۔

آپ کی واحد تفریح یہ ہے کہ آپ کبھی کبھی صحرا میں ہرن یا عربی شتر مرغ کے شکار کے لئے نکل جاتے ہیں۔ یہ سیر و شکار حقیقی معنوں میں تفریح ہوتی ہے اور سلطان اِس سے حد سے زیادہ محظوظ ہوتے ہیں۔

شکار کی پارٹی موٹروں میں روانہ ہوتی ہے اور جب کوئی شتر مرغ یا غزال نظر پڑتا ہے تو موٹر اس کے پیچھے دوڑا دی جاتی ہے۔

شکار کے علاوہ سلطان کی تفریح یہ ہے کہ کھانے نماز پڑھنے سونے اور شاہی امور کی انجام دہی کے بعد جو وقت چوبیس گھنٹوں میں سے باقی بچتا ہے وہ اسے خانگی فرائض کی ادائیگی کے لئے صرف کرتے ہیں۔

آپ کو اپنے روز افزوں خاندان کی وجہ سے کافی وقت اس طرف خرچ کرنا پڑتا ہے۔

البتہ ہمیں شاہ عرب کی خانگی زندگی کے متعلق بہت کم معلومات حاصل ہیں۔ کیونکہ عرب میں غریب اور امیر عورتیں دونوں نہایت سختی سے پردہ کی پابند ہیں۔

ان باتوں کے باوجود کبھی کبھی جب شاہِ عرب کے ننھے بچے آپ کے قریب ہوں تو آپ اپنے انہماک کو توڑ کر ان سے تفریح طبع کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

اکثر اوقات دو یا تین سال کا بچہ سلطان العرب کے ایوانِ عام میں کوئی چیز مانگنے کے لئے یا اپنا کوئی دکھڑا سنانے کے لئے چلا آتا ہے یا بچے دیہاتوں کی سیر کے وقت آپ کی معیت کرتے ہیں۔ اُس وقت آپ کے دل کی اصلی کیفیت کا حال معلوم ہوتا ہے۔

اور یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ جو شخص ایک بچے کی فطری طبیعت کے سامنے بالکل جھک جاتا ہے۔ اس کو یقیناً انسانوں کا فائدہ اور خدا کا عابد بندہ بننے کے لئے قسامِ ازل نے منتخب کیا ہے۔ خدا تعالےٰ کی خوشنودی اور عرب قوم کے ناموس کی حفاظت۔ یہ ہیں وہ اصول جو اس نامور تاریخی ہستی نے اپنی زندگی کی شمع راہ بنا رکھے ہیں!

(عبدالرحیم شبلی)

جہان آرزو

حضرت آرزو لکھنوی کا تازہ ترین مجموعہ کلام قدیم اور جدید لکھنوی رنگ کے استاد حضرت آرزو لکھنوی کے کلام کا تازہ ترین مجموعہ شائع ہو گیا ہے۔ جو لوگ سادگی اور روزمرہ اردو کا لطف اٹھانا چاہتے ہیں۔ انہیں یہ دیوان ضرور دیکھنا چاہیئے۔ اردو زبان کے تمام شعرا اور شعر سے ذوق رکھنے والے جہان آرزو کو ضرور خریدیں۔

لکھائی چھپائی اعلےٰ۔ حجم ۲۶۰ صفحہ

قیمت صرف ایک روپیہ (۱؍) علاوہ محصول ڈاک

مرثیۂ اندلس

حضرت حفیظ نعیمی بیلی بھیتی نے ہسپانیہ کی اسلامی تاریخ کو نظم کی صورت میں پیش کیا ہے۔ ؎

فتح کفار نے اسلام کی بڑھتی ہوئی دیکھی ہے پہاڑوں پر سمندر کی لہر چڑھتی ہوئی دیکھی
اسپین مسلمانوں کا شاہ ہسپانیہ کو دعوتِ اسلام دینا۔ جنگ۔ عربوں کی بہادری کا نقشہ۔ طارق کی تلوار کے جوہر۔ الغرض تاریخ اسلام کا ایک نہایت روشن باب دلکش نظم سے مرصع ہے۔ اس کتاب کا ضرور مطالعہ کیجئے اور لطف اٹھائیے۔

حجم ۷۰ صفحات۔ قیمت ایکروپیہ (۱؍) علاوہ محصول ڈاک

منگانے کا پتہ:- **نیرنگ خیال ۳۶ - بیڈن روڈ - لاہور**

سلیس اور سادہ اردو نیرنگِ خیال کا معیار ہے تاکہ ہندو اور مسلمان اس رسالہ کے ذریعے قریب تر ہو جائیں

فلسطین

(از جناب مشیر احمد صاحب علوی قادری بی اے)

دیکھ مجھے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو میری سنو جو گوشِ حقیقت نیوش ہو

غالب

ارضِ کنعان کا ایک جوان صالح اپنے برگزیدہ باپ کے حکم سے عراق کی طرف راہی ہوا تاکہ اپنے ماموں سے جو شہر حرّان کا ایک دولتمند باشندہ تھا اسکی بیٹی کی خواستگاری کرے وطن مالوف (بیر شبیہ) سے حرّان تک سترہ دن کا راستہ تھا۔ بے آب و گیاہ کوہستان اور خطرناک وادیاں سنگ راہ تھیں صحرائی جانوروں سے زیادہ اپنے توام بھائی (عیصر بن اسحٰق) کا خوف تھا۔ جس سے قدیم دشمنی تھی۔ شفیق باپ نے زادِ سفر۔ تحائف و ہدایا کے لئے زر و جواہر کا انبار ساتھ کیا تھا۔ اور اس کی حفاظت کی فکر تردّدات میں اضافہ کا باعث تھی۔ بستی سے کچھ ہی دور نکلا تھا۔ کہ بے رحم بھتیجے (الفاز بن عیصر بن اسحٰق بن ابراہیم علیہ السلام) نے راستہ روکا اور جس قدر مال و متاع ساتھ تھا لوٹ لیا نہ ہاتھ میں کوڑی رہی نہ تن پر کپڑا۔ آگے بڑھے تو مال نہیں حال نہیں۔ اور پیچھے پھرے تو والد ماجد کو منہ دکھانے کی مجال نہیں۔ بے کسوں کے مددگار سے فریاد کی اور بہ چشم نم آسمان کی طرف رُخ کیا۔ دیکھا کہ بارہ روشن ستارے فلک اخضر پر درخشاں ہیں۔ دن کے وقت سورج کی تیز روشنی میں ستاروں کا نور دیکھ کر حسرت و استعجاب کے بادل چھا گئے۔ آنکھ نیچی کی تو پہچانا کہ وطن سے بہت دور موروثیہ کے کوہستان میں اسادہ ہے اور دو دن کی مسافت چند لمحوں میں طے ہو گئی ہے۔ اس طے الارض کی کھلی ہوئی کرامت نے حیران و مدہوش کر دیا۔ دیکھتے دیکھتے آفتاب غروب ہو گیا۔ ہر طرف تاریکی چھا گئی اور اسی کوہستان کے ایک گوشہ میں رات بسر کرنا لازم ہوا۔

پہاڑ پر سنگریزوں کی افراط تھی۔ درندوں سے حفاظت کے لئے اپنے اردگرد پتھر بارہ پتھر لگائے اور ایک پتھر پر سر رکھ کر لیٹ گیا۔ آنکھ بند ہوتے ہی قدرتِ ایزدی کا تماشا نظر آیا۔

سچے کا خواب

حضرت یعقوب نے دیکھا کہ ایک عظیم الشان سیڑھی زمین سے فلکِ ہفتم تک لگی ہے اور عجیب الخلقت فرشتے اس راستہ سے زمین پر اترتے ہیں۔ اور پھر آسمان پر چڑھتے ہیں۔ بعض ملائک نے اس نو وارد مسافر کے نزولِ اجلال کی ملاء اعلےٰ میں خبر پہنچائی۔ بابل کا بادشاہ آیا اور اس سیڑھی کے ستر ڈنڈوں تک چڑھ کر اترا۔ نوآن کا تاجدار آیا اور باون ڈنڈوں تک چڑھ کر لوٹا۔ یونان کا شہزادہ آیا اور ۱۸۰ زینے طے کر کے نیچے گرا۔ بعد ازاں ایڈوم کا حاکم آیا اور بڑبڑاتا ہوا زینے پر چڑھنے لگا۔ اس کے بادل تک پہونچنے اور آسمان پر حکومت کرنے کا عزم کیا۔ ناگاہ خداوند کے جلال نے اس تماشائی کو گھیر لیا۔ آسمانوں کے دروازے کھل گئے زمین کے طبق روشن ہو گئے۔ اور بانگ جرس نے صدا دی "ایڈوم کے حاکم سے۔ یہ مبارک زمین جسپر تو استراحت کر رہا ہے۔ تیرے فرزندوں کی میراث ہے اور تیری نسل ریت کے ذرّوں کی طرح بے شمار ہو گی"

یکایک فلسطین کی تمام زمین گنبدِ بین کر اس بخت بیدار سونے والے کے ہاتھ میں آگئی۔ اور مکرر بشارت دی گئی کہ اس کے فرزند اس خطۂ ارض پر تصرف کریں گے ..... اب اس سے زیادہ حیرت انگیز جلوے نظر آنے لگے۔ دیکھا کہ وہ سینا تجلی حق سے معمور ہے اور خدا کا ایک مقبول بندہ استاد ازل سے احکام و قوانین کی تعلیم حاصل کر رہا ہے۔ دفعۃً منظر بدلا۔ ایک عالی مرتبت عبادتگاہ تعمیر ہو رہی ہے اور خدا کی بندگی کا حق ادا کرنے والے دودھ اور شہد کی نہروں میں غسل کر رہے ہیں ایک لمحہ میں یہ تماشا بھی غائب ہوا

یروشلم کا خوبصورت شہر جل رہا ہے اور عبادت گاہ کا سارا مال و اسباب لوٹا جاتا ہے۔ یہ منظر بھی رو پوش ہوا۔ دنیا کے ہر گوشہ سے غلام آزاد ہو کر آئے اور عبادت گاہ کی تعمیر دوبارہ ہونے لگی۔

گھبرا کر آنکھ کھول دی۔ رات ختم ہو چکی تھی اور صبح کا سپیدہ پھیل گیا تھا۔ عنایت و نوازش خداوندی کا شکریہ ادا کیا اور اس مقدس مقام کا نام بیت ایل رکھا۔

یہودی قوم بہت ضدی متعصب اور سخت مزاج ہوتی ہے۔ ایک مرتبہ جو خیال جم گیا اس کا نکلنا مشکل ہوتا ہے خواہ وہ غلط ہی کیوں نہ ہو۔ آپ یہودیوں کو کسی طریقہ سے قائل نہیں کر سکتے۔ وہ تمام اسباب و علل پر آنکھیں بند کر کے محض اپنے عقائد پر قائم رہتے ہیں۔ خواہ کوئی رسم کیسی ہی لغو کیوں نہ ہو۔ ایک بار اگر کسی یہودی نے کی ہے۔ تو وہ اب ہمیشہ قائم رہے گی۔ کسی خیال اور بحث سے اس کو کوئی بدل نہیں سکتا۔ ولادت حضرت مسیح سے بہت قبل ۹۷ء میں ایرانی تاجدار بخت نصر نے کنعان پر حملہ کر دیا۔ یروشلم محاصرہ ہوا۔ فوج کی کمان بخت نصر کے ہاتھ میں تھی۔ یہود کا بدنصیب بادشاہ عاجزی سے صلح کا خواستگار ہوا۔ اور اپنے اعزہ و رفقا کو ساتھ لے کر بغداد کی مستعصم باللہ کی طرح دشمن کے خیمہ میں امان مانگنے چلا گیا۔ جنگ خود بخود ختم ہو گئی بخت نصر نے ہیکل سلیمان اور شاہی محل کے خزانے لوٹ لئے۔ یہودیوں کی نگاہ میں ہیکل سلیمان کی وہ قدر تھی جو مسلمانوں کی نظروں کعبۃ اللہ کی ہے۔ بنی اسرائیل سے وعدہ کیا گیا تھا کہ ایک شخص آئیوالا ہے وہ زوردار ہے۔ اور حضرت مسیح تشریف لائے لیکن یہودیوں نے ان کے وعظ کو ہنسی میں اڑا دیا اور آج تک وہ اسی خیال میں مست ہیں کہ نجات دہندہ آئے گا۔ حالانکہ وہ ۷۰۰ سال قبل حضرت مسیح کو اپنے خیال میں صلیب پر چڑھا چکے ہیں۔

آپ نے ابتدا میں ملاحظہ فرمایا کہ کس طرح حضرت یعقوب نے فلسطین کا خواب دیکھا تھا۔ چنانچہ آج تک یہودی اسی خیال پر قائم ہیں۔ اور آج ہزارہا برس کے بعد بھی یہودی فلسطین کو بیت یہود بنانے پر تلے ہوئے ہیں اصل میں یہودیوں کو سیاسی اصول پر فلسطین سے وطنی بالتغور یاد داشت کے بعد سے شروع ہوئی۔ اس سے قبل وہ لوگ فلسطین کو تاریخی اور مذہبی مرکز تصور کرتے تھے۔ عربوں سے انکا اتحاد تھا اور یہ تصور کیا کرتے تھے کہ فلسطین یہودیوں کے تمدن اور مذہب کا مرکز ہے۔ اور قانع تھے کہ سال میں ایک بار زیارت سے مشرف ہو جایا کریں۔ لیکن حکومت کا خیال کبھی بھی پیدا نہ ہوا تھا۔ اگر بالتغور یاد داشت سے یہودیوں کی تحریک صیہونیت شروع ہوئی تو مسلمانوں (عربوں) کو اسیوقت سے فلسطین کی سیاسی رفعت کی مرکزی حیثیت کو قائم کرنے کا خیال پیدا ہو گیا ہے اب عبرانی تعلیم حاصل کی جاتی ہے۔ عبرانی تمدن کی نشر و اشاعت ہوتی ہے اور تحریک صیہونیت کی تبلیغ کی جاتی ہے اور خالص یہودی مسئلہ پر گفت و شنید کا دروازہ کھولا جاتا ہے۔ اس مسئلہ کو خالص سیاسی نقطہ خیال سے سب سے پہلے ۱۸۹۶ء میں ایک المانی صحافی تھیوڈور ہرزل نے یہودیوں کے سامنے پیش کیا۔ اس کا مقصد تھا وطن۔ اسٹریا۔ جرمنی اور دیگر مقامات سے یہودی ہجرت کر کے فلسطین میں آباد کئے جائیں۔ اس کی ڈائریاں۔ تقاریر۔ خطوط اور نجی تحریروں سے پتہ چلتا ہے کہ اس تحریک سے اس کا کوئی مقصد نہ تھا بلکہ وہ وقتی ہنگامہ پیدا کرنا چاہتا تھا۔ لیکن یہ تحریک اثر پکڑتی گئی اور یہودیوں کو تحریک صیہونیت کا قدیم خیال پھر عود کر آنا شروع ہوا بلکہ اب اس تحریک نے بیت ملی کا خیال پیدا کر دیا۔ ۱۹۱۷ء میں اس قدیم تحریک کے نشو و نما کے قدرتی ذرائع پیدا ہو گئے۔ اور مشرق و مغرب ہر جگہ اس تحریک کی پرچار شروع ہو گئی۔ پہلے یہودی خود تحریک صیہونیت پر اعتماد نہ رکھتے تھے اس لئے ایک جماعت نے جو عبرانی تمدن کی احیا کی کوشش میں تھی وہ عام یہودیوں سے علیحدہ ہو گئی۔ اور رشید نام اس گروہ کی قیادت کرتا رہا۔ رشید نام اس عہد کا بہت بڑا یہودی مصنف ہے اور صیہونی ملی جذبہ کا سب سے بڑا قدر و ناظر بھی۔ بالتغور اعلان کے بعد ۱۹۱۸ء یہ جماعت حکومت کے ساتھ موالات پر تیار ہو گئی۔ اس اعلان کے بعد سے عبرانی تمدن کا احیا ہو گیا ہے۔ اب فلسطین کے مدارس میں عبرانی کی تعلیم دی جاتی ہے۔ عبرانی زبان بولی جاتی ہے۔ عبرانی تھیٹر۔ عبرانی مطابع اور عبرانی اخبارات رائج ہیں۔ بالتغور اعلان نے اس تحریک صیہونیت کی پشت پناہی کی اور عبرانی نژاد نسل بہت جلد فلسطین میں تیار ہو رہی ہے اور وہ دن دور نہیں ہے کہ وہ دنیا کی طاقتور قوم بن جائے گی۔

[illegible] جولائی [illegible]
[illegible] اسرائیل کے خدا کا گھر جو یروشلم میں
یہودی یہ سمجھتے ہیں کہ [illegible] وہ چاندی سونے مال اور موروثی سے مدد کرے
پشت پناہی کی [illegible]

نیرنگ خیال میں کسی مذہب و ملت کے خلاف مضامین شائع نہیں ہوتے اور اسے سب سے زیادہ چھپنا ہے

اور خدا کے گھر کے لئے جو یروشلم میں ہے ہدیہ بھیجے"۔ یہ فرمان یہودی قیدیوں کی رہائی کا پہلا اشاریہ اعلان تھا۔ بنی اسرائیل میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ آخری اسرائیلی بادشاہ کے جاہ و حشم دیکھنے والے نوجوان سن رسیدہ اور ضعیف ہو چکے تھے بوڑھے مر چکے تھے۔ اور لڑکے بوڑھے تھے۔ یروشلم کی رونق اور آبادی چند ہی نفوس کو یاد تھی مگر آباد اجداد کی راجدھانی بیت ربم دیکھنے کا شوق اور ہیکل سلیمانی میں عبادت کرنے کی آرزو۔ باپ دادا سے میراث میں ملی تھی۔ دل کھل گئے اور ساری قوم یکزبان ہو کر کیخسرو کی عظمت اور عالی ہمتی کے ترانے گانے لگی۔

قدیم متبرک مقام پر عارضی قربانگاہ بنائی گئی اور ۵۳۶ ق۔م۔ میں عبادت خانہ کی تعمیر شروع ہوئی۔ بنیادی پتھر بڑے جوش و خروش سے رکھا گیا اپنے عقائد کے اس کار خیر میں مخالفت اور مزاحمت کی۔ سامری دشمنی پر تیار ہوئے۔ تعمیر فوراً روک دی گئی۔ گشتاسپ نے دوبارہ ہیکل کی تعمیر کی اجازت دی اور شہنشاہ دارا کے چھٹے سن جلوس میں ۵۱۵ ق۔م میں یروشلم پورے ۷۰ سال کے بعد پایۂ تکمیل کو پہنچی نمونہ قدیم معبد سلیمانی کا تھا مگر سالہ کم قیمت استعمال کیا گیا۔ سن رسیدہ نفوس جنہوں نے قدیم عالیشان عمارت کی زیارت کی تھی۔ اس جدید گھر کو دیکھ رونے لگے اور نوعمروں نے شادمانی کے ترانے شروع کئے۔ خوشی کا شور اور غم کی صدائیں ایک ساتھ بلند ہوئیں۔ بوڑھے چند تھے اور جوان بہت۔ اس لئے اظہار کو یہ امتیاز دشوار تھا۔ کہ بنی اسرائیل تعمیر جدید پر مسرت کے شادیانے بجا رہے ہیں یا پرانی یادگار کی تباہی پر بین کر رہے ہیں۔

عزرا کاہن پندرہ سو ایرانیوں کا مختصر قافلہ لے کر یروشلم آئے۔ الہام کی زبان میں خدا کا ہاتھ اس کے ساتھ تھا اس نے راستہ میں گھاٹ والوں سے بچایا۔ لیکن جب وہ یروشلم میں پہونچے وہاں رنگ دگرگوں تھا۔ فسق و فجور کا بازار گرم تھا۔ مصنف انبیا کا نشان نہ تھا۔ تابوت سکینہ نذر آتش ہوا۔ اجنبی بیویاں گھروں میں تھیں۔ عزرا نبی نے لباس چاک کیا۔ روزے رکھے۔ ہیکل مقدس میں مناجات کی۔ بیت ایل میں رو رو کر دعا مانگی۔ آہ و زاری رنگ لائی۔ قوم کو ابداعمالی کا احساس ہوا۔ اجنبی بیویوں کو چھوڑا سوۂ ایلہی پر عمل پیرا ہونے کا بیڑا اٹھایا۔ عزرا اسیلیوں نے فوق العادت قوت حافظہ سے کام لے کر عہد نامہ عتیق کے سب پرانے صحیفے لکھوائے اور شریعت موسوی کو زندہ کیا۔ ان کے جوش خلوص ہمدردی اور قابلیت نے آل داؤد کو ملت و مذہب کا پرستار بنایا۔ اور وہ قدامت پرست و متحمل قوم پرست کا جو ہزار ہا سال کے مظالم سہنے کے بعد آج بھی دنیا کے برعظم میں اپنے مخصوص رسوم و قواعد کے ساتھ زندہ ہے۔ ایشیا کا فلسفہ۔ یورپ کا فیشن امریکہ کے سائنس ان کے آداب و دستور کو تزمیم کرنے سے عاجز ہے۔ وہ سب سے ملے ہوئے ہیں۔ ہندوستان میں ان کا ایک نامور فرزند وائسرائے بھی رہ چکا ہے۔ دنیا کے مدبرین میں ان کے افراد کا شمار ہے۔ دولت میں اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے لیکن بایں ہمہ سب سے الگ "خلوت در انجمن" اور "بے ہمہ با ہمہ" کا مصداق ہیں۔ اور موجودہ مذہب عزرا کا نشر مندۂ سنت ہے۔ لیکن ابھی تک شہر پناہ کی تعمیر نہ ہوئی تھی۔ نحمیا کی عنایت سے ۵۲ روز کی مدت میں شہر پناہ تعمیر ہو گئی۔ نحمیا اور عزرا ایران واپس چلے گئے۔ لیکن ان بلند ہمت بزرگوں کی برکت سے ارض موعود میں بنی اسرائیل کی سلطنت دوبارہ قائم ہو گئی۔

اب دنیا کی تاریخ کا ورق دوبارہ پلٹا۔ اکتوبر کی پہلی تاریخ ۳۳۱ ق۔م میں صبح کے وقت سکندر کی فوج نے لڑائی کا بگل بجایا اور چند گھنٹوں میں جنگ کا فیصلہ ہو گیا۔ مشرق کو مغرب نے کچل دیا۔ ایشیا کو یورپ نے روند ڈالا۔ ایرانی ۳ لاکھ مقتول میدان میں بے گور و کفن چھوڑ کر فرار ہوئے سلطنت کا چراغ گل ہو گیا۔

نسب نامۂ دولت کیقباد ۔ ورق بر ورق ہر سوے بر باد

سکندر ایشیا کا بادشاہ ہوا اور فرزندان اسرائیل اس کے فرمانبردار لیکن اس حیرتناک انقلاب کے ۹ سال ہی بعد ۱۱ جون ۳۲۳ ق۔م کو شام کے وقت خاندان کیقباد کا بے چراغ کرنے والا منزل عدم کا مسافر ہوا اور اس کی وسیع سلطنت متعدد جزلوں میں تقسیم ہو گئی۔ شام و فلسطین برسلوکس کی حکومت ہوئی۔ شام کی سلطنت تقریباً ۲۵۰ برس اس کے جانشینوں کے تصرف میں آئی لیکن ۱۶۳ ق۔م میں عزرا اس مقام پر ٹالمی نے ولیعہد شام کو شکست دے کر فلسطین قبضہ کر لیا۔ اور سبت کے دن یروشلم میں داخل ہوا۔ اب مصریوں کا فلسطین پر تسلط ہو گیا۔ جو تقریباً ایک صدی تک قائم ہو گیا۔ شام کے بادشاہ موقع کے منتظر تھے

نیرنگ خیال فحش نویسی اور عریانی سے پاک ہے اس کے مضامین اور تصاویر ہر طرح سے محفوظ ہیں۔

اور فلسطین کو زیر نگیں کرنے کی گھات میں تھے۔ ۱۷۳ ق۔م۔ میں شاہ انطیوکس سوم کے فلسطین اور سواحل پر قبضہ کر کے کنعان کو دوبارہ شام کا صوبہ بنا لیا لیکن ۱۶۷ ق۔م میں یونانی تہذیب۔ یونانی تمدن۔ یونانی مذہب کی نشر و اشاعت شروع ہوئی۔ یہود قدامت پرست تھے۔ ان کے مذہب کو یونانیوں سے اصولی اختلاف تھا۔ انہوں نے مذہب اور معاشرت تبدیل کرنے سے انکار کیا اور حکومت نے انکو ظلم و جور کا تختۂ مشق بنایا۔ مصائب کی کوئی حد نہ رہی۔ حتیٰ کہ اس نے ۶۰ ہزار پیادے اور ۵ ہزار سوار لیکر حملہ کر دیا۔ لیکن مقابلے نے سر فروشانہ مقابلہ کیا۔ اور تمام ارض کنعان کا مالک ہو گیا۔ اور ہیکل سلیمانی جو اب معبد مشتری کے نام سے مشہور تھا۔ دوبارہ اس کو آلائشوں سے پاک و صاف کیا۔ اور عبادتگاہ سلیمانی بنایا اور تین سال کے بعد شریعت موسوی کے مطابق خدا سے وعدۂ لاشریک کی ستائش شروع ہوئی۔ یہ واقعہ ۱۶۴ ق۔م کا ہے شمعون مقالی یروشلم کا متولی اعظم ہوا۔ ارض کنعان کو قلعہ بند کیا اور ۱۴۲ ق۔م میں اپنی خود مختیاری کا اعلان کر دیا۔ اسرائیلی سکہ جاری ہوا۔ اور یہودیوں کی آزاد سلطنت دوبارہ ارض موعود پر قائم ہو گئی۔

ذرہ بھی چمک کے ہو ستارہ قائم جو زمین و آسماں ہے

بخت نصر کی تاراج گری۔ بابل کی غلامی۔ شامتیوں کی سفاکی کے بعد بنی اسرائیل کی ارض کنعانی میں خود مختار حکومت قوم کی جانبازی سرفروشی اور شوق شہادت کا حیرت انگیز کارنامہ ہے۔ ایک ہزار برس پہلے طالوت اور داؤد نے اس سرزمین پر سلطنت کا بنیادی پتھر رکھا تھا۔ مگر اس وقت اطراف و جوانب میں کوئی زبردست قوت منتظم موجود نہ تھی۔ لیکن اسوقت روما الکبریٰ کی جمہوری حکومت روز افزوں ترقی کر رہی تھی۔ اور یونان کو مغلوب کر چکی تھی۔ یہود اکا ملجا و ماویٰ مقدس یروشلم دشمنوں کے تصرف میں تھا۔ حتیٰ کہ معبد و عبادتگاہ سلیمانی میں بھی یونانی اصنام کی "خدائی" تھی اس عاجزی بے بسی اور ناامیدی کے ماحول میں آزادی کی کوشش اور کامیاب انقلاب کی سعی مشکور یہود امقالی کے صدق و خلوص کی کرامت تھی اس نے خون جگر سے نخل آزادی سیراب کیا تھا۔ اور جان بیچ کر قوم کو ظالموں کے پنجہ سے رہائی دلائی تھی۔ روما الکبریٰ کی جمہوری سلطنت کا نامور سپہ سالار پامپی نے ۳۵ سالہ امارت میں بادشاہوں کو زیر کیا اور حیفا اور شام کی حکومتوں کو زیر کیا۔ ۶۳ ق۔م میں جنوب کی طرف پیش قدمی کر رہا تھا۔ اس کو یروشلم کے باہمی نزاع کا حال معلوم ہوا۔ فوراً اس نے شہر پر حملہ کر دیا۔ ۳ ماہ تک شہر کی حفاظت کی گئی۔ فاقہ کشی کی نوبت پہونچی۔ ضبط و تحمل کی قوت گھٹتی۔ فصیل میں رخنے پڑ گئے۔ اور شہر یروشلم شہر فتح ہوا۔ ۱۲ ہزار یہودی تہ تیغ کئے گئے۔ یروشلم کی شہر پناہ مسمار کی گئی۔ پامپی ہیکل سلیمانی میں داخل ہوا۔ اس طرح ایک صدی کے بعد باہمی نفاق کی وجہ سے یہود کی خود مختار سلطنت کا خاتمہ ہوا۔ اور ۶۳ ق۔م میں یروشلم کی حکومت ایک رومی گورنر کے سپرد ہوئی۔ اور سلطنت کنعان روما کا ایک صوبہ بن گئی۔ اور ارض موعود کا خیال گویا ایک خواب بن گیا۔

ہیرڈ کی عہد میں حضرت ذکریا و حضرت مسیح کا ظہور ہوا۔ حضرت مسیح کو صلیب دی گئی۔ بنی اسرائیل ایک دوسرے کو کافر و مرتد تصور کرتے تھے۔ بعینہٖ انکی وہی حالت تھی۔ جو آج کل مسلمانوں کی ہے۔ کوئی گورنر یہود یوں کو خوش نہ کر سکا۔ ۴۰ سے ۷۰ تک ۶۰ برس میں ۱۴ گورنر تبدیل کئے گئے۔

اتفاق سے جس دن یروشلم میں خود مختاری کا اعلان ہوا۔ اسی روز قیصر روم نے رومی گورنر کے حکم سے ۲۰ ہزار یہودی قتل کئے گئے۔ باغیوں کی حکومت شروع ہو گئی۔ جوزفس اس حکومت کا سردار مقرر ہوا۔ لیکن اس کی شہرت اس بے نظیر تاریخ یہود سے ہے جو اس نے کئی سال بعد رومۃ الکبریٰ میں تالیف کی تھی۔ اس نے آزمودہ فوج سے کھلے میدان میں جنگ خلاف مصلحت سمجھ کر جوکابیٹ کے حصہ میں قلعہ بند ہو گیا۔ یہود میں باہم اتفاق ہونا تو دار السلطنت کی تسخیر آسان نہ تھی۔ مگر بدقسمتی سے شہر کے اندر مخالف فرقوں میں جنگ شروع ہو گئی۔ اور اس کا سلسلہ ختم نہ ہوا تھا کہ ۷۰ء میں طیطوس نے محاصرہ کر لیا۔ شہر میں قحط پڑ گیا۔ رومی دھاوے کر رہے تھے۔ اور پسپا ہوتے تھے۔ لیکن یروشلم کی طرح اطاعت پر تیار نہ تھا۔ آخر کار رومیوں کے قلعہ شکن آلات نے ایک بڑا دیوار میں رخنہ کر دیا۔ رات کے وقت ۲۴ لفوس شہر میں داخل ہوئے۔ طیطوس نے اشتہار جاری کیا۔ بہتوں نے فائدہ اٹھایا۔ مگر بیشتر خیموں اور ہیکل مقدس میں پناہ گزیں ہوئے۔ ایک دل جلے نے جلتی ہوئی مشعل عمارت ہیکل پر پھینکدی۔ شعلے بھڑک اٹھے۔ یہودیوں نے یہ منظر دیکھ کر چیخ ماری اور تلواریں کھینچ کر دشمنوں کو مارنے اور ہیکل پر اپنی جانیں قربان کرنے لگے۔ طیطوس نے

شور مچایا۔ آگ بجھانے کا انتظام کیا مگر تلواروں کی جھنکار میں اس کی آواز کون سنتا۔ آج یہودیوں پر غضب خداوندی نازل تھا۔ ہزاروں بے گناہ قرنا کے گرد کٹے ہوئے پڑے تھے۔ ہیکل کی سیڑھیوں سے خون کے پرنالے بہ رہے تھے۔ اور لاشیں بہہ بہہ کر نیچے گرتی تھیں۔ اس کے کہ ہیکل مقدس کے مقام تک آگ کے شعلے پہونچیں طیطوس نے اس کو بچانے کی آخر کوشش کی۔ مگر اس کی آنکھوں کے سامنے مغلوب الغضب سپاہیوں نے الہام گاہ کے عالیشان دروازے میں آگ لگادی اور ساری عمارت ایک ساعت میں مل کر خاک کا ڈھیر ہوگئی اسی طرح بروشلم کا خاتمہ ہوا۔ اور جو زیفس کی روایت کے مطابق تخمیناً ۱۱ لاکھ یہودی مقدس شہر کی حفاظت میں قتل ہوئے۔ یہود کی تاریخ ختم ہوگئی۔ بنی اسرائیل کا من حیث القوم وجود باقی نہ رہا۔ کنعانی غلام یورپ اور ایشیا کے بازاروں میں علی الاعلان فروخت ہوئے۔ یہودیوں کا ملک یکسان ہوگیا۔ بھیڑیئے اور درندے ان شہروں میں رہنے لگے۔ جہاں اسرائیلیوں نے عیاشی اور بدکرداری کی داد دی تھی۔ ؎

دیدی کہ خون ناحق پروانہ شمع را چندیں اماں نداد شب را سحر کنند

کیا مسلمان قوم کے اکابر اس انجام سے سبق حاصل کریں گے۔

مسلمانوں نے رومیوں سے ۶۳۷ء میں فتح کیا۔ اور حضرت فاروق اعظم خلیفہ دوم یروشلم میں فاتحانہ داخل ہوئے تو انہوں نے حرم شریف کو غلاظت سے بھرا ہوا پایا۔ آپ نے ایک چبوترہ تعمیر کیا اور پہاڑی پر الاقصیٰ کی تعمیر کی۔ جو ۴ سال تک قائم رہی اور اس کے نشانات بھی اب پائے نہیں جاتے اور نہ وہ مقام ہے جو اب بھی مسجد عمر کے نام سے مشہور ہے۔ خلفائے امویہ کے عہد میں حرم شریف کی موجودہ شکل وجود میں آئی وہ جرۃ العرب پر فائض تھے اس لئے انہوں نے یروشلم کے تقدس کو سیاسی اصول پر بڑھانے کی بے حد کوشش بھی کی۔ خلیفہ عبدالملک بن مروان نے موجودہ حرم شریف کی تعمیر کی۔ بہت سے انقلابات سے یہ عمارت دوچار ہوچکی ہے۔ لیکن اس کے تقدس اور رعنائی میں مطلقاً کوئی فرق نہیں آیا ہے۔ ۱۰۹۹ء میں اس کو مسیحی محاربین نے یورپین کی قیادت میں فتح کرلیا۔ لیکن سلطان صلاح الدین ایوبی نے ۱۱۷۸ء میں اس کو مسیحی اقتدار سے رہا کیا۔ اور ۱۹۱۷ء تک یہ مقدس مقام اسلامی تولیت کا مرکز اصلی بنا رہا۔ ۱۹۱۷ء میں سلاطین عثمانیہ سے لارڈ النبی کی فتح کیا۔ اور اب بیت المقدس بنانے کا قدیم خیال پھر پیدا ہوگیا ہے۔

حضرات آپ نے فلسطین اور اہل فلسطین کی تاریخ داستان شباب و زوال ملاحظہ کی۔ اب اس کو بالفور اعلان کیئے یا برطانوی اقتدار مسلمانوں اور یہودیوں دونوں کو اس مرکز اصلی۔ اس قبلہ اول کی رہائی کا خیال پیدا ہوگیا ہے۔ مسلمانوں کو برطانوی مدبرین کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے کہ ان کو دوبارہ کسی مرکز خیال پر توجہ قائم کرنے کا موقعہ مل گیا ہے اور اگر آج مصطفےٰ کمال اتاترک کی عنایت سے قسطنطنیہ کی جانب عام مسلمانوں کو اطمینان قلب نصیب ہوگیا ہے تو اب تمام مسلمانان عالم کو اپنے مرکز اصلی کے تحفظ کا خیال بحد پیدا ہوگیا ہے۔ یہ خیال کہ حکومت برطانیہ مسلمانوں کے مقابلہ میں تحریک صیہونیت کی پشت پناہی پر تلی ہوئی ہے۔ یقیناً غلط ہے۔ برطانوی مدبرین کیلئے مسلمانان ہند اسی سے زیادہ عزیز ہیں۔ جس قدر کہ یہودی۔

مسلمانان ہند کو کسی بیرونی خبر پر اس وقت تک یقین نہیں کرنا چاہیئے۔ جب تک حکومت ہند کے محکمہ نشر و اشاعت سے اس کی تصدیق نہ ہوجائے۔ اسوقت فلسطین کا مسئلہ حکومت کی توجہات کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اور امید ہے کہ انشاء اللہ مسلمانان ہند کی خدمات کی ہمنوائی میں اس اہم مسئلہ کا فیصلہ ہوگا۔

(قادری)

اس مقالہ میں مجھ کو ادیب سحر طراز منشی امیر احمد صاحب علوی کی داستان زوال سے امداد ملی ہے۔ اور جن لوگوں کو اس مسئلہ سے دلچسپی ہو انکو داستان زوال کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔ یہ نایاب کتاب افسانہ کا افسانہ اور تاریخ کی تاریخ مسلمانان ہند کو اس کتاب کو دیکھ کر اپنی قوم مرحوم کے لئے کسی آخری فیصلہ کا بھیجنا چاہیئے۔ یہ نایاب کتاب نواب ذکی احمد صاحب علوی القادری آنریری لائبریرین۔ امیر محل لائبریری۔ نصیر باغ۔ کاکوری (اودھ) لکھنؤ سے دو روپیہ قیمت پر مل سکتی ہے۔ (قادری)

عربی زبان اور دورِ جاہلیت

(از جناب سید محمد یوسف صاحب فاضل ادیب بھوپال)

ماہرین علم الالسنہ نے دنیا کی بے شمار زبانوں کو تین اصولوں میں منقسم کیا ہے

السنہ آریہ (یا ہند و یورپی زبانیں) ہندی انگریزی وغیرہ

السنہ تورانیہ (یا منغولیہ) چینی تورانی وغیرہ

السنہ سامیہ عربی سریانی عبرانی وغیرہ

السنہ سامیہ کا اطلاق ان زبانوں پر ہوتا ہے جو سامی اقوام کی زبانیں ہیں۔ سامی اقوام وہ قومیں ہیں جو آرمینیہ سے لے کر بحر عرب تک اور خلیج فارس سے لے کر بحر احمر تک آباد تھیں +

تقریباً دو ڈھائی ہزار برس قبل مسیح بابلی زبان کا پتہ ملتا ہے۔ اس زمانہ میں قوم عاد کا بابل پر تسلط تھا۔ قوم عاد عرب تھی اور اس کی زبان بھی عربی ہی تھی۔ عربی زبان بھی انہیں عربوں کے ساتھ ساتھ بابل میں پہونچی۔ اور وہاں کی قدیم زبان سے مل جل کر بابلی کی شکل اختیار کی۔ اس نظریہ کے مطابق بابلی حقیقتہً عربی ہی کی ایک شاخ تھی۔ جس طرح عربی اور ہندی کی آمیزش سے ایک نئی زبان سندھی پیدا ہو گئی۔ لیکن اس نظریہ سے بعض مستشرقین یورپ مختلف نظر آتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ بابلی عربی کی شاخ نہیں بلکہ بابلی سے عربی نکلی ہے۔ تاہم یہ بات متفق علیہ ہے کہ عربی اگر السنہ سامیہ کی ماں نہیں تو کم از کم ان کی سب سے بڑی بہن تو ضرور ہے۔ اور بابلی کے بعد سب سے قدیم زبان ہے +

موجودہ عربی زبان کا اطلاق اس زبان پر ہوتا ہے جو ۵۰۰ء کے بعد کی ہے۔ لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ عربی زبان نے اپنی موجودہ شکل میں ۵۰۰ء کے بعد ہی اختیار کی ہے۔ تدریجی ارتقا کے عالمگیر اصول سے زبان کی نشو و نما بھی مستثنےٰ نہیں۔ ایک ارتقا پذیر سلسلہ کی قریبی اگلی اور پچھلی کڑیاں بہت ہی کم مختلف ہوا کرتی ہیں۔ البتہ ۵۰۰ء سے قبل کی زبان اوراق و نیز حافظہ میں محفوظ نہ ہونے کی وجہ سے ہم تک نہیں پہونچ سکی اسوجہ سے ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ موجودہ شکل ۵۰۰ء سے اختیار کی ہے +

عربی زبان کے پانچ دور قرار دیئے گئے ہیں۔ اول دور جاہلیت۔ دوم دور اسلامی۔ سوم دور امویہ۔ چہارم دور عباسیہ۔ پنجم از آخر دولت عباسیہ تا زمانہ حال +

دور جاہلیت کی مدت ۵۰۰ء سے ابتداء اسلام یعنی ۶۲۲ء تک قرار دی گئی ہے۔ اس دور کی ادبیات کا کثیر حصہ مکتوب نہ ہونے کی وجہ سے ضائع ہو گیا۔ کیونکہ اس دور تک عرب لکھنے پڑھنے سے بے بہرہ تھے۔ ٹھیک اس وقت جب آفتاب اسلام طلوع ہوا۔ عرب میں کل ۱۷ شخص ایسے تھے جو لکھنا جانتے ہوں۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس زمانہ میں تحریر کا کتنا سوال ہی نہ تھا۔ لیکن اگر ایک طرف عرب لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے تو دوسری طرف احفظ الامم ہونے کا امتیاز بھی رکھتے تھے۔ یہ بڑے بڑے قصائد اور خطبات صرف ایک دفعہ سن کر یاد کر لیا کرتے تھے۔ اس دور کی ادبیات کے متعلق ہم کو جو کچھ بھی معلومات ہیں وہ ان کے اسی خداداد حافظہ کی مرہون ہیں۔ اس دور کی جو ادبیات ہم تک پہونچی ہیں وہ وہی ہیں جو سینہ بہ سینہ نقل ہوتی ہوئی دور امویہ تک پہونچیں جبکہ علوم کی تدوین و تالیف ہوئی +

یہیں سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ چونکہ فطرتاً انسان نظم کو بہ نسبت نثر کے زیادہ اور جلد تر یاد کر سکتا ہے۔ اس لئے اس دور کی جو ادبیات ہم تک پہونچی ہیں وہ زیادہ تر نظم ہیں۔ نثر کا صرف بہت تھوڑا حصہ ہے جو چند خطبات اور کچھ وصیات دینی پر مشتمل ہے۔ لیکن نظم عربی کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے

کہ وہ بجا طور پر دیوانِ عرب کہلانے کی مستحق ہے۔ یہ نظم عرب کی تمام تاریخ جنگ کے واقعات۔ اجتماعی و تمدنی حالات۔ معاشرتی رسوم۔ عقائد۔ خیالات و رواج و نیز خانگی زندگی کا آئینہ ہے۔ اس میں ہم کو عرب کے تمام سچے سچے جذبات اپنے بالکل فطری رنگ میں نظر آتے ہیں۔ ان کے اہم ہونے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ اس دور کی شاعری تصنع و تکلف سے بالکل پاک و مبرا ہے۔ اس زمانہ میں بدویت کا غلبہ تھا اور عرب ان تکلفات سے جو حضریت کے لئے لازمی ہیں بالکل ناآشنا تھے۔ وہ تمام اصناف شعر۔ مدح۔ ہجو۔ غزل۔ مرثیہ وغیرہ میں صرف اپنے سچے جذبات کا اظہار کرتے اور اس میں تصنع کا کبھی شائبہ تک نہ آنے دیتے۔

وہ اگر غزل یا نسیب کہتے تو اس میں اپنے سچے جذبات عشق کا اظہار کرتے۔ وہ اگر کھنڈرات پر کھڑے ہو کر آنسو بہاتے تو اس کا محرک اپنے حبیب کی سچی یاد ہوتی۔ وہ اگر مرثیہ کہتے تو اپنے جذبات حزن و ملال سے مجبور ہو کر۔ وہ اگر قصیدہ کہتے تو اپنے ممدوح کے اخلاق و صفات سے متاثر ہو کر۔ وہ اگر ہجو کہتے۔ تو واقعی اخلاق ذمیمہ کی اور اس میں بھی فحش اور جہل سے پرہیز کرتے۔ غرض یہ وہ نمایاں خصوصیت ہے جو اس دور کی شاعری میں سب سے زیادہ نظر آتی ہے۔

عربی ادب کی تہذیب میں قریش کا وہ سب سے اہم ہے۔ یوں تو ملک عرب کی وسعت کے لحاظ سے عربی زبان مختلف حصوں اور مختلف قبائل میں مختلف لہجوں کے ساتھ بولی جاتی تھی۔ لیکن ان سب میں معیار فصاحت قریش کی زبان قرار دی گئی اور رفتہ رفتہ تمام قبائل اپنی زبان کو قریش کی زبان کی سطح پر لانے کی کوشش کرتے رہے۔ وجہ یہ تھی کہ قریش حجاز مکہ کے ارد گرد آباد تھے۔ مکہ زمانہ قدیم سے ایک مقدس شہر مانا جاتا تھا۔ اور حقیقتاً وہ "دنیا کے بتکدوں میں" سب سے پہلا گھر ہے۔ تمام عرب دور دور سے ہر سال موسم حج میں جمع ہوتے ان اجتماعات کے موقعوں پر فصاحت و لعب کی بڑی بڑی مجالس منعقد ہوتیں اور وہاں تمام قبیلوں کے شعراء و خطباء شعر خوانی و نغمہ سنجی کرتے اور فصاحت و بلاغت کے بڑے بڑے معرکہ قائم ہوتے۔ عرب ان مواقع پر مختلف قبائل کی زبان سے فصیح ترین الفاظ و محاورات کا انتخاب کر لیتے اور جو الفاظ و محاورات قریش کے اشعار و گفتگو میں آتے وہ تمام قبائل میں رائج ہو جاتے۔ اسی دور جاہلیت میں عربی زبان نے ایک ادبی زبان کی حیثیت اختیار کی اسی وجہ سے یہ دور اسقدر اہم خیال کیا جاتا ہے۔ نیز قریش کی زبان بالکل خالص سمجھی جاتی تھی۔ اسوجہ سے کہ انہیں بدویت کامل طور سے غالب تھی۔ اور دوسری قوموں سے اختلاط نہ ہونے کی وجہ سے ان کی زبان خراب نہ ہونے پائی تھی۔ برخلاف ان کے شمال کی وہ اقوام جو روم یا ایران کے ماتحت تھیں یا یمن کے باشندے جو تمدن اور تہذیب میں پیش پیش تھے۔ دوسری عجمی اقوام سے میل جول کے سبب اپنی زبان کی خصوصیت کھو چکی تھیں اور درحقیقت ان کی زبان خالص عربی کہلانے کی مستحق نہ تھی

اس دور کی عشقیہ شاعری سمجھنے کے لئے ضروری ہے۔ کہ پہلے عرب کے ان خاص حالات سے واقفیت ہو جن میں وہ ریگستان کے عرب جن کے دل فطری عشق سے معمور تھے۔ زندگی بسر کیا کرتے تھے۔ دور جاہلیت تک عرب کے صرف چند مخصوص حصوں میں تمدن نے قدم رکھا تھا۔ باقی اکثر حصہ خانہ بدوش تھا۔ اور خالص بدویت میں زندگی بسر کرتا تھا۔ یہ لوگ آب و گیاہ کی تلاش میں اپنے اونٹوں کو لئے دور دور مارے پھرتے تھے جہاں پانی اور گھاس ملتا وہیں مقیم ہو جاتے۔ اور جب تک پانی اور گھاس باقی رہتا وہیں خیمہ زن رہتے جب پانی اور گھاس ختم ہو جاتا خیمہ اٹھاتے اور کوچ کر جاتے۔ یہ لوگ عموماً جنگلوں میں رہا کرتے تھے اسی وجہ سے انہیں اہل دیر بھی کہا جاتا ہے۔ بسا اوقات ایسا ہوتا کہ کسی پانی کے کنارے مختلف گھرانے اور قبائل آباد ہوتے۔ ایک عرصہ وہاں ساتھ رہتے۔ اسی عرصہ میں باہمی عشق و محبت کے رابطہ پیدا ہو جاتے اور اس کے بعد جب پانی گھاس کے ختم ہونے پر کوچ کرتے تو عاشق و معشوق دونوں مختلف سمتوں میں چلے جاتے اور لق و دق صحرا ان کے درمیان حائل ہو جاتے۔ اگر پھر کبھی ان مقامات سے گذر ہوتا جہاں وہ اپنے محبوب کے رہا کرتے تھے۔ تو یکایک ان کے جذبات کو ٹھیس لگتی۔ اور دلسوز اشعار انکی زبان سے نکل جاتے۔ جو ان کے سچے جذبات کی صحیح ترجمانی کرتے۔ زمانہ فراق میں اپنے معشوق کی صحبتیں یاد کر کے ان پر آنسو بہاتے اور اس کے حسن و جمال کا ذکر کرتے۔ اور اپنی بے بسی و بے چارگی کو نہایت موثر پیرایہ میں ظاہر کرتے

معشوق کی پرانی ملاقات گاہوں پر آنسو بہانا عربی شاعری کی ایک خصوصیت ہے۔ عرب اکثر اپنے قصائد کی ابتدا اسی طرح کیا کرتے تھے۔ امراء القیس نے خاص طور پر اس طرز کو آسمانِ کمال پر پہونچا دیا۔

(سید محمد یوسف)

اسلامی خواتین سے خطاب

اے گرامی عورتو اسلام کی — تم سے کچھ کہنا ہیں باتیں کام کی
رنگِ مغرب اور تم حیرت ہے یہ — صبحِ مشرق پر سیاہی شام کی
آفتابِ مشرقِ عزت ہو تم — سوئے مغرب کیا امیدیں نام کی
بلبلِ شیدا کے حق میں ہے ستم — یہ نمائش چہرۂ گلفام کی
وہ اٹھی چہرے سے زلفِ مشکبار — جھلملائی لو چراغِ شام کی

کیوں نہ لو چشمِ حیا پرور سے کام — کیا ضرورت خنجر و صمصام کی
گھومتی ہو پارکوں میں ننگے سر — بن کے صورت گردشِ ایام کی
دیکھ کر کہتی ہے دنیا دیکھئے — بیٹیاں ہیں باحیا اسلام کی
گل بداماں ہیں سرِ دامن کے داغ — کچھ خبر ہے جامۂ احرام کی
دیویاں ہو دین کے مندر کی تم — چاہئے ہر وقت پوجا رام کی
ہار ہو مخصوص شوہر کے لئے — کیوں بنو زینت گلوئے عام کی
اپنی قسمت دوسروں کے ہاتھ میں — خوبیاں ہیں بخت نافرجام کی
اب تمہارے ہاتھ میں ہے آبرو — دخترِ پیغمبرِ اسلام کی

(شمیم کرہانی)

چچا چھکن نے روزہ رکھا

(از جناب مفتی بشیر الدین احمد بشر بی اے علیگ رامپوری)

خدا معلوم وہ کونسی گھڑی تھی جو رمضان کا چاند نمودار ہوا۔ چچا چھکن کا چہرہ اچھا خاصہ جمعتہ الوداع بن گیا۔ پاندان۔ حقہ۔ چائے کی کیتلی۔ گولی والی ڈبیا۔ سب پر مایوسانہ نظر ڈالی اور ٹھنڈی سانس لے کر بولے۔ "مبارک ہو۔ مگر مدّو تم نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے یا سنی سنائی کہہ رہے ہو۔ مجھے تو کہیں دکھائی نہیں دیتا ہے۔ ذرا میری عینک لانا"۔

اتفاق سے مطلع بھی صاف تھا اور عینک کے شیشے بھی ناک پر کافی چڑھائے ہی چچا نے نظام شمسی کے اس ٹکڑے کو آسمان کی وسعتوں میں تلاش کرنا شروع کیا اور جیں بجبیں ہو کر بولے۔ "بکتا ہے جھوٹے۔ خواہ مخواہ گھبرا دیا۔ مگر مدّو کمبخت فوراً ہی بول اٹھا۔ "حضور مغرب کی طرف دیکھئے۔ مغرب کی طرف۔ آپ تو الٹی طرف دیکھ رہے ہیں"

چچا کو غصہ آنا لازمی تھا۔ کیونکہ ایک طرف تو واقعی انکی پیٹھ کعبے کو ہو رہی تھی۔ دوسرے ایک ہی جنبش میں رہی سہی امید کی جھلک ختم ہونے کا اندیشہ تھا۔ مگر چچا کو خدا نے خاص دل و دماغ عطا فرمایا ہے وہ ایسے موقعوں کبھی کھسیانے نہیں ہوتے۔ کیا مجال جو ذرا بھی گھبرائے ہوں۔ کھوک کر بولے "ہاں ہاں میں بھی جانتا ہوں چاند کدھر سے نکلتا ہے"۔۔۔ اور بیک جنبش 'اباؤٹ ٹرن' ہو گئے۔ قریب تھا کہ چچا آرکمیڈیس کی طرح یوریکا۔ یوریکا چلانے لگیں مگر بوکھلاہٹ میں عینک مع کمانیوں کے چچا کی ناک کی سطح سے ہٹکر زمین کی سطح پر آ رہی۔ اور ضربات کی وجہ سے شیشے بجائے دو کے چار ہو گئے۔

کون ہے جو ایسے موقع پر برانگیختہ نہ ہو جائے۔ چچا بھی تو آخر آدمی ہی تھے۔ جوتی اتار کے آٹھ دس مدّو کے ایسی تڑاخ پڑاخ رسید کیں کہ یاد ہی تو کرتا ہو گا۔۔۔ "کمبخت کھڑا کھڑا منہ تک رہا ہے۔ ہر وقت باتیں۔ ہر وقت باتیں۔ سوائے باتوں کے کچھ نہیں۔۔۔ اور تو نے میرے جوتوں پر پالش کی۔ تو کیا کرتا جب تک پچاس مرتبہ (چچا کا غصہ پھر تیز ہو گیا اور نظلین کی ضربات شیشے کی ضربات سے سہ چند ہو گئیں)۔۔۔ پچاس مرتبہ نہ کہا جائے۔ یاد تھوڑی آتا ہے۔ جا ہٹ۔ دور ہو سامنے سے"

مدّو پٹنے کو تو ہٹ گیا۔ لیکن ایک ہی گز جا کر کہنے لگا۔ "میں نے کیا کیا تھا۔۔۔ رمضان آ گئے تو میں کیا کروں۔۔۔ عینک میں نے گرائی تھی۔۔۔"

چچا کو سامع ازل نے ایسے کچے کان عطا نہیں کئے ہیں جو اتنے فاصلے سے کوئی لفظ سن لیں۔ سمجھ گئے کہ معافی مانگ رہا ہے۔ بس پھر کیا تھا رحم و عفو کا دریا موجیں مارنے لگا۔ اور چچا سعدی کا مقولہ۔

"خطا در گذار و ثواب کم نما"

کانوں میں گونجنے لگا۔ نرم لہجے سے آواز دی۔ "مدّو۔۔۔ لے ہماں آ۔۔۔ زنانے میں خبر کر دے کل ہمارا روزہ ہو گا۔۔۔ اور۔۔۔ لے یہ جیب میں ڈال لے"

بچی پہلے ہی سے گھبرا رہی تھیں یہ سنتے ہی گرج پڑیں۔ "روزہ رکھیں گے تو مجھ پر کیا احسان۔۔۔ کل مردانے ہی میں رہیں۔ ایک تو کریلا اس پر نیم چڑھا۔ دیکھئے کیا رنگ لائیں گے۔۔۔"

بدقسمتی سے چچا کو کھانسی کی پرانی شکایت ہے۔ یہ موذی مرض بھی انکی جان کو ایسا لگ گیا ہے کہ دس گز کے فاصلے پر ہوں۔ چپ چاپ بیٹھے ہوں مگر اس آلہ نشر صوت کے ذریعے انکی موجودگی کا علم دور دور ہو جاتا ہے

اسوقت بھی چچی کو انکی آمد کا علم دو منٹ پیشتر ہی ہو گیا ——

بچوں نے بھی کان کھڑے کئے —— آخر چچا آ ہی گئے —— "وہ سنا" چچا نے کہا "مدّو نے کچھ تم سے کہا —— کل روزہ ہو گا —— میں نے خود چاند دیکھا ہے (مدّو سے) ارے ابھی باہر ہی کھڑا ہے۔ بازار نہیں گیا۔ ایسا کاہل آدمی بھی ہمارے دیکھنے میں نہیں آیا ——"

مدّو چلا ہی تھا کہ چچا نے آواز دی "عینک بھی لیتے جانا۔ شیشے لگوانے ہیں —— اور ہاں سُن (پاس جا کر کان میں) افیون کی گولیاں ختم ہو گئی ہیں۔ ڈبیا بھروا لانا۔ رات بھر کھانسی ہے۔ کل دن میں تو اللہ ہی اللہ ہے ——" چچا گھر میں قدم رکھتے ہی پھر لوٹ پڑے "ارے بلانا اسے —— یہاں آ۔ خدا جانے کمبخت کو کیا جلدی ہے۔ رمضان آتے ہی اس کی تو عقل کٹ گئی ——" مدّو لوٹ کر آیا تو چچا نے حکم دیا "وہ ہمارا حقہ بھی درست ہو گا۔ پرانا نیچا بدل دینا —— جا جلدی جا"

خدا خدا کر کے چچا گھر میں آئے اور اپنی چندھیائی ہوئی آنکھوں سے جو عینک گم گشتہ کے باعث "نذرانِ" کی کوٹھریاں بن گئی تھیں۔ اِدھر اُدھر دیکھنے لگے۔ مگر چند ہی منٹ بعد پھر اُلٹے پاؤں سرپٹ دوڑے اور لگے آوازیں لگانے "مدّو —— مدّو —— ارے کیا مر گیا۔ خدا سمجھے اسے مینہ آ رہا تھا۔ اولے پڑ رہے تھے —— بھاگڑ بڑ رہی تھی —— جو یہ کمبخت اتنی جلدی چلدیا —— صبح کو ٹبیریں کیا کھائیں گی —— کیا یہی روزہ رکھیں گی ——"

چچا یہ چلاتے ہوئے اور ہانپتے کانپتے ہوئے پھر گھر میں وارد ہوئے چچی نے فوراً پنکھا جھلنا شروع کیا۔ اور آخر کار وہ ان شعلوں کے بجھانے میں کامیاب ہو گئیں —— پھر کیا تھا۔ خوب روزے کا فلسفہ سمجھانا شروع کیا۔ اور چچا کو پورے آدھے گھنٹے اس موضوع پر لکچر سننا پڑا۔ چچی نے یہ آخری فقرہ بہت سمجھا کر کہا کہ "روزے میں کسی قسم کا غصہ کرنا یا لڑنا بھڑنا سخت گناہ ہے۔ روزہ مکروہ ہو جاتا ہے"

چچا نے اس قسم کے فقرے رمضان سے پہلے بھی سنے ہیں۔ وہ ایسے موقعوں پر تبسم فرمایا کرتے ہیں۔ فوراً ہی کہنے لگے "ہاں —— یہ تو بتاؤ اب تمہاری طبیعت کیسی ہے اور حرارت آج بڑھی تو نہیں ——"

چچا صبح کو اٹھے تو حسب معمول تکیئے کے نیچے سے ڈبیا نکال کر ایک گولی منہ میں ڈال لی۔ اور دل ہی دل میں خدا کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرنے لگے ان لوگوں کی بدنصیبی پر افسوس کرنے لگے۔ جو ابھی تک ان لذات سے ناآشنا ہیں۔ کچھ دیر بعد چچا پورے "نون غنہ" بن گئے۔ اور اسی عالم میں مدّو کو (جو باضافۂ نون مندو ہو گیا تھا) حکم فرمایا کہ چلم پر آگ لے آ۔

مدّو یہ بانگ صبح سنتے ہی چونک کر بولا "حضور آج تو آپ کا روزہ ہے"

اب تو چچا کے بھی ہوش ٹھکانے ہو گئے۔ گھبرا کر بستر سے کھڑے ہو گئے۔

"ہیں —— ارے آج تو روزہ تھا —— اور میں نے تو —— ابھی —— ارے جا کلی کو پانی لا —— نالائق شیطان —— ہر کام دیر سے کرتا ہے مسلسل پندرہ منٹ کی گلو خیز "آہ و زار" کے ساتھ چچا نے حلق اور منہ کا غسل کیا۔ اور اس عرصہ میں اکثر ہیضے نما آوازیں بھی نکالیں —— مگر گولی نہ نکلنا تھی نہ نکلی —— ناچار صبر کر کے مدّو کی طرف گھور کر کہا۔ دیکھتا کیا ہے حقہ لا —— بس روزہ تو ختم ہوا"

مرزا جی بھی گھڑی کی سوئی کی طرح وقت پر آتے ہیں۔ سات بجے اور وہ چچا کے پاس موجود —— بندۂ خدا آج تو کچھ دیر سے آئے ہوتے۔ ٹھیک اُس وقت جب چچا نے سکون و اطمینان کا سانس لے کر حقے کی نے ہاتھ میں اٹھائی تھی کہ گھڑی نے سات بجائے اور مرزا جی آدھمکے۔ چچا کو دیکھتے ہی چلانے لگے "ہیں —— ہیں —— ہیں —— یہ کیا حرکت —— رمضان میں —— مردِ خدا آج تو صبر کیا ہوتا ——"

چچا تو جب شرماتے جب ان کا قصور ہوتا یا قصداً نہ رکھا ہوتا۔ چند ہی جملوں میں ساری واردات الف سے لے کر ی تک سنا دی اور مدّو پر اس سلسلے میں خوب بوچھاڑ کی —— "اگر اس کو ذرا بھی عقل ہوتی تو یہ ڈبیا یہاں ہرگز نہ رکھتا۔ یا کم از کم مجھے صبح ہی یاد دلا دیتا —— مگر اسے تو سوائے اپنے عیش کے کوئی فکر نہیں ہے —— مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں —— اس کی بلا سے"

مرزا جی نے کچھ دیر تامل کیا لیکن پھر فوراً ہی بہت قرأت کے ساتھ فرمانے لگے "حضرت کیا مضائقہ ہے —— روزہ ہرگز ساقط نہیں ہوا —— اگر

کوئی چیز سہواً یا ناواقفیت طور پر زیر حلق پہونچ جائے تو ساقط ہر گز نہیں ہوگا"

چچا یہ شرعی حکم سنکر خاموش ہو گئے۔ حقے کی گرفت بھی ڈھیلی کر دی ——— مگر دل سے خدا ہی جانتا تھا ——— آخر مدعو کو حکم دیا "حقہ اٹھا لے۔ اب دن بھر اسے سامنے نہ لانا ورنہ مجھ سے برا کوئی نہ ہوگا"

چچا کی شرعی معلومات محدود سہی مگر دنیاوی تجربات اور عام معلومات میں وہ کسی سے کم نہیں ہیں۔ جملہ واقعات اور اپنے حسن انتظام کا ایسا خاکہ پیش کیا کہ مرزا جی بھی لوہا مان گئے کہ واقعی منتظم ہو تو ایسا ہو۔ ہنڈیا چولہے سے لے کر کاندھی جی کی سول نافرمانی تک کے واقعات چند گھنٹوں میں بیان کر دینا ان کا اد نیٰ کرشمہ ہے۔ مرزا جی پر ان کی قابلیت اور خداداد ذہانت کا سکہ پہلے ہی سے بیٹھا ہوا تھا۔ اسوقت کی گفتگو نے مزید مہر تصدیق ثبت کر دی۔

لیکن آفتاب اب نصف النہار تک پہونچ چکا تھا۔ اور مرزا جی کا پیمانۂ صبر بھی لبریز ہو چکا تھا۔ کئی مرتبہ دروازے سے باہر ادھر اُدھر دیکھا جمائیاں بھی لیں لیکن چچا کی تقریر پر اس کا کچھ اثر نہ ہوا۔ بدقت تمام مرزا جی نے امور خانہ داری کا عذر کر کے رخصت چاہی مگر چچا نے اسی عنوان پر ایسا لکچر دیا کہ مرزا جی کو بیٹھنے ہی بنی۔ وہ تو مقرر پر خود رمضانی خشکی غالب ہونے لگی۔ ورنہ مرزا جی کی قید باشقت پورے بارہ گھنٹے سے کم نہ ہوتی۔

اِدھر مرزا جی رخصت ہوئے اُدھر چچا زنانے میں پہونچ ہی گئے چچی نے چلکے ہی چھکے۔ "جل تو جلال تو" کا وظیفہ شروع کر دیا۔ روزے کی خشکی تھے کی جدائی۔ ڈبیا والی گولی کی یاد۔ کھانسی کا حملہ اور اکیلی چچا کی جان ——— مگر واہ رے چچا اب بھی ہنستے ہوئے داخل ہوئے۔ بچوں سے مخاطب ہو کر فرمایا "کہو۔ آج اماں جان نے کیا کیا سامان کئے ہیں ——— شاباش (کھانسی کا مسلسل حملہ) شاباش۔ ایک تھے سوال نکالے سلیٹ میرے پاس لے آؤ"

چچا کا نام بدنام ہے ورنہ ایسے خوش مزاج انسان دنیا میں کم ہیں۔ بچوں سے پورے دس منٹ ایسی دل خوش کن اور ہمت افزا باتیں کیں کہ ایک وقت پدرانہ۔ استادانہ اور مشفقانہ شانیں پوری آب و تاب سے جلوہ گر تھیں۔

چچا نے رؤسو اور فروبل کے اصول تعلیم مطالعہ نہیں کئے ہیں۔ مگر ہم سچ کہتے ہیں۔ یہ سب کے سب ان کے سامنے طفل مکتب ہیں۔ دو لفظوں میں بچوں کے دل میں تعلیم کی خوبی اور فوائد اس دلچسپ پیرائے میں بیان کئے کہ چھوٹے میاں جھٹ پٹ اپنی تختی لکھ مع قلم و دوات کے چچا کے سامنے بغرض "اصلاح" حاضر ہو گئے۔

جس نے اقلیدس کی تیسری جلد اور چچا کے ہاتھ کے بنائے ہوئے جیم کے دائرے دیکھے ہیں۔ خدا کو حاضر ناظر جان کر کہدے کہ کون سے زیادہ دیدہ زیب ہیں۔ بغیر پرکار کے اس خوبی سے جیم کا پیٹ مدور بنا دینا چچا ہی کا حصہ ہے ——— قلم۔ روشنائی دونوں خراب اور پھر "اصلاح احوال" کا تقاضہ۔ چچا کب تک چپ رہتے۔

"نامعقول۔ کبھی دوات قلم ٹھیک نہیں رہتا" چچا نے گرگڑا کر کہا۔ روشنائی ایسی گاڑھی کہ قلم تک نہیں گھستا ——— جا۔ پانی ڈال"

چھوٹے میاں نے بموجب تعمیل حکم دوات پوری پوری پانی سے بھر دی۔ اور چچا نے جو نبی نوک قلم کو روشنائی میں جھٹکا دیا۔ ساری اچکن پر چھینٹیں ہی چھینٹیں پڑ گئیں۔ آخر کب تک خون کا سا گھونٹ پیتے۔ تن بدن میں چنگاری سی لگ گئی اور برس ہی تو پڑے۔

"گدھے کے بچے ——— نامعقول ——— رکا تو رہو۔ (چچا پیچھے پیچھے اور چھوٹے میاں آگے آگے بھاگ رہے تھے)

آخر چچی کو اٹھنا ہی پڑا اور چچا اور چھوٹے میاں کے درمیان ہمالیہ کی طرح حائل ہو گئیں۔ مگر چچا اس آسانی سے ہتھیار ڈالنے والے نہ تھے ——— تختی اٹھا کر چھوٹے میاں پر جو وار کرنا چاہا تو رستم کے گرز کی داستان بے حقیقت معلوم ہونے لگی۔ چھوٹے میاں تو ایک ہی جست میں آنگن میں نکل کر کوٹھری میں پلنگ کے نیچے محفوظ ہو گئے۔ مگر چچا شیر کی طرح برابر گرجتے رہے۔ آخر چچی نے سمجھا بجھا کر ٹھنڈا کیا۔ اچکن کے خراب ہو جانے پر اظہار تعزیت کیا لیکن ساتھ ہی ساتھ دھوبیوں کی مسیحا نفسی کے واقعات بھی سنائے اور چچا کو یقین آگیا کہ یہ داغ ضرور مٹ جائیں گے۔

چچا کو غصہ روکنے کے بہت سے نسخے یاد ہیں لیکن سب سے زیادہ مجرب یہ ہے کہ وہ سخت سے سخت غصے کے وقت بھی فوراً ایک گھونٹ۔ آب خنک پی لیتے ہیں اور ساری حرارت فقرہ ہو جاتی ہے۔ چچا کی یہ عادت سب کو

نیرنگ خیال سال بھر میں پورے ایکسٹرا صفحات اور دو سو تصویر شایع کرتا ہے آپ سالنامہ سے خریداری قبول فرمائیے۔

معلوم ہے اور اس لئے ایسے مواقع پر ان کے سامنے پانی کا گلاس ضرور پہونچ جاتا ہے۔ چچا نے حسب معمول اِدھر اُدھر دیکھا لیکن کہیں چلّو بھر بھی نہ دکھائی دیا۔ آخر خود ہی بڑھ کر پانی اُنڈیل گلاس منہ کو لگایا — کہ چچی پیچھے سے بھاگیں اور گلاس ہاتھ میں پکڑ لیا — "ہیں۔ ہیں — ذرا صبر کرو — آخر ایسی بھی کیا بھول — تم تو بچوں سے بھی گئے گذرے ہو"

چچا نے گلاس تو زمین پر مارا اور ڈانٹ کر بولے — "روزہ تو تمہارا ہی ہے — میں کیا جانوں — میرے تکیئے کا غلاف سل گیا — ابھی کیوں سلا ہوگا — میں بھی ابھی سارے گھر کو آگ لگا دونگا —"

سامنے ہی باورچیخانہ تھا — چچا نے پھکنی دست پناہ — اور کرچھا باری باری پھینکنا شروع کیا — اور اب دیگچی کی باری آئی — ماما ہٹ کر ایک طرف کو کھڑی ہوگئی۔ اور چچا نے بسم اللہ کہکر بھری دیگچی کا وزن کرنا شروع کیا۔ چچی پھر دوڑیں اور دو ہی سے ایک کی بجائے دو وغلاف ہاتھ میں لئے ہوئے اور ہوا میں لہراتے ہوئے دکھا رہی تھیں "لو دونوں غلاف کل ہی تیار ہوگئے تھے۔ بس کمرے میں سے لینے گئی تھی کہ یہاں یہ ..... شروع ہوگیا"

چچا کے غصہ کا اسٹیم لاکھ تیز سہی لیکن بیک وقت دو جھنڈیاں ہلتے دیکھ کر آخر انہیں رُکنا ہی پڑا دوسرے وہ "دیگچی کے معاملے" میں کچھ احتیاط بھی کرتے ہیں۔ کیونکہ ہماری یاد میں ایسا واقعہ صرف دو ہی مرتبہ پیش آیا ہے جبکہ چچا نے دیگچی بالکل ہی اُلٹ دی ہے۔ ایک تو کئی سال ہوئے اس موقع پر جبکہ چچا کی چلتی جتائی بٹیر کا رحمت خاں کے بٹیر کی ایک ہی لات میں فرار ہوگئی تھی اور چچا نے دو روز کھانا نہ کھایا تھا ابھی دو ڈیڑھ برس ہوئے جب کانگریس اور جمعیتہ العلماء ہند کے رضا کاروں نے تمام سگریٹ کی دوکانوں پر پکٹنگ لگا دیا تھا اور چچا کو پورے تین روز تک "ڈبیا والی گولی" میسر نہیں ہوئی تھی۔

مؤذن نے عصر کی اذان دی اور چچا اِن دنیا کے دھندوں کو چھوڑ سیدھے مسجد کی طرف ہولئے۔ اُدھر چچا زنانے سے باہر گئے۔ اُدھر چھوٹے میاں اپنی بائے پناہ سے باہر نکلے اور ماما اپنے کام میں مشغول ہوگئی۔

نماز اور رمضان کے اس لطف کا تو کوئی چچا ہی کے دل سے پوچھے جس خشوع و خضوع کے ساتھ انہوں نے آج نماز ادا کی مستقل نمازیوں کو یہ شان کہاں نصیب ہوتی ہے۔ ہر چند کہ مسجد نمازیوں سے خالی ہوگئی اور ہر شخص چار فرض ادا کرکے اپنے اپنے کام کو واپس چلا گیا مگر چچا ایسے کچے نمازی نہ تھے جو مسجد میں آکر اتنی جلد واپس ہو جائیں۔ چچا یا تو مسجد میں آنے کا نام نہیں لیتے ہیں اور جب آجاتے ہیں تو شکل سے جایا کرتے ہیں اور آج تو گھر پر جانا بھی بے سود۔ سوائے افطار کی تیاریوں کے وہاں کیا رکھا تھا؟

چچا نے بعد نماز وظیفہ جو شروع کیا تو اٹھنے کا نام نہ لیا۔ کئی مرتبہ مدو بھی آیا مگر چچا نے لگاہ بھی اٹھا کر نہ دیکھا بلکہ منہ پھیر لیا۔ آخر کچھ دیر بعد "تو نے واہ دی حضور افطار میں زیادہ دیر نہیں ہے۔ تشریف لے چلئے۔ بیگم صاحب نے سامان باہر مردانے ہی میں بھیج دیا ہے"۔

چچا کے وقت کے قریب تر آنے سے دل میں خوش ہوئے اور چچی کے اس موقع پر "سامان رسد" کی انتقال رکانی "کا مقصد بھی سمجھ گئے لیکن تسبیح پڑھتے وقت بولنا مکروہ ہے اور چچا سے زیادہ اس مستحب فعل کا عامل کون ہو سکتا ہے تو ذرا ہی تدو کی طرف گھورتے ہوئے اس زور سے "ہوں" ہوں" کہا کہ اسے الٹے پاؤں ہی لوٹتے بنی؛

غرض وظیفہ ختم ہوا اور چچا اٹھ کھڑے ہوئے۔ تدو نے سامان خورونوش بہت قرینے سے لگا دیا تھا۔ ایک چھوٹے دو دھقے بھر کر رکھ دیئے تھے۔ ڈبیا بھی تیاری پر موجود تھی۔ چچا کا چہرہ "بقعۂ نور" ہو رہا تھا۔ دل ہی دل میں تدو کے حسن انتظام کی داد دے رہے تھے۔ ملازم ہو تو ایسا ہو۔ باوفا۔ موقع شناس۔ اور پھر اس پر سلیقہ مند آخر فرما ہی اٹھے "شاباش میاں تدو۔ شاباش۔ تمہی مرزاجی کو اور بلا لاؤ تو اچھی صحبت رہے گی"۔

تدو مرزاجی کو بلانے چلا گیا اور چچا تخت پر آبیٹھے۔ ایک ہی نظر میں سب چیزوں کا جائزہ لے لیا۔ کھانے کی لطیف خوشبوؤں اور انواع و اقسام کی افطاری دلخوش کن چیزیں تھیں اور چچی کی استعداد و خانہ داری پر صاد کر رہی تھیں۔ چچا بھی دل ہی دل میں اس کے قائل تھے۔ لیکن انکی نظر زیادہ تر حقے اور ڈبیا پر پڑ رہی تھی اور کان موذن کی آواز پر تھے؛

یکایک چچا کو آواز آہی گئی اور بسم اللہ کہکر حقے کا دم لگانا شروع کیا۔ دن بھر کے بعد اس رفیق کو اب منہ لگایا تھا۔ چچا کا دل ہرگز چھوڑنے کو نہ چاہتا تھا لیکن پھر بھی سنت ادا کرنے کے لئے چند کھجوریں بھی کھائیں اور افطاری بھی نوش فرمائی۔ چند منٹ بعد تدو بھی بھاگتا ہوا اور دروازہ کے باہر ہی سے چلّا تا ہوا آرہا تھا — "مرزاجی بعد افطار تشریف لائیں گے — اذان میں بھی شاید منٹ دو منٹ ہی باقی ہیں"۔ فوراً ہی پاس کی مسجدوں سے اذانوں کی آوازیں

کیا آپ کے مدرسے ابھی تک نیرنگ خیال نہیں خرید ا؟ امید ہے کہ محکمۂ تعلیم کے مرکز کے بعد آپ اسے فی الفور طلب فرمائیں گے۔

یہ کہانی شروع ہوئی ہے اس نمبر سے جو نیرنگ خیال نے روزوں کے لئے خاص طور پر تیار کیا تھا۔ اس نمبر میں سب روزہ داروں نے حصہ لیا ہے۔ اس لئے یہ نمبر سب روزہ داروں کے لئے ہے۔ اس نمبر کے شروع سے پورے افطار تک ہر روزہ دار کو کچھ نہ کچھ پڑھنے کو ملے گا۔ اس نمبر کے مضامین ہمیشہ یاد رہیں گے۔ اس نمبر کی تصویریں ہمیشہ دیکھنے کو جی چاہے گا۔ اس نمبر کی کہانی ہمیشہ یاد آئے گی۔ اس نمبر کا شروع ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا آخر ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک لفظ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک حرف ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک نقطہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک شوشہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک زیر ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک زبر ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک پیش ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک جزم ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک تشدید ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک مد ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ہمزہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک الف ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ب ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک پ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ت ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ٹ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ث ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ج ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک چ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ح ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک خ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک د ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ڈ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ذ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ر ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ڑ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ز ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ژ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک س ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ش ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ص ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ض ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ط ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ظ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ع ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک غ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ف ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ق ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ک ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک گ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ل ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک م ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ن ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک و ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ی ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ے ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۔ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ، ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ؛ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک : ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ؟ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ! ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک " ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ' ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک (ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک) ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک [ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک] ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک { ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک } ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک < ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک > ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک / ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک \ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک | ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ~ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ` ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک @ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک # ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک $ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک % ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ^ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک & ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک * ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک + ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک = ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک _ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۱ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۲ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۳ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۴ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۵ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۶ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۷ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۸ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۹ ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس نمبر کا ایک ایک ۰ ہمیشہ یاد رہے گا۔

افسانہ

عرب کی مہمان نوازی

(از جناب کوثر چاندپوری)

شریف مکہ مجور کے ایک پُرفضا باغ میں چند عرب شیوخ کے ہمراہ بیٹھا ہوا قہوہ پی رہا تھا۔ باد کے سفید چمکدار فنجانوں میں قہوے کی سرخ رنگت یوں جھلک رہی تھی جیسے گورے چٹے آدمیوں کے رخساروں میں خون اپنی تمام شوخیوں کے ساتھ جھلکا کرتا ہے:

شریف کا بڑا بیٹا ادب سے باپ کے سامنے دوزانو بیٹھا ہوا گھوڑوں کے حالات بیان کر رہا تھا۔ شریف کے اصطبل میں سیکڑوں عربی اور ترکی گھوڑے تھے۔ اسے گھوڑے کی سواری کا بہت شوق تھا۔ اس لئے وہ عرب و عراق اور دوسرے ممالک کے قیمتی گھوڑوں کے خریدنے پر بیشمار روپیہ صرف کیا کرتا تھا۔ گھوڑوں کی نگرانی اس کے بڑے بیٹے کے سپرد تھی۔ جو شہسواری میں اپنی نظیر نہ رکھتا تھا۔ قہوہ کا ایک دور..... ہو چکا تھا اور دوسرا شروع ہونے والا تھا کہ شمال کی طرف سے ایک اونٹ عمدہ کا بدو بیٹھی ہوئی سیاہ رنگ کی عبا پہنے مشکی گھوڑے پر سوار آیا۔ اور گھوڑے سے کود کر اپنا طویل موزہ زمین میں گاڑ دیا پھر باگ کو نیزے میں الجھا کر جلیس قہوہ میں شرکت کرنے کی غرض سے قریب آیا۔ اور نہایت بیباکی کے ساتھ جس میں عربی حریت و شجاعت کی خاص شان تھی۔ بلند آواز میں کہا ——

السلام وعلیکم!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ کی بہت سی آوازیں ایک دم فضا میں گونج اٹھیں اور برادرانہ جوش و مساوات سے نووارد کا خیر مقدم کیا گیا۔ بدو۔ رومی قالین کا سرا الٹ کر زمین پر بیٹھ گیا۔ شریف نے مزاج پرسی کے بعد قہوہ کی فنجان اسکی طرف بڑھاتے ہوئے کہا —— کس لئے تکلیف فرمائی۔ کوئی حاجت ہو تو بیان فرمائیے!

بدو نے اپنے نیزے سے بندھے ہوئے گھوڑے کی طرف اشارہ کر کے جواب دیا۔ اسے بیچنا چاہتا ہوں آپ کو اچھے جانوروں سے دلچسپی ہے۔ پسند ہو تو خرید لیجئے!

شریف نے ایک اچٹتی ہوئی نگاہ گھوڑے پر ڈالی اور پوچھا کیا لوگے؟

"مجھے پانچسو روپے کی ضرورت ہے"

لیکن جانور اتنے کا نہیں ہے۔ میں زیادہ سے زیادہ ڈھائی سو روپے دے سکتا ہوں!

اتنے میں نہیں لوں گا۔

بدو نے ذرا تند لہجہ میں کہا۔ اور فوراً اسلام کر کے رخصت ہو گیا۔ تھوڑی دیر تک کامل خاموشی طاری رہی پھر ایک بوڑھا عرب جس کی پلکیں اور بھنویں تک سفید تھیں۔ اور آواز میں لرزہ تھا بولا۔ غضب کیا شریف تم نے۔ جانتے ہو یہ گھوڑا کس نسل کا ہے —— یہ وہ گھوڑا ہے جس کے ایک کم عمر بچھڑے پر پنجاہ ہا شم اور بنی امیہ میں عرصہ تک خونریزی کا بازار گرم رہا تھا۔ عرب میں اس سے بہتر نسل کا گھوڑا دستیاب نہیں ہو سکتا۔ پانچسو روپے میں اس کی ایال کے دو بال بھی نہیں آسکتے ہیں!

شریف سنبھل کر بیٹھ گیا اور غور سے عرب کے چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔ آپ نے اسی وقت کیوں نہ کہا؟

میں سمجھتا تھا تم گھوڑوں کو پہچانتے ہو۔ اس کے انکار پر قیمت بڑھا دو گے مگر تمہیں اس پر آمادہ نہ پایا اور بدو بھی قیمت سنکر سیدھا چلا ہی گیا۔ بیچے مڑ کر بھی نہ دیکھا تو مجھے خیال ہوا کہ تم نے گھوڑے کی اصلیت کو نہیں سمجھا اور اب تمہیں آگاہ نہ کیا گیا تو ایک اچھی چیز ہاتھ سے نکل جائے گی +

نیرنگ خیال عام رسائل کے معیار سے علیحدہ رہ کر کچھ نہ کچھ ایسا مواد ضرور فراہم کرتا ہے جو اسے صحیح معنوں میں اردو کا بہترین میگزین بنا دیتا ہے +

پھر اب کیونکر اُسے واپس بلایا جائے۔ معلوم نہیں وہ کس گاؤں کا رہنے والا ہے؟ اس کا پتہ چلا لینا کچھ دشوار نہیں ہے۔ وہ کوئی ہوا نہیں ہے کہ اڑ کر نکل جائے۔ یقیناً کسی دوکان پر چائے پیتا ہوا مل جائے گا۔ ورنہ اس کی جائے سکونت معلوم کرنے کی کوشش کیجائے گی۔ شریف کے حکم سے متعدد آدمی بدو کی تلاش میں روانہ ہوئے۔ اور مکہ کے تمام بازاروں اور سراؤں کو چھان ڈالا۔ لیکن بدو نہ ملا۔ شہر کے ایک دروازہ پر کسی نے کہا کہ چند گھنٹہ قبل ایک بدو سوار اِدھر سے گذر رہا ہے۔

شریف کو اس اطلاع ہوئی تو سخت ملال ہوا۔ اس نے اپنے چھوٹے بھائی عبدالرحمن بن عبداللہ سے کہا۔ تم بدوی قبائل اور ان کے قریوں سے اچھی طرح واقف ہو۔ صبح سورج نکلنے سے پہلے چلے جاؤ۔ اور جس قیمت میں ملے وہ گھوڑا خرید لاؤ۔ رحمن نے اول وقت حرم شریف میں نماز ادا کی اور اپنے سرخ رنگ کے گھوڑے پر بیٹھ کر چل دیا۔

آفتاب افق مشرق سے دو تین نیزہ بلند ہو چکا تھا۔ اور اس کی گرم گرم شعاعیں کھجوروں کے اونچے درختوں سے ٹکرا رہی تھی۔ ریگ زار عرب میں جہاں پانی عنقا کا حکم رکھتا ہے بدوی قبائل کے چھوٹے چھوٹے لڑکے کھجوروں کی لمبی کمر پر میٹھے ہوئے پانی کی طرف اس طرح دوڑے جاتے تھے جیسے مرغابیوں کے غول نالابوں کی تلاش میں آسمان پر منڈلایا کرتے ہیں۔

یہ وقت گھوڑوں کو پانی پلانے کا تھا اور لڑکوں کو روزانہ اس کام کے لئے دس بارہ کوس دوڑنا پڑتا تھا۔ آج بھی وہ اسی دوڑ دھوپ میں مصروف تھے۔ رحمن نے انہیں روک کر عربی زبان میں کچھ دریافت کیا ——— دور ——— پہاڑوں کے جھنڈ میں کھجور کی چٹائی سے بنا ہوا ایک مکان نظر آ رہا تھا ——— لڑکوں نے اس کی طرف اشارہ کر دیا۔ چنانچہ رحمن نے گھوڑے کا رخ اُسی طرف پھیر دیا۔ یہ ایک بدو کا مکان تھا۔ اور معلوم ہو چکا تھا۔ کہ احمد بن عمر جو کل شریف سے ملا تھا یہیں سکونت رکھتا ہے۔ رحمن نے دروازے کے قریب آ کر آواز دی۔ یا اخی ——— باہر آؤ!

احمد بن عمر وہی کل والا بدو جو شریف کے دربار میں صدور جہ جنگجو اور خونریز معلوم ہو رہا تھا۔ آواز سنتے ہی سراپا خلوص و انکسار بنا ہوا گھر سے نکلا اور مرحبا ——— مرحبا! کی مسلسل اور محبت آفریں آوازوں میں اس نے مہمان سے معانقہ کیا۔ مزاج پوچھا۔ پھر باہر ایک ٹوٹے سے بوریئے پر اس کو بٹھا کر اندر چلا گیا۔ اور عربی اخلاق کے موافق اجلی مہمان سے آنے کا مقصد دریافت کرنے سے پہلے گھر میں جا کر اس کے کھانے کا بندوبست کیا؟

دو گھنٹہ بعد احمد نے رحمن سے کہا۔ کھانا تناول فرمایئے۔ یہ کہکر اُسنے ہاتھ دھلائے اور کھانا لینے چلا گیا۔ پہلے وہ بڑی سینیوں میں شہد آیا اور ادب سے مہمان کے سامنے رکھدیا گیا۔ پھر چند کھجوریں۔ چار پانچ چھوارے اور جو کی روٹی کے دو سوکھے ہوئے ٹکڑے آئے یہ سب چیزیں چمڑے کے دسترخوان پر چنی گئیں۔ آخر میں ابن عمر بڑی سی قاب میں گوشت کے بڑے بڑے پارچے لے کر آیا جن سے بھاپ اٹھ رہی تھی۔

دونوں نے مل کر کھانا کھایا۔ کھانے سے فارغ ہو کر ابن عمر نے نہایت عاجزی سے دریافت کیا۔

کس لئے تکلیف فرمائی؟

رحمن نے جواب دیا۔ کل آپ شریف کے پاس کوئی گھوڑا لے کر گئے تھے؟

ہاں گیا تھا! مگر اس نے گھوڑے کو پہچانا نہیں۔

بیشک اس وقت شریف نے غلطی کی۔ لیکن اب وہ آپ کی بتائی ہوئی قیمت دینے پر آمادہ ہے۔ اسی لئے مجھے بھیجا ہے۔ لیجئے یہ اس کی قیمت! یہ کہکر رحمن نے اپنے میزبان کے آگے گنیوں کا تبصیر لگا دیا۔

احمد نے نفرت کے ساتھ منہ پھیر کر کہا ——— گھوڑا اب میرے پاس نہیں ہے۔ رحمن جانتا تھا۔ بدو یا وجود ضرورتمند ہونے کے اپنی غیرت کو کبھی ہاتھ سے جانے نہیں دیتا۔ کل شریف کی بے اعتنائی سے اس کو صدمہ پہونچا ہے۔ اس لئے اس کی عربی حمیت گوارا نہیں کرتی کہ گھوڑا اس کے ہاتھ فروخت کرے۔ اس نے کہا۔ یا اخی معاف فرمایئے۔ شریف نے گھوڑے کی قیمت بہت کم بتائی تھی۔ اسی وجہ سے غالباً آپ کو ناگواری ہوئی مگر آپ جانتے ہیں مسلمانوں میں خرید و فروخت کے وقت کسقدر احتیاط ملحوظ رکھی جاتی ہے اور سودا چکانے کے متعلق کتنے سخت احکام ہیں۔ مجھے امید ہے کہ شریف کا احترام کرتے ہوئے آپ شریف کو معاف کر دیں گے۔ اور گھوڑا مجھے دیدیں گے۔ میں شریف سے وعدہ کر کے آیا ہوں کہ شام تک گھوڑا لے آؤنگا۔ یوں

محکمہ تعلیم پنجاب نے نیرنگ خیال کو تمام منظور شدہ علمی ادبی رسائل میں شامل کر لیا ہے۔ اور تازہ سرکلر میں نیرنگ خیال کا نام موجود ہے۔

خالی ہاتھ کیونکر جا سکتا ہوں؟

اتنی عمر کا ہرگز یہ مطلب نہ تھا جو اس کے میزبان نے سمجھا۔ اس کا چہرہ جوش تہور سے سرخ ہو گیا اور یقین دلانے کے لئے اس نے کہا۔

واللہ! میرے پاس وہ گھوڑا اب نہیں ہے آپ جائیے اور شریف سے کہہ دیجئے کہ وہ گھوڑا کسی طرح بھی تمہیں نہیں مل سکتا۔

رحمٰن کو یقین ہو گیا کہ گھوڑا احمد کے پاس اب نہیں ہے۔ وہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہاں گیا اور اس نے کسی کو فروخت کر دیا۔

رحمٰن نے کہا۔ آپ مجھے اتنا بتا دیجئے کہ آپ نے گھوڑا کس کے ہاتھ بیچا ہے۔ میں دو چار گنی زیادہ دے کر اس سے لے لوں گا۔

افسوس ہے ـــــ بھائی رحمٰن گھوڑا کسی طرح بھی آپ کے ہاتھ نہیں آ سکتا وہ بیچا نہیں گیا!

پھر کیا ہوا اور کیوں نہیں مل سکتا؟

رحمٰن نے تعجب کے ساتھ دریافت کیا۔

احمد اپنے راز کو چھپانے کی کوشش کر رہا تھا اور نہ چاہتا تھا کہ اصل واقعہ سے رحمٰن کو آگاہ کرے مگر وہ پختہ ارادہ کر کے آیا تھا کہ کچھ بھی ہو گھوڑا لے کر آؤں گا۔ اس لئے اس کی یہ کوشش کامیاب نہ ہوئی۔ اور پورا قصہ رحمٰن کو سنانا پڑا۔ احمد نے اطمینان کے ساتھ جواب دیا۔

برادر عزیز۔ آپ کی تشریف آوری کی تقریب میں ذبح کر دیا گیا۔ میرے پاس آپ کی دعوت کا اس سے بہتر سامان موجود نہ تھا۔

رحمٰن یہ سنتے ہی فرط حیرت و استعجاب سے اچھل پڑا اسے سخت ملال ہوا۔ کہ ایسا قیمتی اور صحیح النسل گھوڑا یوں ضائع ہو گیا۔ وہ متاسفانہ لہجہ میں بولا۔

آپ نے گھوڑا کیوں ذبح کیا؟ میں تو شہد اور روٹی سے بھی پیٹ بھر سکتا تھا۔

بیشک روٹی سے آپ پیٹ بھر لیتے مگر دو سوکھے ٹکڑوں کے علاوہ اور روٹی بھی گھر میں نہ تھی ـــــ یہ بھی میرے بھوکے بچوں کا حق تھا جو میں ان سے چھین کر لے آیا تھا۔

رحمٰن کی عجیب حالت ہو گئی۔ وہ دیوانہ وار ٹکٹکی باندھے احمد کو دیکھ رہا تھا۔ احمد اس کے جذبات سے بے خبر تھا اور اپنی دھن میں مسلسل بول رہا تھا:

دو تین وقت سے بچوں نے کچھ نہ کھایا تھا۔ گھر میں چند کھجوروں کے علاوہ تھا ہی کیا جو کھلاتے۔ خوش قسمتی سے آج صبح ایک دوست ادھر سے گذرا تھا اور تھوڑا سا شہد کچھ روٹی کے ٹکڑے دیتا گیا تھا۔ شہد کا زیادہ حصہ صرف ہو گیا۔ بچے مکھیوں کی طرح اسے لپٹ گئے۔ سوکھے ٹکڑوں کو البتہ وہ نہ چبا سکے۔ ارادہ تھا کہ پانی لا کر انہیں بھگو دیا جائے گا۔ اور نرم ہونے پر بچے کھا لیں گے۔ اتنے میں آپ آ گئے۔ اور میری حمیت نے گوارا نہ کیا کہ ایک چیز مہمان کی تواضع سے بچا کر بچوں کو کھلاؤں جو فاقہ کی تکلیف برداشت کرنے کے عادی ہیں۔ مجھ پر قرض بھی بہت ہو گیا تھا۔ موسمی بیوپاری نے تنگ کر رکھا تھا۔ ایک طرف بچے کھانے کو مانگتے تھے۔ دوسری طرف موسمِ حج میں اصالتاً میرا اونٹ سرگیا تھا۔ اور حاجیوں سے جو آمدنی ہوا کرتی تھی جس کے بھروسہ پر ہم لوگ سال بھر تک قرض لیتے رہتے ہیں۔ خیر متوقع طور پر اونٹ کے مر جانے سے بالکل بند ہو گئی اور فاقہ کشی تک نوبت پہونچ گئی۔ میں گھوڑے کو کسی حیثیت پر بھی الگ کرنے پر آمادہ نہ تھا۔ اور نہ ممکن تھا کہ حج سے پہلے گھوڑا بیچ کر اونٹ خرید لیتا مگر جب بچوں کا بھوک سے بلبلانا دیکھا نہ گیا اور موسمی کے غیر شریفانہ تقاضوں نے میری اسلامی حمیت سے کھیلنا شروع کیا تو میں نے سوچا کسی امیر کو گھوڑا دیدوں میں نے سنا تھا کہ شریف مکہ گھوڑوں سے بہت دلچسپی رکھتا ہے۔ اسی لئے میں اس کے پاس گیا تھا کہ ایک اچھے گھوڑے کو اسی کے یہاں میرے گھر کا سا آرام حاصل ہو سکتا ہے۔ مگر معلوم ہوا کہ شریف کی آنکھوں میں بصارت نہیں ہے۔ قہوے کی کثرت اور دنبہ کی چربی نے اسے اندھا کر دیا ہے۔ مجھے پانچسو روپے کی ضرورت تھی اسی وجہ سے میں نے یہ قیمت بتائی تھی ورنہ ممکن تھا کہ اس سے زیادہ دام مل جاتے صبح تک گھوڑا گھر پر موجود تھا۔ ارادہ تھا کہ مکہ کے کسی اور امیر کے پاس لیجاؤں۔ خوش قسمتی سے اس وقت آپ تشریف لے آئے اور میں نے جو چیز اپنے بھوکے بچوں کی آہ و بکا سے بچا رکھی تھی اسے آپ پر قربان کرنے کی عزت حاصل کر لی۔ آپ جا کر شریف سے کہہ دیجئے کہ اچھے گھوڑے اگر مل جائیں اور مجھ جیسا کوئی غریب بدو انہیں الگ کرنے پر مجبور ہو جائے تو پانچسو روپے میں بھی سستے ہیں!

رحمٰن کی آنکھوں میں آنسوؤں کی بوندیں جھلک آئیں۔ اس نے ہمدردانہ لہجہ میں کہا۔ بھائی احمد گھوڑا تو اب واپس نہیں آسکتا۔ البتہ اس کی قیمت حاضر ہے۔ قبول کر لو۔ میں یہ روپیہ اب واپس نہ لے جاؤں گا۔

قبول کر لوں! یعنی گوشت کی ایک قاب کے معاوضہ میں پانچسو روپے کی کثیر رقم قبول کر لوں؟!

استغفر اللہ! ——— گوشت کے معاوضہ میں اس احسان اور اخوت کے بدلے میں جو آپ نے میرے مقابلہ میں ظاہر کی۔ شریف اس نقصان کا ذمہ دار ہے۔ اور اسی کے خزانہ پر اس کا بوجھ پڑنا چاہئے۔ اگر وہ اس پر راضی نہ ہوگا تو میں اپنے پاس سے یہ رقم اس کو ادا کر دوں گا۔ لیکن یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ آپ کو موسلے کے مکروہ تقاضوں سے نجات نہ دلاؤں آپ اپنا کام کر چکے اب میرا فرض ہے کہ آپ کی تکلیف کو محسوس کروں!

لیکن اتنی بڑی رقم فرض کر لیجئے کہ شریف نہ دے سکا تو آپ

. . . . . .

. . . . . .

کیا واقعی اپنے پاس سے ادا کر دیں گے!

——— یقیناً ——— اسی وقت دیدوں گا۔ جب شریف اس کو تسلیم کرنے سے انکار کرے گا۔

میرے لئے یہ امر بہت ہی مکروہ ہے کہ آپ کو اتنی سخت دشواری میں مبتلا کروں!

میں شریف کا چھوٹا بھائی ہوں۔ اور بڑے بھائی کی غلطی کا خمیازہ قاعدے سے چھوٹے بھائی کو بھگتنا چاہئے!

آپ شریف کے بھائی ہیں؟

جی ہاں میں اس کا بھائی عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہوں!

احمد سر سے پیر تک کانپ گیا۔ اس لئے نہیں کہ وہ ایک بادشاہ یا ایک امیر کے سامنے کھڑا تھا بلکہ اس لئے کہ رحمٰن نے ابتک اس کے ساتھ جس طرح گفتگو کی تھی اس میں امارت و نخوت کا کوئی شائبہ تک نہ تھا بلکہ ایک زبردست مذہبی پیشوا کے سامنے کھڑا تھا ——— بالآخر اس نے رحمٰن کے اصرار سے مجبور ہو کر روپیہ قبول کر لیا!

(کوثر چاندپوری)

اے چاند! ———

اشعارِ منثور

ایک چاندنی میں

(از جناب ڈاکٹر محمد عباس علی خاں لمعہ حیدرآبادی)

اے چاند ——— !!!

ا ——— میں تجھے دیکھ رہا ہوں اور تو ..... ؟

شاید اُن کو ——— !!! وہ تجھے دیکھ رہے ہیں اور تو مجھ کو! ———

——— مگر حیف! کاش ایسا ہوتا ——— !!!

ہم ایک دوسرے کے راز سے واقف نہیں ——— !!!

تو میری مجبوری پر ——— بے بسی پر ——— اے چاند ——— تو ——— آسمانی سطوت سے ہنستا ہے۔ میرا مذاق اُڑاتا ہے اور اپنے پر نور حسن کے غرور میں ——— جو چاندنی بن کر دنیا کو پر نور کر رہا ہے۔ مجھ کو حقارت کی نظروں سے دیکھتا ہے!!!

مگر افسوس ——— !!! تو اس راز سے قطعاً ناواقف ہے ——— !!!

میری پستی کا زینہ ——— تیرے بام سطوت سے کہیں زیادہ بلند ہے ——— اور میرے دل کی گہرائی لامحدود! تیری حسین شعاعیں میرے دل میں داخل نہیں ——— ہاں ——— بیشک ——— داخل نہیں ہو سکتیں ——— جب تک تو ——— اُن کا عکس میرے پُر انتظار و شبنم ریز آنکھوں کو نہ دکھلائے گا! اور اُن کا راز مجھ پر افشا نہ کرے گا ———

میں تیری حسین شعاعوں کو ہرگز ہرگز اپنے دل میں جگہ نہیں دے سکتا ——— اور ——— تیری مضحکہ خیز خندہ زنی سے ہرگز ہرگز متاثر نہیں ہو سکتا!!!

(ڈاکٹر محمد عباس علی خاں لمعہ)

ابتدائی زمانہ میں مسلمانوں کی علمی ترقیاں

(از جناب مالک رام صاحب ایم اے۔ ایل ایل۔ بی)

اس امر میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں۔ کہ ابتدائی زمانہ کے مسلمانوں نے دنیا کے تہذیب و تمدن میں بہت زبردست حصہ لیا ہے۔ اسلام نے عہد وسطیٰ کے عیسائیوں کی طرح علم و فن کی ترقی پر کوئی پابندی عائد نہیں کی۔ بلکہ اس لئے آزاد خیالی اور علمی تحقیق و تفتیش کی حوصلہ افزائی کی۔ اس نے ان چیزوں کو مذہب کا جزو قرار دیدیا۔ مسلمان کا یہ فرض ہے کہ وہ ارض و سما پر خداوند تعالےٰ کی صفات کے مظہر کی حیثیت سے نگاہ ڈالے۔ اس پر غور و تدبر کرکے انہیں بنی نوع انسان کی خدمت کے لئے استعمال کرے۔ اور یہ بھی جہاد الٰہی کا حصہ ہے۔ مذہب کی یہی ترغیب تھی۔ جس نے ابتدائی مسلمانوں کو علم و فن میں اتنی زبردست اور حیرتناک ترقی کرنے کے قابل بنا دیا۔ اگر ان کے کارناموں پر تفصیل سے نظر ڈالی جائے تو اس کے لئے دفتروں کی ضرورت ہے۔ دنیا جسقدر تہذیب میں ترقی کرتی جائے گی۔ اتنا ہی اُسے خدمات بنی آدم کا احساس زیادہ ہوگا۔ اور انہیں نگاہ قدر و منزلت سے دیکھا جائے گا۔

دنیا کی ترقی

تاریخ شاہد ہے کہ اسلام نے بعض نہایت پست اور غیر ترقی یافتہ اقوام کو اخلاقی اور مادی ترقی کے معراج کمال تک پہنچا دیا۔ جس ملک کو بھی انہوں نے فتح کیا۔ پرانے اسرائیلیوں کیطرح وہاں کے باشندوں کو تلوار کے گھاٹ نہیں اُتارا۔ بلکہ انہیں ایک نئی زندگی دی۔ جس کا نصب العین بلند تھا۔ اور انہیں تہذیب کے اعلیٰ معیار پر پہنچایا اس طرح کئی وحشی قومیں مہذب اور متمدن ہوگئیں۔ عرب جس ملک میں بھی پہنچے انہوں نے اسے اپنا وطن بنالیا۔ انہوں نے مفتوح علاقے کی تہذیب کو اپنا لیا اور اپنے اس نئے وطن کی ذہنی۔ اخلاقی اور مادی ترقی کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ اور لطف یہ ہے کہ بعد کے زمانے میں اسلام کی علمی ذہنی ترقیاں جن اشخاص کی مرہون منت ہیں۔ وہ عرب نہیں تھے۔ بلکہ ان لوگوں کی اولاد تھے۔ جنہوں نے ابتدائی زمانہ میں عرب چھوڑ کر دوسرے ملکوں کا اپنا وطن بنا لیا تھا۔ جہاں کہیں بھی ..... اسلام پہنچا۔ وہ جگہ مرکز علم و فن بن گئی۔ اور علم و ادب۔ فنون لطیفہ۔ سائنس اور صنعت و حرفت میں مشاہیر پیدا ہوئے۔ دمشق۔ قرطبہ۔ غرناطہ۔ بغداد اور قاہرہ وقتاً فوقتاً اسلامی تہذیب کے مرکز بنے رہے۔ اور ایشیا۔ یورپ اور افریقہ میں اس وقت علم کے مشعل بردار تھے۔ جب مغرب توہمات اور جہالت کے چاہ ضلالت میں غوطے کھا رہا تھا۔

یورپ پر اسلام کے احسانات

یورپ اپنی ترقی کے لئے اسلام کا اس سے سوا مرہون منت ہے جتنا اسے اعتراف ہے۔ جب تک وہ کلیسا کے زیر اقتدار رہا۔ اس میں کسی طرح کی ترقی کے آثار پیدا نہیں ہوئے۔ نہ صرف یہ بلکہ عیسائیت کے ظلم کے نتیجہ میں رومن اور یونانی ترقیوں کے آثار بھی محو ہوگئے۔ یورپ کے اس اخلاقی و ذہنی جمود کے زمانے میں یہ مسلمان ہی تھے۔ جنہوں نے دنیا کی شاہراہ ترقی پر مقدونیہ الجیش کا کام دیا۔ ایک زمانہ تھا جب یورپ میں علم صرف عربی زبان کے واسطے سے ہی حاصل کیا جاسکتا تھا۔ اس کی نشاۃ ثانیہ تک جس نے اسے طویل خواب غفلت سے بیدار کیا۔ اسلامی تعلق و اثر کا نتیجہ تھی۔ اگر مسلمان اسپین کو فتح نہ کرتے۔ تو کون کہہ سکتا ہے کہ یورپ کتنی مدت اور اسی وحشیانہ حالت میں رہتا۔ دنیائے سائنس اور علوم و فنون کی تمام ترقیاں اسلامی اندلس کی منت پذیر ہیں۔ جہاں سے سارے براعظم یورپ نے روشنی حاصل کی۔ تمام علوم خواہ وہ ہیئت کا ہو یا ریاضی کا طبیعیات کا یا فلسفہ کا اسلامی اسکولوں سے لیا گیا تھا۔ آرسٹن لو تھ سے لے کر

لئین کے زمانہ تک کوئی ہندی - اخلاقی یا سیاسی اصلاح ایسی نہیں ہوئی جسپر اسلامی اثر کی مہر نہ لگی ہو - ڈریپر نے سچ کہا ہے جس طرف بھی ہم دیکھتے ہیں - ہمیں جنگ و امن اور علم و فن کے میدان میں اسلامی اثرات نظر آتے ہیں

ڈاکٹر کیمبل نے جو ایک مشہور انگریز سائنسدان ہیں - اپنی کتاب "عربی طب" میں لکھتا ہے "جب یورپ عہد ظلمت میں دماغی ظلمت کی گہرائیوں میں غوطے لگا رہا تھا - خلفائے بغداد و قرطبہ کی سرپرستی میں دنیائے اسلام تہذیب و تمدن کی بلندیوں پر صعود کر رہا تھا - اور ایک ایسے زمانہ میں جب عہد وسطیٰ کے ہیرن اور اعلےٰ خاندانوں کی خاتونیں اپنے دستخط تک نہیں کر سکتی تھیں - مسلمانوں کا قریباً ہر نوجوان مرد اور عورت آسانی سے لکھ پڑھ سکتا تھا"

کنیاس یونیورسٹی کے پروفیسر فرانک بلیک مور نے اپنی مشہور کتاب انسان کی اجتماعی تاریخ میں لکھا ہے:-

"جو ملک بھی فتح ہوا - وہاں پہلا کام ایک مسجد کی تعمیر کا ہوتا تھا - جہاں اللہ کی عبادت ہو اور اس کے رسول (صلعم) پر درود بھیجا جائے اس مسجد کے ساتھ ایک مدرسہ ہوتا تھا - جس میں قرآن کے پڑھنے اور لکھنے کی تعلیم دی جاتی تھی - اسی بنیاد سے سائنس اور علم و ادب کی عمارت اٹھائی جاتی تھی - اور ان کے بعد وہ دنیا جہان کے خزائن علم و فن کو حاصل کرنے میں لگ جاتے تھے - نقل کے بعد وہ ایجاد کے میدان میں تگ و دو کرتے تھے اور اس طرح انہوں نے دنیا کے علم میں قابل قدر اضافہ کیا - مدرسوں کی بنیادیں رکھی گئیں - اور کتب خانے تعمیر ہوئے جن سے علم کے مستقل چشمے پھوٹ نکلے"

سائنس میں ترقیات

مسلمانوں نے بہت تھوڑے عرصہ میں سائنس کے میدان میں حیرتناک ترقی کی - آج سے تیرہ سو سال پہلے انہوں نے کئی ایسی چیزوں کا خیال کیا - جو آج دریافت ہو رہی ہیں - انہوں نے ان اشیا کے خواص اور صلاحیتوں کا مطالعہ کیا - جو آفرینش سے نہ کسی نے دیکھی تھیں - اور نہ ان پر غور کیا تھا - درحقیقت انہوں نے کوئی ایسی چیز نہیں چھوڑی جس پر سنجیدگی سے غور نہ کیا ہو - انہوں نے کیمسٹری - ہیئت - ریاضی - طب میں نہایت اہم تحقیقات کی - انہوں نے تاریخ اور جغرافیہ میں خاص مہارت پیدا کی - انہوں نے سیاست علم الطیور علم طبقات الارض اور علم نباتات میں نہایت قیمتی اضافہ کیا - مسلمان طالب علم مصوروں کی معیت میں دور دراز کا سفر کرتے تھے - مختلف طرح کی نباتات کا نہایت دقت نظر سے مطالعہ کیا جاتا تھا - قلم اور برش سے اس کی تصویر کاغذ پر کھینچی جاتی تھی - الجزائر ایک ماہر علم نباتات چالیس برس تک ہندوستان کے طول و عرض میں پھر کر مسالہ جمع کرتا رہا - اس کے علاوہ مسلمانوں نے اور کئی علوم میں تحقیقات کر کے کتابیں لکھیں - مثلاً جہازرانی - زراعت - فلاحیت اعداد و شمار - علم الانساب اور جغرافیہ میں ان کا قابل قدر کارنامے موجود ہیں یہاں تک کہ جدید ترین ایجاد ہوائی جہاز سے بھی وہ ناواقف نہیں ----

. . . . . خلیفہ الماموں کے عہد میں ایک انجنیر عبدالقاسم نے ایک طیارہ تیار کیا - لیکن وہ پرواز میں گر کر ٹوٹ گیا اور انجنیر کی جان علم کی بھینٹ ہو گئی -

آٹھویں صدی میں خلفائے عباسیہ نے بغداد کا مشہور دارالفنون قائم کیا - جہاں مشہور ریاضی دانوں اقلیدس - ارشمیدس اور اپالونیس - ہیئت دان بطلیموس اور ماہر نباتیات ڈیوسکوریڈیس اور ڈائیوڈس کی کتب کے ترجمے کئے گئے - اس جگہ اور دوسری علمی درسگاہوں میں اسوقت یونانی تہذیب کو قائم رکھا گیا - جب بازنطیم کے باہر غیر مسلم دنیا میں اس کے لئے کوئی جگہ نہ تھی - خلیفہ ہارون الرشید کے قائم کردہ بیت الحکمت کے کتب خانہ میں سنسکرت - یونانی - قبطی - کلدانی - اور فارسی زبان کی سیکڑوں ہزاروں کتابیں تھیں - عربی کی کتابوں کا تو کہنا ہی کیا - خلیفہ الحاکم کا کتب خانہ اتنا عظیم الشان تھا کہ اس کی فہرست بہ جلدوں میں مرتب ہوئی تھی ؛

کیمسٹری

حالیکہ کیمسٹری جیسا کہ ہمبولٹ کی رائے ہے "متفقہ طور پر مسلمانوں کی ایجاد ہے" - اس میدان میں ان کی کامیابی نہایت دلچسپ ہے - انہوں نے سیماب سکہ - تانبہ - چاندی اور سونے کے خواص کی تحقیقات کی - وہ ان کے شفشف آور کشتے تیار کرنے کے طریقوں سے واقف تھے - کئی الفاظ مثلاً الیمبک اور الکلی وغیرہ عربی سے نکلے ہیں - جیبر ابن حیان (جو مغرب میں جیبر کے نام سے مشہور ہے) قریباً پانچسو کتابیں کیمسٹری کے موضوع پر لکھی ہیں اس نے پہلی بار گندھک کا تیزاب - چاندی اور پارہ کا مرکب اور کئی دوسرے

مرکب پہلی بار دریافت کئے۔ مسلمانوں نے ہی دنیا کو پہلی دفعہ تقطیر۔ فلٹر کرنے اور بلور بنانے کا طریقہ .... ظاہر کیا۔ وہ مائع کو بخارات میں تبدیل کرنے کا گر جانتے تھے۔ یورپ میں سب سے پہلے اسلامی اندلس میں کیمسٹری کی بنیاد رکھی گئی۔ اور اگر مسلمانوں کو پائرینیز کے مقام پر افسوسناک شکست نہ ہوتی۔ تو یہ اپنے عروج پہنچ جاتی۔ جلد کی آخری مسلمان کیمسٹری دان تھا۔ اس کی وفات ۱۳۱۰ء میں ہوئی۔

علمِ ہیئت

کہا جاسکتا ہے۔ کہ مسلمانوں نے اپنا نام آسمان پر لکھ دیا۔ انہوں نے اپنی رصدگاہوں میں کئی نئے ستارے دریافت کئے اور انہوں نے شیعے بنائے انہوں نے نظام شمسی کی حرکات اور دوسرے اجرام فلکی کے متعلق بیسیوں دریافتیں کیں۔ انہوں نے زمین کا حجم اور چاند کی گردش اور بروج کی تبدیلیاں وغیرہ کی تحقیقات کی۔ ابن رشد نے سورج کے داغ معلوم کئے۔ ابوالحسن نے فضا کا انعکاس معلوم کیا۔ البیرونی نے محور کا جھکاؤ معلوم کیا۔ ابن یونس نصیرالدین طوسی اور البیرونی اور نہایت اعلےٰ ہیئتی نقشے تیار کئے۔ البیرونی نے نقشے تیار کئے۔ البیرونی کے نقشے لاطینی میں ترجمہ ہوئے۔ اور یہیں سے یورپ میں علم ہیئت کی بنیاد پڑی۔ یورپ میں محمد فرغانی کی کتابیں ترجمہ ہوکر پہنچیں ابوالوفا اور البتانی مسلمانوں کے عظیم ترین ہیئت دانوں میں سے ہوئے ہیں۔ یہ مسلمان ہی تھے۔ جنہوں نے یورپ میں سب سے پہلے رصدگاہیں لگائیں اور دوربین قطب نما۔ پنڈولم اور کئی اور مفید چیزیں ایجاد کیں۔ اسلامی سلطنت کی سب سے مشہور رصدگاہ مراغہ میں ۱۲۷۴ء میں تعمیر ہوئی۔ جو طرطوس کے قریب ہے۔

علمِ ریاضی

ریاضی کی اعلےٰ شاخیں قریباً ساری کی ساری مسلمانوں کی قابلیت کی آئینہ دار ہیں۔ اس اہم مضمون میں مسلمانوں نے متعدد مقامات پر ترقی کی ہوئی ہندسے۔ طریقہ اعشاریہ اور تحویل نے جو یورپ نے مسلمانوں سے حاصل کیں علوم کی ترقی میں بہت مدد دی۔ ان کے زمانہ میں مسلمانوں نے دنیا کی ہیئت مکانیات اور ریاضی۔ الجبرا۔ اعداد و شمار۔ شعبہ مخروطیہ میں دنیا کی رہنمائی کی۔

اس کے علاوہ دوسرے شعبہ جات میں مسلمانوں کی ایجادیں قابل فخر ہیں۔ جیومیٹری میں یہ مسلمان ہی تھے۔ جنہوں نے سب سے پہلے اقلیدس کا ترجمہ کیا۔ اور اسے استعمال میں لائے۔ یہ سولھویں صدی تک کسی یورپی زبان میں ٹھیک طرح ترجمہ تک نہیں ہوا تھا۔ مسلمانوں نے ہی پہلی بار الجبرا کو جیومیٹری میں استعمال کیا۔ انہوں نے دوسری طاقت کی مساوات دریافت کیں۔ اور اسی سے چار طاقت کی مساوات اور بائینومیل تھیورم (

) تک ترقی کی۔ انہوں نے کروی علم زوایا مثلثہ کو ایجاد کیا۔ اور سائیں و کوسائین کو داخل کرکے انہوں نے پیمائش اور علم ہیئت کی ترقی میں بہت حصہ لیا۔ پنڈولم کی ایجاد سے وقت کی درستی اور اصطرلاب کی ایجاد سے اجرام سماوی کی گردش کی صحیح دریافت بھی مسلمانوں کی ممنون احسان ہے۔

علمِ طب

موجودہ یورپی علم طب کا بانی ابن سینا تھا۔ جو شہرہ زمان مسلمان طبیب تھا جس کا علم المفردات ابتک متداول ہے۔ حالیہ دواخانے بھی مسلمانوں کی ایجاد ہیں۔ ابن زور دواخانوں کا بہت زبردست نقاد تھا۔ اس نے دوسروں کے ساتھ دنیا کے مختلف حصص سے جمع کردہ ادویہ کا اثر انسانی جسم پر معلوم کیا۔ اور اس طرح کئی دریافتیں کیں۔ مسلمان طبیبوں نے سب سے پہلے بیہوش کرنے والے طریقوں کا استعمال کیا۔ قرطبہ کا Al. Bucasis دنیا کا مشہور سرجن (جراح) گزرا ہے۔ مشہور جراحوں۔ ماہرین امراض چشم۔ دندان سازوں اور امراض مستورات کے ماہرین کی بھی کمی نہ تھی۔ ان میں کئی ایسے تھے جو کسی ایک مرض میں خاص دسترس رکھتے تھے۔ آنکھوں کے امراض کا علاج بہت حد تک مسلمانوں کا معلوم کردہ ہے۔ ابوالحسن مصنف علم المناظر نے ہی ہوا کا وزن دریافت کیا۔ اور ابصارت کے متعلق یونانیوں کی کئی اغلاط کی تصحیح کی۔ اور جس نے پہلی بار تاریخ میں دیکھا یا۔ کہ آنکھوں میں روشنی کی شعاعیں باہر سے آتی ہیں۔ نہ کہ آنکھ سے نکلتی ہیں۔ اور ثابت کیا۔ کہ اس پر جو اثر ہوتا ہے وہ اعصاب کے ذریعہ دماغ تک پہنچتا ہے۔ اس نے معلوم کیا۔ کہ روشنی کا انعکاس فضا کی حالت وغیرہ سے تبدیل ہو جاتا ہے۔

بغداد میں جو ایک وقت اسلامی دنیا کا مرکز تھا۔ مختلف شعبوں کے ۸۶۰ ڈاکٹر تھے۔ جو اپنی اپنی صنعت کے ماہر تھے۔ ڈاکٹروں اور کیمسٹوں کو

کام شروع کرنے سے پہلے ایک امتحان میں بیٹھنا اور لائسنس لینا پڑتا تھا۔ ساری اسلامی دنیا میں شفاخانے تھے۔ جہاں مختلف بیماریوں کے مریضوں کی رہائش کا علیحدہ علیحدہ انتظام تھا۔ بلا امتیاز مذہب وملت اور نسل ورنگ مریضوں کو ان شفاخانوں میں داخل کیا جاتا تھا۔

تاریخ وجغرافیہ

عربی میں کئی ایک ایسی لاثانی کتابیں ہیں۔ جن میں علوم طبیعیہ کا نہایت تفصیلی ذکر ہے۔ مسلمانوں نے اس وقت زمین کے کروی ہونے کا اعلان کیا جب پادریوں سے مرعوب یورپ بیانگ دہل اعلان کر رہا تھا۔ کہ زمین چپٹی ہے۔ تاریخ کے میدان میں مسلمانوں کے کارنامے اتنے مشہور ہیں کہ ان کا تفصیلی ذکر تحصیل حاصل سے کم نہیں۔ انہوں نے ہزارہا کتابیں اس موضوع پر لکھیں۔ جن میں بعض کی ضخامت اسی اسی جلدوں تک ہے خلاصہ یوں سمجھئے۔ کہ ایک ہزار برس تک مسلمان تاریخ کے مالک ہیں۔ وہ علم وفن کے مشعل بردار رہے۔ اور انہوں نے دنیا میں تہذیب وتمدن کی روشنی پھیلائی۔ اگر وہ بھی مغرب کے لئے یہ علمی ورثہ نہ چھوڑ جاتے۔ تو آج ہر طرف جو ترقی وہاں نظر آرہی ہے۔ یہ ناممکن ہو جاتی۔ مسلمان دنیا کی ترقی کے مقدمۃ الجیش تھے۔ لیکن یہ اسی وقت تک رہا کہ وہ صحیح معنوں میں مسلمان اور قرآن وشریعت اسلام پر عامل رہے۔ جونہی انہوں نے اسلام کے بلند نصب العین کو آنکھ سے اوجھل کر دیا۔ ان کا تنزل شروع ہو گیا۔ مغرب کے ساتھ اس کے الٹ ہوا۔ جب تک وہ لوگ پکے عیسائی رہے۔ انہوں نے کوئی قابل ذکر ترقی نہیں کی۔ جونہی انہوں نے کلیسا کا بھاری جوا اپنے کندھوں سے اتار پھینکا۔ انہوں نے تہذیب وتمدن اور دیگر علوم میں قابل قدر ترقی کی۔ ایک صورت میں ایک پرانے اور ترقی پذیر مذہب کا اثر اور دوسری صورت میں مذہبی روح کا فقدان اور مادی اسٹیلا کی موجودگی ان دونوں کی تاریخ عروج میں نمایاں نظر آتی ہے۔ اسلام سے پہلے سارے مذاہب نے انسان کی اخلاقی ترقی تک اپنے آپ کو محدود رکھا اور قریبًا اس کے دنیوی پہلو کو بالکل نظر انداز کر دیا۔ اسلام کے اثر کے ماتحت جس کا سب سے بڑا مقصد خدمت بنی نوع انسان ہے مسلمانوں نے ان چیزوں کی طرف توجہ کی جو مخلوق مادی منفعت کا ذریعہ ہو سکتی ہیں انہوں نے دیکھا کہ انسان کی مادی ترقی کا انحصار اس کا قوائے فطرت کو مغلوب کر لینے پر ہے۔ پس وہ علوم مفیدہ مثلاً کیمسٹری۔ ہیئت۔ طب زراعت۔ کلیہ رانی۔ جہاز رانی وغیرہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ اگر پیغمبر اسلام کی بعثت سے پہلے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ انسان قوائے فطریہ پر قابو پا کے ان کو بنی نوع انسان کے فائدہ کے لئے استعمال کر سکتا ہے۔ تو اسلام کے ظہور سے صدیوں پہلے یہ چیزیں مفید ثابت ہو سکتی تھیں۔

اسلام عیسائیت اور تہذیب

جن لوگوں پر مذہب کا کچھ زیادہ اثر نہیں۔ اور جو خدا سے زیادہ مخلوق سے ڈرتے ہیں۔ ان کی نمایاں ایجادیں۔ اسلحہ اور سامان جنگ۔ بھک سے اڑ جانے والے مواد۔ زہر وغیرہ وہ اشیاء جو امن اور تعمیر سے زیادہ تباہی اور تخریب کا سامان ہیں ——— ایسی چیزیں ہیں۔ اگر ان کے مذہب کا ان پر کافی اثر ہوتا۔ تو حضرت عیسےٰ کے پیرو (جن کی تعلیم یہ ہے۔ کہ اگر تیرے ایک گال پر طمانچہ مارے تو دوسرا گال سامنے کر دو) کبھی ان تباہی کے آلات کی ایجاد میں اتنا شغف نہ دکھاتے۔

ایک ہزار برس کی عظمت۔ دولت اور غلبہ کے بعد مسلمانوں میں تعیش اور آرام پسندی کی عادات آنے لگیں۔ اور ان کا تنزل شروع ہو گیا۔ روحانی بے حسی اور دماغی جمود اس کے قدرتی نتائج تھے۔ یہی حال دوسری مذہبی جماعتوں کا بھی ہوتا رہا ہے۔ لیکن اس کے لئے اسلام ذمہ دار نہیں۔ بلکہ یہ سب کچھ مسلمانوں کے اپنے اعمال کا نتیجہ ہے۔ اسلام سے پہلے اور بعد کی دنیا پر ایک نظر ڈالنے سے ہمیں معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ اس میں کیا کیا صلاحیتیں ہیں۔ اس لئے مسلمانوں کا زوال اسلام سے منسوب نہیں کیا جا سکتا یہ سخت ناانصافی ہوگی۔ کہ آج کل کے مسلمانوں سے اسلام کا اندازہ لگایا جائے حقیقی اسلام جو حیات اور نور ہے۔ اس چیز سے بہت مختلف ہے۔ جو اس وقت اسلام کے نام سے مشہور ہے۔ یہ تو مردہ رسوم اور بے معنی رواجات کا مجموعہ ہے لیکن اسلام کی نہضت ثانیہ کے آثار نمایاں ہیں۔ ترکی۔ ایران۔ عرب مصر۔ افغانستان اور دوسرے اسلامی ممالک میں ترقی کے آثار نمودار ہو رہے ہیں۔ اور کام شروع ہو چکا ہے۔

مالک رام

سُہاگ کا دان

(سید امتیاز علی صاحب تاج۔ بی۔ اے کے فلمی افسانہ کی ایک جھلک)

(۱) راج بھون کے سنہری کلس اور اونچی مٹھیاں غروب ہوتے ہوئے سورج کے سامنے اندھیری اور اُداس نظر آ رہی تھیں۔

دور بلندی پر لگا ہوا اجھنڈا اُداسی سے لٹک رہا تھا۔

سامنے ایک مٹھی پر بیٹھی ہوئی چیل نوحہ روز روشن چلچلا رہی تھی۔

اندر دربار کا کمرہ ویران پڑا تھا۔ سنگھاسن ایک کپڑے سے ڈھکا ہوا تھا۔

نیچے پاؤں رکھنے کی چوکی پر ایک مرجھایا ہوا پھول پڑا تھا۔

الٰہ اسی میں سنگ مرمر کی ایک چوکی پر ایک بیش قیمت کھرل رکھی تھی۔ دو زنانہ ہاتھ اس میں ایک دوا پیس رہے تھے۔

ایک دوسرے زنانہ ہاتھ نے ایک جڑاؤ پیالہ چوکی پر رکھ دیا جو ریشم کے رومال سے ڈھکا ہوا تھا۔ چھاننے کی غرض سے کھرل کی دوا ریشم کے رومال میں اُلٹ دی گئی۔

ایک ہاتھ نے دوسری دوا کا شیشہ چھنے ہوئے عرق کے پیالے میں اُلٹ دیا۔

دوہاتھوں نے ایک ننھی سی خوشنما طشتری بڑھائی۔ جس میں دوا کا جڑاؤ پیالہ رکھا گیا۔ طشتری والے ہاتھ اونچے ہونے شروع ہوئے۔

(۲) جمنا طشتری میں دوا کا پیالہ لئے راج بھون کے صحن میں سے گزر کر اندر دالان میں جا رہی تھی۔

راج بھون کے صحن پر حسرت اور اُداسی برس رہی تھی۔ ملول و متفکر داسیوں کی ٹولیاں جگہ جگہ کھڑی تھیں۔ جمنا ان کے پاس سے گزرتی۔ تو اسے دیکھ کر وہ فکرمندی کی سرگوشیاں کرتی کرتی رُک جاتیں سر آہستہ سے موڑ کر جمنا کو دیکھتیں اور جیسے پھر سرگوشیاں کرنے کو سر جوڑ لیتیں جمنا خاموش ان کے پاس سے گزرتی چلی گئی۔

صحن سے تین سیڑھیاں دالان میں جاتی تھیں۔ سیڑھیوں پر چند اور داسیاں سست سست اور سر تھامے بیٹھی تھیں۔ جمنا کو دوا لاتے دیکھ کر ایک نے ہلکی سی آہ بھری۔ سب جمنا کو تکنے لگیں۔ جمنا نے ان پر ایک نظر ڈالی اور چپ چاپ گزرتی چلی گئی۔

(۳) جمنا ایک لمبے اور خالی دالان میں سے گزر رہی تھی۔ سارے دالان میں ستونوں کے مدھم اور لمبے لمبے سائے پھیلے ہوئے تھے۔

ایک ستون کا سہارا لئے نوجوان وکرم خاموش کھڑا تھا۔ سر نیچے کو ڈالے بے پروا انداز میں اوپر کو تک رہا تھا۔ جمنا کے قریب آنے پر وہ چونکا اور سیدھے کھڑے ہو کر دلچسپی کی نظریں اس پر ڈالیں۔ جمنا نے اسے دیکھا۔ دوپٹے کی اوٹ کر کے بڑھتی چلی گئی اور موڑ مڑ گئی۔ وکرم آہستہ آہستہ اس کے پیچھے بڑھا اور موڑ پر پہنچ کر رُک گیا۔

(۴) ایک بند دروازے پر پہنچ کر جمنا نے ہلکی سی دستک دی۔ دروازے کا ایک پٹ آہستہ سے کھلا اور بوڑھا وید چوکھٹ میں آ کھڑا ہوا۔ اس کے چہرے پر غم اور ناامیدی لکھی تھی۔

جمنا نے اس کا چہرہ تکتے تکتے طشتری اس کی طرف بڑھا دی۔

وید ذرا دیر کھوئی ہوئی نظر سے طشتری کو دیکھتا رہا۔ پھر ہاتھ ہلکے سے واپس لے جانے کو ہلا دیا۔ جمنا کی آنکھوں میں خوف جھلکنے لگا۔

وید نے ایک آہ بھری۔ واپس اندر جانا چاہتا تھا۔ کہ نظر وکرم پر پڑ

وکرم ویدکو تکتا ہوا دروازے کے قریب آ رہا تھا۔ قریب پہنچ کر آہستہ سے بولا۔ "ویدجی!"

وید نے مایوسانہ انداز میں وکرم کے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا۔ وکرم نے پوچھا۔

"کیسے ہیں بھائی؟"

وید نے سر پھیر کر ایک نظر اندر ڈالی۔ وکرم نے بھی ایڑیاں اٹھا کر اندر دیکھنا چاہا۔ وید نے مایوسی سے سر ہلا دیا۔ وکرم نے سر جھکا لیا۔

وید نے پوچھا۔ "رانی جی کہاں ہیں؟"

وکرم نے جواب دیا۔ "چڑھاوے لے کر مندر گئی ہوئی ہیں"

وید آہ بھر کر بولا۔ جاؤ۔ انہیں بلوا لو۔ اب پرارتھناؤں کا سمے نہیں رہا۔"

یہ کہہ کر وید اندر چلا گیا۔ جمنا سن سی کھڑی رہ گئی۔ وکرم ایک پل کے توقف کے بعد جلدی جلدی واپس چلا گیا۔

(۵) دالان میں سے گزر کر وہ ایک کمرے میں داخل ہو گیا۔

(۶) کمرے میں وکرم کا دوست سورج مل فرش پر آلتی پالتی مارے پانسہ پھینکنے کی مشق کر رہا تھا۔ وکرم داخل ہو کر دروازے کے قریب رُک گیا۔ سورج نے اُسے دیکھا اور بھنوؤں کو لوں ہلایا۔ گویا معلومات حاصل کرنا چاہتا ہے۔ جواب میں وکرم نے تردد کا چہرہ بنا کر سر ہلا دیا۔ سورج کھڑا ہو گیا۔ "تو پھر چنتا کاہے کی ہے۔ راج پاٹ کا مالک بن جائے گا۔"

وکرم نے یوں سر ہلایا۔ گویا سورج نے ایک نامناسب بات کہی ہے

سورج بڑھ کر وکرم کے پاس آ گیا۔ "ویدجی کیا کہتے ہیں؟"

وکرم نے آہ بھر کر کہا۔ "کہتے ہیں۔ پرارتھناؤں کا سمے نہیں رہا۔ رانی جی کو مندر سے بلوا لو۔"

سورج نے مصنوعی غم سے ایک آہ بھری۔

وکرم بولا۔ "سورج۔ میں یہیں ٹھہرتا ہوں۔ تم جلدی سے مندر میں جا کر بھابی کو خبر پہنچاؤ۔"

سورج مستعد ہو کر بولا۔ "ابھی لو"

(۷) مندر میں رانی مورتی کے سامنے سیڑھیوں پر سر رکھے پڑی تھی۔

مندر سنسان تھا۔ چپ چاپ صرف رانی کی ہلکی ہلکی آہوں اور سسکیوں سے ٹوٹ رہی تھی۔ اس نے اپنا اشک آلود چہرہ اٹھا کر مورتی کو دیکھا۔ اور دکھ سے بولی:۔

"پربھو۔ مجھ ابھاگی پر دیا کیجئے۔ مجھ دکھی پر دیا کیجئے۔"

وہ اپنے آنسوؤں کو اپنے دوپٹے کے آنچل سے پونچھ رہی تھی۔ تو جیسے رانی کی پرارتھنا کے جواب میں ایک ہلکا ہلکا گیت سنائی دینے لگا جو کہیں دور سے آ رہا تھا۔ ایک ایسی آواز کا گیت جس کے گہرے سروں کے سوز میں کوئی غیب کی آواز تلقین کرتی معلوم ہوتی تھی۔

تیرے دُکھ کی دوا دنیا میں نہیں ؛ تیرا اشک پربھو کے چرن میں ہے

رانی کا ہاتھ آنسو پونچھتے پونچھتے رُک گیا۔ اس نے آنچل چہرے پر سے ہٹا کر غم کی کھوئی ہوئی نظروں کے ساتھ کان گیت پر لگا دیئے۔ جو آہستہ آہستہ اس کی طرف بڑھ رہا اور واضح ہوتا جا رہا تھا۔ سنتے سنتے نئے آنسو اس کی آنکھوں میں اُبل پڑے۔ اور وہ مورتی کی طرف بیقراری سے ہاتھ پھیلا کر بولی۔ "تمہارے چرن میں۔ پربھو تمہارے چرن میں۔ میں اپنا دکھ لے کر تمہارے چرن میں آئی ہوں۔ **میرے سہاگ پر مرتیو کی چھایا** کانپ رہی ہے۔ مجھ پر دیا کیجئے۔ مجھ پر دیا کیجئے۔"

(۸) وشنو بھگت۔ مندر کا بڈھا بجاری گاتا ہوا مندر کی طرف بڑھ رہا تھا!

تیرے دُکھ کی دوا دنیا میں نہیں ؛ تیرا اشک پربھو کے چرن میں ہے

(۹) مندر کے باہر جو ترے پر رانی کی داسیاں موجود تھیں۔ ایک دو وہاں کھڑی تھیں۔ ایک دو وہاں۔ کوئی سیڑھیوں پر بیٹھ گئی تھی کسی نے دیوار سے ٹیک لگا رکھی تھی۔ سب کی سب اُداس اور مضمحل نظر آتی تھیں۔ نظریں بجاری پر گڑی ہوئی تھیں۔

بھگت سیڑھیاں چڑھ کر جو ترے پر آیا۔ تو ایک نے جھک کر اس کے پیروں کو ہاتھ لگایا۔ باقی داسیاں بھی جہاں کھڑی تھیں بے اختیار وہیں دوزانو ہو گئیں۔ وشنو بھگت گاتا ہوا اُن کے درمیان سے گزرتا چلا گیا۔ اس نے آہستہ سے مندر کا دروازہ کھولا اور اندر داخل ہو گیا۔

داسیاں کھڑی ہو گئیں۔ کنچنی بولی۔ "گیت تمام ہو کر بھی میرے نس نس میں

کانپ رہا ہے۔"

داسیاں عقیدت کی نظروں سے مندر کے دروازے کو تکنے لگیں۔ ایک داسی نے کہا۔ "بھگت جی کی آواز میں اثر ہے۔ ان کی دعا بھی بے اثر نہ ہو گی۔"

دوسری بولی۔ "بھگوان کرے ان کی دعا مہاراج کو چنگا کر دے"

تیسری نے آہ بھر کر کہا۔ "ان میں اب رہا کیا ہے"

کنچنی بولی۔ ہائے بھری جوانی میں ایسے بھیانک روگ کے نیچے میں پھنس جانا۔"

اندر رانی مورتی کے سامنے کھڑی کہہ رہی تھی۔ "ہے پربھو۔ میرے سہاگ پر نہیں۔ تو ان کی جوانی پر ترس کھائیے۔"

پجاری جوت جگا چکا تھا۔ اور مشعل ہاتھ میں لئے مندر کے چراغدان روشن کر رہا تھا۔ چراغوں کی بڑھتی ہوئی روشنی میں مندر کی جڑاؤ دیواریں اور فرش پر تھالوں میں سجے ہوئے نذرانے جھلک جھلک کر رہے تھے۔ بھگت مشعل ہاتھ میں لئے ایک چراغدان روشن کرتے کرتے رُک گیا۔ اور چڑھاووں کو دیکھ کر بولا۔ "رانی۔ تیرے چڑھاوے انمول ہیں۔ پر دیوتا صرف چڑھاووں کے مول ہی کو نہیں دیکھتے۔"

رانی نے دُکھ بھری نظروں سے بھگت کو دیکھا۔ "میں اپنے پتی پر سب کچھ نچھاور کرنے کو تیار ہوں۔ مانگو مجھ سے کیا مانگتے ہو۔"

بھگت نے کہا۔ "رانی دیوتا دھن کے بھوکے نہیں۔ انہیں دھن کا لالچ ہوتا تو سنسار میں کسی کنگال کی آشا پوری نہ ہوا کرتی۔"

بھگت نے مڑ کر پھر چراغدان روشن کرنا شروع کر دیا۔

رانی غمگین فکر کے بعد بولی۔ "پھر میں کیا چیز پیش کر سکتی ہوں۔"

بھگت نے مشعل ایک برتن میں کھڑی کر دی۔ رانی نچھاور مول سے نہیں پرکھا جاتا۔ اس بات سے پرکھا جاتا ہے۔ کہ دینے والے نے بلیدان کتنا بڑا کیا ہے۔"

رانی بھگت کا منہ تکتے تکتے بولی۔ "میں نہیں سمجھی"

بھگت آہستہ آہستہ چلتا ہوا مورتی کے سامنے سیڑھیوں کے پاس جا کھڑا ہوا۔ رانی کی نظریں اس کے پیچھے پیچھے تھیں۔ بھگت نے پوچھا۔ "سنسار میں کیا چیز تجھے سب سے پیاری ہے؟"

رانی اندیشہ ناک نظروں سے بولی۔ "پتی پرمیم"

بھگت ذرا دیر چپ چاپ سامنے دیکھتا رہا۔ "رانی یہ سمجھ اپنی سب سے پیاری چیز نچھاور کر دینے کا ہے۔"

رانی کی آنکھیں خوف سے زیادہ کھل گئیں۔ کیا "پتی پرمیم!" وہ کھڑی ہو گئی۔ پتی کو تیاگ دوں؟"

بھگت آہستہ سے سر ہلا کر بولا۔ "تیرا سوال بھی کچھ چھوٹا نہیں۔ راجہ پرموت اپنا منہ کھول چکی ہے۔"

رانی ہاتھ سینے پر رکھے کھڑی تھی۔ رحم انگیز انداز میں بولی۔ "تو پھر میرے لئے کیا رہ جائے گا؟"

بھگت مورتی پر عقیدت کی نظریں ڈال کر بولا۔ "شاید یہی سوچ کر بھگوان تجھ پر ترس کھا جائیں۔ اور مہاراج کو چنگا کر دیں۔"

رانی نے بیقرار ہو کر کہا۔ "جس پریم کے لئے سوال کیا جا رہا ہو۔ اسی پریم کو تیاگ کون سکتا ہے؟"

بھگت پل بھر خاموش رہا۔ "مجھے دیکھ۔ میری بھی آٹھ سال کی بچی کھوئی گئی تھی اسے دکھوں سے بچائے رکھنے کی کامنا میں نے اس کو ڈھونڈھنا چھوڑ دیا۔ اپنا دکھ بھرا جیون لا کر وشنو کی مورتی کے آگے ہون کر دیا۔ وہ اب میری نہیں ہو سکتی میں اس کا نہیں ہو سکتا۔ مگر دکھ میرے ہردے میں سے نکل گیا ہے۔ مجھے شانتی ہے۔ کہ میری بچی جہاں کہیں بھی ہے۔ وشنو آپ اس کا رکشک ہے۔"

رانی نیچا رگی سے منہ موڑ لیا۔ پل بھر چپکی کھڑی رہی۔ پھر پلٹ کر بیقراری سے بولی۔ بھگت جی۔ کوئی اور نچھاور۔ کوئی اور نچھاور"

بھگت نے اسے رحم کی نظروں سے دیکھا۔ اور آہ بھر کر بولا۔ "پتری جو تیرا جی چاہے۔ نچھاور دینا اپنی اپنی شکتی پر موقوف ہے۔ تیرا الیدان کوئی چھوٹا نچھاور دے کر ہو سکتا ہے۔ تو تجھے اختیار ہے۔"

رانی نے ذرا سے تامل کے بعد بیتابی سے سر موڑ لیا۔

بھگت قریب آ کر بولا۔ "لیکن اگر وہ نچھاور بس نہ ہوا؟"

نیرنگ خیال کے مستقل خریدار توجہ فرمائیں

قاضی عبدالغفار کی لازوال تصنیف

لیلیٰ کے خطوط اور ورنا مچہ

نیرنگ خیال کے تمام مستقل خریداروں کو

تین روپے آٹھ آنے کی بجائے

صرف دو روپے (۲) علاوہ محصول ڈاک مین بذریعہ وی پی ارسال ہوگی

وصول فرما کر اس عظیم الشان رعایت سے فائدہ اٹھائیے

اگر آپ کتاب خرید چکے ہیں، یا کسی اور وجہ سے خریدنا نہیں چاہتے، تو آج ہی بذریعہ کارڈ اطلاع دیجئے، تاکہ دارالادب پنجاب کو جنہوں نے صرف نیرنگ خیال کی عقیدت سے مجبور ہو کر یہ رعایت دی ہے، نقصان نہ اٹھانا پڑے ٭

حکیم محمد یوسف حسن ایڈیٹر نیرنگ خیال لاہور

کتابیں

جن کی اشاعت نے یورپ کو انگشت بدنداں کر دیا

اور

اُردو ادبیات کو چار چاند لگا دیئے

بہارِ جاوداں

دو نوجوان وحساس دلوں کے جذبات ومحسوسات کی محشرستانی دُنیا، بے قرار دلوں کی بے اختیار آہیں، قوم کی مفلوج رگوں میں بیداری پیدا کرنے والے افکار، کتاب کا ایک ایک نقطہ ایک ایک شعلہ ہے۔ جو ہندوستان میں قدامت پسند عناصر کو جلا کر خاکستر بنانے کیلئے صابر، خلیلی و ولی، وارثی کے دُکھتے ہوئے دلوں سے اُٹھ رہا ہے، نوجوان ہندوستان کے لئے اس کا مطالعہ ازبس ضروری ہے۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے (۲/۸)

طلسم سامری

ملک کے مشہور ادیب ایم اسلم کا ایک تازہ جاسوسی ناول، روس کے شاہی خاندان کا عبرتناک مرقع، انارکسٹوں کی خوفناک سازشوں، مخبروں کی ریشہ دوانیوں، پولیس کی چالبازیوں اور ملک سائبیریا کے لرزہ براندام کر دینے والے سنسنی خیز حالات، عورت کے جذبات الفت اور فرض شناسی میں خوفناک جنگ۔ قیمت ایک روپیہ چھ آنے (۱/۶)

خطوط کی ستم ظریفی

ایک مزاحیہ کتاب جس کی دلچسپی کیلئے صرف مصنف کا نام ظاہر کر دینا ہی کافی ہے، مرزا عظیم بیگ چغتائی کی شہرہ تصنیف ہے "خطوط کی ستم ظریفی" ایک نئی آفت ہے جو پڑھنے والوں کی جان پر توڑی گئی ہے پڑھنے اور سننے، مصنف آپکی بوکھلاہٹ پر جی کھول کر ہنس رہا ہے، قیمت بارہ آنے (۱۲)

ماہ وپروین

آپ نے بہت سے مزاحیہ کتب پڑھی ہونگی لیکن ایک بے مثل انشا پرواز، شاعر شبیریں مقال، عالم متبحر اور فاضل بے بدل کی مزاج نگاری کا نمونہ دیکھنا ہو، تو میر ولی اللہ ادیب اے آبادی کی تصنیف "ماہ وپروین" پڑھیئے، سنجیدگی کے ساتھ ظرافت کی چاشنی جو قہقہہ، ہنسی اور مسکراہٹ تینوں کیفیتیں پیدا کریں، قیمت بارہ آنے (۱۲)

دارالادب پنجاب بک ڈپو خانہ سٹریٹ لاہور

لیلیٰ کے خطوط

و

روزنامچہ

بقلم

قاضی عبدالغفار

نیرنگ خیال کے تمام مستقل

خریداروں کو

تین روپے آٹھ آنے کی بجائے

دو روپے علاوہ محصول ڈاک میں

اُردو ادبیات میں

دوا آتشہ کی یہ ایک نئی کشید ہے

جو میٹھی کم اور تلخ زیادہ ہے

اگر یہ گوارا ہو

کہ آپ کے عیش کی محفل برہم نہ ہو

اگر تھوڑا سا ذوقِ درد پیدا ہو جائے

تو

یہ چند اوراق حاضر ہیں

لیلیٰ کے خطوط میں اُن لاکھوں مظلوم عورتوں کی روئداد زندگی بیان کی گئی ہے، جو اس مُلک میں مردوں کی نفس پرستی پر بھینٹ چڑھائی جاتی ہے۔

روزنامچہ میں عہد جدید کے ایک تعلیم یافتہ نوجوان کی مستیوں اور رنگینیوں کا ایک عبرت ناک مرقع پیش کیا گیا ہے۔

ہندوستان بھر کے رسائل و جرائد کا متفقہ فیصلہ ہے کہ دُنیا کی کسی زبان میں آج تک اس موضوع پر اس سے بہتر تصنیف موجود نہیں

نیرنگ خیال کے ہر مستقل خریدار کو وی پی بھیجا جا رہا ہے۔ ایک روپیہ آٹھ آنہ کی رعایت سے فائدہ اٹھائیے۔

وی پی واپس کرنے کی بجائے پہلے اطلاع دیدیجئے تاکہ نقصان نہ برداشت کرنا پڑے

دارالاشاعت پنجاب بارودخانہ سٹریٹ لاہور

قاضی عبدالغفار کی کتب کا مکمل سیٹ

لیلیٰ کے خطوط

آج کل کے نہاد مصلحینِ قوم اور پیشوایانِ دین کے گھناؤنے خدوخال عورت کے آئینے میں اُن لاکھوں مظلوم عورتوں کی روُدادِ زندگی جو اس ملک میں مردوں کی نفس پرستی پر بھینٹ چڑھائی جاتی ہیں۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے

روزنامچہ یا مجنوں کی ڈائری

عہدِ جدید کے ایک تعلیم یافتہ نوجوان کی مستیوں اور رنگینیوں کا عبرت آموز مرقع۔ مذہب۔ اخلاق۔ تمدن۔ اور سوسائٹی کے باغی کی سرگذشت۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے

اُس نے کہا

زندگی کے جہاندیدہ مسافر کی دل دوز داستان۔ اُس نے کہا جو کچھ اُس نے دیکھا۔ زندگی اور موت کے درمیان۔ محبت۔ محنت مسرت۔ منا کیحت اور زندگی کے بیسوں مسائل پر دلکش اور رنگیں زبان میں دلچسپ بحث۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے

عجیب

عجیب کلب کے عجیب ممبروں کے عجیب حالات۔ پھڑکتی ہوئی آپ بیتیاں۔ عجائبات کی دنیا کے چند قصے جو بہت عجیب ہیں قیمت ایک روپیہ

سیب کا درخت

انگریزی کے نوبل پرائز یافتہ ادیب گال زوردی کا شاہکار ایک دلچسپ و دلکش افسانہ۔ قیمت بارہ آنے

پتہ

دارالادب پنجاب بارسودخانہ سٹریٹ لاہور

رانی کا سر بے بسی سے جھک گیا۔

"اور وہ سر اچھا ور لانے کا سمے بھی نہ رہا؟"

رانی کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ اس نے چہرہ دونوں ہاتھوں میں چھپا لیا۔

"پتری وید نراس ہو چکے ہیں"۔

رانی سسکیاں بھرنے لگی۔

"اور کیا پتہ۔ راجہ کے بیہوش جسم میں گنتی کے سانس رہ گئے ہوں اسی پل آخری سانس اس کے ہونٹ پر چلا آ رہا ہو؟"

رانی تڑپ کر بڑی "چپ ہو جاؤ۔ چپ ہو جاؤ"۔

(۱۱) سورج مندر کے باہر آ کر رکا۔ گھوڑے کو چھوڑ کر وہ دوڑتا ہوا سیڑھیاں چڑھ گیا۔ داسیاں فکرمندی سے اس کی طرف بڑھیں مگر وہ سیدھا مندر کے دروازے کی طرف لپکا۔

(۱۲) بھگت مڑ کر مورتی کے سامنے چلا گیا تھا۔ اور پوجا کی تیاریاں کر رہا تھا۔ رانی سر جھکائے کھڑی آنسو بہا رہی تھی۔ یکلخت دروازہ کھلا اور سورج نے دروازے میں کھڑے ہو کر کہا۔ "رانی جی۔ وید جی نے آپ کو بلایا ہے۔ مہاراج کی حالت بہت نازک ہے

رانی نے مڑ کر اسے دیکھا۔ سورج باہر چلا گیا تھا۔ ہیبت کے مارے وہ سن سی ہو گئی تھی۔ اس کی آنکھیں پھٹی ہوئی تھیں۔ کان شائیں شائیں کر رہے تھے۔ ذرا دیر یونہی کھڑی رہی۔ پھر بھاگ کر مورتی کے سامنے گئی اور دونوں ہو کر بولی۔ "بھگوان دیا۔ دیا۔ میں اپنا سب کچھ ارپن کرتی ہوں۔ میں بچن دیتی ہوں کہ اگر میرا پتی تندرست ہو گیا تو میں تمہاری بھگت بن کر اپنا جیون تمہارے چرنوں میں گزار دوں گی"۔

یہ کہکر شدت عقیدت سے وہ مورتی کے سامنے دہری ہو گئی بھگت اٹھ کر اس کے قریب آیا اور اس کے سر پر ہاتھ رکھ دیا "پتری تیرا کلیان ہو"۔

(۱۳) وکرم بے چینی سے اس کمرے کے باہر ٹہل رہا تھا جس میں راجہ بیمار پڑا تھا۔ بار بار دروازے کی طرف تکتا اور اندر کی کسی آواز پر کان لگا دیتا۔ لیکن اندر سے کوئی آواز باہر نہ آ رہی تھی۔

(۱۴) راج بھون کے دروازے پر سپاہی کھڑے تھے۔ رانی اپنی داسیوں سمیت جلدی جلدی بڑھتی ہوئی آئی۔ ذرا دیر دروازے کے سامنے تھمی۔ پریشان نظروں سے سپاہیوں کے چہروں کو دیکھا۔ باہر وہی حالت تھی جو وہ چھوڑ کر گئی تھی۔ زیادہ اطمینان حاصل کرنے کو وہ بیقراری سے اندر چلی گئی۔

(۱۵) راج بھون کے صحن میں سے گذر کر رانی گہرائی گہرائی دالان میں چلی گئی۔ داسیاں پیچھے پیچھے تھیں۔

(۱۶) آخری دالان میں پہنچ کر اس کی نظر وکرم پر پڑی۔ وہ دالان کے پرلی طرف کھڑا تھا۔ رانی تھم گئی۔ وکرم بڑھ کر رانی کے قریب آ گیا۔ دوسری داسیاں دالان کے موڑ پر رک گئیں۔ اور بیتابی سے سر بڑھا بڑھا کر راجہ کے کمرے کے دروازے کو تکنے لگیں۔

رانی نے اندیشہ سے وکرم کے چہرے کو دیکھا۔ وکرم کو دروازے کی طرف متوجہ دیکھ کر وہ اس کے ساتھ آہستہ آہستہ دروازے کی طرف بڑھی۔ وکرم نے دروازے پر دستک دی اور پیچھے ہٹ گیا۔

دروازہ آہستہ سے کھلا۔ بوڑھا وید چوکھٹ میں آ کھڑا ہوا۔ رانی پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس کا چہرہ تکنے لگی۔

وید جوش کی بیتابی سے بولا۔ "رانی جی! مہاراج نے آنکھیں کھول دی ہیں"۔

رانی نے ہانپتے ہوئے پوچھا۔ "حالت؟"

وید کے چہرے پر ہلکا سا تبسم نمودار ہوا۔ "ایکا ایکی سنبھل گئی ہے"۔

رانی نے آہ بھر کر آنکھیں بند کر لیں۔ اس نے اپنے بیقراری سے ابھرتے ہوئے سینے کو ہاتھوں میں تھام لیا۔ وکرم اس ایکا ایکی تغیر پر حیران تھا۔ رانی نے احسانمندی کی نگاہیں آسمان کی طرف اٹھائیں۔

(۱۷) آسمان پر بادل پھٹ رہے رہے تھے۔ اور ان میں سے چاند نمودار ہو رہا تھا۔ بہتی ہوئی ندی میں چاند منعکس ہو رہا تھا۔ درختوں کی ٹہنیاں جھوم رہی تھیں۔ جھومتی ہوئی ٹہنیوں سے کلیاں زمین پر برس رہی تھیں۔

افسانہ

خوش قسمت لڑکا

(از جناب علی عباس حسینی ایم اے)

بوڑھی رحیمن ننھے حمید کا ہاتھ پکڑے گھر سے نکلی۔ دادی کے سوکھے ہاتھوں میں پوتے کی نرم نرم انگلیاں بالکل اس طرح تھیں۔ جیسے خزاں دیدہ پتوں میں نو دمیدہ کونپل رحیمن کی کمر جھکی ہوئی تھی۔ چہرے پر جھریاں پڑی تھیں۔ آنکھوں کے گرد باریک باریک نشانات تھے۔ گال دانتوں کے نہ ہونے سے پچکے ہوئے تھے۔ ٹھوڑی قریب قریب ندار دتھی۔ پاؤں کانپتے ہوئے پڑتے تھے۔ عصا کا سہارا لینا ضروری محسوس ہوتا تھا۔ پھٹا سا برقعہ جسم پر تھا۔ اس کا نچلا حصہ کیچڑ میں اٹا ہوا تھا۔ پاؤں میں پرانی وضع کی پیوند دار جوتی تھی۔

ننھا حمید سر جھکائے ساتھ تھا۔ آواز بھرائی ہوئی آنکھیں ڈبڈبائی ہوئی اور چہرے اور پھٹے کپڑوں سے بلا کی حسرت برستی ہوئی!

ضعیفہ نے کہا۔ "بیٹے آٹھ نو برس کے سن میں نوکری بڑی قسمتوں سے ملتی ہے۔ خدا کا شکر کرو کہ اس نے مجھ بڑھیا کی فریاد سن لی۔ دیکھو خدا کا شکر ضرور ادا کرنا"

حمید نے گردن جھکائے ہوئے کہا۔ "جی ہاں دادی اماں"۔ ضعیفہ بولی۔ "اور بیٹا اب کے میلے میں تم اپنے لئے چار پیسے والی ٹوپی خرید لینا۔ تم ماشاء اللہ اب نوکر ہو گئے ہو!"

حمید نے پچھلے ہی انداز سے کہا۔ "بہت اچھا دادی اماں!"

بڑھیا بولی۔ "اور دیکھو بیٹے یہ جو تم کھٹ پٹی اس وقت پہنے ہو اسے اتار کے رکھ لینا۔ اسے عید بقر عید میں پہننا۔ اب تم سمجھدار ہو۔ آگم" کا خیال رکھنا چاہئے۔ ایسے ویسے دنوں میں ننگے پاؤں چلنے میں کوئی ہرج نہیں۔ کھٹ پٹی رہے گی تو تیج تیوہار کے دنوں سب کے ساتھ تم بھی کھٹ پٹ کھٹ پٹ کرتے چلو گے"۔

حمید کی جھکی ہوئی گردن اور جھک گئی۔ وہ بھرائی آواز میں بولا۔ "بہت خوب دادی اماں"۔

صبح کا وقت تھا۔ پو پھٹ چکی تھی۔ مرغ بانگ دینا بند کر چلے تھے۔ مسجدوں سے تہلیل و تسبیح اور مندروں سے ناقوس کی آوازیں آ رہی تھیں۔ دیہاتی عورتیں دو دو چار کی ٹولیوں میں ہاتھوں میں لوٹا لئے گھونگھٹ نکالے گھروں کی طرف پلٹی راہ میں ملتی جاتی تھیں۔ ہر ایک رحیمن اور اس کے پوتے کو جاتا دیکھتی۔ مگر راستہ کھوٹا ہونے کے وہم سے منہ سے نہ کچھ بولتی۔ ہاں ان دونوں پر بار بار پلٹ کے حسرت کی نظر ضرور ڈالتی۔

یہ دونوں کھیتوں کے کنارے آہستہ آہستہ چلے جا رہے تھے۔ بوڑھی رحیمن چھوٹے حمید کو ملازمت کے فرائض۔ آقا و ملازم کے تعلقات۔ خدا کے اپنے بندوں پر احسانات۔ چھوٹے چھوٹے جملوں میں سمجھا کے خاموش ہو چکی تھی۔ حمید نے سب کچھ سن لیا تھا۔ اور دادی کے ہر سوال پر یہی جواب دیا تھا۔ "جی ہاں دادی اماں۔ بہت خوب دادی اماں"۔ لیکن جب وہ ساری باتوں کو سننے کے بعد گردن اٹھا کر دیکھتا تو راستہ سامنے ویسا ہی چمکتا ہوا دکھائی دیتا۔ اور منزل کا کوسوں پتہ نشان نہ ملتا!

آفتاب نے اپنے سنہری سہرے کے اندر سے جھانکنا شروع کیا۔ دیہاتی بیلوں کی جوڑی ہنکاتے۔ ہل کندھے پر رکھے کھیتوں میں دکھائی دینے لگے۔ کوئی گاتا ہوا چلا جا رہا تھا۔ کوئی بیلوں کو ہنکاتا ہوا اور کوئی جنگل سے پلٹتی ہوئی دیویوں سے ہنسی ٹھٹھول کرتا ہوا۔ اہیر کے لڑکے گاؤں بھر کے مویشی میدانوں میں چرائی کے لئے

اکٹھا کر رہے تھے۔ گنٹھری بھیڑوں کا گلا ہنکاتے۔ "ہرے! ہرے! اُر! اُر! کرتے چلے جا رہے تھے..... ضعیفہ اور حمید بھی چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے چلے جا رہے تھے۔ ان کے سامنے راستہ دور تک زرد زرد چمک رہا تھا۔ لیکن منزل کا دھندلا خاکہ بھی نہ دکھائی دیتا!

سامنے منگلو چمار آتا ہوا دکھائی دیا۔ کاندھے پر لاٹھی تھی اور اس میں نیا جوتہ لٹکا ہوا تھا۔ سر پر چھوٹی سی پگڑی تھی۔ جسم میں ایک مارکین کا کرتا۔ اور ٹانگوں میں زرد رنگی ہوئی دھوتی۔ گنگناتا مسکراتا چلا آ رہا تھا۔ بڑی بی کو دیکھ کر ٹھٹکا۔ بولا "کہاں جات ہو کھالا؟"

ضعیفہ بولی "گشائیں پور۔ بھیا۔ وہاں حمید کا کام لگ گیا ہے۔"

وہ سادگی سے بولا "ارے کھالا۔ اِہ سن ماں اور کام! اے کھیلے کا بن ہے کی کام کا؟"

ضعیفہ نے اس کے سوال کے جواب میں صرف اتنا کہا۔ "ہاں بھیا میرے پاس سوائے اس کے اور کوئی مرد نہیں۔ پھر پوچھا۔ "تم کہاں سے آ رہے ہو؟"

وہ کچھ شرماتا ہوا مسکرایا۔ "سسرال سے!"

حمید نے دادی کی انگلیاں کھینچیں۔ اس نے سر اٹھا کر دیکھا۔ راستہ سامنے تھا۔ گشائیں پور کوسوں دور۔ بس چلنے لگے!..... چلے جا رہے تھے۔ اور منزل کا پتہ نہیں!

آگے بڑھے کے مولوی صاحب ملے۔ فینس نیم کے درخت کے نیچے رکھی تھی۔ آٹھ کہار قریب ہی ذرا سستا رہے تھے۔ خانصاحب کے بیٹے کا مکتب تھا۔ مولوی صاحب بسم اللہ پڑھانے جا رہے تھے۔ بڑی بی کو دیکھ کے بولے۔

"ایں رحیمن یہ تم کہاں اتنے سویرے جا رہی ہو؟"

ضعیفہ نے سلام کر کے کہا۔ "جی اس بچے کو کام پر لگانے جا رہی ہوں!"

مولوی صاحب نے داڑھی پر ہاتھ پھیر کر کہا۔ "ہوں ماشاءاللہ اتنے سے سن میں کمانے جا رہا ہے۔ خوب! بہت خوب! مگر تم نے اسے نماز سکھا دی ہے؟"

ضعیفہ کے زرد چہرے پر سرخی آ گئی۔ بولی "جی ہاں مولوی صاحب میں نے اسے نماز خود سکھائی ہے۔ ہم غریب بھی خدا کا نام لینا جانتے ہیں!

مولوی صاحب نے سٹ پٹا کے۔ "نہیں! نہیں! ہاں! ہاں! ماشاءاللہ" کہا اور دونوں مسافر آگے بڑھ گئے۔ ایک بوڑھا۔ ایک بالا۔ ایک عمر کی حدیں ختم کئے ہوئے۔ دوسرا زندگی میں قدم رکھتا ہوا۔ دونوں کے پاؤں میں رعشہ۔ دونوں کے گھٹنے کمزور۔ ایک کا کثرتِ کار سے۔ دوسرے کا ناکردہ کاری سے لیکن معذور و مجبور چلے جا رہے تھے۔ آفتاب کی حدت بڑھتی جاتی تھی۔ منزل کوسوں دور تھی۔ لاپتہ تھی۔ مگر قدم نہ رُکتے تھے!

گوشائیں پور کے مضافات شروع ہوئے۔ پختہ مکانات۔ سرخ فلک عمارتیں دکھائی دینے لگیں۔ شہر کے پھاٹک سے ملا ہوا آموں کے درخت کے قریب ایک اندھا فقیر بیٹھا تھا۔ "ایک پیسہ پاؤ بھر آٹا۔ ایک پیسہ پاؤ بھر آٹا۔" "اندھے فقیر کا سوال۔ اندھے فقیر کا سوال" کی رٹ لگی تھی۔ اس کے زرد زرد دانت دکھائی دیتے تھے۔ اس کی میلی داڑھی کے بال اُلجھے ہوئے تھے۔ اور اس کی آنکھوں میں دیدوں کی جگہ کیچڑ بھری ہوئی تھی۔ اس نے تھکے مسافروں کے پاؤں کی چاپ سنتے ہی ان کی طرف رخ کیا۔ اپنا سوکھا ہوا زرد ہاتھ پھیلا دیا۔ "بابا بھلا ہو گا! اندھے سُور کا سوال۔ ایک پیسہ پاؤ بھر آٹا!"

ضعیفہ نے پوتے کا ہاتھ مضبوط تھام لیا۔ فقیر کے قریب جا کر بولی "بابا ہم نے سنا تھا تمہیں ایک لڑکا نوکر چاہئے!"

فقیر کے لب و لہجہ میں فرق آ گیا۔ پہلے عاجزی تھی اب حکومت بولا۔ "تم لائی ہو؟" اور اس نے اپنے ہاتھوں سے ٹٹولنا شروع کیا۔ بڑھیا نے حمید کو اس کے قریب کر کے کہا۔ "ہاں۔ دیکھو ماشاءاللہ نواں سال ہے!"

اندھے بھکاری نے حمید کو سر سے پاؤں تک اس طرح ٹٹولا جس طرح قصاب بکری کو دام کرتے وقت ٹٹولتا ہے۔ پھر بولا۔ "ہاں مضبوط معلوم ہوتا ہے۔ کیا نام ہے؟"

بچے نے بھرائی ہوئی آواز میں جواب دیا۔ "حمید!"

اندھے نے پوچھا۔ "تم مجھے سہارا دے کر گاؤں گاؤں لے چلو گے؟"

ننھے حمید نے گرفتہ آواز میں کہا۔ "جی ہاں"

اندھے نے پوچھا۔ "تم میرے ساتھ گا سکو گے؟"

لڑکے نے چھوٹی سی زبان سوکھے ہونٹوں پر پھرا کے کہا۔ "جی۔ آپ اگر سکھا دیں گے۔"

اندھے نے جھولی سمیٹی اور لکڑی اٹھائی۔ وہ بچے کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہو گیا۔ پھر بولا۔ "آؤ۔ چلیں۔ یہاں بیٹھے بٹھائے کچھ نہیں ملتا چلو پھیری لگائیں!"

حمید نے دادی کو حسرت سے دیکھا۔ پھر سڑک پر نظر کی بہت دور تک سپید سپید چمکتی ہوئی چلی جا رہی تھی۔ نہ رکنے کا موقع۔ نہ ٹھہرنے کی جگہ۔ اور نہ پناہ کا مقام! منزل کوسوں دور تھی! بالکل لاپتہ

.....

.....

تھی!

وہ اندھے کے آگے آگے چلنے لگا۔ اس کا ایک سوکھا ہاتھ بچے کے کاندھے پر تھا اور وہ اس کے ساتھ صدا لگا رہا تھا۔ "دیدے بابا دیدے!.....

ایک ہے اندھا ایک ہے بچہ۔ ایک ہی پیسہ پاؤ بھر آٹا۔ دیدے بابا دیدے بابا۔"

ایک کی آواز میں خشونت تھی دوسرے کی آواز میں رقت تھی! ایک اپنا حق مانگ رہا تھا۔ دوسرا اپنی حق تلفی کا ماتم کر رہا تھا!"

رحیمن دیر تک اپنی کمزور آنکھوں سے پوتے کی غائب ہوتی ہوئی صورت دیکھتی رہی۔ پھر اپنے دامن سے آنسو پونچھتی ہوئی آسمان کی طرف دیکھ کر بولی۔ تیرا شکر ہے میرے مالک! تو نے میرے بچے کو آسمانی قسمت بنایا کہ وہ نویں ہی برس کام پر لگ گیا!۔ (ماخوذ)

ایک نفیس مزاج مہارانی

اپنے صدر اعظم سے کہا۔ دنیا کے ہر چہار جانب قاصد روانہ کرو۔ کہ وہ ہر قسم کے پھول لائیں۔ تاکہ میں اپنے لئے بہترین خوشبو منتخب کر سکوں تعمیل حکم کیلئے فردوس مثال کشمیر جنت نظیر سوئٹزرلینڈ۔ شباب انگیز تسمانیہ اور گل پاش مرغزاروں میں گل چینی کی گئی۔ جب سب پھول دور دراز سفر کے بعد مہارانی کے حضور میں پیش کئے گئے تو بیشتر اپنی خوشبو کھو چکے تھے۔ اور باقی اس قدر مرجھائے ہوئے تھے کہ مہارانی کی حس شناس نگاہوں کو تکلیف ہوئی۔ مہارانی اس خواہش کے پورا نہ ہونے سے ملول رہنے لگی۔ کھانا پینا ترک کر دیا۔ مہاراجہ کو فکر دامنگیر ہوا۔ اور وزراء سے مشورہ طلب کیا۔ مہتمم توشہ خانہ نے اصغر علی محمد علی سے عطر منگوانے کو کہا۔ رائے معقول تھی۔ فوراً عمل کیا گیا۔ جب عطر آیا۔ تو مہارانی کا شباب رفتہ ایک بار پھر اپنی پوری بہاریں ساتھ لئے واپس آ گیا۔

منگائیے اصغر علی محمد علی تاجران عطر لکھنؤ و دہلی نے کا پتہ

شیکسپیر اور حقیقت شناسی

(از جناب علامہ ڈاکٹر سید نجم الدین احمد صاحب جعفری ڈپٹی ڈائریکٹر انفرمیشن بیورو دہلی)

ہندوستان کے مشہور ڈرامہ نویس آغا حشر ہم سے رخصت ہو گئے وہ مردہ قوم کے فرد تھے۔ اس لئے شاید ہم لوگ ہمیشہ کے لئے اُن کو بھول جائیں لیکن انگریزوں کا خدائے سخن شیکسپیر آج تک زندہ ہے اور کون کہہ سکتا ہے کہ مستقبل میں وہ زندہ نہیں رہے گا۔ انگلستان کے اس جلیل القدر ڈرامہ نویس نے ایسی غیر فانی ناموری اور شہرت حاصل کی ہے۔ جو حکومت برطانیہ کی عظمت اور وقار سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے۔ ہماری زبان کے جاننے والے بھی آغا حشر اور دیگر ادیبوں کے ذریعہ شیکسپیر سے بہت کچھ واقف ہو چکے ہیں۔ اس لئے آج ہم انگلستان کے اس خدائے سخن کے ادبی کارناموں کے ایک مخصوص پہلو پر مجملاً بحث کرنا چاہتے ہیں۔

شیکسپیر کے ادبی کارنامے تحصیل علم و ادب۔ اخلاقی تعلیم و تعلم اور انسانی زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی کرنے کے لئے نہ ختم ہونے والے خزانے ہیں۔ ان کی روشنی میں ہم دنیا کی پیچیدگیوں کو سمجھنے اور ان کی گہرائیوں تک پہنچنے کے قابل بن سکتے ہیں۔ یہ کچھ آسان کام نہیں ہے کہ انسان کی ہر لحظہ تبدیل ہو جانیوالی طبیعت کی ہر رنگ میں صحیح صحیح تصویر کھینچ دی جائے۔ اس مضمون میں میرا مبحث بھی یہی ہے کہ شیکسپیر کے نقطۂ نظر سے معرفت انسانی یعنی Heuman iem (ہیومن ازم) سے کیا مراد ہے۔

شعرا کے کلام میں اس موضوع کی جانچ پڑتال خاص طور پر شاہ الناسیہ سے شروع ہوتی ہے۔ اس زمانہ سے اس تخیل کو اس قدر اہمیت دی گئی کہ لوگوں کے دلوں میں آزادی کا خیال اور ذمہ داری کا احساس پیدا ہونا شروع ہوا۔ اور اس نے یہاں تک ترقی کی کہ موجودہ زمانہ میں بھی یہی خیال پیش پیش نظر آتا ہے۔

شیکسپیر کا مطالعہ کرنے والے جانتے ہیں۔ کہ اس نے اپنے زمانہ کے خیالات کو حقیقت شناسی کا جامہ پہنانے کے لئے شاعری اور ڈرامہ کے فن سے کس قدر کام لیا ہے۔ شیکسپیر کے اسی طرز نے نفسی فلسفے کو شاعری کے تالع فرمان بنا دیا۔ اہل انگلستان کے ماضی پس منظر کو مدنظر رکھتے ہوئے اس نے اپنی قوت متخیلہ کی امداد سے عوام کے جذبات میں ایک انقلاب پیدا کر دیا۔ شیکسپیر اچھی طرح جانتا تھا کہ اس کے معاصرین غیر مادی اور خارق العادۃ قوتوں پر ایمان رکھتے ہیں چنانچہ اس نے اپنے اکثر ڈراموں میں جان بوجھ کر چڑیلوں بھوت پریتوں بلاؤں اور دیگر خارق العادۃ اور خوفناک قوتوں سے کام لیا ہے اس لئے نہیں کہ وہ ان اعتقادات کو قوت دے بلکہ اس لئے کہ ان کا اثر انفرادیت اور ذمہ داری کے خیالات کی تبلیغ کے ذریعہ سے دھیما کیا جائے۔ شیکسپیر نے لوگوں کے دلوں میں یہ خیال پیدا کرنے کی کوشش کی کہ توہم پرستی کا انجام ہمیشہ المناک ہوتا ہے۔ شروع سے لے کر آخر تک اس کی یہی خواہش رہی کہ عوام محسوس کرنے لگیں کہ یہ دنیا عالم اسباب ہے۔ اور اس میں توہم پرستی کو دخل نہیں۔ اس قسم کے خیالات پیدا کرنے سے شیکسپیر کا مقصد یہ تھا کہ عوام میں زندگی کی بد مزگیوں اور ناخوشگواریوں کا ہمت اور دلیری سے مقابلہ کرنے کی قابلیت پیدا ہو سکے۔ چنانچہ اس کو اپنے مقصد میں کامیابی نصیب ہوئی۔ اور اس کے ڈراموں نے نہایت موثر طریقے سے عوام کے دل و دماغ سے تباہ کن توہمات دور کر کے انکی جگہ خود اعتمادی اور قانون و آئین کی محبت پیدا کر دی۔ یہ بھی اسی کی مبارک سعی

نتیجہ تھا۔ کہ عوام کے دل سے یہ خیال دور ہو گیا کہ شہنشاہیت الٰہیت کی مظہر ہے۔ بات یہ ہے کہ وہ خود عضوی نظام کی حقیقت پر ایمان رکھتا تھا۔ اور انہی کی خوبیوں کی تبلیغ کرتا تھا۔ اس کے نزدیک نظام اور نظم "قدرت کی وسیع قوت کے آئینہ دار ہیں۔ اس اصول کی تائید میں اس کی تصنیفات میں سے "ٹرملیس اینڈ کریسیڈا" اور ان دلائل کو جو اس نے سر ٹامس مور کی زبان سے ادا کئے ہیں۔ پیش کیا جا سکتا ہے۔ گو تم بدھ کی طرح اس کا بھی یہی خیال ہے۔ کہ زندگی بذاتِ خود انسان کو گناہوں سے پاک کرنے والی ہے۔ اور اس تزکیہ کے لئے کسی ایسی قوت کی ضرورت نہیں جو ماورائے فطرت ہو۔ شیکسپیر کا یہ بھی خیال ہے کہ انسانی سوسائٹی کی ترقی و توسیع کے لئے فطرت اور تربیت میں مطابقت ہونی لازمی ہے۔ اس نے اس نظریہ کا اظہار اپنی تصنیف "ٹمپیسٹ" میں "پراسپیرو" کے کردار میں کیا ہے۔ یہ ڈرامہ سرتاپا غیر فطری مذہب کی نکتہ چینی پر مشتمل ہے۔

شیکسپیر کے اصلی نقطۂ نظر کو سمجھنے کے لئے ان جذباتی اور اقتصادی حالات سے کسی قدر واقف ہونا ضروری ہے۔ جنہوں نے زندگی اور اسکی ذمہ داریوں کے متعلق اس کے خیالات میں انقلاب پیدا کر دیا تھا۔ مختصر طور پر ذیل میں اس پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔

شیکسپیر کی خانگی زندگی کا ایک دور بہت تاریک تھا۔ اس کے والد نے اس کو محروم الارث کر کے دنیاوی دولت سے اُسے بالکل محروم کر دیا تھا۔ اس کے علاوہ "ارل ساؤتھمپٹن" نے بھی جسپر اس کی معیشت کا دارومدار تھا۔ اسے بالکل بے یار و مددگار چھوڑ دیا۔ سچ ہے مصیبت تنہا نہیں آتی۔ اسی زمانہ میں طاعون نے انگلستان کی فضا کو اور زیادہ مکدر بنا دیا۔ ان پے در پے مصائب سے شیکسپیر کا دل ٹوٹ رہا تھا کہ اسکی حوصلہ افزا طبیعت نے اس کی معاونت کی۔ جس سے ثابت ہو گیا کہ اگر اسپر یہ افتادیں نہ پڑتیں تو یقیناً اس کی زندگی کا معاشرتی پہلو ہمیشہ کے لئے تاریک ہو جاتا۔ اور بجائے اس کے کہ وہ تہذیب و تمدن کے رہنما کی حیثیت اختیار کرتا وہ ایک عامیانہ اور غلامانہ ذہنیت کا شکار ہو جاتا۔ اس دَور ابتلا کے بعد سے ہی شیکسپیر کی زندگی کا عظیم الشان دَور شروع ہوتا ہے۔ اسی زمانہ سے اس نے ڈرامہ نگار کی حیثیت سے شہرت حاصل کرنی شروع کی۔ تجربے نے اسپر ثابت کر دیا کہ اس کی تقدیر اس کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ اور دوسروں کے رحم و کرم پر بھروسہ رکھنا سخت نادانی ہے۔ انہی ٹھوکروں نے زندگی کی اصلیت کو اس کے سامنے بے نقاب کر دیا۔ اور وہ پبلک کا آدمی بن گیا۔ یہ کہنا بیجا نہیں کہ پبلک ہی کی سرپرستی نے اسے غیر فانی شہرت کا مالک بنایا۔ شیکسپیر کے ڈرامے اس زمانہ کی منہ بولتی تصویریں ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اس کے ابتدائی کارناموں میں اس کے اصلی جوہر اسقدر تاباں نہیں جیسے کہ ان شاہکاروں میں ہیں جو اس نے بعد میں لکھے ہیں۔ جبکہ اسے انسان کا خاصہ تجربہ ہو گیا تھا۔ اس سلسلہ میں ہم کو حقیقت بھی نظر انداز نہیں کرنی چاہئے کہ شیکسپیر کی شہرت کو غیر فانی بنانے میں اس کے قدر دانوں کو بھی بہت زیادہ دخل ہے۔ یہ بات ہم سب کو معلوم ہے۔ کہ شیکسپیر کے ڈراموں کے پلاٹ جدید نہیں ہیں۔ بلکہ پرانے ڈراموں کے پلاٹوں سے ماخوذ ہیں۔ لیکن اس نے پرانے پلاٹوں کو اپنی قابلیت سے اسقدر بلند اور دلچسپ کر دیا ہے۔ کہ وہ اس کے اپنے بن گئے ہیں۔

"وار آف روزاز" (war of Roses) نے شیکسپیر کے دل میں امن و نظم کا جذبہ پیدا کیا۔ اور اس کے جذبۂ قومی کو بھی ابھارا شیکسپیر کو اگر اس زمانہ کا مجسمہ اور حاصل کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ کیونکہ اسنے اپنے زمانہ کی تمام کمزوریوں کا مطالعہ کیا اور ان سب کے خلاف بڑی حکمت سے جہاد کیا۔

ادبی دنیا کی ایک اور شخصیت میں بھی جسکو عوام گوئٹے کے نام سے جانتے ہیں۔ یہی خوبیاں موجود ہیں۔ ادبی شخصیتوں سے ہٹ کر سیاست دانوں میں سے بھی ایک شخصیت کا یہاں پر ذکر کیا جا سکتا ہے۔ میری مراد لائڈ جارج سے ہے۔ اس کا مورخ لکھتا ہے کہ باوجود اپنی کمزوریوں کے لائڈ جارج بچپن ہی سے موروثی حقوق کی مراعات کے عیوب اور غریبوں اور امیروں کی مروجہ تفریق کے خلاف تھا۔ اس لئے آگے چل کر اس کے بعض کارنامے اس کی اس رائے کے آئینہ دار بنے۔

اگر شیکسپیر کے ادبی کارناموں کو معروضی نظریئے سے نہ جانچنے کی بجائے موضوعی نظریئے سے پرکھا جائے۔ یعنی جس طرح عموماً کسی ادبی

کارنامے کو نفسِ مضمون اور طرزِ بیان کے لحاظ سے تنقید کی کسوٹی پر کسا جاتا ہے۔ تو ہم کو شیکسپیر کے ادبی کارناموں میں حقیقی انسان کا پرتو نظر آئے گا۔ اور بجائے اس کے کہ مخصوص انداز میں کہیں کہیں انسانی فطرت کی تصویر نظر آئے۔ ہمیں ہر رنگ میں عام طور پر انسان کا حقیقی جلوہ دکھائی دے گا۔ اس حقیقت سے اس عام علمی نظریہ کی تائید ہوتی ہے۔ کہ انسانی اجتماعیت آپس کے میل جول اور مختلف قسم کی خصوصیات کے ربط ضبط یا تضاد اور اثر انگیز واقعات سے ظہور میں آتی ہے۔ ان مسلمات پر ہم شیکسپیر کی زندگی کو چار دوروں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

(۱) ابتدائی دور۔ جبکہ وہ زعمِ شباب میں عام نوجوانوں کی طرح ہر مشکل شے کو آسان سمجھتا تھا۔

(۲) ساؤتھمپٹن کا دور۔ جبکہ وہ اس فریب میں مبتلا تھا کہ زندگی مزے سے گزر رہی ہے۔ اور گزر جائے گی۔

(۳) ساؤتھمپٹن سے علیحدگی کا دور۔ جبکہ وہ مایوسی اور تذبذب کی پُرخار وادیوں میں بھٹک رہا تھا۔

(۴) آخری دور۔ جبکہ اس نے خام خیالیوں سے نجات حاصل کر لی تھی۔ اور اسے یقین ہو گیا تھا کہ تھیٹر اس کی زندگی بنا دے گا۔

جیسا کہ میں نے اوپر ذکر کیا ہے۔ شیکسپیر کے بہت سے ڈرامے خود اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ وہ اس کی زندگی کے کسی دور میں لکھے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کی تحریروں میں ایک اور نمایاں خصوصیت موجود ہے۔ جو اس کے رتبہ کو عوام سے بہت بلند کر دیتی ہے۔ جب ساؤتھمپٹن نے اس سے اپنے تعلقات منقطع کر لئے اور اس کی تمام امیدیں خاک میں مل گئیں تو عوام کی طرح اس نے کہیں بھی اپنے ممدوح کے خلاف نفرت یا دشمنی کا اظہار نہیں کیا۔ برخلاف اس کے ایران کے شاعرِ اعظم فردوسی نے جب شاہنامہ لکھنے کا صلہ اپنی امیدوں کے مطابق سلطان محمود غزنوی سے نہ پایا تو اس نے سلطان کے خلاف بہت کچھ زہر اگلا۔ چنانچہ محمودؒ کی ہجو میں جو اشعار اس نے لکھے ہیں۔ وہ آج تک زبان زد خاص و عام ہیں۔

شیکسپیر کی تحریروں کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ اس نے انسانی کمزوریوں اور خامیوں سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی بجائے انہیں پس منظر کے طور پر استعمال کیا ہے۔ اور انسانیت کو معقولیت پسند بنانے اور جذبات کو حقیقت اور معرفت میں تبدیل کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے ڈرامہ کو حقیقت کا صحیح ترجمان بنا دیا۔ جب وہ اپنے کرداروں کے ذریعہ حقیقت کا سبق دینا چاہتا ہے تو ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ وہ کرداروں اور ان کے کارناموں کے تضاد کو اس طرح نمایاں کرتا ہے۔ کہ دماغ اور قلب کو ایک دھکا سا لگتا ہے۔ بس سے دونوں چوکنے ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کی مثال کے لئے میک بیتھ اور اوتھیلو کو پیش کیا جا سکتا ہے۔ اوتھیلو میں مور کے اخلاقی اور عملی پہلوؤں میں کافی تضاد ہے۔ اسی طرح میک بیتھ میں۔ میک بیتھ اور لیڈی میک بیتھ کے کردار اور اعمال میں صاف اختلاف نظر آتا ہے۔ حافظ شیراز بھی اسی طرح اپنے زمانے کے لوگوں کے کردار اور اعمال پر نکتہ چینی کر کے عوام کو متاثر کرنا چاہتے ہیں۔

واعظاں کیں جلوہ بر محراب و منبر می کنند
چوں بخلوت میروند آں کار دیگر می کنند

شیکسپیر کے ڈراموں میں ہیملٹ ایک امتیازی خصوصیت رکھتا ہے۔ اس کے مطالعہ سے ہمیں شیکسپیر کی بعض خصوصیات کا پورا اندازہ ہو جاتا ہے۔ اس ڈرامے کے خاص کردار "پرنس ہیملٹ" اور "ہوریشو" ہیں۔ اس ڈرامے کو لکھنے سے مصنف کا مقصد یہ ہے کہ اس دنیا میں فتوحات یا کامیابیاں ان لوگوں کا حصہ ہوتی ہیں جو عمل پر ایمان رکھتے ہیں اور موت کے خوف پر غالب آجاتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں وہ "ہمتِ مرداں مددِ خدا" "یَا اَلسَّعی مِنّی وَالاتمام مِنَ اللہ" کے اسلامی اصول کی اس کیریکٹر کے ذریعے تبلیغ کرتا ہے۔ ہیملٹ کے کریکٹر سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ شیکسپیر اس اسلامی اصول کو بھی سامنے لانا چاہتا ہے جس کی رو سے انسان کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ نقصان کی حد تک اپنا بدلہ لے لے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں ہے۔ وکتبنا علیہم النفس بالنفس والعین بالعین۔ ۔ ۔ ۔ ۔ الخ۔

اس ڈرامہ میں اس نے نہایت خوبی سے عیسائیت کے اس اصول کہ "آفات کا مقابلہ نہ کرو" اور اس عملی اصول کہ "آفات کا مقابلہ مردانگی سے کرنا چاہئے" کا تقابل کیا ہے اور موخر الذکر کی تبلیغ کی ہے۔

غرض خود کیا جائے تو ہملٹ موجودہ زمانے کے ایک سچے ہیرو کی تصویر ہے ہملٹ کی فتح موت کے خوف اور نامعلوم مستقبل پر غالب آنے پر منحصر رکھی گئی ہے۔ شاید آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ ایورسٹ پر چڑھنے کی کوشش یا کرۂ ہوائی میں پرواز یا کرۂ آبی میں جانے کی مہموں میں بھی وہی جذبہ کارفرما ہے جو ہملٹ میں موجود ہے۔

ڈاکٹر سمارٹ جیسے ناقدوں کا خیال ہے کہ تقدیر اور ذمہ داری کو شیکسپیر کی تحریروں میں نہایت موزوں جگہ دی گئی ہے۔ لیکن میرا خیال ہے کہ شیکسپیر نے انفرادی ذمہ داری اور تدبیر پر زیادہ زور دیا ہے۔ اور تقدیر کا وہی پہلو ہے جو "التمسی متی والاتمام من اللہ" میں ہے۔ لیکن چونکہ اس کے دور کا عقیدہ تھا کہ ؎

سب کام اپنے کر لیں تقدیر کے حوالے
نزدیک، عاقلوں کے تدبیر ہے تو یہ ہے

اس لئے مجبوراً اسے تقدیر کو ایسی جگہ دینی پڑی کہ جس سے وہ نظریہ جس کو وہ پیش کرنا چاہتا تھا مافوق نہ سمجھا جائے۔ اور عوام اسے قبول نہ کر سکیں۔ اس نے بار بار اپنے ڈراموں میں زور دیا ہے کہ کامیاب زندگی وہ لوگ بسر کرتے ہیں جو صاحب عمل ہوتے ہیں۔ اور ماحول اور زمانہ کی رفتار کے مطابق اپنے آپ کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ شیکسپیر کے نزدیک محروم القسمت وہ لوگ ہیں جو زمانہ کی ہوا کے مطابق اپنے آپ کو بدل نہیں سکتے۔ گویا شیکسپیر کا عمل اس مصرعہ پر تھا۔

زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بہ ساز

ایک اور جگہ وہ کہتا ہے "اگر اتفاقات زمانہ مجھے بادشاہ بنا دیں گے کیوں؟ اتفاقات زمانہ ہی ہمت کے بغیر مجھے بادشاہ بنا سکتے ہیں"۔

شیکسپیر کے نزدیک انسان کی قوت استدلال خدا کی دی ہوئی ایک غیر مترقبہ نعمت ہے۔ چنانچہ وہ ہملٹ میں کہتا ہے۔

"وہ آدمی ہی کیا ہوا جس کا سب سے بڑا مقصد اور
اس کے وقت کی قدر و قیمت محض کھانا اور سونا ہے
ایسا آدمی حیوان سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا یقیناً

.....

.....

وہ ہستی (خدا) جس نے ہم کو انتہائی غور و خوض اور
پس و پیش دیکھ کر پیدا کیا۔ اس نے ہم کو قوت
استدلال جیسا عطیہ بیکار رکھنے کے لئے نہیں دیا"

اسی طرح انصاف کا وہ نصب العین جس کو رحم سے گداز کر کے۔ "مرچنٹ آف وینس" میں شیکسپیر نے پورشیا کی زبانی پیش کیا ہے۔ کوئی اور مغربی شاعر ویسی مثال پیش نہیں کر سکا۔ حقیقت میں یہ الفاظ دنیا کے لئے ایک بیش بہا عطیہ ہیں۔ اور اس سے زیادہ بلند خیالی کا نمونہ اور ہو بھی کیا سکتا ہے:۔

"رحم کا وصف زبردستی پیدا نہیں کیا جا سکتا۔ رحم آسمان سے
ہلکی ہلکی بارش کی طرح برستا ہے۔ اس میں دوگونہ رحمتیں
پوشیدہ ہوتی ہیں۔ اول تو اس پر رحمت ہوتی ہے
جو رحم کرتا ہے۔ دوسرے اس شخص پر بھی رحمت
ہوتی ہے جو اس سے بہرہ ور ہوتا ہے۔ رحم ایسی خوبی ہے
جو بہت والوں میں سب سے زیادہ ہوتی ہے"

کالرج کا یہ کہنا بالکل درست ہے کہ "مرچنٹ آف وینس کا ڈرامہ" ہر حیثیت سے شیکسپیر کے ماہر انسانیت ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

آخر میں یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ شیکسپیر نے اپنے ملک والوں کے دلوں میں اولیت اور ہمت کی اہمیت کو محسوس کرنے کا جذبہ اس طرح بیدار کیا ہے۔ کہ آج انگلستان کو جو مقام حیثیت حاصل ہے وہ ایسے ہی جذبات کا نتیجہ ہے۔ وہ یہ بھی بتلاتا ہے کہ بنی نوع انسان کی ترقی کا دارومدار قدیمی روایات اور ازلی احساسات کو از سر نو زندہ کرنے پر نہیں ہے۔ بلکہ اس کا انحصار مستقبل میں فطرت کے ساتھ ساتھ چل کر کامیابی زندگی کو فطرت انسانی میں تبدیل کرنے پر ہے مختصر یہ کہ عضوی نظام و آئین کی وقعت۔ آزاد خیالی کی عظمت اور سچے انصاف کی قدر و قیمت جس قدر برٹش پبلک میں پائی جاتی ہے۔ اس میں شیکسپیر جیسے ادیبوں کا بہت کچھ حصہ ہے۔ مجھے امید ہے کہ وہ حضرات جو شیکسپیر کی تصنیفات سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اسکی تحریروں سے حق شناسی کا سبق حاصل کر کے اپنے آپ کو اس کارزار حیات میں بہترین انسان بنانے کی کوشش کریں گے۔

افسانہ

حسنِ اتفاق

(از جناب الفرے۔ سہاوری)

برکھا کی آخری بہار تھی۔ سورج بدلی سے نکلا تو سارے سنسار کو تپا دیا۔

یاور ایک چوکھٹے میں جڑی ہوئی تصویر بغل میں دبائے ہوئے گھر کے راستے پر چلا جا رہا تھا۔ راستہ کم کرنے کے لئے اس نے چال کو تیز کر دیا۔ مگر پسینے کا کیا علاج کہ جس نے تھوڑی ہی دیر میں اس کے کپڑے شرابور کر دیئے۔ اسوقت اس کی پریشانی کا کوئی اندازہ لگاتا! مکان کی دوری اسے پل صراط طے کرنے سے کم نہ تھی۔

گھر کی سنسان گلی کے موڑ پر ایک بھکارن لڑکی نے "رام بھلا کرو" کہکر عاجزی سے اپنا ہاتھ اُس کے آگے بڑھا دیا۔ یاور نے تصویر والی بغل کو ذرا سخت کیا۔ اور دوسرے ہاتھ سے جیب کو بھکارن لڑکی کی امداد کا ذریعہ بنانا چاہا۔ سورج کی تپش۔ تصویر کا بوجھ اور پسینے کی بے پناہ آمد نے اُسے گھبرا دیا تھا۔ اس وقت اُس کی دلی آرزو بھکارن سے چھٹکارا پا کر مکان پہنچنے کی تھی۔ "جلدی کام شیطان کا" اُس نے جلدی اور گھبراہٹ میں پیسے کے لئے جیب میں ہاتھ ڈالا۔ مگر وہ تھے کہ دنیا سے الگ تھلگ بسنے والے زاہد کی طرح باہر آنے کا نام ہی نہ لیتے تھے۔

یاور کا ایک ہاتھ جیب میں اور دوسرا تصویر کے تھامنے میں تھا۔ نگہ نیچے اور گردن آگے کی طرف جھکی ہوئی تھی کہ وہ دروازے کے پاس پہنچ گیا۔ مشکل سے وہ ایک چوٹی ——— تصویر کی بُرت کے بعد بچی ہوئی گدا گر لڑکی کو دے کر مکان میں پہونچا۔ اس نے خیال بھی نہ کیا کہ بھکارن اس کی نیت سے سولہ گنا دام زیادہ لے گئی۔

برآمدے کی محرابوں پر دوڑی ہوئی عشق پیچاں کی بیلوں اور مکان کی بناوٹ نے یاور کا خون خشک کر دیا۔ سامنے پیازی رنگ کے کپڑے پہنے کوئی خاتون پنجوں کے بل کھڑی تھی اور ہاتھوں کو اوپر اٹھائے ہوئے کپڑے لٹکانے کی کھونٹی کو دیوار سے جدا کر رہی تھی۔ گویا پریم کی پری آکاس جانے کے لئے پر تول رہی تھی۔ یاور کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی۔ اور کے مکان میں بیباکی سے گھس آنا اُس کے لئے قیامت نہیں تو اور کیا تھی۔ وہ اُلٹے پاؤں لوٹا۔ مگر اڑ۔ ٹڑ۔ دھڑام!! اکھڑ کھڑا، اور دھما کا تمام صحن میں گونج گیا۔

عورت نے مڑ کر دیکھا تو دروازے کی چوکھٹ پر کوئی ——— ایک مرد گھٹنوں کے بل زمین پر گرتا اور گرتے ہی سنبھلتا نظر آیا۔ آن کی آن میں زمین پر پڑے ہوئے ایک بڑے چوکھٹے کے سوا اب اس کی نظر کے سامنے کچھ بھی نہ تھا۔ وہ دم بخود برآمدے میں کھڑی تھی۔ جیسے اس کے منہ میں زبان گلے میں آواز اور پاؤں میں سکت ہی نہ تھی۔ وہ کسی بھیانک چیز سے ایک ساتھ ڈر جانیوالے کمسن بچے کی طرح دروازے کے اُن کواڑوں کو ٹکٹکی باندھے دیکھتی رہی۔ جو ڈراؤنے درندے کی طرح منہ پھاڑے چوپٹ کھلے پڑے تھے

(۲)

(اُچھل کر) آئی خیر کیجیو!! او بدنصیبو ذرا تو دم مارنے دیا کرو۔ ہر دم اپنی ہی تو تو۔ میں میں میں رکھتے ہو۔ اے اللہ! مجھ جرم جلی کو تو ساری عمر سے ایسے ہی جنجال میں پھنسا لگھا تھا۔ اے مالک! تو اولاد دے تو نیک صالح اور چین کل کی دیجئیو نہیں تو ایسی اولاد سے تو میں بے اولادی بھلی! یاور کی بھاوج نے اپنے بچوں کو ڈانٹ ڈپٹ کر

ماما سے کہا۔

"رعنا! دیکھ تو ہمسائی کے گھر میں دھماکا سا ہوا۔ میں جانوں کوئی گرا"

"بیگم! تمہیں تو یونہی وہم ہے۔ نہ کہیں کوئی گرا ہو۔ ذرا پتا کھڑکا اور تمہارے کان کھڑے ہوئے۔ بیچارے پڑوسی آج مکان خالی کر رہے ہیں۔ سامان کسنے باندھنے میں کوئی چیز گر گرا گئی ہوگی" ماما رعنا جو بیگم کی منہ چڑھی تھی جواب دے کر پھر سالن نکالنے میں لگ گئی۔ جیسے کچھ ہوا ہی نہ تھا۔

بھاوج کی اس چمچان مین سے یاور کے رہے سہے ہوش اور بھی گم ہوگئے۔ جس نے گھر کے غسل خانے میں آکر پناہ لی تھی۔ مگر غلط بیانی اور لاپروائی کے جواب سے اُس کے جی میں جی آگیا۔ ندامت خوف اور رسوائی۔ اُسے اب بھی گھیرے ہوئے تھے۔ اُسے اپنے زخمی گھٹنوں اور ابتر کپڑوں سے زیادہ اپنی رسوائی کا پورا ثبوت قلمی تصویر اُس گھر میں رہ جانا تھا — اور یہی بات اُسے رہ رہ کر ستا رہی تھی۔ وہ سوچ رہا تھا کہ اسے اپنی بھاوج سے یہ بات بتا دینی کہاں تک مناسب تھی۔ یقین کریں گی یا نہیں اور اگر بتا کر بات کو نہ دبایا جائے تو کہیں پڑوسی رنگ نہ لائیں..... مگر نہیں عورت میں اتنی جرات نہیں ہوتی۔ رسوائی کے خیال سے اب بھی اس کا رُواں رُواں کانپ رہا تھا۔ دو چار ہی منٹ کے بعد اس نے اپنی آنکھوں کو حلقوں میں اوپر کی طرف گھمایا۔ ماتھے پر بل ڈالے جیسے کسی کٹھن مسئلے پر غور کیا ہو۔ اور پھر اطمینان سے انگڑائی لی۔ جیسے کوئی سونے والا کسی خوفناک خواب سے چونک کر اور یہ جان کر کہ جو کچھ دیکھا خواب تھا۔ جی کو تسلی دے یا کسی بات کو سوچ کر طے کرے۔

ہاں یہ سچ ہے کہ وہ اس قصے کو کسی سے نہ دُہرانے پر تُل گیا تھا

(۳)

آج صبح سے تازہ دھیمی دھیمی ہوا میں نرمی تھی۔ یاور وقت سے بہت پہلے دفتر میں پہونچ جاتا تھا ——— یہ اس کا معمول تھا۔ اور ایمان کی بات بھی یہ ہے کہ اُس کی ایسی ہی چستیوں نے آج اُسے کہیں سے کہیں پہونچا دیا تھا۔ لوگ جو کل اُسے بے فکرا کہہ کر پکارتے تھے۔ آج اس کی دن دونی ترقی دیکھ دیکھ کر رشک کرتے تھے۔

ہوا کی لطافت اور رت کی مناسبت آج یاور کو بہت ہی بھائی۔ آج اس نے سواری میں بیٹھ کر دفتر جانا۔ سخی داتا اور رسولے کی دی ہوئی نعمتوں کو ٹھکرا دینے کے برابر جانا۔ وہ آہستہ آہستہ نگاہ سامنے کئے ہوئے چلا جا رہا تھا۔ سڑک پر جڑ یا بھی تھی۔ دفتر زیادہ سے زیادہ سو گز کے فاصلے پر ہوگا۔ کہ زمین پر پڑا ہوا ایک لانبا چوڑا تختہ اُسے نظر پڑا۔ اوندھا پڑا ہوا یہ تختہ کسی تصویر کا چوکھٹا معلوم ہوتا تھا۔

انسان کی فطرت ہے کہ وہ لاوارث چیز سے دلچسپی لئے بغیر نہیں رہتا۔ رہا نیت کا سوال وہ کچھ بھی ہو۔ یاور بھی انسان تھا وہ اس کی طرف لپکا اور جھک کر اُٹھا لیا۔ یہ ایک تصویر تھی۔ جس کا سینے سے لگائے رکھنے والا نگہبان خیشتہ اس کی حفاظت کرتا ہوا چرچر رہو چکا تھا۔ اب تصویر کی حالت پہلی رات کی لُٹی ہوئی دُلہن جیسی تھی۔ گرد میں اٹی ہوئی تصویر کو اس نے رومال سے صاف کیا۔ نظر پڑتے ہی اس کی آنکھیں خوشی اور چنبھے سے چمک اُٹھیں۔ ایک پل میں اُس کے جسم میں بجلی سی کوند گئی۔ کیوں؟ چوکھٹے میں یہ خود یاور ہی کی تصویر تھی۔ پچھلی برسات کا وہ دن اُس کے سامنے آگیا۔ بے دھیانی میں پڑوسی کے مکان میں اُس کا چلا جانا۔ پلٹنا۔ گر پڑنا اور تصویر کا وہیں رہ جانا ایسی باتیں تھیں جن کی یاد ایک پل میں تازہ ہوگئی۔ گہری نظر سے دیکھنے پر بھی تصویر اسے اپنی ہی معلوم ہوئی۔ چوکھٹا ہی تھا۔ اُس پر سنہری اور مومی نقش و نگار بھی وہی۔ پھر تصویر کو پہچاننے میں چوک کے کیا معنی۔

سامنے ٹھہر جانے والی کار اگر یاور کے کوٹ کی آستیں نہ چھو جاتی تو شاید وہ ابھی کچھ دیر اور سوچ بچار کرتا رہتا۔ وہ سنبھلا اور تصویر کو بغل میں دبا کر اپنے دفتر کی طرف چل پڑا۔

"بندہ پرور!"

اُس نے دو قدم آگے بڑھ کر پیچھے سے آواز سُنی۔ چوکی داڑھی میں تنکا۔ پھر کر دیکھا تو رُکی ہوئی کار کا ڈرائیور کھڑکی کو بند کرتے ہوئے اُس کی طرف اپنے ہاتھ کا اشارہ کر رہا تھا۔ جیسے کوئی کہہ رہا ہو کہ ٹھیرنا! تھوڑی ہی دیر میں اُس کی تصویر مل جانے کی خوشی

کافور ہو چکی تھی۔ اُس کے چہرے پر خجالت سی تھی۔ "اٹھائی ہی کیوں تھی؟" اُس نے اپنے دل ہی دل میں کہا۔ "مگر اپنی ہی تو ہے۔" آپ ہی ہمت کر کے جواب بھی دے لیا۔ وہ اِسی اُلجھن میں تھا کہ ڈرائیور جو دوڑتا ہوا اب پاس آ چکا تھا بولا۔

"معاف کیجئے گا! تصویر (یاور کی نعل کی طرف اشارہ کر کے) ابھی کار سے نکل پڑی تھی۔ یہ میری بھول تھی صاحب! وہ کچھ بہکے بہکے اور بے تکے پن سے کہے جا رہا تھا۔ کچھ منٹ ہوئے میری مالکہ کے ہاتھ سے چھوٹ گئی ہے۔ بہت دور سے اس کی تلاش میں پھرا ہوں"

یاور ابھی تک اُس کا منہ تک رہا تھا اور اس سوچ میں تھا کہ کیا جواب دے۔ ڈرائیور کے چپ ہونے پر بولا۔

"بھئی! تصویر تو میری ہے۔ دیکھو!" اتنا کہکر یقین دلانے کے لئے تصویر کو ڈرائیور کے آگے بڑھا دیا جس نے اُسے ہاتھ میں لیا اور گھور کر دیکھا۔ اور پھر یاور کو اور پرنیچے دیکھا ——— صورت اور تصویر کو ملایا مگر کچھ تو یاور کا مطلب نہ سمجھ کر اور کچھ تصویر اور چہرے کے ایک ہونے پر حیرت زدہ ہو کر بولا۔

"تو جناب اس سے کیا ہوتا ہے؟ ایک صورت اور مورت کے دسیوں آدمی ہوتے ہیں۔ جناب عالی! خود میرے ہی نام کے ہمارے مالک کے تین کرایہ دار ہیں۔"

تصویر کو جواب ڈرائیور کے ہاتھ میں تھی ——— یاور ہی کی چوک سے وہ للچائی نظروں سے تک رہا تھا اور کیوں نہیں وہ اس کی بے فکری اور فرصت کے زمانے کی ایک یادگار تھی۔ اور دوسرے وہ اس کی ایک چوک اور ندامت کی تصویر تھی اور اگر ان تمام باتوں کو بھی جانے دیا جائے تو وہ ایک ایسی چیز تھی جو اُسے پیاری تھی اور تھوڑی ہی دیر اُس کے قابو میں رہ سکی تھی۔ انسان پیاری چیز کو تو چاہتا ہی یہ ہے کہ بس چلے تو دل میں رکھ لے۔

ڈرائیور نے جو بات کہی تھی وہ بھی اپنی جگہ پر ٹھیک تھی۔ بیچارہ اصلیت سے کوسوں دور تھا۔ یاور نے بھی اب اس کے سوا کوئی چارہ نہ دیکھا کہ گذرے ہوئے اتفاق کو بیان کر کے یقین دلائے اور اس کے سوا صورت بھی کیا ہو سکتی تھی ڈرائیور سے کہا

یہ تصویر میری ہے جو میں نے پچھلے موسم میں پونے دس روپے میں ..... وہ اتنا ہی کہنے پایا تھا کہ موٹر سے ایک عورت کی آواز آئی جیسے کوئی جھنجلا کر بولے۔

"جعفر! میرے دستخط کیوں نہیں دکھاتا"

ڈرائیور نے جلدی سے نظر دوڑا کر تصویر کے قدموں کے نیچے اشارہ کیا۔ باریک قلم سے لکھا تھا "پارس" ابھی یاور کی نگاہ دستخطوں ہی پر جمی ہوئی تھی۔ کہ جعفر نے تصویر اپنے قبضہ میں کی اور چلتا بنا۔

یاور کے منہ سے ایک حرف بھی نہ نکل سکا۔ وہ ڈرائیور کی اس حرکت پر ایک پل کے لئے اس طرح کھڑا رہا جیسے ایک جوانمرد سینے میں گولی کھا کر کھڑا رہے۔ اُس کی نگاہ موٹر پر جمی ہوئی تھی مگر ہر معمولی پرکھ والا بھی بتا سکتا تھا کہ اُس کی نظر میں کچھ نہ تھا یا یوں سمجھنا چاہئے کہ بے پلکوں کی دو آنکھیں ہیں اور ان کی پتلیوں میں سامنے کی نظر آنے والی تمام چیزیں سفید پہاڑ ہیں۔ اور بس اس وقت اُس کی خفت کا کوئی حد حساب نہ تھا۔ عمر بھر میں اپنی طرز کا یہ دوسرا دن تھا۔ اُس کے جی اور سمجھ کا حال اُس مسافر جیسا جیسا تھا۔ جو چلتے چلتے اُس چٹیل میدان میں آ کر کھڑا ہوا اپنا راستہ سوچنے لگے۔ جہاں سے ناگن کی طرح بل کھاتی ہوئی سیکڑوں پگڈنڈیاں اور پٹیاں پھٹتی ہوں۔

انہی اُلجھنوں میں یاور کے کانوں میں ایک قسم کی تیز اور بے سُری بھنبھناہٹ سی آنے لگی۔ یہ موٹر کے چالو ہونے کا گھڑاٹا تھا۔ یاور چونکا۔ جس طرح کوئی گہری نیند والا بہت سی آوازوں پر کوئی ادھورا بول کہہ اُٹھے اور موٹر کو کچھ اس انداز سے دیکھا۔ جیسے ایک شیر زخم کھا کر بس آخری بار اپنے دشمن کو دیکھتا ہے۔

(۴)

عزیزی! فلک منزل

جاہ و خیر کی دعاؤں کے بعد تمہارے خط کا جواب لکھتا ہوں

حاسبے کی تعلیم کے لئے محمد یاور انگلستان جائے ہیں۔ معلوم ہوا۔ اس خرچ کی وجہ سے کار رج کو ٹالتے ہو؟ انیس تو میرا بچہ ہے۔ اُس کے تعلیمی خرچ کا ذمہ دار میں ہوں۔ تم مجھے اپنا ہی سمجھو۔ بھائی کے سفر سے پہلے اُن کے نکاح کا سامان کرو۔ یہاں سب کام ٹھیک ہو چکے۔ بس برات لانے کی تاریخ لکھ بھیجو۔ تمہارا کرم جاہ

ہونے والے خسر کا خط آنے پر یاور کی برات گئی۔ نکاح ہوگیا اور اس کے بعد ہی وہ انگلستان کو سدھارا۔

"مشرق مشرق ہی ہے اور مغرب مغرب" یہ ایک نفسیات کے ماہر کا نظریہ ہے نسبت اور نکاح مشرقی نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی زندگی کی کتاب کا نیا ورق شروع ہونے والے رشتے اور لگاؤ ہیں ایک مشرقی نوجوان نسبت کے بعد ہی سے صرف اپنی ہونے اور آنیوالی بیوی ہی کو سارے جہان کے حسن اور خوبیوں کی جان سمجھنے لگتا ہے۔ یہی حالت لڑکیوں کی ہے۔ ہوتے ہوتے اگر نسبت ہوگئی ہے تو نکاح تک یا نکاح ہو چکا ہے تو رخصت تک ان دونوں (مرد اور عورت) کی باہمی دلچسپی عشق کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ پچھلے میاں بیویوں کے جوڑوں میں محبت یہ اس حالت میں تھا جبکہ ہمدردی اور ہم خیالی پوری پوری پائی جاتی تھی۔ مرد آج کل کی طرح مانگ چوٹی کے غلام تھے اور نہ مخملی اور حوریں نگار خانوں کی چنگ مٹک والی مالدار تھیں اور بی۔ اے ایم۔ اے اور فرنگن نما۔ یا ور بھی مشرقی تھا اور ہندوستانی۔ اُس کے جی میں بھی یورپ کی زہریلی تتلیوں کے بسنے کو کوئی جگہ نہ تھی۔ اُس کے من میں بسی اور سمائی ہوئی صرف اس کی بیوی تھی۔ لیکن اس کے دوست کے ایک خط نے اُسے پریشان کر دیا۔

دنیا بھر کے سادہ لوح اور جورو پرست یاور صاحب! تسلیم کہئے میرے پہلے ہی فقرے سے ماتھے پر بل ڈال لئے؟ توبہ کر بندے! ذرا سی بات میں منہ بگاڑ لیا۔

میری بہن "چاندنی" اور تمہاری بیوی کے بہنانے کا لگاؤ تم سے چھپا نہیں ہے۔ میں کل چاندنی کے کمرے میں اس سے ملنے گیا تھا۔ وہ عصر کی نماز ادا کر رہی تھی۔ بہت انتظار کرنا پڑا۔ سچ تو یہ ہے کہ ہماری برادری کی کنواری لڑکیاں عبادت گذاری میں مردوں کو بہت پیچھے چھوڑ چکی ہیں۔ ان کی نماز کی جگہ کا مرتبہ بڑے پیر صاحب کے چلّے سے کسی طرح کم نہیں۔ آدھ گھنٹے برابر اس کی نماز اور وظیفے کا انتظار کرنا پڑا۔ اتنے میں گھر کی ماما ایک بے نام کا لفافہ لائی۔ بھائی صاحب! میری عادت شک کی بہت ہے۔ اسی لئے شک کر کے اُس خط کو کھول لیا۔ اُس میں کیا تھا؟ لو پڑھ لو۔

میری من موہنی بہن چاندنی! فلک منزل

اللہ تمہاری عمر بڑی کرے۔ پھولو اور پھلو۔ پیاری بہن چاندنی کو چاند کی ضرورت ہے۔ اللہ وہ مرادوں مالنگا دن جلد لائے! مگر افسوس! نہ میرا جیسا کہ ہوا اور کچھ نہ ہوا۔ تمنائیں مٹیں۔ منصوبے خواب ہوئے۔ اور ارادے خاک۔ تصویر ہے اور میں۔ یہی جی کا سہارا اک یادگار باقی ہے۔ رنج اور فکروں کے عذاب نے زار کر دیا ہے اب تو یقین سا ہو گیا ہے کہ میری یہ خیالی دلچسپی جان لیوا ہو کر رہیگی اب زندگی مجھے ایک ڈراؤنا درندہ معلوم ہوتی ہے۔ اور محبت ایک مردہ شکار۔

چاندنی! خدا کے واسطے میرے لئے دعا کرو۔ دوسروں کی دعا قبول ہو جایا کرتی ہے۔ تم معصوم ہو۔ کنواری بھی ہو اور نمازی بھی۔ بہن دعا کرو کہ مجھے اپنے مالک کا منہ دیکھنا نصیب نہ ہو میری پیاری چاندنی! مجھے اُن سے محبت نہیں اور جو اپنے مالک کے سوا کسی اور کا کلمہ پڑھے۔ خدا اسے زمین کا پیوند کر دے!!"

بس چاندنی بس! یہی دعا یہی الفاظ۔ اللہ تمہاری زبان سے مقبول اور مبارک کرادے۔ دن بھر ہلکا بخار رہتا ہے۔ جی چاہتا ہے کہ آخری مرتبہ تم سے ضرور مل سکوں۔ چاندنی! ہو سکتا ہے؟

تمہاری غم کی ماری بہن "پارس"

لیجئے یہ ہیں اُن کی رنگا رنگ کیفیتیں جنہیں تم پیار میں "لاج محل" کہتے ہو۔ بلا بیوی کے میاں جان سے جا رہے تھے۔ دوپٹے یا برقعے میں لپٹی ہوئی صورت چاہے بعد میں وہ لکڑی کا صندوق ہی کیوں نہ نکلے دیکھتے ہی آپ کی رال ٹپکتی تھی اور اب یاروں کی سواریاں ——— ٹمٹم۔ کار۔ گھوڑا گاڑی۔ تانگہ اور چمچکڑا

بلکہ سالم ایک عدد جناب کی بیگم صاحبہ میں کہ کسی اور ہی کا دم بھرتی اور اُسپر جان چھڑکتی ہیں۔ جب تک دوسرا خط نہ پہنچے تم آ چکو گے اس لئے باقی باتیں زبانی رہیں گی۔

تمہارا

محمد سعادت خاں

(۵)

پورے تین برس دیکھتے ہی دیکھتے گذر گئے۔ انیس کا انگلستان جانا کل کی بات معلوم ہوتی ہے۔ وہ واپس آگیا۔ مگر اس کا چہرہ اُترا اُترا سا تھا۔ بات کرنے میں روکھا پن۔ چال میں سستی اور مستعدی سے کوسوں دور۔ دوست اور پیارے انگلستان کا حال پوچھتے کہ وہاں سماج کی کیا حالت ہے۔ عُریانی کی کیا کیفیت ہے۔ کچھ معاشرت کا طرز تو بیان کرو۔ وہاں تمہاری شام اور راتیں کیسی گذرتی تھیں؟ لوگ معنی اور بے معنی سب ہی کچھ تو پوچھتے۔ مگر وہ اللہ کا بندہ جواب بھی دیتا تو اجی سا اور بہت ہی متین بن کر۔ اب اُسے کسی دلی رنج اور سوچ کا شکار سمجھے جانے میں کیا کسر تھی۔ بیچارہ عجوبُ الجھن میں پھنسا تھا۔

وہ کبھی کہتا کہ اِن گُتھیوں بھری بیوی کب منہ لگانے کے قابل ہے۔ ابھی میں ہی سوچ رہا ہوں کل سماج بھی ذلیل سمجھنے لگے گی پھر سوچتا کہ نہیں ابھی معاملہ اک طرفہ ہے اور گھر کی بات گھر ہی میں ہے۔ پہلے کسی طرح تہ کو پہنچ لینا اچھا ہے۔ کبھی اُس کے جی میں جنسی محبت اتنی سماجاتی کہ سمجھ بوجھ اور سوچ بچار بھی کنارہ کر جاتے اور کہتا کہ نہیں سعادت خاں بکتا ہے۔ اُمّ ہانی ——— کتنی مست آنکھوں والی۔ کیسی البیلی اور لمبے لمبے کیسوں والی۔ کسقدر پیار کے قابل بیوی ہے۔ بھلا ایسی نورس پر شبہ کرنا کون سی سمجھ داری ہے میری بھاوج نے کتنے یقین سے کہا تھا۔ کہ وہ بات کرتے وقت بھی کبھی آنکھ نہیں ملاتی۔ یہ تو شرم کی نشانی ہے۔ شرمیلی لڑکی تو پوری ساجی ہوتی ہے۔ سماج کے بندھن تو اُس کا زیور ہیں۔ اُمّ ہانی میری بیوی ہے۔ وہ مجھ سے محبت نہیں بھی کرتی تو ضرور کرے گی پھر ایک ساتھ جھنجلا کر کہتا۔ "ہونے دو! میں اُسے چاہتا ہوں اور چاہوں گا۔ اور اتنا کہ مجھ سے چاہ کی جانے لگے"۔ انہی ہیجانیج میں خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ کتنی راتوں پر راتیں کالی کیئے جا رہا تھا۔ کھوج لگانے کے لئے غریب نے بہتیرے ڈورے ڈالے مگر پتہ چلنا تھا نہ چلا۔ یہاں تک کہ ہار کر بیٹھ رہا۔ اور رخصت کا انتظار کرنے لگا

دن اور ہفتے مہینے کے پھیر میں آگئے۔ مگر یاور کی اُلجھنوں میں کوئی کمی نہ ہوئی۔ یہاں خسر کے اس خط سے جو اُس کے بھائی نے اُسے بھیجدیا تھا پریشانی اور ہو گئی۔

میرے عزیز! فلک منزل

مزاج پوچھوں کہ سلام کروں۔ اُمّ ہانی کی دن دونی بیماری سے سمجھ پر پتھر پڑ گئے ہیں۔ کچھ نہیں سوجھتا۔ سماج کی رسموں پر اسوقت تو خاک ڈالو اور بھیّا! محمد یاور کو پرچہ دار کے ساتھ جیسے بنے فوراً بھیجدو۔ وہ بھی دیکھ جائے ؎ تمہارا اکرم جاہ

خسر کا بلاوا۔ بھائی کی رضا اور اپنی پریشانیاں یاور کو سسرال لے ہی پہونچیں ؎

(۶)

جس کمرے میں یاور نے قدم رکھا بغلی اور روشن تھا۔ تھوڑی دیر تک تو اُمّ ہانی اُسے نظر ہی نہ پڑی۔ وہ ایک پلنگ پر لیٹی تھی اور تیز تیز سانس لے رہی تھی۔ وہ سر سے پیر تک کانپ رہی تھی۔ اُسکے زرد چہرے اور رُکے رُکے تیوروں میں ایک کشش تھی جو اثر کئے بغیر رہنے والی نہ تھی۔ بیمار پہلی ہی نظر میں یاور کو بہت بھلی معلوم ہوئی۔ اس کے سنوارے ہوئے کتابی چہرے میں چھوٹی اور ستواں ناک میں۔ بچوں کے جیسے رخساروں میں بیمار نرگسی اور نیم باز آنکھوں میں اور غم و غیرت سے نڈھال حلقوں میں ایک اچھوتی ادا تھی کمزوری اس کے جسم پر چھا رہی تھی۔ یاور کو اس کی حالت پر بے انتہا ترس آیا۔ وہ اس کے پاس پہونچکر بولا۔ "لاج محل!" بیمار نے اُن آنکھوں سے جن میں حسرت اور صدمہ بلا جُلا ہو۔ یاور کے چہرے کو دیکھا۔ اس نے اپنے آپ کو سنبھالا اور یاور کے چہرے کو ایک مرتبہ پوری کوشش سے پلک اُٹھا کر دیکھنا چاہا مگر نہ دیکھ سکی۔ یاور نے اس کا ہاتھ تھاما۔ ٹھنڈا پڑا تھا۔ کسی بے جان چیز کی طرح اس کے ہاتھ میں آپڑا۔ پھر اس نے کچھ کوشش سے اپنی گردن پھیری۔ یاور نے دیکھا کہ وہ ایک تصویر

دیکھ رہی تھی۔ حیرت سے اس کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔ اس کے ہاتھ سے اس کی بیوی کا ہاتھ چھوٹ پڑا۔ یہ تصویر خود اُسی کی تھی۔ وہی چوکھٹا تھا اور وہی تصویر اسے فوراً ایک خیال آیا اور اس نے تصویر کے نیچے کچھ ڈھونڈھا۔ وہ وہیں لکھا تھا ——— "اُم ہانی" صرف پارس" فرق اتنا تھا کہ اب پارس سے پہلے اُم ہانی عرف اور لکھا تھا۔ وہ نام کو دیکھتا رہا۔ یہانتک کہ حروف اُس کی نگاہ کے سامنے ناچنے لگے۔ یاور نے نگاہ ہٹا کر اُسے دیکھا۔ بیمار نہ جانے کب سے اس کی آنکھ ناک کو پڑتال رہی تھی یا تصویر سے ملا رہی تھی۔ اللہ ہی بہتر جانے۔

پارس نے مسکرانے کی کوشش کر کے کہا۔ "معاف....." مگر نہ کہہ سکی۔ اُس کے پہلے ہونٹ اس کے قابو میں نہ تھے۔ وہ پھر بولی "معاف کرنا..... نہیں مجھ سے بولا نہیں جاتا۔" اتنا کہکر وہ چپ ہوگئی۔ یاور دری کے فرش پر گھٹنے ٹیک کر پلنگ کی پٹی کے پاس ٹیک گیا۔ اس نے ایسے لہجے سے جس میں رنج اور پیار دونوں ہوں کہا۔ "لاج محل!" اور سچ پوچھو تو وہ اس سے زیادہ کچھ کہہ بھی نہ سکتا تھا۔ اُس کا گلا بھرا گیا تھا۔ بیمار نے ایک مرتبہ پھر اپنی آنکھیں آہستہ آہستہ یاور کی طرف اُٹھائیں۔ آہ اس نور میں لڑکی کی آنکھوں کو جسے عشق ہو کون بیان کر سکتا ہے؟ اُن میں اک التجا تھی۔ محبت تھی اور ستم یہ کہ درگذر کا سوال تھا۔ شعلے کی لپٹ جلتی ہوئی سوئیوں کی طرح یاور کے سارے بدن میں دوڑ گئی۔ اس کا گلا سوکھ گیا۔ وہ بیتاب ہو کر جھکا اور اپنے کپکپاتے ہوئے ہونٹ بیمار کے ہاتھ پر رکھ دیئے۔

(۷)

سنتے ہیں کہ یاور کی لاج محل حکیم کی امید سے بھی بہت پہلے اچھی ہوگئیں۔ مگر ہمیشہ میاں اس کوشش میں رہے۔ کہ سعادت خاں کا خط بیوی کے ہاتھ نہ لگنے پائے اور بیوی اس تاک میں رہیں کہ کسی طرح لے اُڑیں۔ اور ان کے سرتاج کو اُن سے چھیڑنے کا موقعہ نہ مل سکے۔ اس کا حال جو افسانہ بن چکا ہے بقیدِ حیات پھر کبھی۔

الفرے (سہاوری)

نورس

چند ادبی اور تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے۔ یہ مضامین یو پی کے نہیں۔ ہندوستان کے مشہور ادیب حامد اللہ صاحب افسر کے زورِ قلم کا نتیجہ ہیں۔

ادبی مضامین لکھنا یا مضمون نویسی کرلینا فی زمانہ بچوں کا کھیل سمجھا جاتا ہے۔ لیکن افسر صاحب کے مضامین نرالی وضع کے ہیں یہ علم کا گنجینہ ہیں۔ مکمل ہیں۔ اور زبان۔ مطالب اور قوتِ عمل کے لحاظ سے قابلِ تعریف ہیں۔ اس کتاب میں ۱۶ عنوانات پر خامہ فرسائی کی گئی ہے۔ ہر عنوان دلچسپ اور مطالب اُس سے بھی زیادہ جاذبِ توجہ ہیں۔

اس پایہ کی کتابیں انگریزی میں تو بہت مل سکتی ہیں۔ لیکن اردو میں عنقا ہیں۔ اور جو ہیں بھی وہ نورس کے پایہ کی نہیں۔ یہ کتاب مدارس اور لائبریریوں کے لئے یو پی نہیں سارے ہندوستان میں رائج ہونی چاہئے۔

کتاب مجلد ہے۔ لکھائی چھپائی کاغذ اعلےٰ۔ قیمت صرف ایک روپیہ۔ (مصر)

بھارگو اسکول بک ڈپو نمبر ۱۵-۱۶ امین آباد۔ پارک لکھنؤ

پچاس برس پہلے کی دلّی

(از جناب افسر الشعرا حضرت آغا شاعر قزلباش - دہلوی)

یادش بخیر! اب سے چالیس پچاس برس پہلے ہندو - مسلمان بڑے پیار اخلاص سے آپس میں نہایت خوش و خرم رہا کرتے تھے - ایک دوسرے کو دیکھ کر جیتا تھا - میل جول کا یہ عالم تھا کہ شادی بیاہ میلہ ٹھیلہ - ماتمی - غمی - غرض دنیا کے ہر کام میں ایک دوسرے کی شرکت لازمی تھی - گویا چولی دامن کا ساتھ تھا - جو کسی طرح قطع نہ ہوتا تھا راستہ گلی یا محلّے میں بھی جب کوئی پاس پڑوسی ایک دوسرے سے مل جاتا تو کئی کئی منٹ تک آپس میں صاحب سلامت کے بعد ایک دوسرے کی خیر و عافیت بلکہ خانگی حالات کی پوچھ گچھ ہوا کرتی تھی "تمہارے گھر میں خیر صلاح ہے؟ بہن کیسی ہیں؟ بتاجی کس طرح ہیں؟ بال بچے تو اچھے ہیں؟ گذارے کی کیا شکل ہے؟" اگر خدا نخواستہ بیماری دکھی ہوئی تو ہر طرح ہر ممکن امداد سے ہاتھ بٹاتے اور بھائیوں کی طرح ایک دوسرے کے کام آتے -

مثلاً ایک ۶۶ برس کا بوڑھا موجود ہے جو خدا کو حاضر و ناظر جانکر کہتا ہے کہ یہیں دلّی ہی میں موری دروازے کے قریب ایک ٹبلوں کی گلی مشہور ہے - جہاں ہم رہتے تھے - یہ مکان ہمارا ذاتی تھا والد صاحب باہر اپنی نوکری پر تھے - خاصا اچھا کھاتا پیتا گھر تھا - مگر والد صاحب کے نہونے کی وجہ سے کچھ رشتے کنبے کی مستورات ہی سے مل جُل کر مرحومہ والدہ صاحبہ ہی گھر کا کام چلا لیا کرتی تھیں - مرد صورت کوئی گھر میں نہ تھا - باہر دو دو نوکر اور مامائیں و دائیں بھی تھیں - مگر نوکر پھر نوکر ہوتے ہیں - جو ایکا ایکی میں ۲½ برس کی جان ایسا شدید بیمار پڑا کہ جان کے لالے پڑ گئے - پردہ دار عورتیں گھر کی بیٹھنے والیاں سب کی سب گھبرا گئیں - اور اک ہیٹک پیتا مچا دی کوئی سمجھدار بڑا بوڑھا تو تھا ہی نہیں - اس لئے دن بدن میری حالت بد سے بدتر ہوتی گئی - لیکن خدا کی شان! جسکو وہ جلائے اُسے کون مار سکتا ہے؟ ہمارے برابر ہی ایک عیسائی پادری صاحب رہتے تھے - جن کے گھر میں ایک ہندوستانی بی بی تھیں - ہماری ماما کی زبانی جو انہوں نے یہ واقعہ سُنا تو دوسرے ہی دن وہ نیکدل بی بی صبح ہی صبح خود ہمارے گھر چلی آئیں - اپنی گاڑی منگائی اور مجھے لیکر اُس میں بیٹھ گئیں - اور خاص اپنے فیملی ڈاکٹر رام سنگھ سے جا رجوع کی - قسمت کی خوبی! ڈاکٹر صاحب کا علاج مجھے راس آیا - اُنکی تشخیص و دوا - دارو نے فوراً فائدہ کیا میم صاحبہ کی پیرو ڈری اور نگہداشت نے رفتہ رفتہ آخر میری جان بچالی - اور میں پھر لوٹ پیٹ کر اچھا ہو گیا - وہ دن اور آج کا دن جب تک وہ نیکدل بی بی زندہ رہیں - میں اُن کو ماتا - پادری صاحب کو پاپا اور اُن کے بچوں کو بھائی اور بہن کہہ کر پکارتا رہا - میری بہشتن والدہ صاحبہ کا تو یہ حال تھا کہ جب کبھی وہ میم صاحبہ ہمارے گھر آتیں تو وہ بیچاری ان کیلئے اپنی آنکھیں بچھانے کو تیار ہو جائیں - حالانکہ وہ ہندو دھرم تھیں - پادری صاحب عیسائی تھے - اور وہ ڈاکٹر رام سنگھ صاحب بھی عیسائی مذہب رکھتے تھے - یہ تھا اب سے چالیس پچاس برس پہلے کا میل ملاپ جبکہ ایک روپیہ کے ۳۰ سیر گیہوں - پچیس سیر کا آٹا - من بھر کے چنے اور تین سیر کا وہ خالص گھی آتا تھا - جواب قیامت تک نصیب نہیں - سچ مچ ایک روپیہ کا آٹا اسوقت دو میاں بیوی پورے مہینے بیس روٹیاں کھا سکتے تھے - خالص دودھ - دہی - مکھن - تیل - لکڑی - ڈنگری - ترکاری اور ساگ پات تو الغاروں ملتا تھا - ایک پیسے میں چار سودے ملتے تھے دھیلا - دمڑی بلکہ کوڑیاں تک چلتی تھیں - ہاں مگر اب ایک دھیلا بھی

کسی دوکان پر جاکر دو تو ایک ادنےٰ کنجڑا تک اُسے اٹھا کر پھینک دے گا باوصفیکہ ملک پہلے سے اچھی ہے۔ آبپاشی کی بھی کثرت ہے مگر زمیندار اور سرمایہ دار ہیں کہ غریبوں کو مارے ڈالتے ہیں۔ کسان غریب سے غریب تر اُن کے اثاث البیت۔ مال مویشی سب نیلام۔ وہ گرمی سردی کی سخت اذیتیں سہ کر بھی اب دو انچ زمین اپنی ملکیت نہیں بتا سکتے۔ نہ مٹھی بھر غلے کو اپنا غلہ کہہ سکتے ہیں۔ قرضے کا بار ان لوگوں کی جانیں لئے لیتا ہے۔ باوصفیکہ ریلیں جاری ہیں۔ ڈاک۔ تار ہوائی جہاز بجلی۔ ہزاروں قسم کے محکمے۔ ترقی پر ترقی کرتے چلے جاتے ہیں۔ لیکن خدا جانے یہ کیا فقیر کی دعا ہے۔ کہ ایک کروڑ پتی سے لے کر ایک اونے گھسیارا تک پریشان اور دل گرفتہ نظر آتا ہے۔ دستکار ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے ہیں۔ سیکڑوں بندگانِ خدا سڑکوں پر کچہریوں میں دو طرفہ فٹ پاتھ پر درختوں کے نیچے۔ کمپنی باغ وغیرہ میں جگہ جگہ راتیں گذارتے ہیں۔ اور کسی غریب کو پیٹ بھر کر جینے تک میسر نہیں۔ اسی دلّی میں چشمِ بد ایک وقت وہ بھی تھا۔ جبکہ برسات کا موسم اپنی البیلی شان سے آتا تھا۔ بادل گھرتے تھے۔ جہاں ذرا گرج اور کڑک ہوئی بس مور الاپتے۔ کویل کوکتی اور شوقین جیوڑے سیر کی ٹھیرا دیتے۔ چنانچہ نگاہِ موت یا نگہبود دروازے کے پاس اک ٹوٹا کنواں ہے۔ اکثر اس قسم کی سیریں ہوا کرتی تھیں۔ یہاں ایک دفعہ جنامائی خاص ٹوٹے کنویں کے قریب بڑے زور شور سے بہ رہی تھیں۔ عین اسی وقت بہت سے شوقین جیوڑے۔ عورت مرد۔ حسین مرجبین صورتیں اپنے خاص خاص ہجولیوں کو لے کر وہیں جا براجے۔ آن کی آن میں دریا کے کنارے جھولے پڑ گئے۔ ایک طرف دیگیں کھڑکنے لگیں۔ دوسری طرف زمین پر فرش بچھ گیا۔ کھانے پکنے لگے۔ تر تر کاریاں چھلنے لگیں۔ میوے دانے کی بہتات تھی۔ آم۔ جامنیں پٹی پڑی تھیں۔ چرندم خورندم ہونے لگا۔ اتنے میں یکایک کویل کی کوک کی طرح برابر سے ملار کی تانیں اُڑنے لگیں اور کسی نے یہ گانا شروع کر دیا۔ ؎

کبھی ساون کی جھڑی اور کبھی بھادوں برسے
ایسا برسے میرے اللہ! کہ چھاجوں برسے

یہ اک متوالی جوگن اور بیراگی صاحب تھے جو آگے سامنے پاؤں جوڑے نہایت خوش گلوئی کے ساتھ یہی شعر الاپ رہے تھے۔ اور جھولا جھولتے جاتے تھے۔ سب کے سب بت بنکر کھڑے ہوگئے۔ اور دنیا و مافیہا کی کچھ خبر نہ رہی۔ آہ! آہ! یا وہ سماں تھا یا آج اُسی ٹوٹے کنوئیں کے قریب کوئی جاکر دیکھے خاک اڑ رہی ہے۔ بچے۔ بوڑھے عورت۔ مرد۔ جوانوں کی لاشیں آتی ہیں اور وہیں اُن کا کریا کرم ہوتا ہے۔

دلّی کی نہر سعادت خاں کا تو ذکر آپ نے ضرور سنا ہوگا؟ آہ! وہ نہر سعادت خاں اس اجڑی دلّی کی جان تھی۔ جان۔ جس کا اب یہاں نام و نشان بھی نہیں۔ وہ تاریخی عجوبۂ روزگار ایجاد یہیں موری دروازے کے پاس عین ڈفرن برج کے نیچے بہتی تھی۔ پُل پر سے کبھی سایہ دار تناور درختوں پر سے اس میں دوپہر کے وقت گدائیاں ہوتی تھیں۔ اور طرح طرح کے تیراکوں کے کمال دکھائے جاتے تھے۔ وہ نہر گرمیوں کے موسم میں غریبوں کی تفریح گاہ تھی۔ پل سے آگے بڑھ کر ملکہ کے باغ میں ہوتی ہوئی چاندنی چوک میں دورہ کرتی دُھرلال قلعے میں جانکلتی تھی۔ اس کے دونوں طرف چوڑی چوڑی پٹریاں تھیں جنپر سودے والے۔ خوانچے والے۔ پھول والے۔ طرح طرح کی آوازیں لگاتے تھے۔ مثلاً "کگڑیاں بیچنے والا کہتا تھا" لیلی کی انگلیاں ہیں۔ مجنوں کی پسلیاں ہیں۔ کیا خوب ککڑیاں ہیں"۔ فالسہ والا صدا لگاتا تھا۔ "سالنولے سلونے شربتی فالسہ"۔ سردے والا کہتا تھا۔ "من فاش فروشے دلِ صد پارۂ خویشم" بہرحال ایک میلا سا لگا رہتا تھا۔ سفید اور زرد چنبیلی۔ موتیا۔ مولسری کی پٹلیں۔ رستے چلتوں کو مہکاتی تھیں۔ بہشتی کٹورے بجاتے تھے۔ مگر افسوس اب یہاں نہر سعادت خاں کا نام و نشان تک بھی نہیں۔ وہ نہر پاٹ دی گئی سایہ دار درخت ٹکڑے ٹکڑے ہو کر خال سے لگ گئے۔

یہ تاریخی نہر نواب سعادت علی صوبہ دار اودھ کی ایجاد تھی۔ جن سے تیموریہ سلطنت کا کوئی تاجدار عہد سخت ناراض ہوگیا تھا۔ بلکہ اُس نے نواب صاحب کا حاضر دربار رہنا بھی ممنوع قرار دے دیا تھا۔ اسپر مہینوں کی کد و کاوش کے بعد صوبیدار صاحب نے درپردہ مقربان بارگاہ شاہی سے رُسل و رسائل پیدا کئے۔ اور یہ بھی

چاہا کہ کسی طرح میری خطا بخشی ہو جائے۔
لیکن وزرائے دربار نے ہر دفعہ انہیں یہ ہی جواب دے کر ٹال دیا۔ کہ جہاں پناہ آپ سے سخت برہم اور ناخوش ہیں۔ تاوقتیکہ آپ کوئی نادر روزگار۔ نہایت قیمتی تحفہ نہ پیش کریں گے یہ بیل منڈھے چڑھنی معلوم۔

آخر نواب اودھ نے چاروں طرف سے مایوس ہو کر بکلبخت خاموشی اختیار کر لی۔ جو سالہا سال تک رہی۔ مگر اسی مدت میں نہوں نے اپنے معتمدانِ خاص اور کارکنوں کو ملا جُلا کر بصرفِ زرِ کثیر نہایت خفیہ طور پر اسی نہر کو زیر زمین تعمیر کرنا شروع کر دیا۔ جو شدہ شدہ ایک شاہی دریا سے قبل جو کسی عید کے موقع پر دتی ہی میں ہونے والا تھا۔ نہایت اخفا اور خوبی کے ساتھ آخر آخر تمام کو پہنچ گئی۔ اور کسی کو کانوں کان خبر تک نہ ہوئی۔ کہتے ہیں بس جو ہیں کہ وہ تہوار یا عید کا جشن قریب آیا۔ نواب سعادت علی خاں خود چھڑے دم دلی آموجود ہوئے۔ اور اپنے خفیہ کارکنوں کے ذریعے وزرائے دربار سے پیام و سلام کیا۔ بلکہ یہ بھی گذارش کر دیا کہ میں اپنے وعدے پر حاضر ہوں۔ اور جہاں پناہ کے لئے وہ نادر روزگار تحفہ بھی ساتھ لایا ہوں۔ چنانچہ کچھ دن بعد وہ عید آئی۔ دربار بھی ہوا۔ ملکوں ملکوں کے نذرانے بھی پیش ہوئے۔ عین اسی وقت جہاں پناہ سے عرض کیا گیا کہ وہ دیرینہ معتوب صوبیدار اودھ یعنی نواب سعادت علی خاں بہادر حاضر ہونا چاہتے ہیں۔ وہ تحفہ بھی حاضر لائے ہیں۔ حکم ہو احاضر کیا جائے!

چونکہ نواب کی حاضری اور نادر روزگار تحفے کا غلغلہ اب عام ہو چکا تھا۔ اس لئے تمام آمرا۔ وزرا اور حاضر باش سب ہی مشتاق تھے۔ وزیر اعظم نے نواب کی حاضری کا ایما کیا۔ بس اُدھر نواب نے دربار میں قدم رکھا۔ اِدھر نقیب نے آواز لگائی۔

"نواب سعادت علی خاں بہادر صوبہ دار اودھ حاضر اور حضور جہاں پناہ صاحبقرانِ اعظم لگاہ روبرو"

مگر دیکھتے کیا ہیں کہ نواب خالی ہاتھ مُجرا گاہ پر بھی پہنچ گئے۔ سات بار تسلیم بھی بجالائے۔ اور اُسی طرح خالی ہاتھ آگے ہی آگے بڑھے چلے آتے ہیں۔ ابتو وزیر اعظم کے چہرے کا رنگ اُڑ گیا۔ حاضرین دربار بھی ششدر رہ گئے۔ لیکن صوبیدار دلیرانہ اور آگے بڑھے اور پایۂ تخت کے قریب پہونچکر جہاں بادشاہ کے قدم تھے بس وہیں جُھک کر اور ایک آہنی حلقے پر ہاتھ رکھ کر بآواز بلند انہوں نے یہ لفظ ادا کئے۔

"جہاں پناہ کی عمر دراز۔ دوست شاد۔ دشمن پامال۔ یہ خطاوار گنہگار غلام حسب وعدہ ایک کنیز حضور کے پاؤں دُھلانے کو حاضر لایا ہے"

اتنا کہہ کر جبکہ تمام دربار حق حیران اُن کی طرف دیکھ رہا تھا۔ اُنہوں نے اُسی آہنی حلقے کو زور سے اوپر کو کھینچ لیا۔ معاً فوارے کی طرح پانی اُچھلا اور بادشاہ کے قدموں پر آپڑا۔ اس وقت جہاں پناہ نے مسکرا کر اپنے پاؤں وہاں سے ہٹا لئے۔ اور تمام دربار صورتِ تصویر بن گیا۔

.....

(آغا شاعر)

فسانۂ لندن یعنی مسٹر پرز آف لندن کا سلیس بامحاورہ ترجمہ مصنفہ جارج ڈبلیو ایم رینالڈس

جلد اول حجم ۷۶۰ صفحہ (پر) | جلد پنجم حجم ۱۱۸ صفحہ (۱۲ر)
" دوم " ۹۲ " (۱۲ر) | " ششم " ۱۰۲ " (۱۲ر)
" سوم " ۹۴ " (۱۲ر) | " ہفتم " ۱۰۲ " (۱۲ر)
" چہارم " ۱۲۶ " (۱۲ر) | " ہشتم " ۱۱۲ " (۱۲ر)

جلد نہم حجم ۱۱۰ صفحات (۱۲ر) | جلد سیزدہم حجم ۱۱۲ صفحات (۱۲ر)
" دہم " ۱۱۰ " (۱۲ر) | کل تیرہ حصے ضخامت ۱۶۰۰ "
" یازدہم " ۱۰۰ " (۱۲ر) | قیمت مجموعی طور پر صرف (ڈھائی) روپیہ
دوازدہم " ۱۲۸ " (۱۲ر) | محصول علاوہ

ملنے کا پتہ
نیرنگ خیال سیڈن روڈ - لاہور

غم نصیب

(سوویٹ حکومت کا ایک بہت حزیں افسانہ)

(حاجی محمد صادق۔ صادق ایوبی بزنلسٹ ڈیرہ غازیخاں)

مجھے فخر ہے کہ میں لیونڈ لیناف کو پہلی بار اردو کی بزم ادب میں متعارف کرا رہا ہوں۔ لیونڈ لیناف کی ولادت ۱۸۹۹ء میں ہوئی۔ آپ کا مولد و منشاء شہر ماسکو ہے۔ لیناف ایک چابکدست مصور ہے۔ جو اپنی فطرت کی تصویر اپنے قلم کے موقلم سے کھینچ سکنے کے علاوہ جذبات انسانی کی صحیح ترجمانی پر بھی کامل قدرت و ملکہ رکھتا ہے۔ لیناف پر فلاسفی پسندی غالب ہے۔ اس لئے آپ کی افسانہ نگاری میں عموماً دیہات کے ادنےٰ طبقہ کی زندگی کی تصویر کشی ہوتی ہے۔ اس واقعیت و حقیقت نگاری کے لئے آپ عوام میں زیادہ مقبول نہیں ہیں کیونکہ بولشویک عظمت حالیہ کے دلدادہ ہیں۔ اور وقت ماضیہ کے افادہ و بیان کو تضیع اوقات سمجھتے ہیں۔ اب کچھ مدت سے لیناف کے آرٹ کو اُن لوگوں نے جو ذوق سلیم کے پیچھے لذت شناس سمجھنا شروع کیا ہے۔ لیناف تازہ وارد ان ادب میں سے ہے۔ ۱۹۲۲ء سے آپ نے نثر نگاری شروع کی ہے۔ اس سے قبل آپ ایک شاعر کی حیثیت سے ملک میں روشناس تھے۔ لیناف کے اسلاف کسان تھے آپ کو ڈوٹسکی اور گوگول کا حریف و ہمنوا سمجھنا غلطی ہے۔ آپ کی تصانیف میں طباعی۔ اُپج۔ ندرت۔ پائی جاتی ہے۔ یہ خوبیاں آپ کو صحیح طور پر چیخوف کا جانشین قرار دیتی ہیں۔

(صادق ایوبی)

احسان ابھی چھوکرا تھا کہ ایک روز اُسے کمیت میں کام کرتے ہوئے بخار نے آلیا تھا۔ جس سے وہ سوکھ کر کانٹا ہو گیا اور سیپی سا سر نکل آیا۔ آخر وہ ہلکان ہو کر رسان رسان گرتا پڑتا۔ مصیبت بھرتا۔ لکڑی ٹیکتا اپنی مالکہ کے ہاں جا پہنچا۔ مالکہ نے دفعیہ بخار کے لئے زیادہ مقدار میں کونین دیکر کہا کہ اس سے تم تندرست تو ہو جاؤ گے مگر تمہارا بہرہ ہو جانا یقینی ہے۔ خدا کا کرنا ایسا ہی ہوا۔ احسان نے اس روگ اور کسالت سے چھٹکارا تو پالیا مگر کانوں کی قوت جاتی رہی۔ اس بہرے پن نے اُسے ہمیشہ کے لئے مزدوری سے نجات دلا دی۔ وہ آئے دن کے بکھیڑوں اور جھمیلوں سے چھوٹ کر زندگی کے لئے لٹے پٹے دن کاٹنے لگا۔

دنیا اُس کے خیال میں ساکت و صامت تھی۔ پرندوں کی چہچہاہٹ تو درکنار اُسے بادل کی گرج تک سنائی نہ دیتی تھی۔ احسان کیا ہے دنیا میں انسانیت غائب غلہ تھی۔ کیونکہ لوگ اس کی مزدوری مار لیتے تھے۔ وہ ایک زمیندار تھا مگر فاقہ کش۔ خدا جھوٹ نہ بلوائے تو اس کی عمر کا بیشتر حصہ فاقے میں تیر ہو چکا تھا۔ اس پر بھی بستی کا بے درد و بے رحم مُلّا اس کی مزدوری مار لیا کرتا تھا۔ بیچارہ سارا دن خون جگر پی کر۔ لہو پانی ایک کر کے۔ قبریں کھودتا مگر شام کو چھوٹی کوڑی بھی لیئے نہ پڑتی۔ حالانکہ گورکن کو منہ مانگی رقم دینی چاہئے۔ ٹھیرا نا چکانا منع ہے۔ مزدوری دبا لینا گویا گناہ عظیم ہے۔ بستی کے شریر لڑکے جداد گ اور

زچ کرتے تھے۔ ایڈائیں دیتے تھے۔ اوزار تالاب میں پھینک دیتے تھے مگر کیا مجال کہ وہ اُف کرے یا موذیوں کو کوسنا دے۔

کوڑھ میں کھاج مفلسی میں آٹا گیلا۔ نامراد احسان حسینہ پر ہزار جان سے فدا تھا۔ محبت کے اس کھٹ راگ نے اُس کا اور بھی پتلا حال کر رکھا تھا۔ اِس ناکام محبت کے پاس حسینہ کا ایک رومال تھا۔ جب وہ تلخیٔ ایام سے گھبرا اُٹھتا تو اس نشانی سے دل بہلایا کرتا تھا۔ یہ رومال اُس کے لئے ایک ڈھارس تھی۔ بستی کے لڑکے رومال کو دیکھ کر مضحکہ اڑاتے تھے۔ آوازے کستے تھے۔ مگر احسان ٹس سے مس نہ ہوتا تھا۔ دنیا بھر میں اس کا کوئی نہ تھا۔ صرف ایک نگوڑی ناٹھی بھوپھی تھی جو ہمدرد و غمگسار تھی۔

اب وہ اپنا دکھڑا سنانے کے لئے اُدھر کا رُخ کر رہا تھا۔ اُسکی بھوپھی ایک بستی میں جو چند فرسخ کے فاصلہ پر واقع تھی ایک مُلّاں کے ہاں خادمہ تھی۔ وہ ایک پاکدامن و باحیا عورت تھی اِس لئے لوگ اُسے "مریم" کہتے تھے۔ احسان عموماً مریم کے پاس جا نکلتا تھا۔ وہ اُس کی خوب دلدہی اور غمخواری کیا کرتی تھی۔ احسان غم غلط کر کے اپنے مسکن کو لوٹ آیا کرتا تھا۔ اِسی معمول نے جان رکھ لی تھی۔ ورنہ فرطِ الم نے اُسے کب کا مٹا دیا ہوتا۔

جنگ کے شعلے بھڑک اُٹھے تھے۔ دنیا پر عذاب طاری تھا۔ فوجی نقل و حرکت جاری تھی۔ ہر نیا دستہ فوج احسان کی بستی سے گزرتا تھا۔ کیونکہ بستی برسرِ راہ واقع تھی۔ ہر روز شام کو احسان مزدوری سے فارغ ہو کر۔ تھکا ہارا۔ اوزاروں کا پشتارہ اٹھائے ہوئے فوجیوں سے دوچار ہوتا تھا۔ سپاہی اس کے لئے ہوّا نہ تھے حالانکہ فوجیوں کو دیکھ کر دیہاتیوں کے اوسان خطا ہوتے ہیں۔ فوجیوں نے لوٹ کھسوٹ شروع کر دی تھی۔ لوٹ کھسوٹ سے تو بھرے بھتو لے گھر والوں کو ڈرنا چاہئے۔ احسان کے گھر میں تو بھوتنی بھانگ بھی نہ تھی۔ اور گانٹھ گرہ میں بھی کچھ نہ تھا۔

برف باری شروع تھی۔ راستے ابھی برف سے اَٹے نہ تھے احسان کی فکرمند نگاہیں بھوپھی کی بستی پر جمی تھیں اور وہ خیال کر رہا تھا کہ اس کے گھر کی جھلکتی ہوئی روشنی اس کے خیرمقدم کے لئے تیار ہے حسینہ کا خیال رہ رہ کر چمک اٹھتا تھا۔ حسینہ ایک رعنا اور مغرور لڑکی تھی۔ اُس کے لئے یہ ناممکن تھا کہ وہ ایک مرجھائی ہوئی فلاکت زدہ اور بے آب و رنگ صورت سے شادی کر لے۔ وہ اس امر کا کئی بند دل اظہار بھی کر چکی تھی۔ جب احسان اس سخت و سنگین حقیقت سے آگاہ ہوا تو اُس نے حسینہ کے رومال کو جسے وہ حرزِ جان بنائے ہوئے تھا بھوپھی کو دیدینے کا ارادہ کر لیا۔ تاکہ وہ تیوہاروں پر اسے استعمال میں لا سکے۔

طیور اپنا آخری راگ ختم کر چکے تھے۔ موذن اذان دیچکا تھا۔ جس کی گونج تک۔ فضا میں فنا ہو چکی تھی۔ دھندلکے میں احسان مُلّا کے مکان پر پہنچ کر دستک دی۔ اُس کی بھوپھی کی بجائے مُلّا کی بیٹی نے جواب دیا۔ کس مجہول کیفیت نے احسان کا کلیجہ برما دیا۔ اس کے دل کی دنیا ہل گئی۔ اس نے اپنی ٹوپی کو ہاتھ میں لے کر لڑکی کو گھورا۔ نازک دل لڑکی احسان کی ہیئت کذائی دیکھ کر ڈر گئی اور بے اختیار ہو کر چیخ اٹھی۔ اس کی چیخ سنکر مُلّا باہر نکل آیا۔ وہ بھونڈے لباس میں تھا۔ اور جھنجھلا کر بولا کہ مدت سے "ہم مریم کو مٹی دے چکے ہیں۔ اُسے مرے کھبے اک زمانہ ہو چکا ہے۔ وقت پر اُس کی مٹی خوار کرنے آئے ہو۔۔۔؟"

پھر منہ بگاڑ کر کہا۔ کہ سامنے اُس کا مدفن ہے۔ احسان کے دل پر ایک بجلی سی گری اور اُس کے ہوش گم ہو گئے۔ حواس فقرّہ ہو گئے۔ اب دنیا میں وہ بالکل کس مپرس تھا۔ نہ نام لیوا نہ پانی دیوا تھا۔ پھر اس نے نکالتے ہوئے مُلّا کو سلام کیا۔ نظر اٹھا کر دیکھا تو سامنے اسکی بھوپھی کا صندوقچہ رکھا تھا۔ اور کوٹھے کے قریب اس کا دوپٹہ پڑا تھا۔ جسے اُٹھا کر اس نے کندھے پر ڈال لیا۔ پھر وہ رومال نکال کر اسے حسرت بھری نگاہوں سے دیکھا۔ زبان بند تھی۔ حلق میں کانٹے تھے لبوں پر پپڑی بندھی تھی۔ اور جی بھرا ہوا تھا۔ رومال زیادہ قیمتی نہ تھا۔ حاشیہ پر پھول کاڑھے ہوئے تھے۔ البتہ رنگت خوبصورت تھی۔ فرطِ غم سے رومال کو ہاتھ لگانا دشوار ہو گیا تھا۔ اب یہ رومال نہ تھا دیکھتے ہوئے انگارے تھے۔ احسان نے رومال کو تہ کر کے جیب میں رکھ لیا۔ پھر دل ہی دل میں اپنی آوارہ بختی کو کوسا۔ کیونکہ اب وہ

لیے ٹھہرا اور بلے ٹھور رہا تھا۔ سر چھپانے کو کوئی گوشہ کدرا تک نہ تھا اور ایسے میں واپس جانا بھی محال تھا۔ راستہ پُرخطر تھا۔ آخر اُس نے بڑی تلاش و تجسس کے بعد رات کاٹنے کے لئے ایک بیوہ بھٹیاری کا گھر تاڑ لیا۔ اس بستی میں نشہ پانی کا استعمال عام تھا۔ ہر چھوٹا بڑا شراب کا رسیا تھا۔ بیوہ جھٹ احسان کے لئے لذیذ شراب لے آئی۔ اسی اثنا میں ایک مدھم سی چیخ سنائی دی۔ بیوہ نے کان لگا کر کہا کہ "ظالم حاکم پھر اپنی بیوی کو زدوکوب کر رہا ہے"۔

اتنا کہکر بیوہ نے محسوس کیا کہ احسان کو اونچا سنائی دیتا ہے۔ پھر وہ اُسے دانتوں سے اُٹھا کر کمرہ کے اندر لے گئی۔ اور بولی کہ "اسی غریب خانے کو اپنا گھر جانئے۔ یہاں کسی کیل کا کھٹکا نہیں ——— ذرا کھل کر بیٹھو"۔

چراغ کے نزدیک پرانی پٹاری پر ایک موٹے جھوٹے کپڑے کی سُرخ صدری پڑی تھی۔ جس میں لمبے لمبے شلنگے بھرے ہوئے تھے۔ تیب کے چھلکے اِدھر اُدھر بکھرے پڑے تھے جنہیں بیوہ نے اکٹھا کر کے کمرے کے باہر پھینک دیا۔ بیوہ مہمان کی دلداری و دلآسائی کیلئے ہر کوشش صرف کر کے چارپائی پر بیٹھ گئی۔ احسان نے شراب ڈھال کر چھلکتے ہوئے پیمانے میں اپنا عکس دیکھا۔ عکس سیاہ تھا جس طرح اُس کا بخت سیاہ تھا۔ پھر تیوری چڑھا کر شراب پینے لگا۔ اُسے بادہ کشی کے آداب و مسائل یاد نہ تھے۔ کہ وہ ساقی گری کی ضرورت محسوس کرتا۔ فوراً دوسرا جام بھر کر رکھ دیا اور جھجک کر کچھ زیر لب کہا۔ بیوہ نے یہ تیور دیکھ کر کہا کہ خدا کے واسطے یہ رونا جھینکنا بند کرو۔ پیمانۂ و ساغر سامنے دھرا ہے مگر زبان نہیں کھلتی ..... کوئی بھی اپنے آشیانے میں منقار زیر پر نہیں رہتا۔ مگر تم ہو کہ دم بخود ہو ..... "

اس نوکا جمی کی سے بیوہ نے احسان کو اُبھارا وہ اُسے پھسلانا چاہتی تھی ——— "تمہاری آنکھیں ڈبڈبائی ہوئی ہیں ..... عورت ایسی آنکھوں کو قطعاً نہیں چاہتی۔ اگر کوئی اور عورت ہوتی تو تجھے گھر سے نکال دیتی۔ کیونکہ عورت ہرگز ہرگز کسی تنک مزاج اور ترشرو مرد کو پسند نہیں کرتی ———"

احسان خاموش رہا اور برابر چراغ کی لو پر نظر جمائے رہا۔ اُسے ریجھانا پھسلانا اور رنگ پر لے آنا مشکل تھا۔ بیوہ مہر و محبت کی باتیں کر کے پشیمان ہو رہی تھی۔ احسان کے جذبات سراسر مردہ تھے وہ بیوہ کی جانب ملتفت نہ ہوا۔ حالانکہ وہ ہر ممکن ترغیب سے کام لے چکی تھی۔ احسان شراب کا عادی نہ تھا۔ اُسے کچے کھٹرے کی چڑھ گئی اور وہ رہ رہ کر بنکارنے لگا۔ بدمستی میں وہ خالی الذہن نہ تھا۔ اُس کی پھوپھی کا صدمہ و قہر اُس کے ذہن میں تھا۔ جوش مستی میں وہ ایکبار لڑکھڑا کر اُٹھا اور ایک پتھر اُٹھا کر اُسے خوب بھینچا۔ اس اوچھے پن پر اُس نے محسوس کیا کہ در و دیوار اُس کا مضحکہ اُڑا رہے ہیں ——— آخر وہ نشہ میں چور ہو کر پڑ رہا۔ رات بھر گھناؤنے خواب دیکھتا رہا۔

بیوی کی امیدیں منقطع ہو چکی تھیں۔ احسان کی گرہ میں مال بھی نہ تھا۔ کہ وہ ہتھیانے کی آس رکھتی۔ اُس کا ٹھیر ناخسارے کا سودا تھا۔ بیوہ نے گجر دم اُس کے شانے ہلا کر اُسے نیند سے بیدار کیا۔ احسان جمائیاں لیتا ہوا۔ بے کیفی کے عالم میں اُٹھ کھڑا ہوا اور ذرا سی ہچر مچر کے بعد گھر کی راہ لے لی۔ دل اندھا ہوا تھا۔ کل کل ٹوٹ رہی تھی۔ جوڑ جوڑ چٹخ رہا تھا۔ اور سر کا چکر چلنے سے مانع تھا۔ مگر احسان لشتم پشتم آنکھیں بند کئے برابر بڑھتا چلا گیا۔ عالم بڑا سہانا تھا۔ اس کا دل ٹھیر گیا۔ دماغ کام کرنے لگا۔ اور وہ لہرا کر کچھ گانا چاہتا تھا۔ کہ ناگہاں ایک بھونس کے جھونپڑے پر نظر پڑی اور وہ چپ ہو گیا۔ ایک بڈھا ٹھڈا راہ روک کر بولا کہ "اے قضا کے مارے! یہاں سے اڑ نچھو ہو جا ورنہ دھر لیا جائے گا۔ رات ایک گھوڑا چوری ہو گیا ہے اور پکڑ دھکڑ ہو رہی ہے"۔

بڈھا احسان کے گھر گھاٹ کو جانتا تھا۔ احسان صدموں کی جان کان دبا کر چلتا تھا۔ اب دوپہر ہو چکی تھی۔ احسان کی آنتیں قُل ہو اللہ پڑھ رہی تھیں۔ پیٹ پیٹھ سے لگ چکا تھا۔ راستہ میں فوج کا دستہ ملا۔ احسان نے ٹیلے پر چڑھ کر بستی پر نگاہ ڈالی تو ایک جمِ غفیر نظر پڑا۔ وہ اسے کوئی جھنجھٹ سمجھ کر دوڑا۔ وہاں پہنچ کر دیکھا تو آنکھ کا کاجل چرانے والا بھنڈ اور مستنڈا لوہار سپاہیوں کے نرغے میں تھا۔ لوہار بال باندھا چور تھا۔ ہیکڑی سے چوری کرنا اس کا شیوہ تھا۔ جس کی دھاک دور دور تک تھی۔ وہ اُداس نہ تھا۔ کیونکہ

وہ ایک ضمیر باختہ انسان تھا۔

انصاف کے پتلے فرید نام ایک شخص نے اعیان مجمع سے مخاطب ہو کر کہا کہ "مجرم کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ اب اس کی وہاں گردن مارئیے جہاں پانی نہ ہو۔ ورنہ یہ ذات شریف ہمارے گھروں میں جھاڑو پھیر دے گا۔ دیکھو تو سہی یہ دھوبا دیدہ کیسا خوش خوش نظر آتا ہے ——— حالانکہ سہکڑے سے سہکڑا مجرم بھی شرم سے پانی پانی ہو جاتا ہے۔ مگر اس کے دیدوں کا پانی ڈھل چکا ہے۔ اب کوئی دم میں جیلخانہ کی ہوا کھائے گا۔ تو تمام مٹھی مردی غائب غلہ ہو جائے گی اور مغز کے کیڑے جھڑ جائیں گے ———"

یہ سنکر لوہار کے پاؤں سے لگی سر میں بجھی۔ اس نے بیڑی کا کش لے جواب دیا کہ "میں خمیازہ بھگت لوں گا۔ میری تو لوہے کی چھاتی ہے ——— !"

لوہار فرید کی گردن ناپ لیتا مگر بے بس تھا۔ فرید قابو میں آتا تو وہ اس مردار کی کُتر کُتر کرتی جیب گدی سے کھینچ لیتا۔

فرید نے دانت پیس کر کہا۔ کہ مردود! اب تجھے لینڈی کتے کی موت ماریں گے ——— لینڈی کتے کی ———"

اسی اثنا میں ولی کھونچڑ نے جس کی آنکھوں میں ذرا سیل نہ تھا مجمع سے سر نکالا۔ ولی بتولے بنانے میں طاق تھا۔ اپنی چرب زبانی کے باعث وہ ایک پختہ کار اور صائب الرائے شخص تسلیم کیا جاتا تھا۔ بستی والے اس کے سامنے دم نہ مار سکتے تھے۔ اس نے آگے بڑھ کر یہ شوشہ چھوڑا کہ "لوہار قطعاً مجرم نہیں ہے۔ شہر میں اونٹ بدنام کا معاملہ ہے۔ گھوڑا کسی اور نے پٹرایا ہے۔ لوہار کو قید کرانے سے پہلے ہمیں اپنے گھوڑے کا پتہ رکھ دینے چاہئیں ——— پتھر پڑیں اس سمجھ پر۔ ساری بستی میں صرف ایک لوہار ہے جو گھوڑوں کی نعلبندی کرتا ہے۔ پھر شخص گھوڑوں کے جملہ امراض کا ماہر بھی ہے ——— خدارا ذرا مطلب کی گھات چلو۔ اس میں کس کا نقصان ہے ——— ؟"

ولی نے احسان پر نظر ڈال کر کہا۔ کہ "بستی میں چار بڑھئی موجود ہیں۔ ہم آسانی کے ساتھ ایک جدا کر سکتے ہیں۔ لوہار کے بدلے بڑھئی بھیجا جا سکتا ہے ———

ولی نے جب ہندی کی چندی کر کے سمجھایا۔ سمجھایا تو اہل قریہ اسکے آلے بالے میں آ گئے۔ انہوں نے آنکھوں پر پٹی باندھ لی اور یہ اوڑھنا احسان کے گلے میں ڈالنے پر تل گئے۔ ادھر احسان مجمع چیر کر اندر آ گیا۔ بہرے عموماً ایسا ہی کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ بھی معاملہ فہمی کی خلش اپنے اندر رکھتے ہیں۔ مجمع پر سکوت طاری تھا۔ احسان کو معاً خیال آیا کہ لوگ اسکی جانب متوجہ ہیں۔ اسی لئے وہ شرما گیا۔ آنکھ کا جادو مشہور ہے۔ نڈر سے نڈر بھی جھینپ جاتا ہے۔

وہ یتیم تھا۔ غریب تھا۔ بے کس تھا۔ بے نوا تھا۔ اس کا کوئی لاگو نہ تھا کہ اس کی لاگ لپیٹ کرتا۔ اس کا کوئی کھونٹا نہ تھا کہ اس پر کودتا ——— وہ مجرم تھا۔ کیونکہ اس کے بارے میں کان ہلانیوالا کوئی نہ تھا۔ بے رحم برادری اسے مجرم گردانے پر تل چکی تھی۔ زبردست زبردستوں پر ہاتھ صاف کر سکتے ہیں۔ امیر غریبوں پر ظلم ڈھا سکتے ہیں زبان تراش بے زبانوں پر آفتیں توڑ سکتے ہیں۔ احسان منہ پھیر کر ہنس دیا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ جھوجھ کر قربانی دینے کے لئے تیار ہے۔ نبی نے غریبوں کو جرأت کی دایہ دودھ دھارتی ہے۔ اس کی بے گناہی ظاہر تھی مگر بستی والوں کے دل پک چکے تھے۔ وہ مقدس جذبۂ رحم جو دلوں میں ودیعت کیا گیا ہے۔ مفقود ہو چکا تھا۔ اور شقاوت جاگزیں تھی ظالم ضمیر کا خون کرنے پر تل چکے تھے۔ اب خدا لگتی کہنا پتھر نچوڑنا تھا۔ ایک بڈھے جھبڑوس نے جو احسان کے قریب کھڑا تھا۔ کہا کہ "احسان مان لو ہماری یہی خواہش ہے۔ اب اس سے سرتابی محال ہے ———"

عزیز نے آنکھوں پر ٹھیکری رکھ کر کہا کہ قوم کی خواہش کا احترام کرو۔ ہم تمہیں اپنی اولاد کی طرح کفنائیں گے اور دفنائیں گے۔ خاطر جمع رکھو ———"

اس پر تمام مجمع نے صاد کیا مگر بے نوا احسان اس پہیلی کو اب بھی نہ بوجھا اور ٹکر ٹکر دیکھا کیا۔ اب بھڑ چھٹ چکی تھی۔ لوگ اس کی طرف سراسر متوجہ تھے۔ حالانکہ بھولا کبھی آج تک کسی نے اس پر نہ تھوکا تھا احسان حیران تھا کہ بستی والوں نے آج کیا جاتی دنیا دیکھی ہے؟ عمر کے دن بھرنے والا رہ کر ہنس دیتا تھا۔ وہ گناہگار نہ تھا

ظالم برادری نے ناحق پھانسا تھا۔ غریب ایک پھانس ہوتا ہے جو رہ رہ کر دلوں میں کھٹکتا ہے۔ مفلس ایک خار ہوتا ہے۔ جو رہ رہ کر آنکھوں میں چبھتا ہے۔ پھانس اور کانٹا نکالے بغیر چین نہیں آتا۔

بیچارہ احسان ایک مسرت افروز استعجاب کے ساتھ یہ خیال کر رہا تھا کہ اہلِ قریہ شاید اسے پُرسا دینے آئے ہیں ـــــ! مجمع کھیت سے نکل کر بستی کے قریب پہنچا تو بستی کے لڑکے اور لڑکیاں احسان کو حقارت آمیز رحم کی نگاہ سے دیکھنے لگے۔ پھر دو مسلح سپاہیوں نے اُسے حراست میں لے لیا۔

.....

(ترجمہ بہ تصرفِ کثیر)

ہوا آہیں بھرنے لگی۔ فضا مغموم ہوگئی۔ مظلوم احسان نے جھاڑی سے پتہ توڑ کر انگلی سے صاف کیا۔ اور اُسے مٹھی میں بند کر کے سونگھا ـــــ تبسم اس کے لبوں پر کھیلنے لگا۔ خوشی سے نگاہیں لبالب اٹھیں معًا اس کی پھوپھی کا صندوقچہ اس کی آنکھوں میں پھر گیا۔ اِس یاد نے اُس کے دل میں سیکڑوں سوئیاں بھونکدیں اور زردیاں چہرے پر کھنڈ گئیں ـــــ "مینہ کو میرا آخری سلام کہنا!"

یہ تھا وہ پیامِ محبت جو غم نصیب احسان کی زبان سے نکلا پھر وہ خاموش ہوگیا جس طرح فطرت خاموش اور بے زبان ہے۔ احسان کی اس خاموشی اور بے زبانی میں ہزاروں افسانۂ درد متکلم و گویا تھے۔

(صادق ایوبی جرنلسٹ)

جگر پارے

(از جناب جگر مرادآبادی)

اُف وہ روئے تابناک و چشمِ تر میرے لئے
ہائے وہ زلفِ پریشاں تا کمر میرے لئے

جوشِ غم جوشِ حیا آغازِ عشق احساسِ حسن
کشمکش سی کشمکش آٹھوں پہر میرے لئے

کچھ تجاہل کچھ تغافل کچھ توجہ کچھ غرور
رات دن میرے لئے شام و سحر میرے لئے

سرسے پا تک آہ وہ اک پیکرِ حسنِ حزیں
چار جانب دیدۂ حسرت نگر میرے لئے

عشوہ عشوہ منظرِ حسن و جمالِ رنگ رنگ
جلوہ جلوہ دعوتِ ذوقِ نظر میرے لئے

ہر نفس میں ایک دنیائے محبت لَو بنو
ہر نظر میں اک پیامِ تازہ تر میرے لئے

سامنے آتے ہی آتے وہ تنفس تیز تیز
سینۂ شفاف وہ زیر و زبر میرے لئے

وہ رُخِ رنگیں پہ انوارِ محبت زرد زرد
وہ لبِ نازک پہ طوفانِ شرر میرے لئے

حیف وہ لغزیدہ لغزیدہ قدم میری طرف
ہائے وہ دزدیدہ دزدیدہ نظر میرے لئے

شبنم آلودہ وہ آنکھیں وہ گلاب افشاں جبیں
وہ دھڑکتا دل وہ گھبرائی نظر میرے لئے

سرد سرد آہوں میں تاثیرِ محبت گرم گرم
خشک خشک آنکھوں میں جوشِ اشکِ تر میرے لئے

ہائے وہ رنگین رُخ وہ نیمیں تن و نازریں کمر
ہائے وہ لعلیں لب و سلکِ گہر میرے لئے

اس نگاہِ نازمیں وہ ہلکی ہلکی جنبشیں
معنیٔ بے لفظ و شرحِ مختصر میرے لئے

وہ مری آزاد فطرت وہ مرا تمکین ہوش
وہ شکستِ حسن وہ نیچی نظر میرے لئے

اُف وہ کہنا اس کا پھر باہوں میں باہیں ڈال کے
ہیں جگر کے واسطے ہوں اور جگر میرے لئے

اصلاحات ۱۹۱۹ء

جدید اصلاحات

(از جناب گپتا - ایم - اے - سونی پت)

لارڈ مونٹیگو کے اعلان کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پارلیمنٹ نے ۱۹۱۹ء میں گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ پاس کیا۔ ان اصلاحات کا نفاذ ہندوستان میں ۱۹۲۱ء میں ہو گیا تھا۔ موجودہ نظام حکومت ان ہی اصلاحات کے ماتحت مرتب ہوا ہے ان اصلاحات کی خصوصیت یہ تھی کہ ہندوستان میں خود مختاری حکومت کی بنیاد پڑی۔ خواہ خود مختاری کتنی ہی محدود کیوں نہ تھی۔ جیسا کہ قسط اول میں ذکر کیا جا چکا ہے۔ ہندوستانی تو خواہاں تھے کہ ان کو خود مختاری حکومت حاصل ہو جائے۔ اسی مقصد کے حصول کے لئے کانگریس مسلم لیگ نے ایک مشترکہ رپورٹ تیار کی تھی اور لکھنؤ میں ہندوستان کی ہر دو اہم جماعتوں نے باہم میثاق بھی کر لیا تھا مگر برطانوی جن کا صدیوں کا مفاد ہاتھوں سے جا رہا تھا کس طرح مقتضی ہوتا کہ ہندوستانیوں کو خود مختاری حکومت دیدی جائے۔ اسی بنا پر ہندوستانی مطالبہ کی سرتوڑ مخالفت کی۔ لیکن حکومت برطانیہ لارڈ مونٹیگو کے اعلان کی روشنی میں قدم پیچھے نہ ہٹا سکتی تھی۔ اس لئے انہوں نے ان مخالف نظریوں کی درمیانی راہ اختیار کی۔ یعنی ہندوستان میں دوہلی حکومت قائم ہو گئی۔

دوہلی حکومت کا مطلب یہ تھا کہ ہندوستانی حکومت دو حصوں میں منقسم کر دیجائے۔ کچھ حصہ پر سرکار برطانیہ پہلے کی طرح با اقتدار رہے ان معاملات کو غیر منتقلہ قرار دیا گیا۔ اور کچھ معاملات پر ہندوستانی حاوی ہو گئے۔ جو منتقلہ امور کہلائے برطانوی مدبر کوشاں تھے کہ ہندوستانیوں کو ان امور پر قدرت عطا فرمائی جائے جن پر وہ آسانی سے حاوی ہو سکیں اور جو ان کے لئے وسیع میدان تجربہ مہیا کر سکیں۔ لیکن جن میں ناتجربہ کاری کی بنا پر اگر غلطی ہو جائے تو اس کا ازالہ بآسانی ہو سکے ان شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے مرکزی حکومت کا تمام انتظام غیر منتقلہ معاملات کی فہرست میں شمار ہوا۔ کیونکہ مرکزی حکومت کے پاس اول تو اہم معاملات تھے۔ مثلاً فوج۔ خزانہ۔ سکہ درآمد برآمد ریلوے ڈاکخانہ وغیرہ وغیرہ جن کے انتظام میں غیر معمولی احتیاط کی ضرورت ہے۔ اور جہاں خفیف ترین غلطی تمام ملک میں انتشار پیدا کر سکتی ہے اور دوسرے مرکزی حکومت کا کام صوبوں پر نگرانی رکھنا تھا اس کے لئے بھی تجربہ و دانشمندی کی ضرورت تھی۔ لیکن ہندوستانی فن حکومت سے اسوقت ناآشنا محض تھے۔ مسلم حکومت کی بربادی کے بعد ہندوستانیوں کا کام خدمات سرانجام دینا رہ گیا تھا۔ نہ کہ حکومت کرنا اس لئے ان پر حکومت کا بار ڈالدینا خطرہ سے خالی نہ تھا۔

اس لئے صوبے خود مختار حکومت کے تجربہ گاہ قرار دئے گئے۔ صوبوں میں بھی یہی سوال پیدا ہوا اس لئے صف اول میں لگان زمین - عدل و انصاف پولیس - مالیات وغیرہ وغیرہ اہم صیغہ جات رکھے گئے اور دوسری فہرست میں تعلیم - زراعت آبپاشی - ہسپتال - لوکل سیلف گورنمنٹ وغیرہ وغیرہ درج کئے گئے۔ موخر الذکر امور منتخب شدہ ممبران کونسل کے سپرد کئے گئے اور ان کی تنظیم و ترقی کا بار ان کے کندھوں پر رکھدیا گیا۔ کونسل کو حق دیا گیا کہ وہ وزراء سے ان امور کے متعلق دارالعوام کی طرح معلومات حاصل کرتی رہیں اور اگر وزراء بدنیتی سے کونسل کے احکام کے خلاف کوئی کام کریں

تو وہ ان کو ان کے عہدے سے برخاست کرسکتی تھیں۔ وزرا پر کونسلوں کو مکمل اقتدار دینے کی غرض سے وزرا کی تنخواہ بھی کونسل کی رائے پر منحصر رہی یعنی اگر کونسل کسی وزیر سے ناراض ہوجائے تو وہ اس کو تنخواہ دینے سے انکار کرسکتی تھی اور وزیر کو مجبور کرسکتی تھی۔ کہ وہ اپنے عہدے سے مستعفی ہوجائے غرض ان امور پر کونسل کو مکمل اختیار حاصل تھا۔ گورنر عموماً وزرا رائے کونسل کے کاروبار میں دست اندازی نکرتا تھا۔ لیکن اگر وزیر کوئی ایسی تجویز رواج دینا چاہے جس سے صوبہ کا امن خطرہ میں ہو یا مرکزی حکومت کے اختیارات یا فرائض پر ضرب لگے یا دوسرے صوبوں کی حق تلفی ہو۔ تو گورنر دخل دے سکتا ہے۔ اور اس حالت میں وزیر کو ایسی تجویز سے دست بردار ہونا پڑتا ہے یا اپنے عہدے سے مستعفی۔

لیکن اول الذکر امور کا انتظام کا ذمہ دار گورنر تھا اور اس کی امداد کے لئے ایک کونسل مقرر کی جاتی تھی جس کے ممبر مختلف شعبوں کے صدر ہوتے تھے اور ان کے انتظام کے ذمہ دار۔ لیکن یہ ذمہ داری گورنر سے متعلق تھی۔ کونسل ان معاملات میں کسی پر کوئی قرارداد پاس کردے۔ لیکن یہ قرارداد بمنزلہ سفارش کے ہوتی تھی۔ یعنی گورنر خواہ اسے منظور کرے یا نامنظور رہنے دے۔ گورنر کا یہ حق غیر منتقلہ امور کی ترکیب میں پنہاں تھا جب وہ ان امور کے انتظام کا گورنر جنرل سکریٹری آف سٹیٹ اور اس کی وساطت سے پارلیمنٹ کا جوابدہ نہ ضروری ہے کہ اسے اختیار بھی ہو کہ ان امور میں اپنی حسب منشا کام کرسکے۔ کونسل[1] میں گورنر صدر رہتا ہے۔ اور عموماً اکثرت رائے پر عمل کیا جاتا ہے۔ لیکن گورنر کو اختیار رہے کہ بربنائے ضرورت اکثرت رائے کے خلاف عمل کرے۔

چونکہ کونسل[2] میں منتخب شدہ ممبران کی اکثرت قائم کی گئی اور یہ ممبر رائے عامہ سے منتخب ہوتے تھے۔ اس لئے رائے دہندگان صفات ایسی قرار دیگئی کہ زیادہ سے زیادہ اشخاص رائے دہندگان بن سکیں۔ اگرچہ دوعملی میں فرق

[1] کونسل سے مراد گورنر کی کونسل ہے۔ جس کے تمام ممبر نامزد ہوتے ہیں جو مختلف شعبوں کے صدر ہوتے ہیں۔ یہ ممبر کونسل ایوان واضع قوانین کے ممبر بھی ہوتے ہیں لیکن یہ ضروری نہیں کہ وہ منتخب شدہ ممبران ہوں۔ بلکہ یہ ممبران عموماً غیر منتخب ممبران میں رہتے ہیں۔ جو کہ اپنی قدرتی استعداد یا ذاتی کمال کی بدولت اس عہدہ تک پہنچتے ہیں۔ [2] کونسل سے مراد ایوان واضع قوانین ہے۔

حکومت دو حصوں میں تقسیم کردی گئی اور حصہ کی ذمہ داری مختلف الخیال اور متضاد خیال کے لوگوں کے کاندھوں پر رکھدی گئی۔ لیکن خزانہ کا انتظام مشترکہ ہے یعنی ذرائع آمدنی تقسیم نہیں کی گئی۔ صوبہ کی کل آمدنی ایک ہی جگہ جمع کی جاتی ہے اور مشترکہ ملکیت ہے۔ شروع سال میں وزرا اور کونسل کے ممبر متحدہ فیصلہ کرتے ہیں۔ کہ منتقلہ و غیر منتقلہ صیغہ جات میں کس تناسب سے رقوم تقسیم کیجائے۔ اگر کسی وجہ سے وزرا اور ممبران کونسل کسی فیصلہ پر رضامند نہ ہوسکیں تو گورنر کو اختیار ہوتا ہے کہ حسب ضرورت دو حصوں میں روپیہ تقسیم کردے۔ گورنر کا فیصلہ آخری اور ناطق ہے اس کے خلاف کوئی آواز نہیں اٹھا سکتا۔ ممبران کونسل کو تو احتجاج کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ کیونکہ جو باران کے کاندھوں پر ہے اس کی حقیقی ذمہ داری گورنر پر ہے اور ان صیغہ جات کی تنظیم کا گورنر ہی جوابدہ ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ گورنر حتی الامکان اپنی ذمہ داری کے بار کو ہلکا بنائے۔ اور دوسروں پر اپنی ذمہ داری ڈالدے اور ہر حالت میں غیر منتقلہ صیغہ جات کی ضروریات اس کے پیش نظر رہیں گی۔ البتہ وزرا کو ایسا اوقات شکایت رہتی ہے کہ ان کو اپنی تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کا موقعہ نہیں دیا جاتا کیونکہ ان کے پاس روپیہ کی کمی رہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پندرہ سالہ دور حکومت کے بعد بھی تعلیم عموماً چند سے زائد نہیں اور حسب منشا اضافہ نہیں ہوا۔ ہسپتال اور صفائی کا کوئی انتظام نہ ہوسکا۔ دیہات کی ضروریات میں کوئی عمدگی نہ پیدا کرسکے

دوعملی کے دور میں صیغہ مالیات غیر منتقلہ صیغہ تھا۔ اس کی تنظیم ممبر مال کے سپرد تھی اور ہر وزیر اپنی مجوزہ تجویز ممبر مال کے پاس بھیجتا تھا تاکہ صیغہ مال اسکو مالی حالت کے متعلق مشورہ دے سکے۔ مگر صیغہ مال اس تجویز کو نہ محض مالی نگاہ سے پرکھتا تھا۔ بلکہ اس کی پالیسی پر بھی رائے زنی کرتا تھا۔ گو وزیر مالیات کے مشورہ کا پابند نہیں تھا۔ اور اسے رد بھی کرسکتا تھا۔ لیکن ممبر مالیات کی رائے کو ٹھکرانے کے بعد اسکو روپیہ حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ اس کے لئے اب یہ راستہ رہ جاتا تھا کہ وہ گورنر کے پاس جائے اور اس سے خصوصی رضامندی حاصل کرے لیکن یہ قریباً ناممکن تھا۔ کیونکہ گورنر غیر منتقلہ صیغہ جات کی تنظیم کا ذمہ دار تھا اس حالت میں صیغہ مال کی رائے کو کیسے ٹھکرا سکتا تھا۔ نیز بعض صیغہ جات کی تنظیم خود ممبر مال کے سپرد تھی۔ قدرتاً وہ اپنے صیغہ جات کی ترقی کا زیادہ خیال رکھتا تھا

ہندوستانی مدبر ہمیشہ اس امر پر زور دیتے رہتے ہیں۔ کہ صیغہ مال کسی منتخب شدہ کونسل آئیں ساز ممبر کے سپرد ہونا چاہئے لیکن جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے ہندوستانی ابھی فن حکومت میں نوآموز کی حیثیت رکھتے تھے۔ کسی اہم صیغہ کو ان کے سپرد کر دینا خالی از خطرہ نہ تھا۔ اس لئے صیغہ مالیات غیر منتقل صیغہ رہا

مرکزی حکومت کے نظام پر روشنی ڈالنے سے قبل صوبہ جاتی حکومت کی ایک اور پہلو پر روشنی ڈالنی ضروری ہے۔ کونسل آئینی و قانون سازی کے ممبروں میں کثرت منتخب شدہ ممبروں کی ہوتی ہے۔ اور ۳۰ فیصدی سے زیادہ نامزد ممبروں کی تعداد نہ ہو سکتی تھی۔ جن میں کچھ سرکاری اور کچھ غیر سرکاری آدمی ہوتے تھے۔ کونسل را کا صدر کونسل خود منتخب کرتی تھی۔ کونسل کو بجٹ کے کافی حصہ پر رائے زنی کا حق حاصل تھا۔ اور غیر منتقل صیغہ جات پر وہ پوری طرح حاوی ہوتی تھی۔ ان کی پالیسی کو جس سانچہ میں چاہتے ڈھال سکتے تھے اور وزرا کو ان کے عہدوں سے خارج کر سکتے تھے لیکن تجربہ شاہد ہے کہ کونسلوں نے اپنا کام حقیقی توجہ اور دلچسپی سے انجام نہیں دیا۔ ہندو مسلم سوال ایک حد تک ممبروں کو مشترکہ لائحہ عمل پر کاربند ہونے سے روکتا تھا۔ سرمایہ پرست اپنے مفاد پر مزدور پیشہ لوگوں کو قربان کرتے رہے۔ نامزدہ ممبروں نے صورت حالات اور بھی خراب کر دی۔ وزرا نے قوم کی آواز پر چلنے کی بجائے گورنر کے اشارو پر ناچنا پسند کیا۔ نامزدہ ممبروں کی ۳۰ فیصدی رائے اس حالت میں مل سکتی تھی۔ بعض لوگوں کو مذہبی طعن سے شریک کیا جا سکتا تھا۔ سرمایہ پرست اور رجعت پسند اصحاب بھی ان لوگوں کے ساتھ ملجاتے تھے۔ اس طرح پر وزیر نامزدہ ممبروں کی خوشنودی حاصل کر کے چند سرمایہ پرست اور رجعت پسند اصحاب بھی ان لوگوں کے ساتھ ملجاتے تھے۔ اس طرح پر وزیر نامزدہ ممبروں کی خوشنودی حاصل کر کے چند سرمایہ پرست اور رجعت پسندوں کی خوشامد کر کے اور چند مذہبی متعصبین کو بڑھا کر با اختیار بن سکتے تھے۔ کونسل کے منتخب شدہ عوام کے نمائندوں کی ان کو مطلق پروا نہ ہوتی تھی۔ کیونکہ عوام کے نمائندے مختلف جماعتوں مختلف خیالات اور مفاد کے پیرو تھے۔ اس لئے ان کا کسی ایک مرکز پر متفق ہونا ناممکن تھا۔ وزرا اس لئے ان لوگوں کی مطلق پروا نہ کرتے تھے۔ اور وہ عملی دوراسی لئے ناکامیاب رہا۔ اگر وزرا حقیقی طور پر وزرا ہوتے۔ اگر ملک و قوم کا مفاد ان کے پیش نظر ہوتا۔ اگر مذہب کو سیاسیات سے الگ کر کے وہ اقتصادی مفاد کو ہی اپنی بنیاد بنا لیتے تو ممکن تھا۔ کہ ہندوستان کہیں زیادہ ترقی کر چکا ہوتا۔ گورنر غرضی نے کام خراب کیا۔ کیا ہندوستانی مدبرین اس تجربہ سے سبق لیں گے؟

مرکزی حکومت کے ایوان قانون ساز میں کثرت منتخب شدہ ممبران کی تھی۔ اور اسمبلی کو کسی حد تک بجٹ پر رائے زنی کا حق بھی حاصل تھا۔ مگر کوئی صیغہ خاص طور پر ان کے زیر اہتمام نہیں رہا۔ ماسوائے بجٹ پر رائے دہندگی کے جیسر کونسل آف سٹیٹ اور اسمبلی کو یکساں اختیار تھے۔ کوئی تجویز اس وقت قرارداد نہ بن سکتی تھی۔ جب تک کہ ہر دو ایوان متفق نہ ہوں۔ افتراق کے وقت دو ایوانوں کا مشترکہ اجلاس کیا جا سکتا تھا۔ اور یہ فیصلہ ناطق ہوتا۔ مگر گورنر جنرل نے ایسا کوئی موقع نہیں دیا۔ اور عموماً متنازعہ امور اپنی رائے سے فیصل کر دئے گئے۔

گورنروں کی انتظامیہ کمیٹی کونسل کی طرح گورنر جنرل کی مدد کیلئے بھی ایک کونسل مقرر کی جاتی ہے۔ جس کے ممبر مختلف صیغوں کے صدر ہوتے تھے۔ گورنر کی طرح گورنر جنرل بھی اپنی کونسل کا صدر ہوتا تھا۔ اور عموماً ہر امر کا فیصلہ کثرت رائے سے کیا جاتا ہے۔ مگر گورنر جنرل کو اختیار ہے کہ اگر اسے ضرورت محسوس ہو تو کثرت رائے کے خلاف احکام جاری کرے یہ حق گورنر جنرل کو ۱۷۸۶ء میں دیا گیا تھا۔ جبکہ لارڈ کارنوالس نے سیگرکے حشر سے سبق لے کر زور دیا تھا۔ کہ گورنر جنرل کا عہدہ قبول کرنے سے پیشتر اسے اپنی کونسل پر کامل اقتدار دیا جائے۔ تاکہ وہ حسب منشا تنظیم سلطنت کر سکے۔

گو مرکزی حکومت کے جملہ دفاتر امور غیر منتقل ہیں اور ۸۵ فیصدی بجٹ پر بھی ایوان واضع قوانین کو رائے زنی کا حق نہیں۔ لیکن نئے دور کی فضا اس امر کی مقتضی تھی۔ کہ مرکزی حکومت میں بھی کچھ تبدیلیاں کی جائیں جو لارڈ مونٹیگو کے اعلان کا لفظی و معنوی مقصد تکمیل تک پہنچا سکیں۔ اس کیلئے مدبرین برطانیہ نے ایک جدید طریقہ اختراع کیا۔ گو قانونی لحاظ سے اسمبلی کو گورنمنٹ کی پالیسی پر اثر انداز ہونے کے لئے کوئی حربہ نہ ملا تھا۔ لیکن عملی زندگی میں اس کی کمی چند مراعات سے کی گئی۔ یعنی چند ایسی روایات پیدا کی گئیں۔ جن سے ہندوستانی مدبرین اقتصادی و مجلسی زندگی پر اثر ڈال سکیں۔ ان میں سب سے مشہور اوٹونی (اقتصادی آزادی)

تھی یعنی ہندوستانی مدبر ہندوستانی اقتصادی پالیسی کو مرتب کر سکتے تھے اس رویہ کے ماتحت محفوظ محاصل تعمیر کئے گئے۔ جس کا مطلب یہ تھا کہ ہندوستانی صنعت کو فروغ دینے کے لئے آمد پر نئے محاصل لگائے جائیں کہ ہندوستانی صنعت ان کا مقابلہ بآسانی کر سکے۔ لیکن برطانیہ اشیا کو خصوصی مراعات بخشی گئیں۔

جیسا کہ پہلی قسط میں معلوم ہو چکا ہے کہ سیکرٹری آف سٹیٹ کو اختیار کامل حاصل تھا۔ یا بالفاظ دیگر وہ سیاہ و سفید کا مالک تھا۔ ہر امر کے لئے اس کی منظوری ضروری تھی۔ مگر یہ اختیارات و آزادی کی سپرٹ دو متضاد چیزیں تھیں۔ اس لئے ضروری ہوا کہ سیکرٹری آف سٹیٹ کے وسیع اختیارات پر قیود بند لگائی جائے۔ لیکن چونکہ سیکرٹری آف سٹیٹ پارلیمنٹ کا نمائندہ تھا۔ اور اسی کو جواب دہ ہونا تھا۔ اس لئے اس کے اختیارات پر قید لگانا پارلیمنٹ کے اختیارات پر قید لگانے کے مترادف ہے۔ مگر پارلیمنٹ کے اختیار پر کوئی آئینی قید نہیں لگائی جا سکتی کیونکہ یہ اصول کے خلاف ہے اس لئے مسٹر فنان مونٹیگو رپورٹ نے سیکرٹری آف سٹیٹ کے اختیارات تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ سیکرٹری آف سٹیٹ کے اختیارات آئندہ بھی ہوں گے جو ۱۹۱۹ء سے قبل اسے حاصل تھے۔ مگر صوبجاتی حکومتوں کے منتقل صیغہ جات میں اسے دخیل ہونے کا حق نفی کے مساوی ہے وہ ان کے اعمال میں خصوصی حالات میں ہی دخل دے سکتا ہے۔ غیر منتقل صیغہ جات میں بھی اگر کونسل اور حکومت کسی امر پر متفق ہوں تو سیکرٹری آف سٹیٹ روایتی طور پر دخل نہیں دے سکتا۔ لیکن حکومت اور نمائندہ ممبران متفق ہی کیسے ہو سکتے ہیں۔ یہ دونوں کا زاویہ نگاہ جداگانہ ہے۔ اور دونوں کا نصب العین الگ ہے۔

مرکزی حکومت کے ایوان واضع قوانین میں نمائندہ ممبروں کی کثرت ہے۔ لیکن وہ کسی امر کے ذمہ دار نہیں۔ رائے دہندگان سے وہ کہہ سکتے ہیں کہ گورنمنٹ نے ان کی تجاویز قبول نہیں کی ایسی حالت میں ہم کیا کریں یہ جانتے ہوئے کہ حکومت کی ذمہ داری ان کے کندھوں پر نہیں پڑ سکتی وہ بہ اطمینان حکومت کے نظم و نسق میں مداخلت کر سکتے ہیں ان کے بجٹ کے جس حصہ کو چاہیں نامنظور کر دیں جو قرار چاہیں پاس کر دیں اگر حکومت وقت کو ان کے سامنے سر تسلیم خم کرنا پڑے اور ان کے پاس کوئی ذریعہ ایسا نہ ہو کہ جس سے وہ اپنے فرائض کی انجام دہی اپنی مرضی کے مطابق کر سکیں تو انکی اوپر جو ذمہ داری عاید ہوتی ہے وہ اس کو کسی طرح بھی نہیں نبھا سکتے۔ ان فرائض کی انجام دہی کے لئے آئینی دو حربہ ان کے سپرد کر دیئے گئے۔ حربہ اول سے وہ اسمبلی اور کونسل آف سٹیٹ کے غیر موافق قرارداد کو نامنظور کر سکتے ہیں یہ اختیار اصطلاح میں ویٹو کہلاتی ہے۔ یعنی اگر گورنر جنرل محسوس کرتا ہے کہ اسمبلی کسی قرارداد سے نظم و نسق ہند خطرے میں ہے۔ تو وہ اس قرارداد کو نامنظور کر سکتا ہے۔ دوسرے ذریعہ سے گورنر کو اختیار ہے۔ کہ اسمبلی یا کونسل آف سٹیٹ کسی ضروری قانون کو پاس کرنے سے انکار کر دیں۔ یا کسی بجٹ کے حصہ کو منظور کرنے سے منحرف ہو جائیں۔ جس کے بغیر حکومت اپنے فرائض کو انجام نہیں دے سکتی۔ تو گورنر جنرل اس قانون کو اپنی مرضی سے پاس کر سکتا ہے۔ اور اس حصہ بجٹ کو منظور کر سکتا ہے۔ اور اس صورت سے وہ قانون بنجاتا ہے اور طلب پوری ہو سکتی ہے۔

لیکن یہ دونوں ذرائع اسوقت استعمال کئے جا سکتے ہیں جبکہ اسمبلی اور کونسل آف سٹیٹ باجلاس ہوں اور وہ کوئی ایسا قانون پاس کریں یا رد کریں جس کی گورنمنٹ مخالف یا موافق ہو۔ لیکن اگر دونوں ایوان بہ اجلاس نہ ہوں۔ اور ملک میں ایک ایسی صورت حال پیدا ہو جائے کہ خصوصی ذرائع کی ضرورت محسوس ہو اور روزمرہ کے ذرائع صورت حالات پر قابو پانے کی اہلیت نہ رکھتے ہوں۔ اس وقت گورنر جنرل کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ مناسب قانون خود نافذ کرے اور یہ قوانین اصطلاح میں آرڈیننس کہلاتے ہیں۔ اور چھ ماہ تک قانون کی حیثیت سے نافذ رہتے ہیں۔ چھ ماہ بعد گورنر جنرل ان قوانین کو دوبارہ اسی صورت میں نافذ نہیں کر سکتا۔ البتہ دوسری صورت میں رد و بدل کر کے جاری کر سکتا ہے۔

ہندوستانی سیاسی ناقد گورنر جنرل کی ان غیر معمولی اختیارات پر ہمیشہ نکتہ چیں رہے ہیں۔ مگر ان کی نکتہ چینی دراصل مروجہ آئین کے خلاف ہے۔ کیونکہ جب ہم ایک مرتبہ اس اصول کو تسلیم کر لیں کہ ہندوستان کا نظام حکومت صوبوں میں دوہلی ہونا ہے۔ اور مرکز میں غیر ذمہ دار پھر کسی طرح کے اختیارات کو ناجائز قرار نہیں دے سکتے کیونکہ کھلونے کی شکل وہی ہوگی جو ڈھانچہ کی فطرت میں منقش ہے۔ تصویر کی صورت خاکہ کے مشابہ ہی ہوا کرتی ہے۔

۲۰ جون ۱۹۳۷ء کو ہندوستان میں ریزرو بینک کا افتتاح ہونا ہے۔ جو برٹش انڈیا کے لئے مرکزی بینک کا کام دے گا۔ اس لئے ہندوستان کے لئے بھی ایک مرکزی بینک کا ہونا ضروری ہے۔ ریزرو بینک کے قیام کے بعد ہندوستان میں کرنسی کا انتظام اور روپیہ کی قیمت کا قائم رکھنا ریزرو بینک کے ذمہ ہوگا۔ اس لئے ہندوستان کے لئے ریزرو بینک کا قیام بہت ضروری ہے۔ (باقی آئندہ) گلیکسی ایجنسی۔

نمائش فنونِ ایرانیہ

(جملہ حقوق محفوظ)

(از جناب ڈاکٹر سید یمین ہاشمی - ایل - ایل - بی - ایم - اے - پی - ایچ - ڈی - (لندن)

گو نمائش فنون ایرانیہ کو منعقد ہوئے پورے پانچ سال ہو گئے۔ لیکن جہاں تک مجھے علم ہے اسکے متعلق کوئی تفصیلی مضمون ہندوستان کے کسی رسالہ یا اخبار میں شائع نہیں ہوا۔ میں نے مندرجہ ذیل صفحات میں جو توضیح و تفصیل دی ہے اور جس زاویہ نظر سے اس نمائش پر روشنی ڈالی ہے وہ یقیناً مفید ہے۔ اس قسم کے تحقیقی مضامین مشکل سے دلچسپ ہو سکتے ہیں۔ طوالت بھی ان کی ایک خصوصیت ہے۔ میں نے حتی الوسع دونوں نقائص سے بچنے کی کوشش کی ہے۔

جس وقت یہ نمائش لندن میں ہو رہی تھی۔ میں اسی زمانہ میں وہاں برسلسلہ تعلیم مقیم تھا۔ لندن یونیورسٹی نے مجھے بحیثیت متعلم ادبیات فارسی اس نمائش میں کام کرنے کی ہدایت کی۔ اس نمائش کے ختم ہونے کے بعد یونیورسٹی نے مجھے اس کام پر مامور کیا۔ کہ میں ہندوستان میں گشت لگا کر فارسی قلمی نسخوں کی فہرست مرتب کروں۔ وہ معلومات جو میں نے نمائش میں حاصل کیں اور سیر ہندوستان کی "سیر و تفریح" نے کافی اضافہ کیا۔ مجھے امید ہے کہ ارباب مذاق اس سے لطف اندوز ہوں گے۔

یونتو نمائش کا ہر حصہ قابل توجہ و لائق بیان تھا۔ لیکن میں نے اس کے صرف دو شعبوں کے مطالعہ میں وقت صرف کیا۔ انکی بابت میں نے جو کچھ رائے قائم کی وہ بدیہ ناظرین ہے۔ مضمون کے آخر میں چند ضمیمہ جات بھی شامل ہیں۔ ضمیمہ (الف) میں نایاب و نادر الوجود کتابوں کی مختصر فہرست ہے۔ اس فہرست میں چند ایسی کتابیں بھی شامل ہیں۔ جو دیگر خصوصیات کے باعث قابل الذکر ہیں۔ ضمیمہ (ب) میں مشہور و مخصوص شبیہہ تصویر کی فہرست ہے۔ ضمیمہ (ج) میں خوشنویسوں اور کتب نویسوں کی فہرست شامل ہے۔ میں نے ہر نام کے ساتھ سنہ حیات درج کر دیا ہے۔ آج اکثر فارسی کے قلمی نسخوں کی تاریخ صرف اس لئے معین نہیں کی جا سکتی کہ ان کے لکھنے والوں کا زمانہ حیات معلوم نہیں۔ یہ فہرست اس غرض کے لئے بے حد مفید ہے۔ میں نے یہ فہرست یورپ کی متعدد فہرستوں سے تیار کی ہے۔ ضمیمہ (د) میں چند مشہور مصوروں کے نام درج ہیں۔ جن کا زمانہ حیات معلوم ہو سکا وہ درج کر دیا گیا ہے۔ ضمیمہ (ر) میں چند مغرق اشیاء کا ذکر ہے جو تاریخی و ادبی حیثیت سے اہم ہیں میں نے بغرض زینت احمد جلائری کے دیوان کے ایک صفحہ کا عکس اور جہانگیر کی ایک نایاب شبیہہ کا عکس بھی شامل مضمون کر دیا ہے۔ (سید یمین ہاشمی)

مصوری

ایرانی مصوری خداداد مرصع نگاروں کا تخیلی عمل ہے۔ گو اسمیں فطرتی جذبات کا اظہار تقریباً مفقود ہوتا ہے لیکن قصص و حکایات کی تمثیل بے مثل ہوتی ہے۔ اس کا سر قدرتی مناظر کے سامنے کبھی خم نہ ہوا۔ اس لئے کہ دنیاوی جاہ و حشم ہمیشہ

؎ اس کے سامنے سر بہ سجود رہے ؛ (لارنس بنیون)

جو تصویریں نمائش میں موجود تھیں ان کے دیکھنے سے بظاہر یہ ضرور معلوم ہوتا تھا کہ ایرانیوں کو مصوری سے بہت کم شغف رہا ہے۔ قدرتی مناظر کی تصویریں تقریباً مفقود تھیں۔ قصص و حکایات کو مصور کرنے کی بہت زیادہ کوشش کی گئی تھی۔ اس کے بعد درجہ اول تصویروں کا تھا۔ جو ایرانیوں کے مذہب شیعیت کے

مختلف رخ پیش کر رہی تھیں۔

لیکن میں نے اپنی تحقیقات نمائش کی چار دیواریوں میں بھی محدود نہ رکھی۔ برٹش میوزیم اور انڈیا آفس کے کتب خانوں کے بیش قیمت ذخائر دیکھنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہونچا کہ ایرانیوں کو مصوری سے قدرتاً مناسبت تھی۔ لیکن اندرونی و بیرونی اثرات نے اس ذوقِ فن کی ہمت افزائی نہ کی۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ رہا کہ ایرانی اس فنِ لطیف میں کوئی غیر معمولی اور نمایاں ترقی نہ کر سکے۔

اصول دعویٰ نبوت پر اگر غور کیا جائے تو ایران کی مثال دنیا میں یکہ و تنہا ہے۔ آدم سے رسول عربیؐ تک دنیا میں کسی مدعی نبوت نے فنِ مصوری کو اپنا معجزہ قرار دے کر نہیں پیش کیا۔ لیکن یہ فخر مانی کو حاصل ہے چونکہ مدعیان نبوت کے اسناد و معجزے ہمیشہ ملکی مذاق کے مطابق رہا کئے ہیں۔ اس لئے اگر ہمیں یہ نتیجہ نکالوں تو بیجا نہ ہوگا کہ ایرانیوں کی ساز زندگی میں مصوری کے لطیف نغمات بہر صورت موجود تھے۔ جس وقت مانی نے ملک کے سامنے اپنا "معجزہ" پیش کیا۔ اس وقت ایران کی فضا اس کے استقبال کے لئے ہمہ تن آمادہ تھی۔ اس میں بھی شبہ نہیں کہ اس کے اعلانِ نبوت کے وقت (تیسری صدی عیسوی) دنیا کے کسی حصہ میں یہ مذاق صحیح طور پر رائج نہ تھا۔

مانی اپنے مقاصد میں ناکامیاب رہا اور اس کا نام دنیا کے کامیاب پیغمبروں کی فہرست میں کبھی بھی شامل نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اس غیر معمولی ہستی کی ناکامرانی ایرانیوں کی بدمذاقی پر کبھی بھی محمول نہیں کی جا سکتی۔ جس قوم نے صناعی۔ معماری۔ نقاشی۔ شاعری ایسے فنونِ لطیفہ میں اپنے کمال دلبستگیوں کے ثبوت پیش کئے ہیں۔ اسکی بابت کبھی بھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس کے جذبات تشکیل و تصویر سے متنفر تھے۔ ایک طرف تو زرتشت کے خشک مسائل نے جذبات میں جمود و سکون پیدا کر رکھا تھا۔ جن میں کسی قسم کی تحریک و ارتعاش فوری صورتوں میں ناممکن تھا۔ دوسری سمت مانی کی صلح کل تبلیغی مسائل نے بہرام گور کو برگشتہ کر دیا تھا۔ مانی کی قبل از وقت وفات (۲۷۷ء) نے اس تحریکِ لطیف کو فنا تو نہیں لیکن دبا ضرور دیا۔

✱ متروک (چھ صدی عیسوی) کے مذہب کو فنونِ لطیفہ سے کوئی لگاؤ نہ تھا۔ اس مذہب کو موجودہ بالشویزم سے بہت کچھ مماثلت ہے جس طرح آج روس "نان و نمک" کے پیچھے دنیا کے سارے فنونِ لطیفہ کو چھوڑنے کے لئے آمادہ ہے۔ اسی طرح متروکیت نے مادیت کی علمبرداری میں ہر شعبۂ حیات کو نظر انداز کر دیا تھا۔

جب ایران میں اسلام نے قدم رکھا (۶۴۱ء) تو ملک میں ایک انقلاب عظیم برپا ہو گیا۔ ایک طرف تو قاضی کے فتوؤں نے مصوری کو معصیت قرار دیدی۔ لیکن دوسری طرف اس لطیف مذہب نے جذبات میں جو ہیجان پیدا کیا وہ مختلف صورتوں میں اظہار کے لئے مضطرب تھے۔ اسلام دنیا کا واحد مذہب ہے جو خیال و عمل میں اتحاد کا مدعی ہے۔ ایک طرف تو وہ شرک کا دشمن جانی ہے اور "تجسید" کا عدوی مطلق۔ لیکن دوسری طرف عبودیت کے اظہار یہم کا زبردست مدعی اور جذباتِ فطری کی تشکیل کا بے حد محرک۔ فتویٰ تجسیدِ خیال کا مانع لیکن تقویٰ تصویر ہیئت کا مؤید۔ ظاہر ہیں آنکھیں اس فرق کو سمجھنے سے مدتوں مجبور رہی ہیں ابتک مشتبہ ہوں کہ دنیا اسلام کی اس زبردست خصوصیت کو اچھی طرح سمجھ بھی سکی یا نہیں۔

قاضی کے فتوے فنِ مصوری کے دشمن رہا کئے۔ لیکن جذبات کا تزکیہ جو اسلام کا لازمی نتیجہ تھا برابر جاری رہا اور اندر ہی اندر ایرانیوں کے دل اس قوت سے متاثر ہوتے رہے۔ شاعر کی ظاہری پابندیاں چند دنوں تک نقاشی کو ضرور روک سکیں۔ لیکن شاعری جو مصوری کا روشن پیش خیمہ ہے۔ وہ ظاہر ہو کر رہی۔ ایرانی شاعری کی تاریخ میرے اس نظریہ کی مؤید ہے۔ اب آپ پھر نقش مبحث کی طرف متوجہ ہوں۔

ایرانی مصوری کی تاریخ چار بڑے زمانوں میں تقسیم کی جا سکتی ہے

دور اول۔ سنہ ۵۵۰ قبل مسیح لغایت سنہ ۶۴۱ء

یہ دور خود تین چھوٹے چھوٹے زمانوں میں منقسم ہے۔

(۱) عہد کیانی سنہ ۵۵۰ ق۔م۔ لغایت سنہ ۳۲۶ قبل مسیح۔ اس زمانے میں مصوری حقیقتاً موجود نہ تھی۔ اس لئے کہ کاغذ اس وقت تک مفقود تھا۔ پتھر۔ پیتل۔ اور مٹی کے برتنوں پر جو نقوش دستیاب ہوتے ہیں ان سے یہ صاف طور پر معلوم ہوتا ہے کہ ایرانی بت سازی و نقاشی میں مہارتِ تامہ رکھتے تھے۔

(۲) عہد سکندری ۳۲۶ ق م سے ۲۵۰ء مذکورہ بالا عہد و نیز اس عہد میں یونانی اثرات سارے ایران پر حاوی تھے۔

(۳) عہد مانی ۲۵۰ء لغایت ۳۰۰ء۔ مانی چین میں مدتوں رہا اور اس نے ہندوستان میں بھی چند سال بسر کئے اس لئے اس دور کی مصوری نے چین و ہندوستان سے اگر کچھ خیالات حاصل کئے ہوں تو عجب نہیں۔ افسوس کہ اس عہد کی کوئی تصویر دنیا میں موجود نہیں۔

دور دوم ۳۰۰ء لغایت ۶۴۱ء۔ اسلام کے جدید اثرات کے باعث اس دور میں ایرانیوں نے مصوری سے ضرور اجتناب کیا۔ لیکن درخت اور پھولوں کی نقاشی و زرنگاری میں شغف جاری رہا۔ اس دور کی لکھی ہوئی کتابوں کے صفحات اس امر کے شاہد ہیں۔ زرنگاری میں جو رنگ آمیزی چینی اصول پر کی جاتی تھی۔ ہندوستان کا اثر گو بہت معمولی ہے لیکن جانگ میں غور کرسکا نمایاں ضرور ہے۔ نقوش کو روشن بنانے میں جو لجزا استعمال کئے جاتے تھے۔ وہ یقیناً ہندوستانی تھے۔ سطح و فضا کی ترتیب و تشکیل میں بھی ہندوستانی مذاق ظاہر و باہر ہے[۵]

دور سوم۔ تیرھویں صدی لغایت پندرھویں صدی۔

گوزوال بغداد کا المناک واقعہ ۱۲۵۸ء میں ہوا لیکن ایران کی حالت تیرھویں صدی کی ابتدا ہی سے ابتر ہو چکی تھی جس میں کسی علم و فن کی ترقی ناممکن تھی۔ مغلیہ تسلط کے بعد ملک نے کروٹ بدلی۔ مغلیہ سلاطین کی اسلامی تہذیب و تمدن سے نفرت۔ ہیو ویوں کا غلبہ اور مزدیراں خانہ جنگی۔ یہ اسباب مدتوں تک ملک کو اطمینان طلب شاغل کی جانب متوجہ نہ کرسکے۔ بایں ہمہ ملک نے اس دور میں مصوری کی

---

[۵] یونانی اثرات کے لحاظ سے یہ دور عہد سکندری یا عہد یونانی کے نام سے موسوم ہے گو تیسری صدی (قبل مسیح) کے وسط ہی سے یونان کے سیاسی اثرات ملک سے کم ہو گئے تھے اور پارتھین قوم نے ملک پر اپنا پورا اقتدار جما لیا تھا۔

[۶] ملاحظہ ہو نافع الاحجار فی عقائد و علم الاستر لاب از ابوالحسن کتب خانہ برٹش میوزیم لندن۔

کی طرف دوسرا قدم بڑھایا۔ ماہران فن نے غیر ذی روح سے آگے بڑھ کر ذی روح کو مصور کرنے کی کوشش شروع کی۔ سب سے پہلے کلیلہ و دمنہ کے نتیجہ خیز قصص تصویر کی صورت میں لائے گئے۔ بعد ازاں شاہنامہ کی حکایات کی طرف توجہ مبذول ہوئی۔[۳] اس کے بعد خمسہ نظامیہ کے مختلف دلچسپ واقعات مصور کئے گئے۔

چودھویں صدی میں مصوری نے تین مزید مباحث کی جانب قدم بڑھائے۔ (۱) دواوین۔ (۲) تاریخ۔ (۳) مذہب۔ ان میں مذہبی تصاویر خاصکر قابل لحاظ ہیں۔ اس دور میں حضرت علیؓ و امیر معاویہ کی شبیہیں تیار کرنے کی سب سے پہلی کوشش کی گئی۔

پندرھویں صدی کی عملیات میں حضرت علی کی وہ تصویر مذہبی حیثیت سے نہایت اہم تھی جس میں آپ کو آسمان پر جاتے ہوئے دکھایا گیا تھا۔[۴] مصورانہ حیثیت سے اس دور کی دو خصوصیات قابل لحاظ ہیں۔

(۱) چینی اثرات کو ضبط و جذب کرنے کی سعی بلیغ کامیاب ہوئی اور اب ایک خاص ایرانی اثر ہر صورت میں غالب رہا۔

باغ و پھول کی تصویروں پر ایرانی سادگی کا صاف اثر معلوم ہونے لگا۔ سطح باغ و فضائے آسمانی کی تصویروں میں پہلی سی درشتی و ویرانیت باقی نہیں رہی۔ رومیوں کی تصویروں سے "مشابہت" ظاہر ہونے لگی۔ تصویر کے خاکوں میں جدت طبع و ندرت خیال نے بھی دخل پایا۔

(۲) اس دور کی تصویریں رنگ کے اعتبار سے بہتر ہیں — چینی و ہندوستانی اجزا میں جو اہرات کی آمیزش نے روشنی و صفائی کے ساتھ ساتھ پختگی بھی پیدا کر دی۔

دور چہارم۔ سولھویں صدی لغایت انیسویں صدی۔

دور صفویہ بہر صورت ایران کا بہترین زمانہ خیال کیا جاتا ہے[۵]

---

[۳] یہ واقعہ ایران کی سیاسی تاریخ میں اہم حیثیت رکھتا ہے۔

[۴] جنگ قدسیہ کے بعد ہی سے ایران کی ہمیشہ یہ کوشش رہی کہ وہ ہر طرح پر عرب سے آزاد رہے۔ یہ خیال ایرانیوں کی ہر تحریک کے پس پردہ کام کرتا رہا۔

[۵] موجودہ دور پہلو یہ اس میں شامل نہیں۔

جنگ قدسیہ کے بعد سے ایرانی حکومت ملکی میں تین چیزوں کا متلاشی تھا۔

(۱) عرب سے قطعی علیحدگی۔

(۲) قدیم ایرانی شاہی خاندان سے وابستگی۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو اتباع شیعیت

(۳) قومی اصول پر نظم و نسق حکومت۔

ملک کو دور صفویہ میں یہ ساری باتیں حاصل تھیں۔ ایسی صورت میں اس کے سامنے ترقی کی سب راہیں کھل گئیں۔ شاہ عباس اعظم کے زمانۂ حکومت میں مغرب کے متعدد ماہران فن ملک میں آکر مقیم ہوئے۔ جن سے ایرانیوں نے کافی فائدہ اٹھایا۔ شاہ طہماسپ صفوی کا شوق مصوری و نقاشی اس درجہ بڑھا ہوا تھا۔ کہ قدیم روایات کے خلاف شعراء اور بار سے بالکل علیحدہ کر دیئے گئے۔[۱]

دور صفویہ کے ابتدائی حصہ میں جن لوگوں نے شہرت حاصل کی ان میں بہزاد کا نام فاصکر قابل ذکر ہے۔ اس کی مصوری کی بابت ایک مشہور ماہر فن کا خیال ہے۔[۲]

> بہزاد کی فوقیت اس کے قوی و مستحکم خیالات میں ہے۔ اس کے معمول انفرادی حیثیت سے زندہ رہتے ہیں اس کے انداز قوی و حق پرست ہوتے ہیں۔ اس کے مصورانہ لطافت کے ساتھ ساتھ تخیل کی جدت فاصکر قابل لحاظ ہے۔

اس کے علاوہ بہزاد میں ایک اور خصوصیت ہے۔ بہزاد کی تصویریں ایران کا بہترین قومی تخیل پیش کرتی ہیں۔ بہزاد کی تصویریں دور صفویہ کی آئینہ ہیں۔ اتحاد نظر۔ ضبط عمل۔ تقسیم کار۔ غرض مجھے اس کی تصویروں میں ہر وہ بات نظر آئی جو شاہ عباس اعظم کی زبردست شخصیت اپنی محکوم رعایا کو اس دور میں پیش کر سکتی تھی۔

میرک (حیات ۱۴۳۵ء - ۱۵۰۵ء) جو بہزاد کے برسوں بعد آتا ہے اپنے پیشرو سے ممتاز خیال کیا جاتا ہے۔

میرک ایک کھوئی ہوئی کڑی ہے جو بہزاد کو اس مدرسۂ مصوری سے منسلک کرتی ہے۔

جسے شاہ طہماسپ صفوی نے تبریز میں قائم کیا تھا۔[۳]

بعض کا خیال ہے کہ میرک[۴] اس مدرسہ مصوری کا نہ صرف پیش رو بلکہ اصل استاد تھا۔ مدرسہ تبریز یہ کے چند شاہکار میری نظروں سے ضرور گزرے۔ لیکن میں اپنی عدم قابلیت کا معترف ہوں کہ میں ماہران فن کی اس رائے کو نہ سمجھ سکا۔ میں اپنی محدود تحقیق کی بنا پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ مدرسہ تبریز کے ماہران فن میرک کے نہیں بلکہ بہزاد کے متبع تھے۔ میرک کی تصاویر میں لطافت ضرور ہے۔ لیکن اس میں اور بہزاد میں وہی فرق ہے۔ جو فردوسی و نظامی میں ہے یا جو رزم و بزم میں ہے۔ علاوہ بریں میرک مغربی فن مصوری سے بے حد متاثر معلوم ہوتا ہے۔ گو اس کے نقوش بہزاد کے نقوش سے بے حد مشابہ ہیں لیکن اس میں ایرانیت کم اور مغربیت زیادہ غالب ہے۔[۵] مدرسہ تبریز کی تصویروں میں رنگ آمیزی البتہ مغربی طرز پر ہے۔ مسٹر بینن کا خیال اس دور کی تصویروں کے متعلق قابل لحاظ ہے۔

> "اس دور کی رنگین تصاویر میں جو جوہر نگاری کا کمال دکھایا گیا ہے۔ اس کی مثال دوسرے فنون میں نایاب ہے۔ یہ تصویریں چینی تصاویر سے زیادہ شوخ رنگ ہیں۔ اور لطف یہ کہ مغربی تصاویر کی طرح نہیں عکس و سایہ بنانے کی کوشش بھی نہیں کی گئی ہے۔ اس لحاظ سے یہ ماننا پڑتا ہے کہ اس دور کے ایرانی مصور تصویر سازی میں صحیح ترین مذاق رکھتے تھے۔"

اس سلسلہ میں قاچاریہ دور کا ایک واقعہ قابل ذکر ہے۔ فتح علیشاہ کی مغرب پرستی نے اطالوی مصوروں کو ملک میں بلایا۔ اطالوی اثر نے مصوری کو آسان و سہل ضرور بنا دیا لیکن جس صنعت و فن پر ملک کو ناز تھا وہ بہت

---

[۱] "بقول عشق"
بے تکلف خوش ترقی کردہ اند ز کاتب و نقاش و فزوینی و خر
براون جلد ۴ صفحہ ۹۷

[۲] ٹائمز آف انڈیا مورخہ ۵ جنوری ۱۹۳۶ء مضمون نمبر ۱۵۔

[۳] ٹائمز آف انڈیا مورخہ ۵ جنوری ۱۹۳۶ء مضمون نمبر ۱۵۔

[۴] میرک کو شاعری سے بھی شوق تھا۔ ملاحظہ ہو دیوان میرک او۔ آر ۴۹۱۲ - برٹش میوزیم۔

[۵] شارڈن۔

جلد ایران سے تباہ و برباد ہو گیا۔

آج ایران ایک نئے دور سے گزر رہا ہے۔ جس میں مصوری سے زیادہ فوٹوگرافی (عکاسی) کی قدر ہے۔ ایرانی مصوری ابھی دنیا سے فنا تو نہیں ہوا۔ لیکن دم توڑ رہا ہے۔

چونکہ مجھے شاعری سے کسی قدر دلچسپی ہے۔ اس لئے میں نے ان موزوں اشعار کو ضبط کر لیا جو چند تصویروں پر لکھے ہوئے تھے۔ مجھے امید ہے کہ موجودہ خشک مبحث کو مندرجہ ذیل اشعار دلچسپ بنانے میں کافی مدد دیں گے۔

(۱) ایک کمسن خوبرو عورت کی شبیہہ کے تحت میں:۔

اے قدِ تو سرو ناز پرور ؛ دلدادۂ قامتِ صنوبر
نگرفت بر نہالِ قدرت ؛ از نخلِ امید کے برم بر

(۲) ایک شاہزادہ کی تصویر کے حاشیہ پر:۔

چو سرو قدِ تو در جوئبار دیدہ رسد ؛ مرا ضد نگِ بلا بر دلِ رمیدہ رسد
اگر صبا ز سرِ کوئے او رسد شاہی ؛ نسیم روضہ بجانِ ستم رسیدہ رسد

(۳) ایک "محوِ گلگشتِ چمن" کی تصویر پر:۔

پیوستہ جفا خوش نبود بلکہ وفا نیز ؛ ما عاشقِ دل سوختہ خود بہ ازیں باش

(۴) ایک زاہد شکن واعظانہ انداز میں:۔

بر آرد روزگار ت از سر لب کام ؛ لب یار و لبِ جوئے و لبِ جام

(۵) ایک میخوار کی تصویر کے حاشیہ پر:۔

فی الجملہ اعتماد کلی بر ثباتِ عمر ؛ کاسی کارخانہ ایست کہ تغییر می کند

(۶) سلطان حسین مرزا کی شبیہہ کے تحت میں:۔

گر مصور صورت آں دلستاں خواہد کشید ؛ حیرتے دارم کہ نازش را چساں خواہد کشید

(۷) ایک کجکلاہ کی تصویر کے حاشیہ پر:۔

دل بن بر و دلفش جگرم بہر و چشمش ؛ تو مباش غافل ایجاں کہ ہنوز کار دارد
منو آنش کہ بہم بہ رقیب ناموافق ؛ چہ خوشیست گل ولیکن چہ کنم کہ خار دارد
بخدا کہ سینۂ من بشگافد و جاں بروں کند ؛ کہ درون خانۂ تو گرے چہ کار دارد

(۸) ایک نوجوان عورت کی تصویر کے حاشیہ پر:۔

از لطفِ تو ہیچ بندہ نومید نہ شد ؛ مقبول تو جز مقبل جاوید نہ شد
لطفت بکدام ذرہ پیوست دمے ؛ کاں ذرہ بہ از ہزار خورشید نہ شد

(۹) ایک مصلے پر:۔

ابروے دوست و رنظر آرد و نماز کن ؛ نشین و تکیہ بر کرم بے نیاز کن

(۱۰) ایک شاہزادی کی شبیہہ کے تحت میں:۔

فرہا ذیست ورنہ دریں عہد روزگار ؛ چندیں ہزار صورتِ شیریں کشیدہ اند

(۲) کتب و کتابت

اسلام و مغربی عیسائیت نے جو کتاب کی قدر و منزلت کی ہے اس کی مثال دنیا کے کسی تمدن میں دستیاب نہیں ہو سکتی خدا کے کلام کی دعوت یا تو مسجدوں کے گوشوں سے اٹھی یا کلیسا کے عافیت اندوز زیناروں سے۔

(جے۔ ایس۔ ولکنسن)

ایرانی کاتب خیالات کو الفاظ کا جامہ نہیں پہناتا۔ اس کی کتابت کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ وہ کاغذ کے تاریک صفحات پر اپنی روشن آنکھ کی بصیرت اور اپنے محرک ہاتھ کی قوت کا نچوڑ رکھ دیتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ اس کے بصیرت حروف دیکھتے ہیں۔ اس کے حروف کے مرکز کھینچتے ہیں۔ اس کے شعشے ہنستے ہیں اور اس کے دائرے دنیا میں زندگی کے طریقے بناتے ہیں۔

(آر۔ کے۔ گڈری)

دنیا میں کس نے اور کب کتابت شروع کی۔ یہ ابتک لاینحل مسئلہ ہے اس کے بحث کے زمانہ کو تاریخی انکشافات روز بروز آگے بڑھاتے رہتے ہیں۔ انیسویں صدی کے آخر تک چینی حروف سب سے زیادہ قدیم سمجھے جاتے تھے۔ بیسویں صدی کی ابتدا میں یہ امتیاز مصریوں کو حاصل ہوا۔ لیکن آج الشیائے کوچک سے جو اشیاء برآمد ہو رہی ہیں ان کے کتبے مصریوں سے بھی زیادہ پرانے سمجھے جاتے ہیں۔

ایران میں کتابت کب سے شروع ہوئی اس کا اندازہ بھی مشکل ہے۔ جب سر ہنری رالنسن نے بہستون (دیکھو صفحہ ۲۶۰ صفحہ ۲۶۰ کے بعد۔ کے کتبات کا حل دنیا کے سامنے پیش کیا اسوقت تک ارباب فن کا یہی خیال تھا کہ دارا ئے کیانی کے زمانہ میں کتابت نے

معین صورت اختیار کی۔ میرے گذشتہ قیام یورپ میں "در بند گوہر" کے کتبات کی بابت جب مسٹر جی۔ جے۔ گیٹ نے اپنی تحقیقات پیش کی اقوام دنیا کو یہ معلوم ہوا کہ سنہ ۲۵۰ ق۔م۔ میں بھی ایرانی کتابت سے خوب واقف تھا۔[۹۴]

لیکن بوجہ اس کے کہ کوئی شے کاغذ کی مانند[۹۳] ابتک ایجاد نہ تھی اس لئے اس دور کو اصلی معنوں میں کتابت کا زمانہ نہیں قرار دیا جا سکتا ساسانی دور میں کوئی شے کاغذ کی مانند ضرور ایجاد ہو چکی تھی۔ جب عہد فاروقیہ میں ایران فتح ہوا۔ اس وقت شاہی کتب خانوں میں بکثرت کتابیں موجود تھیں۔ مانی کے تعلق سے یہ بھی بعید از قیاس نہیں کہ کسی حد تک زرنگاری بھی موجود رہی ہوگی۔ کہا جاتا ہے کہ مانی اور اس کے رفقا کی تصانیف جب خلیفۂ وقت کے سامنے نظر آتش کی گئیں اسوقت سونے اور چاندی کے گھل گھل کر بہتے تھے۔[۹۵]

خلافتِ راشدہ کا آخری دور ایران کے لئے نہایت بدامنی کا زمانہ تھا۔ عہد بنو امیہ میں ایرانیوں کا رسوخ بڑھ چلا تھا۔ علوم مروجہ میں بھی ان کو کافی دخل تھا۔ لیکن فنِ کتابت ابتک عربوں ہی کے ہاتھ میں رہا اور جہاں ایرانیوں کو اس میں درک رہا۔ وہاں بھی وہ عربی اصول تحریر و کتابت سے خود کو مستثنیٰ نہ کر سکے۔

میں نے اس دور کی بعض تحریریں دیکھیں۔ چونکہ مجھے ان سے کوئی خاص شغف نہیں اس لئے میں ان میں کوئی امتیازی خصوصیت نہ پاسکا۔ میرے ایک دوست نے (جنہیں اس فن میں خاص درک ہے) البتہ مجھے چند باتیں بتائیں۔ ان کا خیال ہے کہ خود خطِ کوفی ایرانیوں کی اختراع ہے۔ چند عربی تحریروں میں (جو بنی امیہ کے ابتدائی عہد کی بتائی جاتی ہیں) اور اس عہد کی آخری زمانہ کی کوفی تحریروں میں ایک امتیاز ضرور ہے۔ یہ امتیاز حکومت عباسیہ میں نمایاں اور سہل النظر ہے۔ چونکہ دورِ عباسیہ میں ایرانی کلیتاً حاوی تھے۔ اس لئے ان کے مخترع اور قوم پرست طبائع نے عربی خط میں وہ تصرف کیا جس نے اسے بغیر مسخ کئے ہوئے ایرانی بنا لیا۔ قادر باللہ کے عہد زمانہ کی ایک کتاب حال میں دستیاب ہوئی ہے۔ جو کلیتاً فارسی خط میں ہے۔

ایرانیوں نے خط کوفی کو اپنا بنانے کی ایک دوسری ترکیب یہ کی کہ اسے شکست خط میں لکھنا شروع کر دیا۔ یہ طرز تیرھویں صدی تک برابر جاری رہا۔ میں نے برٹش میوزیم میں صدی کی لکھی ہوئی ایسی کتابیں بھی دیکھی ہیں جن کی طرزِ کتابت کو "کوفی شکست" کہا جا سکتا ہے۔

تیمور (۱۴۰۲ - ۱۳۶۰) و شاہ عباس اعظم کے درمیان کے دو سو برس ایرانی کتابت کا بہترین زمانہ کہا جا سکتا ہے۔ کتابت میں پختگی۔ سیاہی میں چمک و پائداری۔ حروف کے تمامی اجزا میں صفائی و وضاحت یہ سب باتیں اس دور کی خصوصیات کہی جا سکتی ہیں۔ شاہ طہماسپ کے عہد میں کتابت کو بیحد ترقی نصیب ہوئی اور اس عہد کی کتابیں فنِ خطاطی کا شاہکار سمجھی جاتی ہیں۔ لیکن جہانتک میں غور کر سکا ہوں نہیں ایک ایسا نقص ہے جو عہد سابقہ میں موجود نہیں۔ اور طہماسپ کی کتابت میں ایک مصنوعی اور غیر فطری رنگ ہے جو آنکھوں کو تو ضرور بھلا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن قلب کو اس سے ایک کشیدگی پیدا ہوتی ہے

قاچاریہ عہد میں نستعلیق سے زیادہ نسخ کی جانب توجہ کی گئی۔ آج ہندوستان میں کتابت کو کم مقبول ہے۔ لیکن زندہ ہے لیکن ایران میں تقریباً ساری کتابیں لوہے کے ٹائپ میں طبع ہوتی ہیں۔

---

[۹۴] یہ درہ ہے ۱۰ رمقام قراداغ کے قراداغ کے قریب واقع ہے۔ ۱۰ رمقام پر جو بت نصب ہے اس کی شکل "نرام سین" واقع لوری سے بہت مشابہ ہے۔ موخر الذکر کے تحت میں کوئی کتبہ نہیں لیکن دونوں کی کلیتاً مشابہت سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ دونوں ایک ہی وقت میں نصب کئے گئے تھے۔ اول الذکر کے تحت میں جو عبارت کندہ ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بت سنہ ۲۵۰ ق۔م کے قریب بنایا گیا تھا۔ جب "نرام سین" نے "لولوبو" قوم پر فتح پائی۔ "انوبانی نی" نے جو اس کے چند ہی برسوں بعد لولوبو کے تخت پر بیٹھا ایک اور یادگار ربقام "سرپل" قائم کی جس کے اثرات ابتک موجود ہیں۔

[۹۵] ایران کے قدیم کتبات کی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو مصنفہ جی۔ جے۔ گیٹ۔

[۹۳] کاغذ کی ایجاد سے قبل کتابت عموماً لکڑی اور پتھر پر ہوتی تھی۔ قدیم چینی چوبی کتب اور حضرت موسےٰ کی توریت کے واقعات اس امر کے شاہد ہیں۔

[۹۴] ٹائمز مورخہ ۵ جنوری ۱۹۳۱ء صفحہ ۱۲

اس نمائش میں جو کتابیں پیش کی گئی تھیں انہیں گو مضامین و حسن سے کوئی تعلق نہ تھا۔ لیکن فنِ کتابت و زرنگاری کا بہترین نمونہ تھیں۔ یہ امر تعجب خیز ہے کہ نمائش میں دورِ تیموریہ سے قبل کی کتابیں تقریباً مفقود تھیں۔ ان کتابوں میں نصف حصہ قرآن مجید اور فردوسی نظامی۔ خیام خسرو۔ سعدی و رومی و حافظ کی تصنیفات پر مشتمل تھا۔ بقیہ کتابوں میں چند نادر الوجود نسخے بھی تھے۔ جو فی نفسہٖ کیا سمجھے جاتے ہیں۔ غالباً ان میں سے بعض کے متعلق چند مفید معلومات کا ذکر بیجا نہ ہوگا۔

جس نسخہ نے ساری نمائش میں جان ڈالدی تھی وہ سلطان احمد جلائر (۱۴۱۰ - ۱۳۸۰) کے قلمی دیوان کے چند اوراق تھے[1]۔ ان پر سلطان بایزید (۱۵۱۲ - ۱۴۸۱) کی مہر ثبت تھی۔ حاشیہ کی عبارت سے یہ بھی معلوم ہوتا تھا کہ یہ اوراق تیمور کے کتب خانہ میں بھی رہ چکے ہیں کارکنانِ نمائش کا بیان ہے کہ نمائش کے پیش کردہ اوراق جلائر کے دیوان کا محض پسماندہ حصہ ہے۔ نیز اس سے زیادہ جلائر کا کلام دنیا میں کہیں بھی دستیاب نہیں۔ میں نے چار گھنٹہ کی متواتر محنت میں سارا کلام نقل کر لیا۔ اس نادر الوجود کلام کے چند اشعار ناظرین کی دلبستگی کے لئے درج ذیل ہیں۔

غزل

می شکنی دل مرا۔ زلف چو بازمی کنی ؎ با تو نیازمی برم ایں ہمہ نازمی کنی
چند گدازمی کنی قلب شکستۂ مرا ؎ قلب شکستۂ مرا چند گدازمی کنی[2]
ایں بسکنیں تو ئی بندہ ایاز خاص تو ؎ ہر کرمے کہ می کنی بہر ایازمی کنی
سنگ چہ باشد آنکہ او بوسہ زند بپائے تو ؎ شانہ کہ باشد آنکہ او محرم رازمی کنی
مطرب بانوا بیا دف و نائے و ارغنوں ؎ زہرۂ زہرہ خوش شود عود چو سازمی کنی
آحمد ابن ویس بس وصف دو زلف او کن
مختصر مفید کو قصہ دراز می کنی

دوسری غزل کے چند اشعار بھی لطف سے خالی نہیں:-

روئے ماہ تو بدیدم ز خورم یاد آمد ؎ لب لعل تو گزیدم شکرم یاد آمد
سرو را با قد رعنات چو کردم نسبت ؎ طعنۂ مردم پوتہ نظرم یاد آمد
در شب تار کہ آں شب اثر ماہ نبود ؎ برقع از رخ چو فگندی قمرم یاد آمد
نالۂ عاشق بیچارہ بگوشم چو رسید
در چمن نوحۂ مرغ سحرم یاد آمد

دوسری غزلوں کے مندرجہ ذیل منتخب اشعار بھی قابلِ لحاظ ہیں

طالب عشق حقیقت بازد اول عشق بت[1] تا مجاز اہ را براہ عشق رہبری شود
آنانکہ ماہ را بجمالِ تو دیدہ اند[2] بر آفتاب پردہ غیرت دریدہ اند
شبہائے شوق تا بہ سحر بے قرار و صبر ؎ چوں مرغ سر بریدہ بخوں در تپیدہ اند
چہ دہم شرح کہ ہر لحظہ دل می کنم[3] چوں بلا میکشد ازرہ گزر بالائش
اہل دل را ہمہ از عالم ظلمت بر ہاند ؎ پرتو چہرۂ خورشید جمال آرائش
نزد لعل لب او لعل بخشاں کم گیر[4] باوجود قد او سرو خراماں کم گیر
گر گلستاں طلبی طوف کنی فصل بہار ؎ رخ او را نگر و طرف گلستاں کم گیر

ضمیمہ (الف) کتبِ نادرہ

(۱) دستور یہ مصنفہ عبد اللہ ابن فضل۔ منقولہ ۶۱۹ھ مطابق ۱۲۲۲ء
(۲) صفات العاشقین۔ مصنفہ ہلالی تصنیف ۹۱۳ھ مطابق ۱۵۰۷ء
(۳) اعتقاد نامہ۔
(۴) قرآن مجید بخط فارسی کوفی مورخہ ۱۰۵۵ - ۴۴۷۔
(*۵) دیوان آصفی (متوفی ۱۵۱۸ء) (کوہستانی) مورخہ ۱۵۵۱-۹۵۹
(*۶) دیوان سیفی۔ (متوفی ۱۴۶۶ء) (کمیاب)
(*۷) دیوان رشید۔ مورخہ ۱۵۶۵ - ۹۷۳ (نایاب)
(۸) قرآن کریم جسے سلطان بایزید بلدرم تلاوت کرتا تھا۔
(*۹) گوہر چوگان۔ از محمود عارفی۔ مورخہ ۱۵۶۷ - ۹۷۴۔
(*۱۰) مطلع السعدین۔ مصنفہ عبد الرزاق سمرقندی (تاریخ تجویز) مورخہ ۱۵۸۰ - ۹۸۸۔
(۱۱) منافع الحیوان۔

---

[1] ٹائمز مورخہ ۱۴۰۲-۵-۸۔ نمبر ۴۵۶

[2] جن لوگوں کو حافظ کے مذاق شاعری کی تاریخ سے دلبستگی ہے۔ وہ اس شعر سے لطف اٹھائیں گے۔

[1] اس دو رنگ ان کا اظہار بصورتِ اضافت جائز تھا۔

(۱۲) کلیلہ ودمنہ - مترجمہ نصر اللہ (۱۲۳۶ - ۱۳۰۳)

(۱۳) آلات - مصنفہ الجزاری - مورخہ (۱۳۵۴ - ۷۵۵) مصری کتابت -

(۱۴) شاہنامہ - جسپر بابر سے اورنگ زیب تک تمامی سلاطین مغلیہ کی مہریں ثبت ہیں - صفحہ اول پر شاہ جہاں کے ہاتھ کی لکھی ہوئی عبارت و دستخط موجود ہیں - یہ دستخط نیز عبارت اس لئے اور بھی اہم ہیں کہ دیوان بابر (کتب خانہ رامپور) پر جو عبارت و دستخط موجود ہیں اس سے یہ بالکل مشابہ ہے -

(۱۵) تیمور نامہ ہاتفی -

(*۱۶) شاہ وگدا - مصنفہ ہلالی -

(۱۷) کتاب سمک عیار (ناول فارسی) یہ فارسی زبان کا سب سے پہلا ناول ہے - بہت ممکن ہے کہ اس فارسی ناول کا خاکہ مصنف داستان امیر حمزہ کے پیش نظر رہا ہو -
(تیرھویں صدی عیسوی)

(۱۸) منافع الاحجار از عطارد بن محمد الحاسب - مشہور ہندسہ و عالم علم الحساب - (۱۰۲۶ - ۱۰۱۷)

(۱۹) علم الاسترلاب - از ابوالحسن نیشاپوری - مورخہ ۱۱۲۸ - ۵۲۲

(۲۰) آثار الباقیہ - مصنفہ البیرونی - اس کتاب پر تفصیلی تنقید کیلئے ملاحظہ ہو فہرست کتب خانہ اڈنبرا یونیورسٹی ۱۶/۱

(۲۱) البلہان (نجوم عربی) (نایاب)

(۲۲) خواص الاشجار (عربی)

(۲۳) مفید الخاص - مصنفہ محمد بن ذکریا راضی (عربی) مملوکہ خاص سلطان ابوالفدا اسماعیل ابن ابوالمعالی - محمد بن الملک المنصور قلاون (۱۳۴۲ - ۷۴۳)

(۲۴) کلیات خواجہ کرمانی - مورخہ ۱۴۳۸ - ۸۴۱ - (نکیاب)

(*۲۵) دیوان شیخ علیقی - (نایاب)

(*۲۶) دیوان امیر شاہی (وفات ۱۴۵۳ - ۸۵۷) صفحہ اول پر شاہ عباس و جہانگیر و شاہ جہاں کے دستخط ثبت ہیں -

(۲۷) سد اسکندری - مصنفہ میر علی شیر نوائی (ترکی) ۱۴۸۵ - ۸۹۰ (نایاب)

(*۲۸) مجموعہ - اس نایاب مجموعہ میں میر علی ہراتی - محمد قاسم - سلطان محمد - (۳) سلطان محمد نور کی تحریروں کے نمونے درج ہیں - مورخہ ۱۵۲۴ - ۹۳۰ - حاشیوں پر اکبر - جہانگیر و شاہجہاں کے تصدیقی دستخط ثبت ہیں -

(۲۹) نظم الجواہر مصنفہ میر علی شیر نوائی - (ترکی) مورخہ ۱۴۸۵ - ۸۹۰ (نایاب)

(۳۰) خمسہ نظامی مورخہ ۱۵۴۷ - ۹۵۴ - اسکی نو تصویروں پر بہزاد کے دستخط ثبت ہیں - صفحہ اول پر جو عبارت درج ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مجموعہ کو شاہ ایران نے شاہ جہاں کو ہدیتاً بھیجا تھا - اس کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ایک خط بھی شامل ہے - جسے سلطان حسین مرزا ہراتی نے شاہ اسماعیل صفوی (۹۰۷ - ۱۵۰۲) کو بھیجا تھا - یہ خط تاریخی حیثیت سے نہایت اہم ہے - اس لئے کہ اس سے سلطان حسین و اسماعیل کے ان تعلقات کا پتہ چلتا ہے جو تاریخ میں دستیاب نہیں -

(*۳۱) مہر و مشتری - از عصمار (۱۳۷۷ - ۷۷۸) (نکیاب)

(۳۲) مخزن الاسرار از مولانا حیدر قلبہ (ترکی) مورخہ ۱۵۰۲ - ۹۰۸ (نایاب)

(*۳۳) مجالس العشاق - مصنفہ سلطان حسین ہراتی مورخہ ۱۵۰۳ - ۹۰۸ یہ نسخہ برٹش میوزیم کے نسخہ سے بہر نوع بہتر و قابل اعتبار ہے

(۳۴) ظفر نامہ - از شرف الدین علی نیروی - مورخہ ۱۴۲۶ - ۸۲۹ صفحہ اول اکبر اعظم کی تحریر درج ہے جس کے تحت میں جہانگیر کا تصدیقی دستخط ثبت ہے -

(۳۵) حمزہ نامہ -

(۳۶) مناقب العارفین - مصنفہ احمد الفلکی (سوانح فقرائے سلسلہ رومیہ) (نایاب)

(*۳۷) داستان جمال و جلال (مثنوی) از محمد آصفی مورخہ ۱۵۰۲ - ۹۰۸ یہ نسخہ انڈیا آفس لائبریری کے نسخہ سے زیادہ صحیح و قابل اعتبار ہے

(*۳۸) دیوان میر علی شیر نوائی - مورخہ ۱۴۷۱ - ۸۷۶ - یہ نسخہ برٹش میوزیم

نسخہ سے بدرجہا بہتر ہے۔

(۳۹) تحفۃ الاحرار۔ از جامی مورخہ ۸۸۲ - ۹۹۰ ۔ کتبہ خوندسالک بن میرک سمرقندی شاگرد جامی۔

(۴۰) جامع الاصول (حدیث) از مجدالدین الجزاری ۔ مورخہ ۸۳۵ - ۸۳۹ ۔

(۴۱) اقوال حضرت علی۔ عربی مع ترجمہ فارسی صفحہ اول پر شاہ عباس کا یہ دستخطی حکم۔ مورخہ ۱۰۰۶-۱۰۰۷۔ درج ہے کہ اسکی متعدد نقلیں مختلف حصص سلطنت میں بھیجی جائیں [۱]

(۴۲) آثار المظفر از مولانا نظام (تاریخ اوائل اسلام) مورخہ ۹۷۴ - ۹۷۶ ۔ یہ نسخہ نادر الوجود ہے ۔

(۴۳) صور الکواکب مترجمہ نصیر الدین طوسی (یزد۔ ۹۴۷-۱۰۴۰)

(۴۴) مجمع الاحادیث۔ مع ترجمہ فارسی از جامی۔ مورخہ ۹۶۳-۱۰۵۷ یہ نسخہ نادر الوجود ہے ۔

(۴۵) رسالہ در علم موسیقی و شاعری مورخہ ۱۰۴۳ - ۱۰۵۹ ۔

اس سے زیادہ واضح و مفصل تصنیف اس فن پر میری نظروں سے نہیں گزری مجھے اندرونی شہادت کے مطالعہ کا موقع قیمتی نہیں دستیاب ہوا لیکن جس حد تک میں نے اس بے مثل تصنیف کو دیکھا اس سے میں نے یہ اخذ کیا کہ یہ رشید الدین طواط کی وہ گم شدہ تصنیف ہے جس کا ذکر دوسری کتابوں میں ملتا ہے ۔

ضمیمہ (ب)

شبیہہ و تصویر

(۱) ایک اونٹ کی تصویر جسے مختلف درندے پھاڑ کر کھا رہے ہیں (۱۲۳۶ - ۶۳۳) یہ آخر دور عباسیہ کا عمل ہے ۔ اور اس سے ان خیالات کا اندازہ ہو سکتا ہے ۔ جو ایران میں عربوں کے خلاف موجود تھے ۔ تاریخی حیثیت سے یہ تصویر نہایت اہم ہے ۔

(۲) شبیہہ گوتم بدھ جسے "شکوفی" سے موسوم کیا گیا ہے ۔ (پندرھویں صدی عیسوی)

(۳) تصویر جنازہ اسفندیار۔ جنازہ کے لیجانے کا طریقہ و نیز مراسم عزا بالکل وہی ہیں جو آج بسلسلہ محرم رائج ہیں ۔ (چودھویں صدی عیسوی)

(۴) شبیہہ رشید الدین مرطواط ۔

(۵) شبیہہ حسین مرزا ہراتی ۔ عمل بہزاد ۔

(۶) شبیہہ شیبک خاں محمد خاں شیبانی ازبک وفات ۹۱۳ھ)

(۷) تصویر دو اونٹوں کی جو آپس میں لڑ رہے ہیں ۔ از بہزاد ۔ اس تصویر کی نقل نتھا مصور ہندی نے کی ہے ۔ (۱۶۰۰-۱۶۱۰) جس کی تصدیق شاہ جہانگیر کے دستخط سے ہوتی ہے ۔

(۸) تصویر شاہزادگان مصروف بہ شکار" عمل ایرانی جسے ہندوستانی مصور "دولت" [۲] نے اصلاح دی ہے ۔

(۹) شبیہہ حضرت علی ۔ فرشتوں کی معیت میں آسمان پر جاتے ہیں ۔

(۱۰) شبیہہ امیر علی شیر نوائی (۱۴۴۱-۱۵۰۱)

(۱۱) شبیہہ ہمایوں اکبر خورد سال (شبیہ بقلم مصطفیٰ عبدالصمد) ۱۵۵۰ء

(۱۲) شبیہہ بادشاہ سلیم (جہانگیر) از نامہ ایرانی مصور دربار اکبری ۔

(۱۳) شبیہہ مرزا کامران ۔ (کامران شاہ ہندی)

(۱۴) شبیہہ سلطان محمد مصور دربار شاہ طہماسپ صفوی)

(۱۵) شبیہہ شاہ طہماسپ ۔

(۱۶) شبیہہ میر سید علی کاتب ۔

(۱۷) شبیہہ مولانا ہاتفی (متوفی ۱۵۲۱) از بہزاد ۔

---

[۱] جن ناموں پر نشان (*) درج ہے اس کے دلچسپ اقتباسات کسی آئندہ صحبت میں انشاء اللہ پیش ہوں گے ۔

[۲] دولت عہد جہانگیری کا مشہور مصور تھا ۔

ضمیمہ (ج)

خوشنویس

(۱) محمد بن اظہر۔ ۱۴۸۵ء ۸۹۰ھ
(۲) میر حسین الکاتب الخاقانی الحسینی۔ ۱۵۴۳ء ۹۵۰ھ
(۳) محمود المنجم الخاقانی البخاری۔ ۱۵۴۷ء ۹۵۳ھ
(۴) خواجہ جمال بخاری۔ ۱۵۴۷ء ۹۵۴ھ
(۵) [illegible] ہروی۔ ۱۵۸۴ء ۹۹۲ھ
(۶) [illegible] علی السلطانی۔ ۱۵۳۴ء ۹۴۱ھ
(۷) علی الکاتب۔ ۱۵۲۵ء
(۸) داؤد خرج الق[illegible] ۱۴۶۲ء ۸۶۸ھ
(۹) شیخ محمود الشیرازی۔ ۱۴۶۰ء ۸۶۵ھ
(۱۰) علاء الدین رضاعی۔ ۱۵۶۲ء ۹۷۳ھ
(۱۱) سلطان علی ہراتی۔ ۱۴۸۰ء ۸۸۵ھ
(۱۲) سلطان علی المشہدی۔ ۱۴۵۵ء ۔ ۸۶۳ھ
ابن محمد المشہدی۔
(۱۳) عبداللہ ہراتی۔ ۱۴۳۰ء ۔ ۸۶۳ھ
(۱۴) میر حسین الساحر التبریزی۔
(۱۵) ناصر کتابدار ۱۶۴۹ء ۱۰۵۹ھ
(۱۶) محمود الکاتب الحسینی الشیرازی۔ ۱۴۲۰ء ۸۲۳ھ
(۱۷) جعفر بایسنغری (تبریزی) ۱۴۲۰ء ۸۳۰ھ
(۱۸) علی فاخر الاشترخانی ۱۴۳۵ء ۸۳۹ھ
(۱۹) میر شیخ محمد بن شیخ احمد ۱۴۷۸ء ۸۸۳ھ
(۲۰) شاہ قاسم الحسینی۔ ۱۴۹۷ء ۹۰۲ھ
(۲۱) محمد امین ۱۶۱۷ء ۱۰۲۶ھ
(۲۲) شاہ محمود نیشاپوری ۱۵۳۹ء ۹۴۶ھ
(۲۳) احمد بیہقی ۱۱۲۸ء ۵۰۲۲ھ
(۲۴) ابن القطبی ۱۳۰۷ء ۷۰۷ھ
(۲۵) حسن بن علی بن حسین البہنی ۱۳۳۰ء ۷۳۱ھ
(۲۶) عبدالصمد بن محمد البیضاوی ۱۳۲۰ء ۷۲۰ھ
(۲۷) لطف اللہ بن یحیٰی بن محمد ۱۳۹۳ء ۷۹۶ھ
(۲۸) عبدالمومن العلاوی الکاشی ۱۳۱۳ء ۷۱۳ھ
(۲۹) جعفر بایسنغری ۱۴۳۳ء ۸۳۷ھ
(۳۰) محمد بن محمد الحنفی الشتاقی ۱۴۴۳ء ۸۴۷ھ
(۳۱) علی بن یحیٰی الحسینی۔ ۱۴۵۲ء ۸۵۶ھ
(۳۲) بایزید بن ابراہیم التبریزی ۱۴۳۸ء ۸۴۲ھ
(۳۳) نصر بن حسن السمکی۔ ۱۴۵۲ء ۸۵۶ھ
(۳۴) محمد بن عماد النیشاپوری ۱۴۶۲ء ۸۶۶ھ
(۳۵) میر حسین عرف کلنگی ہراتی ۱۴۹۲ء ۸۹۸ھ
(۳۶) میر عماد الحسینی۔ آخر پندرھویں صدی عیسوی۔
(۳۷) مرشد شیرازی۔ عرف عطار ۱۴۸۱ء ۸۸۶ھ
(۳۸) علی الحسینی ۱۵۰۴ء ۹۱۰ھ
(۳۹) سلطان محمد نور آخر چودھویں صدی عیسوی
(۴۰) عنایت اللہ شیرازی ۱۵۵۶ء ۹۶۴ھ
(۴۱) عبدالخالق ۱۵۴۱ء ۹۴۸ھ
(۴۲) میر علی ۱۵۳۰ء ۹۳۷ھ
(۴۳) مرشد الدین محمدی ۱۵۰۶ء ۹۱۲ھ
(۴۴) ابراہیم خلیل بخاری ۱۵۲۳ء ۹۲۹ھ
(۴۵) احمد المنشی مصری ۱۳۳۸ء ۷۳۸ھ
(۴۶) محمد بن حاجی الحافظ ۱۴۳۵ء ۸۳۹ھ
(۴۷) باباشاہ اصفہانی ۱۵۶۹ء ۹۷۷ھ
(۴۸) حاجی محمد بن ملک احمد تبریزی ۱۵۳۱ء ۹۳۸ھ
(۴۹) عبدالرشید ۱۶۲۲ء ۱۰۳۲ھ
(۵۰) محمد قوام شیرازی (سولہ صدی عیسوی)
(۵۱) حسن بن محمد احسان شیرازی ۱۵۶۰ء ۹۶۷ھ
(۵۲) فرید الکاتب ۱۵۵۱ء ۹۵۹ھ
(۵۳) بابا مبرک تاشقندی ۱۵۵۸ء ۹۶۶ھ
(۵۴) عیشی ۱۵۳۷ء ۹۴۴ھ

ضمیمہ (د)

مصور و نقاش

(۱) معین مصور ۷۸-۱۶۵۵-۱۰۸۹-۱۰۶۶
(۲) شیخ محمد ۱۵۵۶-۹۶۴
(۳) محمود مصاحب بخاری سولھویں صدی
(۴) قاسم علی ہراتی ۱۴۸۵-۸۹۰-
(۵) حیدر علی ابن بہزاد
(۶) منظر علی برادر زادہ بہزاد
(۷) مقصود شاگرد بہزاد
(۸) شیخ زادہ ۱۵۱۰-۹۱۷-
(۹) عبداللہ سولھویں صدی
(۱۰) سید علی بن سید محمد ۱۵۴۰ء
(۱۱) محمد ہروی مصور دربار شاہ طہماسپ ۱۵۲۲-۹۲۸
(۱۲) رضا عباسی ۱۶۴۲-۱۵۷۸ء
(۱۳) ابوالحسن غفاری کاشانی ۱۸۶۰
(۱۴) محمد مومن ۱۵۵۰
(۱۵) مبرک ۱۵۰۰
(۱۶) خسرو اورنگ ۱۶۰۰ء
(۱۷) محمد سلیم تبریزی ۱۶۳۹-۱۰۴۹
(۱۸) مراد بن علی ۱۶۰۲-۱۰۱۱
(۱۹) شاہزادے بہرام خوقندی - سترھویں صدی
(۲۰) محمد یوسف ۱۶۲۵
(۲۱) بہرام عباسی "
(۲۲) مرزا نور اللہ "
( ) محمد علی سترھویں صدی
شاہ قلی "
ولی جان "
محمد زمان[۱] "

ضمیمہ (ر)

متفرقات

(۱) کیانی سپاہی کا بت (چوتھی صدی قبل مسیح) یہ بت جزیرہ تھسلی میں پایا گیا جس سے کیانی اثرات کی وسعت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ اس کا لباس کوہ قاف کے باشندوں کی پوشاک سے ملتا ہے (نمبر ۱ - ب)
(۲) پارتھین دیوی "اناہیت" کا بت۔ دنیا کی تاریخ بت سازی کی یہ ایک اہم کڑی ہے۔ (نمبر ۱۰، ڈبلو)
(۳) کاسہ جس پر انگسر سیز (پانچویں صدی قبل مسیح) کا نام فارسی۔ بابلی۔ مصری و آلامی زبانوں میں درج ہے۔ یہ پیالہ کیانی سلطنت کی وسعت کا بین ثبوت ہے۔ (نمبر ۱۲)
(۴) دروازہ جس پر عبارت بخط کوفی درج ہے۔ مورخہ سنہ ۳۶۳ھ مطابق سنہ ۹۷۳ء۔ (نمبر ۸۰)
(۵) شطرنج کے مہرے جنہیں ہارون الرشید نے شہنشاہ شارلمین کے پاس بطور ہدیہ بھیجے تھے۔ (نمبر ۹۱) ف۔
(۶) طشتری (مورخہ ۱۲۱۰ - ۶۰۷) اس پر جمشید و شیریں کے غسل کا جو منظر ہے وہ نظامی کے بیان کردہ واقعات سے مختلف ہے۔ اس سے اس امر کی تائید ہوتی ہے کہ نظامی نے مروجہ قصہ میں بہت سی ترمیمات کی تھیں۔ نمبر (۱۵۹) کیو
(۷) عباسی علم (تیرھویں صدی عیسوی) اسپر بلوی عباس ناصر الدین [illegible] بیت رکھتی ہے نمبر (۱۰۴) جی
(۸) سلطان حسین مرزا ہراتی کا خاص جام شراب۔ نمبر (۱۹۳) زڈ
(۹) شاہنشاہ الجایتو خدا بندہ (۱۶-۷۰۳) کا خاص گنبد۔ نمبر (۲۲۹) کیے
(۱۰) قالین ریشمی جسے شاہ عباس اول نے درگاہ مشہد ہی میں پیش کیا تھا۔ یہ قالین ہندوستان کا تیار کردہ تھا۔ نمبر (۲۵۲)
(۱۱) تصویر کردہ ارض میتل کے گنبد پر۔ اسپر شرف فلک عباسی درج تھی جو قابل لحاظ ہے۔ عمل کمترین غلامان ضیاء الدین محمد بن ملا عیسی بن فتح التعداد منجم شاہی لاہور سنہ [illegible] (۱۶۶۳ء) "
(۱۲) استرلاب مملوکہ سلطان بایزید ثانی شہنشاہ ترکی (۱۵۱۲-۱۴۸۱)
(۱۳) ریشمی پٹکا مرسلہ آصف جاہ نظام حیدر آباد (۱۷۶۹-۱۱۵۹) بجدمت

[۱] شاہ عباس ثانی کے زمانہ کے مشہور مصور۔ نمبر [illegible] الف

باغبان
ٹیگور کے ادبی پھول

(از جناب مولینا عبدالمجید صاحب سالک۔ بی اے۔ مدیر انقلاب لاہور)

"اے نوجوان! ہمارے پاس آ۔ ہمیں سچ سچ بتا۔ تیری آنکھوں میں اتنی دیوانگی کیوں ہے؟"

"میں نہیں جانتا۔ میں نے جنگلی پوست کی کیسی تیز شراب پی ہے کہ میری آنکھوں میں اتنی دیوانگی اور مستی ہے۔"

"او! شرم!"

"دیکھو۔ بعض عقلمند ہیں۔ اور بعض بے وقوف۔ بعض ہشیار اور چوکنے ہیں۔ اور بعض بے پروا۔ بعض آنکھیں مسکراتی ہیں۔ اور بعض آنکھیں روتی ہیں ـــــ میری آنکھوں میں مستی ہے"

"اے نوجوان! تو درخت کی چھاؤں میں کیوں اس قدر ساکن و خاموش کھڑا ہے؟"

"میرے پاؤں میرے دل کے بوجھ سے سست ہو رہے ہیں۔ اور میں چھاؤں میں ساکن کھڑا ہوں"

"او! شرم!"

"دیکھو بعض اپنے راستے پر چلے جاتے ہیں۔ اور بعض ٹھیرے رہتے ہیں۔ بعض آزاد ہیں۔ اور بعض پابزنجیر ـــــ اور میرے پاؤں میرے دل کے بوجھ سے سست ہو رہے ہیں۔"

(۲)

"جو کچھ تو مجھے اپنی مرضی سے عطا کر دیتی ہے لے لیتا ہوں۔ میں زیادہ کچھ نہیں مانگتا۔"

"ہاں۔ ہاں۔ میں تجھے جانتی ہوں۔ شرمیلے بھکاری! تو تو جو کچھ کسی کے پاس ہو۔ سب کچھ مانگ لیتا ہے۔"

"اگر مجھے ایک یونہی پڑا ہوا پھول بھی اٹھا کے دیدیا جائے۔ میں اسے اپنے دل میں رکھ لوں گا"

"لیکن اگر کانٹے ہوں؟"

"میں انہیں جھیل لوں گا"

"ہاں۔ ہاں۔ میں تجھے جانتی ہوں۔ شرمیلے بھکاری۔ تو تو جو کچھ کسی کے پاس ہو سب کچھ مانگ لیتا ہے۔"

"اگر صرف ایکبار تو محبت کی نگاہیں اٹھا کر میرے چہرے کو تک لے۔ تو میری زندگی موت کے بعد تک خوشگوار ہو جائے۔"

"لیکن اگر صرف غصے کی بے رحم نگاہیں ہوں؟"

"میں انہیں اپنے دل میں چبھونے اور خلش کرنے کے لئے رکھ لونگا"

ہاں۔ ہاں۔ میں تجھے جانتی ہوں۔ شرمیلے بھکاری! تو تو جو کچھ کسی کے پاس ہو۔ سب کچھ مانگ لیتا ہے۔"

(۳)

"محبت پر بھروسہ رکھو۔ اگرچہ وہ رنج و اندوہ ہی لائے اپنے دل کو بند نکرو۔"

"آہ۔ نہیں۔ میرے دوست! تمہارے لفظ تاریک ہیں۔ میں انہیں سمجھ نہیں سکتا۔"

"میرے پیارے۔ دل صرف اس لئے ہے۔ کہ ایک آنسو اور ایک گیت کے ساتھ دیدیا جائے۔"

"آہ۔ نہیں۔ میرے دوست! تمہارے لفظ تاریک ہیں۔ میں انہیں سمجھ نہیں سکتا۔"

"خوشی ایک قطرۂ شبنم کی طرح کمزور ہے۔ یہ ہنستی ہوئی مرجاتی ہے۔ لیکن غم مضبوط اور پائدار ہے۔ غمناک محبت کو اپنی آنکھوں میں بیدار رہونے دو۔"

"آہ۔ نہیں۔ میرے دوست۔ تمہارے لفظ تاریک ہیں میں انہیں سمجھ نہیں سکتا۔"

(ٹیگور)

"کنول سورج کے سامنے کھلتا ہے۔ اور اپنا سب کچھ کھو دیتا ہے۔ وہ نہیں چاہتا۔ کہ موسم سرما کی جاودانی دھند میں کلی بن کے رہ جائے۔"

"آہ۔ نہیں میرے دوست۔ تمہارے لفظ تاریک ہیں میں انہیں سمجھ نہیں سکتا۔"

(سالک)

غزل

(از جناب محمد اصطفا خاں مالک کارخانہ صغر علی محمد علی لکھنؤ)

دوئی ہے کیا یہ عدیم المثال کیا جانے
زوال کیا ہے یہ وہ لازوال کیا جانے

تڑپ تڑپ کے گذرتے ہیں راتدن کیونکر
جو مطمئن ہو مرے دل کا حال کیا جانے

ہزار کرتے ہیں تیمار دار دلسوزی
مریضِ غم کی کوئی دیکھ بھال کیا جانے

جو اپنے حسن میں اوجِ کمال پر پہونچے
وہ ہم سے خاک نشینوں کا حال کیا جانے

ہے شادکام تو اک کامیاب وصل ضرور
مگر وہ لذتِ شوقِ وصال کیا جانے

اسے کسی کے کرم پر بڑا بھروسہ ہے
گناہگار گنہ کا مآل کیا جانے

جو التفات کہ ہے باغباں کا پھولوں سے
بھلا وہ سبزہ کہ ہے پائمال کیا جانے

وہ محو اپنی تجلی کی برق پاشی میں
کسے ہے ہوش یہ سحرِ جمال کیا جانے

جو حکم دو بسر و چشم ہر طرح منظور
تمہارا بندہ کوئی قیل و قال کیا جانے

جسے نہ اپنی خبر بھی رہے تصور میں
خیالِ غیر وہ محوِ خیال کیا جانے

خدا کسی کو کبھی صاحبِ غرض نہ کرے
سخی ہے کون؟ یہ دستِ سوال کیا جانے

جھکی ہوئی بہ ہزاراں نیاز پیشانی
نتیجۂ عرقِ انفعال کیا جانے

جو اصطفا سا کسی کا ہو باوفا عاشق
وہ بے وفائی کا اپنے مآل کیا جانے

نواب نصیر حسین صاحب خیال کی ایک غیر مطبوعہ تحریر:-

خالاؤں کا مارا۔ آغا

{ سید محمد باقر صاحب بی۔ اے۔ آنرز۔ جو ایم اے میں دو برس تک لکھنؤ یونیورسٹی میں ریسرچ اسکالر رہے۔ جہانتک ہمارا حافظہ کام کرتا ہے۔ آپ لکھنؤ یونیورسٹی کے فیلو بھی تھے۔ اور آپ کا ارادہ تھا کہ آپ مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے انگلستان کا سفر کریں۔

آپ کے پاس نواب نصیر حسین صاحب خیال کے مضامین پر مرحوم خیال صاحب کے اپنے قلم سے لکھے ہوئے نوٹ ہیں۔ یہ نوٹ اس انداز میں لکھے گئے ہیں گویا کوئی دوسرا شخص لکھ رہا ہے۔ لیکن ان میں جو معلومات اور حقائق ہیں وہ بے حد قیمتی اور قابلِ قدر ہیں۔

سید محمد باقر صاحب نے ایک نوٹ ہمیں دیکھنے کے لئے بھیجا تھا۔ جو درج ذیل ہے۔ اگر کوئی صاحب سید محمد باقر صاحب سے معاملہ کر سکیں یا انہیں آمادہ کر سکیں تو اردو ادب میں ایک اچھی کتاب کا اضافہ ہو سکتا ہے۔ }

ادارہ

۱۹۱۲ء میں حسب معمول ایک اتوار کو جناب خیال کے یہاں (کلکتہ) اردو ادب و انشا کے شائقین کی صحبت گرم اور اس زبان کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی۔ کہ ان میں سے ایک صاحب نے فرمایا کہ اردو نظم و نثر میں وٹ (wit) یعنی سنجیدہ ظرافت کی بہت کمی ہے اور اس زبان پر نظر کر کے کہا جا سکتا ہے کہ اس میں ایسی ایجاد اور اس طرز کا نباہ آسان نہیں۔ جناب خیال نے بھی اس کا اعتراف کیا۔ اور جب سے موصوف اس صنف کو بھی اردو نثر میں داخل کرنے کے خیال میں رہے۔

اس سال کی گرمیوں میں جناب خیال دارجلنگ (پہاڑ) گئے وہاں فرصت تھی اور تخلیہ۔ احبابِ وطن کی یاد آتے ہی اردو کے متعلق اُن کا وہ قول بھی یاد آ گیا۔ سوچتے رہے۔ ایکدن طبیعت لڑی اور آغا کا وہ دلچسپ قصہ شروع ہو گیا جسے اردو ادبی دنیا نے لاجواب اور اس زبان میں ایک نئی طرز کی ایجاد کو تسلیم کیا ہے!

یہ سرگزشت تمام ہوتے ہی الہ آباد کے رسالۂ ادیب کو اشاعت کے لئے بھیجدی گئی کہ وہ پرچہ اُس وقت ملک میں شہرہ اور فرد مانا جاتا تھا۔ ستم رسیدہ آغا کی داستانِ پاستان ۱۹۱۳ء کے ادیب کے کئی نمبروں میں شائع ہوئی۔ اس عجیب و غریب قصہ پر رسالہ کے خوش مذاق و فاضل مرتب (مولوی قاسم حسین بہاری) نے حسبِ ذیل نوٹ تحریر کیا۔

> جس طرح چاشنیٔ کلام کے لئے مثل اور ذائقہ زبان کے لئے نمک درکار ہے۔ اسی طرح تفریحِ دماغ کے لئے مذاق آمیز ظرافت بھی چاہئے۔ اس کی مثال ذیل کی داستان میں دکھائی گئی ہے۔ جو نواب سید نصیر حسین خانصاحب خیال کے زورِ قلم کا نتیجہ ہے۔ مضمون کی دلچسپی کو انداز بیان اور بڑھا دیتا ہے اور یہ **حضرت خیال کا حصہ ہے!**

(ایڈیٹر رسالہ ادیب - جنوری ۱۹۱۳ء)

اس مضمون نے ملک میں ایک غلغلہ بلند کیا۔ بچہ بچہ کی زبان پر اس کا ذکر اور آغا کا قصہ چڑھا ہوا تھا۔ مس فرحا کا نام گھروں میں روشن اور انکی پیاری بُسی (بلی) سے ہر ایک کو اُلفت اور میاں مٹھو (بلا) سے

یوں نفرت دکھائی دیتی تھی۔ جیسے یہ کہانی سچی اور آغا طاہر پر گذری ہوئی۔ اور حسن و عشق کی ایک بولتی اور چلتی ہوئی تصویر ہے! اس قصہ کا ابھی ایک ہی حصہ نکلا تھا۔ کہ اڈیٹر ادیب کے پاس اس کے متعلق مبارکباد و اظہار پسندیدگی کے خطوط آنا شروع ہوئے۔ فاضل مرتب اس کا تیسرا نمبر (حصہ) شائع کرتے وقت بصد مسرت یہ نوٹ درج رسالہ کیا:۔

اس مضمون کی جیسی حیرت انگیز عالمگیر پسندیدگی ہوئی ہے اُس سے نقادانِ فن کی نکتہ سنجی اور زندہ دلانِ اردو کی شگفتگی طبع و مذاقِ سلیم کا کافی ثبوت ملتا ہے۔ اور ہمیں بخوبی اس کا اندازہ ہو گیا کہ اردو کی دنیا کیر کٹر (عادات و خصائل) نگاری کا خیر مقدم کرنے کو تیار ہے اس بنا پر ہمارا یہ کہنا فضول نہ ہوگا کہ اس طرز انشا پردازی میں بھی ہماری زبان یورپ کی زبانوں سے پیچھے رہنا نہیں چاہتی .....

بہرحال پسندیدگی کے جتنے حوصلہ افزا پیغامات قدر دانانِ ادیب نے بھیجے تھے۔ نہایت شکریہ کے ساتھ نوابؔ خیال کے پاس بھیج دیئے گئے۔ اور واقعی ممدوح ہر طرح مستحق داد ہیں! (اڈیٹر رسالہ ادیب مارچ ۱۹۱۲ء)

یہ مضمون اپنے ادب و طرز میں یگانہ اور واقعی نرالا تھا۔ اور اس لئے اس کی جتنی واہ واہ نہوئی ہو اور نہ ہو وہ کم ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ عام طور پر اس کا اصل منشا و مطلب نہیں سمجھا گیا۔ یہ داستان وہ بوستانِ خیال نہیں ہے جس کے چمن میں بہ ظاہر خوشنما پھول تو نظر آئیں لیکن انہیں بُو باس نہ ہو۔ بلکہ یہ وہ گلستاں ہے جس کے گل ہمیشہ خوشبو دار اور سدا بہار رہیں گے۔

جناب خیال کی تحریروں سے واقف کار جانتے ہیں کہ ان کا کوئی حرف بیکار و فضول نہیں ہوتا۔ اس لمبی داستان کا بھی یہی حال ہے۔ اس بیان میں ممدوح نے حقیقتاً ہماری موجودہ شعر و شاعری اور اس کے پرستار شعرا کی وہ ہجو ملیح (Satire) کی ہے جس کا جواب ممکن نہیں!

زمینِ ایران۔ زمین شعر کہی گئی ہے۔ اس مناسبت سے آغا طاہر وہیں کی خاک سے اُٹھایا گیا۔ اور پھر یورپ اس لئے پہونچایا گیا کہ وہاں کی زمین اب بیکار گل نہیں کھلاتی۔ شاید آغا طاہر اس نئی اور سائنٹیفک دنیا کا اثر پڑے۔ اور وہ بھی باکار ہو جائے۔ لیکن اپنے گھر میں اُس کی جو گڑ بڑ چکی تھی۔ بنتی کیونکر؟ نظام الملک (آغا کا چچا) اسپر برہم ہو کر نصیحت کرتا ہے کہ

"بابا عجب ہیچ کارہ شدۂ۔ نہ پیش من مے آئی۔ نہ نگاہے حساب و کتاب ہیچ۔ راہی نہ بینی۔ نوکر شاید دیوانہ شدۂ شنیدم یک مثنوی لیلیٰ و مجنوں ترتیب دادۂ۔ و بآں فخر ہم می کنی حیف۔ لاحول ولا! (ایں زمان انجور دطور) نظم بازی و بیہودہ سری! نوکر تا حال نہ زبان فرانسہ کہ کلید ہر گونہ دانش است۔ یاد گرفتی و نہ از دیگر ہنر ہائے دنیا چیزے بہرہ حاصل کردی! فرزند من۔ افسوس دنیائے تو ہم مثل ملا ہائے ایران ہنوز بر پشتِ گاؤ۔ و ماہی ست۔ طاہر بہ انداز ایں قصہ پارینہ را ؎

ایں دفترِ بے معنی غرقِ مئے ناب اولے!"

مگر ہمارے شاعر آغا صاحب کھڑے سن رہے ہیں اور اس کا کوئی معقول جواب نہیں دیتے! پھر نظام الملک کے بعد اپنے کرتوت کی بدولت جب ان کی حالت نازک ہو جاتی ہے اور سولمن (ان کے چچا کا دوست) ان پر رحم و کرم کرنا چاہتا ہے تو ان سے سوال کرتا ہے کہ از ہنر ہائے دنیا چہ یاد گرفتہ؟ تو آپ کو لک کر فرماتے ہیں۔ کہ

من۔ من شاعر ہستم۔ شاعرِ پُر ہنر و پُر گو و نکتہ سنج فصیح اللسان و شیریں و نازک بیان۔ رشکِ فردوسی۔ و قاآنی۔ منم کہ ہیولا را مجسم کردم۔ روح بخشیدم۔ برہنہ بود۔ لباسِ نورانی عطا فرمودم ؎

عیسیٰ منم کہ روح بہ بخشم بہ مردہ شعر۔ مارا لقب نہند مسیحائے شاعری! شاگردِ رحمٰن ہستم۔ لاکن کارِ استاد می کنم۔ غیر از شاعری ہنر ہا کہ ہیچ!

حیاتین

(از جناب رئیس الاطبا حکیم محمد حسن صاحب قرشی پرنسپل طبیہ کالج لاہور)

۱۹۱۲ء میں بعض محققین نے متواتر تجربات کے ذریعے ثابت کر دیا تھا۔ کہ اگر حیوانوں کو مصنوعی طور پر تیار کی ہوئی ایسی غذا دیجائے جس میں صرف غذا کے کیمیاوی اجزا یعنی نائٹروجینی اجزا۔ مواد نشائیہ معدنی نمکیات۔ چربیلے اجزاء اور پانی ہی شامل ہوں۔ تو ان کی صحت کو قائم رہنا محال ہے۔ لیکن اگر ان میں قدرے تازہ اور طبعی غذا مثلاً دودھ کی آمیزش بھی کر دی جائے تو صحت اعتدال پر رہتی ہے اور اس میں کسی طرح کا نقص پیدا نہیں ہوتا اس سے محقق ہاپکن نے نتیجہ نکالا۔ کہ غذا میں علاوہ معلومہ کیمیاوی اجزا کے بعض ایسے نامعلوم اجزا بھی موجود ہوتے ہیں۔ جو زندگی اور صحت کے لئے لازمی ہیں ان کو اس نے غذا کے اجزاء خاص یا زائد کے نام سے نامزد کر دیا لیکن اس کے بعد پروفیسر فنک نے اپنی تحقیقات میں غذا کے ان اجزائے خاص کے لئے جو مرض بیری بیری کو روکتے ہیں۔ حیاتین (وٹامین) کی اصطلاح استعمال کی۔ جواب عام طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

حیاتین وہ خاص اجزاء ہیں۔ جو انسانوں اور حیوانوں کی تمام طبعی اغذیہ میں موجود ہوتے ہیں۔ لیکن تاحال ان کی کیمیاوی ترکیب معلوم نہیں ہوئی۔ اور نہ ہی ان کو طبعی غذا سے الگ کر کے دکھایا جا سکا ہے۔ ان کی موجودگی کا ثبوت کیا گیا ہے۔ کہ حیوانات صرف ایسی غذا دینے سے مر جاتے۔ یا کسی خاص مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ جس میں صرف خاص کیمیاوی اجزائے غذائیہ پائے جاتے ہیں۔ حیاتین کے متعلق تفتیش جاری ہے۔ مگر ابھی تک یہ ثابت نہیں ہو سکا۔ کہ آیا یہ حیوانی اجسام کی ترکیب میں بھی پائے جاتے ہیں یا نہیں۔ البتہ یہ معلوم ہو چکا ہے کہ حیوانات ان کو اپنی نباتی غذاؤں سے حاصل کر کے جسم میں جمع رکھتے ہیں۔ لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ یہ حیوانی اجسام کی ترکیب میں بھی شامل ہوں گے۔

یونتو آج تک کے تجربات سے چھ سات قسم کی حیاتین معلوم ہو چکی ہیں۔ لیکن ان میں سے مندرجہ ذیل پانچ قسم کی حیاتین زیادہ اہم ہیں۔

حیاتین۔ (الف) حیاتین (ب) حیاتین۔ (ج) حیاتین (د) اور حیاتین (ذ) ان میں سے بھی اول الذکر تین ایسی ہیں۔ جو زندگی کے تحفظ اور صحت کے بقا میں خاص اہمیت رکھتی ہیں۔

(یادداشت) چونکہ حیاتین کی کیمیاوی ترکیب ابھی تک معلوم نہیں ہوئی۔ اور نہ ہی مختلف قسم کی حیاتین کا باہمی کیمیاوی فرق معلوم ہے صرف مختلف تجربات کے لحاظ سے ہی ان کے وجود کو اور ان کو مختلف اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اس لئے اس کی قسموں کے نام الف۔ ب ج۔ د۔ ذ۔ وغیرہ۔ حروف تہجی پر رکھ دیئے گئے ہیں۔

حیاتین (الف) یہ حیوانوں کے نشوونما کے لئے ضروری ہے اور یہ خیال کیا گیا ہے کہ بچوں کی خوراک میں اس کی غیر موجودگی ان کے نشوونما کو روک دیتی اور ان میں مرض کساح کو پیدا کر دیتی ہے۔ جوانوں کے لئے یہ بہت زیادہ ضروری نہیں ہے۔ وہ بغیر اپنی صحت پر کسی خراب اثر کو محسوس کرنے کے کچھ عرصہ اس کے بغیر گذار سکتے ہیں۔ یہ حیاتین پانی میں حل نہیں ہوتی لیکن چربیوں میں حل ہو جاتی ہے۔ اور حرارت کے ذریعے بآسانی تباہ نہیں ہو سکتی۔ بلکہ کچھ دیر کے لئے ۲۱۲ درجے کی فارن ہیٹ

حرارت پر گرم کی جا سکتی ہے۔ البتہ چار گھنٹے تک اس درجے کی حرارت پر رکھے رہنے سے بتدریج ضائع ہونا شروع ہو جاتی ہے یہ طبعی طور پر نباتات کے سبز پتوں اور بعض قسم کے بیجوں میں پائی جاتی ہے۔ لیکن نباتی تیلوں میں نہیں پائی جاتی۔ چنانچہ یہ بالعموم دودھ مکھن۔ بالائی۔ انڈے کی زردی۔ پنیر۔ سبز نبات بعض قسم کے غلوں۔ چربی دار گوشت مچھلی اور دوا کے طور پر تیار کئے ہوئے مچھلی کے تیل (کاڈلیور آئل) میں پائی جاتی ہے۔ یہ گندم کی روٹی اور نباتی تیلوں مثلاً روغنِ زیتون وغیرہ میں نہیں پائی جاتی۔ البتہ ڈبوں کے خشک دودھ میں ہوتی ہے۔ جو ولایت سے بند ہو کر آتے ہیں۔

حیاتین (ب) یہ زندگی کے لئے نہایت ضروری ہے۔ غذا میں اس کی غیر موجودگی سے بچوں کی پرورش میں فوری کمی رونما ہوتی ہے۔ اور ہر عمر کے انسانوں یا حیوانوں کے اعصاب میں ایک قسم کا التہاب پیدا ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک خاص قسم کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ جس کو مرض بیری بیری کہتے ہیں۔ چنانچہ حیاتین کی تمام تر تحقیقات مرض بیری بیری کی تحقیقات ہی کی رہینِ منت ہے۔ کیونکہ بیری بیری کی تحقیقات کے سلسلے میں ہی حیاتین کی موجودگی کا علم ہوا ہے۔ اور سب سے پہلے حیاتین (ب) معلوم کی گئی تھی۔ یہ حیاتین پانی میں حل ہو جاتی ہے اور تیز حرارت پہنچنے پر زائل ہو جاتی ہے۔ یہ تازہ اور خشک انڈوں سبز ترکاریوں۔ آلوؤں۔ گوشت۔ اور دودھ میں بھی پائی جاتی ہے۔ مچھلی تمام قسم کی چربیوں۔ میدے ٹینوں کی خوراکی اشیاء جو ولایت سے بند ہو کر آتی ہیں۔ ان میں اور ولایتی بخنیوں میں یہ حیاتین بالکل نہیں پائی جاتی۔ مکی۔ چاولوں اور گندم وغیرہ کے چھلکے میں یہ ہوتی ہے۔

حیاتین (ج) غذا میں اس کی غیر موجودگی ایک خاص قسم کا مرض اسکربوطی (سکروی لثہ دامیہ) پیدا کر دیتی ہے یہ تازہ سبزیوں اور ترکاریوں مثلاً۔ کاہو۔ گوبھی۔ کرم کلا۔ مولی شلغم۔ ٹماٹر۔ کسی قدر آلو۔ گاجر۔ لوبیا۔ چقندر۔ بعض پھلوں۔ مثلاً لیموں۔ نارنگی وغیرہ اور ان کے رسوں میں پائی جاتی ہے۔ بعض قسم کے گوشتوں اور غلوں میں بھی پائی جاتی ہے۔

حیاتین (د) یہ بھی حیاتین الف کی مانند ہوتی ہے اور دودھ مکھن۔ گھی۔ روغن ماہی وغیرہ میں بکثرت پائی جاتی ہے۔ اس کی عدم موجودگی بھی جسم کے نشو و نما پر اثر انداز ہوتی ہے۔

حیاتین (ذ) غذا میں اس کی عدم موجودگی قابلیتِ تولید کو زائل کر دیتی ہے۔ چنانچہ جن عورتوں یا مردوں کی غذا میں یہ بالکل شامل نہیں ہوتی۔ ان کے ہاں بچے پیدا نہیں ہو سکتے یہ زیادہ تر کاہو۔ چنے کی دال۔ گندم کے چھلکوں۔ انڈے کی تازہ زردی۔ گائے کی کلیجی۔ روغن زیتون اور مغز پنبہ دانہ میں پائی جاتی ہے۔ دودھ میں یہ بالکل نہیں پائی جاتی۔

چھٹی قسم کی حیاتین ابھی زیرِ تحقیق ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ مرض بلاجرا اور دیگر کئی ایک خاص خاص امراض جو جنگِ عظیم کے دوران میں خصوصاً ان اشخاص میں رونما ہوئے ہیں۔ جن کو دورانِ جنگ میں محدود غذا ملتی رہی ہے۔ خاص حیاتین کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوئے ہیں۔ اس لئے ممکن ہے مزید تحقیقات میں ابھی اور کئی قسم کی حیاتین کا انکشاف ہو۔

ذیل کے نقشہ میں مختلف قسم کی اغذیہ میں حیاتین الف ب۔ ج۔ کی مقدار کے تناسب کو ظاہر کیا گیا ہے۔ چنانچہ نشان تین جمع (+++) سے مراد یہ ہے کہ اس میں بہت عمدہ مقدار حیاتین ہے دو جمع (++) کا مطلب ہے کہ اس میں صرف عمدہ مقدار حیاتین ہے اور صرف ایک جمع (+) کا نشان اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ اس میں اچھی خاصی مقدار حیاتین ہے۔ ایک خانے میں عمدہ اجزائے ملحمہ پروٹین کو درج کیا گیا ہے۔ جن کے بغیر غذا کی تکمیل نہیں ہو سکتی۔

حیاتین الف	حیاتین ب
کاڈ مچھلی کے جگر کا تیل +++	مختلف قسم کے غلے ++
مکھن ++	خشک باقلا۔ مٹر اور دالیں ++
انڈے کی زردی ++	انڈے کی زردی ++
جگر ++	جگر۔ دل۔ بانقراس دماغ اور گردے ++

حیاتین الف

شحم بقر + +
دل +
بکرے کے گوشت کی چربی +
دودھ +
ہیرنگ مچھلی +
تازہ سبزیاں + +

حیاتین ب

میوہ جات اور سبزیاں +
مغزیات + +
خمیرہ + + +

حیاتین "ج"

تازہ میوہ جات خصوصاً لیموں۔ انانج
انگور اور ٹماٹر + + +
رس بھری۔ سیاہ بھری + +
شفتالو۔ آڑو۔ آلوبخارا + +
دیگر میوہ جات +
کچی تازہ سبزیاں + +
پکی ہوئی سبزیاں + + +
اگر تھوڑی دیر تک پکائی جائیں تو +
آلو +
شلغم +

عمدہ اجزائے ملحمہ

گوشت۔
انڈے۔
دودھ اور پنیر
مچھلی

ذیل میں ایک اور نقشہ دیا جاتا ہے۔ جس میں عام غذاؤں میں مختلف قسم کی حیاتین کا تناسب واضح کیا گیا ہے۔ اس نقشہ میں پہلے نقشے سے بعض جگہ خفیف سا اختلاف ہے .....

مقدار حیاتین (وٹامین) جو ان میں پائی جاتی ہے

حیوانی اغذیہ	(A)	ب (B)	ج (C)	د (D)
کاڈ اور دیگر مچھلیوں کے جگر کے روغن	+ + +	—	—	+ + +
مچھلیوں پرندوں اور دودھ پلانیوالے جانوروں کے جگر	+ +	—	—	+ +
کچا جگر	—	+ +	+ +	—
تھوڑے عرصے تک پکا ہوا جگر	—	—	+	—

حیوانی اغذیہ	(A)	ب (B)	ج (C)	د (D)
روہو مچھلی	+ +	—	—	+ +
عام مچھلی	—	+ +	—	—
انڈے کی زردی	+ +	+ +	—	+ +
مکھن	+ +	—	—	+
دودھ	+	+	+	+
پنیر	+	+ +	—	+
دودھ پلانیوالے جانوروں کے جسم کی چربی	+	—	—	—
مچھلی کے جسم کی چربی	—	—	—	+
پتلا اور نرم گوشت	—	+ + +	—	—
دل	+	+ +	—	—
دماغ	—	+ +	—	—
تازہ سبزیاں				
تازہ سبزیاں (کچی)	+ +	—	+ + +	بہت کم
تازہ سبزیاں (تھوڑی دیر تک پکی ہوئی)	—	—	+	—
وہ سبزیاں جن کی جڑیں کھائی جاتی ہیں۔	—	+	—	—
گاجریں	+ +	—	+ +	—
شلغم	—	—	+ +	—
آلو (کچے)	—	+	—	—
آلو (اُبلے ہوئے)	—	—	+	—
میوہ جات				
ٹماٹر	+ +	قدرے	+ + +	بہت کم
سنگترے۔ لیموں۔ اور انگور	—	—	+ + +	—
رس بھری۔ بلیک بھری۔ آڑو اور انناس	—	—	+ +	—
کیلے۔ سیب۔ بہت سے دوسرے میوہ جات۔ اور ٹینوں میں محفوظ کئے ہوئے میوہ جات	—	—	+	—
خشک خمیر (پیسٹ)	—	+ + + +	—	—

حیوانی اغذیہ	ا (A)	ب (B)	ج (C)	د (D)
جوہر خمیر (پیسٹ)	-	++++	-	-
جوہر گندم (بمکس کا تیار کیا ہوا ویٹ جرم)	-	+++	-	-
غلے				
مٹر۔ بانقلا۔ دالیں اور معترزیات	-	+++	-	-

حیوانی اغذیہ	ا (A)	ب (B)	ج (C)	د (D)
گندم۔ راگی۔ کنی۔ جو۔ چاول۔ گسنہ۔ م کا آٹا	-	+	-	-
	-	+	-	-

اس تمام بحث کا لب لباب یہ ہے۔ کہ غذا میں مختلف قسم کی حیاتین کا ہونا ضروری ہے اور حفاظانِ صحت کو ایسی غذائیں استعمال کرتے رہنے چاہئیں۔ جن میں مختلف قسم کی حیاتین پائی جاتی ہیں۔

(حکیم محمد حسن قرشی)

(ملاحظہ ہو بقیہ صفحہ ۶)

۴۴۴ ایک مجلس میں کم از کم بیس بار پڑھوایا گیا تھا۔ محمد اصطفاخاں بے حد خلیق۔ مہماں نواز اور کاروباری آدمی ہیں۔ آپ نے اپنے کارخانہ کو اتنی ترقی دی ہے۔ کہ ہندوستان بھر میں یہ فرد ہے۔ بلکہ یورپ کے بڑے بڑے کارخانوں کے مقابلہ میں فخر سے پیش کیا جا سکتا ہے۔ اس کارخانہ کے عطر لاجواب اور بے مثل ہیں۔ اور صنعتِ عطر سازی کی ترقی اور بقا جناب اصطفاخاں صاحب کی مساعی جمیلہ کی مرہونِ منت ہے۔

کرنال شاپ لاہور بلکہ پنجاب میں بوٹ شوز کی سب سے بڑی دکان ہے۔ شیخ صاحب کے بزرگوں کی اور آپ کی مساعی حسنہ کا نتیجہ ہے کہ کرنال شاپ لاہور میں نمونہ کی واحد دکان ہے۔ شیخ عبدالمالک ایک مرنجاں مرنج سعادتمند نوجوان ہیں جنہیں اپنے کاروبار کی ترقی کا بہت ہی خیال ہے۔ کرنال شاپ کی خصوصیت ہے کہ ہر ناپ کے درجنوں فیشن کے بوٹ وہ بیک وقت پیش کر سکتے ہیں۔ اور ان کے وام مارکیٹ میں سب سے کم لئے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر مذہب و ملت کے آدمیوں کی بکثرت بھیڑ کرنال شاپ میں موجود رہتی ہے۔ شیخ عبدالمالک صاحب کو لکھنے پڑھنے کا بھی شوق ہے۔ آپ کا ایک مختصر مضمون کسی دوسری جگہ درج ہے۔

شیخ عنایت اللہ صاحب مینجنگ ڈائریکٹر تاج کمپنی لمیٹڈ پنجاب کے وہ جوان ہمت جواں سال سرگرم کارکن ہیں جنہوں نے تاج کمپنی لمیٹڈ کو کامیابی کی منزل تک پہونچایا ہے۔ شیخ صاحب صبح سے لے کر رات تک برابر محنت کرتے رہتے اور اپنی ان تھک کوششوں سے کمپنی کو ایک منافع کے کاروبار میں لے آئے ہیں۔ آپ منتظم ہونے کے ساتھ خلیق و منکسر المزاج بھی ہیں۔ تاج کمپنی کی مطبوعات خصوصاً حمائل شریف ملک میں اتنی مقبول ہوئی ہے کہ کمپنی مانگ کو پورا کرنے سے بھی قاصر ہے۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

شیخ میارک علی لاہور کے بہت بڑے ناشر و تاجر ہیں۔ جنہوں نے کتابوں کی تجارت میں بہت نام پیدا کیا ہے۔ علامہ سر اقبال کی بیشتر ابتدائی تصنیفات شیخ صاحب ہی کے اہتمام میں شائع ہو کر مقبول ہوئیں۔ شیخ صاحب معاملہ فہم۔ زیرک اور نبض شناس بزرگ ہیں۔ آپ کی کاروباری قابلیت کا دُور دُور شہرہ ہے۔ قیمتی اور اچھی کتابیں شائع کرنا آپ کا ذوق رہا ہے۔ اور آپ بڑی دلیری اور جرأت کے ساتھ ہزاروں روپے کتابوں کی نشر و اشاعت پر صرف کر دیتے ہیں۔ گو آپ اہلِ قلم نہیں ہیں لیکن اہلِ قلم کے مسودات کو کتابوں کی صورت میں بدل دینا آپ کے بائیں ہاتھ کا کام ہے۔

ادارہ

داستان!

زنِ گذران

(اثر۔ پروفیسر سید عابد علی صاحب ایم اے۔ ایل ایل بی)

(الفرڈ ایٹ جو انگریزی کی ایک نادر تصنیف ہے اور جسے اندھی جوانی سے تشبیہہ دیجا سکتی تھی۔ اس کا ترجمہ سید عابد صاحب نے نہایت عرقریزی سے کیا ہے ایک باب مطالعہ کیجئے اور اس کی دلچسپیوں کا اندازہ لگائیے۔ لباب کا نام داستان رکھا گیا ہے۔)

خواب تھا یا خیال تھا کیا تھا ہجر تھا یا وصال تھا کیا تھا
چمکی بجلی سی پر نہ سمجھے ہم حسن تھا یا جمال تھا کیا تھا

وہ آہستہ آہستہ آگے بڑھ رہی تھی۔ اس کا سر شانے پر ایک طرف جھکا ہوا تھا۔ چاندنی رات میں وہ سنسان مہتابی پر محوِ خرام تھی۔ ایک بیقرار سایہ اس کے پاؤں کے پاس لرزاں تھا۔

ڈیمیٹریس اُسے بڑھتے ہوئے دیکھتا رہا۔ باریک کتاں میں سے اس کے جسم کا جو ذرا سا حصہ نظر آتا تھا۔ اس پر آڑے ترچھے جھول نظر آتے تھے۔ اس کی ایک کُہنی تنگ قبا میں سے صاف اُبھری ہوئی نظر آتی تھی۔ دوسرے ہاتھ میں وہ شال کا لمبا دامن اُٹھائے تھی کہ خاک آلود زمین سے مَس نہ ہونے پائے۔

زیوروں سے اس نے پہچانا کہ کسی تھی۔ اور وہ سڑک چھوڑ کر ہٹ گیا۔ کہ سلام و کلام کا سلسلہ نہ شروع ہو جائے۔ وہ اس کی طرف دیکھنا بھی نہ چاہتا تھا۔ اس کا ذہن ذاگریس کے عظیم الشان مجسمے کے خیالات سے لبریز تھا۔ اس کے باوجود اس کی آنکھیں اس زنِ گذران کا تعاقب کر رہی تھیں۔

اس نے دیکھا کہ وہ رُکی نہیں۔ اُسے گویا ڈیمیٹریس کے وجود کا علم ہی نہ تھا۔ اس نے کسی طرح اپنی کسی حرکت سے جھوٹ موٹ یہ بھی ظاہر نہ کیا کہ میں تماشائے دریا میں محو ہوں۔ یا یہ کہ میں اپنے خیالات میں مگن ہوں۔

مختصراً سادہ الفاظ میں وہ کسی اکیلی سہر کر رہی تھی۔ ٹھنڈی ہوا۔ تنہائی۔ خلوت اور خاموشی کی ہلکی سی گونج کے سوا وہ اور کسی چیز کی خواہشمند نہ تھی۔

ڈیمیٹریس چپ چاپ کھڑا رہا۔ اس کی طرف دیکھتا رہا۔ وہ حیرت سے ششدر رہ گیا۔ یہ عورت اب دُور نکل گئی تھی۔ ایک بے پرواہ سایہ زرد کی طرح اور اس کا اپنا سایہ اس کے اپنے آگے آگے لرزاں تھا۔ ہر قدم پر وہ شاہراہ کی خاک پر اس کی چپلیوں کی ہلکی ہلکی آواز سُن رہا تھا۔ وہ منارِ نور کے جزیرے تک گئی اور پھر وہاں کے پتھروں پر چڑھ گئی۔

ناگاہ۔ گویا دیر سے اس نامعلوم عورت سے عشق ہے۔ ڈیمیٹریس نے اس کے پیچھے بھاگنا شروع کیا۔ پھر ٹھہر گیا۔ واپس آیا۔ کانپنے لگا۔ اپنے آپ کو بُرا بھلا کہا۔ مہتابی سے لوٹ جانا چاہا۔ لیکن اس نے آج تک اپنی قوتِ ارادی کو صرف حصولِ مسرت میں استعمال کیا تھا۔ اور آج جو ناگاہ اُسے بلندی و اخلاق اور اپنی زندگی کی نظم و ترتیب کی خاطر اس چیز کو استعمال کرنے کی ضرورت آن پڑی تو ضعفِ عزم کے سبب وہ کچھ نہ کر سکا اور اس کے پاؤں گویا وہیں جم گئے۔

ہر آن اس زنِ گذران کا خیال اسے ستا رہا تھا۔ اس لئے وہ دل میں اس اضطرابِ شدید کے لئے عذر تلاش کر رہا تھا۔ وہ اپنے آپ سے کہتا تھا:۔

"میری دلبستگی۔ میری تسکین کی وجہ قطعاً وہ یکسر جمالیاتی ہے (کہ مجھے ہر خوبصورت چیز سے عشق ہے) یہ عورت جو گذر رہی ہے اس مجسمے کے لئے کیا خوب نمونہ بن سکتی ہے۔ جو میں بنانا چاہتا ہوں یعنی پنکھیا والی عورت کل ہی شروع بھی کر دوں گا کام"۔

پھر ناگاہ اس کے خیالات میں انتشار پیدا ہو گیا۔ اور زرد لباس والی عورت کے متعلق اس کے ذہن میں اضطراب انگیز سوالات کا ایک ہجوم پیدا ہو گیا۔ اسوقت رات کو وہ یہاں کیا کرنے آئی؟ اپنا گھر چھوڑ کر۔ وقت گئے وہ کس کے لئے آئی؟

اس نے مجھے سلام کیوں نہیں کیا۔ اس نے یقیناً مجھے دیکھا تھا جب میں سڑک چھوڑ کر ہٹا ہوں تو اس نے مجھے ضرور دیکھا ہو گا۔ بغیر .....

کسی لفظ کے وہ خاموش کیوں چلی گئی تھی؟ یہ افواہ گرم تھی کہ بعض عورتیں صبح سے کچھ پہلے تاروں کی چھاؤں میں ٹھنڈے ٹھنڈے نہانے کے لئے آتی ہیں۔

لیکن لوگ منارِ نور کے پاس نہانے کے لئے نہیں آتے۔ وہاں پانی بہت گہرا ہے۔ علاوہ ازیں زیور پہن کر کون عورت نہانے جائے گی۔ غلط! پھر کیا چیز تھی۔ جس کی کشش اسے ریکاٹس سے لے آئی تھی۔ کسی سے ملاقات کا وعدہ؟ کیا وہ کسی نوجوان سے ملنے آئی تھی۔ جو تنوع کا بھوکا تھا۔ جس نے ان پتھروں کو اپنا عارضی بسترِ عشرت بنانا پسند کیا تھا۔ جو لہروں کی مسلسل ضربوں سے چکدار و صاف ہو گئے تھے۔

وہ ٹیلر لیس اپنے شکوک کو یقین کے درجے پر پہونچانا چاہتا تھا۔ لیکن وہ کم عمر عورت خود ہی واپس آ رہی تھی۔ اس طرح دبے پاؤں چلتی۔ پنکھے سے مہتابی کی مٹی اڑاتی آ رہی تھی اور چاند کی ہلکی ہلکی سفیدی میں اس کا چہرہ چمک رہا تھا۔

وہ اور میں

(از جناب شیخ عبدالمالک صاحب)

وہ مجھ سے دور ہے۔ بہت دور۔ میرے اور اس کے درمیان کتنے جنگل پہاڑ اور دریا حائل ہیں۔ میں اس تک نہیں پہنچ سکتا ہوں۔ سارے وسائل سفر دنیا میں موجود ہیں۔ لیکن اس کے باوجود میں اس سے دور ہوں۔ کیا میرے دل میں اس کی محبت نہیں رہی۔ یا اس میں کچھ کمی ہو گئی ہے۔ نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔ اگر وہ اپنی شمشیر کی برش کا امتحان کرنا چاہے تو میں اپنا سر پیش کر دوں۔ آہا۔ وہ تو میرے خانۂ دل میں کھڑا مسکرا رہا ہے۔ میں نے سمجھا تھا کہ وہ مجھ سے جدا ہو گیا۔ نہیں وہ مجھ سے کبھی جدا نہیں ہو سکتا۔ وہ ایسا بے وفا نہیں۔ میں کس قدر احمق ہوں کہ اس کی جدائی میں آنسو بہا رہا ہوں۔ وہ شاید میری اسی حماقت پر ہی مسکرا رہا ہے۔

(عبدالمالک)

لاعلمی

(از جناب حامد اللہ صاحب افسر)

علم اور واقفیت ایک نعمت ہے۔ اس کے بغیر انسانیت کی تکمیل نہیں ہوتی۔ لیکن اگر غور کر کے دیکھو تو لاعلمی اور عدم واقفیت اس سے بھی بڑی نعمت ہے اور اس کے بغیر زندگی کی تکمیل نہیں ہوتی۔ جو کچھ ہم جانتے ہیں اور جن چیزوں سے ہمیں واقفیت ہے اس سے کہیں زیادہ اہمیت ان چیزوں کو حاصل ہے۔ جن کا ہمیں مطلق علم نہیں۔

زندگی صد ہا رازوں کا مخزن ہے۔ خود زندگی ایک راز ہے جتنا علم بڑھتا جاتا ہے۔ واقفیت میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اتنا ہی زندگی کا لطف کم ہوتا جاتا ہے۔ عدم واقفیت اور لاعلمی زندگی کا سہارا ہے۔ جب ہمیں کسی چیز سے واقفیت ہو جاتی ہے تو اس چیز کے اندر پھر ہمارے لئے کوئی دلچسپی باقی نہیں رہتی۔ اپنے بچپن کا زمانہ یاد کرو۔ تمہیں بارہا ایسا اتفاق ہوا ہوگا۔ کہ رات کے وقت گھر واپس آتے ہوئے اندھیرے میں کچھ سفید سفید متحرک چیز نظر آ رہی ہے جب تک تمہیں یہ نہیں معلوم ہوا تھا کہ وہ کیا چیز ہے۔ دل میں کیسے عجیب و غریب دھڑکے محسوس ہوئے ہوں گے۔ ممکن ہے کوئی بھوت ہو۔ ممکن ہے کوئی آدمی چھپا کھڑا ہو۔ لیکن جب تمہیں معلوم ہو گیا کہ درخت کی ایک نیچی شاخ پر کسی نے چادر سوکھنے کے لئے لٹکا دی ہے۔ جو ہوا سے ہل رہی ہے تو تمہاری ساری دلچسپی زائل ہو گئی۔

تم ایک شعبدہ باز کا تماشہ دیکھتے ہو۔ وہ ٹوکری میں کبوتر بند کر دیتا ہے اور جب ٹوکری اٹھاتا ہے تو کبوتر غائب ہوتا ہے مٹھی میں تمہارے سامنے ایک روپیہ رکھتا ہے اور جب مٹھی کھولتا ہے روپیہ نہیں ہوتا۔ تمہیں ان حرکتوں میں صرف اس لئے لطف آتا ہے کہ تم نہیں جانتے کہ وہ یہ سب کیونکر کرتا ہے۔ اگر تمہیں ان شعبدوں کی ترکیب معلوم ہو جائے۔ تو پھر کوئی دلچسپی باقی نہ رہے اور تم اس کے حیرت انگیز کارنامے دیکھنے کے لئے روپیہ صرف نہ کرو۔

زندگی کے ہر دور میں جن چیزوں سے ہم واقف نہیں ان کی اہمیت ان چیزوں سے کہیں زیادہ ہے۔ جن سے ہم واقف ہیں۔ کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا واقعہ ہونیوالا ہے۔ کاروبار میں تجارت میں کسی بڑے سے بڑے ماہر کو بھی معلوم نہیں کہ کل بازار کا کیا رنگ ہوگا۔ کون جانتا ہے کہ موسم کی کیفیت اگلے دن کیا ہوگی۔ کسے معلوم ہے کہ آب و ہوا کا کل کیا حال رہے گا۔ ہم دوست بناتے ہیں۔ لیکن نہیں جانتے کہ وہ کیسے ثابت ہوں گے۔ ہم ان سے نباہ بھی سکیں گے یا نہیں۔ ہم شادی کرتے ہیں۔ لیکن نہیں کہہ سکتے کہ وہ خانہ آبادی کا سبب ہوگی یا خانہ بربادی کا۔ زندگی کا اغلب انہیں۔ موت کا راز کسی کو معلوم نہیں۔ موت کے بعد کون جانتا ہے کیا ہوگا پس ایک غیر محدود سلسلہ ان اشیاء کا ہمیشہ ہمیں گھیرے ہوئے ہے جن سے ہم بالکل واقف نہیں۔

نامعلوم اشیاء سے لوگ ڈرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ پردۂ غیب سے خدا جانے کیا ظہور میں آئے۔ لیکن یہ نہیں سمجھتے کہ خداوند کریم نے دنیا میں "معلوم" اشیا کی بہ نسبت "نامعلوم" اشیاء زیادہ پیدا کی ہیں۔ پس ہو نہیں سکتا کہ وہ انسان کی بہتری کے لئے نہ ہوں اگر ذرا غور کرو تو معلوم ہوگا کہ زندگی میں جسقدر بہتر اور راحت بخشنے والی چیزیں ہیں ان سب کی بنا عدم واقفیت پر ہے اور وہ سب پردۂ غیب سے ظہور میں آئی ہیں۔ صحیح معنوں میں عقلمند اور دانا وہی شخص ہے جو نامعلوم اشیاء کی اہمیت سے آگاہ ہے نہ وہ

جو اپنے علم اور واقفیت پر ناز اں ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ جب انسان کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ جتنا علم ہمیں ہے۔ جو کچھ ہم جانتے ہیں وہ اس کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں جو ہم نہیں جانتے تو اس میں عجز و انکسار پیدا ہو جاتا ہے۔ اور یہی علم اور عرفان کی طرف پہلا قدم ہے۔

عدم واقفیت کا احساس عقل و دانائی کی ابتدا ہے۔ بالکل ایسے ہی جیسے واقفیت پر غرور دماغی ترقی کے لئے آخری حد ہے تم نے دیکھا ہوگا کہ جو لوگ سطحی ہوتے ہیں اور جن کا دماغی سرمایہ جہالت کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔ وہی سب سے زیادہ اپنے علم و عقل پر غرور کرتے ہیں۔ اور بانگِ دُہل اس کا اعلان اور جنہیں خدا نے صحیح معنوں میں علم حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے اور جو اس دولت سے مالا مال ہیں، وہی سب سے پہلے اتنی تک، سامنی اپنی تہی دستی اور اپنی محدود واقفیت کو تسلیم کرنے کے لئے آمادہ نظر آئیں گے۔

شاید دنیا میں سب سے بڑا عقلمند سقراط تھا۔ اور جانتے ہو اس کا تکیہ کلام کیا تھا۔ "میں تو کچھ بھی نہیں جانتا"

کبھی تم نے "کششِ ثقل" کے مسئلہ پر عالمانہ غرور سے جدا رہ کر غور کیا ہے۔ مادہ کے ہر ذرہ میں کوئی ایسی چیز ہے جو مادہ کے ہر دوسرے ذرہ کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ یہی چیز یہی قوت اجرامِ فلکی کو ایک نظام میں وابستہ کئے ہوئے ہے۔ اور خدا کی زمین کے ہر جزو پر اپنا تسلط اور قبضہ جمائے ہوئے ہے۔ لیکن نیوٹن بھی جس نے ہمیں بتایا کہ سیب زمین پر اس لئے گرتا ہے کہ ہر مادی چیز دوسری مادی چیز کو اپنے حجم اپنے وزن اور فاصلے کی نسبت سے اپنی طرف کھینچتی ہے اس امر سے واقف نہیں ہے کہ یہ قوت اصل میں ہے کیا؟ بالکل اسی طرح جس طرح وہ بچہ اس قوت سے آگاہ نہیں جو کہتا ہے کہ سیب اس لئے زمین پر گرتا ہے کہ وہ بھاری ہے۔ اور شاخ اس کا بار نہیں سنبھال سکتی۔

آج کل گھر گھر بجلی سے کام لیا جاتا ہے۔ ہم اس سے گاڑیاں چلاتے ہیں۔ پنکھے چلاتے ہیں۔ روشنی حاصل کرتے ہیں۔ ایک منزل دوسری منزل پر۔ دوسری منزل سے تیسری پر اور اسی طرح بیس بیس منزلوں تک پہنچ جاتے ہیں۔ ایک تار لگا کر صدہا کوس کے فاصلے پر گھر بیٹھے بات چیت کرتے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ بے تار لگائے بھی گفتگو کرتے ہیں۔ ہزار ہا کوس کے فاصلے پر بیٹھے ہوئے تقریریں سنتے ہیں۔ موسیقی سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ غرض بجلی حیاتِ جدید کی روحِ رواں ہے۔ لیکن کوئی نہیں جانتا کہ بجلی ہے کیا چیز۔

زندگی ایک قوت ہے۔ ایک طاقت ہے اور ایسی چیز ہے۔ جس سے زیادہ اور کوئی چیز ہم سے قریب نہیں۔ لیکن کون جانتا ہے۔ کہ زندگی ہے کیا چیز۔ وہ کہاں سے آتی ہے اور پھر کہاں کو چلی جاتی ہے۔ آج تک کوئی سائنسداں زندگی کو ظہور میں نہیں لا سکا۔ کسی نے ایک حقیر سے حقیر کیڑا بھی پیدا کر کے نہیں دکھایا۔ اور نہ کبھی دکھا سکے گا۔

زندگی سربستہ رازوں والی قوت کا وہ سرچشمہ ہے۔ جو عدم واقفیت اور لاعلمی کی نامعلوم وسعت سے ہم تک پہونچتا ہے جب تک وہ ہمارے جسم میں ہے ہم بڑھتے رہتے ہیں۔ جس وقت وہ ہمارے جسم کو چھوڑ دیتی ہے وہ سڑ جاتا ہے۔ ہم اسے اپنے جسم سے ایک چاقو یا زہر کے ذریعہ خارج کر سکتے ہیں۔ فرض کیجئے ہم اسے بڑھا گھٹا بھی سکتے ہیں۔ لیکن ہم زندگی کو پیدا نہیں کر سکتے۔

پس یہ سب چیزیں جن پر دنیا کی مشین چل رہی ہے۔ کشش ثقل، بجلی۔ زندگی ہمارے لئے ایک معمہ ہیں۔ ہم ان کی بابت کچھ نہیں جانتے۔ لیکن اس کے باوجود یہی دنیا کی اہم ترین چیزیں ہیں۔ انہیں پر نسلِ انسانی کا دارومدار ہے۔ جن چیزوں کا ہمیں پورا علم ہے وہ نہایت غیر اہم معمولی اور سطحی ہیں۔ مثلاً ہم جانتے ہیں کہ دو اور دو چار ہوتے ہیں اس کا جاننا مفید سہی لیکن بے اثر ہے۔ اگر نہ جانیں تو بھی زندہ رہ سکتے ہیں۔ تم یہ جانتے ہو کہ اس مضمون میں کل کتنے الفاظ ہیں لیکن کس کو غرض پڑی ہے جو ان باتوں کی طرف توجہ کرے اور اگر توجہ کرے بھی تو کیا حاصل ہے؟

زندگی کی ساری دلچسپیاں سارے دلنشین دمڑکے لاعلمی اور عدم واقفیت سے حاصل ہوتے ہیں۔ آنے والی کل ایک نامعلوم

اور غیر دریافت شدہ ملک ہے۔ جو خدا جانے کتنی مہمات کی سرمایہ دار ہے اور ہم سب کولمبس کی طرح "آج" کے جہاز پر کھڑے ہیں۔ اور مستقبل کے نامعلوم اور تاریک سمندر کے سفر پر کمربستہ ہیں۔

جوانی میں کیف ہے۔ دلچسپی ہے۔ بڑھاپے میں کوئی لطف نہیں۔ کوئی دلچسپی نہیں صرف اس لئے کہ جوان کے سامنے مستقبل کی ایک نامعلوم وسعت ہے۔ اس لئے کہ بوڑھے آدمیوں کی معلومات زیادہ ہے۔ وہ بہت سی چیزوں سے واقف ہیں یا کم سے کم وہ سمجھتے ہیں۔ اسی لئے وہ نامعلوم اشیاء میں دلچسپی لینا چھوڑ دیتے ہیں اور اسی لئے زندگی کا سارا لطف غارت ہو جاتا ہے۔

موت بھی نامعلوم وسعتوں کا ایک دروازہ ہے۔

.....

کوئی نہیں بتا سکتا کہ اس دروازہ کے اس طرف کیا ہے۔ اگر ہمیں یہ معلوم ہو جائے کہ موت ہمارے متعلق ہمارے لئے تمام چیزوں کا خاتمہ ہے۔ یا فرض کرو ہمارے لئے ڈانٹے کا بہشت یا گوتم کا نروان ہے۔ تو موت کے سربستہ رازوں اور اس کی پوشیدہ قوتوں کا ہم پر کوئی اثر نہ رہے۔ اور ہم اسے ایک معمولی چیز سمجھنے لگیں۔ صرف اس لئے کہ ہم موت کے متعلق کچھ نہیں جانتے۔ اس سے بالکل واقف نہیں ہیں۔ صرف اس لئے کہ ہم موت کے دروازے سے نامعلوم وسعتوں کی سرزمین میں داخل ہوتے ہیں۔ ہمارے لئے وہ ایک زبردست مہم ہے۔ کسی قدیم یونانی حکیم کا مقولہ ہے۔ "کسے معلوم ہے کہ یہ زندگی اصل میں موت ہی ہو اور جسے ہم موت کہتے ہیں۔ وہ زندگی ہو۔"

(حامد اللہ افسر)

نیا سال! نیا کام!! نیا انتظام!!!

امداد باہمی کی تین شاندار تجویزیں

اول۔ شادی فنڈ۔ اس سکیم میں اپنے بچوں کو ممبر کرا کر شادی پر مالی امداد پانچسو روپے تک حاصل کریں۔ **دوم۔ گولڈن ایڈ سکیم۔** اس سکیم میں ممبر ہو کر ہر شخص قرضہ بلا سود حاصل کر سکتا ہے۔ **سوم۔ فری انشورنس۔** اس سکیم میں ممبر ہو کر اپنے ماندگان کیلئے پانچسو روپے تک مالی امداد کا ذریعہ حاصل ہو سکتا ہے۔ فیس داخلہ معمولی ہے۔ ایکروپیہ ماہوار چندہ دینا ہوتا ہے۔ قواعد و فارم داخلہ ۲ر کے ٹکٹ بھیجکر منگوالیں۔ ہماری کمپنی ۱۹۳۰ء سے قائم ہے۔ اور بیس ہزار روپیہ سے زائد اپنے ممبران کو تقسیم کر چکی ہے۔

ضرورت ہے، کمپنی کو ہر گاؤں قصبہ شہر ضلع میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ ہمارے ایجنٹ پچاس روپے سے تین سو روپیہ ماہوار تک کما سکتے ہیں۔ صرف ایسے اصحاب درخواست کریں جو صاحب اثر دیانتدار اور محنتی ہوں ایجنسی فارم حاصل کرنے کیلئے ۲ر کے ٹکٹ درخواست کے ہمراہ ارسال کریں۔ **نوٹ۔** بلا ٹکٹ موصول ہوئی ایجنسی فارم یا فارم داخلہ نہیں بھیجا جائیگا۔ نوٹ کر لیں۔ پتہ یہ ہے:۔

جنرل منیجر دی بغداد پراویڈنٹ انشورنس کمپنی لمیٹڈ بستی کوٹھی ۷ لودھیانہ (پراونڈیا)

موسیقار

(ایک منثور نظم)

(از جناب غلام عباس صاحب۔ ایڈیٹر اخبار پھول لاہور)

جب موسیقار ہزار برس کا ہو گیا۔ اور اپنے آشیانے میں اپنے ہی گیتوں کی لگائی ہوئی آگ سے جل کر راکھ ہو گیا۔ تو جنگل کے سب چھوٹے بڑے پرند جو اس کی آواز پر فریفتہ تھے۔ اور ہر روز اس کے عجیب و غریب نغمے سنا کرتے تھے۔ اس کے آشیانے کے جواب ایک تودۂ خاک تھا۔ ارد گرد سرنگوں ہو کر بیٹھ گئے۔ اور اس کی خاکستر کو جو آتشِ نغمہ سے ابھی تک گرم تھی۔ اپنے آنسوؤں سے ٹھنڈا کرنے لگے۔

اتنے میں ہوا کا ایک سرمست جھونکا منڈلاتا ہوا اِدھر آنکلا۔ اور اس کی خاک کو دیوانہ وار اِدھر اُدھر بکھیرنے لگا۔

یہ دیکھ کر سب پرندوں نے باہم اپنے پروں کو پھیلا لیا۔ اور اُس کی خاک کو ان کے نیچے چھپا لیا۔ پھر وہ بڑی منت سماجت سے ہوا کے جھونکے سے کہنے لگے۔ "کم از کم آج کے دن کے لئے تو اس مشتِ غبار کو ہمارے پاس رہنے دو۔ تم نہیں جانتے۔ نہیں جان سکتے۔ کہ وہ ہمیں کس قدر عزیز تھا۔"

ہوا کے جھونکے نے کہا۔ "اچھا یونہی سہی۔ تمہاری بات مانے لیتا ہوں۔ لیکن تم اس کی موت پر اس قدر غمگین کیوں ہو؟"

.....

.....

(طبعزاد)

عقاب بولا۔ "اس کے مدھ ماتے گیت مجھے اپنی تندی اور خونخواری بھلا دیتے تھے۔"

چڑیا نے کہا۔ "جب وہ گاتا تھا۔ میں بھولی جاتی تھی۔ کہ میں چڑیا ہوں۔ میرے خیالات عقاب کی طرح بلند پرواز ہو جاتے تھے۔"

جھونکے نے کہا۔ "یہ سچ ہے۔ کہ اس کے گیتوں سے تمہیں بیحد خوشی حاصل ہوتی تھی۔ لیکن وہ اپنے گیت تمہیں خوش کرنے کے لئے نہیں سناتا تھا۔ بلکہ ان کے پردے میں وہ اپنی شکم پُری کیا کرتا تھا جب اس کے جادو بھرے گیت سُن کر تم پر بے خودی طاری ہو جاتی تھی۔ تو وہ چپکے سے تم میں سے ایک دو کو پکڑ کر نوالہ بنا لیتا تھا۔"

یہ سُن کر ایک ننھی سی شاما نے پوچھا۔ "کیا وہ سچ مچ پرندوں کو کھا لیا کرتا تھا؟"

ہوا کے جھونکے نے کہا۔ "ہاں لیکن مدہوشی میں تمہیں خبر نہیں ہونے پاتی تھی۔"

شاما نے ایک سرد آہ بھری اور کہا۔ خوش نصیب تھے وہ پرند جنہیں موسیقار نوالہ بنا گیا۔ کیونکہ انہیں اس وقت اُس کی موت اور جدائی کا غم تو نہیں سہنا پڑا۔"

(غلام عباس)

چڑیا چڑے کی کہانی

(از جناب خواجہ حسن نظامی)

حضرت سلیمان علیہ السلام کو ان جانوروں سے کچھ تجربت ہوگی ہمیں تو ان کی شرارتیں ایک آنکھ نہیں بھاتیں۔ جب دیکھو ایک نہ ایک سر پر موجود۔

سب سے زیادہ بدذات یہ چڑا ہے غسل خانہ میں گھونسلا بنایا کرتا تھا۔ اکیلے میں نے کہا۔ میاں یہ مورونی جگہ نہیں ہے۔ اس دفعہ کہیں اور جا کر رہو۔ سنتے کون عذر یہ کہ آدمی کی بولی نہیں سمجھتا سب کچھ سمجھتا ہے۔ اشارے تک جانتا ہے۔ مگر یہ خیال کرتا ہے کہ میاں (مجھی) تھی جانوں کو مار کر کھا جانے والے مسلمان نہیں ہیں جتنا ہمیں سمجھتے ہیں کچھ نہ کر سکیں گے غسل خانہ کو ذرا دیکھو۔ تو طاق میں ہے دھان پھینکا۔ کھلی پھینکی۔ ٹپ میں بریٹ کی۔ لوٹے میں غوطے لگائے۔ تولیہ کا تو دشمن ہے۔ سارے تاگے نکال ڈالے۔ اور اپنے موذی اور موذی فرزند ارجمند کے نیچے لے جا کر بچھا دیئے۔

خیر میں نے صبر کر لیا۔ بچوں کا خیال کر کے چپ ہو گیا۔ وہ بیسیوں بچے اڑے تو ان حضرات نے دوسری تیاری شروع کی۔

ارے بھائی کیوں دنیا کی آبادی بڑھاتا ہے۔ تجھے کیا ان چڑیا زادوں کو لڑائی پر بھیجنا ہے۔ نہیں مانتا۔ گھونسلے میں تنکے اور پر جمع کئے جاتا ہے۔

آج آٹھ دن ہوئے میں نے غسل خانہ بند کر دیا۔ دروازہ بند دیکھ کر یہ دونوں خصم جورو کچھ دیر تو چڑ چڑاتے رہے۔ اور پھر اڑ کر چلے گئے۔ میں نے کہا چلو پاپ کٹا۔

دیکھتا کیا ہوں۔ چڑے صاحب پھر موجود۔ عورت ذات تھی۔ وہ نہ آئی اور در کی بندش کو ایڈی کی انسلٹ

دو توہین سمجھ کر اس نے ادھر کا رخ نہ کیا۔ لیکن چڑا بے حیا مغرب تک غل مچاتا رہا۔ سورج چھپا تو چھت گیری میں جا گھسا۔ یہ خیال نہ کیا چڑیا رات کے وقت کہاں چلی گئی نازک زمانہ ہے۔ اکیلا چھوڑنا ٹھیک نہیں مگر اس کو ملک (گھر) کی پڑی ہوئی تھی۔ بیوی کی اس نے پروا بھی نہ کی۔ صبح ہوئی تو چڑیا ایک اور چڑے کے ساتھ آئی اور منڈیر پر بیٹھ کر چڑ چوں چڑ چوں کی آواز لگائی۔ یہ بے غیرت بلبلا کر دوڑا اور چڑیا کے برابر جا بیٹھا۔ یہ نہ پوچھا کہ کیوں ری ساتھ میں کون ہے اور رات تو نے کہاں گذاری مگر نہیں پھر وہی راز۔ وہی نیاز۔ رقیب چڑا اڑ گیا۔ اور تھوڑی دیر کے بعد چڑیا بھی غائب ہو گئی۔ اب پھر میری شامت آئی۔ سامنے آن بیٹھا اور لگا طرح طرح کی آوازیں نکالنے۔ لڑاتا ہے۔ گالیاں دیتا ہے کوستا ہے۔ آخر تو کیا کہتا ہے۔ میں غسل خانہ تو ہرگز نہ کھولوں گا۔

میں نے بھی ایسا مستقل مزاج نہیں دیکھا۔ برابر آٹھ دن اس نے ایجی ٹیشن جاری رکھا۔ آخر آج بوقت عصر میں نے اپنی ضد کے ہتھیار چڑے کے سامنے ڈال دیئے اور غسلخانہ نہ کھول کر اس کو گھونسلے میں جانے کی اجازت دیدی۔

اب مس چڑیا کی کہانی سنئے

ایک چڑے چڑیا نے نئی زندگی کی ایک اونچی کوٹھی میں اپنا گھونسلا بنایا تھا۔ اس کوٹھی میں ایک مسلمان رہتے تھے۔ جو ولایت سے بیرسٹری پاس کر کے اور ایک بیم کو ساتھ لے کر آئے تھے۔ ان کی بیرسٹری کچھ چلتی نہ تھی۔ مگر گھر کے امیر زمیندار تھے گزارہ خوبی سے ہوا جاتا تھا۔ ولایت سے آنے کے بعد خدا نے ان کو ایک لڑکی بھی

عنایت کی تھی۔ جو شاید اللہ جلتی پھرتی تھی اور باپ کی طرف سے سلطان اور ماں کی طرف سے رس بابا تھی۔

چڑے چڑیا نے کھپریل کے اندر ایک سوراخ میں گھر بنایا تنکوں اور سوت کا فرش بچھایا۔ یہ سوت پڑوس کی ایک بڑھیا کے گھر سے چڑیا لائی تھی۔ وہ بیچاری چرخا کاتا کرتی تھی۔ اُلجھا ہوا سوت پھینک دیتی تو چڑیا اٹھا لاتی۔ اور اپنے گھر میں اس کو بچھا دیتی۔

خدا کی قدرت ایک دن انڈا پھسل کر گر پڑا اور ٹوٹ گیا ایک ہی باقی رہا۔ چڑے چڑیا کو اس انڈے کا بڑا صدمہ ہوا۔ جس دن انڈا گرا ہے تو چڑیا گھونسلے میں تھی۔ چڑا باہر دانہ چگنے گیا ہوا تھا۔ وہ گھر میں آیا تو چڑیا کو چپ چپ اور مغموم دیکھ کر سمجھا میرے دیر میں آنے کے سبب خفا ہو گئی ہے۔

لگا پھدک پھدک کر چوں چوں۔ چیں۔ چڑ چوں۔ چیں چڑ چوں۔ چوں۔ چڑا چوں۔ چڑ چوں۔ چوں۔ کرنے کبھی چونچ مار کر گدگدی کرتا کبھی خود اپنے پروں کو پھلاتا۔ ناچتا۔ مٹکتا اور چڑیا کی چونچ پر اپنی چونچ محبت سے رکھتا۔ مگر چڑیا اسی طرح پھولی اپھری خاموش بیٹھی رہی۔ اس نے مردذات کی خوشامد کا کچھ بھی جواب نہ دیا۔ چڑا سمجھا بہت ہی خفگی ہے۔ مزاج حد سے زیادہ بگڑ گیا ہے خوشامد سے کام نہ چلے گا۔ مجھ مرد کی کتنی بڑی توہین ہے کہ اتنی دیر خوشامد درآمد کی۔ بیگم صاحبہ نے آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھا۔ یہ خیال کر کے چڑا بھی منہ پھیر کر بیٹھ گیا۔ اور چڑیا سے بے رُخ ہو کر نیچے بیر بہوٹی دانہ چگنے لگا۔ جو اپنی لیڈی کے سامنے آرام کرسی پر لیٹے تھے۔ اور ہنسی مذاق کر رہے تھے۔ چڑے نے خیال کیا یہ آدمی کیسے خوش نصیب ہیں۔ دونوں کا جوڑ اخوش وبشاش زندگی کاٹ رہا ہے۔ ایک میں بدنصیب ہوں۔ سویرے کا گیا گیا دانہ چگ کر اب گھر میں گھسا ہوں۔ مگر چڑیا صاحبہ کا مزاج ٹھکانے میں نہیں ہے۔ کاش میں چڑا نہ ہوتا اور کم سے کم آدمی بنایا جاتا۔

چڑا اسی اُدھیڑ بُن میں تھا کہ چڑیا نے غمناک آواز نکالی۔ چوں۔ چڑے نے جلدی سے مڑ کر چڑیا کو دیکھا اور کہا۔ چوں چوں چڑا چوں چوں۔ کیا ہے۔ آج تم ایسی چپ کیوں ہو۔ چڑیا بولی انڈا گر کے ٹوٹ گیا۔

انڈے کی خبر سے پہلے تو چڑے کو ذرا سا رنج ہوا مگر اس نے صدمہ کو دبا کر کہا۔ تم کہاں چلی گئی تھیں۔ انڈا کیونکر گر پڑا۔ چڑیا نے کہا میں اُڑ کر ذرا چمن کی ہوا کھانے چلی گئی تھی۔ جھپٹے سے انڈا پھسل گیا۔ یہ بیان سُن کر چڑا آپے سے باہر ہو گیا۔ اس کے مردانہ جوش میں طوفان اُٹھ کھڑا ہوا اور اس نے کڑک دار گرجتی ہوئی چوں چوں میں کہا۔ چھوڑ۔ بدسلیقہ۔ بے تمیز تو کیوں اڑی تھی۔ تجھ کو چمن کی ہوا کے بغیر کیا ہوا جاتا تھا۔ کیا تو بھی اس گوری عورت کی خصلت سیکھتی ہے جو گھر کا کام نوکروں پر چھوڑ کر ہوا خوری کرتی پھرتی ہے۔ تو ایک چڑیا ہے تیرا کوئی حق نہیں ہے کہ بغیر میری مرضی کے باہر نکلے۔ تجھ کو میرے ساتھ اڑنے اور ہوا خوری کرنے کا حق ہے آج کل تو انڈوں کی نوکر تھی۔ تجھے یہاں سے ہٹنے کا اختیار نہ تھا۔ تو نے میرے ایک انڈے کا نقصان کر کے اتنا بڑا قصور کیا ہے کہ اس کا بدلہ کچھ نہیں ہو سکتا تو نے میرے بچے کو جان بوجھ کر مار ڈالا۔ تو نے خدا کی امانت کی قدر نہ کی جو اس نے ہم کو نسل بڑھانے کی خاطر دی تھی۔ میں تو پہلے دن منع کرتا تھا کہ اری کمبخت اس کوٹھی میں گھونسلا نہ بنا۔ ایسا نہ ہو۔ ان لوگوں کا اثر ہم پر بھی پڑ جائے۔ ہم بیچارے پرانے زمانہ کے دیسی چڑے ہیں۔ خدا ہم کو نئے زمانہ کے چڑا چڑے سے بچائے رکھے۔ کیونکہ پھر گھر کے رہتے ہیں نہ گھاٹ کے مگر تو نہ مانی۔ اور کوٹھی میں رہوں گی۔ کوٹھی میں گھر بناؤں گی۔ یہ کہا کہ میرا ناک میں دم کر دیا۔ اب لا میرا بچہ لا۔ میں تجھ سے لوں گا۔ نہیں تو مارے ٹھونگوں کے کچلا بنا دوں گا۔ بڑی صاحب نکلیں تھیں ہوا کھانے۔ اب بتاؤں تجھ کو ہوا کھانے کا مزہ۔ چڑیا پہلے تو اپنے غم میں چپ چاپ چڑے کی باتیں سنتی رہی۔ لیکن جب چڑا حد سے بڑھا تو اس نے زبان کھولی اور کہا۔

بس بس سن لیا۔ بگڑ چکے۔ زبان کو روکو۔ انڈے بچے پالنے کا مجھی پر ٹھیکہ نہیں ہے۔ تم بھی برابر کے شریک ہو۔ سویرے کے۔ گئے گئے یہ وقت آگیا۔ خبر نہیں اپنی کس سگی کے ساتھ کلیلیں اُڑاتے

پھرتے ہوں گے۔ دوپہر میں گھر کے اندر گھسے ہیں اور آٹے تو مزاج دکھاتے آئے۔ انڈا اگر پڑا میرے پنجہ کی نوک سے۔ میں کیا کوؤں میں کیا انڈوں کی خاطر اپنی جوان جہان جان کو گھن لگا لوں۔ دو گھڑی باہر کی ہوا بھی نہ کھاؤں۔ صبح سے یہ وقت آیا ایک دانہ حلق سے نیچے نہیں گیا۔ تم نے چھوٹے منہ سے یہ نہ پوچھا کہ تو نے کچھ تھوڑا کچھ نکلا یا مزاج ہی دکھاتا آتا ہے۔ اب وہ زمانہ نہیں ہے کہ اکیلی چڑیا یہ سب بوجھ تھامے۔ یہ آزادی اور برابری کا وقت ہے۔ آدھا کام تم کرو۔ آدھا میں کروں۔ دیکھتے نہیں میم صاحبہ کو وہ تو کچھ بھی کام نہیں کرتیں۔ صاحب کو سارا کام کرنا پڑتا ہے۔ اور بچہ کو آیا کھلاتی ہے۔ تم نے ایک آیا رکھی ہوتی۔ میں تمہارے انڈے بچوں کی آیا نہیں ہوں۔

چڑیا کی اس تقریر سے چڑا سُن ہو گیا۔ اور کچھ جواب نہ بن پڑا بیچارہ غصہ کو پی کر پھر خوشامد کرنے لگا۔ اور اُس دن سے چڑیا کے ساتھ آدھی خدمت انڈے کی بانٹ کر اس نے اپنے ذمہ لے لی۔

مس چڑیا کی پیدائش

ایک انڈا تو ٹوٹ چکا تھا دوسرے انڈے سے ایک بچہ نکلا جو ادھ یعنی چڑیا تھی۔ جب یہ بچہ ذرا بڑا ہوا اور اس نے میم صاحبہ کے بچہ کو دیکھا کہ وہ کاٹ کے گھوڑے پر سوار ہوتا ہے۔ گھڑی گھڑی دودھ پیتا ہے، ٹب میں بیٹھ کر نہاتا ہے۔ نئے نئے خوبصورت کپڑے پہنتا ہے۔ تو اس چڑیا زادی نے بھی باپ سے کہا۔

ہیں۔ چیں۔ چیں۔ ابا مجھ کو بھی گھوڑا منگا دو۔ ابا میں بھی ٹب میں نہاؤں گی۔ ابا مجھ کو بھی ایسے رنگ برنگ کے کپڑے لا کر دو۔ چڑے نے چڑیا سے کہا۔ لے سُن۔ دیکھا مزہ کوٹھی میں گھر بنانے کا اب لا اپنی لاڈلی کے واسطے گھوڑا۔ ٹب منگا۔ کپڑے بنا۔

چڑیا نے کہا۔ دیکھو پھر وہی لڑائی کی باتیں نکالیں۔ ایک کی تو تمہاری اس کل کل سے جان گئی۔ یہ نگوڑی بچی ہے۔ تم اس کو بھی نہیں دیکھ سکتے۔ بچہ ہے کہنے دو یہ کیا جانے۔ ہم غریب ہیں۔ اور یہ چیزیں نہیں لا سکتے۔ بڑی ہو گی تو آپ سمجھ لے گی کہ چڑیوں کو آدمیوں کی ریس سے کیا سروکار۔ مس چڑیا نے ماں کی بات سُن کر کہا۔ واہ بی اماں واہ تم غریب تھیں۔ تم چڑیا تھیں تو اس امیر کی کوٹھی میں آ کر کیوں رہی تھیں۔ گاؤں کے چھپر میں گھر بنایا ہوتا۔ میں تو ہرگز نہ مانونگی۔ اور میم صاحبہ کے بچہ کی سی سب چیزیں منگا کر رہوں گی۔ نہ لاؤ گی تو لوٹیں گرتی ہوں اور مرتی ہوں۔ پاپ کاٹے دیتی ہوں۔ نہ زندہ رہوں گی نہ تم پر میرا بوجھ ہو گا۔

چڑے چڑیا نے گھبرا کر کہا۔ ہے ہے۔ ایسا غضب نہ کیجیو۔ اچھا اچھا ہم سب کچھ منگا دیں گے۔ یہ کہکر اور مس چڑیا کو دلاسہ دے کر دونوں نے چونچ سے چونچ ملائی اور پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کیا۔ روتے تھے اور یہ کہتے تھے۔ ہائے اچھوں کی صحبت اچھا بناتی ہے۔ اور بُروں کی صحبت بُرا کر دیتی ہے۔ یہ بیرسٹر صاحب اچھے سہی مگر ان کی صحبت سے ہمارا تو ستیاناس ہو گیا۔ ہائے ہماری لاڈلی ہاتھوں سے نکل گئی۔ ہائے یہاں تو اور کوئی چڑیا بھی نہیں جو ہمارے دُکھ میں شریک ہو۔ چڑے چڑیا روتے تھے۔ اور مس چڑیا قہقہہ لگاتی تھی۔ کہ نئے زمانہ کی اولاد ایسی ہی ہوتی ہے۔

(حسن نظامی)

ایک اہم اعلان

دی گریٹ ایسٹرن موویٹون لمیٹڈ لاہور نے

وطن پرست مہاراجگان بڑے بڑے سرمایہ داروں۔ ماہرین اقتصادیات اور صنعت فلم سازی کے مشہور شہسواروں کی سرپرستی کا فخر حاصل کر لیا ہے

منظور شدہ سرمایہ ۲۵ لاکھ روپیہ جو ایک لاکھ پچیس ہزار حصص پر بحساب بیس روپیہ فی حصہ منقسم ہے۔ جاری شدہ سرمایہ ۱۰ لاکھ روپیہ

ادائیگی:- پانچر روپیہ فی حصہ ہمراہ درخواست اور پانچر روپیہ فی حصہ بوقت الاٹمنٹ

چیئرمین:- کپتان ہز ہائنس راجہ سر جوگندر سین بہادر۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ راجہ آف منڈی۔

وائس چیئرمین:- ہز ہائنس مہاراجہ راجندر پرکاش بہادر آف سرمور

بورڈ آف ڈائرکٹران

(۱) آنریبل رائے بہادر لالہ رام سرن داس۔ سی۔ آئی۔ ای ممبر کونسل آف سٹیٹ لاہور

(۲) لفٹیننٹ کرنل سر ہنری گڈنی نائٹ ایم۔ ایل۔ اے۔ آئی۔ ایم۔ ایس (ریٹائرڈ) کلکتہ

(۳) خانبہادر میاں احمد یار خاں چیف آف دولتانہ۔ ایم۔ ایل۔ سی

(۴) پنڈت کرشن بل بار ایٹ لاء۔ چیئرمین امرتسر ڈسٹلری کمپنی لمیٹڈ۔

چیئرمین یونیورسل پکچرس لمیٹڈ و ریگل تھیٹر لمیٹڈ۔ لاہور

(۵) مسٹر دل سکھ ایم پنچولی منیجنگ پارٹنر "ایمپائر ٹاکیز ڈسٹری بیوٹرز" دی پلازا لاہور۔ اینڈ ایگزیبوٹرز ڈسٹری بیوٹرز و انڈین فلمز۔

(۶) مسٹر کے۔ ایس۔ ڈاور ایسوسی ایٹڈ انجنیرز (شیفلڈ) انگلینڈ پروپرائٹر دی رکنٹ پریس گوجرانوالہ۔

(۷) کنور شوپال ہوم منسٹر منڈی سٹیٹ۔

حصہ داران میں سے

(۱) سر سی۔ پی۔ راماسوامی آئر۔ کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ سابقہ ممبر ائسرائے ایگزیکٹو کونسل۔

(۲) سر جوزف بھورے۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ بی۔ ای آئی۔ سی۔ ایس۔

(۳) راجہ سر دیا کشن کول۔ کے۔ بی۔ ای۔ سی۔ آئی۔ ای۔

(۴) نواب سر لیاقت حیات خاں۔ کے۔ ٹی۔ او۔ بی۔ ای۔

(۵) راول سنگرام سنگھ جاگیردار آف سامودجے پور۔

(۶) سری کرشن دیوا بھارگوا آف ابر انڈیا شوگر ملز کھاتولی (یو۔ پی)

(۷) مسٹر مولچند تیواری جج چیف کورٹ جے پور۔

بورڈ آف ڈائرکیٹر۔ لاثانی ہے (سول اینڈ ملٹری گزٹ)

گریٹ ایسٹرن موویٹون لمیٹڈ کی ابتدا ہی تسلی بخش ہے (ڈیلی ہیرلڈ)

اس عظیم الشان کمپنی کا مستقبل شاندار ہے۔ (ٹربیون)

اس لمیٹڈ کمپنی کی ڈائرکیٹریٹ شاندار ہے (موویٹون کرٹیک)

کمپنی کا سرمایہ تیزی سے بڑھ رہا ہے

محفوظ اور منفعت بخش تجارت میں سرمایہ لگانے والے اصحاب پتہ ذیل پر خط و کتابت کریں

رجسٹرڈ دفتر:- دی ریگل۔ دی مال لاہور

افسانہ

ضیاپاش

(از جناب صاحبزادہ محمد عمر صاحب بی اے جموں)

بمبئی میں دکانوں کی اور دکانوں میں مال و منال کی کثرت ایسی بات ہے کہ خواہ کتنی وضاحت سے کام لیں مگر یہ بیان واقف کاروں کی نگاہ میں مبالغہ کی حد تک نہیں پہنچتا۔ پھر بھی دولھا بھائی فرامجی جوہری کی دکان ایسے نوادر روزگار کا مجموعہ ہے کہ اس کے ذکر خیر میں لاکھ سادگی اور دیانت برتیں کہنے والے یہی کہیں گے کہ تصنع ہے تکلف ہے۔ شاعرانہ بلند پروازی ہے وغیرہ وغیرہ۔ آپ ہی بتائیے کہ جس دوکان کے طلوع سے غروب تک اور غروب سے طلوع تک نیلے پردے پڑے ہیں۔ جس دکان میں کوئی گاہک آتا جاتا نہ دکھائی دے۔ جو دکان اس علیحدہ تجارت سے محروم ہو۔ جسے عرفِ عام میں "بورڈ" کہتے ہیں۔ اس کے متعلق کون باور کرے گا کہ اگر یہ بمبئی کی سب سے بڑی دکان نہیں تو کم سے کم اس شہر کی ڈائرکٹری مکمل نہیں ہو سکتی۔ جب تک اس بڑی دکان کا نام نہ چڑھے۔ کون مانے گا کہ اس کی ساکھ یورپ کی بڑی بڑی منڈیوں تک ہے۔ اور ممالک عالم کے دارالخلافوں میں اس کی ہنڈیاں پرمان ہوتی ہیں۔ اسی پر بس نہیں بلکہ بلاخوف حلف دروغی یہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ کہ جواہرات کا جو منتخب اور سیر حاصل ذخیرہ اس دوکان میں ہے اس کا جواب دنیا کی بہت کم دکانیں پیش کر سکتی ہیں جتنی یہ دکان بڑی ہے۔ اس کے حساب و کتاب کی کتابیں اتنی ہی مختصر ہیں۔ بس یہ سمجھ لیجئے آپ اس کی پچپن سالہ کارگذاری کی روئداد آرام سے اوپر کی جیب میں رکھ سکتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ سال دو سال میں ایک دو خریدار آنکلتے ہیں۔ اور اس سے انکم ٹیکس کے عملہ کا خرچ نکل جاتا ہے۔ اس کے عقب میں وہ کمرہ ہے۔ جس میں غیر معمولی قیمت کا مال قفل در قفل رہتا ہے اور جو دکان کے الماس تراش جہانگیر کی کارگاہ ہے۔ اس کمرے کو خلوت کی وہ معراج حاصل ہے جو کنج لحد کو بھی نصیب نہیں۔ وہاں باہر فاتحہ خوانوں کی خلفشار اور اندر منکر نکیر کی چھیڑ چھاڑ لگی رہتی ہے۔ لیکن یہاں کبھی دو سا بھائی آنکلے تو آنکلے ورنہ سوا ان کی بیٹی یاقوت کے کوئی سکندر نہ تھا۔ جو اس ظلمات میں جو ہمانگ بھی سکے یہ کمرہ جہانگیر کی دنیا تھا۔ جس سے وہ مارے باندھے نکلنے کا نام نہ لیتا تھا بس جواہرات سے کھیلنا اور انکی آب کو ایک سے ہزار کر دینا دو سا بھائی اس کے جن صفت کا معترف تھا۔ مگر دل میں! وہ ایسا سرپایہ دار نہ تھا جو مزدور کی محنت کی داد دے کر سوتی بھیڑ کو جگاتا۔ مگر جہانگیر تحسین و انعام سے بے نیاز تھا۔ کہ یہ محنت اس کی تفریح میں داخل ہو چکی تھی۔

(۲)

ایک دن دونوں دن مل رہے تھے۔ کہ دو سا بھائی باپتا کا پتا جہانگیر کی "حراست خود اختیاری" میں آیا۔ پہلے ایک تبسم زیر لب نے اس کا استقبال کیا۔ لیکن اس کا اترا ہوا چہرہ دیکھ کر جہانگیر کی ٹھوڑی کا لہسے اتر کر ٹائی کے سر ہو گئی۔ تھوڑی دیر ہوئی تھی۔ جب اس نے سنا تھا کہ یاقوت کی طبیعت کچھ بدمزہ سی ہے۔ آن واحد میں اس خیال نے دو سا بھائی کی گھبراہٹ سے مل کر تیمارداری کے جملہ لوازم اسکی آنکھوں کے سامنے جمع کر دیئے۔ اور شہر کے مشہور ڈاکٹروں کے مطب یاد آنے لگے۔ اوزار میز پر رکھ کر اور ٹوپی ہاتھ میں لے کر اس نے پوچھا۔ خیر تو ہے۔ دو سا بھائی نے کہا۔ کچھ نہیں۔ مجھے صرف یہ معلوم کرنا تھا کہ کل جوہیرا بیس ہزار میں گیا اس میں کچھ گھاٹے میں تو نہیں رہے چندے اور محنت ہوتی تو شاید کچھ اور مل جاتا"

جہانگیر۔ محنت کی تو گنجائش نہ تھی۔ ویسے کوئی عقل کا اندھا

مل جاتا تو اور بات ہے۔ سات سو کا مال بیس ہزار میں اُٹھ گیا تو کیا بُرا رہا؟

دو سا بھائی۔ آخر ہنس دیئے۔ اچھا جو ہوا خوب ہوا۔ ہاں یہ کہنا بھول ہی گیا تھا کہ کل مہاراجہ نیپال کے وزیر ضیا پاش کی زیارت کو آرہے ہیں۔ کمبخت جگین ہمراہ ہوگا۔ اس کی جو آنکھ ہے تم جانتے ہو اس لئے وہ ایک انچ کی کسر بھی نکل جائے تو بہتر ہے۔

یہ کہکر دو سا بھائی اٹھا اور ایک بھاری بھرکم سیف ایک آہنی صندوقچہ سے نکالا۔ اس میں سے ایک ڈبہ اور ڈبہ سے ایک ڈبیہ برآمد ہوئی۔ جس میں ضیا پاش پردے کی بوبو بنا بیٹھا تھا۔ دو سا بھائی نے یہ ہیرا جہانگیر کو دیا۔ اس نے اس ہزاروں دفعہ دیکھی ہوئی چیز پر ایک بصرانہ نگاہ ڈالی اور کہا۔ کوہ نور میں نے نہیں دیکھا ہوگا ویسے ہی ہوگا۔ جیسا کہتے ہیں۔ مگر اس سے زیادہ اب اور کیا ہوگا بس یہ ایک چیز ہے۔ جس کی گراں سے گراں قیمت "ارزانی ہنوز" کہے گی۔

دو سا بھائی چلا گیا اور جہانگیر ضیا پاش کی پوجا کرنے لگا۔ اس کی دلبستگی محنت کی کشاکش میں تبدیل ہو۔ نے کو تھی کہ یاقوت آگئی اور جہانگیر آب و رنگ کے اس تصادم کو دیکھ کر قوت آمیز سے محروم ہو گیا۔ یاقوت میز کے اس طرف جہانگیر کے سامنے کرسی پر بیٹھ گئی۔

یہ کہنا شاید افشائے راز کی حد تک نہیں پہنچتا۔ کہ جہانگیر جن جواہرات کی آڑ میں دُنیا اور اس کی جملہ مسرتوں کو تیاگ رہا تھا۔ ان کی تہ میں یاقوت۔ کہربا اور مقناطیس کے فرائض بجا لاتی تھی۔ اس بے لوث اور بے لاگ محبت کا کوچہ جانا ہوا تھا۔ یہانتک کہ خود جہانگیر اور یاقوت بھی نہ جانتے تھے۔ کہ ان کے جذبات انہیں کہاں لے جا رہے ہیں۔ مگر دو سا بھائی کا بڑھاپا ابھی شباب کی امنگوں کو فراموش نہ کر چکا تھا۔ وہ خوب جانتا تھا کیا ہو رہا ہے۔ مگر فی الحال کرنا چاہتا تھا۔ کہ وہ کچھ نہیں جانتا۔ وہ ان کی محبت کو ماں کی آنکھ نہیں دیکھتا تھا۔ بلکہ اس کے نتائج و عواقب پر باپ کے دماغ سے غور کرتا تھا دولت کے بعد اگر کسی سے اُسے محبت تھی تو یہ یہی اس کی اکلوتی بیٹی یاقوت تھی جس کی مرحومہ ماں کا جہیز اس کی دکان کے راس المال کا کفیل تھا۔ دو سا بھائی دنیا کی ہر بات کو دل کے ہر جذبے کو تجارت کے کانٹے میں تولتا تھا اور اس لئے یاقوت کی شادی کو بھی وہ زر زر یا میکنڈ کے مترادف بنانا چاہتا تھا۔ جہانگیر تو خیر خارج از بحث تھا۔ مگر اُسے بیوی بھر میں الماس کی ٹکر کا ہیرا نظر نہ آتا تھا۔ پرانے قصہ کہانیوں میں آتا ہے۔ کہ ایک بادشاہ نے اپنی بیٹی کی شادی سیمرغ کے انڈے یا ہملکے پر لانے سے وابستہ کی تھی۔ ایسی شرطیں محض ظرفِ زیب افسانہ ہوا کرتی ہیں۔ مگر دو سا بھائی کی یہ شرط کہ یاقوت کا دولہا ضیا پاش جیسا ہیرا پیش کرے۔ یا اسے خریدنے کی استطاعت رکھے ایک سیدھے سبھاؤ کی شرط تھی۔ پھر کیف جہانگیر اور یاقوت کے کان دو سا بھائی کی دور اندیشیوں سے نا آشنا تھے ان کی باتیں فکر فردا سے آزاد۔ دلآویزی کی شان لئے ہوئے تھیں۔ آج بھی وہ ایسی باتوں کے نغمے لے رہے ہیں جنہیں اگر نیرنگ کے مقامات پر لایا جائے تو بیرنگ نظر آئیں اور کوئی اٹھا کر دیکھنا بھی گوارا نہ کرے۔ لیکن اپنے عہد میں وہ سرشار کی گل افشانی کو مات کرتے تھے۔ جہانگیر نے الماری سے چائے کا سامان نکال چائے تیار ہوئی۔ دونوں پینے لگے۔ اور دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو کر باتیں کرتے رہے۔ آخر یہ دور ختم ہوا۔ چائے کا سامان اٹھا کر الماری میں رکھا۔ کہ دو سا بھائی جلدی جلدی ڈگ بھرتے داخل ہوئے اور یہ خبر لائے کہ وزیر صاحب کا فون آیا ہے کہ کل کی بجائے آج ہی ایک گھنٹہ تک آئیں گے۔ لاؤ ضیا پاش کو ذرا سلیقہ سے سنوار کر رکھیں۔

جہانگیر کو پہلی نگاہ میں میز پر ضیا پاش نظر نہ آیا۔ غور سے دیکھا۔ آنکھیں پھاڑ کر دیکھا۔ الماس نے دیکھا۔ دو سا بھائی نے دیکھا۔ یکایک کسی کو کچھ نہ دکھائی دیا اب باقاعدہ تلاش شروع ہوئی۔ میز کی بساط ہی لپیٹ دی گئی۔ ان چھ آنکھوں نے کمرے کا کونہ کونہ چھان مارا۔ لیکن ضیا پاش کا کوئی نشان نہ ملا۔ دو سا بھائی کی آنکھوں میں دنیا اندھیر ہو گئی۔ جہانگیر پر گھڑوں پانی پڑ گیا۔ یاقوت کی بھری دنیا اس کی تشنگی میں اس بات کا اندازہ نہیں لگا سکتی تھی۔ کہ اس کا میلان ان دونوں میں سے کس کی طرف زیادہ ہے۔ وزیر صاحب کا فون دنیا اور ہیں سمر گم گشتہ ہیرے کے لئے چکر کھانے لگے۔ آخر [illegible] وہ

اس نتیجہ پر پہنچے۔ کہ جہانگیر پریٹری کے ساتھ ہیرا نگل گیا ہے۔ وہم نے جہانگیر کے پیٹ میں کچھ درد بھی پیدا کر دیا اور گلے میں خراش سی محسوس ہونے لگی۔ اب سوال یہ پیدا ہوا کہ جہانگیر کے پیٹ سے ضیا پاش کس طرح نکالا جائے اسی ادھیڑبن میں تڑکا ہوگیا۔ مگر کوئی بات نہ بنی۔ دو سابھائی کو اس بات میں بھی مضائقہ نہ تھا۔ کہ جہانگیر کو ہلاک کر کے ضیا پاش نکال لیا جائے بہت سر و دی کے بعد مشیر قانونی طلب ہوئے اور ان کی ہدایت کے مطابق جہانگیر کے روبرو اس کے خلاف سرقہ کا مقدمہ قائم کرنے کی ٹھہری۔ مستغیث۔ ملزم۔ گواہ اور وکیل ایک میز پر کھانا کھا کر اور ایک موٹر میں بیٹھ کر عدالت کو چلے ؛

(۳)

اس قدر دلچسپ۔ اسقدر کٹھن۔ اتنا پیچیدہ اور ایسا سادہ مقدمہ عدالت میں کبھی پیش نہ ہوا تھا۔ ملزم کو اقرار تھا۔ کہ اس نے مال مسروقہ کی تعزیرات ہند کی ہدایات کے مطابق نقل مکان کی۔ مال مذکور اس کے پاس موجود ہے اس کی حوالگی میں عذر نہیں مگر یہ اس کے بس سے۔ باہر اور قدرت کے اختیار میں ہے مستغیث کا بیان اس سے بھی عجیب تر تھا۔ اس کے عندیہ میں ملزم نے کسی قسم کی بدنیتی سے کام نہیں لیا۔ مال مسروقہ اتفاقاً اس کے قبضہ میں چلا گیا۔ اس کا حوالہ کرنا ملزم بلا رضا و رغبت خود نہیں کر سکتا۔ عدالت اپنے اختیارات تمیزی کو عمل میں لا کر حکم دے کہ ملزم پر عمل جراحی کر کے اس کا مال دلایا جائے۔ یا قوت استغاثہ اور صفائی کی طرف سے واحد گواہ تھی۔ اس نے عجیب ترین بیان دیا کہ مال اس کے سامنے گم ہوا اور ظن غالب یہ ہے کہ وہ ملزم کے شکم نہ بلا اختیاری میں چلا گیا۔ اگر عمل جراحی کا حکم دینا لازم آئے تو مستغیث اس کی قیمت گواہ کے حصہ دکان سے وضع کرے اور عمل جراحی نہ کیا جائے۔ اس روئداد پر تجویز صادر کرنا عدالت کے لئے مشکل تھا۔ مغربی طریق عدالت گستری مشرقی عدل و انصاف اور ترحم سے مختلف ہے۔ تمام وکیل جمع ہوگئے۔ دیگر جج بھی آگئے اور عدالت تجویز کنندہ کی بوکھلاہٹ کا تماشہ دیکھنے لگے۔ لیکن جج بھی پرانا گھاگ تھا اس نے سیکڑوں پیچیدہ مقدمات پیچیدہ فیصلوں میں آڈر دئے تھے۔ اس نے فیصلہ بھی اسقدر دلچسپ سنایا جو اس عجیب مقدمہ کے شایان شان تھا۔ الفاظ وہی تھے۔ حکم کی نوعیت وہی تھی۔ جو سیکڑوں مرتبہ اس کی قلم سے نکل چکے تھے۔ لیکن حالات نے انہیں بہت نمایاں کر دیا۔ فرماتے ہیں "روئداد مثل کی رو سے مقدمہ قابل توجہ نہیں۔ ملزم کا فعل قانون کی کسی شق کے تحت قابل گرفت نہیں۔ زیادہ سے زیادہ مقدمہ دیوانی نوعیت کا ہے جس میں عدالت فوجداری دخل نہیں دے سکتی۔ مستغیث کی یہ التجا قابل پذیرائی نہیں کہ ملزم کا بروئے قانون عمل جراحی کیا جائے کہ قانون اس کا روادار نہیں۔ نہ کسی عدالت عالیہ نے اس قسم کا حکم صادر فرمایا ہے۔ البتہ اگر فریقین برضا و رغبت خود ایسا کر لیں۔ تو عدالت کو اعتراض نہیں"۔ یہ فیصلہ سنکر فریقین کی گاڑی گھر کی طرف پھری۔ لیکن ان کی آمد و رفت نے صورت حالات پر کوئی اثر نہ ڈالا دو سابھائی عمل جراحی پر مصر تھے۔ جہانگیر عمل جراحی کے لئے آمادہ تھا۔ یا قوت۔ عمل جراحی کا نام نہ لینے دیتی تھی ؛

(۴)

نئی روشنی اور جدید تعلیم نے جہاں دماغوں کو منور کیا و ہاں دنیا کو اُجاڑ دیا۔ جن اور پری کی روایات افسانہ بن گئی۔ اکسیر اور پارس جو عرصہ حیات کے تھکے ماندوں کو۔ "دنیا یا مید قائم" کا سراب دکھاتے تھے۔ ایک قصہ قرار دیئے گئے۔ سفتور کی مسیحائی جو بڑھاپے میں شباب کا امکان پیدا کرتی تھی۔ محض زیب داستان ہو کر رہ گئی۔ غرض ماضی کی جملہ دلبستگیوں کے چراغ اس نئی روشنی کے سامنے گل ہوگئے۔ یہاں تک کہ ہمزاد اور ان کی تسخیر کے عمل سے جو چار پہلے مالنوں کا چولہا روشن ہوجاتا تھا۔ اس کی اتنی بھی حقیقت نہ رہی کہ ذرا دیوں کے دل بہلاوے کے طور پر اس کی تحقیق کے لئے چار پہلے مالنوں کا کوئی کمیشن ہی مقرر کیا جاتا۔ مگر آفریں کیئے دو سابھائی کی وطن پرستی اور قدامت نوازی کہ اس نے ہمزاد کی یاد کو تازہ کر دیا۔ جہانگیر صبح بستر سے اٹھا تو دو سابھائی پہلے سے موجود۔ غسل خانہ جاتا تو دو سابھائی باہر چہل قدمی کرتے کام کرتا تو دو سابھائی سینہ پر اپنے بازوؤں کو ہم آغوش کر کے سامنے ڈٹے رہتے۔ اگر کسی وقت جہانگیر باہر جاتا تو سیٹھ صاحب کی سواری بھی ہمراہ نکلتی۔ غرض اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے دو سابھائی کبھی جہانگیر کو

آنکھ سے اوجھل ہونے دیتا۔ دو سا بھائی کی ان حرکات مذبوحی پر آپ قہقہہ لگائیں۔ مگر خدارا آپ ہی بتائیں کہ جب خود پولیس کے محکمہ خبر یہ خبر دیں کہ نہ صرف ہندوستان بلکہ یورپ کے ممتاز ترین چور اپنے جہانگیر کی جان کے لاگو ہو رہے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اسے ہلاک کر کے اس کے نگینہ سے ضیا پاش کو نکال لیں۔ تو بتایئے کہ دو سا بھائی یہ نہ کرتا تو کیا کرتا۔ جو شخص تھپڑ میں نہ جانتا ہو کہ وہاں پٹاخے کی آواز سنکر اس کا دل جاتا ہے اس کے پستولوں کی جوڑی لگائے پھرنا کتنا بڑا ایثار ہے۔ جس شخص نے کبھی چاقو نہ رکھا ہو اس کی پتلون کی جیب میں پیش قبض کا آشیانہ بنانا کتنا بڑا کارنامہ ہے۔ جو شخص کبھی ایک پیسہ نہ خرچے جب تک اسے یہ امید نہ ہو کہ وہ ایک اور کو انگلی سے پکڑے رہے گا اس کا پورے دو سو روپئے ماہوار پر ایک سراغرساں کو رکھنا کتنی عظیم الشان قربانی ہے۔ آپ درست فرماتے ہیں کہ یہ سامان مدافعت جہانگیر کی جان کے لئے نہ تھا بلکہ ضیا پاش کی خاطر تھا۔ چلو یونہی سہی۔ پھر دو سا بھائی کی تدابیر حق بجانب ہیں۔ اور آپ اسپر ہنسنے کے مجاز نہیں۔ دو سا بھائی لاکھ جاگنے کی کوشش کرے۔ مگر ساٹھ سال کی عادت دنوں میں نہیں چھوٹ سکتی۔ اس لئے دس بجنے کے بعد وہ آہی جاتی۔ جو سولی پر بھی نہیں رکتی۔ جہانگیر نے ڈرکا روگ پالا ہی نہ تھا اس لئے وہ اپنی نیند سوتا۔ اپنی نیند جاگتا۔ اس کے معمول میں کوئی فکر نہ آیا۔ رہے یہاں سراغرساں۔ اپنی صحت کی فکر خوب جانتے تھے۔ ان کی نگاہ شب بیداری کی نسبت الفنسٹن رسٹورنٹ میں ایک اوھا چڑھا کر پڑا رہنا صحت کا بہتر ین استعمال تھا۔ دس بجے شام سے لے کر صبح چھ بجے تک جہانگیر اور ضیا پاش نقب زنوں کے حال پر ہنستے تھے "چپ" کے تالے اور دو انچ کی سلاخیں امن پسندوں کے ڈرانے کے لئے ہیں۔ چوروں اور نقب زنوں کے آگے یہ چیزیں دعوتی رقعوں سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں۔ انہیں کھٹکے کا کھٹکا ہوتا ہے۔ وہ انسانی آنکھ کی دونالی سے سہم جاتے ہیں۔ روشنی ان کیلئے اندھیرا ہے۔ وہ سکون چاہتے ہیں۔ اہل مکان کی خواب راحت کیلئے دست بدعا رہتے ہیں۔ کہ ان کے تیرا ندھیرے ہی میں روشن ہوتے ہیں اس لئے جہاں تک دو سا بھائی۔ جہانگیر بلراغرساں کا تعلق تھا۔ اس وقت مطلع صاف ہوتا تھا۔ لیکن دو سا بھائی کے مکان کی طرف جب ان بزرگوں کا پیرا ہوا انہوں نے اندھیرے کو کافور پایا۔ اور پیا تو کی مبہم صدا یا کسی کتاب کے بند زنانہ آواز سے پڑھنے نے پھر چڑی کا [illegible] کہ ان خواب اور گھنٹوں کو آنکھوں میں بسر کرنا یاقوت نے اپنا فرض بنالیا تھا۔ جوانی کے دنوں میں تنہا رات کو دن کر دینا کھیل نہیں لیکن جب دل کو لگی ہو تو نیند خواب ہو جاتی ہے۔ وہ اچھی طرح جانتی تھی۔ اس وقت [illegible] جان داؤ پر ہے۔ اس کی آنکھیں اس وقت بند ہونے کا نام نہ لیتی تھیں جب اس مکان میں کوئی نہ کوئی آنکھ کھلی نہ ہوتی تھی۔ اس ہمدرد بیداری نے اس کی آنکھوں کے جنے نے خشک کر دیئے اس کے پھول سے رخسار مرجھا گئے۔ غیروں نے اسے بیمار سمجھا۔ دو سا بھائی نے اسے ضیا پاش کے نقصان سے منسوب کیا اور جہانگیر نے جو خیال کیا اس نے اس درد میں ایک مزا پیدا کر دیا۔

(۵)

یہ عمل ایسا نہ تھا۔ جو دو ہفتوں کے بعد اجرا نہ ہو پاتا۔ دو سا بھائی اس چوکیداری سے اکتا گئے۔ جہانگیر اس چوبیس گھنٹے کی مراست اور نگرانی سے تنگ آ گیا۔ یاقوت کی صحت نے دونوں کو پریشان کر دیا۔ ایک رات جہانگیر یاقوت کی ناساز طبع پر غور کرتا ہوا سو گیا کہ [illegible] معمول اسکی نیند پر ہاوی ہو گئی۔ آنکھیں بند ہونے کے باوجود وہ جاگ رہا تھا۔ کہ اس نے کمرے میں روشنی کی ایک لمبی سی لکیر [illegible] دیکھی جو رفتہ رفتہ تیز ہونے لگی۔ اور آخر ایک سیاہ پوش شخص ہاتھ میں ٹارچ لئے ہوئے [illegible] ہاتھ میں تھی اور اس کا چہرہ روشنی کے اثر سے محفوظ تھا۔ یہ شخص دبے پاؤں بڑھتا ہوا جہانگیر کے پلنگ کے پاس آ گیا۔ کمرے میں روشنی میں اس وقت صرف دو سا بھائی کے خراٹوں کی آواز گونج رہی تھی۔ جہانگیر سمجھ گیا کہ کوئی نقب زن ضیا پاش کی تلاش میں آیا ہے۔ اس نے ٹھان لی کہ دو سا بھائی کی دلیری کا امتحان لئے بغیر وہ اس سے دو ہاتھ کرے گا۔ اس لئے وہ چپکا پڑا رہا۔ یہانتک کہ سیاہ پوش اس کے اس قدر قریب آ گیا کہ اس کی آنکھیں برقی روشنی کی مدد سے اب نہ لا سکیں۔ چند ثانیہ گئیں۔ وہ اور آگے آیا تو جہانگیر نے اچانک اپنی طرف کی اس کمر کلائی پکڑ لی۔ مگر کلائی انتہا درجہ نازک اور نسائیت کے سانچے میں ڈھلی ہوئی تھی۔ جہانگیر نے [illegible] کی شدید گرفت ندامت کے ہاتھوں ڈھیلی پڑ گئی۔ ایک خفیف سا [illegible] بنا ذوب تو [illegible] ٹوں میں خلل ڈالنے کی ناکام کوشش میں خود فنا ہو گیں ہیں +

(ادا)

یاقوت نے [illegible] سو قدم کہاں [illegible] یاقوت [illegible]

تم اس وقت جاگ کس طرح رہے ہو" یہ مختصر جواب اتنے حالات بیان کر گیا کہ تفصیل کی ضرورت نہ رہی۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا۔ کہ یاقوت کئی راتوں سے جاگ رہی ہے۔ جس کے تاثرات اس کی صحت سے ظاہر ہو رہے تھے۔ غرض دونوں شب زندہ دار باتیں کرنے لگے۔ جن کے اختتام پر جہانگیر نے اس ارادہ کا اظہار کیا کہ خواہ کچھ بھی ہو وہ عمل جراحی کرا کے رہے گا۔ یاقوت نے اپنے حسن کے ساتھ لاکھ حملے کئے مگر جہانگیر کے ارادہ میں کوئی فرق نہ آیا۔ یہ وہی قوت تھی جو یاقوت کے ایک اشارہ ابرو یا ماتھے کی واحد شکن کے سامنے ہتھیار ڈال دیتی تھی۔ لیکن یاقوت کی نزاکت صحت نے آج اسے سدِ سکندری بنا دیا۔ غالباً یاقوت کی زندگی میں یہ پہلا موقع تھا۔ جب اُسے یہ معلوم ہوا کہ اس کی کسی مثل بھی کر سکتی ہے۔ کیوں نہیں۔ جہانگیر کو اس کی خاطر شکنی کا ضرور احساس تھا۔ لیکن اس بوسۂ یاقوت نے جس بلندی پر پہنچا دیا وہاں جہانگیر کی نگاہ نہیں پہنچ سکتی تھی۔ اس طوفان یاس میں یاقوت تنکے کا سہارا ڈھونڈتی پھرتی تھی۔ کہ معاً اسے ایک خیال آیا اور اس کے چہرے پر مسرت کی ایک لہر دوڑ گئی۔ اور اس نے ایک شکوہ آمیز انداز سے کہا:-

نہیں، نہیں تو خیر۔ میری وہ ہنسی جو کبھی حکم کی تاثیر رکھتی تھی آج بے اثر ثابت نہیں ہوگی۔ بلکہ میں حسرت و ارمان کی اس منزل پر پہنچ گئی ہوں۔ جس کا علاج بزدلی حلقوں میں خودکشی بتلاتے ہیں۔ میرے لئے مشکل اور مصیبت کا اس سے زیادہ جانکش عالم اور کیا ہوگا۔ اس لئے اماں پیاری کی وصیت پر عمل کرنے کا وقت آ گیا۔ انہوں نے مجھے ایک ڈبیہ دی تھی اور کہا تھا کہ جب سخت بھیڑ پڑے گی اس وقت اسے کھولنا۔ زیادہ میں پوچھنے نہ پائی تھی کہ روح پرواز کر گئی۔

یاقوت ڈبیہ لے آئی اور دونوں کارگاہ میں گئے لیمپ روشن ہوا اور ڈبیہ کھولنے لگے۔ پائینٹ کے غلاف سے ایک ڈال سیپ کی ڈبیہ نکلی جو بذات خود ایک نایاب چیز تھی ایک ننھی سی چابی لبطور وزن بہت اس کے ساتھ ویراں تھی

عمل جراحی "مشکل اٹھایا تو خوشبو سے کمرا مہک اٹھا محل کی تہ پر تہ چڑھی تھی اسیں بٹھایا۔ تو مشکل تھا۔ معمہ کے منہ سے بے اختیار نکل گیا۔ "ضیاپاش" یاقوت نے دیکھا صحیح صحیح لفظ بے بہا سمجھا تھا۔ جہانگیر نے اسے نکال کر نیز پر رکھا اور مبصرانہ امتحان کی تیاری کرنے لگا عدالت تجویز کنندہ کا جائزہ لینا شروع کیا تو اسیں سے ایک کاغذ نکلا۔ جس پر یہ عبارت درج تھی پرانا گھاگ تھا اس

ترجم سے مختلف

آڈر دئے تھے۔ اس نے فیصلہ بی

ہمراہ

بیٹی! دنیا آنی جانی ہے جو یہاں آیا اسے جانا ضرور ہے۔ مجھے مرنے کا غم نہیں میں نے دنیا کی بہاریں دیکھیں اور جی بھر کر دیکھیں۔ سچ پوچھو تو اب طبیعت سیر ہو گئی میں جانتی ہوں کہ جو ڈاکٹر مجھ سے چھپاتے ہیں۔ مجھے معلوم ہے کہ تمہارے ابا کی مسکراہٹ کسقدر جبر و تصنع اور تکلف کی ترکیب سے رونما ہوتی ہے۔ جب وہ یہ جانتے ہیں کہ اس مصلحت آمیز فریب سے مجھے خوشی حاصل ہوتی ہے تو میں اُسے کیوں نراض کروں۔ دنیا کو میں نے کیسا پایا۔ میرا فرض تھا کہ تمہیں بتا کر جاتی لیکن تمہارا بن اس امانت کو سنبھالنے کا نہیں۔ بس یہ جان لو دنیا پیسے کی ہے اور اس کے سامنے جھکتی ہے لیکن سچی خوشی بازار میں نہیں کبھی یہ دل سے پیدا ہوتی ہے اور اس کی کاشت کھلا میدان چاہتی ہے۔ اس لئے جتنا دل کشادہ ہوگا اتنا ہی دامن مسرت دراز ہوگا چھوٹی چھوٹی باتوں کو نظر انداز کرنا۔ خفیف خطاؤں سے چشم پوشی وسعت قلب کی آیات ہیں۔ دنیا کی دوڑ میں کامیاب رہنا ہے۔ تو کبھی نہ بھولنا کہ سہو و خطا انسان کی سرشت میں داخل ہے۔ اس لئے نکتہ چینی کا موقع دینے سے کبھی گریز نہ کرنا۔ میری بچی خدا تمہیں برومند چڑھائے۔ تھک گئی ہوں۔ اگر زندہ رہی تو باقی کل ورنہ خدا حافظ۔ ۴ جنوری ۱۹۳۶ء

تمہارے مستقبل پر کل رات تمہارے ابا سے دیر تک گفتگو رہی وہ ہاں تو بہت کرتے سے مگر اوپری دل سے۔ اس لئے نہیں کہ سکتی۔ میری باتیں ان کے معیار پر کسقدر غالب آئینگی۔ وہ دنیا کے ساتھ بات نورانی کو بھی سونے کے کانٹے میں تولتے ہیں میں عمر بھر انہیں قائل نہ کر سکی۔ کہ صرف روپیہ عورت کی مسرت کا ضامن نہیں۔ شباب کا کیا ذکر ہے شیب تک اس کا دل طفولیت کے گہوارے میں پڑا رہتا ہے۔ اس کی آنکھیں پر لاکھ متانت اور ادراک کے جلو سے نثار ہوں مگر اس کے کان وہ مخمل وہ لہجہ اور زبان کا وہ لوچ چاہتے ہیں۔ جو بچوں کو مخاطب کرتے وقت ظاہر ہوتی ہے۔ نہیں کہہ سکتی کہ کب قلم میرے ہاتھ سے نکل جائے۔ اس لئے بہت باتیں دل میں رہی جاتی ہیں۔ خیر یہ ہیرا میں اس ڈبیہ میں بند کرتی ہوں۔ تمہاری ہیں سب سے کٹھن وقت وہ ہوگا جب تمہارے ابا ضیاپاش کے ثانی پیش کرنے پر اصرار کریں گے۔ اسوقت تم اس ڈبیہ کو کھولو گی تو مشکل آسان ہو جائے گی بہ

یہ تحریر یاقوت نے پڑھی اور دونوں مسکرائے کہ یاقوت کی شادی کی ہی پیش بندی کی تھی۔ لیکن یاقوت اس لئے خوش ہوگئی کہ اب ضیاپاش کے مل جانے کی عام ہو جائے گی۔ جہانگیر کی زندگی خطرے میں نہ رہے گی۔ مدت کے بعد چین نصیب ہوا۔ تو پرانی دلبستگیاں یاد آ گئیں۔ اب پوچھنے میں کچھ ہی دیر تھی کہ جہانگیر نے بھولا بسرا ہوا سامان نکالا۔ چاندنی میں کوئی چیز کھٹکتی تھی "الٹا یا تو "ضیاپاش"

لیلیٰ محل۔ رادھا کرشن۔ سیوا جی اور اورنگ زیب۔ مرمریں محل، شہزادیاں گلاب کے باغات۔ بلبلیں۔ کوئی سمجھے انہوں نے انجن فیکٹریاں۔ مزدور کسان۔ جھونپڑیاں کبھی دیکھی ہی نہیں ——— گویا ہندوستان آج بھی وہی ہے جو سو دو سال پہلے تھا۔ یہی مصوری زندگی سے ہم آہنگ نہیں۔ ہماری ضرورتوں سے ناواقف ہے۔ ہم سو رہے ہیں۔ مردہ ہے۔ مگر گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ بنگال سکول ابھی تیس چالیس سال کی پیدائش ہے۔ اور اس تھوڑے سے عرصے میں اس کے اثرات تمام ہندوستان میں نظر آ رہے ہیں۔ بنگال سکول ہی کی بدولت پنجاب دہلی لکھنؤ۔ مدراس مصوری کا چرچا ہو رہا ہے۔ یہاں وہاں ایک دو کاریگر مصور بھی دکھائی دے رہے ہیں۔ کیا عجب ہے کسی کی توجہ پس و پیش کے حالات پر بھی ہو جائے کوئی ان خوابوں کی تمنا زاروں سے نکل کر حقیقت کی دشوار گزار راہوں میں بھی آ نکلے۔ ماضی کے کھنڈروں میں دب جانے کی بجائے پرانی بنیادوں پر حال و مستقبل کی عمارت استوار کرے۔ آثار نظر آ رہے ہیں۔ افق پر جھلکیاں سی دکھائی دے رہی ہیں۔ دیکھئے کب پو پھٹے! کب مصوری دوبارہ زندگی کے ہم میں اپنی صحیح جگہ پر کام کرتی نظر آئے! اور بدھ مت۔ برہمن مت بعض ہندو کی طرح اپنے ماحول کی ترجمانی کرے۔ نیک و بد میں تمیز کرے۔ حقیقت کی نقاب کشائی کرے۔

تاثیر

سالنامہ نیرنگ خیال کی تصاویر

نیرنگ خیال کی تصاویر کا انتخاب بفضل خدا ہمیشہ بہترین رہا ہے، جو لوگ آرٹ سے کسی قسم کی دلبستگی نہ بھی رکھتے ہوں، وہ مختلف قسم کی تصاویر کو بار بار دیکھنے سے اس فن کی شد بد حاصل کر لیتے ہیں، رنگین تصاویر میں پرانی آرٹ کی تصویروں مغلیہ تا نئے طرز اسکل سے لے کر عہدِ حاضرہ تک کے مشہور مصوّر فیضی رحمان تک کی تصویریں موجود ہیں، فیضی رحمان نے نئی دہلی کی عالیشان عمارتوں کی دیواروں پر جو نقاشی و نقش کی ہیں، اُن کے چند فوٹو اس نمبر کی زینت ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے، کہ فیضی رحمان کا آرٹ کتنا بلند ہے، اُن کی تصویر ایک راجپوت سردار بے حد مؤثر اور جاذب نظر ہے، رنگوں اور خطوط کا یہ امتزاج منتہائے کمال پر پہنچا ہوا ہے، مغربی فنِ مصوّری میں میڈم موتیر کی تصویر قابلِ توجہ ہے۔ ڈی انگرس نے ۱۹۱۲ء سال میں مکمل کیا تھا، امریکہ سے یہ تصویر الگستان کی آرٹ گیلری کے لئے دو لاکھ روپے میں خریدی گئی تھی یہ تصویر رنگین ہے، اس کا معمولی عکس بھی بے حد دلکش ہے، یہ ۱۸۵۶ء کی تیار کردہ ہے، شاہجہان کی بیوی ممتاز محل کی وفات کا منظر سوبھا سنگھ نے جس خوبی سے دکھایا ہے، وہ انہی کا حصّہ ہے، سردار سوبھا سنگھ پنجابی ہیں، اور بنگال میں اصلاحاتِ فن کی وجہ سے بہت ہر دلعزیز ہیں۔

قدیم صنعتی نمونوں میں سے تین تصویریں قابلِ توجہ ہیں، آبادان، پھول دان، اور لیمپ سب نادر نمونے ہیں، لندن میں نمائش کے سلسلہ میں، جہانگیر کی تصویر اور شاہنامہ کا ایک ورق تاریخی حیثیت رکھتی ہیں، ایک سلہوٹی اپنی طرز کی نمائش ہے، ہندوستان کے سات مصوّروں کے ایک ایک نمونہ کو یکجا کر کے ہم نے ناظرین کو اُن کی خصوصیات پر نوٹ کے قابل بنا دیا ہے۔

آخر حصّہ میں پانچ رقاصہ اور باغی سپاہی کی دو تصویریں جاذب توجہ ہیں اور بھی کئی تصویریں ہیں، جو اپنی تشریح خود کر رہی ہیں +

(ادا)

بقیہ صفحہ (۲۳۷)

نہ پا سکا۔ میرے ایک دوست نے (جنہیں اس فن میں فاضل درک ہے) البتہ مجھے چند باتیں بتائیں۔ ان کا خیال ہے کہ خود خط کوفی انہوں کی اختراع ہے۔ چند عربی تحریروں میں (جو بنی امیہ کے ابتدائی عہد کی بتائی جاتی ہیں) اور اس عہد کی آخری زمانہ کی کوفی تحریروں میں ایک اتنا ضرور ہے یہ امتیاز حکومت عباسیہ میں نمایاں اور مسلّم النظر ہے۔ چونکہ دورِ عباسیہ میں ایرانی کلیتاً حاوی تھے۔ اس لئے ان کی مخترع اور قوم پر سب طبائع تھی عربی خط میں وہ تصرف کیا جن سے اسے بغیر مسخ کئے ہوئے ایرانی بنا لیا۔ قادر باللہ کے عہد زمانہ کی ایک کتاب حال میں دستیاب ہوئی ہے۔ جو کلیتاً فارسی خط میں ہے۔

ایرانیوں نے خط کوفی کو اپنا بنانے کی ایک دوسری ترکیب یہ کی کہ اسے شکست خط میں لکھنا شروع کر دیا۔ یہ طرز تیرھویں صدی تک برابر جاری رہا۔ میں نے برٹش میوزیم میں چودھویں صدی کی لکھی ہوئی ایسی کتابیں بھی دیکھی ہیں۔ جنکی طرز کتابت کو "کوفی است" کہا جاتا ہے۔

تیمور (۱۴۰۲ - ۱۳۶۰) و شاہ عباس اعظم کے درمیان کے دو سو برس ایرانی کتابت کا بہترین زمانہ کہا جا سکتا ہے۔ کتب میں پختگی سیاہی میں چمک و پائداری۔ حروف کے تمامی اجزاء میں صفائی و وضاحت یہ سب باتیں اس دور کی خصوصیات کہی جا سکتی ہیں۔ شاہ طہماسپ کے عہد میں کتابت کو بے حد ترقی نصیب ہوئی اور اس عہد کی کتابیں فن خطاطی کا شاہکار سمجھی جاتی ہیں۔ لیکن جہانتک میں غور کر سکا ہوں ان میں ایک ایسا نقص ہے جو عہد حال میں موجود نہیں۔ اور طہماسپ کی کتابت میں ایک مصنوعی اور غیر فطری رنگ ہے۔ جو آنکھوں کو تو ضرور بھلا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن لب کو اس سے ایک کشیدگی پیدا ہوتی ہے۔

قاچاریہ عہد میں نستعلیق سے زیادہ نسخ کی جانب توجہ کی گئی۔ آج ہندوستان میں کتابت کو کم مقبول ہے۔ لیکن زندہ دلان ایران میں تقریباً ساری کتابیں لوہے کے ٹائپ میں طبع ہوتی ہیں۔

(ملاحظہ ہو آخری پیراگراف صفحہ ۲۳۷)

کان کی تمام بیماریوں و نیٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج
روئی زمین پر

کان کے تمام امراض کی ایک کمیاب مفت و محفوظ دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ۔ دشمن کرامات ہے جو بچوں اور بڑوں کے کان بہنے کم سننے، شک سے سننے، بہرا پن، داد جوئیں بہرا پن یا کہ بالکل سننے درد زخم، ورم خشکی، کان میں کیڑے پڑجانا، ناسور اور کان کے تمام امراض پر ایک ایسی جادو اثر اور حکمی دوا ہے جس کی کوئی دیگر نظیر آج تک پیش نہیں پاسکتے زیادہ بائیس سال کی طویل زندگی کا کارخانہ بنا کی سچائی کا ایک خاص ثبوت ہے جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ یہاں آکر علاج کرا سکتے ہیں قیمت فی شیشی عام ایک نصف تولہ ۴ بمحصول ڈاک معاف۔

کرپن بند و:- کان کے زخم اور ہر قسم کی گندگی کو بلا جھاگ، لائے بلا امداد پانی و پچکاری خود بآسانی صاف کر لاتی ہے۔ قیمت فی شیشی آٹھ آنہ

بادشاہی منجن:- ہلتے دانت جما دیتا ہے، دانت کی ہر ایک تکلیف اور گندہ دہنی کو دور کرتا ہے، قیمت فی پیکٹ ۴

جناب منشی مرزا حسین بیگ صاحب ٹیچر دانا عالم پور (دکن) ارقام فرماتے ہیں، کان کی دو جو والد بزرگوار صاحب کیلئے آپ سے طلب کی تھی، وہ شفا بخش ثابت ہوئی سٹر عظیم بخش صاحب پونا ارقام فرماتے ہیں آپ کی دوا جو پہلے منگوائی گئی تھی، کان بالکل اچھا ہو گیا، اور بھیجئے۔ دیکھئے جناب مسٹر لطاف حسین صاحب پٹی کلکٹر پیلی بھیت تحریر فرماتے ہیں بلب اینڈ سنز پیلی کی ڈسپنسری بہت ہی کامیابی سے کام کر رہی ہے یہ غریبوں کے لئے بہت ہی مفید ہے، اور ضرورتمندوں کو بہت امداد دیتی ہے، جو کہ ہم نہیں دے سکتے، یہ ایک قابل صلح ہیں، اور کان کے امراض میں خاص مہارت رکھتے ہیں۔ دوا منگاتے وقت اپنا پورا پتہ معہ حالات صاف صاف لکھئے۔

ہمارا پتہ

بہرا پن کی دوا۔ بلب اینڈ سنز میڈلسٹ پیلی بھیت یوپی